فارسی - اُردُو

فیروزُ اللّغاتؒ

فارسی کے پچاس ہزار سے زائد الفاظ کے اُردُو مطالب پر مشتمل جامع فرہنگ

فارسی - اردو

فیروز اللغات

مرتب کردہ : مقبول بیگ بدخشانی

ایڈیٹر : ڈاکٹر وحید قریشی

فارسی کے پچاس ہزار سے زائد الفاظ کے اردو مطالب پر مشتمل جامع فرہنگ

فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ
لاہور - راولپنڈی - کراچی

مجلد: 0 01845 0 969

بار اول ـــــــــــــــــــ ۲۰۰۴ء

فیروز سنز پرائیویٹ لمیٹڈ

ہیڈ آفس و شو روم: 60۔ شاہراہ قائداعظم، لاہور۔ (پاکستان)

راولپنڈی آفس : 277۔ پشاور روڈ، راولپنڈی۔

کراچی آفس : فرسٹ فلور، مہران ہائٹس، کراچی۔

مقبول بیگ بدخشانی | Maqbool Baig Badkhshani
فیروز سنز فارسی اردو لغت | Ferozsons Farsi Urdu Lught

مطبوعہ فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ لاہور۔ باہتمام عبدالسلام پرنٹر و پبلشر

email:support@ferozsons.com.pk
www.ferozsons.com.pk

بسمه الله الرحمن الرحیم

سخن ہائے گفتنی

برصغیر پاکستان و ہند کے ایران کے ساتھ قدیم زمانے سے کچھ سیاسی اور کچھ معاشرتی روابط چلے آئے تھے، قدیم ایرانی حکمرانوں نے توسیع سلطنت کی غرض سے برصغیر پر یلغاریں بھی کیں۔ ہخانشی بادشاہ داریوش کبیر نے ۵۱۲ ق م میں حملہ کرکے پنجاب اور سندھ پر تسلط قائم کیا جو کچھ عرصہ جاری بھی رہا۔ اشکانی دور میں انطیوکس نے ۲۰۳ق م میں چڑھائی کی درہ خیبر کے راستے پنجاب میں داخل ہوا- ساسانی دور میں بہرام گور(۴۲۰-۴۳۰) جو عظیم شکاری بھی تھا، سیرو سیاحت کے شوق میں ہندوستان آیا، مقصد دوستانہ روابط قائم کرنا تھا جس میں اسے کامیابی ہوئی۔ اس بنا پر لوگ ایک دوسرے کے ملک میں آنے جانے لگے اور یہ سلسلہ صدیوں تک قائم رہا۔

ایران کے دور سامانیہ (۹۰۰-۹۹۸) میں ایران و ہند میں لوگوں کے ارتباط میں کافی اضافہ ہوا۔ یہاں کے لوگ فارسی زبان سے آشنا ہوئے۔ دور غزنویہ (۹۶۲-۱۱۸۶ء) کے آغاز میں الپتگین خراسان کا سپہ سالار تھا، اسے دراصل خراسان کی حکومت ہی حاصل تھی۔ اس کے بعد اس کے داماد سبکتگین کو غزنی اور خراسان کی حکومت ملی۔ پشاور کے راجا جیپال کو شکست دے کر وہ پشاور پر بھی قابض ہوا اور دور غزنویہ کا آغاز ہوا۔ سبکتگین کی وفات کے بعد اس کا بیٹا سلطان محمود تخت نشین ہوا، اس نے ایران کے آخری صفاری حکمران کو شکست دی۔ کچھ عرصہ پہلے خراسان جو سلطنت غزنویہ سے نکل گیا تھا، سلطان محمود نے اسے فتح کرلیا۔ چند سال بعد بخارا اور سمرقند بھی فتح کرلیے۔ہند میں قنوج اور سومنات کو فتح کیا تو اس کی شہرت اطراف عالم میں پھیل گئی۔

ہند میں فارسی زبان کا باقاعدہ آغاز غزنوی دور میں ہوا۔ (۱۰۲۳-۱۰۲۵) میں پنجاب غزنوی سلطنت کا حصہ بنا، تو سلطان محمود نے غزنی میں وسیع پیمانے پر ایک دارالعلوم کی بنیاد ڈالی۔ اس میں عنصری، عسجدی جیسے شاعر ابوریحان البیرونی ایسے ماہر ہئیت و علم ریاضی شامل تھے۔ سلطان کی دعوت اور داد و دہش پر ابوالحسن طبیب، ابونصر عراق ماہر ریاضی ایسے جید عالم بھی غزنی آئے۔ عالمگیر شہرت کے شاعر فردوسی کو "شاہنامہ" لکھنے پر سلطان محمود نے مامور کیا تھا، یہ زندہ جاوید کارنامہ اسی عہد کی عظیم یادگار ہے۔

سلطان محمود خود بھی عالم شخص تھا، فقہ پر کتاب "تفریدالفروع" اس نے لکھی تھی۔ اس دور میں ایران اور ہند کے روابط مزید استوار ہوئے اور یہاں فارسی زبان کی ترویج ہوئی۔ غزنوی عہد کے دوران فارسی زبان کا بڑا مرکز لاہور تھا نامور شعرا مسعود سعد سلمان اور ابوالفرج رونی کا تعلق لاہور ہی سے تھا جو دربار غزنہ سے وابستہ تھا۔ یہاں فارسی زبان نے مقبولیت عام کی صورت اختیار کی، فارسی کو درباری زبان کا درجہ ملا اور دفتری زبان کی بھی حیثت حاصل ہوئی۔ اور/

اس کی درس و تدریس باقاعدہ ہونے لگی۔ علما نے بعض علوم پر تصنیفات کے لیے فارسی ہی کو ذریعہ بنایا۔ اس میں شک نہیں کہ جن علما نے یہ کام شروع کیا ان میں زیادہ تر وہ لوگ تھے جو ایران ہی سے آئے تھے، لیکن رفتہ رفتہ مقامی باشندوں نے بھی تصنیف و تالیف کا سلسلہ شروع کیا۔ اس عہد میں علی ہجویری داتا گنج بخش وارد لاہور ہوئے۔ تصوف کے موضوع پر جو کتابیں لکھی گئیں ان میں سرفہرست کشف المحجوب ہے، جو حضرت داتا گنج بخش کی تصنیف ہے۔ حضرت معین الدین چشتی کے مسلک تصوف و عرفان کا ذریعہ اظہار بھی فارسی تھا۔ بعض اور صوفیاے کرام نے فارسی ہی کو تبلیغ اسلام کا ذریعہ بنایا۔ ہندوستان میں جو فارسی پہنچی، وہ خراسان اور توران کے توسط سے ہی پہنچی۔

مغول سلطنت کے بانی چنگیز خاں نے ۱۲۲۰-۱۲۲۶ء کے دوران ایران فتح کیا۔ اس کے ظلم وستم کا ہاتھ دراز ہوا تو ایران کے متعدد خانوادے ترک وطن کرکے ہندوستان آئے اور یہاں کے شمالی علاقوں میں مستقل طور سے رس بس گئے۔ ایرانی علما کے ترک وطن کرنے کا یہ سلسلہ بعد میں بھی قائم رہا۔ ان کی وجہ سے تیرھویں صدی عیسوی میں فارسی زبان کے نشرونفوذ میں مزید ترقی ہوئی۔ فارسی زبان رفتہ رفتہ ہندوستان کے بعض حصوں میں سمجھی اور بولی جانے لگی، فارسی کے شوق تدریس میں بھی اضافہ ہوتا گیا۔

فارسی زبان کی تشویق و ترویج میں ہندوستان میں بعد کے مسلمان بادشاہوں اور امرا نے بھی نمایاں حصہ لیا۔ ہند کے تقریباً تمام مسلمان بادشاہ اس طریق پر کاربند رہے۔ فارسی زبان وادب کے مصنفین کی انھوں نے بڑی فیاضی سے حوصلہ افزائی کی۔ اکثر بادشاہوں کے درباروں سے شعرا و علما وابستہ ہوئے۔ جنھیں اکثر انعام و اکرام اور وظائف سے نوازا جاتا تھا۔ غیاث الدین بلبن (۱۲۶۵-۱۲۸۶ء) اور کیقباد (۱۲۸۶-۹۰) کے عہد میں اور ان کے بعد خلجی (۱۲۹۰-۱۳۲۰ء) اور تغلق دور (۱۳۲۰-۱۴۱۲ء) میں فارسی زبان کی بہت ترقی ہوئی اس دور میں اور بعد کے دور میں مشہور شاعر امیر خسرو اور حسن سجزی تھے۔ امیر خسرو نے پانچ دیوان اور دس مثنویاں لکھیں، جنکی شہرت ایران تک پہنچی نثر میں اعجاز خسروی اور خزائن فتوح تالیف کیں۔ علاءالدین خلجی کا عہد فارسی زبان و ادب کی ترقی کا زمانہ تھا۔ پھر غیاث الدین تغلق کے بیٹے محمد تغلق کے عہد میں فارسی زبان وادب نے ترقی کی مزید منزلیں طے کیں۔ خود حکمران کو بھی کئ علوم میں کامل دسترس حاصل تھی۔ وہ علماء و شعرا کا بڑا قدردان تھا۔ تغلق خاندان کے بعد سید خاندان کی حکومت قائم ہوئی، اس مختصر عہد میں تاریخ کی ایک قابل قدر کتاب "تاریخ مبارک شاہی" یحییٰ بن احمد سرہندی نے تألیف کی۔ لودھی خاندان برسر اقتدار ہوا (۱۴۱۳-۱۴۵۱ء) تو اس عہد میں فلسفہ کا ارتقا ہوا۔ مکاتب میں فلسفے کی تدریس کا کام بھی فارسی میں ہونے لگا۔ سکندر لودھی کے زمانے میں علم طب کی کتابوں کا فارسی میں ترجمہ ہوا۔ محمود بن شیخ ضیا نے ایک لغت "تحفۃالسادات فی علم اللغات" کے نام سے تالیف کی جو بعد میں "فرہنگ سکندری" کے نام سے مشہور ہوئ۔ فیروز شاہ تغلق کے زمانے میں ضیا ءالدین برنی نے "فتاوای جہانداری" تصنیف کی۔ سکندر لودھی کا عہد فارسی ادبیات کی تاریخ میں بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ اس عہد کی یہ خصوصیت بھی ہے کہ ہندوؤں کی خاصی تعداد نے فارسی زبان میں دسترس حاصل کی اور بعض ان میں دفتروں میں منشیوں کے منصب پر فائز ہوئے۔ اس دور میں صوفیانہ ادب کا بھی ارتقا ہوا۔ بعض صوفیاے کرام نے تبلیغ اسلام کے لیے فارسی کو ذریعہ اظہار بنایا۔ حضرت نظام لدین اولیا کے ملفوظات پر مشتمل کتابیں "انوار مجلس" مولفہ خواجہ محمد امام، فوائد الفواد"مولفہ حسن سجزی" اور "افضل الفوائد" مولفہ امیر خسرو کا ہدیہ عقیدت ہیں۔ بعض اور فضلا نے بھی تصوف پر کتابیں اور رسائل لکھے۔ تصوف کے علاوہ ان حکمرانوں کے عہد میں شعرو شاعری کو بھی ترقی

حاصل ہوئی۔

مغلیہ دور کا آغاز ۱۵۲۶ء میں ہوا اس کا بانی ظہیرالدین بابر تھا۔ بابر خود شاعر تھا، صاحب دیوان تھا تزک بابری" اس نے ترکی زبان میں لکھی، جس کا ترجمہ " بابر نامہ" کے نام سے عبدالرحیم خانخانان نے کیا۔اس کے دربار سے بعض شعرا وابستہ تھے۔ ہمایوں کو شعرو ادب ورثے میں ملا تھا۔ وہ صاحب دیوان بھی تھا، اسے شیرشاہ سوری سے شکست کھا کر ایران جاناپڑا۔ پھر ایران سے کمک لے کر جب وہ واپس آیا تو اس کے ساتھ متعدد نامور علما بھی آئے۔ یہاں اسے تخت و تاج دوبارہ میسر آیا تو یہ علما اس کے دربار سے وابستہ ہوئے۔ اس کی ہمشیرہ گلبدن بیگم فارسی زبان میں کامل دسترس رکھتی تھی، اس نے فارسی میں "ہمایوں نامہ" تصنیف کیا۔

اکبراعظم کی درس و تدریس کا معقول انتظام ہمایوں کے عہد کی سیاسی افراتفری کی وجہ سے تو نہ ہو سکا لیکن وہ سخن شناس، علم نواز اور علما کا قدردان تھا، شعر کا ذوق بھی رکھتا تھا۔ اس کی شعر گوئ کا ذکر "تاریخ فرشتہ" اور ریاض الشعرا" میں آیا ہے اس کے دو شعر حسب ذیل ہیں۔

دوشینہ زکوی مے فروشاں یک کاسہ مے بزر خریدم

اکنون زخمار سرگرانم زردادم و دردسر خریدم

اکبر کے دور میں فارسی زبان نے جو ترقی کی وہ فیضی، ابوالفضل، عبدالقادر بدایونی، عبدالرحیم خانخاناں، عرفی، نظیری اور بعض دوسرے شعرا و علما کی علمی یادگاروں سے ظاہر ہے۔ "تاریخ الفی" اس دور کی گراں قدر علمی یادگار ہے۔ اکبر نے اپنے دربار میں شعرا، علما و مورخین کو معزز مقام دے کر سرفراز کیا جہانگیر کے علم فارسی کی شاہد اس کی کتاب "تزک جہانگیری" ہے۔ اس کی سخن پروری اور علم نوازی کی بدولت متعدد گراں قدر کتابیں منظر عام پر آئیں۔ یہاں کے دانشمندوں نے فارسی زبان کی ترویج میں جواب علم و ادب اور سیاست و حکومت کی زبان تھی، انتہائ کوشش کی۔ رفتہ رفتہ پاکستان ایران کے بعد فارسی کا دوسرا بڑا مرکز بن گیا۔ ایک خاص دور ایسا بھی آیا جب شعر و ادب میں فارسی کا رواج ایران سے زیادہ ہوگیا۔ عصر حاضر کے ایک ایرانی فاضل شاہ وحید مازندرانی اپنی تالیف "سر زمین مشرق" میں لکھتے ہیں (صفحہ۳۱)

"در دربار باشکوہِ اکبرو جہانگیر کانونِ ادبی گرمتر از دربار شاہان صفوی، شہر دہلی بیشتر از اصفہان مرکز ادبیات فارسی ، وہند۔ بہتر از خود ایران بانیء انتشارِ آثار "گراں بہای ادبی بود۔"

"اکبر اور جہانگیر کے پر شکوہ دربار میں ادبیات کا آتش دان صفوی بادشاہوں کے دربار سے گرم تر، شہر دہلی اصفہان سے زیادہ بڑا مرکز اور ہند گران بہا ادبی کارناموں کی نشر و اشاعت میں خود ایران سے اگے تھا"۔

دونوں ملکوں کے روشن فکر اصحاب کے روابط قائم تھے اور آثار فکری سے اہل علم آسانی سے مطلع ہوجاتے تھے۔ حالات کی تبدیلیوں کی وجہ سے جو اثرات زبان میں آتے تھے، اس ے دونوں کے اہل علم یکساں متاثر ہوتے تھے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ اکبر اعظم کے دور کے شعرو ادب،میں ایک خاص اسلوب تخلیق ہوا جسے «سبک ہندی» کا نام دیا گیا۔ اس سے ایران کے شاعر بھی متعارف اور متاثر ہوئے اور بعض شعرا نے کسی حد تک یہ سبک بھی اختیار کیا مغلیہ دور میں شاہجہان کی سخن پروری قدسی مشہدی اور ابوطالب کلیم کے شاعرانہ کارناموں سے واضح ہے۔ شاہجہان کے بیٹے داراشکوہ کی علمی یادگاریں سفینۃ الاولیا سکینۃ الاولیا اور مجمع بحرین ہیں۔ اورنگ زیب کے مراسلات اور اس کی انشا پر دازی اس کے علم

وفضل کے شاہد ہیں۔ عظیم شاعر بیدل نے فارسی زبان ہی کے ذریعے اپنے وسیع اور عمیق خیالات اہل ذوق تک پہنچایے۔

مغلیہ دور کے حکمرانوں کی دادو دہش لطف و کرم اور سخن پروری کا یہ نتیجہ تھا کہ اس دور کے ہر بادشاہ کے زمانے میں ارباب کمال نے تصانیف کے انبار لگا دیے، جو آج بھی مطبوعات و مخطوطات کی صورت میں دنیا بھر کے اہم کتابخانوں میں موجود ہیں۔اس دورکے بادشاہوں، وزرا اور امرا کی سرپرستی تو اہل علم کو حاصل رہی، لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ بعض اصنافِ ادب کے ارتقا میں جن کا تعلق عوام سے تھا، مثلاً طب، نجوم، لغت و انشا، ایسے علوم کا ایک بڑا محرک علما کا ذاتی علمی و ادبی ذوق تھا۔ ان موضوعات کے علاوہ مذہب، تصوف، فقہ، تاریخ، شعراو علما کے تذکرے، ملفوظات فلسفہ، اخلاق، علم ہیئت، ریاضی، موسیقی، خطاطی سنسکرت اور عربی سے فارسی تراجم، دیوان اشعار، مثنویاں، داستانیں وغیرہ دلکش انداز میں لکھی گئیں۔

علمی موضوعات پر لکھی ہوئ گرانقدر کتابوں کے مطالعہ میں آسانی پیدا کرنے کے لیے جن وسائل کی ضرورت تھی وہ تدریسی رہنمائ کے علاوہ لغات نویسی تھی، چنانچہ علمایے لسانیات نے اس طرف بھی توجہ دی اور لغاتیں لکھی جانے لگیں جن سے پڑھنے والوں کے لیے آسانی پیدا ہوگئ اور زبان و ادبیات کے شوق تدریس میں مزید اضافہ ہوا۔

میرا موضوع فرہنگ نویسی ہے اس لیے میں برصغیر کے مختلف ادوار کی فرہنگوں کا مختصر ذکر کرنا مناسب سمجھتا ہوں۔ فرہنگنویسی کے دور اول کا سلسلہ تیرھویں صدی سے پندھرویں صدی تک کا ہے۔ اس دور کی فرہنگیں یا لغاتیں حسب ذیل ہیں:

محمد فخرالدین مبارک شاہ غزنوی قواسی:فرہنگ قواسی

مولانا محمد رفیع دہلوی: دستور الا فاضل

فضل الدین محمد: بحر الفضائل فی منافع الافاضل

قاضی خوان بدر محمد دہلوی: ادات الفضلا

محمد بن داود: مفتاح الفضلا

شیخ ابراہیم قوام فاروقی: شرف نامہ منیری

فرہنگ ابراہیم شاہی: اسمیں مولف کا نام تو موجود نہیں البتہ یہ فرہنگ ابراہیم لودھی کے نام منسوب ہے۔

عاصم شعیب عبدوسی: مجمل العجم

محمد بن شیخ لاد دہلوی: موید الفضلا

مغلیہ دور کی فرہنگیں درج ذیل ہیں:

ابوالخیر بن سعد الانصاری:فتح الکتاب

شیر خاں سُور: فرہنگ شیر خانی

ابوالفضل:مجموع اللغات

عبدالکریم: انیس الشعرا

اللہ داد فیضی سرہندی:: مدارالا فاضل

عضدالدولہ میرجمال الدین: فرہنگ جہانگیری

علی یوسفی شیروانی: در دری

امان اللہ حسینی: چہار عنصر دانش

محمد حسین تبریزی: برہان قاطع

عبدالرشید ٹھٹھوی: فرہنگ رشیدی

بحرالفصاحت: اس کے مولف کا نام معلوم نہیں

غلام اللہ بہکن صدیقی الہانسوی: اشہراللغات

فاضل محمد دہلوی،لغات عالمگیر۔

عہد مغلیہ کے دور آخر کے لغت نویس:

سراج الدین علی خاں آرزو: سراج اللغات و چراغ ہدایت

ٹیک چند: بہار عجم

محمد پاشاہ شاد: فرہنگ انند راج مطبوعہ تہران (سات جلدیں)

اس دور میں فرہنگوں کی تحقیق و تنقید کی طرف توجہ ہوئی، بعض فرہنگوں پر تنقید ہوئی اور فرہنگ نویسی کے کچھ اصول مقرر ہوئے۔

یہاں ایران اور بیرون ایران طبع ہونے والی فرہنگوں اور ڈکشنریوں کا مختصر سا ذکر کر دینا بھی مناسب ہوگا جو امتیازی اہمیت کی حامل ہیں۔

ایف سٹین گاس نے پرشین انگلش ڈکشنری تالیف کی جو باراول ۱۸۹۲ء میں، باردوم ۱۹۳۰ء میں اور بارسوم ۱۹۴۷ء میں لندن میں طبع ہوئی؛ سلیمان حیئم کی نیو پرشین انگلش ڈکشنری جسے انھوں نے خود «فرہنگ جامع فارسی بہ انگلیسی» کا نام دیا ہے اس کی جلداول ۱۹۳۴ء اور جلد دوم ۱۹۳۶ میں تہران میں طبع ہوئی؛ حبیب اللہ آموز گار کی فرہنگ آموزگار ۱۹۵۳ء میں تہران میں طبع ہوئی۔ حسن عمید کی فرہنگ فارسی تہران میں ۱۳۶۲ شمسی میں شائع ہوئی۔

مغلیہ دور کے اختتام پر ہندوستان میں انگریزوں کی حکومت قائم ہوئی اور اس عہد میں ایران اور ہندوستان کا رابطہ کافی دیر کے لیے ختم ہوگیا۔ ہندوستان میں انگریزی کی طرف رفتہ رفتہ زیادہ توجہ ہونے لگی اور فارسی کی طرف توجہ کم ہوگئی۔

ایران میں حالات کچھ ایسے پیدا ہوئے جن کا فارسی زبان پر بھی اثر پڑا۔ مشروطیت کی تحریک آزادی کی لہر پورے ملک میں پھیل گئی۔ ایران میں انگریزوں کے تعاون سے جو کمپنی قائم ہوئی، اس کی وجہ سے انگریزوں کے ساتھ رابطہ بڑھا۔ فرانس کے ساتھ بھی تعلقات پیدا ہوئے۔ روس سے بھی میل جول ہوا۔ خارجہ سیاست ملکی سیاسیات میں دخل انداز ہونے لگی۔ طالب علم یورپ میں تعلیم حاصل کرنے لگے۔ ان حالات کا فارسی زبان و ادب پر بہت گہرا اثر پڑا اور زبان میں خاص انداز میں ترقی ہونے لگی، لیکن ہندوستان میں فارسی زبان کی حالت جوں کی توں رہی، اس لیے دونوں کی تحصیل فارسی میں تفاوت پیدا ہوگیا۔ ہمارے ہاں کے اہل علم ان تبدیلیوں سے نا آشنا رہے جو ایران کی زبان و ادب میں ہوئیں اب تو یہ عالم تھا کہ ایران وہند کے لوگ ایک دوسرے کی گفتگو آسانی سے نہیں سمجھ سکتے تھے جس میں کچھ حصہ ذخیرہ الفاظ، تلفظ اور انداز بیان کا بھی تھا۔ پاکستان کے عالم وجود میں آنے سے ایران و پاکستان کے رابطے استوار ہوئے، علم کے رابطوں

میں بھی اضافہ ہوا اور پاکستان کے اہل علم بڑے شوق سے ان تبدیلیوں کو اپنانے میں کوشاں رہے جو فارسی زبان میں آرہی تھیں۔ یہاں اب فارسی کی تعلیم و تدریس بھی اس انداز میں ہورہی ہے کہ زبان کی تبدیلیاں ہمارے لیے اجنبی نہیں رہیں۔ یہاں کے فارسی کے طالب علم ان سے نہ صرف آگاہ ہیں بلکہ انھیں بروی کار بھی لارہے ہیں۔

مجھے ۱۹۵۹ء میں ایران کے بعض پروفیسر صاحبان کی دعوت پر جب وہاں جانے کا موقع ملا تو وہاں میں زبان کی تبدیلیوں سے بہت متاثر ہوا، بعض الفاظ و تراکیب پر وہاں کے اساتذہ سے مذاکرہ بھی ہوتا رہا جس میں پروفیسر سعید نفیسی صاحب نے میری رہنمائی بھی کی۔ مجھے سیاحت ایران کے دوران «فرہنگ فارسی۔ اردو» مرتب کرنے کا خیال آیا لیکن واپس آکر میں «تاریخ ایران» لکھنے میں کچھ ایسا مصروف ہوا کہ اس کی تکمیل میں کئی سال صرف ہوئے جو بالآخر دو جلدوں میں مجلس ترقی ادب کے اہتمام میں طبع ہوئی اس کے بعد فرہنگ مرتب کرنے میں مصروف ہوگیا۔

کسی علمی زبان میں الفاظ کے تلفظ کا مسئلہ بڑا اہم ہوتا ہے۔ اس اہمیت کے پیش نظر راقم نے «فرہنگ فارسی - اردو» میں اکثر الفاظ کو مستند اسناد کے ذریعے اعراب کے ساتھ پیش کیا ہے۔ الفاظ کے لیے فتح یعنی زبر، کسرہ یعنی زیر، ضمہ یعنی پیش اور علامت سکون کو تلفظ کے لیے لازم سمجھا گیا ہے۔ لفظ کے حرف پر اگر زبر ہے تو اس پر زبر دی گئی ہے۔ اگر حرف اول پر زبر نہ بھی دی گئی ہو تو زبر ہی سمجھی جائے، «زیر» اور «پیش» کا اہتمام ہر صورت میں کیا گیا ہے سکون کی علامت جہاں ضروری سمجھی گئی ہے وہاں دی گئی ہے

تلفظ کے سلسلے میں ایک اختلافی مسئلہ یہ نمایاں ہوا کہ حسن عمید کی جدید فرہنگ میں ہم دیکھتے ہیں کہ اگر کسی لفظ کے آخر میں حرف «ہ» آیا ہے تو اس سے ملحقہ پہلے حرف پر زبر کی علامت ظاہر کی ہے اسی طرح نامور مستشرق ایف سٹین گاس نے اپنی «پرشین انگلش ڈکشنری» میں اسے علامت زبر ہی سے ظاہر کیا ہے، مثلا «کردَہ است، نوشتَہ است، خستَہ شد، وابستَہ شد۔ لیکن سلیمان حییم نے اپنی «فرہنگ جامع فارسی بہ انگلیسی» میں اسی طرح کے افعال میں حرف «ہ» سے پہلے ملحقہ حرف کی علامت کو زبر کے بجائے زیر سے ظاہر کیا ہے، اس فرہنگ کی رو سے ان افعال کی صورت یہ ہے: کردِہ است، نوشتِہ است، خستِہ شد وابستِہ شد یہ اختلاف تلفظ کے سلسلے میں حائل تو ہوا لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ اہل علم ایرانی، بلکہ عام اہل زبان بھی گفتگو کے دوران کردِہ است، نوشتِہ است، خستِہ شد، وابستِہ شد وغیرہ ہی کہتے ہیں اس لیے ایسے الفاظ کے تلفظ کو مستند سمجھتے ہوئے «فرہنگ فارسی - اردو» میں سلیمان حییم ہی کی پیروی کی گئی ہے۔

افعال کی صورت کے علاوہ اسمائے صفات جن کے آخر میں «ہ» آیا ہے، سٹین گاس اور حسن عمید کی فرہنگ میں «ہ» سے پہلے ملحقہ حرف پر زبر ہی کی علامت آتی ہے، تازَہ، شگفتَہ، مُردَہ، بردَہ، عاطفَہ وغیرہ اسی طرح صفاتی صورتوں میں حرف «ہ» سے پہلے حرف پر زبر ہی آتی ہے جیسے دانشمندانَہ ، حاکمانَہ، حکیمانَہ، درویشانَہ، ابلہانَہ، لیکن سلیمان حییم میں «ہ» سے پہلے حرف کے نیچے زیر ہی کی علامت آئی ہے، یعنی تازِہ، شگفتِہ، مُردِہ، پردِہ، عاطفِہ اور دانشمندانِہ، حاکمانِہ، درویشانِہ، ابلہانِہ وغیرہ۔ اہل زبان اب ان کا تلفظ ایسا ہی کرتے ہیں یہی صورت «فرہنگ فارسی - اردو» میں اختیار کی گئی ہے۔

اسم فاعل کے آخر میں حرف «ہ» ہو، تو «ہ» سے پہلے ملحقہ حرف پر سٹین گاس اور حسن عمید نے زبر ہی دی ہے، مثلاً خوانندَہ، نویسندَہ لیکن فرہنگ حییم نے اس صورت میں زیر ہی کی علامت دی ہے، یعنی خوانندِہ، نویسندِہ، بینندِہ۔ «فرہنگ فارسی - اردو» میں بھی یہی صورت اختیار کی گئی ہے۔ البتہ بعض کلمات جو حرف «میم» سے شروع ہوتے ہیں اور

مفاعلہ کے وزن کے مطابق ہیں اور مصدر کے معنی میں آتے ہیں، مثلاً مذاکرہ یعنی تبادلۂ خیال کرنا، مشاہدہ یعنی غور سے دیکھنا، مشافہہ یعنی روبرو بات چیت کرنا، ایسے الفاظ میں «ہ» سے پہلے حرف پر زبر ہی کی علامت ہے ایسے الفاظ کا تلفظ سب میں ایک سا ہے۔بعض اسمائے صوت بھی ایسے ہیں جن میں حرف «ہ» سے پہلے حرف پر زبر ہی کی علامت ہوتی ہے مثلاً چہچہَ، قہقہَ، وغیرہ ان کا تلفظ بھی سب میں ایک سا ہے۔ بعض اسم فاعل جن کی تانیث حرف «ہ» بڑھانے سے بنتی ہے، اس صورت میں سب کا تلفظ ایک سا ہے، مثلاًمعلم سے معلمَہ معصوم سے معصومَہ، مدعی سے مدعیہَ، مدیر سے مدیرہ، مُسلم سے مسلمہَ، بالغ سے بالغہَ وغیرہ۔

ایرانی تلفظ میں اگر حرف «واو» سےپہلے حرف پر کوئ علامت نہ ہو، یعنی واو مجہول ہو تو اس پر علامت «پیش» آتی ہے، مثلا تُوپ، تُوپخانہ، بوُسیدہ، بُوستان، بہلُول، دُوست، اُو۔ حرف واؤ سے پہلے حرف پر زبر ہو تو اس کا تلفظ البتہ زبر ہی سے کیا جاتا ہے، مثلا، تَوحید، سَو دا، ہوَیدا ۔

ایران میں یاے مجہول کے بجائے یاے معروف ہی استعمال ہوتی ہے، اس لیے اگر «ی» سے پہلے حرف پر بظاہر کوئ علامت نہ ہو تو اس کے نیچے زیر آتی ہے مثلا پیِش، پیِشرفت، کیِش، آمیِختہ، شیِفتہ، بیِ بصر، بی حاصل وغیرہ اگر یی سے پہلے حرف پر بظاہر زبر ہو تو اس لفظ کا تلفظ زبر ہی سے ہوتا ہے، مثلا طَیران، حَیران وغیرہ۔ اس صورت میں سب اہل فرہنگ متفق ہیں۔

فرہنگ میں الفاظ کے معنی عام طور سے لغوی اعتبار سے دیے جاتے ہیں، لیکن بعض فقرات میں ان کا استعمال کچھ مختلف صورت اختیار کر لیتا ہے جیساکہ فقرات ذیل سے ظاہر ہوتا ہے۔

«از» کا مطلب تو «سے» ہے لیکن بعض فقرات میں اس کا مطلب لغویٔ معنی سے مختلف ہو جاتا ہے، مثلا ازآنجائیکہ= چونکہ، یا اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے۔

از برداشتن: زبانی یاد کرلینا

از پیش بُردن: مکمل کرنا، کامیابی سے انجام دینا

از جا رفتن: غصے میں آنا، غضب ناک ہونا

لفظ «پا» کا مطلب تو «پاؤں» ہے لیکن بعض فقرات و مرکبات کی صورت میں اس کے معنی کچھ مختلف ہوجاتے ہیں، مثلاً:

پا ازمیان کشیدن: کنارہ کرنا، الگ ہوجانا، دوری اختیارکرلینا

پازدن: دھوکا کرنا یا دینا۔ پاخوردن ۔ دھوکا کھانا

پا شو و بمدرسہ رو: اٹھ اور مدرسے جا

صبح چہ ساعت پا شدید؟: آپ صبح کس وقت اٹھے؟

عمارتی بر پاکرد: اس نے عمارت تعمیر کرائ

اس طرح لفظ «پس» کے لغوی معنی پیچھے، بعد ہیں، لیکن ان کے مفہوم ذیل میں دیکھیے

پس انداز: بچائ ہوئ رقم

پس دادن: واپس دے دینا

پسِ گوش انداختن: نظر انداز کر دینا

پس نشستن: پسپا ہونا، لوٹ جانا

ایسے الفاظ کے معانی کو واضح کرنے کے لیے انھیں مرکبات یا فقرات کی صورت میں «فرہنگ فارسی - اردو» میں ابجدی ترتیب سے لکھا گیا ہے۔ بعض الفاظ کے معنوں کی وضاحت اشعار سے بھی کی گئ ہے جن کا ترجمہ بھی دے دیا گیا ہے۔ بعض اور امور درج ذیل ہیں

فعل کی صورت میں جو الفاظ آئے ہیں، ان کے مصدر اور مصدر سے ان کی بناوٹ بھی بتا دی گئ ہے۔

اہل حرفہ کی ضروری اصطلاحات، بعض تکنیکی اور سائنسی اصطلاحات بھی اس میں آئ ہیں۔

روز مرہ اور محاورات بھی شامل فرہنگ ہیں۔

تاریخی واقعات کی طرف بھی اشارات کیے گئے ہیں۔

صرف ونحو کے بعض اصول بھی پیش نظر رکھے گئے ہیں۔

عربی، انگریزی اور بعض دوسری زبانوں کے الفاظ جواب فارسی میں استعمال ہوتے ہیں، وہ مفرس صورت میں پیش کیے گئے ہیں۔

«فرہنگ فارسی - اردو» مرتب کرتے ہوئے راقم کے پیش نظر۔ ایف سٹین گاس کی پرشئن انگلش ڈکشنری، سلیمان حینم کی «فرہنگ جامع فارسی انگلیسی»، حبیب اللہ آموز گار کی فرہنگ آموز گار، محمد پاشاہ شاد کی فرہنگ انندارج، غیاث اللغات، برہان قاطع اور نیک چند کی بہار عجم تھیں۔ ان سے میں نے استفادہ بھی کیا، جس کے لیے میں ان شہرہ آفاق مولفین کا شکر گزار ہوں۔

مقبول بیگ بدخشانی

تشکرو امتنان

«فرہنگ فارسی - اردو» کی تالیف کے سلسلے میں کچھ پرانی باتیں یاد آرہی ہیں، ان کا یہاں ذکر کرنا، مناسب سمجھتا ہوں۔ میں جب گورنمنٹ کالج لاہور میں تھا تو تہران کے بعض پروفیسر خانہ فرہنگ ایران میں آیا کرتے تھے۔ اور پھر ہماری انجمن فارسی کی دعوت پر کالج میں تشریف لاکر ہمیں شرف بخشا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ سعید نفیسی صاحب تشریف لائے۔ اس وقت پروفیسر بدیع الزمان فروز انفر اور شاعر شیریں بیان صادق سرمد بھی ان کے ساتھ تھے۔ میری دعوت پر وہ کالج میں تشریف لائے اور اساتذہ اور طلبہ کو اپنے خیالات سے مستفید فرمایا۔ میں ان سے اپنی کتاب «ادب نامہ ایران» کی وجہ سے متعارف تھا، اس لیے کھل کر بات چیت بھی ہوئی۔ انھوں نے خدا حافظی کے موقعپر مجھے فرمایا «آپ کے ذمے کام تو اور بھی ہیں لیکن دو اہم کام یہ ہیں کہ جس محنت سے آپ نے «ادب نامہ ایران» اہل ذوق تک پہنچایا اسی طرح «تاریخ ایران» اور «فرہنگ فارسی بہ اردو» بھی مرتب کیجیے کہ یہ دو کتابیں بھی برادر ملکوں کی محبت کی علامت ہونگی۔ موقع ملے تو اس سلسلے میں ایران بھی آئیے: ان کی فرمائش اور دعوت سے مجھے خوشی ہوئی اور کچھ رہنمائی بھی ملی۔ زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا کہ مجھے ایران آنے کا دعوت نامہ ملا جس کے لیے میں ان کا تہ دل سے شکر گزار ہوا۔ فرصت ملتے ہی ۱۹۵۹ء میں میں تہران گیا۔ ایران میں تاریخ ایران کے سلسلے میں جو کام ہوئے تھے سعید نفیسی صاحب نے ان کی نشاندہی کی اور تاریخی مواد کے طور پر کچھ رسائل بھی مرحمت فرمائے خواجہ عبدالحمید عرفانی مرحوم اس وقت حکومت پاکستان کی طرف سے سفارت خانے میں ایک اہم منصب پر فائز تھے، ان کی وساطت سے تہران کے علما سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا اور فارسی زبان میں لسانی تبدیلیوں کے اسباب پر بھی گفتگو ہوتی رہی۔ مجھے اصفہان، قم اور شیراز جانے کا بھی موقع ملا۔ ساسانی عہد کے قدیمی آثار بھی دیکھے جو میرے لیے تاریخ ایران کا ایک باب تھا۔ ایسے معلوم ہوا کہ علم کا ایک اور دروازہ میرے لیے کھلا ہے۔

مجھے حکومت ایران کا شکریہ ادا کرنا ہے کہ میری کتاب «ادب نامہ ایران» جب ایران پہنچی اور سربراہ مملکت کی نظر سے گزری تو مجھے پاکستان میں نشان سپاس کے اعزاز سے نوازا گیا۔ اس سے میری ہمت افزائی ہوئی اور تمناپیدا ہوئی کہ سر زمین ایران کی کچھ اور خدمت بجا لا کر اس کا ثمر ہم وطنوں تک پہنچاوں۔

میں سیاحت ایران سے واپس آیا تو تاریخ ایران لکھنے میں مصروف ہوگیا۔ چند سال اسی مصروفیت میں گزرے اس کی تکمیل ہونے پر «مجلس ترقی ادب» نے دو جلدوں میں یہ کتاب طبع فرما کر مجھ پر نوازش کی۔ اب اور کام جو میرے ذمے تھا وہ «فرہنگ فارسی - اردو» کی تالیف تھی جس کی راہ پر ایران کے کرمفرماؤں نے مجھے ڈالا تھا۔ چند سال میں اس کام میں مصروف رہا۔ کافی حد تک کام ہوچکا تھا کہ مجھے ایک کرمنانہ آقائ ڈاکٹر سید احمد حسینی رای زن فرہنگی ایران، اسلام آباد کی طرف سے موصول ہوا جس میں انھوں نے فرمایا تھا آپ فارسی کے کسی علمی موضوع پر کوئ کتاب تصنیف کریں تو ہمارے لیے بھی خوشی کا موجب ہوگا۔ اس سے مجھے دلی خوشی ہوئی میں نے شکریے کے ساتھ اپنے کام کی تفصیل ان کی خدمت میں عرض کردی۔ اس مراسلے سے میرے کام کی رفتار کچھ بڑھ گئی اور میں اس قابل ہوگیا کہ جلد اس کی تکمیل کرسکوں۔

اس فرہنگ کے طبع ہونے کا موقع شاید جلد نہ ملتا اگر مغربی پاکستان اردو اکیڈمی کے جنرل سیکریٹری، آقای ڈاکٹر وحید قریشی اس کی طباعت کے سلسلے میں نوازش نہ فرماتے۔ ان کا میں صمیمیت قلب سے شکر گزار ہوں۔ مجھے کوثر مشہدی پروفیسر انگریزی نے جن کی مادری زبان فارسی اور اکتسابی زبان انگریزی ہے فرہنگ کی نظم و ترتیب میں مدد دی جس کے لیے شکریہ ادا کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں۔

بعض اور ذرائع سے تالیف فرہنگ کے سلسلے میں تعاون حاصل ہوا جس کے لیے:

ہر مُو میرے بدن پہ زبان سپاس ہے۔

بدخشانی

* * * * *

آ

آ:آمدن= آنا سے فعل امر، حرف آ فارسی میں تنہا نہیں آتا اس سے پہلے حرف "ب" کا اضافہ کیا جاتا ہے یعنی بیا بمعنی آ، مثال:

در بن بہار چو گل از سفر تو باز بیا

بین چه می کند این چشم خونفشان بی تو

اس موسم بہار میں جس طرح پھول خزاں کے بعد پھر نکل آئے ہیں تو بھی سفر سے لوٹ آ اور دیکھ کہ خون برساتی ہوئی آنکھوں نے تیرے بغیر میرا کیا حال کیا ہے

آب: پانی، رس، دھات کی چمک، جیسے آب تیغ، شمشیر کی چمک، آب و تاب

آبِ آتشگون: آگ کے سے رنگ کا پانی، کنایہ ہے شراب کا

آب اَرغوان: کنایہ ہے شراب سرخ کا

آب ازپئی رفتن: کسی کے پیچھے پانی چھڑکنا، اہل ایران کی یہ پرانی رسم تھی کہ نیک شگو ن کے طور سے کسی کو وداع کرتے ہوئے پانی چھڑکتے تھے

آب از دیدہ پاک کردن: دلاسا دینا، دلجوئی کرنا

آب از سرگذشتن: پانی سر سے گزر جانا، بے تدبیر ہو جانا

آب آسیا: پانی کے بہاؤ سے چلنے والی چکی

آب افتادن: پانی گرنا، منہ میں پانی آنا

آب انبار: پانی کا ذخیرہ، بڑا حوض جو پانی ذخیرہ کرنے کے لیے پختہ اینٹوں سے تیار کیا جاتا ہے

آب انداختن: پیشاب کرنا، عام طور سے جانوروں کے لیے آتا ہے

آب انگور: انگوروں کا شیرہ نیز شراب

آب بستہ: برف، یخ، ٹھنڈ سے جما ہوا پانی

آب بہا: آبیانہ، آبپاشی کا لگان

آب پا: آبپاشی کا مہتمم، پانی کا نگران

آب تاختن: پیشاب کرنا

آبِ تلخ: کنایہ ہے شراب کا

آب تنی: غسل کرنا، پانی میں غوطہ لگانا

آبِ چشم گرفتن: کسی کی دلجوی کرنا

آب چشیدن: پانی پینا

آب چکیدن از چیزی: کسی چیز کی لطافت اور تازگی کا کنایہ ہے

آب چیزی بُردن: کسی چیز کے خوار اور بے اعتبار ہونے کا کنایہ

آب چین: تولیا جس سے ہاتھ یا بدن پونچھا جاتا ہے

آبِ حیات: پانی جس کے پینے سے دائمی زندگی حاصل ہو، مثال:

ماہمہ تشنہ لبانیم تُوی آب حیات

رحم فرما کہ ز حد گذرد تشنہ لبی

ہم تشنہ لبوں کےلیے تیرا وجود دائمی زندگی بخشنے والے پانی کی حیثیت رکھتا ہے رحم فرما کہ ہماری تشنہ لبی حد سے بڑھ گئی ہے

آبِ حَیوان: آبِ حیات

آبِ خزان: موسم خزاں کی بارش

آب خضر: آب حیات

آب خُوردَن: پانی پینا، اپنی کسی کوشش میں بہرہ یاب ہونا

آب دادَن: پینے کے لیے پانی دینا

آب درجامہ کسی ریختن: کسی کے کپڑوں پر پانی گرانا، کسی کو سراسیمہ یا مضطرب کرنا

آب در چیزی کردن: ملاوٹ کرنا

آب در غربال: چھلنی میں پانی، فضول کام، بے حاصل کام، بے نتیجہ کام، عبث بات

آب رفتن: دھونے کے بعد نئے کپڑے کا سکڑ جانا

آب رَو: آبراھہ، پانی کی گزرگاہ

آبِ روان: بہتا پانی، مثال:

زندانی جِسمم برہانم زسَمای
آزاد کُن این تیرہ گِل از آبِ روان را

اس جسم کے وجود میں قید ہوں، آسمان کی سیل روان سے اس وجود کو جو بد نصیب مٹی کی حیثیت رکھتا ہے، نجات دلا دے

آب زدن: پانی چھڑکنا

آبِ زِیرِ کاہ: کسی کے ہوشیار اور مکار ہونے کا کنایہ ہے

آب شدن: پسیجنا، پگھلنا، حل ہو جانا، گھل جانا، متاثر ہونا

آبِ طِلا: مُلمع

آب و تاب: چمک دمک، تیزی، روشنی، رونق

آب و دانہ: دانہ پانی، روزی، معاش،

آب و رنگ: چہرے کی سفیدی و سرخی، زیبائی، رعنائی

آب و ہوا: پانی اور ہوا، وہ اجزا جو انسان اور حیوان کی صحت یا زمین کی پیداوار سے تعلق رکھتے ہوں

آبا: (ع) اب کی جمع، باپ، باپ دادا، اسلاف

آباد: خوب بسا ہوا،معمور، گنجان،(ویران کی ضد)

آبادان: آباد، پر رونق

آبادانیدن: تحسین و آفرین کرنا

آباد بُوم: آباد جگہ

آبار: (ع) کنویں

آبان: ایران کے شمسی سال کا آٹھواں مہینہ جس کے تیس دن ہوتے ہیں

آبپاش: پانی چھڑکنے والا، کھیتوں کو پانی دینے والا، پانی چھڑکنے کی مشین

آبپاشی: کھیت یا باغ وغیرہ کو پانی دینا

آبتابہ: آفتابہ، لوٹا

آبپز: پانی میں ابالے ہوئے انڈے وغیرہ

آبجَو: ہلکی شراب کی قسم جو جَو سے تیار کی جاتی ہے، بئیر (انگ)

آبجَو سازی: جَو سے شراب تیار کرنا، بیئر تیار کرنا

آبجی: (ت) آغا باجی (ترکی)، خواہر، بہن

آبجُوش: ابلتا ہوا پانی

آبخانہ: پیشاب گاہ، ٹٹّی

آبخست: پکا ہوا پھل جس میں سے عرق نکل رہا ہو، پھل جو گل سڑ چکا ہو

آبخو: دیکھیے آبخوست

آبخُور، آبخورہ: (۱)بہرہ، نصیب، روزی، معاش (۲)دریا کا ساحل یا تالاب کا کنارہ، یا وہ جگہ جہاں سے پانی حاصل کرتے ہیں

آبخوری:شیشے یا دھات کا بنا ہوا جگ نما برتن جس سے پانی پیتے ہیں

آبخوست:جزیرہ، بہت مرطوب جزیرہ جہاں کے پانی میں بدبو پیدا ہو گئی ہو

آبخون:آبخُوست

آبخیز:پُر آب زمین، ایسی زمین کہ جہاں سے بھی اسے کھودیں اس میں سے پانی نکل آئے نیز بمعنی موج اور پانی کا سیلاب، رس دار

آبدار:سیراب، شاداب، جہاں طراوت ہو، وہ چیز جس میں چمک اور آب و تاب ہو

آبدادہ:جوہردار، تیز کی ہوئی، صفت شمشیر

آبدارخانہ:وہ کمرہ یا خاص جگہ جہاں چائے، شربت خصوصی طور سے تیار کیے جاتے ہیں

آبدان:حوض وغیرہ جہاں پانی جمع رکھا جاتا ہے، مثانہ

آبدانک:انسان یا حیوان کے جسم کا وہ حصہ جس میں پیشاب جمع ہو جاتا ہے، مثانہ

آبدُزدک:ٹیکا لگانے کا آلہ، سَرِنج

آبدَست:وضو کےلیے ہاتھ منہ وغیرہ دھونا، طہارت

آبدَستان:آفتابہ، لوٹا، کُوزہ

آبدُوغ:لسّی جو دہی سے تیار کی جاتی ہے

آبِ دہان:پانی جو منہ سے نکلتا ہے، تھوک

آبدیدہ:وہ شخص جس کی آنکھوں میں آنسو ہوں، غمگین، ستم رسیدہ، نیز بھیگا ہوا

آبرو:(آب رُو) چہرے کا نور، چہرے کی تابندگی، عزت، حُرمت، بزرگی

آبرُود:ارغوانی، آسمانی اور بعض دوسرے رنگوں کے گلدار درخت

آبرُودار:عزت والا، معزز، اچھی شہرت والا

آبرومند:معزز، باوقار

آبریز:پیشاب کرنے کی جگہ

آبزَن:نہانے کا برتن حمام وغیرہ، برتن جس میں غسل کرنے کے لیے دوائی ملائی جاتی ہے

آبِ زندگی:آبِ حیات

آبسال:باغ، بوستان، چمن زار

آبِست:آبستن سے ماضی مطلق

آبستن:عورت کا حاملہ ہونا،

آبِستنی:حمل

آبِستہ:وہ زمین جس میں ہل جوتا گیا ہو

آب سوار:(۱)حباب، بلبلا (۲)خیالی منصوبے بنانے والا شخص

آب سیر:سہل رفتار، آہستہ چلنے والا

آبشار:قدرتی بہتا ہوا پانی جو کسی اونچی جگہ سے گرے

آبِشتَن:مخفی کرنا، پنہاں کرنا، پوشیدہ کرنا، چھپانا

آبِشخُور:قسمت، نصیب، روزی، معاش

آب شدن:پانی پانی ہو جانا، شرمسار ہونا

آب شِناس:سمندر میں جہازوں اورکشتیوں کی رہنمائی کرنے والا

آبشَنگ:دھات یا چینی کا ٹب جس میں بیٹھ کر نہاتے ہیں

آب شنگرفی:کنایہ ہے شراب سرخ کا

آبشیب:آبشار

آبغُورہ:تُرش رس، تُرش عرق

آب فِشان:چشمہ، گرم پانی کا چشمہ، سوراخ جس سے

گرم پانی نکلتا ہے

آبک: سیماب، پارہ

آبکار: مے فروش، شراب کا تاجر، شراب کشید کرنے والا، سقہ جو پانی گھر میں لے جاتا ہے

آب کشیدن: کنوئیں سے پانی نکالنا

آبکند: پہاڑی نال، تیز بہنے والی ندی، تالاب

آبکی: رقیق، پانی کی طرح، پُر آب

آبگاہ: حوض، تالاب

آبگذر: نالہ

آب گردان: تانبے کا دستہ دار بڑا برتن جس سے پانی دوسرے برتن میں ڈالا جاتا ہے

آبگوشت: یخنی، شوربا

آبگون: پانی ایسی چمک والا، چمکدار، صاف، روشن

آبگونہ: رقیق، پتلا

آبگیر: تالاب، جوہڑ جس میں بارش کا پانی جمع ہو جاتا ہے

آبگیرہ: پانی کا بند، خصوصاً وہ بند جس کے ذریعے پانی کسی اور طرف لایا جاتا ہے یا پانی کسی اور طرف کو نکالا جاتا ہے

آبگینہ: آئینہ، شیشہ

آبلوج: قند، چینی، سفید شکر

آبلمو: انار کی طرح کا، رس بھرا

آبلہ: چھالا، چیچک، پھنسی

مثال:

من از قدم سعی بمقصود رسیدم
ہر آبلہ پای مرا قبلہ نماشد

میں جدوجہد کا اقدام کرکے منزل مراد کو پہنچا ہوں صحرا میں چلتے ہوئے پاؤں میں جو چھالے پڑے انھوں نے ہی مجھے قبلہ کی راہ دکھائی

آبلہ خوردہ یا زدہ: چیچک زدہ

آبلہ دار، آبلہ رو، آبلہ زار: جس کے چہرے پر چیچک کے داغ ہوں

آبلہ فرنگ: آتشک، آتشک کی قسم کا مرض

آبلہ کوب: ٹیکا لگانے والا، ویکسینیٹر

آبلہ کوبی: ٹیکا لگانا

آبِ لیموں: لیموں کا رس جس سے شکنجبین تیار کرتے ہیں

آب مروارید: آنکھوں کی بیماری جسے موتیا بند کہتے ہیں

آبناک: رس دار

آبِ نبات: شیرینی کی ایک قسم جو چینی کے شیرے سے تیار کی جاتی ہے

آب نما: حوض، وہ جگہ جہاں چشمے کا پانی بہ کر آتا ہو، جہاں پانی نمایاں ہو، سُراب

آبنوس: درخت جس کی لکڑی سیاہی مائل اور وزنی ہوتی ہے اس کا پھل انگوروں کی طرح زرد اور پتے صنوبر کے پتوں جیسے ہوتے ہیں

آبو: نیلوفر کا پھول

آب ورنگ: رونق، طراوت، تازگی، چمک دمک

آب و گل: انسان کی سرشت

آبوند: پانی کا برتن، کوزہ، پیالہ

آبیار: آبپاشی کرنے والا، گھروں میں پانی پہنچانے والا، باغوں اور کھیتوں میں پانی دینے والا

آبیاری: آبپاشی

آپارتمان: (انگ) اپارٹمنٹ، کمرہ، عمارت کا وہ حصہ جس

میں چند کمرے ہوں

آپارہ‌ی: بہت بیشرم، دھوکے باز، فریبی

آتاباشی: بزرگ مالدار شخص (ت)

آتاشہ: سفارت کار، رکن عملہ سفارت، (مفرس اتاچی)

آتریاد: سپاہیوں کا دستہ

آتَش: آگ

آتش خاموش کردن: آگ بجھانا

آتش افرازہ: آتشبازی کی ایک قسم

آتش افرُوز: کوئی چیز جس سے آگ جلاتے ہیں، دیاسلائی وغیرہ

آتش انداز: آگ جلانے یا لگانے والا

آتش انگیز: آگ جلانے والا، آگ بھڑکانے والا، دھماکا کرنے والا

آتشبار: آگ برسانے والا

آتشباز: بارود سے چیزیں بنانے والا، آگ سے کھیلنے والا

آتشبازی: مراسم جشن پر بارود سے بنی ہوئی چیزوں کو جلانا

آتشِ پارسی: چھالا جو ہونٹ پر نکل آتا ہے

آتش پارہ: (۱) چنگاری (۲) فتنہ انگیز

آتشِ پَرست: آگ کی پرستش کرنے والا، آگ کو مقدس سمجھنے والے لوگ، زرتشت کے پیرو، پارسی آتش پرستوں کا معبد آتشکدہ ہوتا ہے

آتش تاب: انگیٹھی، سٹوو (انگ)

آتشخانہ: آتشکدہ، پیروان زرتشت کا معبد

آتش خوار: آگ کھانے والا پرندہ، ظالم، ستمگار

آتشدان: جس میں آگ جلائی جاتی ہے، چولہا، انگیٹھی

آتش روشن کردن: آگ جلانا

آتش زدن: آگ لگانا

آتش سُوزی: آگ لگنے کا حادثہ

آتش فام: آگ جیسا سرخ

آتش فِشان: پہاڑ جس سے آگ یا لاوا نکلتا ہے

آتشک: پیشاب کا خطر ناک مرض

آتشکار: آگ سے کام لینے والا، آگ کے ذریعے چیزیں تیار کرنے والا

آتشکدہ: آتش پرستوں کا مقدس مقام جہاں آگ جلائی جاتی ہے جو ہمیشہ جلتی رہتی ہے

آتش کردن: غصہ دلانا، بھڑکانا، اشتعال دلانا

آتش نشاندن: آگ بجھانا

آتش گرفتن: آگ پکڑنا، آگ سے متاثر ہونا، آگ سے جلنا

آتش مِزاج: گرم مزاج، تند مزاج، جلد ہی غصے میں آ جانے والا، غصیل

آتش موسیٰ: آتِش طُور، جس کی تجلی حضرت موسیٰ (ع) پر ہوئی

آتش نِشان: آگ بجھانے والا

آتش نشاندن: آگ بجھانا

آتش نشانی: آگ بجھانے کا عمل

آتشِین: آتشی، جلا دینے والا، سوزان جیسے آہ آتشین

آتشین پنجہ: کنایہ ہے ماہر صنعت گر کا

آتُون: لڑکیوں کو پڑھانے سکھانے والی خاتون

آتی: (ع) آیندہ

آتیہ: (ع) آیندہ

در آتیہ نزدیک: مستقبل قریب میں

آثار: (ع) اثر کی جمع، نشانیاں، علامتیں، یادگاریں، علمی یادگاریں، صورت، وضع، ڈھنگ، افعال، کارنامے/

احوال و آثار غالب: غالب کے حالات زندگی اور ان کے علمی کارنامے

آثام: (ع) اِثم کی جمع، گناہ

آجُر: پختہ اینٹ، بھٹے میں پکائی گئی اینٹ

آجُر پُزی: بھٹے میں اینٹیں بنانے کا کام

آجُر کاشی: کاشی کاری کی اینٹیں

آجُری: اینٹوں کی بنی ہوئی

ساختمانِ آجُری: اینٹوں کی بنی ہوئی عمارت

آجِل: (ع) آیندہ، آخری

آجُل: ذکار

آجِلا: (ع) بالآخر، مستقبل کی زندگی سے متعلق

آجُودان: (انگ) ایجوٹنٹ، فوجی نائب افسر

آجیدَن: ٹانکے لگانا، سینا پرونا

آجیدہ: سینے پرونے سے جس کپڑے پر سجاوٹ کی گئی ہو

آجِیل: خشک میوہ

آچار: اچار

آجار: (ترکی) پیچ کھولنے کا آلہ، کلید، چابی

آحاد: (ع) احد کی جمع، اکائیاں

آخ: کلمہ افسوس، آہ، افسوس، مثال:

چنان رسید جراحت بدل کہ دیدہ ندید

ز زخمِ حادثہ زد ناگہاں نظیری آخ

دل کو ایسا زخم آیا جو کبھی آنکھوں نے نہ دیکھا تھا، اس زخم کے حادثے سے نظیری کے منہ سے آہ نکلی

آخ واخ کردن: ہائے وائے کرنا، آہ و زاری کرنا

آخال: بیکار چیز، بچی کھچی چیزوں کا انبار، کوڑا کرکٹ

آختَن: کھینچنا (تلوار)

آخِذ: (ع) اخذ کرنے والا، اختیار کرنے والا، حاصل کرنے والا

آخِر: (ع) پچھلا، انجام، انتہا، نتیجہ، (اول کی ضد)

آخرِ کار: انجام کار، آخر کو، قصہ کوتاہ، القصہ

آخِرِ الامر: آخر کار، بالآخر، انجام کار

آخربِین: دُوربین، دور کی بات سوچنے والا، مآل، اندیش، عاقبت اندیش

آخِرَت: (ع) عاقبت، دوسرا جہاں، دارالبقا، قیامت، عقبیٰ، انجام

آخِرالزّمان: (ع) آخر زمانے تک

آخِری: پچھلا، آخر کا

آخِریان: مال و اسباب، ساز و سامان

آخِرِین: آخری

آخشُمَہ: شراب جو چاولوں سے تیار کی جاتی ہے

آخشِیج: (۱) ضد، مخالف (۲) عناصرِ اربعہ، پانی، آگ، ہوا، خاک

آخُور: جانوروں کو چارہ مہیا کرنے کی جگہ

آخور سالار: میر آخور، جانوروں کے چارے وغیرہ کا انتظام کرنے والا

آخُوری: جانوروں کے چارہ وغیرہ کا انتظام کرنا

آخُوند: معلم، مُلاّ، واعظ

آداب: ادب کی جمع، احترام کرنے کے موقع پر بولا جاتا ہے، طور طریقے، روشن، دستور

آداش: دو ہم نام آدمیوں میں سے ایک

آداک: سمندر کا خشک حصہ، جزیرہ

آدَغ: خوب، اچھا، مبارک، کلمہ تحسین

آدَر:نشتر

آدریس:(انگ) ایڈریس، پتا

آدرَم:زین پوش، گھوڑے کی زین پر ڈالنے کا پردہ

آدرَنگ:رنج و اندوہ، محنت، مشقت

آدَم:(ع) حضرت آدم (ع) جن سے انسانوں کی نسل چلی، ابوالبشر، انسان

بنی آدم:بنی نوع انسان، نسلِ انسانی

آدَم خوار:آدم خور، مردم خور، وحشی

آدم رَو:جہاں آدمی داخل ہو سکے

آدم زاد:بنی نوع انسان کا فرد، انسان، آدمی زادہ

آدمک:(۱) حقیر آدمی، (۲)گڑیا، کھلونا

آدم کردن:تہذیب سکھانا، تربیت کرنا، آدمیت سکھانا

آدَم کُش:آدمیوں کو ہلاک کرنے والا۔

آدم وار:آدمیوں کی طرح ۔

آدَمی:انسان ۔

آدَمی زاد:حضرت آدم (ع) کی اولاد، انسان ۔

آدَمیّت:انسانیت، تمیز، تہذیب، اہلیّت ۔

آدِیش:آگ، آتش ۔

آدِینَدَہ:قوس قزح

آدِینَہ:جمعہ کا دن ۔

آذار:آذر،یہودی کیلنڈر کا بارھواں مہینہ (فروری، مارچ)۔

آذاری:آذر مہینے سے متعلق ۔

آذان:اُذن کی جمع، کان ۔

آذَر:ایران کے شمسی کیلنڈر کا نواں مہینہ جو تیس دن کا ہوتا ہے، ہر ماہ کے نویں دن کو بھی آذر کہا جاتا تھا مثال:

ابر آذَاری بر آمد بادِ نوروزی وزید
دَورِمے می خواہم و مطرب کہ می گوید رسید

آذر کے مہینے کا بادل آیا اور نو رُوز (مارچ کے مہینہ کے اوّلیں دن) کی ہوا چلی میرے دل میں دوَر مے کی خواہش اور مُطرب کی تمنا ہے کون کہے کہ وہ پہنچ گیا ہے ۔

آذر آباد:آتشکدہ ۔

آذر آبادگان:آذر بائیجان کے ایک آتشکدے کا نام، آذر بائیجان میں آتشکدے بہت تھے اس لیے اس خاص آتشکدے کا نام آذر آبادگان ہوا ۔

آذر بر زِین:ایک آتشکدے کا نام جو بلخ یا نیشاپور میں تھا ۔

آذَر پرَست:آتش پرست ۔

آذَر پیرا:آتشکدے کا خادم ۔

آذَرَ خش:بجلی، رعد، برق ۔

آذَر کدہ:آتشکدہ ۔

آذر گون:آگ کی طرح سرخ ۔

آذَ رَنگ:رنج و غم، محنت ۔

آذر نُوش:پارسیوں کے آٹھ بڑے آتشکدوں میں سے ایک کا نام ۔

آذَری:آذَر سے متعلق ۔

آذَرین:آتشی، آگ کا کرہ آتش فشاں ۔

آذُوقَہ:بہم رسانی، رسد رسانی، خوراک کی بہم رسانی ۔

آذِیش:آتش، آگ ۔

آذِین:زیب و زینت، آرائش، چراغاں، جشن و شادمانی کے دن ۔

آر: آور کی مختصر صورت، لا (بیار) ۔

آرا: آراستہ کرنے والا، بناؤ سنگار کرنے والا، مثال:

روی بنماو بزم را آرا

چوں توپی آفتاب بزم آرا

اپنا چہرہ دکھا اور بزم کو آراستہ کر چونکہ تو ہی بزم کو آراستہ کرنے والا آفتاب ہے۔

آراستگی: زیب و زینت، بناؤ سنگار۔

آراستن: آراستہ کرنا، سجانا،

آراستہ: سجا ہوا، سجایا ہوا۔

آرام: آرامیدن سے، تسکین، سکون، قرار، ٹھہراؤ۔

آرام دہ: سکون بہم پہنچانے والا، جس سے کسی کو تسکین حاصل ہو۔

آرامانیدَن: آرام کرنا۔

آرامش: سکون، اطمینان، راحت، آرام۔

آرامگاہ: (۱) آرام کرنے کی جگہ (۲) آرام کی آخری جگہ، لحد، قبر۔

آرام گرفتن: آرام پانا، سکون حاصل ہونا۔

آرامی: سکون، آرام، راحت، اطمینان۔

آرامیدَن: آرام کرنا۔

آرایش: سج دھج، بناؤ سنگار۔ سجاوٹ۔

آرایش دادن، آرائش کردن: سجانا، بناؤ سنگار کرنا۔

آرایشگر: آرائش کرنے والا، بناو سنگار کرنے والا، حجام

آرد: آٹا

آردبیز: چھلنی، غِربال۔

آرد کردن: آٹا پیسنا۔

آردَن: کفگیر، بڑا چمچہ۔

آردینَہ: آٹے سے متعلق۔

آرزُو: فریدون کے بیٹے سلم کی بیوی کا نام تھا۔

آرزُو: خواہش، تمنا۔

آرزو بردَن: خواہش کرنا۔

آرزو پُختَن: آرزو کیے جانا، خواہش پر قائم رہنا۔

آرزو بگور بُردَن: حسرت دل میں لیے ہوئے دنیا سے رخصت ہوجانا۔

آرزوانہ: جس کی آرزو ہو۔

آرزو مند: خواہش مند۔

آرزو مندی: خواہش، تمنا۔

آرزُو مندانہ: دلی تمنا سے، بڑے شوق سے۔

آرزِہ: لیپ پوت۔

آرَستَن: آراستن، آراستہ کرنا، بناؤ سنگار کرنا۔

آرِش: معنی، مفہوم، اہمیت۔

آرَش: منو چہر کے زمانے کے ایک پہلوان کا نام۔

آرُغدَن: غصے میں آنا، خشمگین ہونا۔

آرُغدَہ: (۱) خشمناک، برآشفتہ۔

آرمان: آرزو، حسرت، خواہش، تمنا، حاملہ عورت کی تمنا

آرمان سرای: سرائے حسرت، مراد دنیا۔

آرمِہ: عورت کی تمنا جو امید سے ہو۔

آرمیدِگی: آرام، امن و سکون۔

آرمِیدَن: آرام پانا، آسودگی حاصل ہونا۔

آرَن: آرَنج کا مخفف

آرَنج: کُہنی

آرَندہ: اورَندہ، لانے والا۔

آرَنگ: (۱) کہنی (۲) طور طریقہ (۳) بے چینی، مصیبت،

آفت، (۳) مہارت ۔

آرواره:جبڑا، جبڑے کی ہڈی ۔

آرُوغ:ڈکار ۔

آرُوغیدَن:ڈکار لینا ۔

آروَند:شہرت، شان و شوکت، فخرو ناز، تعریف و توصیف ۔

آروِین:آزمائش ۔

آرِه:آری، بڑھی کا لکڑی کاٹنے کا دندانہ دار آلہ

آری:کلمہ جواب ، جی ہاں ۔

آرِید بَرِید:پیاز کی طرح کی ایک سبزی کی جڑ جو طب قدیم میں بواسیر کے علاج کے لیے استعمال ہوتی تھی ۔

آرِیغ:نفرت، کینہ ۔

آرِیَن:آریائی نسل ۔

آریه:ایک ایرانی سردار جو کوروش صغیر کا حامی تھا ۔

آز:حرص، لالچ، مثال:

انعام تو بردوختہِ چشم و دہن آز
احسان تو بشگافتہِ ہر قطرہ یم را

تیری عطا و بخشش سے جو نعمتیں حاصل ہوئیں انھوں نے لالچ کا دہن اور حرص کی آنکھ بند کردی ہے۔ تیرے احسان نے تو سمندر کے ہر قطرے کا منہ کھول دیا ہے (تاکہ اس سے موتی نکلے) ۔

آزاد:جو کسی بات کا پابند نہ ہو، کسی کا غلام نہ ہو، کسی کی اطاعت پر مجبور نہ ہو ۔

درهوای آزاد:کھلی فضا میں۔ آزادانہ آزادی کے ساتھ

آزادِگی:آزاد ہونے کی کیفیت، وارستگی، نجات ۔

آزادی:پابندی کی ضد، بغیر کسی قسم کی پابندی کے اپنی خوشی سے کوئی کام کرنا، کسی کی اطاعت سے بے نیاز ہو جانا.

آزادی خواه:کسی کی محکومیت سے آزاد ہونے کا خواہش مند، آزادی طلب، آزادی پسند ۔

آزار:اذیت، تکلیف، رنج، بیماری ۔

آزار: آزُردن=ستانا سے فعل امر، بیازار کا مخفف، ستالو ۔

آزارَخش:طوفانِ برق و باد ۔

آزارمَند:علیل، بیمار، جسے کوئی رنج یا تکلیف ہو۔

آزارَنده:ستانے والا، تکلیف پہنچانے والا، اذیت رسان ۔

آزارِ یدَن:ستانا، تکلیف دینا، پریشان کرنا ۔

آزپیشِه:حریص، لالچی ۔

آزر:حضرت ابراہیم کے والد یا چچا کا نام، ایک بت تراش کا نام

آزُردگی:ملال، افسردگی، رنجیدگی، ناراضی ۔

آزُرده خاطِر:پریشان ۔

آزردن:ستانا، تکلیف پہنچانا، آزار دینا ۔

آزَرم:شرم، حیا ۔

آزَرم خُوی:صلح جوئی ۔

آزَرمگِین:باحیا، حیادار، شرم و حیا والا ۔

آزرمی:حیادار ۔

آزرمی دُخت:خسرو پرویز کی بیٹی جس نے چار ماہ ایران میں حکومت کی ۔

آزَرمیدن:عزت کرنا، احترام کرنا ۔

آز رَنگ:بد بختی، مصیبت، تکلیف ۔

آزُغ:شاخ، درخت کی کاٹ چھانٹ ۔

آزُغدان:قَوس قزح ۔

آزما:آزمُودن= آزمانا سے فعل امر، آزمالو ۔

آزمان:ندامت، پشیمانی، تاسف ۔

آزمانِیدن:آزمانا ۔

آزمایش:جانچ پڑتال، امتحان، تجربہ ۔

آزمایش کردن:آزمانا، جانچ پڑتال کرنا ۔

آزمایشگاہ:تجربہ گاہ، لیبارٹری ۔

آزمایش گر:آزمانے والا، جانچ پڑتال کرنے والا ۔

آزمَند:حریص، لالچی ۔

آزمَندی:حرص، لالچ ۔

آزمُودِگی:تجربہ، جانچ پڑتال، آزمایش ۔

آزمودن:آزمانا ۔

آزمُون:آزمایش، امتحان ۔

آزمُودہ:آزمایا ہوا ۔

آزناک:حریص، لالچی ۔

آزوَر:حریص، لالچی، آزمند ۔

آزُوغِہ:آذوق، بہم رسانی، رسد رسانی، خوراک رسانی ۔

آزیدَن:ستانا، دق کرنا ۔

آزِیر:آزار، رنج ۔

آژان:کارگزار، پولیس کا ملازم، نمایندہ ۔

آژانس:نمایندگی، کارگزاری ۔

آژانگ:جھری، شکن،

آژور:(۱)بھلا کام (۲) کڑھائی سلائی کا کام ۔

آژِیانہ:پتھر یا اینٹوں کا فرش ۔

آژِیدَن:آجِیدن، بخیہ کرنا

آژِیر:صاف دل، ہوشیار، نیک کردار، خاموش، محتاط،

مثال:

سپہ وانگہدار و آژیر باش

شب و روز با سرکش و تیر باش

فوج کی نگہداشت کرو، محتاط اور ہوشیار رہو ۔

دن رات تیرو ترکش تمہارے پاس رہنے چاہیئں ۔

آژِیراک:نالہ و فریاد ۔

آژِیردَن:آگاہ کرنا ۔

آژِینہ:ایک آلہ جس سے چکی کو دندانہ دار بناتے ہیں ۔

آس:(۱)چکی پیسنے کا عمل (۲)مہندی، حنا

آس:تاش کا کھیل ۔

آسا:انگڑائی ۔

آسا:لاحقے کے طور پر آتا ہے جس کا مطلب ہے ، کی مانند ۔

برق آسا: بجلی کی مانند ۔

آسارِہ: شُمار، گنتی، اجزا اور حصص کی بناوٹ ۔

آسال: بنیاد، اساس ۔

آسان: مشکل کی ضد، سہل ۔

آسان کار: مہارت رکھنے والا ۔

آسان گزار: آسانی سے گزر اوقات کرنے والا ۔

آسان گوار: جلدی ہضم ہونے والا ۔

آسان گیر: سہل انگار، تن آسان، کاہل، سُست ۔

آسانی: سہولت، سہل، آرام، راحت ۔

آسائیدَن: آسایش بہم پہنچانا ۔

آسایش: راحت، آرام، امن چین، مثال:

چشم آسایش کہ دارد از سپہر تیز رو

ساقیا جامی بمن دہ تاہیا سایم دمی

اس تیز رفتار آسمان سے راحت و آرام کی امید کس کو ہے ۔ اے ساقی ایک جام مجھے دے تاکہ میں کچھ وقت آرام کر سکوں ۔

آسایش خاطر: دلی راحت، دلی سکون ۔

آسایش دادن: آرام بہم پہنچانا، سکون پہنچانا ۔

آسایش گاہ: جہاں امن و سکون میسر آ سکے ۔

آسپا: اسپ، گھوڑا ۔

آستان: دہلیز، چوکھٹ، دروازہ ۔

آستان بوس: دہلیز چومنے والا، عقیدت مند ۔

آستانہ: مسکن، گھر، مکان ۔

آستر: استر، لباس کے نیچے لگانے والا کپڑا ۔

آستر دوزی: استر لگانا ۔

آستی: قمیص کا بازو ۔

آستیم: آماس، سوجن، زخم، جراحت ۔

آستین: کرتے یا قبا کے بازو کا کپڑا، مثال:

اگر خواہی بگو تا آستین از دیدہ بردارم
کہ مژگانِ مرا از گریہ شاخِ ارغوان بینی

اگر چاہتے ہو تو بتادو کہ میں اپنی آنکھوں سے بازو کا کپڑا ہٹالوں تاکہ میری پلکیں جو خون کے آنسوؤں سے ارغوانی شاخوں کی صورت اختیار کیے ہوئے ہیں انھیں دیکھ لو ۔

آستین بر افشاندن:(۱)سخاوت کرنا، نوازش کرنا، (۲)ترک و انکار کا کنایہ (۳)رقص کرنا ۔

آستین بالا زدن:آستین چڑھانا، کسی کام کے لیے مستعد ہونا، غصہ کرنا، لڑائی پر آمادہ ہونا

آستینہ:انڈا ۔

آسریس:گھوڑ دوڑ

آسکون:بحیرہ خزر، کیسپئین سی ۔

آسم:دمہ، استھما ۔

آسمان:فلک، چرخ، سپہر ۔

آسمان پایہ:انتہائی بلند درجہ ۔ عالی مرتبہ ۔

آسمان پیما:ہوائی جہاز، غبارہ، ہواباز

آسمان جاہ:بہت بلند مرتبے والا۔

آسمان جوی:پودے جن پر ارغوانی یا آسمانی رنگ کے پھول آتے ہیں ۔

آسمان خراش:بہت بلند ۔

آسمان درّہ:کہکشاں ۔

آسمان قر قرہ:بادل کی گرج، رعد ۔

آسمانوریسمان:ضرب المثل ہے ۔ معقول سوال کا نامعقول جواب ۔

آسمانہ:(۱) سماوی، نیلگوں، آبی (۲) چھت ۔

آسمند:دروغ گو، جھوٹا، فریب دینے والا

آسودگی:امن و امان، آرام و راحت ۔

آسودن:آرام پانا، تسکین حاصل ہونا، ذہنی سکون ملنا، آسائش حاصل ہونا ۔

آسودہ:امن چین سے زندگی گزارنے والا ۔

آسودہ حال:فارغ البال ۔

مرفہ الحال:جو آرام و راحت سے زندگی گزارتا ہو۔

آسودہ دل:آسودہ خاطر، جس کے دل میں کوئی اضطراب نہ ہو، جس کا وقت بے فکری میں گزرتا ہو۔

آسِه: زمین جس میں ہل چلا ہو ۔

آسی: سوکن، شوہر کی دوسری بیوی ۔

آسیا: چکی ۔

آسِیا: براعظم ایشیا ۔

آسیائی: ایشیائی ۔

آسیاب: پانی کے بہاؤ سے چلنے والی چکی ۔

آسیابان: پانی کے بہاؤ سے چکی چلانے والا۔

آسیا سنگ: پتھر جس سے چکی بنائی جاتی ہے ۔

آسیب: صدمہ ، تکلیف دہ حادثہ ، بدبختی ۔

آسیب دیدن: تکلیف میں مبتلا ہونا ۔

آسیب رَساندَن: کسی کو تکلیف پہنچانا ، پریشان کرنا

آسیمِه: حیران، پریشان ۔

آسیمِه سرَ: سراسیمہ ، حیران، پریشان ۔

آسیوَن: سرگردان، سرگشتہ ، پریشان ۔

آسِیهَ: فرعون کی بیوی جس نے پوشیدہ طور سے حضرت موسیٰ(ع) کی پرورش کی ۔

آش: یخنی، دم پخت، شوربا، سوُپ (انگ) ۔

آشِ ہرکاسِه بودن: ہر بات میں بیجا مداخلت کرنا

آشام: آشامیدن= پینا سے فعل امر، پی لو ۔

آشامَندِه: پینے والا ، شراب نوش ۔

آشامِیدہ: نوشیدہ، پی لیا ۔

آشانَه: آشیانہ، گھونسلا ۔

آش پُز: باورچی ۔

آشپزُ خانه: باورچی خانہ ۔

آشپُزی: باورچی کا کام ۔

آشتی: صلح، مصالحت ۔

آشتی دادن . . . آشتی کردن: مصالحت کرنا۔

آشخال: آشغال ، کوڑا کرکٹ، کاٹھ کباڑ ۔

آشغال برچین: خاکروب، غلاظت اٹھانے والا

آشُفتِگی: پریشانی، پراگندگی، سراسیمگی ۔

آشُفتَن: پریشان ہونا ، سراسیمہ ہونا ۔

آشُفتِه: پریشان حال، سراسیمہ ، حیران، مثال:

خطا بردم دیوانہ کس نمی گیرد
جنون نداری و آشفتہ ای خطا اینجاست

دیوانے کو کوئی غلطی کا ذمے دار نہیں ٹھہراتا مشکل تو یہ ہے کہ تم دیوانے نہیں ہو پریشان حال ہو اس لیے سب تمہیں خطا کار سمجھتے ہیں ۔

آشفتِه حال: پریشان حال، پراگندہ خیال ۔

آشُفتِه خاطر: پریشان دل ۔

آشُفتِه ُروز گار: مفلس، پریشان حال وہ شخص جس کے دن پریشانی میں گزرتے ہوں ۔

آشُفته مُو: جس کے بال بکھرے ہوں ۔

آشکار: ظاہر، صاف، واضح، نمودار، عیاں ۔

آشکار شدن: عیاں ہو جانا ، ظاہر ہو جانا ۔

آشکُوب: چھت، عمارت کی ہرمنزل ۔

آشکُوخ: تھر تھراہٹ ۔

آشکُوخِیدن: تھر تھرانا ، لرزنا ، گرنا

آشمال: چاپلوس، خوشامدی ۔

آشمالی: چاپلوسی، خوشامد ۔

آشنا: واقف، شناسا ، آگاہ، باخبر ۔

آشناب: تیراک، شناور ۔

آشناور: شناور ، تیراک ۔

آشنایٔ: جان پہچان، دوستی، محبت ۔

آشنایٔ دادَن ۔ ۔ ۔ آشنایٔ کردَن: دوستانہ مراسم ہونا ۔

آشُوب: آشو بیدَن یا آشُفتَن= پریشان ہونا سے حاصل مصدر، پریشانی ۔

شہر آشُوب: وہ نظم جس میں شہر بھر کی پریشانیوں کا حال درج ہو ۔

آشُوب انگیز: فتنہ پیدا کرنے والا ۔

آشُوب طلَب: فتنہ جُو ۔

آشُوبگاہ: فتنہ سازی کا مرکز ۔

آشُور: سریا، ملک شام ۔

آشُوردَن: (۱) ملانا، آمیزش کرنا، خمیر کرنا۔ (۲) برہم کرنا، درہم کرنا ۔

آشُوغ: غریب، بیگانہ، گمنام، غیر معروف ۔

آش و لاش: متلاشی ۔

آشیان: گھونسلا ۔

آشیانہ: قیامگاہ، گھر، مسکن ۔

آصال: اصل کی جمع ۔

آصَف: حضرت سلیمان (ع) کے دانشمند وزیر کا نام

آطریلال: ایک جنگلی پودا ۔

آغا: مُخنَّث، مُخنَّث کا لقب، فارسی آقا، ترکی میں آغا بمعنی صاحب، مالک ۔

آغا باشی: مخنثوں کے سردار کا لقب ۔

آغاج: درخت، لکڑی، فرسنگ کے معنی میں بھی آتا ہے

آغار: زمین کی نمی، رطوبت ۔

آغار کردن: تر کرنا، ملانا، آمیزش کرنا ۔

آغاریدن: گوندھنا، تر کرنا، سیلاکرنا ۔

آغاز: شروع، ابتدا، مثال:

ماز آغازو ز انجام جہان بی خبریم
اول و آخرِ این کہنہ کتاب افتاد است

ہم اس بات سے بے خبر ہیں کہ دنیا شروع کب ہویٔ اور اس کا انجام کیا ہوگا دنیا کو اگر ایک قدیمی کتاب سمجھا جائے تو یہ کہیں گے کہ اس کے پہلے اور آخری صفحات ناپید ہیں ۔

آغاز کردن: آغاز نہادن ۔ شروع کرنا ۔

آغاز گر: شروع کرنے والا۔

آغازَندہ: آغاز کرنے والا، خالق، خالق کائنات، خداوند تعالی ۔

آغازَہ: کفش دوزی کا آلہ ۔

آغازِیدَن: شروع کرنا، ابتدا کرنا ۔

آغازِیدہ: جس کا آغاز ہوا ہو ۔

آغالِیدَن: اُکسانا، اشتعال دلانا ۔

آغالِیدہ: برآشفتہ، بر انگیختہ، غصے میں آیا ہوا

آغِر: ندی جو خشک ہوگیٔ ہو، یا وہ جگہ جہاں خشک ندی میں کہیں پانی رہ گیا ہو

آغردَن: کھانا پینا ۔

آغِشتگی: ملانا، مرطُوب کرنا، آلودہ کرنا ۔

آغِشتَن: پُر کرنا، ملانا، آلودہ کرنا، تر کرنا ۔

آغِشتہ: پُر کیا ہوا، تر کیا ہوا، آلودہ کیا ہوا ۔

آغِل: بھیڑ بکریوں کو رکھنے کی جگہ جو کسی پہاڑ یا گھر میں بنایٔ جاتی ہے، بھیڑوں کا باڑا ۔

آغندَن: بھرنا، پُر کرنا، زورسے دبا کر پُر کرنا ۔

آغوز: گائے بھینس کے بچہ پیدا ہونے کے بعد کا دودھ جس کی بوبلی بناتے ہیں ۔

آغوش: گود، بغل، کنار، نیز غلام و کنیز ۔

در آغوش کردن . . . در آغوش کشیدن در آغوش گرفتن: سینے سے لگانا، بغل گیر ہونا، معانقہ کرنا ۔

آغوشیدن: گلے ملنا، بغل گیر ہونا، معانقہ کرنا۔

آغیل: خشم آمیز جیسے خشم آغیل، خشم آمیز نگاہ

آف: آفتاب کا مخفف، سورج ۔

آفات: آفت کی جمع، مصیبتیں، تکلیفیں ۔

آفاق: افق کی جمع، دنیا۔ جہاں، مثال :

عدل نوراست کزو ملک منور گردد

از نسیمش ہمہ آفاق معطر گردد

عدل ایسا نور ہے جس سے ملک روشن ہو جاتا ہے عدل ایسی بادنسیم ہے جو دنیا کو اپنی خوشبو سے مہکادیتی ہے ۔

آفت: دکھ درد، مصیبت، تکلیف ۔

آفت رَسیدہ: مصیبت زدہ ۔

آفتاب: (آف–تاب) سورج کی چمک، دھوپ، روشنی، سورج

آفتاب پَرَست: سورج کی پرستش کرنے والا ۔

آفتاب پرستی: سورج کی پرستش ۔

آفتاب خوردَن: لُو لگنا ۔

آفتاب خوردِہ: جسے لُو لگی ہو ۔

آفتاب زَدگی: لُو لگنا

آفتاب شد: آفتاب کرد، سورج طلوع ہوا ۔

آفتاب گرِفتِگی: سورج گرہن، کسوف ۔

آفتاب گیر: چتر، چھاتا ۔

آفتموُن: آفتِیموُن ۔ بغیر پتوں کے بیل جو درختوں پر چڑھ جاتی ہے، آکاس بیل ۔

آفرازَہ: آگ کا شعلہ ۔

آفرُوزَہ: چِراغ کا فتیلہ ۔

آفرید: پیدا کیا ۔

آفریدن: خلق کرنا، پیدا کرنا ۔

آفریدون: فریدون ایران قدیم کا بادشاہ ۔

آفریدِہ: پیدا کیا گیا، مخلوق

آفرین، آفریدَن: مصدر سے اسم فاعل، پیدا کرنے والا۔

جہان آفرین: دنیا کو پیدا کرنے والا، خداوند تعالیٰ

آفرینَش: خلق، خلق کرنے کا عمل، مخلُوق ۔

آفرِیَنندہ: خالقِ کائنات ۔

آفگانہ: مردہ بچہ جو ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو ۔

آفند: نزاع، تنازعہ، لڑائی، دشمنی، جنگ، پیکار ۔

آفنداک: قوس قزح ۔

آفندِیدَن: لڑنا، جنگ کرنا، دشمنی کرنا، خصومت اختیار کرنا

آق: سفید ۔

آن قُویُو نلو: سفید پرچم والی ایک قوم ۔

آقا: شریف آدمی، صاحب

آقای: شریف انسان کا کردار، بزرگی ۔

آقای کردن: آقا کا سا سلوک کرنا ۔

آقہانو: باریک گلدار سوتی کپڑا، جس سے خواتین جسم ڈھانپتی ہیں۔

آک: نقص، خرابی، عیب۔

آکام: ٹیلے، پشتے۔

آکپ: دہن، منہ کے اندر کا حصہ۔

آکٹر: (انگ) ایکٹر، فن کار۔

آکٹرس: ایکٹریس سے مفرس۔

آکچ: ہُک، کانٹا، آنکڑا

آکِل: (ع) کھانے والا۔

آکِلہ: بہت کھانے والا۔

آکندَن: پر کرنا، بھرنا۔

آگاہ: واقف، مطلع، باخبر

آگاہی: واقفیت، خبر، اطلاع، علم۔

آگر: چوتڑ، سُرین

آگشتن: آغشتن، گیلا کرنا، تر کرنا۔

آگِفت: آزار، آفت، رنج۔

آگندَن: بھرنا، پُر کرنا۔

آگندِہ: بھرا ہوا۔

آگندہ پر: جو پرندوں کے پروں سے بھرا ہوا ہو

آگون: سرنگوں

آگہ: آگاہ کا مخفف، واقف، باخبر، مطلع۔

آگہی: آگاہی کا مخفف، واقفیت، اطلاع۔

آگِین: بھرا ہوا، بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے۔

شرم آگیں: بہت زیادہ شرمسار۔

زہر آگیں: زہر آلود۔

آل: (ع) اولاد، خاندان، خانوادہ، اہل خانہ۔

آل: سُرخ۔

لالہ آل: سرخ رنگ کا گل لالہ

آل: (ع) سُراب

آلا: گیلا، تر، نم، نیز آل، سرخ۔

آلاء: (ع) الی کی جمع، نعمتیں۔

آلات: آلت کی جمع، اوزار۔

آلاچق: آلاچیق، لکڑی کا بنا ہوا گھر اور سائباں جو باغ یا صحرا کے وسط میں بنایا گیا ہو۔

آلاس: کوئلہ، زُغال۔

آلاف: الف کی جمع، ہزارہا۔

آلالِہ: گل لالہ، پیالہ نما پھول والا پودا، پوست کا پودا

آلام: (ع) الم کی جمع، درد و غم، رنج۔

آلانَہ: لانہ، آشیانہ، گھونسلا۔

آلاؤ: الاؤ، آگ کا انبار، وہ جگہ جہاں لوگ آگ تاپتے ہیں۔

آلایِش: آلودگی، غلاظت، میل کچیل، کثافت۔

آلایِیدَن: آلودہ کرنا، گندہ کرنا۔

آلت: اوزار، ہتھیار (آلات جمع)۔

آل تمغا: شاہی مہر، مغل بادشاہوں کی مہر جو سرخ روشنائی سے لگاتے تھے۔

آلچیق: دیکھیے الاچق،

آلر: سُرین، چوتڑ۔

آلش: سفیدے کی قسم کا لمبا درخت جس کی چھال چکنی ہوتی ہے۔

آلِ عبا: حضرت رسول کریم (ع) کا خاندان۔

آلفتن: آشفتن، ستانا، پریشان ہونا۔

آلفتہ: آشُفتہ، جسے پریشان کیا گیا ہو۔

آلفدَن: غصے میں آنا، خشمگیں ہونا۔

آلفدہ: خشمناک۔

آلگونہ: سُرخاب، غازہ۔

آلمان: جرمنی ملک۔

آلمانی: جرمنی کا باشندہ۔

آلنک:مداخلت بیجا کرنا ۔
آلو:آلوچہ کا درخت ۔
آل و آجیل:خشک و لذیذ میوے ۔
آلو بالو:سرخ رنگ کی چیری ، میٹھا اور ترش پھل ۔
آلوچہ:پھل کا نام ۔
آلودگی:آلایش، گندگی، کثافت، ناپاکی ۔
آلودن:گندہ کرنا ، ناپاک کرنا ۔
آلودہ:گندہ، لتھڑا ہوا ، ملوث ۔
خون آلودہ:خون میں لت پت، خون میں لتھڑا ہوا.
آلودہ دامن:تردامن، ناپاک ۔
آلوزرد:زرد آلو ، آلوچہ کی طرح کا پھل
آلیز:جانوروں کی جست و خیز ۔
آلیز زدن:جست و خیز کرنا ، دولتی لگانا ۔
آما:آمادن اور آمودن بمعنی آمادہ کرنا سے فعل امر ، آمادہ کرو ۔
آماج:نشانہ ، ہدف ۔
آماجگاہ:وہ جگہ جہاں نشانہ لگایا جائے ۔
آمادگی:تیاری، آراستگی ۔
آمادن:تیار ہونا ، تیار کرنا ، مہیا ہونا ۔
آمادہ:تیار ۔
آمادہ کردن:آمادہ ساختن، آمادہ کرنا ۔
آمار:شماریات ۔
آمارشناس:ماہر شماریات ۔
آمارگر:شماریات کے کام پر مامور ۔
آماریدن:شمار کرنا ۔
آماس:سوجن ۔
آماسیدن:سوج جانا ۔
آمال:(ع)اَمَل کی جمع امیدیں، تمنائیں، مثال:
ای خاکِ درت قبلہء آمال دو عالم
گردی برسان چشمِ حزینِ نگران را
حضور(ص)کے دروازے کی خاک دو جہانوں کے لوگوں کی امیدوں کا قبلہ ہے ۔ دروازے کی کچھ خاک اس منتظر حزین کی آنکھوں تک بھی پہنچا دیجیے۔
آمپر: (انگ) برقی روکی اکائی ۔
آمپّر سنج: ایک آلہ جو برق کی شدت کا اندازہ کرتا ہے۔
آمَد:آمدن سے ماضی مطلق بمعنی (وہ) آیا یا (وہ)آئی ۔
آمد کردن:نیک نصیب ہونا ۔
آمدورفت:آیا گیا ، آنا جانا ۔
آمدو شد:آیا گیا ، آنا جانا ۔
باہم آمدورفت داریم:ہمارا ایک دوسرے کے ہاں آنا جانا ہے، ایک دوسرے سے ہماری آشنائی ہے۔
بحال آمدن:ہوش میں آنا ، صحت مند ہوجانا ،
بدآمد:برا ہونا ۔
بکار آمدن:مفید ہونا ، کام آنا ۔
بوجود آمدن:پیدا ہونا ، خلق ہونا
سرآمدن:آگے بڑھ جانا ، ترجیح پانا مثال:
از همگنان خود سرآمد:اپنے ساتھیوں سے وہ آگے بڑھ گیا ۔
آمدن گاہ:وعدے کے مطابق ملاقات کی جگہ ۔
آمدہ:آیا ہوا ۔
آمر:حکم دینے والا ۔
آمرانہ:تحکمانہ لہجے میں ۔ تحلمانہ طور سے ۔
آمرز:آمرِ زیدہ=معاف کرنا سے فعل امر معافی دے دو، بیامرز
آمرزش:معافی ۔
آمرزشِ گناہان:گناہوں کی معافی ۔
آمرز گار:معافی دینے والا ، بخشنے والا ، پروردگار ۔
آمرزندگان:بخشنے والے

آمُرز ندگی:رحم و کرم کا وصف ۔

آمُرزَندَن:بخشنا ، معافی دے دینا ۔

آمُرزَندہ:آمرزگار ۔

آمُرغ:(۱)مایہ ، مقدار ، ذخیرہ ، (۲)قدر و قیمت (۳)خلاصہ کسی چیز کا ، تھوڑا حصہ ۔

آمُلَج:آملہ ۔

آمِن:(ع)امن و امان میں ، بے خوف ، محفوظ ،ایمن

آمَنّا:(ع)بیشک ، واقعی ۔

آمَنّا و صَدَّقنا:ہم ایمان لائے اور تصدیق کی ۔

آمِنَہ:حضرت رسول کریم(ص) کی والدہ کا نام ۔

آمَنَّہ:ٹوٹی ہوئی لکڑیوں کا گٹھا ، لکڑیوں کا انبار

آمُو:ایک دریا کا نام ۔

آمُوت:پرندوں کا گھونسلا ۔

آمُوختگی:سکھائی ، پڑھائی ، عادت ہونا ۔

آمُوختَن:سکھانا ، پڑھانا ۔

آمُوختِہ:سکھایا ہوا ، پڑھایا ہوا ، عادت ہونا ۔

آمُودگی:بھرا ہوا ، تیار ، آرائش ۔

آمُودَن:بھرنا ، آراستہ کرنا ، تیار ہونا ۔

آمُودہ:بھرا ہوا ، آراستہ ، تیار ۔

آمُوز:آموُختَن سے فعل امر ، پڑھو ، سیکھو ۔

آموز انِندہ:معلم ، استاد ۔

آموُز انیدَن:سکھانا ، پڑھانا ۔

آموزِش:پڑھانے سکھانے کا عمل ۔

آموزِش گاہ:سکول ، مکتب ، مدرسہ ۔

آمُوز گار:استاد ، معلم ۔

آموز گاری:تعلیم دینا ، سکھانا ۔

آموزَندِہ:طالب علم ۔

آموزِیدَن:سیکھنا ۔

آمِہ:دوات ۔

آمِیختگی:آمیزش ، ملانا ، ملنا ۔

آمِیختَن:ملانا ، مخلوط کرنا ۔

آمِیختِہ:ملا ہوا ، مخلوط ۔

آمِیزانَدن:آمیزانیدَن ، ملانا ، مخلوط کرنا ۔

آمِیزدادَن:آمیز کردن ، ملانا ، آمیزش کرنا

آمِیزَش:ملنا ، ربط قائم ہونا ، راہ و رسم ہونا ۔

آمِیزگار:ملنسار ، آشنا مزاج ، بے تکلف ، کھُل کر بات چیت کرنے والا ۔

آمِیزِہ:ملی ہوئی چیز ، مرکب ، آمیختہ ، مخلوط

آمِیغ:ملنا ، ۔

آمِین:(ع)(مادہ امن) لغوی معنی ہیں ، اے خداقبول فرما ، ایک کلمہ ہے جو اجابت دعا کی تمنا کے لیے استعمال ہوتا ہے

آمین گفتن:آمین کہنا ۔

آن:(اسم اشارہ) وہ ۔

آن:ملکیت ۔

آن:وقت ، لمحہ ، لحظہ ، کمتریں وقت ۔

آن:لاحقے کے طور سے بصورت جمع استعمال ہوتا ہے ۔ مثلاً مردان ، مرد کی جمع ۔

آناف:(ع)انف کی جمع ، ناک ۔

آنام:(ع)خلق ، مخلوق ۔

آنان:آن کی جمع ، وہ بصورت جمع ۔

آنتیک:(انگ) بہت پرانا ، عتیق ۔

آنجا:اس جگہ ۔

آنچ:آنچہ کا مخفف ، جو کچھ ۔

آنچنان:اس طرح سے ۔

آنچہ:جو کچھ ۔

آندون:وہاں ، اس وقت ، مقابل ایدون

آنِس:جسے اُنس ہو

آنسه:(ع)پاکیزہ خو عورت، نیز دختر خانم

آنگاہ:اُس وقت، جس وقت ۔

آنہ:بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے مثلاً دلیرانہ، دلیری سے

آنہمہ:وہ سب، تمام ۔

آنہا:آں کی جمع، اشارے کے طور بصورت جمع "وہ"

آنی:وقتی، عارضی، لمحےبھر کا، لمحہ بھر کے لیے

آنین:دہی سے لسی بنانے کا برتن ۔

آوا:آواز کا مخفف

آوار:آوارہ ۔

آوارچہ:نقدی کا رجسٹر ، کھاتا

آوارگی:کوچہ گردی، سرگردانی، سراسیمگی ۔

آوارہ:کوچہ گرد ، سرگرداں، پریشان، اوباش، خراب خستہ حال، بے سروسامان ۔

آواز:صدا ، نوا ، بول، پُکار ۔

آوازدادن:صدا دینا ، بُلانا ۔

آواز خواندَن:گانا ، الاپنا ۔

آوازہ:شُہرت، شُہرہ، ناموری، دھوم، مثال:

اے نغمہ توحید تو جاری بزبانہا
آوازہ تسبیح تو پُر کردہ جہان را

پروردگار! تیری وحدت کا نغمہ زبانو ں پر جاری و ساری ہے تیری حمدو ثنا کی آواز جو دلوں سے نکلتی ہے وہ دنیا بھر میں پھیل جاتی ہے ۔

آوازہ خواں:مغنیّ مُطرب،گویّا ۔

آوازیدَن:آواز دینا ۔

آوان:آن کی جمع، اوقات، لمحات، موسم ۔

آوانس:(۱)پہلے سے جو اُجرت دی جائے، بیعانہ

آوَخ:آہ، افسوس، مثال:

کس را زِ غمِ من آگہی نیست
آوَخ کہ جہان نہ پائدار است

رنج و غم سے کوئی واقف نہیں افسوس ہے کہ جہان پائدار نہیں ورنہ کبھی تو میرے حال زار سے آگہی ہوتی ۔

آوَخ آوردن، آوَخ کشیدَن:ہائے وائے کرنا ۔

آوَر:(۱)آوردن سے فعل امر، لا ، لاؤ، (۲)یقین، ایمان، بیشک

آورتا ۔ ۔ ۔ آورت:پیٹ کی بڑی شریان، ام الشرائین

آوَرد:آوردن سے ماضی مطلق، لایا ۔

آوَرجہ:نقدی کا رجسٹر ، کھاتا ، روکڑ ۔

آوَرد گاہ:میدان کارزار ۔

آوَردن:لانا ۔

باز آوَردن:واپس لانا ۔

بجا آوَردَن:کام بجا لانا ، فرض انجام دینا

بدست آوردن:حاصل کرنا ۔

بر آوردن:اوپر اٹھانا ، پورا کرنا ۔

خواہش اوراہرآوردم:میں نے اس کی خواہش پوری کردی ۔

آوَردَنی:جس چیز کے لانے کی توقع ہو ۔

آوَردہ:لائی ہوئی چیز ۔

آوَرسَر:سیارہ، وہ جرم فلکی جو حرکت کرتا ہے مثلاً مشتری

آوَرَندہ:لانے والا ۔

آوَرد گاہ:رزمگاہ، میدان کارزار ۔

آوَریدَن:لانا ۔

آوَند:برتن، کوُزہ، جام

آوَندی:پینے کا برتن، کوزہ، جام

آوَنگ:(۱)کھرل، ہاون (۲) رسی جس پر سوکھنے کے لیے کپڑے لٹکائے جاتے ہیں ۔

آوَنگان:لٹکا ہوا کپڑا ۔

آوَہ:آوخ ۔

آویختگی: لٹکنا، زیرِ غور ہونا، التوا۔

آویختن: لٹکانا، ملتوی کرنا۔

آویختہ: لٹکا ہوا، ملتوی کیا ہوا۔

آویز: التوا میں رکھا ہوا۔

آویزاں: لٹکا ہوا، ملتوی کیا ہوا۔

آویزاندن: آویزانیدن، لٹکانا۔

آویزش: آویختگی، لٹکنا۔

آویزہ: (۱) لٹکتی ہوئی چیز، گوشوارہ (۲) خواتین کے کانوں کا ایک زیور (۳) ضمیمہ۔

آہ: کلمہ افسوس، حیف۔

آہ کشیدن: آہ بھرنا، افسوس کا اظہار ہونا۔

آہار: میدے وغیرہ کی لیئ جو پکا کر کاغذ اور وصلیوں پر پھیرتے ہیں، کلف جو کپڑوں کو لگاتے ہیں

آہاردار... آہار زدہ: کپڑا جس پر کلف لگی ہو۔

آہختن: آہیختن، کھینچنا، باہر نکالنا۔

آہختہ: آہیختہ، باہر نکالا ہوا، کھینچا ہوا

آہرمن: آہرمن، شیطان۔

آہستگی: آہستہ سے، ہولے ہولے، دھیما پن، ملائمت، نرمی، نرم خوئ

آہستہ: سہج سے، نرمی سے، ملائمت سے

آہک: چونا۔

سنگِ آہک: چونے کا پتھر۔

آہک پز: چونے کو پکانے والا۔

آہک پزی: چونے کو پکانے کا عمل۔

آہکش: آہیں بھرنے والا۔

آہمند: جھوٹا، گناہگار، عیب دار۔

آہن: لوہا، حدید۔

آہن دلی: سخت دلی۔

آہن ذوب کن: لوہے کو پگھلانے والا۔

آہن رُبا: مقناطیس، چمبک، چمبک پتھر۔ مثال:

جاذبہ در دلم نہ کہ کم ازسنگ نیست
ای کہ بسنگی دھی جذبہء آہن رُبا

میرے دل میں بھی کھینچنے کی قوت عطا فرما دیجیے۔ آپ نے تو پتھر کو بھی ایسی قوت بخشی ہے جو لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے۔

آہنجہ: پارچہ بافی کا آلہ۔

آہن ریز: لوہے کو ڈھالنے والا۔

آہن ریزی: لوہے کی فاؤنڈری کا کام۔

آہن ساز: لوہے کا کام کرنے والا۔

آہن سازی: لوہے کا کام کرنا۔

آہنِ سرد کُوبیدن: قوت اور وقت کو ضائع کرنا۔

آہنگ: نغمہ، الاپ، نوا، آواز، سُر، مثال:

ندانم گرچہ آہنگِ عرب را
شریکِ نغمہ ہائ ساربانم

میں نوائے عرب کا شناسا تو نہیں ہوں لیکن ساربان جو مجھے ساتھ لیے جارہا ہے۔ اس کے نغموں میں شریک ہوں۔

آہنگ: ارادہ، قصد۔

آہنگ راہ کن: چلنے کا ارادہ کرو۔

چوآہنگ رفتن کند جان پاک: جب جان پاک بدن کو چھوڑنے کا ارداہ کرتی ہے۔

آہنگر: لوہار۔

آہنگر خانہ: جہاں لوہے کا کام کیا جاتا ہے۔

آہنگی: موسیقی کی سُر کے متعلق۔

آہنگیدن: آواز لگانا، گانا۔

آہنی: آہنیں، لوہے کا بنا ہوا۔

آہنین پنجہ: زوردار پنجہ۔

آہنیں جگر: ظالم، ستمگار۔

آہنین کرسی: (۱) سندان، اہرن جس پر لوہار لوہا

کوتتے ہیں

آھُو: غزال، ہرن ۔

آھُو: (۱) غلطی، عیب، بُرای، نقص (۲) بلند آواز، چیخ

آھوبرَہ: ہرنی کا بچہ ۔

آھو پا(ی): تیز قدم، تیز رفتار ۔

آھُو دل: نرم دل ۔

آھُو دلی: نرم دلی ۔

آھُوری: رائی، خردل ۔

آھُو فکَند: جو ہرن کی طرح جست وخیز کرے ۔

آھومَند: عیب دار، ناقص ۔

آھُون: نقب، زیر زمینی راستہ، غار، رخنہ ۔

آھُون بر: نقب زن

آھِیانہ: کاسہ سر، کھوپڑی ۔

آئت: (ع) علامت، نشان، وہ گول نشان جو قرآن مجید کے جملے ختم ہونے پر لگے ہوتے ہیں ۔

آئت اللہ: (ع) اللہ تعالی کی نشانی، اللہ تعالی کا ثبوت، مظہرحق ۔

آئنَہ: آئینہ ۔

آئنہ وار: آئینے کی طرح صاف بیانی

آئنہ زدا: آئینہ پرداز، آئینے کو پالش کرنیوالا ۔

آئنہ سکندری: کہا جاتا ہے کہ ارسطو نے سکندر کے لیے ایک ایسا آئینہ بنایا تھا جس میں دنیا بھر کے حالات نظر آتے تھے۔

آئنہ سنگ بلور: شفاف آئینہ ۔

آئنہ کار: آئینوں سے سجاوٹ کرنے والا ۔

آئیِن: قانون، قاعدہ، ضابطہ، دستورالعمل ۔ مثال:

ہزار آفرین برمن و دینِ من
کہ مُنعم پرستیست آئین من

ہزار آفرین مجھ پر اور میرے دین پر یعنی میں اور میرا دین ہزار آفرینوں کے مستحق ہیں کیونکہ نعمتیں کرنے والے (پروردگار) ہی کی پرستش میرا فرض عین ہے

آئین نامہ: ضابطہ، دستوار العمل ۔

آئینہ: آئنہ ۔

آی: آمدن = آنا سے فعل امر، آؤ ۔

آی: آہ، کلمہ تاسف ۔

آیا: حرف استفہام، کیا، شاید، مگر نمی دانم آیا رفت یا نرفت ۔ مجھے معلوم نہیں وہ گیا ہے یا نہیں

آید: آمدن مصدر سے فعل حال

می آید: وہ آتا ہے یا وہ آتی ہے ۔

آیات: (ع) آیت کی جمع ۔ قران مجید کے پورے جملے (۲) نشان، علامتیں ۔

آیِزنَہ: بہنوی

آیِس: (ع) آئس، نا امید ۔

آیِش: مزروعہ زمین، درختوں پر پھل آنا ۔

آیِشنَہ: جاسوس ۔

آیِفت: حاجت، خواہش، درخواست ۔

آینِدہ: آنے والا وقت، مستقبل کا وقت ۔

زمانِ آینِدہ: آنے والا زمانہ ۔

ا

ا: حروف تہجی کا پہلا حرف ۔ ابجد کے حساب سے اسکا ایک عدد ہے ۔ "الف" کسی اسم صفت میں شامل ہوکر اس کی لفظی اور معنوی حیثیت بڑھا دیتا ہے مثلاً خوشاکسیکہ، خوش نصیب ہے وہ شخص کہ جو- «الف» کسی اسم کے آخر میں آئے تو وہ حرف ندا کے معنی دیتا ہے مثلاً «شاہا، کریما» اے شاہ، اے کریم- «الف» لفظ کے آخر میں فاعل کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے مثلاً دانا، بینا، جویا۔ لفظ کے آخر کا الف کبھی لیاقت کے معنی

دیتا ہے مثلاً خواندان سے خوانا (بہت پڑھا لکھا) لفظ کے آخر کا الف کبھی قسم کے معنوں میں آتا ہے مثلاً حقا، ربًا (حق تعالی کی قسم، رب کی قسم) عربی لفظ کے آخر میں کبھی تنوین کی صورت میں آتا ہے مثلاً یقیناً، قطعاً اصلاً وغیرہ- الف شعری ضرورت کی وجہ سے زائد کے طور پر آتا ہے مثلاً اُشتر بمعنی شتر مثال:

برتوکلْ زانوی اُشتر ببند

حضرت رسول کریم(ص) نے فرمایا تھا اللہ پر توکل کرو اور اونٹ کا گھٹنا باندھ دو ۔ اسکندر (سکندر)- الف بعض اوقات کسی لفظ کے درمیان آئے تو جمع کی صورت دے دیتا ہے مثلاً (تدابیر، تدبیر کی جمع)، تراکیب (ترکیب کی جمع) عناصر (عنصر کی جمع)وغیرہ

ا

اَب:(ع)والد (آباء جمع) ۔

آبا:شوربا، دم پخت شوربا ۔

اِباء:(ع)انکار، نامنظوری، صاف جواب

اِباء کردن:انکار کرنا، نا منظور کرنا ۔

از رفتن ابا کرد:جانے سے انکار کیا ۔

اَبابیل:(ع)(۱) کلمہ جمع بغیر مفرد گروہ یا (۲) سیاہ رنگ کا ایک چھوٹا سا پرندہ جس کے سینے کے پر سفید ہوتے ہیں۔ ابرھہ جب اصحاب فیل کے ساتھ کعبہ پر حملہ کرنے کے لیے آیا تو ابھی وہ کچھ فاصلے پر ہی تھے کہ ابابیلوں نے سنگ ریزے مار مار کر اصحاب فیل کو وہاں سے بھگا دیا ۔

اَباحی:آزاد خیال لوگوں کے فرقہ کا فرد (ابا حیون جمع) ۔

اِباحَت:(ع)جائز قرار دینا

اَباریق:(ع)جام، پیالے، (ابریق کی جمع)

اَبازِیر:(ع)بزر کی جمع الجمع، وہ چیزیں جو غذا میں ڈالی جاتی ہیں، مثلاً کالی مرچ، دارچینی، زیرہ وغیرہ ۔

اِبارَة:(ع)ضائع ہونا، نیست و نابود ہونا

اَباشَة:(ع)لوگوں کا گروہ

اَباض:(ع)رسی جس سے اونٹ کا گھٹنا باندھتے ہیں ۔

اَباضِیه:خارجیوں کا گروہ جو عبداللہ بن اباض کے نام سے منسوب ہے ۔

اَباطِیل:(ع)باطل کی جمع، بیہودہ باتیں، یاوہ گوئی

اَباعِد:(ع)ابعَد کی جمع، اقرب کا متضاد، دُور، بعید

اَباعَن جَدٌ:(ع)نسلاً بعد نسلاً، آباؤ اجداد، پشت در پشت ۔

اِباق:(ع)فرار اختیار کرنا، بھاگ جانا ۔

اَبالیس:(ع)جمع ابلیس ۔

اَبام:قرض ۔

آبان:آبان، ایرانی سال کا آٹھواں مہینہ

اِبانَت:(ع) وضاحت، صفائی ۔

اَبت:(ع) گرمی، اُمس ۔

اِبتار:(ع)کاٹنا، قطع کرنا، کم کرنا، کوتاہ کرنا، کاٹ چھانٹ، قطع و برید

اِبتداء:(ع)شروع ، آغاز

ابتدا کردن:آغاز کرنا، شروع کرنا ۔

اِبتداع:(ع)ایجاد، تخلیق ۔

اِبتداع کردن:کوئی نئی چیز تخلیق کرنا، ایجاد کرنا

اِبتدائی:شروع کی کوئی چیز ۔

اِبتذال:(ع)بیہودہ خرچ کرنا، کھو دینا، مجازاً بے اختیاری، بے قدری، ہلکا پن، پستی

اَبتر:(ع)خراب خستہ ۔

اِبتسام:(ع)تبسّم، ہنسی

اِبتعاد:(ع)دوری اختیار کرنا ۔

اِبتغا:(ع)خواہش، کسی چیز کی جستجو کرنا ۔

ابتکار:(ع)کوئی چیز بنانا، تخلیق کرنا، ایجاد کرنا

ابتلا:(ع)مصیبت، تکلیف

ابتلای سرما خوردگی:زکام کی تکلیف۔

ابتلاع:(ع)نگلنا۔

ابتناء:(ع)بنا ڈالنا، بنیاد قائم کرنا۔

ابتہاج:(ع) مسرت، خوشی، راحت، بہجت۔

ابتہال:(ع) آہ و زاری کرنا، کسی کو مدد کے لیے پکارنا۔

ابتیاع:(ع) خریدنا، خریداری کرنا۔

ابجد:حروف تہجی۔ مثلاً ا، ب ج، د۔

ابجد خوان:جس نے ابھی پڑھنے کی ابتدا ہی کی ہو۔

ابحاث:(ع)بحث کی جمع۔

ابحار:(ع)بحر کی جمع، دیکھیے بحر۔

ابخرہ:(ع)بخار کی جمع بخارات، بھاپ۔

ابخل:(ع)بخیل کی جمع، کنجوس۔

ابد:(ع)وہ زمانہ جس کی انتہا نہ ہو، دوام، ہمیشگی، ہمیشہ کے لیے۔

الی الابد:ہمیشہ کے لیے۔

ابداً:(ع)ہمیشگی، ہمیشہ کے لیے، ابدتک

ابداء:(ع) (۱)تخلیق (۲)آغاز، شروع۔

ابداع:(ع)تخلیق، ایجاد۔

ابداع کردن:تخلیق کرنا، ایجاد کرنا۔

ابدال:(ع)تبدیل کرنا، کسی چیز کو کسی دوسری چیز کے عوض لینا دینا۔

ابدال:(ع)بدل اور بدیل کی جمع، شریف، صالح نیکوکار لوگ، مردان خدا۔

ابدالاباد:(ع)ہمیشہ، جاویدان۔

ابدالدہر:(ع)ہمیشہ، جاویدان۔

ابدام: اندام، جسم۔

ابدان:(ع)(۱)بدن کی جمع (۲) خاندان، (۳)سزاوار، لائق

علم الابدان: جسمانیات کا علم، فزیالوجی۔(انگ)

ابدمدت:غیر فانی، ہمیشہ قائم رہنا، جاودانی۔

ابدی:(ع)دائمی، جاو دانی۔

ابدیت:(ع)ہمیشگی۔

ابر:بادل، اسفنج۔

ہوا ابراست:مطلع ابر آلود ہے، فضا پر بادل چھائے ہیں۔

ابراء:(ع)بری کرنا، نجات حاصل ہونا، بیماری سے نجات حاصل ہونا، قرض ادا کرنا، ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونا۔

ابراج:بُرج کی جمع۔

ابرار:(ع)بَر کی جمع، نیک، معصوم، نیکو کار لوگ

ابرار:(ع)حق بجانب بات کرنا، معقول وجہ۔

ابراز:(ع)واضح کرنا، ظاہر کرنا، آشکار کرنا۔

ابرام:(ع)اصرار کرنا، استحکام، تصدیق، توثیق

ابراہیم:(ع)حضرت ابراہیم (ع) خلیل اللہ پیغمبر

ابرد:بہت زیادہ سردی

ابردست:سخی، فیاض۔

ابرش:(ع)داغدار، جس پر دھبے پڑے ہوں، سرخ رنگ کا گھوڑا جس پر سفید داغ ہوں

ابرشم:ابریشم، سلک۔

ابرص:(ع)جسے جذام یا برص کا مرض ہو۔

ابرکار:حیران، ششدر۔

ابرکا کیا:مکڑی کا جالا، تار عنکبوت۔

ابرکُھن:ابرمردہ، اسفنج۔

ابرناک:چھایا ہوا بادل۔

ابر نجن: کنگن، چوڑی، پہنچی، پائل، پازیب

اَبرُو: بھوں، بھوئیں بصورت جمع، پیشانی مثال:

ہمیشه ره لطف نتواں گرفت

بر ابرو فگن چین به هنگام خویش

ہر حالت میں لطف و کرم کا راستہ اختیار نہیں کیا جاسکتا، کسی وقت پیشانی پر بل بھی آجانے چاہییں۔

اَبرُو تراش کردن: ابرو درہم کشیدن: غصے میں آنا

اَبرُوزدن: آنکھ جھپکنا، اشارہ کرنا، رضامندی ظاہر کرنا۔

ابرو صنام: بے روح۔

ابرو فراخی: کشادہ روی۔

ابرو کُشادن: خوشی کا اظہار کرنا۔

ابروگن: موچنا۔

ابرُون: سدا بہار پھول۔

ابرَهہ: ابرھہ بن صباح حبشی، اصحاب فیل کا سر کردہ جس نے خانہ کعبہ کے خلاف لشکر کشی کی تھی اور جسے ابابیلوں کی سنگ باری سے شکست ہوئی۔

اَبرہ: آہو برہ، ہرنی کا بچہ، ہو نوٹا۔

ابرہام: سرشت، طبیعت، فطرت۔

ابری: (۱) چھایا ہوا بادل (۲) کاغذ ابری۔

ابریز: خالص سونا۔

ابریشم: ریشم۔

ابریق: پانی پینے کا پیالہ، جام، قدح، جگ (اباریق جمع)

ابزار: آلہ۔

اَبسال: (ع) کسی چیز کو حرام قرار دینا۔

اَبصار: (ع) (۱) بصر کی جمع، (۲) آنکھیں (۳) دور اندیشی، ذکاوت۔

اَبصَر: (ع) صاحب بصیرت۔

اِبطا: (ع) دیر کرنا، تاخیر، کُندی، سستی۔

اَبطال: (ع) جمع بطل، دلیر۔ بہادر۔

اِبطال: باطل قرار دینا، بیفائدہ ہونا

اِبطال کردن: بیکار کر دینا، مٹا دینا۔

اَبطَح: (ع) فراخ ندی۔ سیلاب کی گزر گاہ، مکہ معظمہ اور منیٰ کے درمیان ایک جگہ کا نام۔

ابطی: (ع) مددگار، سُود مند۔

اِبعاد: (ع) دور کرنا۔

اَبعاد: (ع) بُعد کی جمع، دور۔

ابعادِ ثلاثہ: (ع) علم ہندسہ میں طول، عرض اور گہرائی

ابغاض: (ع) بغض یا دشمنی رکھنا۔

ابغَض: مکروہ تر، شدید دشمن۔

اِبکا: (ع) رونا رلانا۔

اِبکار: (ع) صبح کرنا، صبح سویرے اٹھنا۔

اَبکار: (ع) بِکر کی جمع، دوشیزگان۔

اَبکَم: (ع) گونگا، زبان بستہ (بکم جمع)۔

اِبِل: (ع) اونٹ۔

اِبلاس: نا امید ہونا، مایوس ہونا، غمگین ہونا

اِبلاغ: (ع) اطلاع پہنچانا، سرکاری حکم بھیجنا۔

ابلاغی: جو اطلاع بہم پہنچائی جائے۔

اِبلاغیہ: سرکاری اطلاع یا نوٹس۔

اَبلَق: (ع) چتکبرا، سفید و سیاہ رنگ کی ہر چیز۔

اَبلُوج: آبلُوج، سفید شکر، چینی، قند۔

ابلوک: منافق، دوغلا۔

ابلہ: (ع)بے وقوف، احمق۔

ابلہانہ: حماقت کرتے ہوئے، بے وقوفی سے

ابلہی: بے وقوفی، حماقت۔

ابلیس: (ع)شیطان کا نام، رحمت خداوندی سے جو نا امید ہوا

ابلیسانہ: شیطنت سے، ابلیسی، شیطانی۔

ابن: (ع)بن، بیٹا۔

ابنُ السبیل: مسافر، تہی دست، بیابان میں سے گزرنے والا۔

ابنُ الوقت: مطلبی، خود غرض، مقتضاے وقت پر عمل کرنے والا

ابنا: (ع) ابن کی جمع، بیٹے، اولاد۔

ابنای جہاں: دنیا کے رہنے والے، افراد انسانی۔

ابنای زمان: ابنای عصر: معاصرین، ہم عصر۔

ابنا خون: قلعہ، حصار۔

ابنۃ: (ع)ابن کی مونث، بیٹی۔

ابن یامین: (ع)حضرت یعقوب(ع) کا فرزند، حضرت یوسف(ع) کا بھائی۔

ابنیہ: (ع)بنا کی جمع، عمارتیں۔

ابو: باپ۔

ابواب: (ع)باب کی جمع، دروازے۔

ابوابِ جمعی: جائیداد جو کسی کی نگرانی میں ہو، مالی ذمے داری۔

ابُوالبَشر: (ع)آدمیوں کا باپ، حضرت آدم (ع)۔

ابو بکر: (رض)حضرت رسول کریم (ص) کے خلیفہ اول۔

ابوالہول: مصر کا ایک قدیم بہت بڑا مجسمہ۔

ابوان: (ع)ابوین، ماں باپ۔

ابو تُراب: حضرت علی (رض) کی کنیت۔

ابہ: اوبہ: خیموں میں رہنے والے۔

ابہام: (ع)غیر واضع، پوشیدہ طور سے کہنا، کھول کر بیان نہ کرنا۔

ابہام: (ع)انگوٹھا۔

ابہت: (ع)وقار، شان و شوکت، جاہ و جلال، بزرگی۔

ابہر: بڑی شریان جو قلب کے بائیں طرف سے نکلتی ہے۔

ابہل: (ع)ایک قسم کی نباتات جس سے تیل نکالا جاتا ہے، پہاڑی سرو

ابہی: (ع)روشن تر۔

ابی: (ع)میرا والد۔

ابیات: (ع)بیت کی جمع، اشعار۔

ابیاری: ایک قسم کا نازک کپڑا۔

ابیز: چنگاری نکلنا، برقی شرارہ نکلنا۔

ابیز: چنگاری، شرارہ۔

ابیض: (ع)سفید، سفید رنگ۔

بحرابیض: سفید سمندر۔

نژاد ابیض: سفید فام نسل۔

ابین: (ع)واضح تر، روشن تر، آشکار تر۔

اپرا: غنائیہ۔

ابرا ہام: حضرت ابراہیم (ع)۔

اپرَ خیدہ: صاف، واضح، آشکار۔

اپشک: شبنم۔

اتا: (ت) باپ، والد۔

اتا بک: (ت)مُعزز باپ، مربّی۔

اتابکان: (۱)اتا بک کی جمع (۲) فارس کا ایک حکمران

خاندان۔ اور اس کے جانشین۔

اَتان:(ع)گدھی۔

اَتباع:(جمع تبع)، پیروکار، خدم و حشم، نوکر چاکر۔

اِتباع:(ع)پیروی، فرمان برداری۔

اِتّحاد:(ع)اتفاق، دوستی، محبت، یگانگی۔

اِتحادی:جو باہمی اتحاد میں شامل ہو۔

اِتحادیہ:یونین، لیگ۔

اِتحاف:(ع)تحفہ تیار کرنا، تحفہ پیش کرنا۔

اِتّخاذ:(ع)قبول، اختیار، انتخاب۔

اِتّر:ایتھر، ایک رقیق بے رنگ شے جو الکلی اور تیزاب کی ترکیب سے پیدا ہوتی ہے۔

اِترار: زر شک، ایک قسم کا پودا جس میں زرد رنگ کے پھول اور چھوٹے چھوٹے سرخ رنگ کے پھل آتے ہیں۔

اُتراق:اوتراق، راستے میں مسافر کی شب بسری کا قیام

اُترج:تُرنج، چکوترا۔

اِتّساع:(ع)وسیع، کشادگی، پھیلاؤ۔

اِتّصاف:(ع)کسی صفت سے موصوف ہونا، کوئی صفت متعین کرنا، استعداد یا صفات بیان کرنا۔

اِتّصال:(ع)ملنا، پیوستہ ہونا، پیوستگی، ربطہ و تعلق۔

اِتّصال پیدا کردن:تعلق پیدا کردن۔

اِتصال دادن:ملانا۔

دستگاہِ اتصال:سوِچ کا بورڈ۔

اِتصالاً:متواتر، مسلسل، لگاتار۔

اِتصالی:ملانے والا، جوڑ ملانے والا، ربط پیدا کرنیوالا۔

اِتعاب: (ع) تعب کی جمع کسی کو تکلیف میں مبتلا کرنا، رنجیدہ کرنا۔

اِتّفاق:(ع)ساز گاری، باہم موافقت، یک دلی، اتحاد۔

اتفاقِ آرا:متفقہ طور سے، بالاتفاق، اتفاق کرنا۔

اتفاق افتادن:پیش آنا۔

چہ اتفاق افتاد:کیا واقعہ پیش آیا، حسب اتفاق، اتفاقاً۔

اتفاقاً:اتفاق سے۔

اتفاقات:اتفاق کی جمع۔

اِتّقا:پرہیزگاری۔

اِتقان:(ع)یقین محکم کرنا، استوار کرنا۔

اتقیا:تقی کی جمع، پرہیز گار لوگ۔

اِتّکا:(ع)اعتماد، بھروسا، توکل، مثال۔

در شبِ تاریک غم کردہ بدر ماندگی

خاک نشیناں جُرم بر کرمت اتّکا

غم کی اندھیری رات میں گنہگار خاک نشیں پریشانی کے عالم میں تیرے لطف و کرم پر بھروسا کیے ہوئے ہیں۔

اِتّکال:(ع)اعتماد، بھروسا، توکل کرنا۔

اتلاف:(ع)تلف ہونا، ضائع ہونا۔

اَتلال:(ع)تَل کی جمع، خاک کے بڑے بڑے تودے، ٹیلے۔

اتلس:اٹلس۔

اتم:ایٹم، ذرہ۔

اَتمّ:(ع)تمامتر، کامل تر۔

اِتمام:(ع)مکمل کرنے کا عمل، تکمیل۔

با تمام رساندن:مکمل کرنا، پایہ تکمیل تک پہنچانا۔

با تمام رسیدن:مکمل ہونا۔

تمی:ایٹم سے متعلق، اٹامک۔

اتو:استری۔

اتو بیو گرافی:خود نوشت سوانح حیات

اتو بوس: بس، لاری وغیرہ۔

اتو موبیل: موٹر کار

اِتّہام: (ع)تہمت لگانا۔

اِتّہاماً: تہمت کے طور سے

اتہامی: تہمت پر مبنی۔

اِتیان: (ع)لانا، انجام دینا۔

اثاث: (ع)سازو سامان، اسباب خانہ۔

آثاثُ البَیت- اثاثیہ: گھر کا سازو سامان۔

اثبات: (ع)ثابت کرنا، ثبوت۔

اثبات کردن: ثابت کرنا۔

اثر: (ع)نشان، پتا، کھوج۔

اثرپا: پاؤں کا نشان۔

اثرپذیر: اثر خیز، اثر قبول کرنے والا۔

اَثقال: (ع)ثقل کی جمع، بوجھ، بار، بار گراں۔

اِثم: (ع) گناہ۔

اُثما: (ع)اثیم کی جمع، گناہگار بصورت جمع۔

اَثمار: (ع)ثمر کی جمع، پھل، میوہ۔

اثمان: ہشتم، آٹھواں۔

اثمَہ: (ع)گناہگاران، آثیم جمع

اثنا: (ع)درمیان، بیچ۔

اثنا عَشَر: (ع)بارہ۔

اِثنا عشَری: (ع)بارہ اماموں کو ماننے والے، اہل تشیع

اِثنَین: (ع)دو۔

اثنیہ: (ع)مدح، ستایش۔

اثواب: (ع)ثوب کی جمع، کپڑے۔

اثیر: (ع)عالی، بلند، برگزیدہ، مکرم، نیز ہوا و فضا۔

اثیم: (ع)گناہگار (اثما جمع)

اِجابت: (ع)منظوری، گذارش کی منظوری، مثال:

بترس از آہِ مظلوماں کہ ہنگام دعا کردن
اجابت از در حق بہر استقبال می آید

ستم رسیدہ آدمیوں کی آہ سے ڈرو کہ حق تعالی کی بارگاہ سے دعا کی قبولیت اس کا استقبال کرتی ہے۔

اِجابت کردن: التجا سننا، گزارش کو منظور کرنا۔

اِجارت: اجارہ، ذمّہ، کرایہ، ٹھیکہ۔

اِجارہ: (ع)کرایہ، ٹھیکہ۔

اجارہ دادن: ٹھیکے پر دینا۔

اجارہ کردن: کرائے پر یا ٹھیکے پر دینا۔

اِجارہ دار: ٹھیکہ دار۔

اجازت: اجازہ: (ع)منظوری، رخصت۔

اجازہ نامہ: لائسنس، سرٹیفکیٹ۔

اُجاق: (ت)آتشدان

اجاہر: غوغا طلب اوباشوں کا گروہ۔

اجانب: (ع)اجنبی کی جمع، غیر ملکی، بیگانگان۔

اِجبار: (ع)جبر، دباؤ، مجبوری سے - بہ اجبار، مجبوراً۔

اِجباراً: (ع) مجبوراً۔

اِجباری: لازمی، ضروری۔

نظام اجباری: لازمی فوجی ملازمت۔

اِجتبا: (ع)انتخاب کا عمل۔

اِجترا: (ع)جرات، شجاعت، دلیری۔

اِجتذاب: (ع)جذب کرنا۔

اِجتماع: (ع)مجلس، اکٹھ، ہجوم

اِجتماعاً: سب مل کر، مجموعی طور سے۔

اِجتماعی: معاشرتی۔

اِجتنا: (ع)پھل چننا، درخت سے پھل توڑنا

اِجتناب: (ع)پرہیز، دُوری اختیار کرنا

اِجتہاد: (ع)کوشش، نئی بات پیدا کرنے کی کوشش، کسی

مذہبی امر میں تاویلات و تحقیقات سے کام لینا۔

اجتہاداً: اجتہاد کے طور سے۔

اِجتیاز: (ع)عبور کرنا، گزرنا۔

اِجحاف: (ع)غیر منصفانہ، ظلم و جبر، ستم کرنا، حد اعتدال سے تجاوز۔

اجحاف کردن: غیر منصفانہ سلوک کرنا، ظالمانہ روش اختیار کرنا۔

اجداد: (ع)جد کی جمع، دادا، پردادا، اسلاف۔

اجدادی: (ع)آباؤ اجداد سے نسبت۔

اجدّع: (ع)جس کی ناک کٹی ہو۔

اِجرا: (ع)جاری کرنا، دستور کو عمل میں لانا۔

اجرای قانونی: قانون کو عمل میں لانا۔

مامور اجرا: قانون کو عمل میں لانے کا حکم دینے والا۔

اجراس: جرس کی جمع، گھنٹیاں۔

اَجرام: (ع)جرم کی جمع، ستارے سیارے۔

اجرام فلکی: آسمان کے ستارے سیارے۔

اُجرت: کام کی مزدوری،

اجزا: (ع)جزو کی جمع، حصّے۔

اجساد: (ع)جَسَد کی جمع، اجسام۔

اجسام: (ع)جسم کی جمع۔

اجفان: (ع)جفن کی جمع، آنکھوں کی پلکیں۔

اجَل: (ع)موت، اختتام زندگی کا مقررہ وقت۔

اجَل رسیدہ: جسے موت آگئی۔

اجل معلّق: ناگہانی موت۔

اجلّ: (ع)جلیل کی تفضیل کل، جلیل ترین۔ بہت بڑا، بہت معزز۔

اجلّ علمای عصر بود: وہ اپنے وقت کا بہت بڑا عالم تھا۔

اِجلا: (ع)ملک بدر، وطن سے دور ہوجانا۔

اجلاد: (ع)جلد کی جمع۔

اِجلاس: (ع)جلسہ، جلسہ کرنا، مل بیٹھنا، تبادلہ خیال کے لیے اجتماع

اجلاسیہ: اجلاس سے متعلق۔

اجلاف: (ع)جلف کی جمع، فرومایہ لوگ۔

اجِلّہ: (ع)بزرگ لوگ، نامور، اچھی شہرت والے، جمع جلیل۔

اِجماع: (ع)جمع ہونا، یک رائے ہونا، ہم آواز ہونا۔

بالاجماع: جمعیت کے طور پر۔

اِجمال: (ع)اختصار۔

بالاجمال: مختصر طور سے۔

اجمالاً: (ع)مختصراً

اجمالی: (ع)مختصر

أجمَعین: (ع)جمع الجمع، سب، تمام۔

رحمۃ اللّٰہ علیہم اجمعین: خدا اُن سب پر رحم کرے۔

اجمَل: (ع) جمیل کی تفضیل کل، خوبصوت ترین، زیبا ترین۔

اجناس: جنس کی جمع۔

اجنَب: (ع) اجنبی۔

اجنبی: بیگانہ، غیر، غیر ملکی، جس کی کسی کو جان پہچان نہ ہو۔

اجنبیت: بیگانگت، غیریت۔

اجنحہ: (ع) جمع جناح، دست و بازو۔

اجواد: (ع) جواد کی جمع، سعادت مند لوگ، سخی لوگ۔

اجوِبہ: (ع) جمع جواب۔

اجُور: (ع) جمع آجر، پختہ اینٹیں۔

اجوَف: (ع) جوف دار، بیچ میں سے خالی، کھوکھلا

اجہار: (ع) آواز بلند کرنا، اونچی آواز میں پڑھنا۔

اجہَل: (ع) بہت بڑا جاہل، جاہل کی تفضیل کل۔

اجیر: (ع) مزدور، کارکُن۔

اجیرانہ: مزدوری پر۔

اجیری: مزدوری

احادیث: (ع) حدیث کی جمع، حضرت رسول کریم(ص) کے اقوال۔

احاطہ: (ع) گھیرا، چار دیواری، حاوی۔

بر این علم احاطہ دارد: اس علم پر وہ حاوی ہے۔

احاطہ کردن: گھیرنا، محاصرہ کرنا۔

اِحالہ: سپرد کرنا، کسی دوسرے کو دینا

احِبّا - احباب: (ع) حبیب کی جمع، دوست، رفیق۔

احبار: (ع) دانشمند لوگ، یہودیوں کے روحانی پیشوا۔

احبال: (ع) حبل کی جمع، رسیاں۔

اِحتِباس: (ع) حبس میں، قید میں، زندان میں ہونا۔

احتِجاج: (ع) حجت لانا، دلیل پیش کرنا، کسی امر کے خلاف آواز اٹھانا۔

اِحتِذار: (ع) عذر کرنا، بچاؤ، احتیاط کرنا۔

اِحتِراز: (ع) پرہیز۔

از این کار باید احتراز کرد: اس کام سے پرہیز کرنا چاہیے

اِحتِراس: (ع) اپنے آپ کو محفوظ کرنا، چیزوں کی نگہداشت کرنا

اِحتِراق: (ع) جلنا، آتش زنی

قابل احتراق: آتش پذیر، بھڑک اٹھنے والا مادہ۔

اِحتِرام: (ع) عزت، حرمت، ادب۔

با کمال احترام معروض می دارد: نہایت ادب سے گذارش کرتا ہوں۔

احترامِ کسی را نگہداشتن: کسی کے احترام کو ملحوظ رکھنا۔

احترام فائقہ را تقدیم میدارد: ادب و احترام کے ساتھ آپ کا مخلص (کسی خط یا تحریر کے خاتمے پر لکھا جاتا ہے)۔

احتراماً: (ع) احترام کے ساتھ۔

اِحتِساب: (ع) حساب لگانا، اندازہ لگانا، تخمینہ لگانا۔

مامورِ احتساب: میونسپل ایجنٹ جو مالیات کا حساب لگاتا ہے

اِحتِشام: (ع) عزت، حشمت۔

اِحتِضار: (ع) حاضر ہونا، دم مرگ ہونا، وقت نزع ہونا۔

اِحتِقار: (ع) حقیر سمجھنا۔

اِحتِقان: (ع) حقنہ کرنا

اِحتِکار: (ع) ذخیرہ کرنا، زیادہ منافع حاصل کرنے کے لیے چیزوں کو جمع رکھنا، ذخیرہ اندوزی

احتکاری: ذخیرہ اندوزی سے گران نرخ پر چیزیں فروخت کرنا۔

اِحتِکاک: (ع) رگڑنا، ملنا۔

اِحتِلام: (ع) بد خوابی ہونا، نیند کی حالت میں انزال ہونا۔

اِحتِماء: (ع) پر ہیز کرنا، ضرررساں چیزوں سے پرہیز کرنا۔

اِحتِمال: (ع) شک، گمان، امکان۔

احتمالاً: (ع) ممکن، شاید۔

اِحتِوا: (ع) شامل کرنا، شمار کرنا، مشتمل ہونا۔

اِحتِیاج: (ع) ضرورت، حاجت۔

احتیاج آنی: فوری ضرورت۔

احتیاج بہ آمدن او نیست: اس کے آنے کی ضرورت نہیں

اِحتِیاط: (ع) دیکھ بھال، پرہیز، دور بینی، پیش بینی۔

احتیاط کار: احتیاط کرنے والا۔

احتیاط کاری: احتیاط کرنا۔

اِحتِیال:(ع) حیلہ، فریب، مکر

اَحجار:(ع) حجر کی جمع، پتھر، چٹانیں۔

اِحجام:(ع) کام چھوڑ دینا، بد دل ہو جانا۔

اَحَد:(ع) ایک، یکتا، یگانہ (جمع احاد)۔

اِحداث:(ع) تخلیق، ایجاد، مثال۔

جامی چو در تلاطم بحر قدم فتاد

فارغ شد از تموّج احداث کائنات

جامی جب سے بحر ازل کے تلاطم میں گرا ہے اس وقت سے کائنات میں ہونے والے نئے حادثات سے وہ بے نیاز ہو گیا ہے۔

احداث کردن:ایجاد کرنا

احداث:(ع) حادثہ کی جمع، مصائب۔

احداث الدہر:مصائب زمانہ۔

احدَب:(ع) کبڑا، قوز پُشت۔

احدوثہ:(ع) کہانی، بیان، خبر۔

احدیّت:(ع) یک جہتی، اتفاق و اتحاد، یکتائی، یگانگی۔

اِحراز:(ع) حاصل کرنا، حفاظت کرنا۔

مقام ار جمندی احراز کرد:اس نے اپنے بلند مقام کی حفاظت کی۔

اِحراق:(ع) جلتا ہوا۔

اِحرام:(ع) حج کے موقع پر باندھنے والا کھلا سفید لباس۔

احرام بند:احرام باندھے ہوئے۔

اَحزاب:(ع) حِزب کی جمع، جماعتیں، پارٹیاں (۲) کتاب کے ابواب۔

احزان:(ع) حُزن کی جمع، غم و اندوہ، مصیبتیں۔ مثال:

کلبہ احزان شود روزی گلستان غم مخور

یوسف گم گشتہ باز آید بہ کنعان غم مخور

غم و الم کا یہ مسکن ایک دن چمن زار بن جائیگا غم نہ کر یوسف جو وطن چھوڑ کر گیا تھا وہ واپس آ جائیگا غم نہ کر۔

بیت الاحزان:مصیبتوں اور آفتوں کا مقام۔

اِحزان:(ع)حُزن کی جمع، غم و اندوہ۔

احزَم:(ع) بہت دانا، دور اندیش۔

اِحساس:(ع) محسوس کرنا، جذبہ۔

احساس سرما خوردگی می کنم:مجھے زکام محسوس ہو رہا ہے۔

احساس کردن:محسوس کرنا۔

احساساتی:جذباتی۔

اِحسان:(ع) نیکی، مروّت۔

احسان کردن:نیکی کرنا، مروت کرنا۔

الاحسان بالا تمام:جب کسی پر احسان کرو تو پوری طرح کرو۔

احسن:(ع) بہترین، بے حد خوبصورت۔

بوجہ احسن:بہترین طریقے سے۔

احسَنت:(ع) کلمہ تحسین، شاباش۔

احسَنتا:(ع) وراثت۔

اَحشاء:(ع) حشا کی جمع، جسم کے اندرونی حصے، دل، جگر وغیرہ۔

اِحصائیہ:(ع) آمار، شماریات، مردم شماری

مامور احصائیہ:شماریات کے کام پر مامور۔

اِحصان:(ع) (۱) استوار کرنا، نظر رکھنا، (۲) شادی کرنا (۳) پرہیزگاری، پاکدامنی

احضار:(ع) بلانا۔

احضار کردن:حاضر ہونے کےلئے بلانا۔

احضاریہ:حاضر ہونے کا حکم۔

احفاد:(ع) حفید کی جمع، پوتے، نواسے وغیرہ، اولاد۔

احَق:(ع) زیادہ حق دار، شایستہ تر۔

اَحقاد:(ع) کینہ، رکھنا۔

احقاق: حق ہونا، حق جاننا، کسی معاملے کی سچائی کے لیے جستجو کرنا، حق کا مطالبہ کرنا۔

احقاق کردن: سچائی معلوم کرنا۔

احقَر: (ع) حقیر تر، عاجز تر۔

احکام: (ع) حکم کی جمع، فرامین

احکَم: بہت زیادہ دانشمند۔

احلا: بہت میٹھا

احلاف: (ع) حلف لینا، قسم دینا

احلاف: عہد، پیمان۔

اَحلاف: (ع) حلال کرنا، حلال قرار دینا۔

احلام: (ع) حلم کی جمع، خواب، شیطانی خواب۔

احلی: (ع) زیادہ میٹھا۔

احلیل: (ع) مخرج پیشاب، منفذ پیشاب۔

احماض: (ع) ترش مزہ۔

احمال: (ع) بوجھ، جمع حمل۔

احمد: (ع) حمید کی تفضیل بعض یعنی پسندیدہ تر۔ بہت نیک، قابل تحسین، حضرت رسول کریم (ص) کا اسم مبارک۔

شرح احمدی- شرح محمدی: حضرت رسول کریم(ص) کی شریعت

احمَر: (ع) سُرخ۔

بحیرہ احمر: ریڈ سی (انگ)۔

احمرار: (ع) جو سرخ ہو رہا ہو، سرخی۔

احمَض: (ع) ترش مزہ۔

احمق: (ع) بے وقوف، بے عقل، بے شعور۔

احمقانہ: بے وقوفی سے۔

احمقانہ رفتار کرد: اس نے بے عقلی کا طریقہ اختیار کیا۔

احمقی: حماقت۔

احنَف: (ع) جس کا پاؤں ٹیڑھا ہو، کج پا۔

احوال: (ع) حال کی جمع،

احوال شماچه طور است: آپ کے مزاج کیسے ہیں۔

احوال پُرسی: کسی کے حالات پوچھنا، مزاج پرسی کرنا

احوَر: (ع) خوبصورت آنکھوں والا۔

احوَط: (ع)با احتیاط، محتاط۔

احوَل: (ع)بھینگا، کج چشم۔

احیاء: (ع) زندہ ہونا، حیات تازہ ملنا۔

احیا کردن: صحت یاب ہونا۔

اَحیان: (ع) حین کی جمع، زمانے، اوقات۔

اَحیاناً: (ع) اتفاقاً، گاہے بگاہے، اتفاقی، کبھی کبھار، وقتاً فوقتاً۔

احیَل: (ع) بڑا حیلہ گر، فریب کار۔

اخ: (ع) بھائی (اخوان جمع)۔

اخ: کلمہ افسوس، آہ، کبھی کلمہ تحسین کے طور پر بھی اخ بولنے میں آتا ہے

اخاء: (ع) اخوت، بھائی چارہ کرنا، برادری کرنا۔

اَخاذ: (ع) سخت گیر۔

اخاذی: دباؤ ڈال کر رقم وصول کرنا، رشوت۔

اخافہ: (ع) (خوف سے) ڈرانا، تنبیہ کرنا۔

اخباث: (ع) خبیث کی جمع۔

اخبار: مطلع کرنے کا عمل۔

اخبار کردن: مطلع کرنا۔

اخبار: (ع) خبر کی جمع، روز نامہ۔

راویان اخبار: خبریں پہنچانیوالے، کہانیاں سنانے والے، تاریخ دان۔

اخبار نویس: اخبار میں خبریں لکھنے والے۔

اخباری: اخبار سے متعلق۔

اخبَث: (ع) بڑا خبیث۔

اُخت: بہن، ہمشیرہ، خواہر (اخوات جمع)۔

اختبار: تجربہ، کسی چیز کا اچھی طرح علم ہونا۔

اِختتام: (ع) خاتمہ، کسی چیز کا ختم ہونا۔

اختتام پذیرفتن: ختم ہونا۔

اِختتان: (ع) ختنہ کرنا۔

اختر: ستارہ۔

نیک اختر: اچھے ستارے یا نصیب والا

اختر شمردن: تارے گننا، رات بھر جاگنا۔

اختر شناس: منجّم۔

اختر شناسی: نجوم، علم ہئیت کا جاننا۔

اخترکاویان: درَفش کا ویان، علم جو کاوہ لوہار سے منسوب ہے جس نے یہ علَم ضحاک کے خلاف اٹھایا تھا۔

اِختراع: (ع) ایجاد۔

اِختراق: (ع) (خرق سے) پھٹنا، ٹکڑے ہونا۔

اِخترام: کاٹنا، جڑ سے اکھیڑنا۔

اختر ستان: علم ہئیت کی کتاب۔

اختر ضمیر: ذہین، زیرک، دانا۔

اختری: ستارے سے متعلق۔

اِختزاع: (ع) الگ کرنا، پھاڑ دینا۔

اِختزال: (ع) (۱) کاٹ دینا، الگ کرنا (۲) رائے کے اظہار میں تنہا ہونا۔

اِختصار: (ع) بات کا مختصر کرنا۔

اختصار کردن: مختصر کرنا۔

اختصاراً: (ع) مختصر طور سے۔

اِختصاص: (ع) کسی کے لیے مخصوص ہونا۔

اختِصاص دادن: خصوصیت دینا

اختصاصاً: (ع) خصوصیت سے۔

اِختصام: (ع) دشمنی، خصومت۔

اِختطاف: لے جانا۔

اِختفا: (ع) چھپانا، مخفی کرنا، پوشیدہ کرنا۔

اِختلاج: (ع) دھڑکن، تحرک جیسے اختلاج قلب، دل کا دھڑکنا۔

اِختلاس: (ع) روپیہ یا مال لینا، رشوت لینا، غبن۔

اختلاس کردن: رشوت لینا، غبن کرنا۔

اِختلاط: (ع) میل جول۔

اختلاط کردن: میل جول کرنا۔

اِختلاف: (ع) فرق، مختلف ہونا۔

باہم اختلاف می کنند: اُن کا خیال ایک دوسرے سے مختلف ہے۔

عقیدہ او با عقیدہ من اختلاف دارد: اس کا عقیدہ میرے عقیدے سے مختلف ہے

اِختلال: (ع) عدم توازن، خلل واقع ہونا، تباہ ہونا، درہم برہم ہونا۔

اِختناق: گلے کی تکلیف، خناق ہونا، گلا گھٹنا۔

اختہ: خسّی: جس کے خصیے نکالے گئے ہوں۔

اِختیار: (ع) آزادانہ روش، دخل، طاقت، حق، (اختیارات جمع)

اختیار تام باو دادند: اسے تمام حقوق دے دیے گئے۔

اختیاراتِ رئیس مالیہ: مالیات کے صدر کے حقوق و اختیارات۔

اختیاری: انتخابی جو لازمی نہ ہو۔

اخثَم: (ع) چوڑی ناک والا، جس کی ناک چوڑی اور موٹی ہو۔

اخجَستہ: آستان، درگاہ۔

اخجَہ: سونے یا چاندی کا سکہ۔

اخدر:(۱) شب تاریک، اندھیری رات (۲) برادر زادہ، خواہر زادہ

اخدَع:(ع) بہت زیادہ مکر و فریب کرنے والا

اخذ:(ع) لے لینا، اقتباس کرنا۔

اخذ تماس:قریب ہونا، ربط پیدا ہونا

اِخراج:(ع) نکال دینا۔

اخرَب:(ع) خراب تر

اخرَس:(ع) گونگا، بے زبان۔

اخرُوش:شور و غوغا۔

اُخروی:(ع) عالم آخرت سے متعلق۔

اخریان:چیزیں، ساز و سامان، متاع۔

اخس:(ع) خسیس کی تفضیل کل، نہایت خسیس۔ فرومایہ تر، پست تر، خوارتر،

اخش:قیمت۔

اخشاب:خشب کی جمع لکڑیاں۔

اخشَم:چوزی ناک والا، جس کی قوت شامہ کمزور ہو۔

اخشیج:مخالف، ضد ہونا، بر عکس ہونا، (اخشیجان جمع)۔

اخص:(ع) خاص کی تفضیل کل۔

اِخصا:(ع) خصّی کرنا۔

اخضَر:(ع) سبز۔

اخطار:(ع) خطرے۔

اخطار:(ع) آگاہ کرنا، خبردار کرنا۔

اخطاریہ:آگاہی کا حکم۔

اخَف:(ع) خفیف تر، سبک تر۔

اِخفا:(ع) چھپانا، مخفی کرنا، پوشیدہ رکھنا۔

اِخفاف:(ع) خفیف ہونا، شرمسار ہونا۔

اخفَش:(ع) جس کی آنکھوں میں بینائی کم ہو، کم نُور۔

اخفَض:(ع) پست تر، فرو تر۔

اخفیّہ:(ع) خفا کی جمع، پوشیدہ۔

اخگُوک:کچا پھل، نا رسیدہ پھل۔

اخگر:چنگاری۔

اخگل:جو یا گندم کے باریک خار جو سِٹوں پر ہوتے ہیں۔

اِخلا:(ع) خلوت

اِخلاص:(ع) خلوص، وفاداری، مثال:

دستِ امیدِما و آن سرِ زلف
روی اخلاص ما و آن کف پا

امید کا ہاتھ اور ان کي زلف تک، یہ کیسے ممکن ہے۔
ہمارے خلوص کا رخ اس کے کف پا کی طرف ہے۔

اخلاط:(ع) ملی ہوئی چیزیں، عناصر۔

اخلاطِ اربعہ:چار عناصر، صفرا، بلغم، سودا، خون۔

اخلاف:(ع) خلف کي جمع، اولاد، جانشین۔ (مخالف اسلاف)۔

اخلاق:(ع) جمع خلق، عادات واطوار۔

خوش اخلاق:جس کے عادات واطوار پسندیدہ ہوں۔

اخلاقاً:اخلاقی طور سے۔

اخلاقیات:اخلاق سے متعلق۔

اخلال:(ع) (خلل سے) بے ترتیبی، خلل پیدا ہونا، نقصان پہنچنا۔

اخلَص:(ع) بہت زیادہ خالص۔

اخم:(ع) ترش روی، منہ پھیر لینا، پیشانی پر بل آنا۔

اخمُو:ترش روی۔

اخمِہ:اخم۔

اخمہ رو:ترش رو۔

اخنَس:(ع) جس کے نتھنے نیچے کو دھنسے ہوں اور ناک اوپر کو اٹھی ہو۔

اخوات:(ع) اُخت کی جمع، بہینیں، ہمشیرگان۔

اخوال:(ع) خال کی جمع، تل بصورت جمع۔

اِخوان:(ع) حقیقی بھائی، مثال:

از حاجتِ اخوان نسزد تحفه یوسف

اینجا نرسد عرض تجمّل ہمه کس را

حضرت یوسف(ع) کے پاس لے جانے کے لیے تحفه بھائیوں کی حاجت کے سوا کچھ نہیں یہاں ہر ایک کیلئے اپنی شان و شوکت کا اظہار کرنا زیبا نہیں (انھوں نے تو عجز و انکسار کا ذکر کیا تھا یہ نہیں که وہ حضرت یعقوب(ع) کے بیٹے پیغمبر کی اولاد ہیں)

اِخوان الزّماں:ہم عصر لوگ۔

اخُوّت:(ع) برادری، بھائی چارا۔

اخوِی:(ع) برادری، اخوت۔

اخوَین:(ع) دو بھائی۔

اخی:(ع) میرا بھائی۔

اخیار:(ع) خیر کی جمع، نیکو کار لوگ۔

اخیاط:(ع) دھاگے۔

اخیر:(ع) آخر، آخری۔

اخیراً:آخر میں، آخر الذکر، جس کا ذکر بعد میں آیا ہے۔

ادا:ناز، کرشمه

ادا ء:(ع) دینا، انجام دینا۔

ادای دیَن:قرض واپس دینا، تلافی کرنا۔

ادات:(ع) آله۔

اِدارت: کسی شعبے کا منتظم ہونا۔

اِدارہ:شعبه، محکمه۔

اداره شهر داری:بلدیه۔

اداره کردن:محکمے کا انتظام کرنا۔

آداک:جزیره۔

آدام:(ع) مدت میں اضافه۔

ادام الله:الله عمر دراز کرے۔ زنده و پاینده رکھے۔

ادامه:(ع) طول دینا، مدت بڑھانا۔

ادانی:(ع) ادنی کی جمع، پست درجے کے لوگ۔

ادَب:(ع) (۱) تہذیب، طریقه، دستور۔ آداب جمع (۲) لٹریچر، نظم و نثر کی پہچان۔

ادب آموز:طالب علم، شاگرد، تعلیم و تہذیب سیکھنے والا۔

اُدبا:(ع) ادیب کی جمع، اہل قلم۔

اِدبار:(ع) بد بختی، بد نصیبی (مقابل اقبال)۔

ادَبستان:دبستان، پرائمری سکول۔

ادَبیّات:لٹریچر، علم ادب سے متعلق۔

اِد خال:(ع) داخل کرنا، اندرلے جانا۔

ادخِنه:(ع) دخان کی جمع، دھواں بصورت جمع۔

اِدرار:(ع) پیشاب۔

ادار کردن:پیشاب کرنا۔

اِدراک:(ع) عقل، فہم، سمجھ، شعور۔

اِدرام:پیوند لگانے والی سوئی۔

ادرَنگ:تکلیف، غم، تباہی، بربادی۔

اُدرِه:(ع) نزول، نزول الما۔

اِدّعا:(ع) دعوی۔

اِدّعا کردن:دعوی کرنا۔

ادعا نامه:تحریری استغاثه

ادعِیه:(ع) جمع دعا۔

اِدغام:(ع) شامل کرنا یا ہونا، کسی حرف کو مشدّد کرنا۔

ادَقّ:(ع) بہت مشکل، بہت دقیق۔

ادقِه:دقیق کی جمع۔

ادَلّ:(ع) بہت منتیں کرنے والا۔

ادلِه:(ع) دلیل کی جمع۔

ادمان:(ع)کام ہمیشہ کرنا، لگاتار کام کرنا۔

ادمہ:جلد یا کھال سے متعلق۔

ادنا:نزدیک ہونا، آدنا دنّی کی جمع، ادنی، خسیس، بخیل۔

ادنی:(ع) کم تر، پست تر۔

ادوات:(ع) جمع ادات، اوزار، ہتھیار۔

ادوار:(ع) دور کی جمع، عہد، زمانہ، وقت۔

ادویہ:(ع) دوا کی جمع۔

ادویہ فروش:دوائیں بیچنے والا۔

ادہان:(ع) دہن کی جمع۔

ادھان:(ع) خوشامد، چاپلوسی، ضرورت سے زیادہ تعریف کرنے والا۔

ادھم:(ع) سیاہ، سیاہ رنگ کا گھوڑا۔

ادیب:(ع) علم ادب میں دسترس رکھنے والا، اہل قلم۔

ادیبانہ:ادیبوں کے طریقے پر۔

ادیبہ:(ع) ادیب کی مونث۔

ادیم:(ع) کمایا ہوا چمڑا۔

اذابت: اذابۃ:(ع) پگھلانے کا عمل، حل کرنے کا عمل۔

اذاعت:(ع) ظاہر کرنا، فاش کرنا، راز ظاہر کر دینا، آشکار کرنا۔

اذاقت:(ع) کسی چیز کا مزہ چکھنا۔

اذان:(ع) آگاہ کرنا، نماز کی بانگ۔

اذخار:(ع) ذخیرہ کرنا، جمع کرنا۔

اذعان:(ع) اقرار کرنا، اعتراف کرنا، فرمان برداری

اذعان داشتن:مان لینا۔

اذغان کردن:اعتراف کرنا

اذفر(ع) بہت زیادہ خوشبودار۔

اذکار:(ع) یاد دہانی۔

اذکار:(ع) جمع ذکر۔

اذکیا:(ع) ذکی کی جمع، دانا، دانشمند، زیرک۔

اذلّ:(ع) ذلیل ترین۔ ذلیل کی تفضیل کل۔

اذلال:(ع) ذلیل کرنا، خوارکرنا۔

اذلہ:(ع) ذلیل کی جمع۔

اذن:(ع) اجازت، رخصت۔

اُذُن:(ع) کان کی جمع، آذان۔

اذناب:(ع) جمع ذنب، دُمیں۔

اذہان:(ع) ذہن کی جمع۔

اذیال:(ع) ذیل کی جمع۔

اذیّت:(ع) تکلیف، عذاب، آزار، رنج۔

اذیت کردن:تکلیف دینا۔

ار:اگر کا مختصر۔ مثال:

از دست تو شربت شیرین بچشیدم
یک شربت تلخ ار بچشم باک نیاید

میں نے آپ کے دیے ہوئے شیریں مشروب پئیے ہیں اگر ایک تلخ مشروب بھی پی لوں تو مضائقہ نہیں۔

ارابہ:چھکڑا، گاڑی۔

اراجیف:ارجاف کی جمع، افواہیں، غلط اطلاعیں۔

ارادت:(ع) عقیدت، دوستانہ تعلق، وفاداری، خلوص۔

با ارادت:عقیدت کے ساتھ۔

ارادتمند:مخلص، عقیدت مند، وفادار۔

ارادہ:قصد۔

اَرادہ:پہیہ۔

ارادی:ارادے کی رو سے۔

اراذل:(ع) ارذل کی جمع، ذلیل، کمینے، اوباش۔

اراضی:(ع) جمع ارض، زمینیں۔

اراضیِ بائیر:بنجر زمینیں۔

اراضیِ خالصہ:حکومت کی زمینیں۔

اراضیِ مُستحدثہ: وہ زمینیں جو دریا کے پانی کے بہ جانے کے بعد خشک ہو جاتی ہیں۔

اراقہ: (ع) خون نکلنا، پانی یا کسی اور مائع چیز کا بہنا۔

اراملِ: (ع) ارمل کی جمع، بیوہ عورتیں، بیکس اور بینوا لوگ۔

ارامنہ: ارمنی، آرمینیہ کے باشندے۔

ارامونی: آر مینیہ کے رہنے والے۔

ارائہ: دکھانا، پیش کرنا۔

ارائہ: طریق، راستہ دکھانا۔

اَرَب: (ع) حاجت، مقصود، غرض و غایت۔

ارباب: (ع) رب کی جمع، آقایان، صاحبان، مثال:

چو ارباب غرض لب راکشایند
نکوی را بزشتی می نمایند

غرض مند لوگ بات کرتے ہیں تو اس طرح کہ نیکی بدی کی صورت میں نظر آتی ہے۔

اربابِ بصیرت: عقل مند، ہنر مند۔

اربابِ سخن: سخنران، شعرا۔

ارباب فضل: دانشمند لوگ۔

ارباب قلم: مصنفین، اہل قلم۔

اربابی: کسی مالک سے متعلق۔

سہم اربابی: مالک کا حصہ

ارباح: (ع) رُبح کی جمع، سود۔

اربعہ: (ع) چار۔

اربعین: (ع) چالیس۔

اربو: امرود۔

اربودار: امرود کا درخت۔

اربیان: سمندری ٹڈیاں۔

اَرتا: ملک، زمین۔

اِرتِباط: (ع) تعلق، وابستگی، میل جول، ربطہ و تعلق۔

ارتباط دادن: میل جول پیدا کرنا، ربط و تعلق قائم کرنا۔

اِرتِجاء: (ع) امید رکھنا، امید وار ہونا۔

اِرتِجاع: (ع) اپنے حال پر واپس آ جانا، رجوع کرنا، رد عمل، رجعت پسندی، قدامت پسند ہونا، قدیمی حالات کی طرف مائل ہونا۔

ارتجاعی: (ع) قدامت پسند جو تبدیلی اوضاع کو پسند نہ کرے۔

اِرتِجال: (ع) بغیر غور کیے شعر کہنا، فی البدیہہ شعر کہنا۔

ارتجالاً: (ع) فی البدیہہ، فوراً بغیر غور کیے کہنا۔

ارتَجَک: بجلی، رعد وبرق۔

اِرتِحال: (ع) رحلت کرنا، کوچ کرنا، فوت ہو جانا۔

اِرتِداد: (ع) مرتد ہو جانا، دین سے منحرف ہونا۔ گمراہ ہو جانا۔

اِرتِداع: (ع) لوٹنا، واپس آنا، کام سے رک جانا۔

اِرتِزاق: (ع) (رزق سے) روزی حاصل کرنا، اپنی کمائی سے گزر بسر کرنا۔

اِرتِسام: (ع) رسم و آداب بجا لانا، حکم بجا لانا، امتیازی نشان پانا۔

ارتش: فوج، لشکر، قشون۔

اِرتِشا: (ع) رشوت۔

ارتشا کردن: رشوت لینا۔

ارتشاً: رشوت کے طور سے

ارتشاف: پینا، گھونٹ گھونٹ پینا۔

اِرتشاران: فوج کا سالار۔

اِرتِضا: خوش ہونا، پسند کرنا۔

اِرتِضاع: (ع) دودھ پینا، بچے کا ماں کا دودھ پینا۔

ارتضاع کردن: بچے کو دودھ دینا۔

اِرتِعاش: (ع) کانپنا، کپکپی ہونا۔

اِرتِفاع: (ع) (۱) بلندی، (۲) حاصل زراعت۔

اِرتِفاع کردن: بلندی معلوم کرنا۔

اِرتِفاعاً: (ع) بلندی کے طور سے۔

ارتفاع سنج: بلندی ناپنے والا۔

اِرتِفاق: (ع) (۱) دوستی کرنا، رفیق ہونا، خدمت کرنا (۲) کھنی کے بل لیٹنا۔

اِرتِقا: (ع) ترقی، ترقی حاصل کرنا، اوج، صعود۔

اِرتِقاب: (ع) نگھداشت، نگرانی، دیکھ بھال۔

اِرتکاب: (ع) انجام دینا، عمل کرنا، مرتکب ہونا۔

اِرتِکاب کردن: مرتکب ہونا، کسی کام کے کرنے کا ذمے دار ہونا۔

اِرتِکاذ: (ع) ذہن میں محفوظ رکھنا، قائم رکھنا، مرکوز کرنا ثبات و برقراری۔

اِرتِماس: (ع) پانی میں غوطہ لگانا۔

اِرتِہان: (ع) رہن کرنا، گروی کرنا، کچھ چیز حاصل کرنے کے لیے یا قرض لینے کےلیے قرض کی ادائیگی تک اپنا مال کسی کے سپرد کرنا۔

اِرتِیاب: (ع) شک کرنا، کسی پر بدگمانی کرنا، تہمت لگانا۔

اِرتیاباً: شک کی نظر سے۔

اِرتیاح: (ع) آرام ہونا، راحت پانا، خوش ہونا۔

اِرتِیشدار: فوج کا سپاہی، سوار فوجی۔

اِرث: (ع) وراثت، ترکہ۔

ارث بردن: وراثت ملنا۔

اِرثاً: (ع) وراثت کے طور سے۔

ارج: قیمت، قدر و قیمت۔

ارّج: کہنی سے لے کر انگلی کے سرے تک کا فاصلہ

اِرجاع: (ع) رجوع کرنا، واپس آنا، لوٹنا، پھر کسی کے سپرد کام کرنا۔

اِرجاف: (ع) غلط افواہ پر غور خوض کرنا، جھوٹی خبر جو لوگوں میں اضطراب پیدا کردے۔

اَرجَح: (ع) بہتر، خوبتر، برتر، مستحسن۔

ارجُل: (ع) بزرگ شخص۔

ارجمند: ذی مرتبہ، اقبال مند، عزیز و گرامی۔

دوست ارجمند: عزیز دوست۔

ارجمندی: سعادت مندی، اقبال مندی۔

ارجن: ارزن، باجرا۔

ارجوان: (ع) ارغوان، گلابی رنگ۔

ارجنگ: ارژنگ، مانی کی مصوری کی کتاب جو اس نے معجزے کے طور پر پیش کی۔

اُر جُوزہ: بحر رجز میں کہا ہوا قصیدہ، میدان جنگ میں خود ستائی۔

ارچہ: اگرچہ- مثال،

تکیہ چو بر منعم خود کردہ ایم
غم نخوریم ار چہ کہ بد کردہ ایم

گو کہ ہم گنہگار ہیں لیکن ہمیں کوئی پریشانی نہیں کیونکہ ہم نے نعمتیں عطا کرنے والے پر بھروسا کیا ہے۔

اَرحام: (ع) نزدیکی رشتے دار، جمع رَحِم۔

اَرحم: (ع) رحم کی تفضیل کل۔

أرحم الراحمین: انتہائی رحم کرنے والا، باری تعالی۔

اِرخا: (ع) نرم کرنا، ڈھیلا کرنا۔

ارد: (۱) غصہ، غضب (۲) تونگری، توانائی۔

اِرد: شمسی سال کے ہر مہینے کا پچیسواں دن۔

أرداد: فریبی، مکار، حیلہ گر

اردپ: جنگ و جدال۔

اردج: ایک قسم کا سدابہار صنوبری پودا جس کا تیل دوا کا کام دیتا ہے۔

اردشیر: ایران کے ایک قدیمی بادشاہ کا نام، لغوی معنی غضب ناک شیر۔

اردک: (ت) بطخ۔

اردَم: زرتشتوں کی کتاب زند کا ہر باب، نیز بمعنی پیشہ و ہنر، اچھا کام۔

أردن: دریاے اردن

أردن: ایک عرب ملک کا نام۔

اردنگ: پاؤں کی ٹھوکر مارنا،

أردو: (۱) لشکر، کیمپ (۲) پاکستان کي قومی زبان۔

اردو بازار: فوجی کنٹین۔

اردو زدن: فوجی کیمپ لگانا۔

اردو گاہ: فوجی کیمپ۔

اردہ: تل۔

أردی بہشت: ایران کے شمسی سال کا دوسرا مہینہ، اس کے ۳۱ دن ہوتے ہیں۔

اِرذال: (ع) پست تر لوگ، ذلیل لوگ، فرومایگان۔

ارز: قیمت، بہا، مبادلہ زر۔

ارز: (۱) ارزیدن سے فعل امر، قیمت لے لو۔ (۲) صنوبر کی قسم کا درخت۔

أرُز: (ع) چاول، برنج۔

ارزاق: (ع) رزق کی جمع، روزی۔

ارزان: سستا۔

ارزان کردن: سستا کر دینا۔

ارزانی: سستا ہونا۔

ارزانی داشتن: منظور کرنا بخشنا، عطا کرنا۔

ارزانی فرمودن: بخش دینا۔

خداوند طفلی باو ارزانی فرمود: اللہ تعالی نے اسے بیٹا عطا کیا۔

ارزانی کردن: دے دینا۔

ارزِش: قیمت، اہمیّت۔

چندان ارزش ندارد: (اس کی) کوئی اہمیت نہیں۔

ارزن: باجرا

ارزَندہ: جس کی اہمیت ہو۔

ارزندگی: قدر و قیمت، اہمیّت۔

ارزنی: با جرے کا بنا ہوا (نان)

ارزنین: باجرے کی روٹی۔

ارزَہ: گچ، کاہگل۔

ارزہ گیر: عمارتوں میں گچ سے کام کرنیوالا۔

ارزیاب: تشخیص کرنے والا، قیمت معلوم کرنے والا۔

ارزیابی: تشخیص، قیمت معلوم کرنا۔

ارزیدن: قیمت پانا۔

این فرہنگ چند می ارزد؟: اس لغات کی کیا قیمت ہے؟

ارزِیز: سکہ، سرب، قلعی۔

ارژن: بادام کو ہی کا درخت جس کا پھل تلخ ہوتا ہے۔

ارژنگ: مانی کی بنی ہوئی تصویروں کا مجموعہ جو اس نے پیغمبر ہونے کے ثبوت میں بطور معجزہ پیش کیا تھا۔

ارس: آنسو۔

اُرس: روس، روسی

ارساء: مضبوط کرنا، مستحکم کرنا۔

ارساء لنگر: جہاں جہاز۔ لنگر ڈالتے ہیں۔

ارساغ: کلائی، ساعد، نیز نخنہ۔

ارسال: (ع) بھیجنا۔

ارسال داشتن: بھیجنا۔

ارسالی: جو چیز بھیجنی ہو۔

ارسانیفُون: زر نیخ زرد، ایک قسم کی زہریلی چیز

ارسطاطالیس: حکیم ارسطو۔

ارسطو: حکیم ارسطو، سکندر اعظم کے نامور وزیر کا نام۔

ارسَلان: (ت) شیر، مجازاً شُجاع، دلیر۔

ارسَن: مجلس، انجمن، بزم، محفل۔

ارسَنگ: ارژنگ مانی، مانی کی مصوّری کا مجموعہ۔

ارسی: (۱) جوتا (۲) کھڑکی جس کا دروازہ احاطے میں کھلتا ہو۔

ارش: (ع) تاوان قصاص۔

ارشاء: (ع) رشوت دینا۔

ارشاد: (ع) رہنمائی کرنا، رہبری کرنا۔

ارشاد عوام: عوام کی رہبری کرنا۔

ارشد: (ع) رشید کی تفضیل کل، بہت ہدایت یافتہ، بہت فیض یافتہ، بلند منصب والا۔

صاحبِ منصب ارشد: منصب میں بلند تر۔

پسر ارشد: بڑا بیٹا۔

ارشدیت: بزرگی بڑائی۔

حق ارشدیت: پیدائشی اہم حق۔

ارَشک: رشک، غیرت۔

ارَشکِین: رشک و حسد کرنے والا۔

ارشیا: تخت۔

ارشمیدش: مشہور یونانی ریاضی دان۔

ارصاد: (ع) نگاہ رکھنا، کسی چیز پر نظر رکھنا، ہیت دانی

ارض: (ع) زمین، خاک، وطن، مرز بوم۔

ارض روم: رومیوں کا ملک۔

ارضا: (ع) راضی کرنا۔

ارضاع: (ع) ماں کا بچے کو دودھ دینا۔

ارطِمیسا: ایک قسم کی تلخ جڑی بوٹی جو دوا کے طور سے استعمال ہوتی ہے۔

ارطی: بید کا درخت۔

ارعا: (ع) جانوروں کو گھاس چرانا، مہربانی کرنا، رعایت کرنا۔

ارعاف: (ع) دبا کر خون نکالنا۔

ارغا: ارغاب، چھوٹا نالہ، ندی

اَرغاب: (ع) راغب کرنا، رغبت دلانا۔

ارغَدَہ: خشمناک۔

ارغُشنَگ: جَست و خیز، رقص، وہ آواز جو رقص کے وقت سنائی دیتی ہے۔

ارغن: ارغنوں، موسیقی کا ساز

ارغندہ: خشمگین، غصے میں بھرا ہوا۔

ارغُنُون: ایک خاص ساز موسیقی کا نام۔

ارغنون زن: ارغنون ساز بجانے والا۔

ارغوان: ایک درخت جس کی کونپلوں سے سرخ پھول نکلتے ہیں:

ارغوان تن: سیارہ مریخ۔

ارغواني: گلابی رنگ کا۔

ارغه: (۱) زیرک (۲) رند، مکار۔

ارغیدن: لڑائی کرنا، غصے میں آنا، جھگڑا کرنا، فتنہ پیدا کرنا۔

ارغیده: جو غصے میں ہو۔

اَرفاق: (ع) نرمی، ملائمت، امداد، رفق و مدارا۔

اِرفاق کردن: نرمی کرنا۔

اِرفاقاً: (ع) نرمی سے، امداد کے طور پر۔

اِرفاقی: مدد یا نرمی کے طور پر۔

اِرفاه: (ع) آسودگی سے زندگی بسر کرنا، تن آسانی

اِرفع: (ع) بلند، بلند تر یا بلند ترین۔ رفیع کی تفضیل کل۔

ارْقام: (ع) رقم کی جمع۔

ارقَم: (ع) سیاہ رنگ کا سانپ جس پر سفید نشان ہوں۔

ارکان: (ع) رکن کی جمع، ستون بصورت جمع، ممبران۔

ارکان دولت: حکومت کے معزز رکن۔

ارگ: (۱) چھوٹا قلعہ، حصار، گڑھی، جاے پناہ (۲) ایک قسم کا ساز

اِرَم: (ع) ارضی جنت۔

ارمال: ایک درخت کی زرد رنگ کی چھال هے۔

ارمان: آرزو، حسرت و رنج، افسوس ہونا۔

ارمِجی: شریر لڑکا، چنچل لڑکا۔

ارمُزد: سیارہ مشتری، ہر شمسی مہینے کے پہلے دن کو بھی ارمزد کہتے ہیں۔

ارمُغان: تحفہ، سوغات۔

ارمَک: خاکستری رنگ کا سوتی کپڑا۔

اَرمَل: (۱) جس کی بیوی فوت ہو چکی ہو۔ (۲) مسکین، بیچارہ، محتاج (ارامل جمع)۔

ارمَله: ارمل کی تانیث، بیوہ (ارامل جمع)۔

ارمن: **ارمِنستان:** ملک آر مینیہ۔

ارمند: جس نے آرام پالیا ہو۔

ارمنی: ملک آرمینیہ کا باشندہ۔

ارمُون: اجرت جو مزدور کے کام کرنے سے پہلے اسے دی جائے۔

ارنَب: (ع) خرگوش۔

ارنَبتَین: ناک کے نتھنے۔

ارن بیِژ: ایک قسم کا درخت جو ایشیا کے گرم علاقوں میں پایا جاتا ہے۔

ارَندان: انکار، حاشاً، کلمہ انکار۔

ارواح: (ع) روح کی جمع۔

ارواحِنا فداه: ہماری روحیں اس پر نثار، کلمہ دعا

اروپا: یورپ۔

ارُوس: ساز و سامان۔

اروَند: (۱) الوند، ہمدان کے قریب کا پہاڑ (۲) جاہ و جلال، شان و شکوہ۔

اروَند: تجربہ، آزمائش۔

اروِین: تجربہ، آزمائش، امتحان، امتحان

ارّه: آرا۔

اره زبان: مفتری، افترا پرداز، بدگو، بہتان لگانے والا، غیبت کرنے والا۔

اره کش خانه: جہاں آراکشی کا کارخانہ ہو۔

اره کشی: آرا چلانا۔

اره کشیدن: آرا چلانا۔

اره ماہی: ایک قسم کی مچھلی، شارک۔

ارياح: ریح، دم، نفس، ہوا، خوشبو، نسیم۔

اریب: (ع) عاقل ہنر مند، دانا۔

اُریب: ٹیڑھا، خمیدہ، کج۔

اریش: زیرک، دانا، ہوشیار۔

اریکہ: تخت بادشاہی، سریر، ارائک جمع

از: سے۔

از آب درآمدن: درست ہونا

این کو دک خوب از آب درآمد: اس بچے کی خوب پرورش ہوئی ہے۔

از آنجاکہ: چونکہ۔

از برکردن: زبانی یاد کرنا۔

از بوتہ امتحان خوب یا بد درآمدن: امتحان ہونا، آزمایش ہونا کہ اچھا نتیجہ ہو یا بُرا۔

از بہر چہ: کس وجہ سے۔

از پا در آمدن: خستہ ہو جانا، گر پڑنا، بیحال ہو جانا

از پردہ بیرون شدن: فاش ہو جانا۔ بے نقاب ہو جانا۔

از پوست بیرون آمدن: اپنا آپ ظاہر کرنا۔

ازتہ دل گفتن: دلی رضامندی سے کہنا۔

از جادر رفتن: غصے میں آنا، غضب ناک ہونا۔

از جان سیر شدن: نا امید ہو جانا۔

از جان گذشتن: مر جانا۔

از چاہ درآمدن و بچاہ افتادن: ایک مصیبت سے نجات پا کر دوسری مصیبت میں گرفتار ہونا۔

از چیزی صرفِ نظر کردن: کسی چیز کو نظر انداز کر دینا۔

از خاک بلند کردن: کسی کا رتبہ بلند کرنا:

از خود بیخود شدن: مدہوش ہو جانا، فریفتہ ہو جانا۔

از دست دادن و از پاکشیدن: ظاہر میں مدد کرنا لیکن باطن میں مخالفت کرنا، اپنا جھوٹا تعارف کرانا۔

از دست رفتن: گم ہو جانا۔

از دور دست بر آتش داشتن: بے خبر ہونا، حقیقت سے آگاہ نہ ہونا۔

از راہ بدر بردن: فریب دینا، راہ راست سے بھٹکا دینا۔

از راہ رفتن: بھٹک جانا۔

از رُو رفتن: شرمندہ ہونا۔

از زبان اُفتادن: خاموش ہو جانا، مر جانا۔

از سر بدر کردن: بھلا دینا۔

از سر زبانہا افتادن: فراموش ہو جانا۔

از سر واکردن: کسی کو فریب دینا، جھوٹی امید دلا دینا۔

از عُہدہ برآمدن: ذمے داری انجام دینا، اپنا فرض ادا کرنا۔

از کار افتادن: نا تواں ہو جانا۔

از کسی بُریدن: جدا ہو جانا، میل جول ختم کر دینا۔

از کف دادن: مفت میں کچھ دے دینا۔

از کف رفتن: ہاتھ سے کوئی چیز چلی جانا، کھو جانا۔

از ماست کہ بر ماست: جو کچھ ہوا ہم خود اس کے ذمے دار ہیں۔

ازمیان بر داشتن: نا بود کر دینا، پوشیدہ طور سے ہلاک کر دینا، چھپا دینا۔

از نفس افتادن: خستہ ہو جانا۔

از ہم در رفتن: ناتواں ہو جانا، خستہ حال ہو جانا۔

از ہم گذشتن: بھول جانا، ایک دوسرے کو معاف

کر دینا۔

از ہم گسستن و گسیختن: دوستی دشمنی میں بدل جانا۔

ازاء: بجائے، عوض، مقابل، برابر، عوض میں۔

درازاء: بدلے میں، عوض میں، روبرو۔

ازار، ازارہ: (۱) دیوار کی کرسی، ستون کی مربع کرسی یا چوکی۔ (۲) پوشاک، زیر جامہ، شلوار۔

ازالت، اِزالہ: (ع) مٹا دینا، دور کرنا، پاک صاف کر دینا۔

ازبر: زبانی یاد ہونا۔

ازبس: زیادہ سے زیادہ۔

اِژدحام: (ع) ہجوم، انبوہ، بھیڑ۔

اِزدحام کردن: ہجوم ہو جانا۔

ازدَر: مناسب، لائق، سزاوار، شایستہ۔

اُز دُو: بادام کے درخت کی گوند۔

اِز دِواج: (ع) شادی بیاہ۔

از دواج: (ع) علم بدیع کی اصطلاح میں شاعر ایک شعر میں دو ایسے الفاظ لاتا ہے جن کا تلفظ ایک ہی ہوتا ہے لیکن معنی مختلف ہوتے ہیں۔

اِزدواجی: بیاہ شادی سے متعلق۔

اِزدِیاد: (ع) بڑھنا، زیادہ ہونا، اضافہ۔

ازرق: (ع) نیلا، جس کی آنکھیں نیلی ہوں۔

اِز عاج: (ع) پریشان کرنا، بے آرام کرنا، جڑ سے اکھاڑنا

ازغ: درخت کی شاخیں جو کٹی ہوں۔

ازغَج: عشق پیچاں۔

ازکیا: (ع) زکی کی جمع، نیک، پاکباز۔

از گات: بدکار، بر کردار۔

ازگِیل: ایک خاردار درخت جس کے پھول سفید اور پھل چھوٹے چھوٹے زرد رنگ کے ہوتے ہیں

ازَل: (ع) وہ زمانہ جسی کی کوئی ابتدا یا انتہا نہیں، ہمیشگی۔

اِزلال: (ع) کسی کو گمراہ کرنا، کسی کو گناہ پر اکسانا۔

ازَلی: (ع) زمانے کی ابتدا سے۔

ازلیّت: شروع سے۔

ازمان: (ع) زمانہ کی جمع، اوقات۔

ازمِنہ: (ع) زمان کی جمع، زمانے۔

ازمنہ قدیم: قدیم زمانے۔

اَزِمّہ: (ع) مہاریں، لگامیں۔

اِزمیر: سمرنا، سمرنا کا باشندہ۔

ازواج: (ع) زوج کی جمع، بیویاں، شادی شدہ جوڑے۔

ازہار: (ع) زہر کی جمع، پھول، شگوفے۔

ازہاق: منسوخ کرنا، رد کرنا، نیست و نابود کرنا۔

ازہَد: (ع) بڑا زاہد، بہت پار سا شخص۔

ازہر: (ع) بہت زیادہ روشن۔

از ہران: چاند سورج

ازیَب: (ع) جنوب مشرقی ہوا۔

اژدر: (۱) بڑا سانپ (۲) تارپیڈو، جنگی آلہ جس سے جہاز غرق کرتے ہیں۔

اژدر افگن: جہاز جس سے میزائل دشمن پر پھینکا جاتا ہے۔

اژدھا: افعی، بڑا سانپ۔

اژکہان: (۱) کاہل، سست، بیکار (۲) بہت بڑا پتھر

اژیَر: ذہین، لائق، فرزانہ۔

اژیر: ذہین، عاقل۔

اُس: (ع) بنیاد، اساس، اصول، ہر چیز کی اصل (اساس جمع)۔

اِسار: (ع) پکڑنا، اسیر کرنا۔

اسابیع: (ع) اسبوع کی جمع، ہفتے۔

اساتِید: (ع) استاد کی جمع۔

اِسارت:(ع) گرفتاری، اسیری۔

اَساس:(ع) بنیاد، اصول۔ مثال:

ساقی دم عیش است بنازی بہ تغافل
بر آب اساس است جہان گذران را

اے ساقی تجھے عیش و عشرت کی گھڑی میسّر ہے تو اسے ضائع کرکے اپنی غفلت پر ناز کرتا ہے لیکن یہ یاد رکھ کہ اس فانی دنیا کی بنیاد پانی پر ہے جو ہر چیز کو بہائے لیے جا رہا ہے:

اساساً:بنیادی طور سے۔

اساس نامہ:ضابطہ قوانین، دستور اساسی۔

اساسی:بنیادی، لازمی۔

اساطِیر:(ع) اسطورہ کی جمع، روایات، فرضی قصے۔

اساطیر الاوّلین:یاد رفتگان، قدیم الایام کے لوگوں کی یادیں، قصے کہانیاں۔

اساطِین:(ع) اسطوانہ کی جمع، ستون۔

اسافِل:(ع) اسفل کی جمع، ادنی، پست، ادنیٰ درجے کا

اسالِیب:(ع) اسلوب کی جمع، طور طریقے۔

اسامی:(ع) جمع اسم

اسانسور:برقی سیڑھی۔

اسائہ:(ع) برا سلوک کرنا، ستانا۔

اسائہ ادب:بے ادبی، بے احترامی، غیر مہذبانہ سلوک۔

اسب:اسپ، گھوڑا۔

اسب آبی:دریائی گھوڑا۔

اسب تازی:عربی گھوڑا۔

اسب چوبی:لکڑی کا گھوڑا۔

یک راس اسب:ایک عدد گھوڑا۔

(راس بصورت عدد گھوڑے کےلیے آتا ہے)۔

اسباب:(ع) سبب کی جمع۔

حرف شما اسباب رنجش او شد:تمہاری بات اسے رنج پہنچانے کا موجب ہوئی۔

اسباب چائے:چائے تیار کرنے کا ضروری سامان۔

اسباب چینی:منصوبہ بنانا۔

اسباب چینی کردن:منصوبہ بنانا۔ نقشہ بنانا، ساز باز کرنا۔

اسبابِ کار:(۱) کام کے اسباب۔ (۲) اوزار، ہتھیار۔

اسباب کشی:گھر سے کسی نئے گھر میں منتقل ہونا۔

اسباط:(ع) سبط کی جمع، اسرائیل کے بارہ قبیلے۔

اسب افگن:دلیر، شجاع، بہادر

اسب انگیز:لوہے کی مہمیز جو جوتے کے ساتھ باندھی جاتی ہے، اس کے دباؤ سے گھوڑا تیز رفتار ہو جاتا ہے۔

اسب دوانی:گھوڑ دوڑ۔

اسبَق:(ع) (سابق کی تفضیل کل) بہت پہلے کا قدیمی۔

اسبُوع:(ع) ہفتہ، اسابیع جمع۔

اسپ:اسب، گھوڑا۔

اِسپاس:سپاس، شکریہ۔

اسپانیہ:ہسپانیہ ملک۔

اِسپغُول:پرندوں کی بیٹھیں۔

اسپرا نتو:ایک مصنوعی جگت بولی۔

اِسپُرز:تلی۔

اُسپَرز:اسپرس، گھوڑ دوڑ کا میدان

اِسپرِس:فرانسیسی گھاس۔

اِسپرغم:پھول، سبزہ، ریحان، معطر گھاس

اِسپَرک:زرد رنگ کی گھاس جس سے بعض چیزوں کو رنگ دیا جاتا ہے۔

اِسپری:آخر تک پہنچنا، انجام پذیر ہونا۔

اِسپریس:(انگ) گھوڑ دوڑ، گھوڑ دوڑ کا میدان۔

اِسپناخ، اسفناخ:ایک سبزی جسے پکا کر کھاتے ہیں، اور جس سے یخنی یا شوربا بھی تیار کرتے ہیں، پالک

وغیرہ۔
اِسپند: ایک پودے کے بیج جو آنکھ کی تکلیف دور کرنے کے لیے آگ میں جلاتے ہیں
اِسپندار: سفیدے کا درخت،
اِسپندان: رائی، خردل۔
اِسپید: سفید۔
اِسپہبُد: سپہ سالار۔
اِسپیل: گھوڑوں کا چور۔
است: فعل ناقص، ہے۔
است: (ع) اصل، بنیاد، اساس۔
اُستا: استاد کا مخفف۔
اُستاخ: گستاخ۔
اُستاد: معلم، تعلیم دینے والا، پروفیسر۔
استاد بودن: ماہر ہونا، چالاک ہونا۔
استادن: کھڑا ہونا۔
اُستادی: ہوشیاری، چالاکی۔
اُستاذ: استاد
اَستار: (ع) ستر کی جمع، پردے۔
اِستام: گھوڑے کی لگام اور زین وغیرہ۔
اُستان: (۱) کھڑے ہونے کی جگہ، محل اقامت، (۲) صوبہ
استاندار: صوبے کا حاکم اعلی، گورنر۔
استانبول: استنبول، ترکی کا مشہور شہر جس کا قدیمی نام قسطنطنیہ تھا۔
استانیدن: کھڑا کرنا۔
اِستبداد: (ع) خودرای، خودسری
اِستبدادی: ظالمانہ، آمرانہ، جابرانہ۔
استبدادی حکومت: آمرانہ حکومت
ستبدال: (ع) تبدیل کرنا، کسی چیز کا عوض لینا۔
اِستبر: موٹا۔

اِستبراء: پاک صاف کرنا۔
اِستَبرق: (ع) سلک، دیبا، مخمل۔
استبرگ: استبرق۔
اِستبشار: (ع) بشارت ملنا، خوش خبری ملنا۔
اِستبصار: (ع) بڑی توجہ کے ساتھ جائزہ لینا۔
اِستعجال: (ع) عجلت سے، جلدی۔
اِستبعاد: (ع) نا ممکن سمجھنا۔
اِستبقا: (ع) (بقا سے) قائم رہنا۔
اِستتار: (ع) چھپانا، پوشیدہ کرنا، مخفی رکھنا۔
اِستثمار: (ع) فائدہ اٹھانا، کام نکالنا۔
اِستثناء: (ع) سوا، ما سوا، مستثنیٰ کرنا۔
قانون اِستثنا ندارد: قانون سے کوئی مستثنیٰ نہیں۔
اِستثنائی: غیر معمولی، خصوصی۔
اِستجابت: (ع) قبول کرنا، جواب قبول کرنا۔
اِستجارہ: (ع) کرائے پر دینا۔
اِستجازہ: (ع) اجازت چاہنا، رخصت مانگنا،
استجازہ کردن: اجازت مانگنا۔
اِستجہال: (ع) جاہل سمجھنا۔
اِستحاضہ: (ع) مستورات کے ایام حیض میں خون نکلنا۔
اِستحالہ: (ع) حالت بدلنا، تبدیلی آنا، محال ہونا۔
اِستحداث: (ع) کوئی نئی چیز بنانا جو اس سے پہلے وجود میں نہ آئی ہو۔
استحسان: (ع) تعریف و توصیف کرنا، تحسین۔
اِستحصال: (ع) حاصل کرنا۔
اِستحصان: (ع) پناہ لینا (کسی قلعے میں)۔
اِستحضار: (ع) اطلاع، حاضر ہونے کا نوٹس
اِستحفاظ: (ع) محافظت، نگہداری۔
اِستحقار: (ع) حقارت، نفرت، حقیر سمجھنا۔

اِستِحقاق:(ع) حق، مستحق ہونا۔
استحقاق داشتن:حق حاصل ہونا۔
اِستِحکام:(ع) پختگی، مضبوطی، محکم۔
استحکامات:استحکام کی جمع۔
اِستِحلاف:(ع) (حلف سے) حلف لینے کےلیے کہنا
اِستِحلال:(ع) شرعی یا قانونی طور پر جائز سمجھنا۔
اِستِحمام:(ع) حمام میں غسل کرنا۔
اِستِحیا:(ع) شرم آنا، شرمندگی کا احساس۔
اِستِخارہ:(ع) طلب خیر کرنا، اشارہ غیبی چاہنا۔
بعزم توبہ سحر گفتم استخارہ کنم
بہار توبہ شکن می رسد چہ چارہ کنم
صبح کے وقت میں نے چاہا تھا کہ اشارہ غیبی پاکر توبہ کا ارادہ کرونگا لیکن توبہ شکن بہار آپہنچی ہے تو اب کیا چارہ کروں۔
اِستِخبار:(ع) خبر حاصل کرنے کےلیے کہنا، کسی سے خبر پوچھنا۔
اِستِخدام:(ع) خدمت، کام پر لگانا۔
استخدام کردن:ملازم رکھنا۔
قانون استخدام کِشوَری:سول سروس لا۔
اِستَخر:ندی، تالاب۔
اِستِخراج:(ع) خارج کرنا، باہر نکالنا۔
استخراج آرا:ووٹ نکال کر گنتی کرنا۔
اِستِخفاف:(ع) توہین، حقارت، سبکی، خفیف کرنا
اِستِخلاص:(ع) خلاصی پانا، رہائی ملنا، آزادی ملنا
استخلاص کردن:رہائی دینا۔
اِستِخلاف:(ع) جانشینی کےلیے تقرری یا نامزدگی
اُستُخوان:ہڈی۔
استخوان بند:چفتی جو ٹوٹی ہوئی ہڈی کے اوپر باندھی جاتی ہے۔

استخوان در گلو داشتن:تکلیف میں مبتلا ہونا۔
اِستِدارہ:(ع) دائرے کی شکل کا ہونا۔
اِستِدامہ:(ع) مسلسل، مستقل ہونا، دوام چاہنا۔
اِستِدانہ:(ع) قرض مانگنا۔
اِستِدبار:(ع) انجام پر نظر رکھنا۔
اِستِدراج:(ع) درجہ بدرجہ کام ہونا
اِستِدراک:(ع) سوچنا سمجھنا، ادراک، شعور
اِستِدعا:(ع) عرض، گزارش، درخواست۔
استدعا کردن:عرض کرنا۔
اِستِدقاق:(ع) جانچ پڑتال، تجسس، احتساب، دیکھ بھال۔
اِستِدلال:(ع) دلیل پیش کرنا۔
استدلال کردن:دلیل پیش کرنا۔
استدلالی:منطقی، مدلل۔
اِستَدن:لینا، حاصل کرنا۔
اِستر:خچر۔
اِستر:ستارہ۔
اِستِراحت:(ع) راحت، آرام۔
از کار استراحت کنیم:کام کاج سے کچھ آرام پالیں۔
استراحت کردن:آرام کرنا۔
اِسترار:عدس، مسور۔
اِستِراق:(ع) چوری چھپے، چرانا
استراق سمع:چوری چھپے کسی کی بات سننا۔
استراق کردن:چرانا۔
اِستِراک:بعض درختوں اور جھاڑیوں کی گوند جو بہت قیمتی ہوتی ہے۔
استربان:خچر والا۔
اِستِرجاع:(ع) واپس جانا، واپسی کی خواہش کرنا، کسی سے چیز واپس لینا یا مانگنا

اِسترحام:(ع) رحم کی درخواست۔

استر حام کردن:رحم کی درخواست کرنا، رنج اور سختی میں آسائش کی دعا کرنا۔

اِسترخاء:(ع) سستی، تساہل، کمزوری۔

استر خاص:رخصت چاہنا۔

اِسترداد:(ع) (۱) رد کرنا، (۲) واپسی، نجات۔

اُستُردن:ستر دن، تراشنا، صاف اور ہموار کرنا۔

اِسترزاق:(ع) رزق کی تلاش یا جستجو۔

اِستر شاد:(ع) رہنمائی چاہنا، طلب ہدایت کرنا۔

اِسترضا:(ع) رضا مندی چاہنا۔

اُسترلاب، اسطرلاب:ستارہ شناسی کا آلہ جس سے ہئیت دان زمین اور سورج کے سالانہ ارتفاع کا حال معلوم کرتے ہیں۔

استرنج، استرنگ: مردم گیا:ایک خواب آور اور قے آور زہر دار پودا۔

استروَن:بانجھ عورت، وہ عورت جس کے بچہ پیدا نہ ہو سکے۔

استرہ:ڈاڑھی مونڈنے کا آلہ جو حجام استعمال کرتے ہیں۔

استزادت:اضافہ چاہنا، زیادتی کی تمنا کرنا۔

اِستِسعاد:(ع) نیک بختی کی تمنا کرنا، سعادت چاہنا، مدد چاہنا۔

استِسقاء:(ع) سیراب ہونے کی طلب، پانی مانگنا

نماز استسقا:وہ نماز جو بارش کی طلب میں ادا کی جائے۔

استسقائی:استسقا کے متعلق۔

اِستِسلام:(ع) سلامتی چاہنا، تسلیم، اطاعت، فرمان پذیری۔

اِستِسناد:(ع) دستاویز کے ذریعے اپنے آپ کو سچا ثابت کرنا

اِستِشارہ:(ع) مشورہ، غور و خوض، کسی کی رائے لینا

اِستِشفاع:(ع) شفاعت کےلیے گزارش۔

اِستِشمام:(ع) سونگھنا

اِستِشہاد:(ع) شہادت چاہنا۔

استشہاد کردن:شہادت کےلیے بلانا۔

استشہاداً:شہادت کے ذریعے۔

اِستِشہار:(ع) شہرت کی تمنا۔

اِستِصحاب:(ع) کسی کی صحبت چاہنا۔

اِستِصواب:(ع) مشورہ، اجازت، درستی معلوم کرنا، رائے لینا۔

اِستِضعاف:(ع) ضعیف سمجھنا۔

اِستِطاب:(ع) پاکیزگی چاہنا۔

استِطاعت:(ع) قابلیت، اہلیت، صلاحیت، طاقت۔

استِطراد:(ع) دشمن کو فریب دینے کے لیے بھاگ نکلنا۔

اِستِطلاع:(ع) اطلاع حاصل کرنے کی جستجو، تفتیش، آگاہی چاہنا۔

استِظہار:(ع) اظہار، حمایت، مدد چاہنا۔

اِستِعادہ:(ع) چیز کو واپس مانگنا، کسی چیز کو حاصل کرنے کی عادت۔

اِستِعاذہ:(ع) پناہ چاہنا، پناہ حاصل کرنا۔

اِستِعارہ:(ع) کسی سے عاریۃً کوئی چیز لینا، اصطلاح بیان میں حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا علاقہ ہونا، مثلاً کسی شخص کی بہادری کی وجہ سے اسے رستم کہ دینا، رستم استعارہ ہے۔

اِستِعانت:(ع) مدد چاہنا۔

اِستِعباد:(ع) بندگی چاہنا، غلام بنا لینا۔

اِستِعجاب:(ع) حیران ہونا۔

اِستِعجال:(ع) عجلت کرنا، جلدی کرنا، کسی کو جلدی کرنے کے لیے کہنا۔

استعداد:(ع) قابلیت، لیاقت، ذہانت۔

استعدادی:لیاقت سے متعلق۔

استعذار:(ع) دلیل پیش کرکے معذرت چاہنا۔

استعراب:(ع) عربوں کی سی رسوم اختیار کرنا۔

استعصام:(ع) مداخلت کرنا، کسی چیز پر اپنے لیے نظر رکھنا، کسی چیز پر ہاتھ ڈالنا۔

استعطاف:(ع) رحم یا حمایت کی غرض سے التجا کرنا

استعفا:(ع) استعفیٰ، اپنے کام سے علیحدگی چاہنا۔

استعفاف:پاکیزگی، ممنوعات سے پرہیز۔

استعلا:(ع) بلند مرتبہ چاہنا، ترقی کی خواہش رکھنا۔

استعلاج:(ع) علاج کی جستجو۔

استعلام:(ع) اطلاع چاہنا، آگاہی چاہنا، کسی چیز کے متعلق علم حاصل کرنا۔

استعمار:(ع) آباد کرنا، آبادی چاہنا، آبادی کے نام پر کسی علاقے کو اپنے تصرف میں لانا۔

استعمال:(ع) عمل میں لانا۔

استغاثہ:(ع) جدوجہد، درخواست کرنا۔

استغراب:(ع) عجیب و غریب سمجھنا۔

استغراق:(ع) (۱) کام میں منہمک ہونا (۲) پانی میں ڈوبنا۔

استغفار:(ع) معافی مانگنا۔

استغفار کردن:مغفرت کی دعا مانگنا۔

استغفرُاللہ:میں خدا سے مغفرت مانگتا ہوں۔

استغلال:(ع) غلہ طلب کرنا، غلہ لینا

استغنا:(ع) بے نیازی، بیرونی امداد سے پرہیز۔

استغنام:(ع) غنیمت سمجھنا۔

استفادہ:(ع) موقع سے فائدہ اٹھانا، فائدہ چاہنا۔

استفادت:فائدہ چاہنا۔

استفاضہ:(ع) فیض چاہنا۔

استفتا:(ع) قانونی رہنمائی چاہنا، حاکم شرع سے فتویٰ مانگنا۔

استفتا کردن:قانونی مشورہ لینا، فتویٰ مانگنا

استفتاح:(ع) افتتاح، کسی چیز کے آغاز کی تقریب

استفراغ:(ع) قے ہونا۔

استفسار:(ع) پوچھنا، معلوم کرنا۔

مطلب ازواستفسار کردم:اس کے متعلق میں نے اس سے حال معلوم کیا۔

استفہام:(ع) سوال، معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔

استفہاماً:(ع) سوالیہ انداز میں۔

استقالہ:(ع) (۱) بیع کے معاملے کو فسخ کرنے کی خواہش کرنا (۲) استعفی دینا یا کام سے کنارہ گیری اختیار کرنا۔

استقامت:(ع) ثابت قدمی، کام میں جمے رہنا، عزم بالجزم۔

استقباح:(ع) قبیح سمجھنا، برا جاننا۔

استقبال:(ع) خوش آمدید کہنا، خیر مقدم، پذیرائی کرنا۔

استقبال کردن:ملنے کےلیے آگے بڑھنا، خیر مقدم کرنا

استقبالی:مستقبل کے متعلق۔

استقدام:(ع) کسی کی آمد پر خوش آمدید کہنے کے لیے آگے بڑھنا، خیر مقدم کرنا۔

استقراء:(ع) (منطق) ثبوت میں واقعات پیش کرنا، جزئی مثالوں سے نتیجہ اخذ کرنا

استقرار:(ع) بر قرار رہنا، کام میں مشغول رہنا۔

استقراض:(ع) قرض لینا۔

بانک استقراض:بنک جہاں سے قرضہ لیا جائے۔

استقصا:(ع) کوشش، گہری تحقیق، تجسس۔

استقصاص:(ع) قصاص طلب کرنا۔

استقطاب:(ع) لوہے کی سلاخ میں قطبی میلان یا برقی

کیفیت پیدا کرنا۔
استقلال:(ع) آزادی، استحکام، مضبوطی، ثابت قدمی۔
استقلالاً:مستقل طور پر۔
استقلالی:آزادی سے متعلق۔
اِستِکان:چائے کی پیالی۔
اِستِکانت:(ع) عاجزی اختیار کرنا، زاری کرنا۔
اِستِکبار:(ع) غرور و نخوت۔
اِستِکتاب:(ع) کسی سے لکھوانا۔
اِستِکراہ:(ع) اکراہ، کراہت، تامل، ناخوشی، بیزاری۔
اِستِکساب:(ع) کسب کرنا، حاصل کرنا۔
اِستِکشاف:(ع) (کشف سے) معلوم کرنے کی کوشش کرنا
استکشافی:جس کے متعلق کچھ معلوم کرنا ہو۔
اِستِکمال:(ع) کمال حاصل کرنے کی کوشش۔
اِستِلام:(ع) تبرک کےلیے بوسہ دینا یا ہاتھ لگانا۔
اِستِلذاذ:(ع) لذت حاصل کرنا۔
اِستِلزام:(ع) لازم سمجھنا۔
اِستِلقاء:(ع) پیٹھ کے بل سونا، پیٹھ کے بل گرنا۔
اِستَم:ستم، ظلم و ستم۔
اِستِماع:(ع) سننا۔
اِستِمالت:(ع) مائل کرنا، نرم الفاظ سے حوصلہ دلانا۔
استمالت کردن:حوصلہ دلانا۔
اِستِمتاع:(ع) تمتع حاصل کرنا، بہرہ مند ہونا۔
اِستِمداد:(ع) مدد چاہنا۔
استمداد کردن:مدد کی تمنا کرنا۔
اِستِمرار:(ع) تسلسل، دوام، ایک ہی روش پر لگاتار رواں رہنا۔
استمراراً:تسلسل کے ساتھ، لگاتار۔
استمراری:جس میں تسلسل ہو۔

ماضی استمراری:فعل ماضی جس میں تسلسل پایا جائے۔
اِستِمزاج:(ع) کسی کی طبیعت کا حال پوچھنا، مزاج پرسی۔
اِستِمساک:(ع) کسی چیز پر ہاتھ مارنا، کسی چیز کو لے لینا
اِستِملاک:(ع) ملکیت چاہنا، مالک ہو جانا، کسی جگہ کو اپنی ملکیت قرار دینا
اِستِمنا:(ع) منی کا خارج ہونا، مشت زنی، جلق زنی۔
اِستِمہال:(ع) مہلت چاہنا۔
اِستِناد:(ع) سند قراد دینا، دلیل لانا۔
اِستِنباط:(ع) نتیجہ۔
استنباط کردن:نتیجہ اخذ کرنا۔
استنبول:ترکی کا مشہور شہر جس کا قدیمی نام قسطنطنیہ تھا۔
اِستِنبہ:کا بُوس، بھیانک خواب جس سے انسان ڈرنے لگتا ہے کہ اسے کسی نے دبا لیا ہے۔
اِستِنتاج:(ع) نتیجہ اخذ کرنا۔
اِستِنجا:(ع) حاجت روائی کے بعد اپنے آپ کو پاک صاف کرنا۔
اِستِنساب:(ع) نسب نامہ معلوم کرنا۔
اِستِنساخ:(ع) نقل تیار کرنا۔
اِستِنشاق:(ع) ہوا ناک سے اندر لے جانا، سونگھنا
اِستِنصار:(ع) نصرت چاہنا، مدد چاہنا۔
اِستِنطاق:(ع) عدالت میں سوال و جواب کرنا، باز پرسی، کسی کو بولنے پر آمادہ کرنا
اِستِنقاذ:(ع) کسی کو کسی دوسرے سے رہائی دلانا۔
اِستِنکاف:(ع) انکار، ازروے تکبر انکار کرنا۔
اِستِواء:(ع) برابری، یکسانی۔

خط استوا: وہ بڑا دائرہ جو مشرق سے مغرب کی طرف قطبین سے برابر فاصلے پر کھینچ کر کرہ ارض کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے

اُستوار: پکا، مضبوط، قابل اعتماد، وفادار،

استوار داشتن: مضبوطی سے پکڑنا۔

استوار نامہ: مامورین سیاسی کی سند، سرکاری سند۔

استواری: مضبوطی، استحکام، اعتماد، خلوص۔

اُستوان: استوار، محکم، پائیدار

اُستوانہ: اسطوانہ (۱) ستون جو بابل اور شام کے کھنڈرات میں دبے ہوئے ملے ہیں۔ اور ان پر پیکانی خط میں عبارتیں تحریر ہیں (۲) سنگ استوانہ جس سے قدیمی آشوری مہر کا کام لیتے تھے۔ ستون۔

استُودان: زر تشتیوں کا گورستان۔

اُستُور: گھوڑا، خچر۔

اُستون: ستون۔

اُستوہ: تھکا ماندہ، خستہ، افسردہ، واماندہ۔

اُستُوی: ریڑھ کی ہڈی کا ہر جوڑ۔

استہ: لڑائی جھگڑا، نزاع۔

استہ: ہستہ (۱) پھل کی گٹھلی (۲) ہڈی۔

اِستہجان: (ع) کسی کو برا سمجھنا، کسی کو اچھا نہ سمجھنا، عیب نکالنا۔

اِستہدا: (ع) ہدایت چاہنا، رہنمائی چاہنا۔

اِستہزا: (ع) مضحکہ اڑانا، تمسخر کرنا۔

اِستہلاک: (ع) کسی کی ہلاکت چاہنا۔

اِستہلال: (ع) دیکھنے کی جستجو کرنا، ماہِ نو کو دیکھنا، نئے چاند کو دیکھنا۔

اِستہوا: (ع) سرگردان ہونا، حیران ہونا۔

اِستہیدن: لڑنا۔

اِستیجاب: (ع) لازمی قرار دینا، قابل ہونا، مستحق ہونا

اِستیجار: (ع) کرائے پر لینا۔

استیجاری: جو کرائے پر لیا جاتا ہو۔

اِستیحاش: (ع) وحشت ہونا، ڈرنا۔

اِستیذان: (ع) اجازت چاہنا۔

اِستیزہ: ستیزہ، لڑائی۔

اِستیصال: (ع) جز سے اکھاڑنا، تباہ کرنا۔

اِستیضاح: (ع) وضاحت چاہنا۔

استیضاحاً: (ع) وضاحت کے ساتھ۔

اِستیعاب: (ع) محیط ہونا۔ حاوی ہونا۔

اِستیفا: (ع) وعدہ ایفا کرنا، حق کے مطابق پوری رقم حاصل ہونا۔

اِستیقاظ: (ع) بیدار ہونا، ہوشیار ہونا، بیداری۔

اِستیلا: (ع) غلبہ، تفوق، تسلط۔

استیلایافتن: غلبہ پانا۔

استیم: آستین

اِستیناس: (ع) دوستانہ تعلق، بے تکلفی، اُنس پیدا ہونا۔

اِستیناف: (ع) عدالت میں اپیل کرنا۔

استیہیدن: لڑنا۔

آسجاع: (ع) سجع کی جمع، مقفی الفاظ تقریر یا تحریر میں لانا۔

اسحار: (ع) سحر کی جمع، صبحیں۔

اسخیٰ: (ع) سخی کی تفضیل کل، بہت زیادہ سخی، فیاض، اسخیا جمع۔

اسَد: (ع) شیر۔

اسدُاللہ: حضرت علی(رض) کا لقب، مشہور شاعر اسد اللہ خان المتخلص بہ غالب۔

اُسر:(ع) اسیری، قید۔

اُسَراء:(ع) اسیر کی جمع، قیدی۔

اسرَار:(ع) سِر کی جمع، راز، بھید۔

اسراف:(ع) فضول خرچی۔

اِسرافِیل:(ع)ایک فرشتہ جو قیامت کے روز صور پھونکے گا

صور اسرافیل:صور جسے حضرت اسرافیل محشر کے دن پھونکیں گے۔

اسرائیل:(ع)حضرت یعقوب علیہ السلام کا لقب

بنی اسرائیل:حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد، پیرو، یہودی۔

اُسرُب:سرب، سکہ، سیسہ۔

اسرَع:(ع) سریع کی تفضیل کل، بہت جلد، با اسرع اوقات، جہاں تک ممکن ہو جلد ۔

اِسرنِج:شنگرف جیسا۔

اسطار:(ع) سطر کی جمع۔

اسطبل:اصطبل، جہاں گھوڑے رکھے جاتے ہیں۔

اسطرلاب، استرلاب:ایک آلہ جس سے ہیت دان آفتاب اور ستاروں کے ارتفاع سالانہ کا حساب معلوم کرتے ہیں۔

اسطو خودوس:ایک خاص قسم کی خوشبودار گھاس

اسطور، اسطورہ:(ع) قدیمی کہانیاں۔

اسطول:جنگی جہاز۔

اسطیر:دیکھیے اساطیر۔

اسعاد:(ع) با مراد، اقبال مند، کامیاب۔

أسعَار:(ع) سعر کی جمع، قیمتیں، نرخ

اسعار خارجہ:غیر ملکی چیزوں کی قیمتیں۔

اسعاف:(ع) حاجت پوری کرنا، کارکشائی کرنا، مدد کرنا

اسعَد:(ع) سعید کی تفضیل کل، بہت نیک بخت

اسغر:خار پشت، وہ جانور جس کے جسم پر کانٹے ہوتے ہیں۔

اسَف:(ع) افسوس۔

اسَفا:(ع) کتنے افسوس کی بات ہے۔

اسف آور:افسوسناک۔

اسفار:(ع) سَفَر کی جمع، بڑی کتابیں، جلدیں، توراۃ کے اجزا۔

اسفراج:ایک ترکاری۔

اسفرزہ:ایک خاص قسم کی بوٹی جس کے دانے خاکستری رنگ کے ہوتے ہیں اور دواؤں میں استعمال ہوتے ہیں۔

اسفرُود:ایک چھوٹا سیاہ رنگ کا پرندہ جسے سنگ خوارہ بھی کہتے ہیں۔

اسفرود:غوطہ خور۔

اسفَل:(ع) گھٹیا، بہت گھٹیا، پست تر، (اسافل جمع)

اسفناج:(۱) پالک کا ساگ (۲) اسی قسم کی سبزی۔

اسفناک:افسوسناک۔

اسفنج:اسپنج۔

اسفندار:ایرانی شمسی سال کا بارھواں مہینہ۔ یہ مہینہ ۲۹ یا ۳۰ دن کا ہوتا ہے، ہر ماہ کا پانچواں دن۔

اسفندیار: ایران کے قدیمی بادشاہ گشتاسب کا بیٹا جو رستم کے ہاتھوں مارا گیا تھا۔

اسفید:سفید۔

اسفیداب:کاربونیٹ اور ہائڈریٹ کا بنا ہوا ایک سفید مرکب جسے خواتین بطور غازہ استعمال کرتی ہیں۔

اسفیداج:اسفیداب۔

اِسقا:(ع) (۱) پینے کےلیے پانی دینا (۲) حاملہ۔

اسقا کردن:پانی پینے کےلیے دینا، آبپاشی کرنا

اِسقاط:گر جانا۔

اسقاط حمل: حمل کا گر جانا۔

اَسقاط: (ع) سقط کی جمع، بیکار چیزیں۔

اسقام: (ع) سقم کی جمع، بیماریاں۔

اسقر بُوط: (۱) کمینہ، فرومایہ، خسیس، کریہہ منظر، (۲) ایک مرض ہے، جو فساد خون سے پیدا ہوتا ہے۔ اس کی علامت یہ ہے کہ مسوڑے سوج جاتے ہیں اور جسم پر سیاہ داغ پڑ جاتے ہیں اور ہاتھ پاؤں میں درد رہتا ہے۔

اُسقُف: (ع) بشپ، پادری، عیسائیوں کا پیشوا، خطیب۔

اسقنقور: چھوٹی قسم کی چھپکلی۔

اسقُومری: ایک قسم کی بحری مچھلی۔

اِسک: ہرکارہ، ڈاکیا۔

اِسکات: (ع) ساکت کرنا، آرام کرنا، آرام ہونا،

اسکات کردن: خاموش کرنا۔

اِسکار: (ع) مست کرنا، کسی کو مست کر دینا، مستی پیدا کرنا۔

اِسکاف: (ع) کفش دوز، موچی۔

اِسکان: (ع) کسی کو جگہ دینا، گھر میں ٹھہرانا، آرام مہیا کرنا

اِسکرک: ہچکی۔

اِسکلت: انسان کی استخواں بندی، جسم کا ڈھانچہ۔

اِسکِلہ: ایتالیانی سے ماخوذ، گودی، گھاٹ، سمندر کے کنارے جہاز کے ٹھہرنے کی جگہ، جہاز سے اترنے کی جگہ، پلیٹ فارم۔

اِسکِناس: نوٹ (نقدی کا) کرنسی نوٹ۔

اسکناس تقلبی: جعلی نوٹ۔

اِسکنج: بو دار سانس۔

اسکنجہ: شکنجہ۔

اِسکندان: قفل اور چابی۔

اِسکندر: سکندر۔

اِسکِنک: چھینی سے لکڑی پتھر وغیرہ کا کاٹنا۔

اِسکنہ: (۱) پیوند کاری (۲) ورما جس سے بڑھئی لکڑی میں سوراخ کرتے ہیں۔

اسگدار: قاصد، نامہ بر۔

اسَّل: برچھی۔

اسلاب: (ع) سلب کی جمع، جو چیز لے لی گئی ہو، یا جبر سے لی گئی ہو

اسلاف: (ع) سلف کی جمع، آباؤ اجداد۔

اِسلام: (ع) مسلمانوں کا دین۔

اسلامی: دین اسلام سے متعلق۔

اسلامبول: استانبول، استنبول جس کا قدیمی نام قسطنطنیہ تھا۔

اسلامبولی: استنبول کا رہنے والا۔

اسلِحہ: (ع) سلاح کی جمع، ہتھیار، آلات جنگ۔

اسلحہ خانہ: جہاں آلات جنگ رکھے جاتے ہیں۔

اسلحہ دار: جس کی حفاظت میں اسلحہ ہو۔

اسلم: (ع) بہت محفوظ، سالم تر۔

اُسلُوب: (ع) انداز، طریقہ۔

اسلوب دار: خاص انداز رکھنے والا۔

اسلِیقون: شنگرف، سیندور۔ شنگرفی رنگ۔

اسلِیمی: ایک قسم کے نقش و نگار جو پیچیدہ عبارت میں بناتے ہیں۔

اِسم: (ع) نام، اسما جمع، اسامی۔

اسم گذاری: نام رکھنا۔

اسم بامُسَمّٰی: وہ شخص جس میں اپنے نام کی تمام خوبیاں موجود ہوں۔

اَسما: (ع) اسم کی جمع، نام۔

اسما اللّٰہ: اللہ کے نام۔

اسمار: (ع) سمر کی جمع، رات کی گفتگوئیں، رات کی

تفریحات، حکائتیں، افسانے۔

اسماع:(ع) سننا۔

اسمعیل:(ع) حضرت ابراہیم(ع) کے فرزند۔

اسماک:(ع) سمک کی جمع، مچھلیاں۔

اسمَر:(ع) بھورا رنگ، گندمی رنگ، چمپئی رنگ۔

اسمران:گندمی رنگ کے دو۔

اسمَن:(ع) بہت موٹا۔

اسمنونی:پودے جن کے پھول ارغوانی، آسمانی اور بعض دوسرے رنگوں کے ہوتے ہیں۔

اِسمی:مشہور

اسمیه:نام سے متعلق، نامور۔

اسناد:(ع) سند کی جمع، سرٹیفکیٹ، دستاویزات۔

اسناد:(ع)انتساب، نسبت دینا، بات کسی دوسرے سے منسوب کرنا

أسنان:(ع) سن کی جمع، دانت

اِسنان:(ع) سال بسال عمر کا بڑھنا

اسوار:سوار

اسواران:فوجی سواروں کا دستہ

اسواط:(ع) سُوط کی جمع، تازیانے

اسواق:(ع) سوق کی جمع، بازار

اسوَد:(ع) سیاہ

اِسوِداد:لوٹنا، واپس آنا

اِسہال:(ع) دستوں کی بیماری، پیٹ چلنا

اِسہال کردن:دستوں کی بیماری ہونا

اِسہالی:جسے اسہال کی بیماری ہو

أسہام:(ع) سہم کی جمع، حصّے

أسہل:(ع) سہل کی تفضیل کل، بہت زیادہ آسان

أساف:(ع) سیف کی جمع، تلواریں

أسِیر:(ع) قیدی

أسیرانہ:قیدی کی طرح

أسیری:قید و بند، گرفتاری

أش:ضمیر متصل، اسکا

خانه اش:اس کا گھر

اِشارت:(ع) اشارہ

صفت اشارہ:این قلم، آن کتاب: یہ قلم، وہ کتاب

اِشاعَت:(ع) شائع ہونا، طبع ہونا، چھپنا

أشاعِرَہ:(ع)ایک مذہبی فرقہ جو ابوالحسن علی بن اسمعیل اشعری کے پیرو تھے وہ لوگ فلسفہ جبر کے قائل ہیں، یعنی یہ کہ انسان مجبور محض ہے

اشام:شام، حاجت کے مطابق خوراک، قُوت لایموُت

اشباب:شباب کی جمع، جوانیاں

اِشباع:(ع) (۱)پُری، سیری، (۲) نمی، رطوبت

أشبال:(ع) شبل کی جمع، شیر کے بچے

اشباہ:(ع) شِبہ کی جمع، مثل، مانند

أشبل:أشبیل:تخم ماہی جو شکار کرنے کے بعد خوراک کے لیے مچھلی کے پیٹ سے نکالتے ہیں

أشبو:پتھر کا کوئلہ

أشبَہ:(ع) شبیہ تر

اِشپش:أشپشه:شپش، جُون

اِشپُوختن:اشپیختن، چھڑکنا، بکھیرنا

اِشتاب:شتاب، جلدی

أشتاد:ایران کے شمسی سال کے ہر مہینے کا چھبیسواں دن

اِشتالنگ:ٹخنہ، ٹخنہ اور پنڈلی کے بیچ کا حصہ

اِشتِباک:سوراخ سوراخ ہونا، درہم ہو جانا

اِشتِباہ:(ع) غلطی، غلط فہمی

اِشتباہاً:غلطی سے

اشتباہی: غلطی

اشتداد: (ع) شدت، سخت ہونا، مضبوط ہونا

اُشتر: شُتَر، اونٹ

اشتِراء: (ع) خریدنا و بیچنا

اُشترابہ: کپڑا جو اونٹ کے بالوں سے بنایا جاتا ہے

اشتراط: (ع) شرط ہونا، شرط لگانا

اشتِراک: (ع) شرکت کرنا، حصے دار ہونا، حصے داری

اشتراک کردن: مشترک کام کرنا

اشتراکِ مساعی: مشترک کوشش

وجہ اشتراک: حصے داری کی فیس

اشتِراکا: اشتراک کے ساتھ، بالاشتراک

اشتِراکی: کمیونسٹ

اُشتَربان: شتربان

اُشتر دل: بزدل

اشتِعال: (ع) لپٹ، شعلہ، بھڑک اٹھنا، اکسانا

اشتعال کردن: مشتعل کرنا

اشتِغال: (ع) مشغول ہونا

اشتغال ورزیدن: مشغول ہونا

اشتِقاق: (ع) استخراج، استنباط، اخذ

اشتِقاقاً: (ع) استخراجاً

اشتک: قُنداق، بچے کو خوب اچھی طرح لپیٹ دینا

اشتکا: (ع) شاکی ہونا، شکایت کرنا

اشتِکاک: (ع) شک

اَشتُلُم: شدت، تندی، طاقت، دباؤ، ظلم

اشتمال: (ع) شامل ہونا، مشتمل ہونا

اُشتُود: زرتشتوں کے جشن کا ایک دن

اِشتِہاء: (ع) بھوک، خواہش، تمنا

اِشتِہار: (ع) شہرت، ناموری، اعلان

اشتہار یافتن: ناموری حاصل ہونا

اشتہار نامہ: اعلان، اطلاع عام

اِشتِیاق: (ع) شوق، دلی تمنا، خواہش

اشجار: (ع) شجر کی جمع، درخت

اِشجَع: (ع) شجاع، بہت زیادہ دلیر

اشخار: نوشادر

اشخاص: شخص کی جمع، لوگ

اَشد: (ع) شدید کی تفضیل کل، نہایت شدید

اَشَر: (ع) شریر کی تفضیل کل، نہایت شریر

اَشرار: (ع) شریر کی جمع، بُرے لوگ، بد اخلاق لوگ

اَشراف: شریف کی جمع، شریف النسب لوگ، امرا

حکومت اشراف: حکومت خاصہ، طبقہ امرا کی حکومت

اِشراف: (ع) بلند ہونا

اِشرافی: حکومت خاصہ، طبقہ امرا کی حکومت

اِشرافیت: حکومت خاصہ، حکومت اشرافیہ

اِشراق: (ع) چمکدار، چمکنا، آفتاب طلوع ہونا، درخشانی، تنویر

اِشراقی: وہ مرتاض گروہ حکما جو بذریعہ تصفیہ قلب و کشف اپنے شاگردوں کو روحانی فروغ کی تعلیم دیا کرتے تھے، اس عمل کو اشراقی عمل کہتے ہیں، اشراقیون جمع

اشراقیون: افلاطون کے پیرو جو طریق الہام پر یقین رکھتے ہیں

اِشراک: (ع) شرک کرنا

اَشراک: (ع) شریک کی جمع، شرکا

اشرِبہ: (ع) شراب کی جمع، پینے کی چیزیں، مشروبات

اشرف: (ع) بہت شریف، بلند تر

اشرفُ المخلوقات: مخلوقات میں سے سب سے بلند ترین صاحب عزت و مرتبہ

اشرفی: سونے کا سکہ جو کسی زمانے میں ہند میں رائج تھا

اشعار:شعر کی جمع

اِشعار:(ع) آگاہ کرنا، خبر دینا، مطلع کرنا

اِشعاع:(ع) درخشانی، تابانی، ضوریزی

اشعال:(ع) آگ جلانا

اشعَب:(ع) سینگوں والا جانور جس کے شانے فراخ ہوں، ایک مشہور طمع کار بخیل عرب کا نام

اشعَث:(ع) جس کے بال بُری طرح بکھرے ہوئے ہوں

أشعَر:(ع) دانا تر، زیادہ واقف کار

أشعَه:(ع) شعاعیں

اَشغال:شغل کی جمع، کام، مصروفتیں

اِشغال:مشغول ہونا

أشغَر:خارپشت، جس کی پیٹھ پر کانٹے ہوتے ہیں

اِشفاق:(ع) شفقت کرنا، مہربانی کرنا

اشفاق انگیز:ہمدرد، شفیق

اشفیه:شفا کی جمع

اُشَق:(ع) گوند کی ایک قسم جو دوا کے کام آتی ہے

اشقیا:(ع) بد بخت لوگ (جمع شقی)

اشک:آنسو

اشکبار:آنسو برساتی آنکھ

اشکار:شکار

اشکال:(ع) شکل کی جمع، طریقے

اِشکال:(ع) مشکلات

اِشکال تراشیدن:مشکلات پیدا کرنا

أشکل:الجھن، فریب، شک و گمان

اِشکلک:تشدد کرنا کہ مجرم اپنے جرم کو تسلیم کرلے

اشکم:شکم، پیٹ

اِشکنجه:شکنجہ، تکلیف، عذاب، رنج و آزار

اِشکنه:پیاز اور انڈوں سے تیار کی ہوئی غذا

اُشکوَ۔۔اُشکوب:عمارت کا بالائی حصہ، مکان کی منزل

اِشکوبه:عمارت کی ہر منزل

اِشکوخیدن:پھسلنا، ٹھوکر کھانا

اِشکیل:اشکل، ملاوٹ

اِشکیل کردن:ملاوٹ کرنا

اشَل:(ع)شل، بے حس جو ہاتھ سے کام نہ کر سکے

اشمّ:(ع)(۱)خود پسند، خودبین، (۲)جس کی ناک اونچی اور کشیدہ ہو

اِشمِزاز:(ع) کسی چیز کو مکروہ سمجھنا، طبیعت نہ چاہنا، بیزاری، نفرت

اشنا:گراں بہا جواہر

اشناب:(آشنا-آب) شناور، تیراک

اشناع:(ع) آشنع، شنیع تر، بہت بُرا

اشنک:سپیدار کی قسم کا درخت

اُشنُودن:شنیدَن، سننا

اشنُوشه:چھینکنا

اشُو:پاک طینت شخص

أشواق:شوق کی جمع

اشهاد:(ع) شہادت دینا، گواہی دینا

أشهَب:(ع) خاکستری رنگ کا گھوڑا

اشهِد:(ع) شہادت دینے کےلیے کہنا

أشهر:شہیر کی تفضیل کل، بہت زیادہ مشہور، نامور

اشیا:(ع) شے کی جمع، چیزیں

أشیاخ:(ع) شیخ کی جمع

اشیاع:(ع) شیعہ کی جمع، پیروان، دوستان

اصابَت:(ع)صحیح جاننا، دُرست ہونا، تیر کا نشانے پر لگنا

اصابت رای:درست رای، صائب رائے

گلوله بهدف اصابت کرد:گولہ نشانے پر لگا

اصابع:(ع) اصبع کی جمع، انگلیاں

اصاغِر:(ع) اصغر کی جمع، بہت چھوٹے، کوچک ترین

اصالت:(ع) کھرا پن، اصلی ہونا

اَصباح:(ع) صبح کی جمع، صبح طلوع ہونا

اَصبَع:انگلی، اصابع جمع

اصَح:(ع) صحیح تر

اصحا:(ع) صحیح کی جمع

اصحاب:(ع) صاحب کی جمع

اصحابِ پیغمبر:پیغمبر (ع) کے ساتھی

اصحاب علم:علما

اصحابِ کہف:سات مسیحی جنھوں نے دقیانوس کے عہد میں بت پرستوں کے خوف سے غار میں پناہ لی اور سو گئے وہاں وہ تین سو سال بعد بیدار ہوئے

اِصحاح:(ع) تصحیح، صحیح کرنا

اصدار:(ع) صادر کرنا، بھیجنا

اصداف:(ع) صدف کی جمع، نیز دریا کی موجیں

اَصدِقا:(ع) صدیق کی جمع، سچے دوست

اِصرار:(ع) تاکید کرنا

اِصطبار:(ع) صبر کرنا، تحمل کرنا

اصطبل:(ع) طویلہ، جہاں گھوڑے باندھے جاتے ہیں

اِصطخر:استخر، ندی، تالاب

اُصطرلاب:دیکھیے استرلاب

اِصطفا:(ع) انتخاب کرنا، چن لینا

اصطِکاک:(ع) ٹکرانا، تصادم ہونا

اصطلاح:(ع) عام معنی سے ہٹ کر اسکے خاص معنی مخصوص کرنا

اصطلاحاً:اصطلاح کے طور سے

اِصطِناع:(ع) نیکی کرنا خود کسی کےلیے کام کرنا، اپنے لیے کسی چیز کا انتخاب کرنا

اِصعاد:(ع) اوپر چڑھنا، بلندی کی طرف چڑھنا

اصعَب:(ع) دشوار تر

اِصغا:(ع) سننا

برای اصغای فرمائش ایشان:ان کی فرمائش سننے کےلیے

اصغر:(ع) صغیر کی تفضیل کل، بہت ہی چھوٹا

اصفار:(ع) صفر کی جمع

اَصفر:(ع) زرد رنگ

بحیرہ اصفر:بحیرہ زرد

اَصفیاء:(ع) صفی کی جمع، پاک لوگ، برگزیدہ لوگ

اَصل:(ع) جز، حقیقت، بنیاد، اصول جمع

اَصلاً:(ع) فی الحقیقت

اَصلاب:(ع) صلب کی جمع، (۱)آباؤ اجداد (۲) صُلب کی جمع، کمر کی ہڈیاں

اِصلاح:(ع) درستی

اِصلاح پذیر:قابل درستی

اِصلاح صورت:حجامت، ڈاڑھی مونڈنا

اَصلان:درندہ شیر

اَصلح:(ع) صالح کی تفضیل کل، نہایت نیک، پاکباز لوگ

اصلع:(ع) جس کے سر کے بال گر چکے ہوں

اصلی:خالص

اصلیّت:حقیقت، درستی، کھرا پن

اَصَم:(ع) بہرا، جو سن نہ سکے، نیز بمعنی سخت، محکم

اَصناف:(ع) صنف کی جمع، قِسمیں

اَصنام:(ع)صنم کی جمع

اصوات:صوت کی جمع، آوازیں، صدائیں

اَصوَب:(ع) درست تر، صحیح تر

اُصول:(ع) اصل کی جمع، قواعد، قوانین

اُصولاً:(ع) اصولی طور سے

اصِیل:(ع) اصل دار، پاک نژاد، اچھے حسب نسب والا

اضاحیک:(ع) اضحُوکہ کی جمع، مذاق، ٹھٹھہ، خندہ آور باتیں

اِضاعہ:(ع) ضائع کرنا

اِضافت:(ع) اضافہ، زیادہ

اِضافہ:(ع) زیادتی، علاوہ، بڑھانا

اِضافی:جس پر اضافہ کیا ہو

اُضحی:قربانی

عیداُضحی:عید قربان

یوم الاضحی:قربانی کا دن

اُضحوکہ:(ع) ہنسی مذاق، ٹھٹھہ، خندہ آور باتیں

اَضداد:(ع) ضد کی جمع، مخالف چیزیں، الفاظ جن کے معنی مختلف ہوں

اِضرار:(ع) ضرر کی جمع، نقصان، آزار، تکلیف

اَضرار:کسی کو نقصان پہنچنا، باعث تکلیف ہونا

اَضراس:(ع) ضرس کی جمع، دانت

اِضطِراب:(ع) بے چینی، بے تابی، پریشانی

اضطراب خاطر:دلی پریشانی

اِضطِرار:(ع) مجبوری، پریشانی، بیچارگی، درماندگی

اِضطِرام:(ع) بھڑکنا، شعلہ کا بھڑکنا

اِضعاف:(ع) (۱) دوگنا ہونا، (۲)ضعیفی

اَضعاف:(ع) برابر کے

اَضعَف:(ع) نہایت کمزور

اَضلّ:(ع) گمراہ تر

اضلاع:(ع) ضلع کی جمع، اطراف، پہلو بصورت جمع

کثیر الاضلاع:جیومڑی کی ایسی شکل جس کی کئی اطراف ہوں

اِضلال:(ع) گمراہ کرنا، غلطی کرا دینا، راہ سے بے راہ کر دینا

اضمار:(ع) چھپانا، دل میں پنہاں رکھنا

اِضمِحلال:(ع) کمزور ہو جانا، نیست و نابود ہو جانا

اَضیاف:(ع) ضیف کی جمع، مہمان

ضیق:(ع) تنگ تر

اِطاعت:(ع) فرماں برداری، بندگی، فرماں پذیری

اُطاق:کمرہ

اطاق بازرگانی:ایوان تجارت

اُطاق پذیرای:کمرہ جس میں مہمانوں کا استقبال کیا جائے، ڈرائنگ روم

اِطالت:اطالہ (ع) طول دینا، طویل کرنا

اِطالہ لسان:زبان درازی

اطالہ کلام:سخن درازی، پُر حرفی، لمبی باتیں کرنا

اطِبّا:(ع) طبیب کی جمع

اَطباع:(ع) طبع یا طبیعت کی جمع، طبیعتیں

اَطباق:(ع) طبق کی جمع

اِطراء:(ع) کس کی تعریف میں مبالغہ کرنا

اِطراب:(ع) نغمہ سرائی کر کے کسی کو خوشی بہم پہنچانا

اِطراح:(ع) کسی کو رد کرنا، چلتا کر دینا

اَطراف:(ع) طرف کی جمع

ازہمہ اطراف:سب طرف سے

اُطرُوش:(ع) اطرش، بہرا

اُطریش:آسٹریا

اِطریفل:شہد یا شربت میں محلول کیا ہوا سفوف

اِطعام:(ع) کھانا کھلانا، خوراک دینا

اَطعِمۃ:(ع) طعام کی جمع، خوراک میں شامل چیزیں

اِطفا:(ع) آگ بجھانا

اَطفال:(ع) طفل کی جمع، لڑکے

اِطفای:آگ بجھانے کی خدمت بجالانا

اطفائیہ: آگ بجھانا
ادارہ اطفائیہ: آگ بجھانے کا انتظام کرنے والا محکمہ
اطلاع: (ع) آگاہی، خبر
اطلاع دادن: آگاہ کرنا
اطلاعاً: اطلاع کے طور پر
اطلاعات: اطلاع کی جمع
اطلاق: (ع) شامل کرنا، عام استعمال ہونا، کسی لفظ کی عام قبولیت ہونا
اطلاق عنان کردن: باگ ڈھیلی کرنا
اطلاق کردن: کلیۃ یا عام طور سے استعمال کرنا
علی الاطلاق: کلی طور پر
اطلال: (ع) گھروں، آبادیوں کے آثار
اطلس: ریشمی پارچہ
اطلسی: ریشم کا بنا ہوا
اطماع: (ع) لالچ پر اکسانا
أطماع: (ع) طمع کي جمع
اطمینان: (ع) اعتماد، بھروسا، تسلی، سکون
من باو اطمینان دارم: مجھے اس پر بھروسا ہے
اطمینانِ خاطر: دلی سکون
اطناب: (ع) طول دینا، طول کلام، طوالت پسندی، پرگوئی
اطو: اتو، استری
اطوکشیدن: استری کرنا
اطوار: (ع) جمع طور، طریقے
اطواق: (ع) طوق، گردن کا بند، گلے کا زیور
اطوَل: درازتر
أطهار: (ع) طاہر کی جمع
اطهَر: (ع) بہت پاکیزہ
أطیَب: (ع) پاکیزہ تر

اظافیر: (ع) ناخن
أظفار: (ع) ظُفر کی جمع، ناخن
أظفَر: (ع) لمبے ناخنوں والا
أظلال: (ع) جمع ظلّ، سائے
اظلال: (ع) سایہ ڈالنا
اظلام: (ع) تاریکی چھانا، اندھیرا ہو جانا
أظلم: (ع) بہت زیادہ ظالم
اِظهار: (ع) بیان، ظاہر
اظهاراتش ناصحیح است: اس کے بیانات درست نہیں
اظهار کردن: اظہار داشتن، بیان کرنا
اظهارات: بیانات
اظهار نامه: قانونی طریقے کا بیان
اظهر: (ع) بہت زیادہ ظاہر، نمایاں تر
اظهرمِن الشّمس: آفتاب سے زیادہ روشن، بہت واضح
اعاجِم: (ع) اعجم کیجمع، دیکھیے اعجم جو عرب نہ ہوں، غیر عرب لوگ، عجمی
اعاجیب: (ع) اعجوبہ کی جمع، تعجب خیز
اِعادہ: واپس دینا یا لینا، دہرانا، اصل بات کی طرف رجوع کرنا
أعادي: (ع) عدو کی جمع، اعدا، دشمن
اعارت: (ع) عاریتاً کوئی چیز دینا
اعاشہ: (ع) روزی کے اسباب مہیا کرنا
أعاظِم: (ع) اعظم کی جمع، بزرگان
از اعاظم رِجال مملکت است: وہ ملک کے بہت بڑے لوگوں میں ہے
اعالي: (ع) عالی کی جمع، بالاتر
اعانت: (ع) اعانہ، مدد
اِعتاق: (ع) غلامی سے رہائی، آزادی

اِعتبار:(ع) قابل یقین ہونا

اعتبار نامہ:تصدیق نامہ، وثیقہ

قیمت اعتباری:معمول کے مطابق قیمت

اِعتِدا:(ع)انحراف، خلاف ورزی، نا انصافی، ستم کرنا، بیداد کرنا

اِعتِداد:(ع)مطلقہ عورت کے ایام عدت (۲)شمار میں آنا توجہ کرنا

اِعتِدال:(ع) میانہ روی، وسطی حد، یکسانی

اعتدال شب روز:وہ وقت جب دن رات کا وقت ایک جتنا ہوتا ہے، اور ہوا معتدل ہو جاتی ہے

اعتدال کار:کام میں میانہ روی اختیار کرنا

اِعتِذار:(ع) معذرت، معافی، معذرت چاہنا

اِعتراض:(ع) نکتہ چینی، نکتہ گیری، عیب نکالنا، شبہ کرنا

اِعتِراف:(ع) تسلیم کرنا

اِعتِزاز:(ع) عزت، وقار

اِعتِزال:(ع) ترک، اعراض، دست برداری، گوشہ گیری، گوشہ نشین ہونا

اِعتِساف:(ع)(۱)ظلم کرنا (۲)سیدھے راستے سے بھٹکنا

اِعتِصاب:عدم تعاون، ہڑتال، سٹرائیک، خاص مقصد کے لیے احتجاجاً کام چھوڑ دینا

اِعتِضاد:مدد، کسی کی دستگیری کرنا

اِعتِقاد:(ع) عقیدہ، یقین، دل میں پختگی کے ساتھ کسی بات پر قائم رہنا

ہمہ با او اعتقاد آوردند:سب کو اس پر یقین ہو گیا

اِعتِکاف:(ع) عبادت کی غرض سے گوشہ نشین ہونا

اِعتِلا:(ع) بلندی، رفعت، دوسروں پر برتری پانا

اِعتِلال:(ع) علیل ہونا، بیمار ہونا

اِعتِماد:(ع) یقین، بھروسا

اِعتِنا:(ع) توجہ

اِعتِناق:(ع) ایک دوسرے کی گردن پر ہاتھ ڈالنا

اِعتِیاد:(ع) عادت ہو جانا

اِعتِیاض:(ع) کسی چیز کا عوض چاہنا، عوض دینا یا عوض لینا

اِعجاب:(ع) (۱)حیران کر دینا (۲)خود بینی، خود پسندی

اِعجاز:(ع) معجزہ، کسی کو عاجز کر دینا، ایسا کام انجام دینا کہ دوسرے اس کام کو انجام دینے میں عاجز ہوں

اعجاز کردن:معجزہ کر دکھانا

اَعجام:(ع) دیکھیے اعجم

اَعجَب:(ع) عجیب تر

اَعجز:(ع) عاجز تر

اَعجَم:(ع) جو ٹھیک طور سے عربی لکھ بول نہ سکے

اَعجمی:(ع) غیر عرب، جو عربی کے محاورے نہ جانتا ہو

اُعجُوبہ:عجیب

اَعداء:(ع) عدو کی جمع، دشمن

اَعداد:(ع) عدد کی جمع

اِعداد:(ع) آمادہ کرنا، مہیا کرنا

اَعدال:(ع) عدل کی جمع، انصاف

اِعدام:(ع) ہلاک کرنا، دارپر لٹکانا

اَعدَل:(ع) بہت زیادہ عادل، منصف مزاج

اَعدیٰ:(ع) انتہائی دشمن

اَعذاب:(ع) عذاب دینا، ایذا رسانی

اِعذار:(ع) معذرت کرنا

اَعراب:(ع) عرب کے رہنے والے بادیہ نشین

اِعراب:(ع) عربوں کا سا تلفظ اور انداز بیان اختیار کرنا

اِعراج:(ع) لنگڑا کر دینا

اَعراش:(ع) عرش کی جمع

اِعراض:(ع) منہ پھیر لینا، بیزاری، مخالفت

اَعراض:(ع) (۱) عرض کی جمع، (۲) حادثات

اِعراف:(ع) جنت اور دوزخ کے بیچ کا مقام

اَعرَج:(ع) لنگڑا پن

اَعرَف:(ع) مشہور تر، معروف تر

اَعزّ:(ع) عزیز تر

اَعزّا:(ع) عزیز کی جمع

اِعزاز:(ع) عزت، وقار

اعزاز کردن:عزت دینا

اِعزام:(ع) روانہ کرنا

اِعزام کردن:روانہ کرنا، بھیجنا

اَعزہ:عزیز کی جمع، عزیز و اقارب

اعزَل:(ع) بادل جس سے بارش نہ ہو

اِعسار:(ع) عُسرت، تنگدستی، پریشانی میں مبتلا ہونا

اَعشا:(ع) جسے رات کو نظر نہ آئے، شب کور۔

اِعشار:(ع) دسواں حصہ، عشر کی جمع

اَعصاب:(ع) عصب کی جمع، پٹھے، نسیں

اعصار:(ع) عصر کی جمع، زمانے

اعضا:(ع) عضو کی جمع، جسم کے حصے، ارکان

اعضای انجمن:انجمن کے ارکان

اِعطا:(ع) عطا کرنا، بخش دینا

اِعظام:(ع) عزت دینا، عظمت دینا

اعظم:(ع) بزرگتر

اَعقاب:(ع) اولاد، آنے والی نسل کے افراد

اَعقل:(ع) بہت عاقل، دانشمند، فرزانہ

اَعلا:(ع) اعلی

اعلا:(ع) بلند کرنا، مرتبہ بڑھانا، قدرو منزلت بڑھانا

اِعلال:(ع)بیمار کر دینا، علیل کر دینا، کسی بیماری میں مبتلا ہونا

اَعلام:(ع) علَم کی جمع، جھنڈے، پرچم

اِعلامیہ:(ع) منشور، اعلان، محضر

اِعلان:(ع) اظہار، ظاہر کرنا، مشتہر کرنا، اطلاع دینا،

اَعلم:(ع) عالم کی تفضیل کل، بہت ہی بڑا عالم

اعلی:(ع) بہت بلند مرتبے کا

اِعما:(ع) نابینا کر دینا، بصارت سے محروم کر دینا

اَعمار:(ع) عمر کی جمع، ایام زندگی، زندگی کے سال

اَعماق:(ع) عُمق کی جمع، گہرائیاں

اَعمال:(ع) عمل کی جمع، کام

اِعمال:(ع) عمل کرنا

اَعمام:(ع) عَم کی جمع، چچے

بنی اعمام:بھتیجے

اَعمَش:جس کی بینائی بہت کمزور ہو گئی ہو

اَعمی:(ع) نابینا

اِعناب:(ع) جمع عنَب، انگور

اِعنات:(ع) اپنے آپ کو کسی دشوار کام میں ڈالنا

اَعناق:(ع) عنق کی جمع، گردنیں

اَعنق:(ع) گردن دراز

اعنی:(ع) یعنی

اعوام:(ع) عام کی جمع

اعوان:(ع) عون کی جمع، یاران، مددگاران

اعوَج:(ع) (۱) فریب آمیز، چالباز (۲) تیڑھا

اِعوجاج:(ع) فریب، چالبازی، تیرھاپن

اَعُوذ: (ع) میں پناہ مانگتا ہوں

اَعُوذُ بِاللّٰہ: میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں

اَعوَر: (ع) جس کی ایک آنکھ ہو

اِعیا: (ع) خستہ کرنا، تھکا دینا

اَعیاد: (ع) (عید کی جمع) خوشی کے دن، جشن

اَعیان: عین کی جمع، مردان بزرگ و شریف

اعیان دولت: امرائے سلطنت

اعیانی: عمارتیں

اَعیَن: (ع) فراخ چشم

اُغ: (ع) (۱) غُرغُر کی آواز

اَغاثت: (ع) کسی کی مدد کرنا، فریاد رَسی

اغانی: (ع) اُغنیہ کی جمع، سرود و نغمہ، شعری زمزمے

اَغبر: (ع) خاکی رنگ، گرد آلود

اِغتباط: خوشحال ہونا،

اِغتذا: غذا کھانا

اِغتراب: (ع) اپنے وطن سے دور ہو جانا، اجنبی ہو جانا

اِغترار: (ع) مغرور ہونا، غفلت میں پڑنا

اِغتراف: (ع) دونوں ہاتھوں سے پانی لے کر پینا

اِغتسال: (ع) غسل کرنا، منہ ہاتھ دھونا

اِغتشاش: (ع) لڑائی جھگڑا، بغاوت، سرکشی، شور و غوغا

اِغتصاب: (ع) غصب کر لینا، جبر سے کوئی چیز لے لینا

اِغتمام: (ع) مغموم ہونا، افسردگی، حزن و ملال

اِغتنام: غنیمت سمجھنا

اِغتنام فرصت: فرصت کو غنیمت سمجھنا

اِغتیاب: (ع) کسی کی غیبت کرنا

اِغتیال: (ع) ہلاک کرنا

اِغذا: غذا دینا

اَغذیہ: (ع) (غذا کی جمع) خوراک

اَغَرّ: (ع) خوبصورت، زیبا، نیکو کار، بزرگ شریف

اُغُر: (ع) اُوغور، یُمن، سعادت، برکت، خیر، نیک شگون، عزم سفر

اِغراء: (ع) برانگیختہ کرنا، اکسانا

اغراض: غرض کی جمع، دلی خواہشات

اِغراق: انتہائی مبالغہ، غلو

اِغراق آمیز: مبالغہ آمیز

اغراق کردن: اغراق گفتن، انتہائی مبالغہ کرنا

اِغراق گوئی: مبالغہ

اِغرام: (ع) شیفتہ ہونا

اَغرب: (ع) غریب تر

اِغرّہ: (ع) ورم جو گردن میں ہو جاتا ہے

اَغرّہ: فریفتہ، مغرور، جوان بے تجربہ

اِغشا: (ع) ڈھانپنا، غلاف ڈالنا

اَغشیہ: (ع) غشا کی جمع، جھلی، پردہ، وہ جھلی جو بعض بیماریوں میں پیدا ہوتی ہے

اَغصان: (ع) غصن کی جمع، درخت کی شاخیں

اِغضاب: (ع) ستانا، اشتعال دلانا، برانگیختہ کرنا

اَغفال: کسی کی غفلت سے فائدہ اٹھانا، فریب دینا، غفلت کرنا

اغفال کردن: کسی کو غفلت میں فریب دینا

اِغلا: مَہنگا خریدنا

اَغلاط: (ع) غلطی کی جمع

اِغلاط: (ع) غلط روی

اِغلاف: (ع) غلاف میں لپیٹنا، جس پر غلاف چڑھا ہوا ہو

اِغلاق: کسی کام میں مشکل پیدا کرنا، کلمات یا عبارات

کو مشکل بنانا

اغلب:(ع) غالب کی تفضیل کل، زیادہ تر

اغلب اوقات:اکثر اوقات

اغلوطہ:(ع) غلط گوئ جو کسی کو شکست دینے کے لیے کی جائے

اغلیسون:قوس قزح

اِغما :(ع) بیہوش کرنا یا بیہوش ہونا

اِغماز:(ع) بدنام کرنا، بے قدر کرنا

اغماض:(ع) چشم پوشی

اِغمام:(ع) مغموم ہونا

اَغن:جس کی آواز ناک سے آئے

اَغنا:(ع) بے نیاز کرنا، مالدار بنانا

اغنام:(ع) غنم کی جمع، بھیڑیں

اَغنی:(ع) زیادہ غنی، زیادہ بے نیاز، زیادہ مالدار

اَغنیا:(ع) غنی کی جمع، غنی لوگ، بے نیاز لوگ

اُغنیہ:(ع) سریلی آوازیں، زمزمہ، گیت

اِغوا:(ع) بہکاوا، جھانسا، ترغیب

اَغوال:غول کی جمع، خیالی جن بھوت

اُغور:(ع) پیش گوئ

اغیار:(ع) غیر کی جمع، دوسرے لوگ، بیگانے

اُف:دلتنگی، افسردگی کا اظہار، نفرت کا کلمہ

افادت، اِفادہ:(ع) فائدہ پہنچانا نیز خود نمائی و خود بینی

اِفادہ کردن:فائدہ پہنچانا، خود نمائی کرنا، مال و دولت میں خود نمائی کرنا

اِفاضت۔۔اَفاضہ:فیض پہنچانا، برتن کو لبالب بھرنا

اِفاضہ کردن:فیض دینا، نصیحت دینا، نیز کناروں تک بھرنا

اَفاضِل:(ع) افضل کی جمع، فاضل لوگ

افاعی:(ع) افعی کی جمع، سانپ

افاغِنہ:افغان کی جمع

اِفاقہ:(ع) بہتری ہونا، بہبودی پانا، رو بصحت ہونا

افانین:(ع) فن کی جمع

اُفت:کمی، نقصان، کم و کاست، گرنا

اِفتا:(ع) فتوی دینا

اُفتادگان:بے بس، بے سہارا لوگ، گرے پڑے لوگ، عاجز مسکین، مثال

سر برآوردی بدولت پانمردی کن بلطف
دسترس دادت خدا افتادگان را دستگیر

خدا وند تعالے نے تمہیں جاہ و منزلت سے سرفرازی عطا کی ہے تو اپنے لطف و کرم سے پانمردی کرو خدا نے تمہیں دسترس بخشی ہے تو عاجزوں اور مسکینوں کی مدد کرو

اُفتادِگی:فروتنی، عاجزی، درماندگی

اُفتادن:گرنا

ازکار افتادن:بہت کمزور ہو جانا

درپوستین خلق افتادن:کسی کی پیٹھ پیچھے برا کہنا

اُفتادہ:گرا ہوا، نظر انداز کیا گیا، بے بس، عاجز، ستم زدہ

اُفتان:گرتے ہوئے

افتان و خیزان:گرتے اٹھتے ہوئے، بے بسی کی حالت میں

افتانیدَن:گرنے دینا، برا گندہ کرنا

اِفتِتاح:(ع) شروع کرنا، کسی کام کے آغاز کی تقریب

رسم یا مراسم افتتاح:کسی کام کا افتتاح دھوم دھام سے کرنا

افتتاحی:(ع) شروع کی تقریب

اِفتخار:(ع) شرف، وقار، عزت، اعزاز، فخر

افتخار کردن:فخر کرنا، ناز کرنا

افتخاراً:(ع) فخر کے طور پر

افتخاری:اعزازی

مدیر افتخاری:مدیر اعزازی

اُفتد:عجیب، تعجب

اِفترا:(ع) کسی پر الزام لگانا، بدگوئی، اِتّہام، الزام

اِفترا آمیز:تہمت آمیز

اِفتراس:(ع) شکار کرکے اس کے ٹکڑے کرنا، پھاڑنا۔

اِفتراش:پھیلانا، بچھانا۔

اِفتراض:(ع) فرض کرنا، واجب سمجھنا۔

اِفتراق:(ع) جدا ہونا، فرق کرنا۔

اِفتضاح:(ع)فضیحت، بدنامی، بے عزتی، ندامت، رسوائی، تذلیل۔

اِفتضاح در آوردن:بدنام ہونا۔

اِفتعال:(ع) کسی پر بہتان لگانا۔

اِفتقاد:(ع) گم کرنا، ہاتھ سے جاتے رہنا۔

اِفتکار:(ع) (فکرسے) سوچنا، فکر کرنا۔

اِفتکاک:(ع) جدائی۔

اِفتمون - اَفتیمون:(۱) رعشے وغیرہ سے کانپنا (۲) پودا جس سے طب قدیم میں عصبی و دماغی امراض کےلیے دوا بنائی جاتی تھی۔

اَنچَه:ڈراونی شکل جو کھیتوں میں جانوروں کو ڈرانے کے لیے نصب کی جاتی ہے۔

اِفحاش:بے عزت کرنا۔

اِفحام:(ع) چُپ کرا دینا۔

اَفخَر:(ع) فاخر کی تفضیل کل، بہت ہی زیادہ فخر کرنے والا۔

اَفخَم:(ع) بہت زیادہ بلند پایہ، گرانمایہ تر۔

اَفد:عجیب۔

افدَر:چچا نیز بھائی یا بہن کا بیٹا، بھتیجا یا بھانجا۔

اَفدستا:بہت تعریف و توصیف۔

افدُم:انجام، عاقبت۔

افدیدن:تعریف و توصیف کرنا، کسی چیز کو دیکھ کر تعجب کرنا۔

افراخ:(ع) (۱) مرغی کا انڈے سینا، انڈوں پر بیٹھنا (۲)کندہ کرنا، کسی سطح پر خط کھینچنا۔

اَفراختَن:بلند کرنا، اوپر لے جانا، مرتبہ بڑھانا۔

اَفراختہ:بلند کیا ہوا، ترقی پایا ہوا۔

اَفراد:(ع) فرد کی جمع۔

اِفراد:(ع) تنہا ہونا، کسی کام کو تنہا کرنا۔

اِفراز:(ع) جدا ہونا، کسی کام کو تنہا کرنا، الگ الگ ہونا، کسی چیز کو کسی چیز سے جدا کرنا۔

اَفراز، افراختَن= ترقی کرنا سے فعل امر، ترقی کرو۔

بیا فراز:بالاتر مرتبہ حاصل کرو۔

افراز رُخ:بڑے رخساروں والا۔

افرازیدن:افراختن۔

افراس:(۱) قنات، کاریز، زیر زمین نالہ۔

افراس:(ع) فرس کی جمع، گھوڑے۔

اَفراش:کمرے میں دری یا قالین بچھانا۔

اَفراشتَن:بڑھنا، ترقی کرنا، سرفرازی حاصل کرنا۔

افراشتہ:ترقی حاصل کیے ہوئے، بلندی پر پہنچا ہوا، جس

نے بلند مرتبہ حاصل کیا ہو۔

افراض:(ع) واجب سمجھنا، کسی کو باقاعدگی سے ضرورت کی چیزیں مہیا کرنا۔

افراط:(ع) زیادتی، کثرت۔

افراطِ زر:ملک میں روپے پیسے کا معمول سے زیادہ ہونا۔

افراطِ اکل و شُرب:کھانے پینے میں زیادتی۔

افراطِ کار:انتہا پسند عادات والا،حدود معقولیت سے تجاوز کرنے والا۔

افراط و تفریط:زندگی کی روش میں دو انتہائیں، زیادتی اور کمی

اَفرَنج:افرنگ سے معرب۔

افرند:خوبصورتی، آب و تاب، چمک دمک، فروشکوہ۔

اَفرندیدَن:آرائش کرنا، سجانا، زینت دینا۔

افرنگ:یورپ۔

افروختِگی:چمک دمک، تابندگی، درخشندگی۔

اَفرُوختَن:روشن کرنا، درخشاں کرنا۔

برافروختن:غصے میں آنا۔

افرُوختِہ:(۱)روشن، جس میں چمک پیدا ہوئی ہو، (۲)غصے میں آیا ہوا، خشمگیں۔

برافروختِہ:غصے آیا ہوا۔

اَفرُوز:افروختن سے فعل امر، بیفروز، روشن کرو۔

اَفرُوزانیدن:افروختن، روشن کرنا۔

اَفروزندِہ:روشن کرنے والا، چمک پیدا کرنے والا۔

اَفرُوزِہ:چراغ کا فتیلہ۔

اَفرُوزِیدَن:افروختن، روشن کرنا۔

افروغ:فروغ، پر تو، روشنائی، تابش۔

افرِہ:بدلہ، انتقام، پاداش۔

اَفرَھَنج:(۱)ضعف یا رعشے سے کانپنا، ضعف سے سر ہلنا، لغزش کرنا، ڈگمگانا، (۲)ایک قسم کی بے پتی کی بیل جو درختوں پر چڑھ جاتی ہے، اکاس بیل۔

اَفری:آفرین، شاباش، کلمہ تحسین۔

اَفرِیقا:افریقہ۔

اَفرِیقائی:افریقہ کا باشندہ۔

اَفزا: افزدون:بڑھنا، بڑھانا سے فعل امر،بیافزا، بڑھاؤ، راحت افزا، خوشی میں اضافہ کرنے والا۔

اَفزار:اوزار، ہتھیار، کوئی آلہ جس سے کاریگر کام کرتے ہیں۔

افزارپا:کفش، جوتا۔

اَفزارمند:کاریگر، دستکار، اہل حرفہ۔

اَفزایِش:زیادتی، اضافہ، ترقی۔

اَفزایَندِہ:بڑھتی ہوئی۔

اَفزاییدن:بڑھنا۔

اَفزُودن:بڑھنا، اضافہ ہونا۔

اَفزُودہ: بڑھا ہوا۔

افزودہ کردن:بڑھانا۔

افزون:زیادہ، بڑھتا ہوا۔

روز افزون:روز بروز بڑھتا ہوا۔

اَفزُونی:زیادتی، کثرت۔

اَفساد:(ع) فساد، خرابی، بگاڑ، بداطواری، فتنہ و فساد برپا کرنا۔

اَفسار:گھوڑے گدھے کی لگام۔

افسار گُسیختِہ:سرکش، باغی، گریزپا۔

افسارکردن:لگام چڑھانا۔

اَفسان:فسان، جس سے اوزار تیز کیے جاتے ہیں۔

افسانِہ: کہانی، سرگزشت، داستان۔

افسانہ پرداز: افسانہ نویس، قصہ گھڑنے والا۔

افسانہ گوُ: کہانی سنانے والا۔

افسانہ گوُئی: کہانی سنانا۔

أفسَد: (ع) فاسد کی تفضیل کل، انتہائی فاسد، بہت ہی بُرا، بگڑا ہوا، فسادی۔

افسر: (۱) تاج، (۲) افسر، عُہدیدار۔

أفسُردگی: غمگینی، پریشانی، پثر مردگی۔

أفسُردَن: غمگین ہونا، پریشان ہونا۔

أفسُردہ: پریشان، غمگین، پژ مردہ۔

افسردہ خاطر: پریشان، غمگین، پثر مردہ۔

أفسری: عہدیدار کا مرتبہ۔

دانِشکدہء افسری: افسروں کا کالج۔

افسنِتین - افسِنطِین: ایک قسم کا درخت جس کی شاخیں بہت لمبی ہوتی ہیں اور ان پر بہت سے پتے ہوتے ہیں، اس کے پھول بھی ہوتے ہیں، طب قدیم میں یہ لقوہ، فالج اور امراضِ معدہ کے لیے استعمال کیے جاتے تھے۔

افسُوس: رنج ہونا، حیف، تاسف۔

افسوس خواندن: کسی سے افسوس کرنا۔

أفسُون: سحر، جادو، حیلہ، تزویر، مکر۔

افسُون ساز: جادوگر۔

افسون کردہ: جس پر جادو کیا گیا ہو۔

افسونگر: جادو گر۔

افسونگری: جادو گری۔

أفشاء: (ع) فاش کرنا، ظاہر کر دینا۔

افشای راز: بھید کا ظاہر ہوجانا۔

افشانمُودن: راز فاش کر دینا۔

أفشار: ایران کے ایک قبیلے کا نام جس کا ایک فرد نادرشاہ تھا۔

أفشار، افشُردن: نچوڑنا سے فعل امر، بیافشار: نچوڑدے

افشار: (۱) کھیل کے تختے کا مہرہ (۲) ایرانی موسیقی کی دُھن۔

أفشاردہ: افشردہ، نچوڑا ہوا۔

أفشاری: ایرانی موسیقی کی ایک دُھن۔

أفشاری: افشار قبیلے سے متعلق۔

افشاندن . . . افشانیدَن: بکھیرنا۔

گلھا رُوی زمین افشاندند: پھول سطح زمین پر بکھیرے۔

افشاندہ: بکھیرے ہوئے۔

افشُردگی: دباؤ، نچوڑ۔

انگوررا درجام افشردم: انگور میں نے جام میں نچوڑے۔

أفشُرگر: دبا کر شیرہ نکالنے والا، تیلی۔

أفشردہ: لیموں وغیرہ کا نچوڑا ہوا رس۔

افشُرِہ: پھلوں کا نچوڑا ہوا رس

افشنگ: شبنم۔

أفشُون، افشان: (۱) لکڑی کا بنا ہوا چار شاخہ پنجہ جس سے کاشتکار بھوسا اور دانے الگ کرتے ہیں، (۲) چھان بین کرنا، غور سے دیکھنا۔

افشَہ: گندم کا دلیا۔

افصَح: (ع) فصیح کی تفضیل کل، بہت زیادہ خوش بیان، شیریں کلام، فصاحت سے کلام کرنے والا۔

أفضال: (ع) فضل کی جمع، فضیلتیں، بخشش، عطا، عنایت، رحم و کرم۔

افضَل: (ع) فاضِل، متبحر عالم، صالح

افضلیّت: (ع) برتری، عظمت، بڑائی، قابلیت۔

افطار: (ع) روزہ کھولنا۔

افطاری: تھوڑی سی خوراک جس سے روزہ کھولا جاتا ہے۔

أفطَع: (ع) چوڑی ناک، وہ شخص جس کا سر یا ناک چوڑا

ہو۔

افطس: چپٹی ناک والا۔

افعال: (ع) فعل کی جمع، اعمال، کام بصورت جمع۔

افعی: (ع) سانپ۔

افعی دم: جس کی سانس زہریلی ہو۔

افغان: افغانستان کا باشندہ۔

افغان: فغان، آہ و زاری، نالہ و فریاد۔

افغانستان: ملک کا نام۔

افغانی: افغانوں سے متعلق۔

اُفُق: (ع) وہ جگہ جہاں زمین آسمان ملتے نظر آتے ہیں، آفاق جمع۔

اُفُقاً: (ع) افقی۔

افقر: (ع) فقیر کی تفضیل کل۔ بہت زیادہ غریب۔

افکار: (ع) فکر کی جمع، خیالات۔

افکارِ عالیِ شعرا: شعرا کے بلند پایہ خیالات۔

افگار: زخمی، آزردہ، درماندہ۔

دل افگار: پریشان، افسردہ، آزردہ۔

افگانہ: قبل از وقت پیدا ہونے والا بچہ۔

افگن، افگندن: پھینکنا سے فعل امر، بیفگن، پھینک دو۔

افگندہ: پھینکا ہوا، گرا ہوا۔

افگندہ سُم: لنگڑا۔

افلاح: (ع) فلاح و بہبود، کامیابی، خوشحالی۔

اِفلاس: (ع) مفلسی، غریبی، تہی دستی۔

افلاطون: فلاطون، یونان قدیم کا نامور فلسفی۔

افلاک: (ع) فلک کی جمع، آسمان۔

افلاک شناس: ہئیت دان۔

افلاکی: فلکی، آسمانی، سماوی چیزوں کی پرستش کرنے والا۔

افلاکیان: (۱) ستارے (۲) فرشتے۔

اَفلج، افلیج: (ع) فالج زدہ، مفلوج۔

افنا: (ع) فنا کرنا، نیست و نابود کرنا۔

افنان: فن کی جمع۔

افنداک: قوس قزح۔

افندَرہ: درانتی، داس۔

افندی: آقا، مالک، کلمۂ احترام۔

افندیدَن: جنگ کرنا، دشمنی کرنا۔ جنگ و جدل میں آمادہ کرنا۔

افواج: (ع) فوج کی جمع۔

افواہ: (ع) اڑتی ہوئی خبر۔

افواھاً: (ع) اڑتی ہوئی خبر کے طور سے۔

اُفول: (ع) سورج یا ستاروں کا غروب ہونا۔

اَقُوغُوس: ایک خاص قسم کے درخت کی لکڑی جو بہت مضبوط ہوتی ہے۔

افہام: (ع) فہم کی جمع، سوج سمجھ، ادراک۔

افیلون: ایک پہاڑی پودا جس کی بلندی نصف میٹر کے برابر ہوتی ہے پھول سرخ اور خوشہ دار ہوتے ہیں، طب میں ان سے کام لیا جاتا ہے۔

افیون: نشہ آور چیز جو پوست سے بنتی ہے۔

افیونی: افیون کا عادی۔

اقارِب: (ع) اَقرَب کی جمع، قریبی رشتے دار۔

اعزاؔ و اقارب: عزیزان، قریبی رشتے دار۔

اقاصِر: (ع) اقصر کی جمع، بہت چھوٹے۔

اقاصی: (ع) اقصی کی جمع، دُور کے مقامات۔

اقاقیا: ایک خاص قسم کا درخت اور اسکا پھل۔

اقالہ: (ع) منسوخ کرنا، کالعدم کرنا۔

اقالیم: (ع) اقلیم کی جمع، ولایات، ممالک۔

اقامَت: (ع) قیام کرنا، ٹھہرنا، سکونت۔

اقامَت گاہ: قیامگاہ، رہنے کی جگہ، منزل، مقام، گھر۔

اقامتِ مُوَقّتی: مختصر قیام۔

اِقامہ: (ع) (۱) ٹھہرنا، قیام کرنا (۲) مستقل بنیاد قائم کرنا۔

اقامہ دلیل: دلیل پیش کرنا۔

اقامہ شہود: گواہ پیش کرنا۔

اقانیم: (ع) اقنوم کی جمع، شخص، جسم، دین مسیحی میں باپ، بیٹا اور روح القدس میں سے ہر ایک کو اقنوم کہتے ہیں۔

اقاویل: (ع) جمع اقوال، جمع الجمع قول۔

اقباض: (ع) پکڑنا، اپنے تصرف میں لانا۔

اقبال: (ع) خوش بختی، حکیم الامت علامہ محمد اقبال عظیم شاعرِ مشرق۔

اقبال مندی: خوش قسمتی۔

اقبَح: (ع) قبیح کی تفضیل کل، بہت ہی بُرا۔

اقتال: (ع) قتل عام۔

اِقتباس: (ع) کسی کتاب سے مطلب حاصل کرنا، کتاب کا کچھ حصہ نقل کرنا، معلومات میں اضافہ کرنے کے لیے اخذ کرنا۔

اِقتحام: (ع) سوچے سمجھے بغیر کام کو شروع کردینا، خود کو مشقت میں ڈالنا۔

اِقتداء: (ع) پیروی کرنا۔

اِقتدار: قدر و منزلت، اختیار

اِقتراح: (ع) فی البدیہہ کوئی بات کہنا۔

اِقتراحاً: فی البدیہہ طور سے۔

اِقتراع: (ع) قرعہ نکالنا۔

اِقتران: (ع) قرین سے، باہم قریب ہونا، قرب، نزدیکی۔

اِقتسام: (ع) شریک ہونا۔ تقسیم کرنا، حصہ بانٹنا، قسم کھانا۔

اِقتصاد: (ع) مالی سیاست، ہر کام میں میانہ روی، آمدو خرچ کی نگہداشت کرنا۔

اقتصادیات: معاشیات، مالیات سے متعلق علم۔

اِقتصار: (ع) مختصر کرنا، کافی سمجھنا، ایک بات پر ٹھہر جانا۔

اِقتصاص: (ع) (۱) قصاص مانگنا (۲) روایت بیان کرنا۔

اِقتضاء: (ع) ضرورت، خواہش، احتیاج، طلب

لدی الاِقتضاء: جیسے کہ ضرورت ہو۔

اِقتضاب: (ع) کاٹنا، درخت کی شاخ کاٹنا۔

اِقتطاع: (ع) قطع کرنا، جدا کرنا، کسی چیز کا کچھ حصہ لینا۔

اقتطاف: (ع) پھل چننا، پھل پکنے کا موسم آنا۔

اقتفا: (ع) پیروی کرنا۔

اِقتلاع: (ع) بیخ و بُن سے اکھاڑنا۔

اِقتناء: (ع) حاصل کرنا، کام جمع کرنا۔

اقداح: (ع) قدح کی جمع، جام، پیالے۔

اَقدام: (ع) قدم کی جمع۔

اِقدام: قدم اٹھانا، کسی کام کو شروع کرنا۔

این کار را برای شما اقدام کردم: یہ کام میں نے تمہارے لیے شروع کیا

اَقدَس: (ع) پاک تر، زیادہ پاکیزہ۔

اَقدَم: (ع) قدیم کی تفضیل کل، بہت زیادہ قدیم۔

اقدَمیّت: بہت زیادہ قدیم ہونا۔

اِقرا: (ع) پڑھو۔

اِقرار: تسلیم کرنا۔

اِقرارنامہ: تسلیم کرلینے کی تحریر۔

اِقرارفودن: تسلیم کرنا۔

اَقراص: (ع) (۱) قُرص کی جمع، گول ٹکیہ (۲) محکم، مضبوط، استوار۔

اَقراض:(ع) قرض لینا۔

اِقراع:(ع) (۱) کسی کو کسی کام سے باز رکھنا، (۲) قرعہ نکالنا۔

اَقران:(ع) قرین کی جمع، ہم عصر، قریبی لوگ۔

اَقرَب:(ع) قریب کی تفضیل کل۔ بہت زیادہ قریب۔

اَقربا:(ع) قریبی رشتے دار۔

اَقرَع:(ع) جس کے سر کے بال گر گئے ہوں۔

اِقریطس:(جغرافیہ) کریٹ۔

اَقساط:(ع) قسط کی جمع، قسطیں، حصے۔

اِقساط:(ع) عدل و انصاف کرنا۔

اَقسام:(ع) قسم کی جمع، انواع، قسمیں۔

اِقشعرار:کانپنا، لرزنا۔

اَقصاً:(ع) دور دراز کے مقامات ۔

اِقصاص:(ع) بدل ، انتقام۔

اَقصَر:قصیر کی تفضیل کل۔ کوتاہ ترین، بہت زیادہ چھوٹا۔

اَقصیٰ:(ع) بہت دور۔

شرق اقصیٰ:بہت دور مشرق میں۔

مسجد اقصیٰ:یوروشلم کی مسجد کا نام۔

اَقطاب:(ع) قطب کی جمع۔

اَقطار:(ع) ممالک، علاقے، اضلاع۔

اِقطاع:(ع) کوئی چیز یا قطعہ زمین جو گذر بسر کے لیے دیا جائے

اَقطاع:(ع) قطع کی جمع۔

اَقطع:(ع) جس کا ہاتھ کٹا ہوا ہو، دست بریدہ

اِقعاد:(ع) احترام سے بٹھانا ، کسی کی پذیرائی کرنا۔

اَقفال:(ع) قفل کی جمع، تالے۔

اِقفال:(ع) تالہ لگانا۔

اَقل:(ع) قلیل کی تفضیل کل، بہت ہی چھوٹا۔

حداقل:کم سے کم۔

اَقلا:(ع) کم ترین حد۔

اقلاً:کم از کم۔

اَقلال:(ع) کم کرنا ، کسی چیز کا کم حاصل ہونا۔

اقلام:(ع) قلم کی جمع۔

اقلّیت:کم تر، اکثریت کی ضد۔

اِقلید:کلید، چابی، کنجی۔

اِقلیدس:علم ہندسہ کے ایک عالم کا نام اور اس کی تصنیف۔

اِقلیم:(ع) ملک، ولایت اقالیم جمع، گزشتہ حکما کی تحقیق کے موافق کرۂ ارض کی خشکی کا ساتواں حصہ۔

اِقلیمیا:سونا چاندی کے پگھلانے کے بعد جو میل وغیرہ نیچے رہ جاتا ہے، دھات کا میل، خارجی مادہ۔

اَقمار:(ع) قَمر کی جمع، چاند۔

اَقمشہ:(ع) سوتی کپڑا۔

اَقناع:(ع) (قانع سے) مطمئن ہونا ، قناعت، اطمینان، دل جمعی۔

اَقنوم:(ع) شخص، جسم دیکھیے اقانیم

اقوات:(ع) قُوت کی جمع، کھانے کی چیزیں۔

اَقواس:(ع) قوس کی جمع۔

اَقوال:(ع) قول کی جمع، بات، وعدہ۔

اقوام:(ع) قوم کی جمع، قومیں۔

اقواہ:نیازمند ہونا ، محتاج ہونا۔

اقوی:بہت زیادہ طاقتور۔

اَقویا:(ع) قوی کی جمع، طاقتور، دلیر، بہادر۔

اقیاد:(ع) قید کی جمع۔

اقیانُوس:اوقیانوس ، سمندر کا نام۔

اکابِر:(ع) اکبر کی جمع، بڑے لوگ، امرا، معزز لوگ۔

اکاذِیب:(ع) اکذوبہ کی جمع، جھوٹی باتیں

اکارِس: سفید کُھمبی۔

اکارِع: (ع) جمع کراع، گائے یا بکری کے پائے۔

اکارِم: (ع) اکرم کی جمع، سخی، بڑے لوگ۔

اکاسِرَہ: (ع) کسری کی جمع، ساسانی بادشاہوں کا لقب۔

اکّال: (ع) پُرخور، زیادہ کھانے والا، پیٹو۔

اکالہ: (ع) اکال کی مونث۔

اکالِیَت: پرخوری، زیادہ کھانا۔

اکالِیل: (ع) اکلیل کی جمع، تاج، ہار۔

اکامہ: آنت جس میں قیمہ اور مسالے بھر کر پکاتے ہیں اور پھر اس کے ٹکڑے کرلیتے ہیں۔

اکباد: (ع) کبد کی جمع، جگر بصورت جمع۔

اکبَر: (ع) بڑا، اصغر کی ضد۔

اکبیا: عصب، پٹھے جسم کے۔

اکتاف: (ع) کتف کی جمع، شانے، کندھے۔

ذوالاکتاف: ایران کے قدیمی بادشاہ شاپور کا لقب۔

اکتِام: (ع) پوشیدہ رکھنا۔

اکتِحال: (ع) آنکھوں میں سرمہ لگانا۔

اکتِسا: (ع) اپنے آپ کو تیار کرنا۔

اکتِساب: (ع) کسب کرنا، حاصل کرنا۔

اکتسابی: محنت سے حاصل کی ہوئ چیز۔

اکتِشاف: (ع) (کشف سے) ظاہر ہونا، دریافت ہونا۔

اکتِفا: (ع) کافی، کفایت کرنا۔

اکتِناہ: (ع) گہرائی میں جانا، گہراتجسس، زیادہ پڑتال، کسی چیز کی ماہیت کا پتا چلانا۔

اکثار: (ع) کثرت، زیادہ ہونا۔

اکثَر: (ع) بہت زیادہ۔

اکثراً: (ع) بہت زیادتی میں، بیشتر۔

اکثریّت: زیادہ ہونا، زیادہ تعداد میں ہونا، اقلیت کی ضد۔

اکثریت آرا: ووٹوں کی زیادہ تعداد۔

اکشَم: (ع) موٹے پیٹ والا۔

اکحال: (ع) کُحل کی جمع، سرمہ۔

اکحَل: (ع) سُرمگیں (آنکھ)۔

اکدَر: (ع) زیادہ تاریک، اندھیرا۔

اکدَش: ملی ہوئ نسل کا، دونسلا۔

اکذَب: (ع) بہت جھُوٹا، دروغ گو۔

اکذُوبہ: (ع) دروغ، جھوٹ، اکاذیب جمع۔

اکراد: (ع) کُرد کی جمع، کردنسل کے لوگ۔

اِکرام: (ع) احترام، کسی کی عزت کرنا۔

اِکراہ: (ع) کراہت، نفرت۔ مجبوری۔

اِکراہاً: مجبوری سے۔

اکرم: (ع) کریم کی تفضیل کل، بہت زیادہ سخی۔بہت زیادہ قابل احترام۔

اِکسا: (ع) کپڑے وغیرہ پہن کر تیار ہونا۔

اکسَد: (ع) کاسد کی تفضیل کل، جس کا رواج نہ ہو۔ جس کا کوئ خریدار نہ ہو۔

اکسُون: سیاہ رنگ کا ریشمی کپڑا۔

اکسیر: (ع) کیمیا۔

اِکفا: (ع) (۱) کافی ہونا، کفایت کرنا (۲) مثل، نظیر۔

اِکفا: ٹیڑھا کرنا۔ مایل کرنا۔

اِکفال: (ع) کفالت کرنا، ضامن بننا۔

اککرا: عاقر قرعا۔

اکل: (ع) کھانا۔

اکل و شرب: کھانا پینا۔

اِکلیل: (ع) تاج، تاجپوشی، ہار، سنہرا رنگ جو نقاشی میں استعمال ہوتا ہے۔

اکلیل الجَبَل: پہاڑی خوشبودار پودا۔

اِکمال: (ع) مکمل کرنا۔

اکمال کردن: تکمیل کو پہنچانا۔

اکمل:(ع) کامل کی تفضیل کل، کامل ترین۔

اکمہ:(ع) پہاڑی چٹان، پشتہ۔

اکناف:(ع) کنف کی جمع اطراف، سرحدیں۔

دراکنافِ جہاں:اطراف عالم میں۔

اکنوں:موجودہ وقت، دیکھیے کنون۔

اکنونی:کنونی ، ابھی۔

اکواب:(ع) (کوب جمع) کوزے ، پیالے، جام۔

اکوان:(ع) کون کی جمع، ہستی، عالم،جہان۔

اکُول:(ع) بہت زیادہ کھانے والا ، پرخور، پیٹو۔

اِکُولانہ:ندیدوں کی طرح، بے حد حرص وطمع سے کھانے والا۔

اکیاس:(ع) کیسہ کی جمع، تھیلے، کیسے، بٹوے۔

اکیاس:(ع) دانشمند، دانا۔

اکید:(ع) (۱) واجب، لازم (۲) مضبوط، مستحکم

اکیداً:(ع) تاکید کے طور سے، لازماً۔

اکیس:(ع) دانشمندتر ، زیرک، بہت زیادہ ہوشیار۔

اگرؔ:حرف شرط۔

اگر موقضیت می خواہید باید جدوجہد نمائید: اگر کامیابی چاہتے ہو تو تمہیں جدو جہد کرنی چاہیے۔

اگرچہ:حرف ربط، ہر چند۔

اگرچہ ناخوشی اوسخت است ولی چارہ ناپذیر نیست:اگرچہ اس کی بیماری سخت ہے لیکن لاعلاج نہیں۔

اگست:ستارے کا نام، سہیل ، عیسوی سن کا آٹھواں مہینہ جس کے ۳۱ دن ہوتے ہیں۔

آل:ایک درخت جس کے پتے لمبے اور ان کی نوکیں تیز ہوتی ہیں ، پھول زرد اور پھل ترش ہوتا ہے، یہ درخت مازندران کے جنگل میں ہوتا ہے۔

آل:(ع) حرف تخصیصی ہے مثلاً، **الصباح:**الساعت۔ جیسے انگریزی میں The ہے۔

الا:(ع) حرف تنبیہ بمعنی اے، ہاں، آگاہ رہو۔

الاّ:(ع) حرف استثنا ، مگر، لیکن، سوائے۔

الاّ اینکہ:سوائے اس کے

اخلاقش بدنیست الااینک تنبل است:وہ بد خلق نہیں لیکن وہ سست ہے۔

الاچق:الاچیق، چوبی کمرہ جو باغ کے وسط میں بنایا جاتا ہے۔

الاچی:الائچی۔

اُلاغ:(ت) گدھا، نافہم آدمی، بیوقوف۔

الاف:(ع) الیف کی جمع، یار، دوست، ہمدم۔

الاُکلنگ:جھولا ، ہنڈولا

اُلام:پیغام لانے والا۔

الامان:(ع) کلمہ دعا، امن مانگنا، مدد کے لیے پکارنا۔

الاملیک:پودوں کی ایک قسم۔

الان:(ع) حالا، اس وقت، ابھی۔

الاؤ:شعلہ،آگ ، آگ کا ڈھیر جہاں آگ تاپتے ہیں۔

الاہت:(ع) عبادت کرنا۔

الاہی:(ع) الٰہی ، خدا۔

اَلبا:(ع) لبیب کی جمع، خردمند لوگ۔

الباب:(ع) لُب کی جمع، دل، دماغ، ذہانتیں۔

اولُوالالباب:ذہین ، زیرک، دانشمند۔

الباد:دُھنیا، حلاج، روئی دھننے والا۔

البتّہ:(ع) بے شک۔

البُرز:ایران کے پہاڑ کا نام۔

البسہ:(ع) لباس کی جمع۔

التباس:(ع) ابہام، مبہم، غیر واضح، مشتبہ ہونا۔

التجا:(ع) التماس، عرض، گزارش۔

التجاج:(ع) (۱) آوازوں کا درہم ہونا، (۲)دریا کی موجوں کا اور بڑھنا۔

التحاد:(ع) ملحد ہوجانا، دین سے پھر جانا۔

التحاق:(ع) ملحق ہوجانا، پیوست ہونا، مل جانا۔

التحام:(ع) اتصال، امتزاج، ارتباط، جوڑ، مل جانا۔

التزاذ:(ع) لذت، لذت لینا۔

التزام:(ع) لازم ہونا، کام جس کا ذمہ لیا جائے، کسی کام کا ذمے دار ہونا۔

التزام نامہ:تحریری ذمے داری، معاہدہ۔

التزامی:جس کا ذمہ لیا جائے۔

التصاق:(ع) پیوست ہونا، ملنا۔

التفات:(ع) مہربانی، توجہ۔

ازالتفاتِ شما:آپ کی مہربانی سے۔

التفاتی درحق من بکنید:میری طرف توجہ فرمایے۔

التفات شمازیاد:خدا کرے آپ کی مہربانیاں زیادہ ہوں۔

التقا:(ع) ملاقات۔

التقاط:(ع) چُننا، اکھٹا کرنا، پکڑنا، زمین سے اٹھانا۔

التماس:(ع) عرض، گزارش۔

التمغا:آل طمغا دیکھیے۔

التوا:(ع) پیچ دینا، بل دینا، پیچیدگی

التہاب:(ع) شعلہ زنی، آگ کا بھڑکنا، جلنا، برافروختہ ہونا۔

التہابی:اشتعال انگیز، بھڑکانے والا۔

التیام:(ع) زخم کا مندمل ہونا۔

التیام پذیر:مندمل ہونے کے قابل۔

الج:مغرور، متکبر۔

الجا:(ع) اپنا کام کسی اور کے سپرد کرنا، پناہ، پناہ دینا۔

الجبر:(ع) الجبرا۔

الجزائر:(ع) ایک اسلامی ملک کا نام۔

الجزائری:الجزائر کا باشندہ۔

الچی:ایلچی۔

الحاج:(ع) جسے حج کی سعادت حاصل ہوئی ہو، حاجی۔

الحاح:(ع) عاجزانہ خواہش کا اظہار کرنا۔

الحاح کردن:عاجزی سے درخواست کرنا۔

الحاد:(ع) بے دینی، منکر دین ہونا، وجود خدا سے انکار، دہریت۔

الحاصل:(ع) حاصل یہ کہ۔

الحاف:(ع) سخت اصرار، ابرام۔

الحاق:(ع) ملنا، پیوستہ ہونا، ملحق ہونا۔

الحاقی:جو کسی کے ساتھ ملحق ہو۔

الحال:(ع) اب، ابھی، موجودہ وقت میں۔

الحان:(ع) لحن کی جمع، آوازیں، صوتی آہنگ، نغمے۔

الحذَر:(ع) خوف۔

الحق:(ع) حقیقت میں۔

الحمد:(ع) تعریف، ثنا، قران مجید کی اول سورہ، سورہ فاتحہ۔

الحمد خواندن:قران کریم کی سورہ اول کی تلاوت کرنا۔

الخ:(ع) اسی طرح، آخرتک۔

الدنگ:بے شرم، مفت خور۔

الذّ:(ع) لذیذ کی تفضیل کل، بہت ہی زیادہ لذیذ۔

الزام:(ع) کسی کو ذمے دار ٹھہرانا، تہمت لگانا۔

الزام آور:(ع) جس سے تہمت لگے۔

الزّم:(ع) لازم کی تفضیل کل۔ بہت ہی زیادہ ضروری۔

السّابقوُن:(ع) سب سے پہلے آنے والے۔

الست:کیا میں نہیں ہوں۔اشارہ ہے الست بربکم کی طرف۔

الستُ بربِّکُم:کیا میں تمہارا خدا نہیں ہوں۔

السِنَہ:(ع) لِسان کی جمع، زبانیں۔

مُعلّم السنہ خارجہ: غیر ملکی زبانیں پڑھانے والا استاد۔

الصاق: (ع) پیوست کرنا، ملادینا۔

الطاف: (ع) لطف کی جمع، مہربانیاں، عنائتیں۔

الطف: (ع) لطیف کی تفضیل کل۔ لطیف ترین۔

العاب: بازی میں سرگرم ہونا۔

العَطش: (ع) تشنگی، پیاس۔

العیاذُ باللہ: (ع) خدا کی پناہ۔

الغ: زنانہ، زن نما، زنخا۔

الغا: (ع) رد کرنا، قلم زن کرنا، تنسیخ۔

الغامودن: قلم زن کرنا، رد کردینا، منسوخ کرنا۔

الغاز: لُغز کی جمع، معمّے۔

الغَرَض: (ع) غرض یہ کہ، مقصدیہ ہے کہ۔

الغیاث: (ع) مددکی پکار

الِف: (ع) ابجد کا پہلا حرف۔

الَف: (ع) ہزار، (الاف جمع)۔

الفاختَن: حاصل کرنا۔ جمع کرنا۔

الفاظ: (ع) لفظ کی جمع۔

الفبا: (ع) حروف ابجد ا،ب۔۔۔

اُلفَت: (ع) دوستی، گہرا تعلق۔

باہم خیلی الفت دارند: ان کی آپس میں گہری دوستی ہے۔

الفختَن، الفاختَن: حاصل کرنا، جمع کرنا۔

الفغدَن: حاصل کرنا۔ فائدہ اٹھانا۔ جمع کرنا۔

الفی: نظم جس کے ایک ہزار شعر ہوں۔

اِلقا: (ع) تخلیقی تحریک یَا روحانی تاثیر پیدا ہونا۔

اِلقائی: (ع) روحانی تاثر کا نتیجہ۔

اَلقاب: (ع) لقب کی جمع۔

اِلقاح: (ع) (۱) حاملہ ہونا (۲) معنی خیز ہونا۔

القِصّہ: (ع) مختصر یہ کہ۔ خلاصہ۔

اَلک: چھلنی، غربال۔

اَلکا: علاقہ، سلطنت، ملک، کشور، مرزوبوم۔

الکٹرِیک: (انگ) بجلی، قوت برق۔

الکٹریکی: (انگ) برقی۔

اَلکُل: الکحل۔

اَلکلی: جس میں الکحل ہو۔

الکَن: (ع) ہکلانے والا، تھتھلانے والا، کُند زبان

اللہ: (ع) خدا۔

اللہ اَعلم: خدا بہتر جانتا ہے۔

الَمّ: (ع) درد و غم۔

الم آور: درد آگیں، دل شکن، اندو ہگیں۔

اَلماس: ایک بیش بہا جواہر کی قسم جو بہت سخت اور چمکدار ہوتاہے۔

الماس تراش: الماس تراشنے والا۔

الماس تراشیدہ: تراشا ہوا الماس۔

الماسی: الماس کی شکل کا۔

اَلمثنّی: (ع) نقل مطابق اصل۔

اَلم زَدہ: غمگین، غم کا مارا۔

النگ: (ت) سبزہ زار، مرغزار، چراگاہ۔

اَلنگوُ: کنگن، چُوڑی۔

الواث: لوث کی جمع۔ آلودگیاں۔

الواح: (ع) لَوح کی جمع، تختیاں۔

اَلواد: (ع) سرکش، نافرمان۔

الوار: لُر کی جمع، لُرستان کے رہنے والے۔

الوار:(ع) لکڑی کا تختہ۔
الواط:لُوط کی جمع، لُوطی، مسخرے ، اوباش۔
بارِق:(ع) گرنے والی بجلی، چمکنا، درخشاں، تاباں۔

بارِقہ:(ع) بادل جس میں بجلی چمکتی ہو، بجلی کی چمک۔

بارکَ اللہ:کلمہ دعا و تحسین۔ اللہ برکت دے، خدا مبارک کرے۔

بارکش:بوجھ اٹھانے والا، قلی، مزدور۔

بارکشی:ایک جگہ سے دوسری جگہ بوجھ اٹھا کر لے جانے کا کام۔

بارگان:(۱)بارش کے گدلے پانی کا گڑھا۔

بارگاو:معاہدہ اتفاق۔

بارگاہ:بادشاہ کا دربار، محل شاہی، ایوان سماعت۔

بارگہ:بارگاہ۔

بارگی:گھوڑا جس پر سامان لادا جائے۔

بارگیر:(۱)وہ جانور جس پر سامان لادا جائے (۲) محصول جو جہازوں سے لیا جاتا ہے۔

بارگیری:بوجھ لادنا، محصول دینا۔

بارگین:تالاب، جوہڑ، گڑھا جہاں غسل خانے کا پانی جمع ہو جاتا ہے، بدررو۔

بارنامہ:(۱)محصول کابل (۲)شاہی عدالت میں داخلے کا حکمنامہ، عدالت میں حاضری کا حکم نامہ۔

بارَندگی:بارش۔

موسم بارِندگی:برسات کا موسم۔

بارنگ وبوُ:باوقار نمودو نمائش، شایان شان، شان و شوکت۔

بارُو:دیوار قلعہ پناہ، آڑ، پشت و پناہ، پشت حفاظت کا سازو سامان۔

بارُوت:بارُود۔

بارُوح: زندہ دل، جوشیلا، چست و چالاک، سرگرم، خوش طبع۔

باروَر: ثمرور، باردار، کامیاب، پرمنفعت۔

باروزِہ: روزمرہ زندگی کی ضروریات۔

بارہ: دیوار، قلعہ، حصار۔

بارِہ: عزت، احترام۔

بارِہ: وقت، باری، مرتبہ، دفعہ۔

دگربارہ: دوسری مرتبہ۔

بارِہ: گھوڑا، گلّہ گھوڑوں کا۔

بارِہ: مستی پیدا کرنے والا رس جو کجھوروں اور بعض دوسرے پھلوں سے نکالا جاتا ہے۔

بارہ بند: اصطبل۔

بارھنگ: کیلا، مُوز، کیلے کا باغ۔

باری: (ع) خالق باری، خداوند تعالی۔

باری: اچھا، مختصر یہ کہ، جس طرح بھی ہو، کسی نہ کسی طرح سے، بہرحال، جیسے بھی ہو۔

باریا: ریاکار، پرُ فریب۔

بارِیاب: جسے داخل ہونے کا موقع ملا ہو، جس نے عزت پای ہو، جسے قبولیت کا شرف حاصل ہوا ہو۔

باریافتن: داخل ہونے کا موقع حاصل ہونا، عزت پانا۔

باریافتہ: جسے باریابی حاصل ہوئ ہو۔

باریدن: مینہ برسنا۔

بارِیز: پائیز، موسم خزاں۔

باریک: پتلا، لاغر۔

باریک بین: نکتہ سنج، گھری نظر سے دیکھنے والا۔

باریک بینی: نکتہ سنجی، غور سے جائزہ لینا۔

باریک خیالی: لطف خیال۔

باریک میان : پتلی کمر والا۔

باز: کُھلا، کھلنا، پھر، کلمہ اضافہ۔

باز: کُھلا، کھلنا، پھر، کلمہ اضافہ۔

دربازاست: دروازہ کھلا ہے۔

بازشدن: کھلنا۔

بازکردن: کھولنا۔

درراباز کردہ ام: دروازہ میں نے کھول دیا ہے۔

ازسرِ خود باز کردن: ٹال دینا۔

باز حرف می زند: وہ پھر بول رہا ہے۔

باز: باختن= کھیلنا سے فعل امر، کھیلو۔

باز آمدن: واپس آنا۔

باز آوَرد: تحفہ، ہدیہ، ارمغان، سوغات۔

باز آوردن: واپس لانا

باز: طاقتور شکاری پرندہ، شاہین، شہباز

بازار: خرید و فروخت کا مقام، مارکیٹ۔

بازارچہ: چھوٹا بازار۔

بازار گان: تاجر، سوداگر۔

بازارگاہ: خرید و فروخت کی جگہ، خرید و فروخت کا وقت۔

بازارگرمی: بازار میں خرید و فروخت کی کثرت، تجارت کا کاروبار۔

بازافگن: پھٹا پُرانا، چیتھڑا، جسے پیوند لگے ہوں۔

باز بان: باز کے ذریعے شکار کرنے والا۔

باز بین: ریل گاڑی میں ٹکٹوں کو چیک کرنے والا، ٹکٹ چیکر۔

باز پُرس: محاسبہ یا پوچھ گیچھ کرنے والا، تحقیقات کرنے والا۔

باز پس: پیچھے، عقب۔

بازپس نگریستن: پیچھے دیکھنا۔

بازپسین: آخری دن۔

روز بازپسین: روز حساب، محشر۔

طرف سے تحقیق کرنے والا۔

باز جُوی: تحقیق، تفتیش۔

بازحمت: تکلیف دہ۔

بازخشین: ایک قسم کا باز جس کا رنگ سیاہ اور آنکھیں سرخ ہوتی ہیں۔

باز خواست: کوئی کام کسی نے کیا ہو تواس کا سبب دریافت کرنا، مواخذہ، کسی کی غلطی کا سبب معلوم کرنا

رُوز باز خواست: روز حشر۔

بازخیز: محشر۔

بازدادن: لوٹا دینا۔

بازدار: باز رکھنے والا، باز کی پرورش کرنیوالا۔

بازداشت: روک، مزاحمت، ممانعت، رکاوٹ، حراست، توقیف۔

باز داشت کردن: کسی کو زندان میں ڈالنا۔

بازداشتگاہ: جہاں کسی کو حراست میں رکھا جائے، زندان، قید خانہ۔

بازداشتن: روکنا، مانع ہونا۔

بازدم: ہوا جو پیٹ سے خارج ہوتی ہے۔

بازدید: ملاقات کے جواب میں کسی کا ملاقات کو آنا، دوبارہ ملاقات کرنا۔

دید و باز دید: ایک دوسرے سے ملاقات کرنا۔

بازدید: دیکھ بھال۔

بازدید کردن: نگہداشت کرنا، دیکھ بھال کرنا

بازرس: دیکھ بھال کرنے والا۔

بازرسی: دیکھ بھال، نگہداشت۔

بازَرگان: تاجر، سوداگر۔

بازَرگانی: تجارت۔

بازرند: **بازرنگ**- انگیا، عورتوں کا سینہ بند، بچوں کا سینہ بند۔

بازشُدگی: کھلنا، توسیع ہونا، واپسی۔

بازشُدنی: جسے کھولا جائے، کھولا جانے والا۔

بازغ: (ع) روشن، تاباں، تابناک، درخشاں۔

بازکشیدن: پیچھے کھینچنا۔

بازگاہ: گزر گاہ۔

بازگرد: بازگشت، واپسی۔

بازگرَداندن: واپس کرنا، لوٹانا۔

بازگردیدن: واپس آنا۔

بازگرفتَن: واپس لے لینا۔

بازگذاشتن: کسی چیز سے ہاتھ اٹھا لینا، کسی کے سپرد کر دینا، واگزار کرنا۔

بازگشا: ادراک، دریافت، بصیرت۔

بازگشت: واپسی۔

بازگشتہ: برگشتہ، واپس آیا ہوا۔

برگشتہ حال: پریشان حال۔

بازگفتَن: دہرانا، جواب دینا۔

بازگوُ: دُہرائی، تکرار، کہی ہوئی بات کو پھر سے کہنا، اپنے کلام کی تکرار۔

بازگو کردن: دہرانا، واضح کرنا۔

بازگون: واژگون، الٹنا، حالات برگشتہ ہونا، حالات بدل جانا۔

بازگیر: باز کی پرورش کرنے والا۔

بازگیری: کسی چیز کو کام میں لانے کا سرکاری حکم۔

بازماندگی: رکاوٹ، پیچھے رہ جانا۔

بازماندن: رک جانا، پیچھے رہ جانا، کام رہ جانا۔

بازماندہ: پس ماندہ۔

بازندہ: ہارنے والا۔

بازنشَستن: خلوت نشینی اختیار کرنا۔

بازنِشستگی: ملازمت پوری کرنے کے بعد سبکدوش ہونا، پنشن پانا۔

بازنِشَستہ: ملازمت پوری کر کے جو سبکدوش ہوا ہو، ریٹائر ہوا ہو، پنشن یافتہ۔

باز نمُودَن: بیان کرنا، تشریح کرنا۔

بازُو: (۱) کہنی سے شانے تک کا حصہ (۲) قوت (۳) مدد۔

بازو خوردن: کہنی کی چوٹ لگنا۔

بازُو دادن: مدد دینا۔

بازو گشادن: سخاوت کرنا، کھلے دل سے پذیرائی، کرنا۔

بازُوبَند: بازو پر پہننے والا زیور یا قیمتی کپڑا جو، زینت کی غرض سے بازو سے لٹکایا جاتا ہے۔

بازو دراز: (۱) لمبے بازووں والا (۲) طاقتور (۳) بالاتر۔

بازِہ: (۱) وادی، درہ، دو پہازیوں کا درمیانی فاصلہ (۲) چھڑی جو صبح کے وقت ہاتھ میں پکڑ کر چلتے ہیں۔

بازی: کھیل، مذاق، کسی چیز کی سرگرمی

بازی خوردن: دھوکا کھانا۔

بازی دادن: دھوکا دینا۔

بازی در آوردن: مذاق کرنا۔

بازی کردن: کھیلنا۔

تُوپ بازی: فٹ بال کا کھیل۔

ورق بازی کردن: تاش کھیلنا۔

باز یار: شکاری، باز رکھنے ،والا۔

باز یافت: جو چیز دوبارہ حاصل ہوئی ہو، گم شدہ چیز کا مل جانا۔

باز یافتن: دوبارہ کسی چیز کا ہاتھ آجانا۔ کھوئی ہوئی چیز کا ملنا۔

باز یافتی: جو چیز محنت اور کوشش کے بغیر حاصل ہوجائے۔

بازِیچِہ: کھلونا، ہنسی مذاق۔

بازِیدَن: باختن، ہارنا۔

بازی کدہ: جہاں کھیلیں ہوتی ہیں۔

بازی کُن: کھلاڑی، مداری، بازیگر۔

بازی گاہ: کرتب دکھانے والا، نٹ۔

بازیگر خانہ: بازی گاہ، کھیل کا مخصوص مقام۔

بازی گوُش: بے فکر، سبک سر، لاپروا۔ کھیل کا دلدادہ۔

بازی گوشی: کھیل کا دلدادہ ہونا، لاپروا ہونا۔

باژ: باج، خراج،محصول وغیرہ۔

باژبان: باج خراج وصول کرنے پر مامور۔

باژرَند: سینہ بند۔

باژرَنگ: انگیا، مستورات کا سینہ بند۔

باژگُون: واژ گون، الٹنا، حالات بدلنا۔

باس: قدیمی، پرانا۔

باس: خوف، ڈر۔

باس: قوت، شجاعت، دلیری، جوانمردی۔

باستار وبے ستار: فلاں فلاں۔

باستان: قدیمی، قدیمی تاریخ۔

داستان باستانی: قدیمی قصہ۔

باستان شِناس: قدیمی یاد داشتوں میں دلچسپی لینے والا، ماہر آثار قدیمہ۔

باستانی: قدیمی، پُرانا۔

باستِثنای: سوا، بجز، علاوہ۔

باستراک: (۱) ایک خوبصورت پرندہ جو یورپ میں ہوتا ہے (۲) قلاع، ایک بیماری جو خصوصاً بچوں کو ہوجاتی ہے جس سے ان کے حلق اور منہ میں چھالے نکل آتے ہیں۔

باسَر حیران: (۱) سر کے بل (۲) دفعتاً (۳) ناعاقبت

اندیشانہ، عاجلانہ۔

باسَرہ: کھیتی باڑی کے لیے تیار زمین، کشت زار۔

باسِط: (ع) کشادہ دست، باہمت، کھلے دل والا۔

الباسط: اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

باسقاق: باسقاق: گورنر، صوبے کا حاکم، (خوارزم کی مقامی زبان میں)۔

باسِق: لمبا، بہت، طویل، بلند، دراز، بہت اونچا لمبا درخت۔

باسگونہ: تحفہ، ہدیہ، ارمغان۔

باسِل: پہلوان، جری، بہادر۔

باسَلاح: مُسلح۔

باسلق: ایک قسم کی منھائی جو نشاستے اور اخروٹوں سے تیاری کی جاتی ہے۔

باسلیق: (ع) بازو کی رگ۔

باسلیقہ: مزیدار (اردو۔ سلیقہ مند، باتمیز، مہذب)۔

باسمَہ: (ت) طبع کرنا، چھاپنا۔

باسُو: سوٹی، چھڑی، عصا۔

باسُور: بواسیر۔

باسواد: پڑھا لکھا۔

باسِہ: روسیاہ۔

باسیع: ابابیل۔

باش: **باشیدن، بودن** = ہونا سے فعل امر، ہو۔

زیرک باش: عقل مند بنو۔

باش: **با او** ۔ اس کے ساتھ۔

باشام: (۱) پردہ (۲) ایرانی موسیقی کی ایک راگنی۔

باشامہ: خواتین کے سر کی چادر، دوپٹہ۔

باشتاب: جلد، جلدی سے۔

باشد: **باشیدن** = ہونا سے ہوگا، اونزدشما باشد: وہ تمہارے قریب ہوگا۔

باشَرَف: با احترام، آبرو دار، قابل عزت، مکرم و معظم۔

باشَش: قیامگاہ، رہنا سہنا۔

باشُعُور: عقل مند۔

باشقہ: مٹی کی لپائی۔

باشُکُوہ: شاندار، عالی شان۔

باشِکوَہ: شکوہ، شکوہ شکایت سے۔

باشگاہ: کلب، وسیع احاطہ جہاں کچھ لوگ ورزش کھیل یا تفریح کے لیے جمع ہوتے ہیں۔

باشگون: سرنگون۔

باشلِق: (ت) (۱) بارانی ٹوپی جو بارش میں گردن تک پہنی جاسکتی ہے۔

باشلِیہ: سند رکھنے والا۔

باشلیہ دربازر گانی: علم تجارت کی سند رکھنے والا، بی-کام۔

باشلیِہ در سیمی: علم کیمیا کی سند رکھنے والا

باشلیِہ در قانونِ مدنی: قانون دیوانی کی سند رکھنے والا۔

باشَلیہ در هنری زیبا: فنون لطیفہ کی سند رکھنے والا۔

باشنامِہ: (۱) لقب، عرف (۲) فخر، لطف و کرم۔

باشَندہ: ساکن، رہنے والا، باشند گان جمع۔

باشَنگ: انگوروں کا گچھا جو شاخ سے لٹک رہا ہو۔

باشُو: چھپکلی۔

باشَوق: سرگرم، پر جوش، سنجیدہ، ذہین۔

باشُومَہ: خواتین کی چادر۔

باشِہ: چھوٹی قسم کا باز، شکرا وغیرہ۔

باشیٔ: سردار، فوجی دستے کا کماندار۔

باشی: باشیدن یا بودن سے فعل امر، ہو، رہو۔

زندہ باشی: جیتے رہو، خدا تمہیں جیتا رکھے۔

باشِیدَن: بودن، ہونا :

باصَبر: صبور، صبر والا۔

باصِر: (ع) بصارت رکھنے والا، دیکھنے والا، بینا۔

باصِرہ: (ع) باصِر کی مونث، دیکھنے والی، نظر آنکھ۔

حِسِ باصِرہ: دیکھنے کی حس۔

باصَرفہ: فائدہ مند۔

باصفا: صاف، خوشگوار۔

باصفَت: مخلص، وفادار۔

باصِلہ: (ع) ذاتی، اصلی، لازماً، لازمی طور سے۔

باصِمہ: (ع) ٹانپ شدہ، چھپا ہوا۔

باصمہ زدن: (۱) چھاپنا، (۲) تکٹ چسپاں کرنا۔

باصِمہ کار: فن طباعت میں صلاحیت رکھنے والا۔

باصمہ کاری: فن طباعت، چھپائی۔

باطری: (انگ) بیٹری۔

باطِس: ایک قسم کی خاردار جھاڑی۔

باطِل: (ع) جھوٹ (۲) بے بنیاد بات۔

باطِل شُدن: بیکار ہو جانا۔

باطل کردن: بیکار کردینا۔

باطِلُ السِّحر: ارادہ اور دعا جس سے جادو کا اثر زائل ہوجاتا ہے۔

باطلاق: (ت) دلدل، دلدل میں پھنسا ہوا۔

باطِلہ: بے اثر، فضول چیزیں، بیکار۔

باطمطُراق: شان و شوکت کے ساتھ، فروشکوہ کے ساتھ۔

باطَمَع: طمع کرنے والا، حریص، لالچی۔

باطِن: (ع) (۱) فہم کی اندرونی حس، پوشیدہ، (۲) دل، دماغ میں جو کچھ ہو۔

ظاھرش خوب ولی باطنش بداست: ظاہر میں وہ اچھا دکھائی دیتا ہے لیکن اس کے دل میں جو ہوتا ہے وہ اچھا نہیں۔

باطِناً: (ع) باطن کے لحاظ سے، دل سے، دل و جان سے۔

باطِن بِین: کسی کے اندرونی حالات کو معلوم کرنے والا۔

باطنی: دلی، قلبی لحاظ سے۔

باطِیہ: پیالہ، جگ۔

باظرافَت: ظریف، بذلہ سنج، خوش طبع۔

باع: (ع) دائیں ہاتھ کی انگلی سے بائیں ہاتھ کی انگلی کا فاصلہ جب یہ ہاتھ دائیں بائیں طرف بلند کیے جاتے ہیں۔

باعاطِفِہ: جذباتی۔

با اعتِدال: اعتدال کے ساتھ، اوسط درجے کے لحاظ سے۔

باعِث: (ع) سبب، وجہ، ذریعہ۔

باعَجَلہ: عجلت کے ساتھ، جلدی سے۔

باعِد: (ع) بعید، دور۔

باعَدالت: انصاف کے ساتھ۔

باعَزم: پکے ارادے کے ساتھ، مستحکم ارادے والا۔

باعصمت-باعفَت: نیک، پاک، پاک دامن، معصوم، طاہرہ۔

باعِلم: عالِم۔

باعُورا: بلعم کا باپ حضرت موسی(ع) کا ہم عصر۔

باعَیب: عیب دار، ناقص۔

باغ: چمن، گلستان، گلزار۔

باغِ اِرَم: جنت ارضی کا باغ، نہایت خوبصورت چمن زار۔

باغِ وَحش: چڑیا گھر۔

باغبان: باغ کی دیکھ بھال کرنے والا، مالی۔

باغبانی: مالی کا کام۔

باغَج: ترش "انگور" انگور جو اتنے پکے نہ ہوں، نا رسیدہ انگور، انگورنیم رس۔

باغچِہ: چھوٹا باغ۔

باغچِہ بندی: باغ کی ترتیب کرنا۔

باغر:باغرہ:رَسولی۔

باغرَض:غرض مند۔

باغستان:چمن زار۔

باغِ شیرین:قدیم ایرانی موسیقی کی دُھن، مثال

چوکردی باغ شیریں را شکر بار

شدی باغ از زمین بوسش شکر خوار

جب تو نے باغ شیریں کی میٹھی دُھن میں گاناشروع کیا تو زمین اس سے متاثر ہوئی اور باغ میں میٹھے پھل آگئے۔

باغک:باغچہ۔

باغنج:انگور ترش و نارس، باغچ۔

باغندہ:کپاس جس سے بنولے نکال دیے گئے ہوں اسے کاتنے کے لیے تیار کیا گیا ہو۔

باغوان:باغبان۔

باغوش:غرطہ، غوطہ لگانا۔

باغی:جو کچھ باغ میں لگایا گیا ہو۔

باغی:بغاوت کرنے والا، سرکش،نافرمان۔

باغیرت:غیرت مند۔

باف:بافندہ = بننے والا سے اسم فاعل کے معنی دیتا ہے مثلاً پارچہ باف، کپڑا بننے والا۔

بافت:کپڑے کی بُنائی، تاروپود، کپڑے بُننے کا عمل۔

بافت شناس:کپڑے بننے کے فن سے واقف۔

بافتگی:تارو پود، بناوت۔

بافتن:کپڑا بننا۔

بافتوّت:سخی۔ فیاض، دلیر۔

بافتہ:بُنا ہوا کپڑا۔

بافدم:اخیر، نتیجہ، عاقبت، انجام، پایان کار مثال:

کنی خویشتن از رہِ راست گم

کہ خود را بدوزخ بری بافدم

تو سیدھے راستے سے اپنے آپ کو بھٹکا رہا ہے جس کا انجام یہ ہوگا کہ تو دوزخ کا راستہ لیگا۔

بافراسَت:ذہین، زیرک، دانا۔

بافراط:افراط سے، بہت زیادہ۔

بافَرّ:باشکوہ، شان و شوکت والا۔

بافرہنگ:دانا، عقل مند۔

بافکار:جولاہا، بافندہ۔

بافندگی:جولاہے کا کام۔

بافندہ:جولاہا۔

بافہ:گتھا، گتھی۔

باقر:کھولنے والا، جس کے پاس بہت علم اور مال ہو اہل تشیع کے پانچویں امام کا لقب۔

باقعہ:(ع) حادثہ، آفت، مصیبت، بدبختی، بواقع جمع۔

باقلا:لوبیا۔

باقلوا:منہائی کی ایک قسم۔

باقو:سیارہ مریخ۔

باقی:(ع) جو رہ گیا ہے، بقایا، پائدار، پائندہ، جاوید۔

باقیات:باقی بچی ہوئی یادگاریں۔

باقی ماندگی:جو باقی بچا ہو۔

باک:خوف، ڈر۔

باک داشتن:خوف کھانا۔

بی باک:نڈر، لاپروا۔

باکِرہ:(ع)دوشیزہ، کنواری۔

باکفایَت:لائق،قابل۔

باکلہ:لائق، قابل۔

باکمال:کمال کو پہنچا ہوا، بہت باہنر، شائستہ، بہت لائق

باکند:با قُوت۔

باکُور:(ع) موسم کی پہلی بارش۔

باکُورہ:(ع) موسم کا پہلا پھل۔

باکی:(ع) رونے والا، گریہ کرنا، رونا، آہ و بکا کرنے والا۔

باکیدَن:خوف کھانا۔

باگُذشت:تحمل، برداشت، صبر، مروت، نرم۔

باگل:(ع) نیم گرم پانی۔

بال:(ع) پرندوں کے پر، پرواز کا ذریعہ جدو جہد کا وسیلہ۔

چوشیر گاہِ قناعَت دہانِ آز ببند
چو باز وقت ھُنر بالِ جُستجو بکشا

شیر کی طرح قناعت کے وقت حرص و ہوس کا منہ بند کر دو اور باز کی طرح اپنی ہنر مندی کے وقت طلب و جستجو کے لیے پرِ پرواز کھول دو یعنی اپنی جدو جہد کے ذرایع کو بروے کار لاؤ۔

بال افگندن:کمزور ہو جانا ، پروں کا جھڑ جانا

بال زدَن:پر پھڑ پھڑانا ، آمادہ پرواز ہونا۔

با بال دیگری پریدن:کسی دوسرے کے بل بوتے پر کام کرنا۔

بال چتری:پیرا شوٹ۔

بال:دل، قلب، دماغ۔

فارغ البال:اپنے حالات میں پر سکون ہونا مطمئن، پرُسکون۔

بال:(انگ)مجلسِ رقص،محفل رقص

بالا:اوپر، اوپر کی طرف۔

بالا آوردنَ:پرورش کرنا ، تعلیم دینا. تربیت کرنا

بالابُردن:ترقی دلانا۔

بالاتر:زیادہ ترقی یافتہ۔

بالاجَستن:چھلانگ لگانا ، ترقی کرنا۔

بالا رفتن:ترقی کرنا۔

بالاکردن:اٹھانا ، ترقی دلانا

بالانگاہ کرد:اوپر کی طرف دیکھا۔

بالا:اونچے قد کا۔

ز دست کوتہ خود زیر بارم
کہ از بالا بلندان شر مسارم

کوتاہ دستی یعنی کم ہمتی نے مجھے بے بس کیا اس لیے میں اونچے قد والے بلند مرتبہ لوگوں کے سامنے شرمسار ہوں ان کے سامنے آنکھ نہیں اٹھتی۔

بالا بال:مضبوط، مستحکم، طاقتور۔

بالا بان:ڈھول، نقارہ، کوُس، طبل۔

بالا بُلند:بہت اونچے قد کا۔

بالا بند:کپڑوں کے اوپر پہننے والا لباس۔

بالا بُود:کسی چیز کا کچھ حصہ جو باقی رہ گیا ہو۔

بالا پوُش:اوپر پہننے والا لباس، اوور کوٹ، رضائی، لحاف۔

بالاتفاق:(ع) اتفاقیہ۔

بالاِتمام:(ع) مکمل، مکمل کرکے۔

بالا تنہ:جسم کا اوپر کا حصہ۔

بالاِجتماع:(ع) اجتماعی طور سے۔

بالاِ جمال:(ع) مختصر طور پر۔

بالا خانہ:اوپر کی منزل، اوپر کے کمرے۔

بالآخِرہ:(ع) آخر کار۔

بالاخوانی:مبالغہ۔

بالاد:گھوڑے کا پالان۔

بالادَست:جسے دوسروں پر برتری حاصل ہو، بلند مرتبے کا۔

بالادستی:مرتبے کی بلندی، برتری۔

بالار:چھت کا شہتیر وغیرہ۔

بالاِرادہ:خود اپنے ارادے سے۔

بالارَو:بالائی منزل کی برقی سیڑھی۔

بَالا رُود: دریا یا ندی کا اوپر کا حصہ۔

بِالاستقلال: (ع) ثابت قدمی سے۔

بالاسَر: سر کے اوپر۔

بِالا شتراک: (ع) باہمی شراکت سے۔

بِالا ضطِرَار: (ع) بے چینی سے۔

بِالاکرام: (ع) احتراماً، عزت کے ساتھ۔

بِالاکراہ: (ع) مجبوری سے، بادل نا خواستہ، جبر و اکراہ سے

بالا گر: شہتیر۔

بالان: دالان، گھر کی دہلیز۔

بالانشین: سب سے اوپر کی منزل میں مقیم۔

بالانیدن: چلانا، اگانا، نشوونما پیدا کرنا۔

بالائی: اوپر کا حصہ۔

بِالبَداھَة: اچانک کسی بات کا سوجھ جانا، فی البدیہہ کوئی بات یاد آنا۔

بِالتّخصیص: خصوصیت کے ساتھ۔

بِالجملہ: کُلیۃً، بالکل۔

بِالجَبر: جبر سے، دباؤ ڈال کر۔

بالدار: پروں والا (پرندہ)۔

بِالذّات: ذاتی طور سے۔

بالزَن: پھڑ پھڑاتا ہوا۔

بالست: دوشیزہ، کنواری، دختر پاکیزہ۔

بالستَن۔۔۔بالشتَن: برکت کے لیے دعا مانگنا۔

بالِش: تکیہ۔

بالِش: نشوونما، بالیدگی، روئیدگی، افزائش۔

بالِشت: ہاتھ بھر کا فاصلہ۔

بالِشک: چھوٹا سا تکیہ، گدی۔

بِالضَّرُورت: ضرورت کی بنا پر۔

بِالطّبع: فطری طور سے، فطرۃً۔

بِالعَکس: برعکس، بر خلاف۔

بالِغ: (ع) سن بلوغ کو پہنچا ہوا، قانوناً اٹھارہ برس کی عمر تک پہنچا ہوا۔

بالِغہ: (ع) (مونث بالغ) لڑکی جو سن بلوغ کو پہنچ چکی ہو۔

بِالفرض: (ع) اگر فرض کیا جائے۔

بِالفِعل: (ع) حقیقتاً۔

بِالقَصد: (ع) ارادۃً، اپنی مرضی یا ارادے سے۔

بِالقُوہ: پوری قوت سے۔

بالک: چراغ رکھنے کی جگہ۔

بالکانہ: جالی دار کھڑکی، جھروکہ۔

بِالکُل: سب کا سب۔

بالکُن: بالکونی، بالاخانہ، شہ نشیں، بالاخانے کا برآمدہ۔

باللہ: (ع) خدا کی قسم۔

بِالمَرّہ: (ع) وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ۔

بِالمُشافہہ: (ع) آمنے سامنے۔

بِالمُشاھدہ: (ع) مشاہدے سے، چشم دید۔

بِالمُعائنہ: (ع) آنکھ سے معائنہ کرکے۔

بِالمُقابلہ: (ع) جواباً، دونوں طرف سے، باہم دگر۔

بِالمُقاطعہ: (ع) قطعی طور سے۔

بِالمُناصفہ: (ع) نصف نصف، برابر برابر۔

بِالمُواجہ: بالمشافہ، آمنے سامنے۔

بالندہ: شیخی بگھارتے ہوئے، ڈینگ مارتے ہوئے۔

بالنگ: گلگل، چکوترا، کرخت جلد والا پھل۔

بالنگو: ایک قسم کا ریحان جس کے پتے لمبے، باریک اور پھول سفید ہوتے ہیں، بیج اس کے دوائی کے کام آتے ہیں۔

بالوُ: بھائی۔

بالو: غمگین صدا۔

بالوس: غیر خالص کافور۔

بالوعہ: گندہ نالہ، بدر رو، چہ بچہ، گندگی یا غلاظت کا گڑھا۔

بالوں: (انگ) بیلون، غبارہ۔

بالیدگی: (۱) نشوونما (۲) فخر (۳) ڈینگ، شیخی۔

بالیدن: (۱) نشوونما پانا (۲) فخر کرنا، ڈینگ مارنا۔

بالیک: چمڑے کا جوتا۔

بالین: تکیہ، سرہانہ۔

بالین پرست: آرام کا عادی، سُست، پڑا رہنے کا عادی۔

بام: چھت کا باہر کا حصہ۔

بام چشم: آنکھ کی اوپر کی پلک۔

بام: آفتاب کے طلوع ہونے کے قریب کا وقت، صبح جلدی۔

بام: موسیقی میں زیر کے مقابلے میں بم کی صدا۔

بامداد: صبح، مثال:

غلام نرگس مستم کہ بامداد و پگاہ
قدح بدست گرفتہ ز خواب برخیزد

میں اس نرگس مست کا غلام ہوں جو علی الصباح جام ہاتھ میں لیے ہوئے خواب سے بیدار ہوتی ہے۔

مثال دیگرہ:

خوشتراز دوران عشق ایام نیست
بامداد عاشقاں را شام نیست

عشق کے ایام سے بہتر زندگی میں اور ایام نہیں ، عاشقوں کی صبح کے لیے کوئی شام نہیں ہوتی ان کے لیے وقت ایک سا رہتا ہے۔

بامدادان: صبح کے وقت۔

بامداومت: استقلال کے ساتھ ، باقاعدہ طور سے۔

بامروت: مہربان، فیاض، شفیق، ہمدرد ، کریم النفس۔

بامرہ: سیڑھی، نردبان۔

بامزہ: خوش مزہ، لذیذ۔

بامستون: بالکونی، بالاخانہ، شہ نشیں، بالا خانہ کا برآمدہ۔

بامسمٰی: نام کے قابل۔

اسم بامسمٰی: جیسا نام اچھا، ویسا ہی وہ خود بھی اچھا۔

بامعرفت: ذہین، زیرک، دانشمند۔

بامعنی: معنی خیز، پُر معنی، اہم۔

بام غلطان: رولر جو مکان کی چھت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

بام غلطان کردن: ہموار کرنے لیے رولر کا استعمال کرنا۔

بامگاہ: صبح کا وقت۔

باملاحظہ: خلیق، شایستہ ، مہذب۔

بام نشین: تباہ شدہ۔

بامہ: لمبی اور گنجان، لمبی اور گنجان ڈاڑھی والا شخص

بامیان: درمیانے درجے کا اہل قلم۔

بامیل: برضاو رغبت، صدق دل سے۔

بامیہ: چوڑے پتوں والا پودا جس کے پھل سبز رنگ کے اور لمبے ہوتے ہیں۔

بان: لاحقے کے طور آتا ہے مثلاً نگہبان، پاسبان وغیرہ بمعنی محافظ، نگران۔

دربان: دروازے کا نگہبان۔

بان: بام، چھت۔

بان: مخفف بانگ، آواز، صدا ، فریاد۔

بان: سردار، رئیس۔

بانتظار: انتظار میں۔

بانظم: منظم، ترتیب یافتہ۔

بانفوذ: با اثر۔

بانک: (۱) بنک جہاں اپنی رقم جمع کراتے ہیں (۲) تاش کا کھیل۔

بانک استقراضی: بنک جہاں سے قرضہ لیا جاسکتا ہو۔

بانک ملی: قومی بنک۔

دربانکِ ملی گذاشتن: قوی بنک میں مال جمع کرنا۔

بانکی: بنک سے متعلق۔

معاملات بانکی: بنک سے متعلق معاملات۔

بانگ: آواز، بلانا، شوروغل، پکارنا۔

بانگ بر آوردن: شور کرنا۔

بانگ نماز: اذان۔

بانگیدن: بانگ زدن: آواز دینا۔

بانو: کلمۂ احترام برائے خواتین۔ شریف زادی، اونچے مرتبے والی خاتون۔

بانُوئی مصر: زلیخا۔

بانوا: سرُیلی آواز کے ساتھ۔

بانُوج: جھولن کھٹولا۔

بانی: (ع) بنُیاد رکھنے والا۔

بانیاز: مفلس، حاجت مند۔

باوُ جوُد: لائق، مفید۔

باوَر: یقین، اعتقاد۔

باور کردن یاداشتن: یقین کرنا۔

باورکردنی: قابل یقین۔

باور نا کردنی: نا قابل یقین۔

باورچی: کھانا پکانے والا۔

باوَریدن: یقین کرنا۔

باصفا: وفادار، مخلص۔

باوَصف: لائق، قابل، مُفید، باوجود۔

باوَقار: پُروقار، معزز، پُرشکوہ۔

باوِین: نوکری جس میں خواتین کاتنے والی روئی رکھتی ہیں۔

باہ: جنسی قوت۔

باہ: شوربا۔

باھار: خوراک کا برتن۔

باھِدہ: درست، سچ۔

باھَر: (ع) ظاہر، کھلا، اعلیٰ، شاندار، روشن درخشاں، آشکار۔

باھُش: باہوش، ہوشمند، ذہین۔

باھِک: شکنجہ، آزار۔

باہکیدن: شکنجے میں کسنا۔

باھِل: (ع) بیکار۔

باھَم: (ع) ساتھ، مل کر۔

باھم رفتن: اکٹھے جانا۔

باھمدیگر: اکٹھے، مل کر۔

باہُنر: ہُنرمند، کسی فن کو اچھی طرح جاننے والا۔

باھُو: بازو۔

باھُوش: ذہین، زیرک، ہوشیار۔

باھَیبت: پرُ رُعب، دبدبے والا۔ دہشت ناک

بای: مالدار، دولتمند۔

بایا: بایستن مصدر سے، لازم، ضروری، واجب۔

بای حال: ہر حال میں، ضروری ، واجب و لازم۔

باید: ضروری ہے، ضروری ہونا چاہیے۔

بائیر: بنجر زمین، جہاں کاشت نہ ہوسکے۔

بایست: باید، ہونا چاہیے۔

بایَستگاہ: خواہش، تمنا، آرزو۔

بایستگی: ضرورت، حاجت، لازم ہونا۔

بایَستن: ضروری ہونا، کسی چیز کا لازم ہونا۔

بایستنی:ضرورت کے قابل۔

بایِش:ہستی، وجود۔

بایِع:(ع) بیچنے والا، مشتری۔

بایَقوش:اُلو، اُلو کی آواز۔

بایِگان:ریکارڈ کیپر، محافظ، قدیمی یادداشتوں کا محافظ۔

بایگانی:قدیمی ریکارڈ، قدیمی باداشتیں۔

بایَن:بائن ۔ (۱)بیِّن، واضح (۲)الگ (۳) طلاق یافتہ، مطلقہ۔

بایندان:ضامن۔

بایِیدن:بایستن، ضروری ہونا، کسی چیز کا لازمی ہونا۔

بَبَر:شیر۔

ببغا: طوطا۔

ببغای شیرین ادا:بلبل۔

ببک:آنکھ کی پُتلی۔

بپا:سیدھا کھڑا ہونا۔

بپاایستادن:سیدھا کھڑا ہونا۔

بپا:بپاییدن= محتاط رہنا سے محتاط رہو۔

بپساویدَن:سوُدن ۔ ملنا، گھسنا۔

بپسُودن:رگڑنا۔

بُت:مجسمہ جسے خاص صفات سے موصوف سمجھا جاتا ہے اور ان صفات کو خدائی صفات سمجھ لیا جاتا ہے اور اس کی پرستش ہوتی ہے مجازاً معشوق۔

بَت:آہار، کلف جو کپڑوں وغیرہ کو لگائی جاتی ہے۔

بتا:بتات: پختہ چاول جن میں دودھ اور مکھن ملاتے ہیں۔

بتَارِہ:جولاہے کا برش۔

بتَاوار:انجام، عاقبت، آخرکار، مثال:

من خوب مکافاتِ شما باز گذارم
من حق شما نیز گذارم به بتاوار

تم نے جو سلوک کیا ہے، اسے میں نظر انداز کر رہا ہوں، لیکن وہ سلوک کرنے کا جو تم نے حق سمجھا ہے اسے میں تمہارے انجام پر چھوڑتا ہوں۔

بتاییدن:چھوڑ دینا، رکھ دینا۔

بت پرَست:بتوں کی پرستش کرنے والا۔

بت تراش:بت تراشنے بنانے والا، مجسمہ ساز۔

بتخانِہ:جہاں بت کی پوجا ہوتی ہے، جہاں بت رکھے جاتے ہیں، بتوں کا مندر۔

بتدریج:درجہ بدرجہ، رفتہ رفتہ۔

بترجا:(۱)جسم کے پوشیدہ اعضا (۲)ناخن کا نچلا حصہ جہاں میل جم جاتا ہے۔

بتَرک:جدا ہونا۔

بُتستان:جہاں بت رکھے جاتے ہیں، بتکدہ۔

بَتکَن:سردرد، تکلیف جو بدہضمی کی وجہ سے ہوجاتی ہے۔

بَتکُوب:خوراک جو دودھ دہی سے تیار کی جاتی ہے۔

بتکِیش:ترکش۔

بتلاب:پتے جو پھول کے ارد گرد ہوتے ہیں۔

بَتنج:چھینک۔

بُت نگار:بتوں پر نقش و نگار کرنے والا۔

بتَو:مشرق۔

بتو: قیف۔

بتواز: جز۔

بتوسّط: وساطت سے، ذریعے سے۔

بتوک: لکڑی کی طشتری، طبق، سینی، ترے۔

بَتول: (ع) پارسا، پاکدامن، پاک، لقب حضرت فاطمہ (رض)۔

بتہ: موسل۔

بَتیا: سینہ۔

بتیار: رنج، مشقت، محنت۔

بتیارہ: بد صورت۔

بتیلہ: پتیلہ۔

بثر: برانگیختہ کرنا، غبار ازانا، خبر کو آشکار کرنا، اپنے رنج و اندوہ کو ظاہر کرنا۔

بثر: دیکھیے بثور۔

بُثور: بثر کی جمع، پھوڑے پھنسیاں۔

بجا: معقول، مناسب۔

بجا آوردن: کسی کام کو انجام دینا۔

بجا رسیدن: مکمل ہوجانا۔

بجان آمدن: خستہ ہوجانا، زندگی سے اکتا جانا۔

بجان آوردن: خستہ ہو جانا، تنگ آجانا۔

بجبر: جبر سے، دباؤ ڈال کر۔

بجز: سوا۔

بَجَس: ناک کی ہڈی۔

بَجَست: آواز، گنبد کی صدا۔

بَجکم: ایوان، بارگاہ۔

بُجُل . . . بُجول: تخنہ، تخنے اور پنڈلی کے بیچ کا حصہ۔

بج بج: زیر لب بات، چپکے چپکے بات کرنا۔

بَچکَم: (۱) موسم گرما گذارنے کے لیے قیامگاہ (۲) صوفا (۳) ایوانِ سماعت۔

بَچگان: بچہ کی جمع۔

بچگانہ: بچوں کی سی۔

بچگی: بچپن۔

بَچم: نظم و تربیت۔

بچّہ دار: بچوں والا۔

بچہ داری: بچوں کی پرورش کرنا۔

بچہ کردن: بچے کا پیدا ہونا۔

بَحّاث: (ع) بہت بحث کرنے والا۔

بَحار: (ع) بحر کی جمع، سمندر۔

بَحال: اچھی حالت میں، اصلی حالت میں۔

بُحبُوحہ: کسی چیز یا امر کا درمیانی حصہ۔

بَحت: خالص، صاف۔

بَحث: (ع) موافقت اور مخالفت میں اظہار خیال، تکرار، دلیل پیش کرنا مذاکرہ، کُنجکاوی۔

بَحر: (ع) سمندر۔

بَحر: شعر کا وزن، شعر کے بحروں کی تعداد اُنیس ہے۔

بحراً: سمندر کے راستے سے۔

بَحرُ العُلوم: بہت بڑا عالم، علوم کا سمندر۔

بُحران: (ع) آشفتگی، پیچیدگی، اُلجھن، نازک وقت، قضیہ، خطرہ، تغیر حالت۔

بُحرانی: بحران سے متعلق۔

بَحردست: انتہائی فیاض، کھلے ہاتھ والا۔

بحرُوزہ: گوند، رال۔

بحری: سمندری۔

بحریہ: جنگی جہازوں کا بیڑا۔

بحسب: دستور کے مطابق۔

بحَق: حق کے ساتھ، حق کے مطابق۔

بَحکُم: حکم کی رُو سے۔

بحِل: معافی۔

بحل کردن: معافی دینا۔

بُحُور: (ع) (۱) بحر کی جمع (۲) اشعار کے اوزان۔

بُحَیرَہ: (ع) چھوٹا سمندر۔

بَخ: (۱) کلمہ تحسین، شاباش، خوشا، آفرین، اظہار خوشنودی کا کلمہ (۲) آنکھ کی گید۔

بخ: شطرنج۔

بُخار: ہوائی رطوبت، دُھند، کُہرا، بھاپ۔

بُخار کردن: بھاپ کا خارج ہونا۔

کشتی بخار: دُخانی کشتی۔

مِقیاسِ فشارِ بخار: بخارات کے دباؤ کو ناپنے والا پیمانہ۔

بُخار: حرارت ہو جانا، تپ۔

بُخارا: شہر کا نام جواب روسی تر کستان میں ہے۔

بخاردار: جسے تپ ہو۔

بُخارسنج: تھرمامیٹر۔

بُخاری: گرم رکھنے والا سٹوو یا ہیٹر، بھاپ کا چولہا۔

بُخاری: بخار سے متعلق۔

بخاطِر: دل میں۔

بخّال: (ع) بہت زیادہ بخیل، انتہائی کنجوس۔

بخت: نصیب، قسمت۔

بختِ تیرہ: بد نصیبی۔

بختِ بیدار: خوش نصیبی۔

بختِ خُفتہ: بد نصیبی۔

بختِ سبز: خوش نصیبی۔

خوش بخت: خوش نصیب۔

بُخت: دو کوہانوں والا اُونٹ۔

بَخت آزمای: قرعہ ڈالنا، قسمت کا اندازہ کرنا لاٹری۔

بَختاوَر: خوش نصیب۔

بخت برگشتہ: بدنصیب۔

بختَر: باختَر، مغرب۔

بختک: ڈراؤنا خواب، کابوس، وہ خواب جس کا ڈر بیٹھ گیا ہو۔

بختک: بد نصیبی۔

بخت مند: خوش نصیب۔

بختُو: (۱) بجلی، برق، رعد، ہر گرجنے والی چیز۔

بختوَر: صاحب بخت و دولت، خوش بخت، بختیار۔

بختِہ: تین یا چار سال کا مینڈھا، موٹا تازہ۔

بختی: قوی ہیکل اونٹ جس کے دو کوہان ہوں۔

بختیار: خوش نصیب۔

بختیاری: خوش نصیبی۔

بختیاری: ایران کے ایک قبیلے کا نام اور اصفہان کے قریب وہ علاقہ جہاں یہ قبیلہ رہتا تھا۔

بختیاوَر: بختاور، خوش بخت۔

بَخجَد: میل جو لوہا پگھلانے کے ساتھ نیچے رہ جاتا ہے۔

بخُدا: خدا کی قسم۔

بَخر: بھاپ، کا خارج ہونا۔

بخردی: خرد مندی، دانشمندی۔

بَخس: ناقص، کم، نیز وہ زمین جس سے آبیاری کے بغیر کچھ حاصل ہو سکے۔

بَخسانیدن: پثر مردہ کرنا، افسردہ کرنا، رنجیدہ کرنا۔

بخس: کم، تھوڑا، وہ زمین جس سے آبیاری کے بغیر کچھ حاصل ہو۔

بخست: شور، آواز، گونج

بخسودن:(۱)دل دھڑکنا (۲)ہتھوڑے سے کوٹنا۔

بخسیدَن:رنجیدہ ہونا، پثر مردہ ہونا۔

بخش:بخشیدن= بخشنا سے فعل امر، بخش دو۔

فرح بخش:فرحت بخش، خوشی بہم پہنچانے والا۔

بخش پذیر:قابل تقسیم۔

بخش کردن:تقسیم کرنا۔

بخش نامہ:گشتی مراسلہ۔

بخشایش:عطا، بخشنا۔

بخشایش گناہاں:گناہوں کی بخشش۔

بخشایندہ:بخشنے والا، اللہ تعالی۔

بخشایندگی:بخشش۔

بخشانیدن:بخشیدن، بخشنا۔

بخش پذیر:تقسیم ہونے کے قابل

بخشش:جو چیز عطا کی گئ ہو۔

بخشَندہ:بخشنے والا، سخی، فیاضی۔

بخشُودن:بری کرنا، معاف کرنا، کسی کی غلطی سے درگزر کرنا۔

بخشی:منافعہ، حصہ، مقسوم۔

بَخشی:فوج کا بڑا افسر، کمانڈر ان چیف۔

بخشیدَن:معاف کرنا، کوئ چیز کسی کو معاوضے کے بغیر دینا۔

خدایا گناہان مارا ببخش:خدا ھمارے گناھوں کو معاف کردے۔

بخشیدَنی:قابلِ معافی۔

بخُصوص:خصوصیت سے خصوصاً۔

بُخل:(ع) کنجوسی، خِست۔

بُخَلا:(ع) بخیل کی جمع، کنجوس۔

بخلاف:بر خلاف۔

بُخلہ:خرفہ، تخم خرفہ۔

بَخنُو:رعد، برق، بجلی، ہر گرجنے والی چیز۔

بُخو:بیڑی جو مجرم کے پاؤں میں ڈالی جاتی ہے، نیز ہتھکڑی۔

بخُود:اپنے آپ۔

بخود آمدن:آمادہ ہونا، ہشیار ہونا، ہوش میں آنا۔

بخود بَستہ:(۱)متاثر (۲)مشابہ ہونا۔

بخُور:لوبان وغیرہ جلنے کی خوشبو۔

بُخوردادن:خوشبو کے لیے لوبان جلانا۔

بخوردان:مِجمر:انگیٹھی، عُود یا لوبان کو جلا کر رکھنے کی جگہ۔

بُخور مریم:خوشبودار بوٹی جس کی شاخیں چھوٹی چھوٹی اور پھول خوبصورت ہوتے ہیں۔

بخُوریدن:پاگل ہو جانا۔

بَخوُن:ستارہ مریخ۔

بَخیازی:انعام جو نئے کپڑے لانے والے کو دیا جاتا ہے، اور استعمال شدہ کپڑے جو کسی کو دیے جاتے ہیں۔

بَخیدَن:روئ دُھننا۔

بَخیر:خیریت سے۔

بَخیل:(ع) کنجوس، خسیس۔

بَخیلی:کنجوسی، خِست۔

بَخیہ:(ع) سینا، ٹانکے لگانا۔

بَد:بُرا، زشت، ناپسند، ناگوار۔

بَد:بُرے طور سے، نامناسب طریقے پر۔

بُد:کلمے کے آخر میں آکر صاحب، سرور، سردار کے معنی دیتا ہے مثلاً سپ سے سپہبُد۔

بُد:بوُد بمعنی تھا کی مختصرصورت۔

بُد:چارہ، عوض۔

لابُد: ناچار، ناگزیر۔

بَد: بُرا، ناپسندیدہ۔

بُد: بُت، بتخانہ۔

بدا: لعنت ہو۔

بَدا بحال او: لعنت ہو اس پر۔

بَداء: ظاہر ہونا۔

بد آغاز: بد فطرت، بد سرشت۔

بد احوال: بد حال۔

بد اَختَر: بد نصیب۔

بد اخلاق: بد خلق۔

بداخم: ترش رُو، خفا، بیزار، بدخو، بد مزاج، ضدی۔

بداخمی: بد مزاجی، بیزاری۔

بد ادا: بُری روش اختیار کرنے والا۔

بُدار: سیخ۔

بداصل: بد فطرت بدسرشت۔

بداطوار: جس کے طور طریقے بُرے ہوں۔

بِداعَت: (ع) نئ یا عجیب چیز۔

بُداع: ایک درخت جس پر سفید پھولوں کے گچھے لگتے ہیں۔

بداُخُر: شُوم، منحوش، بد خو۔

بُداق: شلوار وغیرہ کا نچلا حصہ۔

بد آموختہ: بُری تربیت والا، بُری عادتوں والا۔

بدان: بآں، اس کو۔

بداَندیش: بدخواہ۔

بَداوَت: (ع) خانہ بدوشی، صحرانشینی، بادیہ گردی۔

بد آوَردن: بُرے نصیب لانا۔

بَداھَت: (ع) وقت کے وقت مہیا کی ہوئی چیز، فی البدیہہ کوئی بات کہنا یا شعر کہنا۔

بَداھتاً: (ع) فی البدیہہ طور پر، فوراً۔

بَدایَت: (ع) آغاز، ابتدا مثال:

ازل افسانہ بدایتِ او
ابد اندیشۂ نہایتِ او

ازل خالق کائنات کے آغاز کی سرگزشت ہے اور ابد اس کی انتہا کا فکرو خیال ہے

بدایَۃً: (ع) ابتدائ طور سے شروع میں۔

بدائِع ... بدایع: (ع) بدیِعہ کی جمع نئ چیزیں نوادر۔

بدائ: (ع) ابتدائی، تمہیدی، افتتاحی۔

بدبخت: بد نصیب، بداختر۔

بَد بَد: بہت بُرا۔

بدبَدک: بٹیر۔

بد بِدہ: کم تنخواہ۔

بد بیاری: بد بختی، خاص طور سے جوئے میں ہارنے کی۔

بدبین: ہمیشہ بُرا پہلو سوچنے والا، قنوطیت پسند، بدگمانی کرنے والا۔

بدبینی: قنوطیت پسندی، ہمیشہ بُرے پہلو پر غور کرنا۔

بدتبار: کمینہ۔

بدجِلو: سرکش۔

بدجِنس: بد فطرت، کمینہ۔

بدچشم: بُری نظر والا، دوسروں کی چیز کا لالچ کرنے والا۔

بدحال: بیمار، بد مزاج۔

بدحالی: بد مزاجی، بیماری۔

بدحرفی: بد گوئی۔

بدَخش: بدخشان، ترکستان کا ایک شہر جو ہیروں کی وجہ سے مشہور تھا۔

بدخُو: بد مزاج۔

بدخواب: جسے آرام اور آسانی سے نیند نہ آئے۔

بدخواہ: بد اندیش، کسی کا بُرا چاہنے والا۔

بدخواہانہ: بداندیشی سے، بُغض، کینے سے۔

بدخواہی: بداندیشی۔

بدخُوی: بُری عادت۔

بدخیال: دوسروں کے متعلق بُری رائے رکھنے والا۔

بدخیالی: دوسروں کے متعلق بُری رائے رکھنا۔

بد خِیَم: بد خُلق۔

بددل: بُرے ارادے رکھنے والا۔

بددماغ: مغرور، متکبر، ہمیشہ غیر مطمئن رہنے والا۔

بددَہن: جس کےمنہ سے ہمیشہ بُری بات ہی نکلے، بُری آواز والا۔

بدذات: کمینہ، گھٹیا، شر پسند۔

بدذاتی: کمینگی، شرپسندی، گھٹیا پن۔

بَدَر: پورا چاند۔

بدرام: جس کی تربیت مشکل ہی سے ہوسکے وحشی، سرکش، نافرمان۔

بدراہ: گمراہ، گم کردہ راہ، سیدھے راستے سے بھٹکا ہوا، بگڑا ہوا، مذہب سے برگشتہ۔

بدرای: بُری رائے رکھنے والا۔

بدرائحہ: بدبُو۔

بدَرد خوردن: ہمدردی کرنا، فائدہ مند ہونا، مفید ہونا، کسی کے کام آنا۔

بدرُستی: دیانت داری سے۔

بد رفتار: بُرے کردار والا، بُرے برتاؤ والا۔

بدرفتاری: بد کرداری، بد سلوکی۔

بَدرَقِہ: رہنماو رہبر، مثال:

در قافلہ دین کہ شود بدرقہ ما

گر پیشرو صدق وصفارا نشناسیم

اہل دین کے قافلے میں کون ہمارا رہنما بن سکیگا اگر ہم ایسے رہبر کو نہیں پہچان سکے جس کے دل و جان میں صفائ ہو۔

بدرقہ کسی رفتن: کسی کی رہنمائ کرنا۔

بدرَگ: بُری نسل کا، کمینہ۔

بدرودُ: خدا حافظ۔

بدرود گفتن: خدا حافظ کہنا۔

بدرِہ: رُوپوں کی تھیلی، کیسۂ زر۔

بدزبان: بدگو، جس کی زبان پر ہر وقت بُرائ ہو، گالیاں بکنےوالا۔

بدزَہرِہ: بد دل، بد فطرت۔

بد سابِقہ: جس کی ماضی کی یاد داشتیں بُری ہوں، جس کے گذشتہ حالات اچھے نہ ہوں۔

بدساز: غُصیل۔

بدساخت: جس کی بناوٹ بُری ہو۔

بدساعَت: جس کا وقت اچھا نہ گزرتا ہو، جسے بُرے حالات سے سابقہ رہتا ہو۔

بدسَج: بدذوق، لطافت سے خالی، بدزیب، بد نما۔

بدسَرانجام: بُرے انجام والا۔

بدسرِشت: بدفطرت، جس کے طور طریقے بُرے ہوں۔

بدسِگال: بداندیش، دوسروں کے متعلق بُرا سوچنے والا، شرانگیز، بدخواہ۔

بدسگالی: دوسروں کے متعلق بُرا سوچنا، شرانگیزی، شرانگیزی کا منصوبہ بنانا، بدخواہی کرنا۔

بدسلُوک: بدرفتار۔

بدسلوکی: بُری روش اختیار کرنا۔

بدسوار: جو سواری میں نا اہل ہو۔

بدسَودا: بد معاملہ، جو لین دین کا کھرا نہ ہو۔

بدسِیرت: بدکردار، جو فطرۃً بُرا ہو۔

بدشُگونی: اچھی فال نہ ہونا، بُرے انجام کے آثار۔

بدشیر: بدفطرت۔

بدطینت: بد فطرت، بد سرشت۔

بدطینتی: بدفطرتی۔

بدظن: بدگمان۔

بِدع: (۱)نیا، تازہ چیز، تازہ تخلیق (۲)معاصرین میں علم و شرف میں برتر، (ابداع جمع)۔

بِدَع: (ع) بدعت کی جمع۔

بدعَت: (ع)(۱)نئی تخلیق (۲) رفض، کسی مسلمہ اصول کے خلاف عقیدہ، نئ روش۔

بدعت گذاردن: نئ بات اختیار کرنا، نئ بات پیدا کرنا جو دین و سنت کے خلاف ہو۔

بِدعت کار: نئ راہ اختیار کرنے والا، دین و سنت کے خلاف عمل کرنیوالا۔

بدعُنُق: مغرور، اکل کھرا، روکھا تیکھا۔

بدعَهد: عہدو پیمان پر قائم نہ رہنے والا، وعدہ وفا نہ کرنے والا۔

بدعهدی: وعدےسے منحرف ہونا، وعدہ وفا نہ کرنا

بدفَرجام: بدانجام، جس کا انجام بُرا ہو۔

بدقدَم: نا مبارک (یہ نو مولود بچے یا شادی شدہ عورت کے لیے آتا ہے جس سے حالات بگڑتے نظر آئیں)۔

بدقِلق: بداطوار، نیز دلگیر، اداس، آزردہ۔

بدقُمار: زوُد حِس، عصبی المزاج جو چاہتا ہے کہ اپنی بات سے پھر جائے۔

بدقَول: جو وعدہ خلافی کرنے کا عادی ہو

بدقولی: وعدہ شکنی، بدعہدی

بدقِیافہ: بدشکل، جس کی صورت سے اس کی بدخیالی ظاہر ہوتی ہو، منحوس صورت۔

بدکار: بداعمال

بدکاری: بداعمالی

بدکِردار: بُرا، بدچلن، بداعمال، سیہ کار

بدکِرداری: بداعمالی، سیہ کاری

بد کُند: رشوت

بدکُنِش: بدکار، بداعمال

بدکیش: بے دین، بُرے عقیدے والا۔

بدگِل: بدصورت

بدگلی: بدصورتی۔

بدگُمان: شک شبہ کرنے والا

بدگمانی: شک، سؤ ظن۔

بدگُو: بدزبان، افترا پرداز

بدگُوئی: بدزبانی، افتراپردازی

بدگُہر: بدگوہر، بداصل، بدنژاد، بدذات

بَدَل: (ع) عوض، معاوضہ، جانشین، نیز کریم و شریف (ابدال جمع)

بَدَل: مصنوعی

الماس بَدَل: مضوعی الماس

بَدَل: تبدیلی

بدلِجام: بد لگام، جس کی لگام قابو میں نہ ہو، سرکش، نافرمان

بدلِقا: (۱)بدصورت (۲)چڑچڑا، تند، درشت، بدخو

بدمَست: جسے مستی کی حالت میں اپنے آپ پر قابو نہ رہے، بدحواس

بدمستی: مستی کی حالت میں اپنے آپ پر قابو نہ رہنا

بدمستی کردن: مستی کی حالت میں شور وغل کرنا

بدمعاش: جس کے روزی کمانے کے طریقے قابلِ اعتراض ہوں

بدمعاشرت: جس کا میل جول اچھے لوگوں سے نہ ہو۔

بدمعاملگی: معاملات میں کھرا نہ ہونا

بد معامله: لین دین کا برا، فریبی، مکار

بدمنش: بری عادت والا

بدمہر: جس میں شفقت یا مہربانی کا جذبہ نہ ہو

بدمہری: نامہربانی

بدن: جسم، ابدان جمع

بدن: مخفف بودن، بمعنی ہونا۔

بدنام: بری شہرت والا

بدنامی: بری شہرت، رسوائی

بدنژاد: بداصل، برے حسب نسب کا

بدنسل: بداصل، بری نسل کا

بدنظر: بدچشم، بری نظر سے دیکھنے والا

بد نعل: کھردرے بے ہنگم پیروں والا

بدنفس: بدکردار

بدنفسی: بدکرداری

بدنقش: بدنصیب

بدنقشی: بدنصیبی

بدنگر: بدنظر، بری نظر سے دیکھنے والا

بدنما: بدصورت

بدنمائی: بدصورتی

بدنهاد: بدفطرت، بدسرشت

بدنی: جسمانی

بدنیت: جس کی نیت بری ہو

بدنیتی: بری نیت ہونا

بدو: آغاز، ابتدا، شروع، کام کا آغاز

بدو: دویدن: دوڑنا سے فعل امر

بدو: صحرا، بیابان

بدو: بہ او، اسکو، اُسے

بدوار: شریر، بدطینت

بدوح: وسیع سر زمین

بدوره: ایک قسم کی مٹھائی، مٹھائی جو مہمان دعوت سے اٹھا کر بھی لے جاسکتے ہیں

بدوره: حصہ، بخرا

بدوضعی: بری صورت، بری حالت، بد صورتی

بدون: بغیر اس کے

بدوی: بدو، صحرانشین، بادیہ نشیں۔

بده: قرض

بدهضم: جس کا ہاضمہ درست نہ ہو، جو چیز ہضم نہ ہو۔

بدهضمی: کوئی چیز ہضم نہ ہونے کے اثرات

بده کار: مقروض

برگ بده کار: مقروض کی رسید

بده کاری: مقروض ہونا

بدهل: اخروٹ کی طرح کا ایک درخت جس کے پتے بڑے بڑے ہوتے ہیں۔

بدهی: قرض، رقم جو کسی کے ذمے واجب الادا ہو

بدهی شما: تمہارا قرض

بدهیبت: بدصورت

بدی: برائی

بدیخ: (ع) منصب یا درجے کی بلندی

بدیشان: بہ الیشان، ان کو

بدیع: (ع) نیا، عجیب، نادرالوجود، نیا انداز بیان مثال:

زهی جمالِ تو خورشید آسمان شهود

توئی بدیع ترین نقش کارگاہ وُجود

آپ سماوی موجودات کے خورشید ہیں، آپ کا حسن و جمال قابل ستائش ہے، آپ موجودات کے نادرالوجود نقش ہیں

علِم بدِیع: علم جس کے ذریعے آرائش سخن اور زینت کلام صنائع کے ذریعے کی جاتی ہے

بدِیعُ الجمَال: (ع) انتہائی خوبصورت

بدِیع رقم: بہت خوبصورت خطاطی کرنے والا

بَدِیع شمَائل: (ع) بدیع الجمال، انتہائی خوبصورت۔

بدِیع منظَر: عجیب و غریب نظارہ، دلآویز منظر۔

بدِیعی: (ع) اچھے انداز بیان سے متعلق

بدِیعہ: (ع) بدیع کی مونث، عجیب چیز، نو ساختہ۔

بدِیل: (ع) عوض، جانشین، بدلاء جمع۔

بدیُون: بدشگون

بدِین: اس کو

بدِیہ: آرزو مندی، خواہش، تمنا

بَدِیھہ: (ع) بغیر تیاری کے، بغیر سوچے سمجھے، فوراً نا گہانی

فی البدیھہ: بغیر غور کیے یا سوچے سمجھے، فوراً

بدیہہ گو: فی البدیہہ کہنے والا

بد یہہ گوی: فی البدیہہ کہنا

بدِیہی: (ع) واضح

بذاتِہ: (ع) اپنی ذات میں، اصلاً

بذّال: (ع) بہت بذلہ گوئ کرنے والا، بذلہ سنج، ہنسنے ہنسانے والی باتیں کرنے والا

بَزر: (ع) بیج بونا، بیج بکھیرنا

بَزر افشاں: کھیت میں بیج بکھیرنے والا

بزر الھنج . . . بزرالبھنگ: (ع) سن کی بیج

بَزرالکِتان: (ع) السی کے بیج

بزرک: السی

بزرکار: بیج بونے والا کسان

بَزرگَر: بیج بونے والا دہقان، کسان۔

بزرہ: بدرہ، روپوں کا تھیلا، کیسۂ زر

بَذل: عطاو بخشش، دادو دہش، مثال:

خوش نعمت است دولت دنیا بشرط بذل
خوش دولتیست نعمت خوش لذت شما

دولت دنیا اچھی ہے اگر اسے (سخاوت کے طور پر) خرچ بھی کیا جائے، نعمت جو تمہیں میسر ہے اس میں بڑی لذت اور راحت ہے اور دولت جو تمہیں ملی ہے یہ بھی باعث راحت ہے

بذل کردن: بخشش کرنا

بذلہ: (۱) ہنسی مذاق (۲) زیروبم، مترنم آواز میں نظم پڑھنا دلکش اور فرحت خیز کلام۔

بزلہ: روزمرہ پہننے والا لباس۔

بَزلہ باز: بزلہ گو، بزلہ سنج، ظریف

بزلہ سنج: لطافت آمیز گفتگو کرنے والا، لطیفہ گو ہنسی مذاق کی باتیں کرنے والا

بزلہ گوی: بذلہ سنجی، ہنسی مذاق کی باتیں، لطیفہ گوئ

بُزُور: بزر کی جمع، بیج جو بوئے جاتے ہیں

بَزِی: فُحش، خلاف تہذیب بیہودہ باتیں کرنے والا۔

بزیُون: گرانقدر سلک کا کپڑا

بَر: پَر، اوپر

برآن: منصوبہ بنانا، سوچنا

برآنم کہ: میں نے تہیہ کرلیا ہے کہ

بر: بغل، آغوش، پہلو، سینہ

بِر: نیکی، صدق، بخشش، عطا، عطیہ

بَر: نیکوکار، صالح، ابرار جمع

بَر: پھل، میوہ۔

بَر: خشک زمین، بیابان، صحرا، جغرافیہ کی اصطلاح میں پانچ قطعات زمین میں سے ایک جنھیں براعظم کہا جاتا ہے

برحَسب: مطابق

بنابرین: اس کے مطابق

برسرآنم: میں نے فیصلہ کرلیا ہے

برطبق: اس کے مطابق

برطرَف: الگ، جُدا، موقوف

برعکس: برخلاف

بَر: پیچھے، اوپر

برافراشتَن: ترقی دینا

برافرُوختَن: اونچا لے جانا، ترقی دینا

برچیدن: چننا، انتخاب کرنا

بر: پہلو

دربرداشتن: مصالحت کرنا، گلے ملنا، معانقہ کرنا

دربرش نشستم: میں اس کے پہلو میں بیٹھ گیا

دربرکشیدن۔۔۔دربرگرفتن: بغل گیر ہونا، گلے ملنا

بَر: بُردن: لینا سے فعل امر ببَر لے لو

دلبر: دل لینے والا، پیارا، عزیز، محبوب

بر: بُریدَن: کاٹنا سے فعل امر، بُبَر کاٹ لے

بُرا: بُریدن سے، تیغ بُرا، کاٹ دینے والی تلوار

بَرا: خشکی کا سفر۔

برا و بحرا: خشکی اور بحری سفر۔

بَراء: عیب و تُہمت سے پاک

برابَر: ایک جیسا، ہم وزن

برابرشدن: ایک جیسا ہونا، ہموار ہونا، برابر ہونا، ہم وزن

برابرکردن: پہلو بہ پہلو رکھنا

دوبرابر: دوگنا

او دوبرابرمن حقوق می گیرد: وہ مجھ سے دگنی تنخواہ پاتا ہے

مُنافع را برابری برند: وہ ایک جتنا منافع لیتے ہیں

براَبِرہ: افریقہ کے علاق بربر کے رہنے والے

برابَری: ایک جیسا ہونا

برابری کردن: (۱)برابر ہونا (۲)مُسابقت یا آگے بڑھنے کی کوشش کرنا۔

برابِط: بربط کی جمع، خوش آہنگ ساز۔

بَرات: ہنڈی، ڈرافٹ، چیک (بنک سے متعلق)

برات برشاخ آہو: جھوٹا وعدہ

برات دار: جس کے پاس چیک یا ڈرافٹ ہو، جس کے نام کا چیک ہو

براتی: پُرانا کپڑا جو کسی کو دیا جائے

براتی: دلہن کے گھر جانے کے لیے رہنمائی کرنے والا (اردو) جو لوگ دُلہا کی برات میں شامل ہوں

بُرادَت: لوہے کے ریزے جو اسے رگڑتے وقت گرتے ہیں

بَرادَر: بھائی

برادرِارشد: بڑا بھائی

برادراندر: سوتیلا بھائی

برادرانَہ: بھائیوں کا سا

برادرخواندگی: کسی کو بھائی بنا لینا

برادرخواندہ: منہ بولا بھائی

برادرِرَضا: دودھ بھائی، جنھوں نے ایک ماں کا دودھ پیا ہو

برادر زادہ: بھتیجا، بھائی کا بیٹا

برادرزن: نسبتی بھائی، سالا

برادرکُش: بھائی کو ہلاک کرنے والا

برادرِکہتر: چھوٹا بھائی

برادرنسبت: بیوی کا بھائی، سالا

برادروار: بھائیوں کی طرح

برادری: رشتے داری، گہرے دوستانہ تعلقات

بُرادہ: لکڑی کا بُورا۔

براری: بریہ کی جمع، صحرا

بَراز: جوتے کا قلبوت، پچر، پھانا جو لکڑی کو چیرتے وقت شگاف میں ڈالتے ہیں۔

براز: پاخانہ

بُراز: (۱)خوبصورتی، تابناکی، خوش وضعی، زیبائی، سلیقہ مندی۔

برازا: زیبائی

بَرازِش: باندھنا، پیوند لگانا، ملانا، شائستگی

بَرازَندگی: خوش وضعی، خوش روی، خوش اندامی، دلکشی، زیبائی رعنائی

برازَندہ: خوش وضع، خوش اندام

برازَندَن: لائق ہونا، موزوں ہونا

برازِیدَن: ملانا، آرائش کرنا

برآسوُدَن: آسودن، آرام کرنا، آرام پانا

برآشُفتَن: آشفتن، برہم ہونا، حیران ہونا

بَراعت: (ع) افضلیت، فضیلت، شرف، برتری، تفوّق، بلندی، بزرگواری

براعتِ استہلال: علم بدیع کی ایسی عبارت تحریر ہونا جو کتاب یا قصائد وغیرہ کے موضوع پر دلالت کرے یا کتاب کی فضیلت وضاحت پر روشنی ڈالے

براغ: فَصاد، خون نکالنے والا۔

برأفتادن: استعمال میں نہ آنا، اٹھا دینا، ترک کر دینا، نابود ہو جانا

برافگندن: پھینک دینا

بُراق: (ع) وہ گھوڑا جس پر سوار ہو کر رسول کریم (ع) معراج کے لیے تشریف لے گئے تھے، جنت کا گھوڑا

بُراقِ جَم: ہوا جس کے دوش بر حضرت سلیمان (ع) کا تخت اڑتا تھا

بُراق: (ع) برق کی طرح، بجلی کی طرح، درخشاں، تاباں، بہت چمکدار

برآمَد: نکلنا، ماحصل، حاصل، (فارسی) ملکی اشیا کا غیر ملکوں کو جانا (اردو)

برآمَدگی: ابھار، سُوجن، ورم، آماس

برآمدَن: اوپر آنا، ظاہر ہونا، ترقی کرنا، برجستگی پیدا کرنا، سوُجنا، آماس پیدا ہونا

برآمَدہ: (۱)ابھرا ہوا، نکلا ہوا، سوُجا ہوا، ورم

براَمکِہ: برمکی کی جمع، برمک کی اولاد و اخلاف جو عباسی خلفا کے وزیر تھے

بُراں: تیز

تیغِ بُراں: تیز تلوار

برانداختَن: پھینک دینا، ختم کر دینا

براَنداز کردَن: کسی کو اوپر نیچے سے دیکھنا، تخمینہ لگانا

بُراندَن: کاٹنا

برانگیختَن: انگیختن، (۱)ابھارنا، اُکسانا، اشتعال دلانا (۲)بیدار کرنا، وُجوُد میں لانا، مثال:

این جوش بہار است کہ چون شور قیامت
از خاک بر انگیخت شہیدان خزان را

یہ بہار کی آمد کی خوشی میں جوش و خروش سنائی دیتا ہے یا کہ شورِ قیامت کی طرح سے موسم خزاں کے شہید

خاک سے اٹھنے لگے ہیں

برانی:برتن جس میں حفاظت کے غرض سے کوئی چیز رکھی جاتی ہے

بُرانی:بورانی، دہی اور بینگن کو ملا کر بنائی گئی غذا

بُرانیدَن:براندَن :نکال دینا

بَرَاو:مہتر، جھاڑو دینے والا

بَرآور:پھل دینے والا

برآوَرد:قیمت کا اندازہ

برآورد کردن:اندازہ کرنا، قیمت لگانا

برآوردَن:آوردن، لانا، بلند کرنا، انجام دینا

برآوردہ:تربیت پایا ہوا، ترقی دیا گیا، تکمیل پایا ہوا، منظور شدہ۔

برآورَندہ:اوپر لے جانے والا، ترقی دینے والا، جو کسی کی حاجت روائی کرتا ہو

براؤو:کلمہ تحسین، شاباش، آفرین مرحبا بریوو (انگ)۔

برآویختَن:لٹکانا

بَراہ:باراہ، مناسب، بجا، زیبائی، شانستگی

براھمہ:برہمن کی جمع

بَراھین:بُرہان کی جمع، دلائل

برایٔ چہ:کس لیے

برائت:(ع) بری، بے قصور ہونا، بے جرم ہونا، عیب سے پاک

برائتِ ذمہ:ذمے داری سے بری ہونا

برایا:(ع) بریہ کی جمع، خلائق، لوگ، مخلوق

برباددادن:تلف کرنا، نیست و نابود کرنا

بربار:اوپر کا کمرہ، بالاخانہ

بربَر:افریقہ کے علاقے بربر میں رہنے والے لوگوں کا قبیلہ، بے تمدن وحشی

بَربرستان:جہاں بربر رہتے ہیں

بربری:قبیلہ بربر سے منسوب، وحشی

بَربریّت:وحشت، وحشیانہ حرکت۔

بریَست:قانون آئین، رسم و رواج، دستور، طرزو روش

بریَستن:بستن، باندھنا

بریستہ:بستہ، بندھا ہوا

بربَط:ایک خوش آہنگ ساز، برابط جمع

بربَط زن ... بربط نواز:بربط بجانےوالا

بَربَند:بچے کا بب، پٹی جو بچے کے گھوارے کے ساتھ باندھ دیتے ہیں

برپا:پاؤں پر کھڑا ہونا

برپاکردن ... برپاداشتن:برپا کرنا، دائر کرنا

برپَرُوشاں:وہ جو ایمان لے آئے ہوں، مومن

برتافتَن:مروڑنا، منہ پھیر لینا

سراز اطاعت کسی برتافتن:کسی کی اطاعت سے منہ پھیر لینا

بَرتَر:زیادہ بہتر، زیادہ بلند، زیادہ قابل ترجیح

برتری:ترجیح، افضلیت، برتری

برتَن:مغرور

برتنی:غرور، کبر و ناز، خودبینی، خود ستائی

بُرثُن:پنجہ، چنگل، شکاری پرندوں کا پنجہ

بُرج:گنبد، راس سیارے کا مقام آسمانی دائرے کا بارھواں حصہ ہئیت دانوں نے سیاروں کی رفتار اور ان کے مقامات سمجھنے کے لیے آسمان کے بارہ حصے کیے ہیں، ہر حصے میں جو ستارے واقع ہیں ان کی فرضی شکل قائم کرکے اس حصے کا وہی نام رکھ دیا ہے مثلاً برج اسد، بُرج ثُور، مینار جو روشنی دکھانے کے لیے نصب کیا جاتا ہے۔

بَرج:ثانوی اخراجات

برجاس:نشانہ، ہدَف، آماجگاہ مثال:

کسان مردِ راہِ خدا بودہ اند
کہ برجاس تیرِبلا بودہ اند

وہ لوگ مردان خدا ہوئے ہیں جنھوں نے اپنے آپ کو تیر بلا کا نشانہ بنایا ہے

بُرجاف: مٹر، مٹر کے دانے

برجِستگی: تسکین، اطمینان، امتیاز حاصل کرنا، بلند مرتبہ پانا

بَرجستہ: مطمئن، نمایاں، بلند مرتبہ پایا ہوا

برجستہ کاری: نقش و نگار بنانا، گل کاری کرنا۔

برجِیس: سیارہ مشتری

بَرچَغ: نیزہ

برچَسپ: وہ کاغذ کا ٹکڑا جس پر لکھ کر یا طبع کرا کر لگایا جاتا ہے کہ یہ چیز کہاں کی بنی ہوئی ہے مثلاً ساختہ ایران، ساختَہ پاکستان

بَرچَم: پَرچَم، جھنڈا، علم

برچِیدن: چُننا، انتخاب کرنا، پسند کرکے حاصل کرنا

برحَق: سچا، صاحب حق، حق گو، حقیقی

بَرخ: تھوڑا، چند، کچھ حصہ

بَرخی: تھوڑا حصہ، کچھ حصہ

بَرخ: تالاب، جوہڑ، غار

برخ: شبنم

برخاستِگی: اٹھنا، کھڑے ہونا

برخاستَن: اٹھنا، ملتوی ہونا

برخاستہ: اٹھا ہوا، کھڑا ہوا

بَرخان: شور و غل

بَرَخچ: (۱)بد صورت، کمزور (۲)پلید، ناپاک، بُرا

بَرَخش: گھوڑے کی پیٹھ

بَرَخضَج: کابوس، ڈراونا خواب، جسے یاد آتے ہوئے بھی ڈر لگتا ہے

برخلاف: خلاف، برعکس

برخوابہ: (۱)چٹائی، توشک (۲)ہم خواب۔

برخوار: برخور، شریک، حصہ دار

برخَواندَن: خواندن، پڑھنا

برخُوردہ: ملاقات، اتصال، ملنا، مثال:

کیست گردوں آنکہ یکسر سفلہ را می پرورد
سخت دشوار است مرد از سِفلہ پرور برخورد

(نظیری)

آسمان وہ ہے جو سفلوں کی پرورش کرتا ہے لیکن یہ بات دشوار ہے کہ جوانمرد سفلوں کی پرورش کرنے والے سے کچھ حاصل کرے

برخوُرد کردن: ملاقات کرنا، راستے میں ایک دوسرے سے ملنا۔

برخُوردار: کامیاب، کامران، خوش، بہرہ مند

برخوردار شدن: کامیاب ہونا

برخوُردار کردن: کامیاب بنانا

برخوُرداری: کامیابی، خوشی، اقبال مندی

برخوُردِگی: زخم، تکلیف جذبات کو ٹھیس پہنچنا۔

برخوُردَن: کامیاب ہونا، خوش ہونا، اقبال مند ہونا، آمنا سامنا ہونا

برخورَندہ: کسی کے جذبات کو ٹھیس پہنچانے والا پریشان کرنے والا

برخہ: حصہ جزو، کسَر، ایک شمار جو صحیح عدد نہ ہو، چھوٹا ٹکڑا یا مقدار، کسرِ اعشاریہ

برخہِ شمار: (ریاضی) کسر عام میں لکیر سے اوپر کا ہندسہ، شمارکنندہ

برخہ نام: (ریاضی) نسب نُما

برَخی: کچھ، حصہ، تعداد

برخی ازآنہا رفتند: ان میں سے کچھ چلے گئے

برخی معتقد اندکہ: بعض اعتقاد رکھتے ہیں کہ

برخی: قربانی، فدیہ، تاوان، زرِ رستگاری، بدل، عوض، (کسی شے کا) اجر، مکافات، تلافی،

برخِیدن: انتظار کرنا، ٹھہرنا، خاموش رہنا، کھینچنا، فصل کاٹنا، اٹھانا

برخِیزاندن ... برخِیزانِیدن: اٹھانا کسی کو بیدار کرنا

برخِیزِش: اٹھنا بیدار ہونا۔

بَرد: ٹھنڈ، سردی، سردیوں کا موسم

بُرد: نفع، منافعہ

بَرد: ایک خاص قسم کا کپڑا جو یمن سے آتا تھا مثال:

مہرِ رُوی تو ہوش بُرد زمن
بِنما رُوی خود زبَردِ یمن

آپ کی محبت میں ہوش و حواس کھو بیٹھا ہوں اپنا چہرہ یمن کی ریشمی چادر بنا کر دکھا دیجیے

بَرد: چیستان، معَما

بُرد: جیتنا (بازی کا) جیتی ہوئی رقم

برَدش چقدر است: کتنی رقم، جیتی گئی ہے

بَردادَن: بارآور ہونا، پھلنا پھولنا

بردادن: آزاد کرنا

بَردار: ثمردار، پھلوں والا، پھل دینے والا

بردار:بَرداشتَن: اٹھالینا سے فعل امر، لے لو، اٹھا لو

برَدار و برمال:ضرب المثل: پکڑ لے اور بھاگ جا، کنایہ ہے اس شخص کا جو کسی جگہ سے کچھ اٹھا لیتا ہے اور بھاگ جاتا ہے

برَداشت:برداشتن: اٹھالینا سے ماضی مطلق، اٹھالیا، تحمل، صبر، شکیبائی

برَداشت: رقم کمائی میں شریک کا حصہ (۲) تعارُف (۳) آغاز (گفتگو کا یا راگ کا)

برداشتن: اٹھالینا، لینا، چُننا

دستِ دعا برداشت: دعا کے لیے ہاتھ اٹھانے

بردال: پرکار جس سے دائرہ بناتے ہیں۔

بُرد بار: صبور، صبر کرنے والا، صابر، برداشت کرنے والا، متحمل

بُردباری: صبر، برداشت، تحمل

بردَج:بردہ: قیدی، اسیر، غلام

بردَست: امداد

بُردک: داستان، افسانہ، معما

بَردگان: بردَہ کی جمع، غلام

بردِگی: غلامی

بردَمِیدن:دمیدَن- (۱) پھونک مارنا (۲) ہوا کا چلنا (۳) پھوٹنا، سبزہ می دمد، سبزہ پھوٹ رہا ہے (۴) اٹھنا، اوپر اٹھنا، بڑھنا (۵) کبرو نخوت کا اظہار کرنا۔

بُردَن:(۱)لے جانا (۲)بازی جیتنا (۳)مقابلے میں فتح پانا

بردَنگ:پہاڑی، پشتہ

بَردَوام:مستقل، ہمیشہ کےلیے

بُردوَن:تیز رفتار گھوڑا

بَردہ:غلام، قیدی، جنگی قیدی، بردگان جمع

بُردہ:لے لیا گیا

بَردہ- بُردت:فرغل، لبادہ

بُردہ دل:اسیر محبت، دل بُردہ

بَردہ فروش:غلاموں کو فروخت کرنے والا

بردہ فروشی:غلاموں کو فروخت کرنے والا

بردی:نرسل کی قسم کا درخت جو پانی میں نموپاتا ہے

بُردی:کھجوروں کی اعلیٰ قسم۔

بردِیدن:سبکدوش ہونا، کنارہ کشی اختیار کرنا، خانہ نشین ہونا، پنشن لینا

بررُستن:رستن، اگنا

بررُستہ:اگا ہوا

بررَسی:تحقیق، مطالعہ

بررسِیدن:تحقیق کرنا، مطالعہ کرنا

بررَہ:نیک، نیکو کار، صالح لوگ

برز:کھیتی باڑی

برز:معمار کا گارا پھیلانے کا آلہ

برز:چمک دمک، خوبصورتی، قد و قامت کی بلندی اور موزونیت

برزَخ:(ع) عالم امواتِ اور روزِ محشر کا درمیانی حصہ

برزدَن:الٹنا، پہلو سے پہلو مارنا، ہمسری اور برابری کرنا

ورق برزدن:ورق الٹنا

بَرزکار:کسان

برزگر:کسان

برزگری:کھیتی باڑی کا کام

برزَم:ناز، کرشمہ

برزَن:رہنے کا مقام، گلی، محلہ، شہر

برزِن:مٹی کا برتن جس میں آٹا گوندھا جاتا ہے، کنالی،

برزِہ:شاخ، زراعت، بیج

برزھکار:برزگر، کسان

برزِیدن:بیج بونا، لگاتار کام میں مصروف رہنا

برزِین:(۱)خراسان کے ایک آتشکدے کا نام تھا

برزِین:(۱)آگ، (۲)گلی، محلہ، گھر

برس:(۱)اونٹ کی مہار (۲)مہمیز

برسات:مینہ برسنے کا موسم

برسام:پردہ شِکم میں سوزش اور ورم، دردسینہ

بَرسان:امت، مومنین

بُرسان:اژدہا، بڑا سانپ

برسیاہ:خاکی، بھوسلا

برسِین:پودے جو چارے کے کام آتے ہیں

بُرش:(۱)کاٹنا، ٹکڑا، (۲)کوپن، فارم (۳)ڈاڑھی مونڈنا

بَرش:آرزو، تمنا

برِشتَن:(۱)تلنا، بریان کرنا، جھلسانہ

برِشتہ:تلا ہوا، بریاں کیا ہوا

برشُدن:اوپر چڑھنا (بالائی سطح پر) ترقی پانا

برشِکستَن:شکستن، توڑنا، سبکدوش ہونا، الگ ہونا، ختم ہونا مثال:

مجلس چو برشکست تماشا بمار سید
در بزم چوں نماند کسی جا بمار سید

مجلس جب اختتام کو پہنچی تو دیکھنے کی نوبت ہم تک

آئی، مجلس میں جب کوئی بھی باقی نہ رہا تو ہمیں جگہ ملی، نظیری نے اپنی بے بسی اور بے حاصلی کا ذکر کیا ہے

برشُمُردن: شمار کرنا، گننا، تفصیل بتانا، ایک ایک کرکے بتانا

برشَن: پیچک، عشق پیچاں

برَص: جذام، بیماری جس سے جسم پر سفید داغ پڑ جاتے ہیں

برصا: (ع) وہ عورت جسے جذام کی بیماری ہو

برطانی: برطانیہ

بِرطِیل: (ع)(۱)رشوت (۲)مستطیل پتھر یا لوہے کی سل

برطرَف: الگ، جدا

برعکس: بر خلاف

برغ: (ع) برغاب:ذیم، کھائی، خندق، کھال جس میں نہر کا پانی آتا ہے

برغالیدن: اکسانا، اشتعال دلانا، دھکیلنا، پھینکنا

برَغبت: رغبت سے، میلان خاطر سے

برغماں: بڑا سانپ، اژدہا

برغَندان: شعبان کے آخری دس دنوں کی تقریبات

برغُو: قرنا، ایک قسم کا سینگ جو بیچ میں سے خالی ہوتا ہے اور اسے پھونکوں سے بجایا جاتا ہے

برغُوث: ایک قسم کی مچھلی،

برغُول: کوٹی ہوئی گندم، دلیا

برف: منجمد پانی

برفاب: برف کا پانی، سرد پانی

برفاب دادن: قطعاً نا امید کر دینا

برف انبار: جہاں برف کا ذخیرہ ہو

برف پاك كن: برف ہٹانے والا، برف کھود کر الگ کرنے کا آلہ

برف پُوش: برف سے ڈھکا ہوا

برف دان: گڑھا جس میں برف جمع کی جاتی ہے،

برف رُوب: برف ہٹانے کا آلہ

برف روبی: برف کھودنے اور ہٹانے کا کام

برفَر: شان و شوکت، کروفر، جاہ و جلال، قدر و منزلت

برفُروختن: برافروختن، روشن کرنا، اشتعال دلانا، بھڑکانا

برفرِہ: رتبہ، مرتبہ، قدر و قیمت، عظمت، حرمت، شان و شوکت

برف زد: برف کی وجہ سے جسے کوئی تکلیف ہوئی ہو

برفِشاندن، فشاندن: بکھیرنا (بیج) بونا

برفشاندن دست: (۱)دست برافشاندن، رقص کرتے ہوئی ہاتھوں کی دلکش حرکات

برفَك: ایک بیماری جس سے بچوں کے منہ اور زبان میں چھالے سے نکال آتے ہیں، ان کےلیے دودھ پینا بھی مشکل ہوتا ہے

برف مانند: برف کی طرح سرد

برفناك: برف سے ڈھکا ہوا

برفَنج: تنگ اور دشوار راستہ ٠

بر فنجَك:، کابُوس: بھیانک خواب جس کا اثر بیداری میں بھی رہتا ہے، بد روح جو خواب میں پریشان کرتی ہے

برفی: برف کا

کفشِ برفی: برفانی موسم میں پہننے کے جوتے

برفِیر: ایک بیماری جس سے جسم پر نیلے یا ارغوانی رنگ کے داغ پڑ جاتے ہیں

برق: بجلی

برق زدن: بجلی کا چمکنا، کڑکنا

چراغِ برق: بجلی کی روشنی، بلب وغیرہ

مُتخصِّصِین علمِ برق: بجلی کے کام کے ماہرین

برق انداز: بندوقچی

برق آور: بجلی پیدا کرنے والا، مشین جس سے بجلی پیدا ہوتی ہے

برق بِیں، برق جُو: ایلیکٹرو سکوپ (انگ) برق نما

برق خیز: برق آور، بجلی پیدا کرنے والی مشین

برقرار: قائم، مستقل بنیاد پر قائم رہنا

برقرار شدن: قائم ہو جانا

برقرار کردن: قائم کرنا، مستقل بنیاد پر قائم کرنا

صلح برقرار شد: مستقل طور سے مصالحت قائم ہو گئی

برق سنج: برق پیما، (ایلیکٹرومیٹر)

بُرقع: (ع) پردہ کرنے کا مخصوص لباس، پردہ،

برقع پوش: نقاب پوش خاتون، برقع پہنے ہوئے

برقَك: طلائی پترا، سونے کا پترا

برق گیر: برق کَش، مُوصِل

برق وار: بجلی کی چمک کی طرح

برقی: بجلی سے متعلق

برك: ایک خاص قسم کا موٹا کپڑا جو اونٹ کے بالوں سے تیار کیا جاتا ہے

برك: سہیل ستارہ

برّ کات: (ع) برکت کی جمع

برکت: (ع) بخشش، رحمت، فضل، فیض، خداداد نعمت

دعای برکت دادن: نعمت خداوندی کی دعا دینا

از تو حرکت از من برکت: کام کے لیے جدوجہد کرنا تمہارا فرض ہے اور برکت دینا میرا کام ہے، (اللہ تعالی سے متعلق)

برکت دار: برکت والا، جسے فیوضِ ربانی حاصل ہوں

برکردن: روشن کرنا

در برکردن: پہننا

از برکردن: زبانی یاد کرنا

بر کشیدن: کشیدن، کھینچنا

برگم: ممانعت، امتناع، روک ٹوک، انکار، منع کرنے والا، روکنے والا

برکِنار: الگ، جدا، مستعفی، سبکدوش، ریٹائر (انگ)

برکند: (۱) رشوت، (۲) مضبوط توانا شخص

برکندن: کھودنا، جڑ سے نکالنا، ختم کر دینا

بیخ ظلم را برکند: ظلم ختم کر دیا

برکہ: پانی کا حوض، تالاب

برکی: اون کی ٹوپی، اون کا لبادہ جس کے ساتھ اونی ٹوپی بھی ہوتی ہے، درویشی کلاہ: مثال:

حاجت بکلاہ برکی داشتنت نیست
درویش صفت باش و کلاہ تتری دار

درویشی کےلیے درویشوں کی سی اونی ٹوپی پہننے کی ضرورت نہیں تمہیں اپنے اندر درویشانہ صفات پیدا کرنی چاہئیں ٹوپی خواہ تمہاری امیرانہ ہی کیوں نہ ہو

برگ: (۱) پتّا، (۲) ہتیار (۳) مال و دولت (۴) اسلحہ (۵) توجہ

برگِ تمبُول: پان کا پتّا

برگ خور: پتے کھانے والا حیوان

برگ دادن، برگ کردن: چھوڑ دینا

برگِ سبزاست تحفہ درویش: اس فقیر کا تحفہ تو سبز پتّا (معمولی چیز) ہی ہے

برگِ گل: گلبرگ، پھول کی پتی

برگ پائی شِناور: تیرنے والے پتے جو سطح آب پر نشوونما پائیں

برگدُم: ڈنٹھل

برگذار: معمولی سا تحفہ

برگذار کردن: انجام دینا، مطمئن ہونا، مکمل کرنا

برگرد: ارد گرد

برگردان: مصرع جو ترجیع بند کے ہر بند کے آخر میں آئے (۲)روکنا، ضبط کرنا، باز رہنا (۳)سیاہ کاغذ جس پر پنسل سے لکھنے سے اس کا نقش دوسرے کاغذ پر آجاتا ہے

برگرداندن: منہ پھیر لینا

روی خود را از من برگرداند: اس نے میری طرف سے منہ پھیر لیا

برگرِفتن: گرفتن، پکڑ لینا، لے لینا، اٹھا لینا، کسی چیز کو زمین سے اٹھانا

برگ رِیز: پتے گرنا

برگ رِیزان: موسم خزاں جس میں درختوں کے پتے خشک ہو ہو کر گرنے لگتے ہیں

برگ ریزی: پتے گرنا

برگزِیدگان: برگزیدہ لوگ، ممتاز لوگ، منتخب (برگزیدہ کی جمع)

برگزیدِگی: خوبی، نفاست، عمدگی

برگزیدن: چننا، انتخاب کرنا،

برگزیدہ: با امتیاز، منتخب، چنا ہوا

برگس، برگست: حاشا، معاذاللہ، پناہ بخدا

برگ سبز: کم تر، کم تر درجے کی چیز، کسی کو تحفہ دیتے وقت یہ کہا جاتا ہے

برگ سبز است تحفہ درویش: یہ معمولی چیز ہی اس حقیر کا تحفہ ہے،

برگستوان: اسلحہ، منہ ڈھانپنے کا مخصوص اسلحہ

برگشت: رجعت، واپسی

برگشتِگی: الٹی حرکت، پیچھے کو مڑنا

برگشتن: واپس آنا، لوٹنا، بدلنا، تبدیلی پیدا ہونا،

برگشتِہ: پھرا ہوا، واپس آیا ہوا، بدلا ہوا، سرنگوں

برگشتِہ اختر: بدنصیب

برگشتِہ حال: پریشان حال، بد نصیب، مصیبت زدہ

برگشتِہ طالِع: بد نصیب

برگما شتن: گماشتن، نصب کرنا، مقرر کرنا

برگ و ساز: ذرائع دولت، سازوسامان، بہتات، فراوانی

برگ ونوا: ذرائع، وسائل معاش

برگِہ: (۱)کاغذ کا ٹکڑا جس پر کتاب یا کسی چیز کا نام لکھ کر اسے چسپاں کیا جائے (۲)وہ پٹی وغیرہ جس میں کپڑے باندھے جائیں (۳)کچھ حصہ

برگہ دُزدی: چوری کی چیزوں کا کچھ حصہ

برلِیان: برلینٹ (انگ) کا مفرس، چمکدار، درخشندہ، بُراق، چمکدار الماس، زیرک

برم: چشمہ، تالاب

برماس: لمس، چھونا، چھوا جانا، ملنا

برماسِیدن: چھونا، ملنا

برمال: ازان، طرز پرواز، دوڑ جانا

برمال زدن، برمال کردن: پرواز کر جانا، بھاگ جانا

بردار و برمال: ایسے شخص کا کنایہ جو کسی جگہ سے چیز اٹھا لے اور بھاگ جائے

برمالِیدن: (۱)کسی چیز کو لپیٹنا (۲)آستین چڑھانا، بھاگنا

برمایُون: دولت مند، صاحب ثروت

برمَچیدن: ہاتھ ملنا، چیز سے ہاتھ اٹھا لینا

برمَخِیدن: خود سری، نافرمانی، ماں باپ سے نافرمانی کرنا

برمَر:امید، انتظار

برمَك:برامکہ (جو خلفاے عباسیہ کے وزرا تھے) کے جد امجد کا نام

برمکی:برمک کے خاندان کے افراد

برملا:واضح، آشکار، سب پر ظاہر، علانیہ

برملا افتادن:سب پر واضح ہو جانا

برملائی:علانیہ

بر مَنِشی:تکبّر، خود پسندی

برمُودِہ:چیز، کوئی چیز

برمِیل (ع) بیرل، نالی، پیپا، سرکاری گیلن

بر مِیُو:سوزاک کی بیماری

برنا:(۱)جوان، آغاز شباب، عنفوان شباب (۲)شُستہ، خوش اسلوب

برناس:غافل، غفلت، جہالت، جہل، لاعلمی، ناواقفیت، مثال:

نامہ ہاپیشِ تو ہمی آید
ہم زبیدار دل ہم از بر ناس
(ناصر خسرو)

خط تمہارے پاس آتے ہیں ان میں سے بعض بیدار دل لوگوں کے ہوتے ہیں اور بعض غافل لوگوں کے

برناساء:لوگ، آدمی

برنامِہ:پروگرام، نمونہ، لائحہ عمل، عنوان، دیباچہ، نصاب، دستور

برنائی:جوانی، عنفوان شباب

بِرنج:چاول

غذای برنج دار:چاولوں والی غذا

بِرنج:پیتل

بِرنج زار:دھان کا کھیت

بَرنجَن، ابرنجن:خلخال، پازیب، خواتین کے کنگن، چوڑیاں

برنجی:پیتل کا بنا ہوا

بَرند:پَرَند، پرندہ

برَنداف:تسمہ، رودہ

برَندك:پہاڑی، پشتہ

بُرندہ:کاٹنا، کاٹنے والی چیز، بہت تیز

تیغ برندہ:بہت تیز تلوار

بَرندہِ (۱)قاصد (۲)جیتنے والا، لے جانے والا

برَندہ:پرندہ

برُنز:کانسی (دھات)

بُرنُس:کلاہ دراز، پاد ریوں کے سر پر پہنے کا بڈ، کلاہ درویشی

برنشاندن، نشاندن:بٹھانا، کسی کو جگہ پر بٹھانا

برنشستَن:سوار ہونا

برنشین:وہ عورت جو بچہ جننے والی عورت کی نگہداشت کرتی ہو

برَنگ:جرس، گھنٹی

برنُو:عمدہ سلک، نرم و ملائم دیبا

برنی:چھوٹا برتن جس میں مٹھائی رکھی جاتی ہے

برنیان:پرنیان، گل دار سلک

برنِیش:قولنج، درد شکم، اسہال

برُو:ابرو کا مخفف

بروات:برات رکی جمع، چیک کے ذریعے، چیک سے متعلق، ذرافت سے متعلق

برواز:(بھروسا، اعتماد) ، ک۰۰۱، آ۔ا۔، سیرا

برواق:سوسن کی قسم کا پودا، سدا بہار پھول،

بروبُوم:بیابان

بُرُوت: موچھیں

بُروج: برج کی جمع

بُرُودت: سردی، خنکی

بُرُودرماندن: شرم کی وجہ سے یا مجبوری کی وجہ سے کوئی کام کرنے پر آمادہ ہونا

این کار را نمی خواستم بکنم، برو درماندم، قبول کردم: میں یہ کام کرنا نہیں چاہتا تھا مجبوراً اسے اپنے ذمے لے لیا

بُرودری: کشیدہ کاری، سوزن کاری، نقش کاری، زردوزی

بروَر: کنارہ، کنی، کور

برُوز: نظر آنا، ظاہر ہونا، نمایاں ہونا، آشکار ہونا

برُوزدادن: افشا کرنا، ظاہر کرنا، فاش کرنا

اسرار مارا بروزداد: ہمارے راز کو اس نے فاش کر دیا

برُوشان: امت، مومنین

برُوشك: گردوغبار، خاک

برُوفہ: دستار، پگڑی، کمر کو باندھنے والی پیٹی

برُومند: خوش قسمت، کامیاب، کامران، ثمر آور، بارآور، زرخیز، سیر حاصل

برومندي: باروری، کامیابی، زرخیزی

برون: بیرون کا مخفف، باہر

برُون: برائے، واسطے

برونِ تو: تیرے لیے، تیری خاطر

بُرون: اونٹ کی نکیل

برون بر: رسدار پھل کا بیرونی پرت

برون سرا: مصنوعی سکے، غیر قانونی سکے

بروَی: اس پر

برَہ: میمنا، بھیڑ کا بچہ

برہات: وقت کا کچھ حصہ

بُرہان: (ع) دلیل، ثبوت، بحث، اثبات، استدلال

برہان قاطِع: (ع) قطعی ثبوت، دلیل قاطع، لغات فارسی جس کا مؤلف محمد حسین المتخلص بہ برہان ہے

برُہانی: قطعی، یقینی، فیصلہ کن

برہت: وقت کا کچھ حصہ

برهَختَن: ادب سکھانا، تربیت کرنا، غور و فکر کرنا

بر ہختہ: تربیت یافتہ

برہم: زیر و زبر، مخلوط، پریشان

برہم زدن: بہم زدن، پریشان کرنا، زیر و زبر کرنا، توڑنا، نظم و ضبط بگاڑنا، درہم برہم کرنا۔

مثال:

شرّپنہانست اندر زیر و بم
فاش اگر گویم جہان برہم زنم

میری اونچی نیچی سروں میں جوراز پوشیدہ ہے اگر میں اسے ظاہر کردوں تو جہان درہم برہم ہو جائیگا

برہم خوردن: پریشان ہونا

برہم خوردگی: عارضی علالت، طبعیت کی ناسازی، عارضہ، شکایت، بے رغبتی، بیدلی

برہم دیگر: بہم دیگر، ایک دوسرے کسے ساتھ

برہمن: ہندوؤں کی ایک ذات جنھیں مذہبی حیثیت میں بلند مرتبہ حاصل ہے

برَہنگی: عریانی

برَہنہ: عریاں، ننگا

برہنہ پا: ننگے پاؤں

برہنَہ خوشحال: بلاوجہ خوشی منانے والا، افلاس یا ناداری کے باوجود خوش رہنے والا

برہنہ گو: آزادانہ بات کرنے والا، کھلم کھلا بات کرنے

والا

برہُوت: ایک وادی اور گہرے کنویں کا نام جو وادی حضرموت میں ہے، کہتے ہیں کہ یہ خبیث روحوں کا مسکن ہے

برہُودن: جھلسنا، جھلسانا، داغ پڑ جانا

برہُوں: دائرہ، پیٹی، پٹکا، کمر کی ڈوری، حلقہ، گھیرا، باڑ، گلو بند، چمپا کلی

برہیختَن: ادب کرنا

بُرھہ: وقفہ،

بَری (ع) صاف، محفوظ، پاک

از گیاہ بری: گھاس وغیرہ سے پاک

بری الذمّہ: کوئی ذمہ داری نہ ہونا

بریان: بُھنا ہوا، تلا ہوا

برِیّت: (ع) خلق، مخلوق، مردم، لوگ، برایا جمع

بریجن: تنور

بَرید: پیغام بر، قاصد، نامہ بر،

بُریدگی: کاٹ، شگاف

بُریدن: کاٹنا، جدا کرنا، ٹکڑے کرنا قینچی یا چھری سے

بُریدہ: کاٹا ہوا

بُریدہ دُم: دم بریدہ، جس کی دم کٹی ہو

بُریدہ زبان: جس کی زبان کٹی ہو، جو بول نہ سکے، جس کی زبان بند ہو

بُریدہ گوش: کان کٹا

بریزن: چھلنی، غربال

بریشم: ابریشم، ریشم، سلک

بریغ: خوشۂ انگور

برین: برکی تفضیل کل، سب سے اونچا سب سے اعلی، بالاتر (بہشت برین)

برِین: بر این، اس پر

بُرین: ٹکڑا یا قاش خربوزے، یا کسی اور پھل کی

بُرینش: قطع و برید، کاٹ چھانٹ

بَز: سوتی کپڑا

بُز: بکرا، بکری

بُز کوہی: پہاڑی بکرا

بز گیرآوردن: منفعت بخش سودا کرنا

بزّاز: کپڑے کا کاروبار کرنے والا

بزّازی: کپڑے کا کاروبار

بُزاق: لعاب دہن

بُزباز: بکری بکرے کو نچانے والا

بَزباش: سبزی اور گوشت کی یخنی

بُزبہا: کم قیمت کا

بزچَران: بکریاں چَرانے والا

بُزداغ: آلہ جس سے تیغ وغیرہ کا زنگ دور کرتے ہیں

بُزدِل: ڈرپوک، کم ہمت

بزدلی: کم ہمتی

بُزدُودن: بکری کا دودھ دہنا

بزَر: بیج جو کاشت کےلیے بوے جاتے ہیں

بُزُرجمہر: ایران کے ساسانی بادشاہ نوشیرواں کا وزیر

بُزرک: السی کے بیج، چھوٹے چھوٹے بیج

بزرکار: بیج بکھیرنے والے کسان، کاشتکار

بُزُرگ: عمر رسیدہ، عالی نسب، عالی خاندان، شریف زادہ

بزرگ داشتن: احترام کرنا

بزرگ وکُوچک: بڑے چھوٹے

بزرگانہ: قابل احترام بزرگوں کی طرح

بزرگ تن: بڑے جسم جثے والا، لحیم شحیم، بڑا موٹا

بزرگ داشت:کسی کا احترام کرنا

بزرگ زادگی:بزرگوں کی اولاد ہونے کا شرف

بزرگ زادہ:شریف زادہ، عالی نسب

بزرگ سال:بڑی عمر کا، عمر رسیدہ

بزرگ طبع:بزرگ منش:بلند ہمت، بلند نظر، بزرگانہ صفات کا اہل

بزرگ ہمت:عالی ہمت

بزرگی:برتری، عزت و وقار، شرافت

بُزَشم:بزوشم، بکری کے بال

بزَغ:مینڈک، غُوک

بُز غالہ:بکری کا بچہ

بزغَم:ببول کا درخت

بزَغسمہ:وہ سبز مرکب جو پانی کے کناروں پر جمع ہو جاتا ہے، کائی

بُزغُنج:پستے کی طرح کے دانے جن میں مغز نہیں ہوتا، ان سے چمڑا رنگنے کا کام لیا جاتا ہے

بزغَہ:چھپکلی کی طرح کا جانور

بُزَك:بکری کا بچہ

بَزَك:آرائش، سجاوٹ

بزك کردن:سجانا، آراستہ کرنا

بُزگلہ:بکریوں کا ریوڑ

بَزَل:(۱)دستک دینا، (۲)پھاڑنا (۳)بد نصیبی

بزم:جشن، مہمانی، مجلس عیش و نشاط، بادہ گساری، تقریب، مجلس

بزم آرا:مجلس یا تقریب کو آراستہ کرنے والا

بزم گاہ:عیش و نشاط کی مجلس، جہاں کوئی تقریب یا دعوت ہوتی ہے

بُزمان:بدمست، شرابی

بُزمانند:بکری کی طرح

بَزماوَرد:دعوت سے لائی ہوئی چیزیں

بُزمَچَہ:چھپکلی

بزم نشین:مہمان، دعوت میں شریک

بُزمُوی:بکری کے بال

بزَن:بہادر، شجاع

بزن بہادر:بہت بہادر

بزَنگاہ:(۱)کسی کام کے کرنے کا وقت، (۲)نازک وقت (۳)نگرانے کا وقت (۳)چوروں اور رہزنوں کی جگہ

سر بزنگاہ:عین موقع پر

بزُودی:جلدی سے

بزُور:زور سے، طاقت سے

بُزور:بزرکی جمع، بیج

بُزوَش:بکری کے بچے کی طرح

بُزُوشم:بکری کے بال

بزہ:گناہ، خطا، جرم

بزہ کار، بزہ مند:گنہگار، خطا کار، مجرم

بُزی:بکری کی طرح

بز بچہ:میمنا، بز غال، بکری کا بچہ

بَزیدن:وزیدن، ہوا کا چلنا

بزیُون:زربفت کا کام، کمخواب، کامدانی

بژ:شبنم

بژ گُول:ہوشیار، چالاک،

بژن:حوض کی تہ کی گاد

بس:کافی

از خدا ترسم و بس:میں خدا سے ڈرتا ہوں اور بس،

بس کردن:رک جانا، ٹھہر جانا

بسا:بہت سے، متعدد:مثال:

ای بسا آرزو که خاك شده: بہت سی آرزوئیں تھیں جو خاک میں مل گئیں

بَساتین: (ع) بستان کی جمع، باغ، گلزار، چمن زار

بساروُب: خوشہ چینی

بساره: زمین جس کی کاشت کےلیے آبپاشی کی گئی ہو

بِسارَه: ایوان، صفّہ

بِساط: (ع)(۱)دری، بستر (۲)چیزوں کی نمائش برائے فروخت

بَساطت: (ع)(۱)سادگی، بلا تکلف (۲)شیرین زبانی، لطیفہ گوئی

بَسالت: (ع) دلیری، شَجاعت، دلاوری

بَسّام: (ع) بہت ہنسنے والا

بِسان: طرح، مانند، مثال:

ہوا شد تیرہ و گریان بسانِ دیدہ وامق
زمین شد تازہ و خندان بسان چہرہ عذرا

ہوا تیرہ وتار ہے گھرے بادل چھا گئے ہیں اور بارش ہو رہی ہے وامق کے آنسوؤں کی طرح، زمین تازہ وشاداب ہے، پھول شگفتہ ہیں عذرا کے چہرے کی طرح

بسانیدن: پانی دینا، آبیاری کرنا

بساوای: پنجگانہ حواس میں سے ایک حس جس سے انسان گرمی، سردی، سختی، نرمی کو محسوس کرتا ہے، قوت لامسہ

بساویدن، ساویدن: ہاتھ لگانا، چھونا، ہاتھوں سے ملنا

بَسپایَك، بسپایه: کئی پاؤں والا، مثلاً ہزار پا

بَست: (۱)باندھنا (۲)پناہ، پناہ گاہ، وہ جگہ جہاں کوئی کسی خوف کی وجہ سے یا کسی مصلحت کی وجہ سے پناہ حاصل کرتا ہے اور وہاں سے کوئی اسے پکڑ نہیں سکتا

بست شدن: پناہ حاصل کرنا

بُستاخ: گستاخ

بُستار: سست، کاہل

بُستان، بوستان: باغ (بساتین جمع)

بستان افروز: گل تاجِ خروس، مرغ کی کلغی جیسا پھول

بستان بان: باغبان

بستان پیرا: باغبان

بستانچی: مالی، باغبان

بستان سرا: گھر کا باغ یا باغیچہ، وسیع گھر جس میں بہت سے پھولوں والے پودے اور درخت ہوں

بُستان شیریں: قدیم ایرانی موسیقی کی ایک دُھن

بُستانکار: طلبگار، کوئی شخص جو کسی سے رقم یا کوئی چیز مانگے، قرضخواہ

بستان کاری، طلبگاری: کسی سے رقم یا کسی چیز کی طلب کرنا

بُستاوَند: ناہموار زمین

بِستَدَن: کوئی چیز لینا

بِستَر: بچھونا، رخت خواب

بستر آہنگ: رضای، لحاف وغیرہ

بِستَری: بستر ہی میں پڑا رہنے والا، بیمار، کاہل

بستری شدن: بیمار ہو جانا

بَستگاه: جائے پناہ، مامن، مقدس مقام، جہان کوئی کسی خوف یا مصلحت کی وجہ سے پناہ لے اور وہ وہاں ہر طرح سے محفوظ ہو

بَستِگی: قرابتداری، رشتے داری، تعلق خاطر، پختگی، ارتباط

بَستَن: باندھنا، روکنا، منجمد ہونا

باربستَن: سامان باندھنا

خیال بستن: سوچنا، غور و خوض کرنا

دل بستن: بھروسا کرنا، اعتماد کرنا

بستنگاہ: مستقل زنجیر دار بند جس سے جہاز اٹکاتے ہیں، لنگر

بَستَنی: آئس کریم (انگ)

بَستُو: مٹی کا برتن، سُبو، روغنی پیالہ

بَست و بند: باندھنا، کپڑے وغیرہ لپیٹ کر تسمے سے باندھنا

بستُوہ: خستہ، درماندہ

بستہ: بندھا ہوا، جما ہوا، پشتارہ، بقچہ، گٹھڑی، بنڈل، پارسل (۲) قیدی (۳) قرابتدار

بستہ رَحِم: بانجھ عورت

بستہ زبان: جو بول نہ سکے، جسے کچھ کہنے کی اجازت نہ ہو

بستہ میان: تیار، آمادہ

بستہ نگار: ایرانی موسیقی کی ایک سُر

بُسَّد: مرجان، مونگا

بَسدَك: گندم یا جَو کی کٹی ہوئی فصل

بُسَّدِین: مرجان کے رنگ کا

بُسر: (۱) ہر تازہ اور نئی چیز، (۲) تازہ کھجور جس کا رنگ زرد ہو اور ابھی پوری طرح پکی نہ ہو، نارسیدہ کھجور

بَسَر آمدن: مکمل ہو جانا، تمام ہو جانا، تکمیل کو پہنچنا

بسر آوردن: پایہ تکمیل تک پہنچانا

بسربردن: مکمل کرنا

بسر درآمدن: ٹھوکر لگنا، تھر تھرانا، گر پڑنا

بسر دوِیدن: کنایہ ہے کسی کے امر یا حکم کے اجرا میں بہت تیزی کرنا

بسط (ع) توسیع، ترقی، نمو، ارتقا، وضاحت، تشریح

بسط دادن: وسعت دینا، پھیلانا، ترقی دینا، وضاحت کرنا

بسطت: (ع) فراخی، وسعت، کشادگی

بسفایَج: ایک پودے کی جڑ جو لمبی، باریک اور گرہ دار ہوتی ہے اس کے اردگرد ریشے ہوتے ہیں، پودا اس کا چھوٹا اور پتے اس کے خاکستری رنگ کے ہوتے ہیں یہ پودا چٹانوں اور دیواروں کے ساتھ اگتا ہے

بسك: گندم یا جو کی کٹی ہوئی فصل

بسکلہ: لکڑی کا ٹکڑا جو دروازہ بند کرنے کےلیے دروازے کے پیچھے لگایا جاتا ہے

بسگوئی: پرگوی، زیادہ باتیں کرنا، طوالت پسندی

بسَّل: ارزن، باجرا

بسلِہ: چنے

بِسم (ع) با اسم، نام سے

بسم اللہ: اللہ کے نام سے

بسمِل: ذبح کیا گیا، قربان کیا گیا، زخمی، گھائل، کسی جانور کو بسم اللہ کہہ کر ذبح کیا جاتا ہے، اس لیے ذبح ہونے والے جانور کو بسمل کہتے ہیں

نیم بسمل: جانور جسے تازہ ذبح کیا گیا ہو ابھی اس میں تڑپ باقی ہو

بسمل کردن: ذبح کرنا

بسمل گاہ: ذبح خانہ

بسملِہ: (ع) بسم اللہ الرحمن الرحیم کا مخفف ہے

بسَنَد: کافی، مکمل

بسَنَدِہ: کافی، تمام، بس

بُسُوتِہ: زلف، گیسو

بسُودن: سودن، ملنا، رگڑنا، ہاتھوں کو ملنا، پیسنا

بسُورِیدن: ملامت کرنا، برا بھلا کہنا

بُسُوق:لمبائی، طوالت

بسُہُولت:آسانی سے

بسُوی:طرف

بسی:بہت

بِسیار:بہت سے، متعدد

بسیاران:بسیار کی جمع، بہت ہی زیادہ

بسیار خواب:پر خواب، بہت سونے والا

بسیار خوار:بہت کھانیوالا، پیٹو

بسیار دان:بڑا عالم، دانشمند

بسیارفن:بہت سے فن جاننے والا

بسیار گو:پرگو، بہت باتیں کرنے والا

بسیار ہُوش:بہت ذہین، زیرک، ہوشیار

بسیاری:بہت سے، کثرت، زیادتی، وفور، فراواں

بسِیج:(۱)قصد، ارادہ، تہیہ، منصوبہ بنانا، سازوسامان، مثال

بسیِج سخن گفتن آنگاہ کن
کہ دانی کہ در کار گیرد سخن

بات کہنے کا ارادہ اس وقت کر جب کہ تجھے معلوم ہو کہ اس بات کا کوئی اثر بھی ہو گا

بسِیجِیدن، :قصد کرنا، ارادہ کرنا، آمادہ کرنا

بسیط:(ع) وسیع، فراخ، جامع، حاوی

بحربسیط:(۱)بہت وسیع سمندر (۲)اشعار کا ایک بحر

بسِیل:مانع، مزاحم، رکاوٹ پیدا کرنے والا

بسیم:ہنسنا، خوش ہونا، خندہ رو، کشادہ رو

بِش:با او، اسے

بش:پیوند، دھات کا پیوند جو ٹوٹنے ہوے برتن کو لگایا جاتا ہے

بَش:گھوڑے کی گردن کے بال، یال

بِشار:گرفتار، پابے بند، کوٹا ہوا، سونے یا چاندی کا جڑاؤ کام

بِشارَت:(ع) اچھی خبر، خوش خبری، مژدہ

بشارت دادن:خوشی کی خبر لانا

بشارت رسان:خوش خبری لانیوالا

بَشّاش:(ع) خوش، خندہ رو، با چہرہ بشاش چہرے پر خوشی کے آثار لیے ہوئے

بشاشَت:(ع) خوشی، تازگی، کشادہ روئی، چہرے پر خوشی کے آثار

بشام:شہتوت کی طرح کا موٹا درخت

بُشاوَرہ:پشتہ، نا ہموار زمین

بَشتَر:حضرت میکائیل کا نام

بُشتَرَم:جلد کی بیماری جس میں جسم پر سرخ دانے نکل آتے ہیں اور خارش بہت ہوتی ہے

بُشتَرہ:چنگال، کانٹا

بُشتك:مٹی کا کوزہ

بِشخصِہ:ذاتی طور سے

بشِدَّت:سختی کے ساتھ

بشَر:آدمی

نوع بشر:نسل انسانی

بشر دوست:انسان دوست، ہمدرد، غمخوار

بشر دوستانہ:ہمدردانہ

بشر دوستی:ہمدردی، غمخواری

بشر شناسی:بشریات، انسانیات، علم الانسان، انسانوں

کا فعلیاتی اور نفسیاتی علم

بِشَرِہ:جھلّی، بالائی پوست، ظاہری شکل، وضع قطع، نمود

بشرط:شرط کے ساتھ

بشرطی کہ:اس شرط کے ساتھ

بشری:انسانی

بشریّت:انسانیت، طبع انسانی

بُشقاب:پلیٹ، رکابی، طشتری (چینی یادھات کی)

بشلك:شبنم، اوس

بِشکرِیدن:شکار کرنا

بِشکلیدن:خراش لگانا، چھیلنا، زخم لگانا

بِشکم:(۱)ایوان، محل (۲)گرمیوں کا موسم گزارنے کا مقام

بشکُن:انگلیوں کا چنخنا

بشکن زدن:انگلیوں کا چنخانا

بشکن بشکن:پینا پلانا، بدمستی کی کیفیت جس میں کچھ ٹوٹ پھوٹ بھی ہو جاتی ہے

بِشکُول:چالاک، حریص، زحمت کش

بشکولیدن:چالاکی کرنا

بِشکر، بشکرد:شکاری، وہ علاقہ جہاں شکار کیا جاتا ہے

بِشلیدن:چمٹنا، لٹکانا

بِشم:شبنم

بَشَم: ملول، افسردہ، سوگوار، بدحال

بشمار:شمار، شماریدن= گننا سے فعل امر، گنو شمار کرو

بَشَن:قدوقامت

بِشَنج:داغ جو انسان کے جسم پر پڑ جاتے ہیں

بشنجیدن:گرانا، ٹپکانا، چھڑکنا

بِشَنزَہ:چنگال، کانٹا

بِشَنگ:چھینی، بسولی

بشولانیدن:ہلانا، حرکت دینا،

بشولیدن:(۱)آگے پیچھے حرکت کرنا، دانائی سے کام انجام دینا

بشیر:(ع) بشارت دینے والا، خوش خبری لانے والا

بشیز:کم قیمت سکہ

بَصارت:(ع) بینائی، آنکھ کی روشنی، نظر

بصائر:(ع) بصیرت کی جمع

بَصَر:(ع) نظر، آنکھ، (ابصار جمع)

علم نوروبصر:بصریات، انسان کی بصارت سے تعلق رکھنے والا علم

بصَری:(ع) علم بصارت سے متعلق

بصَل:(ع) پیاز

بصَلی:پیاز کی شکل کا

بصیر:(ع)(۱)صاف نظر والا (۲)ذہین، زیرک

بصیرت:(ع) ذہانت، ادراک

بِضاعت:(ع) اشیا، سرمایہ، ذخیرہ، ذرائع، وسائل، اشیای تجارت

بضائع:(ع) جمع بضاعت

بِضع:(ع) تھوڑی تعداد (تین سے نو تک)، چند، کسی چیز کا کچھ حصہ۔

بضعَت:(ع) گوشت کا ٹکڑا، حصہ

بط: (ع) بطغ۔

بطائع: (ع) بطحا کی جمع،

بطارقه: (ع) بطریق کی جمع۔

بطّال: (ع) (١) سست، بیکار (٢) یا وہ گو، ہرزہ سرا

بِطالت: (ع) سستی، آوارگی، بیکاری، کاہلی

بَطالت: (ع) دلیری، شجاعت

بِطانه: (ع) استر، لباس کا استر (٢) راز (٣) آستین، کپڑے کا کنارہ

بَطانه: (ع) شیشے یا دھات کو صاف کرنے کا سفوف، دھات کا پالش۔

بطانه کردن: شیشے یادھات کو صاف کرنا، پالش کرنا، مہر لگانا

بطحا: (ع) وادی مکہ مکرّمہ۔

بَطَر: (ع) (١) انتہائی خوشی، حیرت۔

بطرا خیون: ایک چھتردار، پودا۔

بُطری: بوتل،

بَطریق: (ع) قدیم روما کا قائد۔ پیشوا، طبقہ امرا، رومی فوج کا جرنیل،

بطش: شدت، تندی، مضبوطی، پکڑنا، تندی، سخت گیری، چھیننا، حملہ کرنا،

بطل: (ع) شجاع، دلیر

خط بُطلان کشیدن: خط باطل کھینچنا غلط قرار دینا۔

بطلیموس: سکندریہ کا معروف ہئیت دان جو دوسری صدی میں گزرا ہے۔

بطن: (ع) پیٹ، بطون جمع۔

بطن پرست: شکم پرست، پیٹ پجاری، پیٹ کا بندہ۔

بطور: طور طریقے پر۔

بطون: (ع) بطن کی جمع

بطونیکا: ایک قسم کا اودے پھولوں والا پودا۔

بطوء: (ع) سستی، دیر، تاخیر، ڈھیل

بطی: (ع) سست، غبی، کند ذہن۔

جریان بطی امور: معاملات کا سستی سے زیر غور آنا۔

بطی الحرکت: سست، سست رو۔

بطی الهَضم: دیر سے ہضم ہونے والا۔

بطیخ: (ع) تربوز، ہندوانہ۔

بطین: (ع) بڑے پیٹ والا۔

بظاہر: ظاہر میں۔

بَع بَع: میں میں کرنے کی میمنے کی آواز۔

بَعث: (ع) بھیجنا، اٹھنا، رستا خیز، قیامت، حشر۔

یومُ البَعث: روز قیامت

بِعثَت: (ع) حضرت رسول کریم(ص) کی رسالت، حضور کا تبلیغی کام۔

بعُجلَة: (ع) تیزی سے۔

بعد: (ع) تب (قبل کی ضد)۔

بعد ازانکه: اس کے بعد کہ

من بعد: اس کے بعد، مستقبل میں،

بُعد: (ع) دور ہونا، دوری، (قرب کی ضد)

بعداً: (ع) بعد میں۔

بعدی: بعد کا، متاخر۔

بعض: (ع) چند، کچھ۔

بعضاً: (ع) بعض دفعہ۔

بعضی: کچھ۔

بَعل: (ع) شوہر، آقا، مالک، ایک بت کا نام بھی تھا۔

بعلاوه: اس کے علاوہ، اس سے زیادہ

بعلبك: ایک گاؤں کا نام۔

بعمَل آوردن:عمل کرنا،

بعلی:(ع) بعلبک سے منسوب۔

بعوَض:عوض میں،

بعَون الله:(کلمہ دعا) خدا کی مدد سے۔

بعید:دُور

بعیر:(ع) شتر، اونٹ

بعَینه:(ع) ویسے ہی، بالکل ویسا

بَغ:یزدان، خدا، بعض نے ایک بت بھی بتایا ہے

بغا:مخنث، ہیجڑا۔

بُغات:باغی کی جمع۔

بغاز:لکڑی کا قالب جو جوتے میں ڈالتے ہیں۔

بغاز آلتی:گلے کے نیچے کا حصہ

بغاضَت:بغض، کینہ۔

بغامَه:غول، غول بیابانی

بغاوت:سرکشی، نا فرمانی

بغایت:غایت درجہ

بَغبغُو:کبوتر کی غٹر غوں

بغپُور:بغ، بمعنی خدا، پور بمعنی بیٹا، خدا کا بیٹا، قدیم زمانے میں یہ چین کے بادشاہوں کا لقب تھا۔

بغتةً:(ع) غیر متوقع واقعہ، ناگہانی واقعہ

بُغچه:گٹھڑی۔

بغداد:عراق کا مشہور شہر۔

بغدادی:بغداد کا رہنے والا۔

بُغرا:سور۔

بُغرَنج:پیچیدہ، مشکل۔

بَغستان:بت خانہ، بتکدہ،

بُغض:(ہ) کینہ، نفرت، خبث باطن۔

بَغضاء:(ع) سخت دشمنی، کینہ۔

بغَل:بازو کے نیچے کی جگہ، بازو، سینہ، آغوش

بغل باز کردن:بازو کھولنا۔

بغل خواب:جو کوئی کسی دوسرے کے ساتھ لیٹتا ہے۔

بغل زدن:آغوش میں لینا۔

بغل کشُودن:بازو کھولنا، مہربانی کرنا۔

در بغل گرفتن:سینے سے لگانا، بغل گیر ہونا

بَغل:خچر، استر

بغی:سرکشی، کرنا، بغاوت، نافرمانی۔

بغیر:سوائے

بغتره:لاسا، چارا، ترغیب

بغج:لعاب دہن۔

بفخَم:بہت زیادہ، فراوان، بکثرت

بفرمائید:فرمایے، کلمہ تعارف و احترام، آئیے، بیٹھیے، لیجیئے، کھائیے وغیرہ۔

بقا:(ع) باقی رہنا، ہمیشگی، دوام، ابد:مثال:

اے تُنك دل که تو از دادنِ جان می ترسی
مردن اندر نظر دوست بقای دگراست

اے کم ظرف تو جان دینے سے ڈرتا ہے۔ دوست کی نظر میں جو جان دے دیتا ہے وہ ایک اور دوامی زندگی حاصل کرتا ہے۔

مثال:

اگر بقا طلبی اولت فنا باید
که تا فنا نشوی راه نمی بری به بقا

اگر تم چاہتے ہو کہ دائمی زندگی حاصل کرو تو اس سے پہلے فنا کی منزل ہے، جب تک عالم فانی سے نہ گزر جاؤ جاودانی زندگی کا راستہ نہیں پاسکوگے۔

بُقاع:(ع) بقعہ کی جمع، خانقاہیں، پیشواؤں کی خانقاہیں، آرامگاہیں۔

بقاعِ متبرک: پیشوایان دین کی آرامگاہیں۔

بقاعِدہ: درست، باترتیب، قاعدے کے مطابق۔

بقّال: (ع) سبزی فروش

بقاول: باورچی خانے کا منتظم۔

بقایا: (ع) باقی ماندہ، بقیہ۔

بقدری: مطابق۔

بقَر: (ع) گائے، بیل۔

بُقراط: یونانی فلسفی۔

بقراطی: بقراط سے متعلق، بقراط سے منسوب

بُقعہ: (۱) دینی پیشوا کی آخری آرامگاہ (۲) عمارت (۳) نشیبی زمین۔

بقل: (ع) سبزی

بقلۃ، الغزال: ایک گل دار پودا۔

بقلہ: : (ع) ایک قسم کی سبزی۔

بقَم: (ع) ایک درخت جس کے بیجوں سے سرخ رنگ بنایا جاتا ہے۔

بقُول: (ع) بقل کی جمع، سبزیاں۔

بقَول: قول کے مطابق۔

بقُولات: بقل کی جمع الجمع۔

بقیع: (ع) (۱) وہ جگہ جہاں قسم قسم کے درخت ہوں، مدینہ منورہ کے قبرستان کا نام۔

بقیّہ: (ع) باقی، بقایا، باقی ماندہ۔

بقیۃُ السّیف: تلوار کی زد سے بچے ہوئے۔

بقیہ: مختلف جڑوں سے بھری ہوئی جگہ۔

بك: پُشت، فل بیک کھلاڑی

بك: مینڈک۔

بکا: ایک قسم کا درخت جو مکہ معظمہ میں ہوتا ہے۔

بُکا: (ع) گریہ و زاری۔

بُکات: (ع) گریہ کرنے والے

بکار: کام کا، کام میں آنے والا

بَکارت: (ع) کنوار پن، دوشیزگی

بَکتاش: (ت) ایک قدیمی پہلوان کا نام۔

بکتر: فولادی پوشش

بِکر: (ع) دوشیزہ

بُکم: (ع) گونگا۔

بکمان: بکم کی جمع۔

بکنَك: دم کٹا جانور۔

بکُور: (۱) کوئی کام کرنا، (۲) صبح سویرے کہیں جانا۔

بُکی: بہت زیادہ گریہ و زاری کرنیوالا۔

بگ: گونگا۔

بگاہ: وقت پر، صبح جلدی۔

گاہ بگاہ۔ وقتاً فوقتاً۔

بِگلر: (انگ) بگل بجانے والا۔

بگم: بیگم۔

بَگماز: شراب کی محفل، بادہ گساری۔

بَگنی: شراب کی ایک قسم۔

بَل: بلکہ۔

بُل: بہل، چھوڑ: مثال:

بُل تا جگرم خشک شود آب نماند
برروی من آبی است کزودجلہ توان کرد

چھوڑ کہ جگر کا پانی خشک ہو جائے اور پانی باقی نہ رہے، میرے چہرے پر تو اتنے آنسو آرہے ہیں کہ وہ دجلہ کی طرح رواں ہیں۔

بلا: بغیر۔

بلا: مصیبت، آفت، بدبختی، رنج، اندوہ

بلا دیدن: بلاگرفتن: مصیبت میں مبتلا ہونا۔

بلا اِستِفادہ: بے فائدہ، بیکار

بلا اِعتراض: کسی اعتراض کے بغیر۔

بلا انگیز: مصیبت میں پھنسانے والا، مصیبت میں ڈالنے والا۔

بلابل: بلبل کی جمع۔

بلا تاخیر: دیر کیے بغیر۔

بلا تخلُّف: مخالفت کے بغیر

بلا تصوّر: خیال کیے بغیر۔

بلاج: بوریا، حصیر۔

بلا چین: بلاگردان: مصیبت کو دور کرنے والا۔

بلاد: (ع) بلد کی جمع، شہر۔

بلادت: (ع) کند ذہنی، بے وقوفی۔

بلادر: ہندوستان کا ایک درخت جسے ہندی میں بھلاوا اور عربی میں حلب القلب کہتے ہیں

بلا درنگ: بلا تاخیر، دیر کیے بغیر۔

بلادہ: فاسق، بدکار، نابکار، تبہ کار

بلادیدہ: مصیبت زدہ۔

بلا رسیدہ: مصیت زدہ۔

بلارک: جوہردار فولاد، شمشیر جوہردار۔

بلاع: (ع) پینو۔

بلاغ: (ع) پہنچانا۔ پیغام پہنچانا، ابلاغ۔

بلاغت: (ع) حسن بیان، کلام کا مرتبہ کمال کو پہنچنا۔

بلاغی: فصیح شخص جو اپنا مطلب زیبا طریقے سے بیان کر سکے۔

بلا فصل: بغیر فاصلے کے، بلا واسطہ، فوراً

بلاکش: مصیبت برداشت کرنے والا۔

بلاکلام: بغیر گفتگو کے۔

بلا گردان: بلا ٹالنے والا، نیکی کرنے والا، احسان کرنے والا۔

بلال: حضرت رسول کریم(ص) کے صحابی تھے جو موذن کی حیثیت میں بہت مشہور تھے۔

بلا مُتَصَدّی: ملازمت کی خالی جگہ۔

بلا مُعارِض: دعویدار کے بغیر، تصرف بلا معارض، ایسی چیز پر قبضہ جس کا کوئی دعویدار نہ ہو۔

بلا نصیب: حصے سے محروم

بلا واسطہ: کسی ذریعے کے بغیر۔

بلا ہَت: بے وقوفی، حماقت، نادانی، ضعف عقل۔

بلایہ: بدخو، دیدہ دلیر عورت، بد تمیز

بلایہ کار: دیدہ دلیری۔

بلبان: یہودیوں کا ایک ساز (بربط) جو وہ خاص موقع پر بجاتے ہیں۔

بلبشُو: کنایہ ہے، شورو غوغا کا، (مخفف ہے بہل شُوکا)

بُلبُل: خوش آواز پرندہ۔

بلبل زبان: خوش الحان، اچھی آواز والا

بلبل زبانی کردن: خوش بیانی کرنا، سخن سرائی کرنا۔

بُلبلستان: وہ جگہ جہاں بلبلیں ہوں۔

بلبل مزاج: عاشقانہ مزاج والا

بلبل نوا: خوش نوا، شیریں آواز میں گانے والا۔

بُلبلہ: لوٹا، آفتابہ۔

بلجیك: بلژیک۔

بلخ: ایک شہر کا نام۔

بلخ: (۱) درخت بلوط (۲) شراب کی صراحی

بلخَم: منجنیق، جس سے سنگ اندازی کی جاتی ہے۔

بلخی: بلخ کا رہنے والا

بلَد: (ع) شہر، گاؤں، بلاد جمع

اہل بلد: شہر کے رہنے والے۔

بلد:رہنما، رہبر، شناسا، واقف۔

بلدبودن:جاننا، واقف ہونا۔

بلدان:بلدہ کی جمع، شہر۔

بلدر چین:بٹیر، سلوا،

بلدہ:شہر، بلدان جمع۔

بلدی:شہر سے متعلق،

انجمن بلدی:میونسپل کونسل۔

بلدیّت:واقف ہونا، شناسا ہونا۔

بلدیہ:(ع) کارپوریشن، شہرداری۔

بلژیک:بلجیم۔

بلژیکی:بلجیم سے متعلق۔

بلسان:(۱) مفید قسم کا پودا جس کے پھول سفید گچھوں کی صورت میں ہوتے ہیں۔ (۲) خوشبودار قسم کا عرق جو بعض درختوں سے حاصل ہوتا ہے اور طبّی خواص رکھتا ہے۔

بلسک:چھوٹا سا پرندہ جس کے پر لمبے اور نوک تیز ہوتی ہے، پر سیاہ اور سینے کے پر خاکستری رنگ کے ہوتے ہیں

بلشک:سیخ کباب۔

بَلع:غذا کا چبانا، اور نگلنا

بلعَم:(ع) حضرت موسیٰ(ع) کے ایک ہم عصر کا نام، جو بہت لالچی تھا، مجازاً لالچی، پیٹو۔

بلعیدن:چبانا، نگلنا

بلعُون:حلق، حلقوم۔

بُلَغا:بلیغ کی جمع، جن کے کلام میں بلاغت ہو۔

بلغار:سرخ رنگ کا چمڑا

بلغارستان:ملک بلغاریہ۔

بلغاری:بلغاریہ کا رہنے والا۔

بلغاک:فتنہ، آشوب، غوغا اسے بلغاق بھی کہتے ہیں۔

بلغَم:(ع) کھانسی، بلغمی مادہ۔

بلغندہ:بغچہ، گٹھڑی۔

بلغُور:(ت)(۱) چاندی کا سکہ (۲) گندم کے کوبیدہ دانے

بلغورجَو:جو سے تیار کی گئی خوراک۔

بلغر خَج:پلید، نا پاک، زشت۔

بلَق:**ابلق**:سیاہ و سفید رنگ، گونا گون رنگ، بو قلموں، رنگ برنگ۔

بلقَک:ایک قسم کی گھاس

بلقیس:سبا کی ملکہ جو حضرت سیلمان(ع) کی ملاقات کو آئی تھی۔

بلَک:تحفہ، ارمغان، سوغات۔

بُلکامہ:پرآرزو، زیادہ کام کرنے والا

بُلکفَد:رشوت

بلکک:نیم گرم پانی۔

بلکن:دیوار کا کنگرہ، سردیوار۔

بلکُنجک:عجیب، طرفہ۔

بلکہ:شاید،

بلم:چھوٹی کشتی، نیز ایک قسم کی مچھلی۔

بلماج:یخنی، شوربا، آب گوشت۔

بلمہ:لمبی اور گنجان ڈاڑھی۔

بلمہ ریش:لمبی گنجان ڈاڑھی والا۔

بلَنج:مقدار، اندازہ

بُلند:اونچا، بالا۔

بلند حرف زدن:اونچا بولنا،

بُلند شدن:اٹھنا۔

صبح زود بلند شدم:صبح میں جلد اٹھا

بلند آشیان:اونچے آشیانے والا۔

بلند آوازہ:کنا یہ ہے مشہور و معروف آدمی کا

بلند اختر: خوش نصیب، بلند اقبال

بلند اختری: خوش نصیبی۔

بلند ارادہ: اولوالعزم، حوصلہ مند،

بلند اقبال: اقبال مند، خوش بخت۔

بلند اقبالی: خوش بختی۔

بلند اقتدار: بڑی قدر و منزلت والا۔

بلند بالا: اونچے قد کا نوجوان۔

بلند بخت: خوش نصیب

بلند بیں: بلندی پر نظر رکھنے والا، بلندیوں تک پہنچنے کی تمنا رکھنے والا، ترقی پسند۔

بلند پایہ: بلند مرتبہ۔

بلند پرواز: اونچا اڑنے والا، ترقی پسند۔

بلند پروازی: اونچا تخیل، ترقی پسندی۔

بلند پری: بلند پروازی۔

بلند جاہ: اونچے جاہ و مرتبے والا، بلند مرتبہ

بلند قامت: لمبے قد و قامت والا،

بلند گرای: بلند پرواز۔

بلند گو: لاؤڈسپیکر (انگ)

بلند نظر: وسیع النظر، بلند حوصلہ رکھنے والا، بلند خیال۔

بلند ہمت: بلند خیال، بہت با ہمت، وسیع الخیال۔

بلوا: (ع) خلل، اضطراب، شورش، ہنگامہ، شور و غوغا، بغاوت

بلوچ: (١) بلوچستان کا رہنے والا، بلوچ قبیلے کا فرد (٢) مرغے کی کلغی۔

بلوچستان: پاکستان کا صوبہ۔

بُلور: شیشہ۔

بُلورِالوان: رنگدار شیشے۔

بلور سازی: شیشے بنانے کا کام۔

بلوری: بلورین، شیشے کا بنا ہوا۔

بلورین اندام: بلورین تن، درخشاں، تابناک جسم، نرم و نازک خوش اندام۔

جام بُلور: شیشے کا جام

بلُوط: شاہ بلوط، ایک قسم کا جنگلی درخت جس کی لکڑی سخت اور مضبوط ہوتی ہے،

بلوطستان: جہاں بلوط کے درخت ہوتے ہیں۔

بلُوغ: (ع) بالغ ہونا۔

بسنِ بلوغ رسیدن: بالغ ہونا۔

دندانِ بلوغ: دندان عقل: عقل داڑھیں۔

بلوغیت: سن بلوغ کو پہنچنا۔

بلُوک: ضلع، جس میں چند گاؤں شامل ہوں۔

بلُوک: شراب پینے کا جام، قدح۔

بلُوکات: بلوک کی جمع، اضلاع۔

بلُوکی: ضلع سے متعلق۔

بلوی - بلوا: شورش، ہنگامہ۔

بلہ: احمق، بے وقوف، ابلہ

بلہ: کلمہ جواب، جی، جی ہاں۔

بلہا: (ع) ابلہ کی تانیث، نادان عورت، کم عقل عورت۔

بُلھوس، بالھوس: ہوس کار، لالچی، ہوس پرست

بلی: کلمہ ایجاب، ہاں، جی ہاں۔

بلیّات: بلیہ کی جمع بدبختیاں، تکلیفیں، مصیبتیں

بلیاد: سادہ کپڑا نقش و نگار کے بغیر۔

بلید: (ع) بے وقوف، احمق، بے شعور، کندذہن۔

بلیط: ٹکٹ

بلیغ: (ع) فصیح، خوش بیان، جس کے بیان میں صنائع استعمال ہوتی ہوں، بہت زیادہ خوش بیان،

سعی بلیغ: بہت زیادہ کوشش۔

بلیّہ: (ع) بد نصیبی، مصیبت، آفت، حادثہ

بم: (۱) موسیقی کے ساز کی آواز، بم مقابل زیر، (۲) کرمان کا ایک شہر

بمبائی: بمبئی، ہندوستان کا ایک شہر

بمُجرّد: فورا، محض

بمجرد یکہ: محض اینکہ، محض یہ کہ

بمُرور: زمانے کے گزرنے کے ساتھ، رفتہ رفتہ

بمرورِ ایام: دنوں کے گزرنے کے ساتھ، تدریجاً

بمُوی بند کردن: برا انجام ہرنا

بموی کشیدن: بہت آسان ہونا

بمُوجب: مطابق

بموَقع: موقع کے مطابق

بمی: کم آوازی

بُن: جڑ، بنیاد، بیخ، بنیاد

بُنِ درخت: درخت کی جڑ

بنِ گوش: بنا گوش، کان کا خلا، کان کا درمیانی حصہ

از بن برکردن: جڑ سے اکھاڑ دینا

بِن: (ع) بیٹا

بُن: (ع) قہوہ

بنا: (ع) بنیاد، عمارت

بنای عالی: عظیم عمارت

بنا برین: اس وجہ سے، اس لیے

بنّا: (ع) معمار، راج

بُناب: پانی کی تہ۔ تھاہ

بنات: (ع) بنت کی جمع، بیٹیاں، دختران

بنات النّعش: وہ سات سیارے جو قطب شمالی کے قریب گردش کرتے ہیں

بنادِر: (ع) بندر کی جمع۔ بندرگاہیں

بنادِق: بندوق کی جمع، بندوقیں

بنارس: ہندوستان کا ایک مشہور شہر

بناغ: (۱) سوکن، (۲) دبیر، منشی

بُناگوش: (۱) کان کے اندر کا خلا (۲) کان کا پچھلا حصہ

بنام: مشہور، معروف، نامی

بنام: کے نام

بنامِ ایزد: خدا کے نام، براہ خدا

بنان: انگلیوں کے سرے، نوکیں

بُناوَر: ہرریشہ دار چیز، ریشہ دار، جس کی جڑ زمین میں اتری ہو،

بنّائی: معمار کا پیشہ

بن بست: گلی جو آگے سے بند ہو، کوچہ راہ بستہ

بنبر: سپستان، ایک درخت جس کے پتوں کی نوک تیز اور کھردری ہوتی ہے، درخت پر خوشبودار پھولوں کے گچھے لگتے ہیں

بنت: (ع) بیٹی، دختر

بنت الجَبَل: دختر کوہ، پہاڑ کی بیٹی، گونج

بنج: ایک زہریلا پودا

بُنجشك: کنجشک، چڑیا

بنجك: دھنی ہوئی روئی

بُنجُل: بیکار، گھٹیا درجے کی تجارتی اشیا، نا مرغوب، نا پسندیدہ، ایسی اشیا جن کا کوئی خریدار نہ ہو

بُنچاق: دستاویز جو فروخت کرنے والے کے پاس ہو، جس سے اس کے مالک ہونے کا یقین ہو

بند: (۱) فیتہ، پٹی، رسی (۲) بیڑی

او را در بند نہادند: اس کے پاؤں میں بیڑی

ڈالی گئی

بند آمدن: مجبور ہو جانا، پابند ہو جانا

بند: پروا، فکر، خیال

در بندآن مباش کہ نشنید یا شنید: اس بات کی پروا نہ کر کہ اس نے سنایا نہیں

بند: بستن=باندھنا سے فعل امر، باندھ دو

بند: پیراگراف، اشعار کا قطعہ، وعدہ، معاہدہ

بندِ ساعت: بند جس سے گھڑی کلائی پر باندھی جاتی ہے

بندِ شلوار: ناڑا

بندِ شمشیر: تلوار کی پیٹی

بندکفش: بوٹ کا تسمہ

در بندِ چیزی بودن: کسی چیز کا متمنی ہونا

بند آب: ڈیم

بنداد: بنیاد

بُندار: (۱) مالدار، سرمایہ دار (۲) پختہ کار، بہت کچھ جاننے والا

بَنداق: درویشوں کی اونچی لمبی ٹوپی

بند انداز: عورت جس کا پیشہ عورتوں کی آرایش کرنا ہو، آرایشگر

بندباز: رسی پر ناچنے والا بازیگر، نٹ

بندبازی: رسی تان کراس پر ناچنا، نٹ ناچ

بندبند: جوڑ جوڑ

بند خانہ: زندان، جیل خانہ

بَندر: بندر گاہ

بُندرت: شاذ و نا در

بند زدن: شکستہ برتن کو جوڑنا

بندرگاہ: جہازوں کے ٹھہرنے کا مقام

بُندُق: بندوق (بنادق جمع)

بُندُقیہ: رائفل، بندوق

بندکش: دیوار کی درزیں یا شگاف بند کرنیوالا

بندکشی: دیوار کی درزیں بند کرنا

بندکفش: فیتہ

بندگان: بندہ کی جمع، ملازماں، غلامان

بندگاہ: جوڑ

بند گسیختہ: رند مشرب، اوباش، عیاش، آوارہ

بندگی: اطاعت، فرمانبرداری، غلامی، پرستش

خدا را بندگی میکنم: میں خدا کی پرستش کرتا ہوں، اطاعت کرتا ہوں

بند گیر: عمدہ قسم کا سیمنٹ، ایک لمبا بیم

بُنِ دندان: دانتوں کی بیخ، کنایۂ فرماں برداری، اطاعت

بندوبست: نظم و ترتیب، انتظام، اہتمام

بندور: تخییلی استعداد، قوت عمل، صلاحیت

تُدوز: موٹی سوی جس سے موٹا کپڑا سیا جاتا ہے

بندہ: غلام،خادم، میں، عاجز

بندہ پروَر: خادموں کی پرورش کرنے والا، مہربان

بندہ پروری: خادموں کی پرورش، عنایت، شفقت

بندہ زادہ: میرا بیٹا، غلام زادہ

بندہ نواز: خادموں پر مہربانی کرنے والا، شفیق، ہمدرد، مہربان

بندہ نوازی: عاجز نواری، بندہ پروری، شفقت و عنایت

بندی: قید، قیدی، زندانی

بندیخانہ: قید خانہ، زندان

بندیمہ: بٹن، تکمہ

بَنزین: پٹرول

بُنسالہ: پیرسالخوردہ، بوڑھا، کہن سال

بُنشَن: دالوں کی قسمیں مثلاً چنے، ماش، لوبیا وغیرہ

بِنصِر: ہاتھ کی درمیانی اور چھوٹی انگلی کے بیچ کی انگلی، بناصر جمع

بِنفسِہ: ذاتی طور سے

بَنَفش: نیلگوں رنگ

بنفشِہ: ایک گُل دار پودا جس کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں، اس میں نیلے، ارغوانی اور سفید رنگ کے پھول آتے ہیں، یہ پودا دوا کے بھی کام آتا ہے

بنك: جس میں روپے پیسے کا لین دین ہوتا ہے وہاں روپیہ جمع کرایا جاتا ہے اور جب ضرورت ہو نکالا بھی جا سکتا ہے، اس سے منافعہ بھی ملتا ہے

بنك دار: بنک کے ذمے دار افسر

بُن کن: بیلچہ، کُھرپا

بنگ: بھنگ، ایک نشہ آور پودا، حشیش

بنگاب: بھنگ

بنگالہ: بنگال

بنگان: پیالی، چائے کی پیالی، فنجان

بنگاہ: گھر، قیامگاہ

بنگرِہ: لوری جو ماں بچے کو سلانے کےلیے دیتی ہے

بنگی: بھنگ کا عادی

بُنلاد: بنیاد، دیوار کا نچلا حصہ

بن نا پدید: اتھاہ، جس کی تہ کو پہنچ سکیں

بنُو: خرمن، گندم یا جو کا خرمن

بنوان: نگہبان خرمن، کھیتوں کی رکھوالی کرنے والا

بنو سرخ: مسور، عدس

بنوسیاہ: ماش کی دال

بنوبت: اپنی باری

بنوت: اولاد، فرزندی

بنُون: (ع) ابن کی جمع، بیٹے

بُنَہ: سامان، رہنے کی جگہ، قیامگاہ

بنی: (ع) (ابن کی جمع) بیٹے، پسران

بنی آدم: (ع) حضرت آدم(ع) کی اولاد، مثال:

> **نسبتی نیست بذات تو بنی آدم را**
> **بہتر از عالم و آدم تو چہ عالی نسبی**

حضورا آپ کی ذات سے بنی نوع انسان کو کوئی نسبت نہیں، کیا انسان اور کیا عالم انسانیت، آپ سب سے زیادہ عالی نسب ہیں

بنی اسرائیل: (ع) حضرت یعقوب(ع) کی اولاد

بنی اُمیّہ: (ع) جس کے بانی حضرت امیر معاویہ (رض) تھے ان کی خلافت ۴۱ تا ۶۰ھ قائم رہی

بنی عباس: اس سلسلے کے بانی ابو العباس السفاح تھے ان کی خلافت ۱۳۲ تا ۱۳۶ھ قائم رہی

بنی عم: (ع) چچا کا بیٹا

بنیاد: بنا، اساس، آغاز

بنیادِ عالم: دنیا کی بنیاد، کائنات کی بنیاد

بنیاد افگندن: بنیاد قائم کرنا بنیاد ڈالنا

بنیاد برافگندن: ضائع کر دینا تباہ کر دینا

بنیاد نہادن: بنیاد رکھنا

بنیادگر: معمار، راج

بُنیان: (ع) بنیاد، بنا، اساس، کوئی چیز جو خاص بناوٹ رکھتی ہو، عمارت

بُنیچِہ: (۱) ہیئت اجتماعیہ، (۲) مالیات و عوارض جن کا تعلق کاشتکاروں سے ہو (۳)کارپوریشن (۴)فوجیوں کا کوٹا

بنِیز: نیز، ایضاً، ہرگز

بنِیہ: جسمانی ڈھانچا، صحت

بنیه اش ضعیف است: اس کی صحت کمزور ہے

بُو: جس چیز کا قوت شامہ کے ذریعے احساس ہو

بو بردن: خفیہ طور سے اطلاع حاصل کرنا، شک کرنا

بوی حسادت می آید: حسد کا پتا چلتا ہے

بوی سوخته: جلتی ہوئی چیز کی بُو

بوی گل: پھول کی خوشبو

بُو: باپ

بو علی سینا: سینا کا باپ

بو: باشد کا مخفف، ممکن ہے، ہو سکتا ہے مثال:

ذرّہ ای از نور خود کُحل جواہر به بخش
بو که پذیرد ازان دیده جانم ضیا

اپنے نور سے جواہر کا ذرّہ بھر سرمہ عطا کردے ہو سکتا ہے کہ اس سے میری روح کی آنکھ منور ہو جائے

بواب: (ع) دربان، نگہبان

بوادی: (ع) بادیہ کی جمع، بیابان بصورت جمع

بوار: تباہی، بربادی، ہلاکت

دارالبوار: دوزخ

بوارِح: (ع) بارح کی جمع، موسم گرما کی ہوائیں

بوارِق: (ع) بارقہ کی جمع، چمکدار، درخشاں تلواریں

بواسطهِ: واسطے سے، ذریعے سے، اس وجہ سے

بواسیر: (ع) ایک بیماری جس سے مقعد میں مسّے نکل آتے ہیں اور ان میں سے خون بھی نکلتا ہے

بواشه: باد افشان، بھوسا اڑانے والا لکڑی کا آلہ، لکڑی کا دستہ دار پنجہ یا چار شاخ

بواطِن: (ع) باطن کی جمع

بواعِث: (ع) باعث کی جمع، اسباب، وجوہ

بواقی: باقی کی جمع، بقیہ چیزیں

بوال: ذیابیطس، پیشاب میں شکر آنا

بُوالحَزَن: اداس، غمگین (حزن سے)

بوالعَجَب: (ع) عجیب و غریب

بوالعجَبی: حیرانی

بُوالفُضُول: فضول باتیں کرنے والا، خواہ مخواہ دخل اندازی کرنے والا

بوالهَوَس: حریص، لالچی، خواہشات کا بندہ

بوالهوسی: حرص، لالچ، وہم و خیال

بُوب: فرش، بساط، کوئی چیز جو زمین یا فرش پر بچھائی جائے

بوباش: مسلسل، قدیمی

بُوبُرد: بلبل

بُوبك: ہدہد،

بُوبو: ہو بک

بوبوك: آنکھ کی پتلی

بُوته: (۱) کٹھالی جس میں کسی قیمتی دھات کو پگھلایا جاتا ہے، (۲) جڑی بوٹی، پودا

بوته گل سرخ: سرخ پھولوں کا پودا، گلاب کا پودا

بوتیمار: لفظی معنی ہیں غم کھانے والا، لمبی ٹانگوں اور لمبی چونچ والا پرندہ جو دریا کے کنارے غمگین صورت بنائے کھڑا رہتا ہے، بقول بعض اسے یہ وہم ہوتا ہے کہ اس کے پانی پینے سے کہیں دریا کا پانی ختم نہ ہو جائے اس لیے پیاس کے باوجود پانی نہیں پیتا

بَوجار: گندم یا چاولوں کو صاف کرنے والا

بوجار لنجان: ابن الوقت

بوجاری: گندم یا چاولوں کو صاف کرنا

بوَجه: وجہ سے

بُوجَهل: ابو جہل، جاہل، ناواقف

بوجهی: ایک وجہ سے

بُود:(بودن سے) تھا

بود:ہستی، وجود

بود و نبود:ہستی و عدم، موجودگی اور عدم موجودگی، دولت و افلاس

بود و باش:رہنا سہنا، سکونت، جائے سکونت، منزل، مسکن

بُوَد:بودن مصدر سے فعل مضارع، ہوتا ہے، ہو گا

بودا:بدھ مذہب

بودار:خوشبو دار، جس چیز سے خوشبو آئے

بودای:بدھ کی پیروی

بُودجِه:بجٹ، میزانیہ، جمع و خرج

بودجه ای:میزانیے سے متعلق

بُودش:ہستی، وجود

بودن:(مصدر) ہونا

اگر بودید:اگر تم ہوتے

اگر بودیم:اگر ہم ہوتے

بودِنه:پودینہ، پودنہ

بود و باش:وجود، ہستی، منزل و مسکن

بود و نابود:ہونا نہ ہونا، موجودگی، عدم موجودگی

بُور:شرمسار، جس کا رنگ اڑا ہوا ہو

بورشدن:شرمندہ ہونا

بور:زردی مائل رنگ

بور:تباہ ہونا، ضائع ہونا

بُوراق:معدنی مادہ، شورہ، پوٹاشیم نائٹریٹ

بُوران:سخت سردی، شدید ہوا جو برف و باران کے ساتھ چلتی ہے

بُوران:گوٹیوں سے کھیلا جانے والا کھیل

بُورانی:بینگن اور دہی سے بنی ہوئی خوراک

بورس:تمسکات کی خرید و فروخت کی جگہ سٹاک اکسچینج کا وہ مقام جہاں تاجر اور دلال داد و ستد کے لیے جمع ہوتے ہیں

بُورِه:شورہ، پوٹا شیم نائٹریٹ

بُوری:شرمساری جو کسی ناکامی کے نتیجے میں ہو

بُوری:دلدل میں اگنے والی نرسل

بُوری:زرد یا سنہرا رنگ

بُوریا:پٹ سن کی بنی ہوئی بوری، چٹائی

نی بوریا:پٹ سن

بوریا باف:پٹ سن کی چٹائی یا بوری بننے والا

بوریا پوش:چٹائی سے جسم ڈھانپنے والا

بُوز:(۱) تیز رفتار گھوڑا (۲)تیز ہوش اور ہوشیار آدمی

بوزا:جو کی شراب، آبجو، بیئر (انگ)

بوزاگر:جو کی شراب کشید کرنے والا

بوز گند:ایوان، صفہ

بوزنه:بوزینہ، بندر

بوزِه:شراب جو چاولوں یا باجرے سے تیار کی جاتی ہے

بوزِه خانه:جہاں چاولوں یا باجرے سے بنی ہوئی شراب ملتی ہے

بوزِینه:بندر، میمون

بوژنه:غنچہ، شگوفہ

بوس:چومنا، پیار کرنا

آستان بوس:دہلیز چومنے والا، خدمت گار

بوس و کنار:آغوش میں لینا، منہ چومنا

بُوستان:باغ، گلزار، سعدی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب کا نام، (بُساتین جمع)

بُوسلیك:ایرانی موسیقی کی ایک سر

بُوسِه:چومنا، پیار کرنا

بوسه گاه:چومنے کا مقام، مقدس مقام

بوسیام:ایک درخت جس کی کئی قسمیں ہیں، ان میں ایک سے شکر بنتی ہے

بُوسیدن:چومنا، پیار کرنا

بوَسیله:ذریعے سے

بُوش:شان و شکوہ، کروفر، مثال:

خسروا معذور شاں می دار گر بُوش دروغ
خانه باشان بسکه پر شد مرد می را جا نماند

اے خسرو انھیں معذور سمجھ جن کی جھوٹی شان و شوکت سے ان کے ہاں اتنے لوگ جمع ہو گئے ہیں کہ کسی اور شخص کے لیے وہاں جگہ نہیں رہی۔

بُوشاب:خواب، نیند

بُوشقاب:بشقاب، چینی یا دھات کی طشتری، رکابی، پلیٹ

بوشهر:ایران کا ایک شہر

بُوغچه:بقچہ، گٹھری

بُو غلمه:مرغی، مرغی کی کھال کو اس طرح بھرنا کہ اس کی اصل جسامت نظر آئے

بُوف:الو، چغد

بُوفه:الماری وغیرہ جس میں دعوت کے برتن اور لوازم دعوت رکھے جاتے ہیں، دعوت جس میں مہمان کھڑے ہو کر کھانا کھاتے ہیں

بُوق:بگل، سینگ جس کے ذریعے آواز دی جاتی ہے یا اعلان کیا جاتا ہے، ہارن

بوق حمام:سینگ سے نکلی ہوئی آواز جو غسل کرنے کے لیے آگاہ کرتی ہے

بوق زدن:سینگ کے ذریعے آواز دینا، موٹر کا ہارن بجانا

بوقت:وقت پر

بُوقلمُون:(۱) کئی قسم کے رنگ، رنگا رنگ (۲)ایک پرندہ جس کے پر رنگ رنگ کے ہوتے ہیں (۳)جو شخص اپنی رائے اور عقیدہ بدلتا رہتا ہے

بُوك:بوکہ، باشد کہ:ہو سکتا ہے کہ

بوکس:باکسنگ، گھونسے بازی کرنا

باکس بازی:گھونسے بازی

بوکند:عشق پیچاں

بوگان:رحم، بچہ دان

بَول:شاش، پیشاب

بول کردن:پیشاب کرنا

بول سنج:پیشاب کا معائنہ کرنے کا ماہر

بول شناسی:پیشاب کا جانزہ لینے کی مہارت

بُو لهب:حضرت رسول کریم(ص) کے چچا، لفظی معنی ہیں ضد پر قائم رہنے والا، غیر عقیدہ رکھنے والا ضدی۔

بو لهبی:مخالفت میں اپنی ضد پر قائم ہونا

بَولی:پیشاب کرنے کی جگہ

بُوم:الو

بُوم:علاقہ، ملک، وطن، آباء کی سر زمین

مَرز و بوم:وطن، آبائی وطن

بوما دران:تند و تیز قسم کی جڑی بوٹی جس کے پھول نیلگوں ہوتے ہیں

بُو مکند:زیر زمین جو رہنے کے لیے قیامگاہ بنائی ہو

بُو مهَن:زلزلہ، بھونچال

مثال:

برآمد یکی بو مهن نیم شب
تو گفتی زمین را گرفت است تب

آدھی رات کو زلزلہ آیا تو تُو نے کہا زمین بخار سے لرزہ براندام ہو رہی ہے

بُومی: کسی ملک کا رہنے والا، ملکی، مقامی

زبان بُومی: مقامی زبان

بُون: بچہ دان، عورت کا رحم، زہدان، رودہ

بُونافِع: ایک قسم کی شراب کا نام

بُوناك: بدبو، جس سے بدبو آئے

بُویا: جس میں سے خوشبو آئے، خوشبودار

بوی افزا: خوشبو پیدا کرنے والا

بُویان: بویا، جس سے خوشبو آئے

بویای: خوشبو کا احساس، قوت شامہ

بوپِچہ: پیچک، عشق پیچاں

بوی دار: خوشبودار

بوی دان: عطر دان، شیشی جس میں عطر وغیرہ رکھتے ہیں

بویژ: بویژہ: خاص طور سے

بوی سوز: انگیٹھی، مجمر جس میں عود جلاتے ہیں

بُویہ: خواہش، امید، آرزو

بُوییدن: سونگھنا

بَہ: کلمہ تعجب و تحسین، خوب، اچھا

بہ: زرد رنگ کا پھل جو نارسیدہ صورت میں بھی کھایا جاتا ہے اور پکا ہوا بھی،

بہا: قیمت مثال:

مشتری را بہای روی تو نیست

من بدین مفلسی خریدارم

خریدار تیرے دیدار کی قیمت ادا نہیں کر سکتا کیونکہ وہ حد سے زیادہ ہے لیکن میں اس مفلسی میں بھی اس کا خریدار ہوں

بہای خون: خون بہا

بہا کردن: قیمت لگانا

بہاء: خوبصورتی، زیبائی، خوش و ضعی، لطافت، روشنی، رونق، درخشندگی،

بہا پیشی: پیشگی قیمت، بیعانہ

بہاجَت: (ع) خوبصورتی، زیبائی، رعنائی

بہادار: قیمتی **اوراق بہا دار:** قیمتی اوراق، گراں بہا مسودہ

بہادر: دلیر، شجاع

بہادراں: فوجی جوانوں کا دستہ

بہار: (۱) موسم بہار، پھولوں کے کھلنے کا موسم، شادابی، سرسبزی، تفریح، خوشی، رونق (۲) بہار ایک راگنی کا نام بھی ہے

بہارِستان: پھولوں کا چمن زار، عبدالرحمن جامی کی کتاب کا نام

بہارنارنج: نارنگی کے پھولوں کی بہار

بہارِہ: موسم بہار کا حاصل، بہار سے متعلق

بہاری: موسم بہار سے متعلق

بہارِیَہ: موسم بہار کے مناظر سے متعلق نظم یا غزل

بہاز: اصیل گھوڑا جسے جفت گیری کے لیے گلے میں چھوڑتے ہیں

بہاگیر: قیمتی، گرانمایہ، گراں بہا

بہامِین: موسم بہار، فصل بہار

بہانِہ: حیلہ، کوئی بیجا عذر بتانا

بہانہ نا خوشی: بیماری کا بہانہ

بہانہ جو: بہانے بنانے والا

بہانہ جوی: بہانہ بنانا

بہانہ ساز: بہانہ بنانے کا عادی

بہانہ فُرُوش: بہانہ ساز

بہاور: بہادار، قیمتی

بہائم: (ع) بہیمہ کی جمع، جانور، چوپانے، حیوان

بہائی: بہاءاللہ کے پیرو، بہائی مذہب کے پیرو

بہبُود: بہتری، فلاح، خوبی، سلامتی

بہبودی: فلاح و بہبود، خوبی و سلامتی

بَہت: (ع) جھوٹ، کذب، دروغ، افترا

بُہت: حیرانی، حیرت

بُہتان: تہمت، جھوٹا الزام، افترا

بہتان زدن: تہمت لگانا

بُہت آور: حیران کن

بِہتر: بہت اچھا

بہترَك: کچھ بہتر

بہتری: اچھائی

بہترین: بہ کی تفضیل کل، نہایت بہتر

بہجَت: خوشی، مثال:

طبع را لذت از ظرایف او
روح را بہجت از لطایف او

طبیعت کو خوشی اس کی ظرافت سے ہوتی ہے اور روح کو خوشی اس کی بذلہ سنجی سے ہوتی ہے

از دیدن او مرا بہجتی دست داد: اس کے دیکھنے سے مجھے خوشی حاصل ہوئی

بِہدار: محکمہ صحت کا افسر

بہداری: محکمہ حفظان صحت

بہداشت: حفظ الصحت، صحت کی نگہداشت

بہدین: آتش پرستوں کا مذہب اور آئین

بَہر: واسطے

بہر: حصہ، نصیب، قسمت

بَہر: (۱) خوبصورتی، زیبائی، (۲) شاندار فتح

بہرام: سیارہ مریخ

بہرامَج: بید مشک

بہرامَن: ہیرا، یاقوت سرخ

بہرامَہ: (۱) ریشم، سبز کپڑا (۲) بید مشک

بہر حال: ہر حالت میں

بہرمند: بہرہ مند، بہرہ ور، سودمند، فائدہ مند

بہرَمہ: برما جس سے بڑھئی سوراخ کرتے ہیں

بہرُوز: (۱) ایک قسم کا نیلگوں شیشہ (۲) اچھا دن، خوشی کا دن، خوش بختی کا موقع

بہروزی: خوش بختی، مثال:

ز تقویم خرد بہروزیم بخش
ہر اقلیم سخن فیروزیم بخش

عقل و خرد کے زائچے سے مجھے خوش بختی سے سرفراز کر اور شاعری کی اقلیم میں سر بلندی عطا فرما

بَہرہ: حصہ، نصیب

بہرہ برداشتن: تمتع اندوز ہونا

بہرہ بردن: حصہ لینا، اپنا نصیب پانا

بہرہ مند: بہرہ ور، کامیاب، خوش نصیب

بہرہ مندی: خوش قسمتی، کامیابی

بہزاد: اچھے حسب نسب والا، ایک نامور مصور کا نام

بہشت: خلد، جنت، فردوس

بہشت آسا: بہشت کی مانند

بہشت آشیان: خلد آشیاں

بہشت آئین: بہشت کی مانند

بہشت نشین:بہشت میں جگہ پانے والا، جسے کوئی مقدس مقام حاصل ہو
بہشتی:بابرکت، مقدس مقام پانے والا
بہشتی رُوی:خوبصورت
بہشتی سَرِشت:مقدس فطرت
بِہ شُدِگی:بہبودی
بہ شدِہ:جس کی صحت بہتر ہوئی ہو
بہَق:بہک، جذام، برص
بہ گزین:بہتر چیز جو انتخاب کی جائے
بہِل:ہلیدن مصدر سے فعل امر، چھوڑ
بہل شدن:حساب بے باق ہونا
بہل کردن:اپنے حال پر چھوڑ دینا، توجہ نہ دینا
بہلُول:خندہ رو، نیکو کار، ایک بزرگ شخص کا نام
بہلول:ہارون الرشید کے زمانے کا ایک شخص جس کی خندہ آور مگر غیرت آمیز باتیں نقل کی گئی ہیں
بہلِہ:باز کی پرورش کرنے والے کا دستانہ
بہَم:ایک دوسرے کے ساتھ، اکھٹے
بہم آمِیختن:ایک دوسرے سے مل بیٹھنا، اچھے تعلقات پیدا ہونا
بہم پَیوَستن:مل جانا، ایک ہو جانا
بہم خُوردن:ایک دوسرے سے ٹکرانا، تصادم ہونا
بہُمان:حرف اشارہ، فلاں
بہمن:ایران کے شمسی سال کا گیارہواں مہینہ شمسی مہینے کے دوسرے دن کو بھی بہمن کہتے ہیں، ایک قدیمی بادشاہ کا نام
بَہو:بالا خانہ، چھوٹا مکان
بہی:خوش بختی، اچھائی، زیبائی، بہتری، بحالی صحت، مثال:

بکی بود کز برای روز بہی
خاطرِ پر امید و دست تہی

کب تک ایسا ہو کہ خوش بختی کی تمنا میں دل تو پر امید ہو اور ہاتھ خالی
بہی یافتن:صحت بحال ہونا
بہی:ایک درخت اور اس کا پھل جو دوائی کے طور پر بھی کام آتا ہے
بہیج:خوش، شادمان، خوشحال (بہجت سے)
بہیمِہ:وحشی جانور، چوپایہ، بہائم جمع
بہیمی:بہیمہ سے منسوب، ہوس پرستی، ناشائستگی، وحشیانہ پن
بہین:بہتر
بہین روز:بہترین دن
بہینِہ:زیبا، خوب، بہترین
بی:نفی کی علامت،
بی حیا:شرم و حیا سے عاری
بیکار:جس کے پاس کوئی کام نہ ہو
بی کران:جس کا کنارہ نہ ہو
بیا:آمدن، آنا سے فعل امر، آ
بیابان:دشت، ریگستان، ویرانہ، صحرا
بیابان گرد:صحرا گرد، دشت نورد، صحرا میں گھومنے پھرنے والا
بیابان نشین:بیابان میں رہنے والے
بیابان نوَرد:بیابان میں زندگی بسر کرنیوالے
بی آبرُوی:ذلت، رسوائی، بے عزتی
بی آب و رنگ:(۱) جس میں کوئی چمک دمک نہ ہو، (۲) بے شرم، بے حیا
بی آبی:خشکی، بے رنگی، ذلت

بَیات: (۱) ایرانی موسیقی کی ایک سر (۲) ایک ایرانی نژاد طائفہ

بَیات: کسی جگہ رات گزارنا، رات کے وقت دشمن پر حملہ کرنا، شبخوں مارنا

بیات: غم، افسردگی

بیاج:بیارہ: خربوزے وغیرہ کی طرح زمین پر پھیلنے والا پودا

بی اجازہ: بلا اجازت

بی اِحترام: جسے کوئی عزت و وقار حاصل نہ ہو

بی احترام کردن: کسی کی عزت کا لحاظ پاس نہ کرنا

بی اِحتیاط: احتیاط نہ کرنے والا، بے پروا

بی اِختیار: جس پر اختیار نہ ہو، جس کا کوئی اختیار نہ ہو

بیاد: یاد میں

بی ادَب: غیر مہذب، ناتراشیدہ، بے تمیز

بی ادَبانہ: غیر مہذب طور سے، بے احترامی یا بے ادبی سے

بی اِدراک: بے سمجھ

بی ادراکی: بے سمجھی

بی اذیّت: تکلیف کے بغیر

بیار: آوردن= لانا سے فعل امر، آر، بیار، لا

بی آرام: بیقرار، بے چینی

بی آزَرم: بے شرم، شرم و حیا سے محروم

بی آزرمی: بے شرمی

بی اَساس: جس کی کوئی بنیاد نہ ہو، بے بنیاد

بی اِستحقاق: جسے کوئی حق حاصل نہ ہو

بی اِستطاعت: بے وسیلہ، بینوا، بے بس، بیچارگی

بیاسغُو: انگڑائی، جمائی

بی اِشتِہا: جسے بھوک نہ ہو

بی اَشفاق: جس میں شفقت نہ ہو

بی آشیاں: بے گھر

بی اصل: جس کا حسب نسب معلوم نہ ہو

بی اصول: جو کسی قاعدے یا اصول کی پرواہ کرے

بیاض: (ع) (۱) سفید، سفیدی (۲) نوٹ بک، یادداشتوں کا مجموعہ اوراق

بیاض البیض: (ع) انڈے کی سفیدی

بیاض العَین: (ع) آنکھ کی سفیدی

بیّاع: بیچنے والا، سوداگر، خریدوفروخت کا دلّال

بی اِعتِبار: جس کی کوئی ساکھ نہ ہو، جس کا کوئی اعتبار نہ کرے

بی اِعتِدال: غیر محتاط، غیر معتدل، ہوا پرست، بندہ نفس

بی اعتدالی: احتیاط نہ کرنا، بے انصافی، توازن کے بغیر، انتہا پسندی

بی اعتدالی کردن: انتہا پسندی اختیار کرنا، نا انصافی کرنا

بی اِعتِقاد: یقین نہ کرنے والا

بی اعتِقادی: بے یقینی

بی اِعتِنا: بے فکر، لاپروا، توجہ نہ کرنیوالا

بی اعتنائی: بے توجہی، لاپروائی

بی آلایش: بے عیب، بے داغ، پاک صاف، جس میں کسی قسم کی آلودگی نہ ہو

بی اِلتفات: نامہربان، ہمدردی نہ کرنیوالا، توجہ نہ دینے والا، بے مروت

بی التفاتی: بے توجہی، بے مروتی

بی التفاتی کردن: توجہ نہ دینا، بے توجہی کرنا،

ہمدردی کو نظر انداز کرنا

بیان:تشریح، وضاحت، اظہار، توضیح

بیانِ واقع:واقعہ کے متعلق وضاحت، شرح و تعبیر

علمِ بیان:خطابت، فن خطابت کا رسالہ، خطیبانہ بیان یا طرزادا

بی انتظام:جس میں نظم و ضبط نہ ہو، نظم و ترتیب کے بغیر

بی انتظامی:بے ترتیبی، ابتری

بی اِنتہا:جس کی کوئی انتہا یا حد نہ ہو

بی انجام:بے نتیجہ

بی اندازِہ:جس کا اندازہ نہ لگایا جا سکے، انتہائی

بی اندیشِہ:بلا خوف، سوچے بغیر

بی انضِباط:جس میں نظم و ترتیب نہ ہو

بی سلیقہ:بے تربیت

بیانی:تشریحی، توضیحی،

بیانك:سن جس سے بوریاں بنتے ہیں

بیانیِہ:اعلان، منشور، محضر

بیاوار:شغل، پیشہ، کام

بیاور:آوردن مصدر= لانا سے فعل امر، آور یا بیاور، لا، لے آ

بی اہمیّت:غیر ضروری، معمولی

بی آہنگ:بے سُرا، ناگوار، ان مل بے جوڑ

بی آہنگی:بے سُرا پن، نا ساز گاری

بی ایمان:بے دین، غیر پابند مذہب، ملحد بددیانت، خائن، ریا کار

بی ایمانی:بددیانتی، خیانت، فریب، ریا کاری

بی بار:بے ثمر، درخت جس پر پھل نہ آئے

بی باك:بیباک، نڈر، دلیر، شجاع

بی باکانِہ:دلیری سے، مردانہ وار، دلیرانہ، جُرات کے ساتھ

بی بال:(۱) جس پرندے کے پر نہ ہوں، (۲) بے سروسامان، بیکس، بینوا

بی بال و پر:جس نے پوری طرح نشوونما نہ پائی ہو، بیکس، بیچارہ، بے یار و مدد گار

بی بدل:لاثانی، بے نظیر، بے مثال، جس کا کوئی بدل نہ ہو سکے

بی برگ:(۱) جس درخت پر پتے نہ ہوں (۲) بے سروسامان، محتاج، مفلس، جس کا کوئی ذریعہ معاش نہ ہو

بی برگ و نوا:جو ذرائع معاش سے محروم ہو، محتاج، بیکس، تہی دست،

بی بصَر:(۱) نابینا (۲) ناعاقبت اندیش

بی بصری:بصارت سے محرومی، ناعاقبت اندیشی

بی بصیِرت:بے دانش، بے عقل

بی بقا:فانی، عارضی، نا پائیدار

بی بقائی:نا پائیداری، تغییر پذیر

بی بند و بار:نکما آدمی

بی بُنیاد:جس کی بنیاد نہ ہو، کمزور عارضی

بی بنیہ:کمزور

بی بہا:جس کی کوئی قیمت نہ ہو، معمولی، بیکار (اردو : گران بہا)

بی بہرِہ:بے نصیب، محروم

بی بی:خاتون کےلیے کلمہ احترام، معزز خاتون، خاتون خانہ

بی پا:تباہ شدہ، مفلس، جس کے پاؤں نہ ہوں

بی پایاب:عمیق، گہرا

بی پاوسر:بے سروسامان، مفلس

بی پایان:بے انتہا

بی پرده:صفائی سے، راستی سے، صاف گوئی کے ساتھ

بی پرده:آزادی کے ساتھ، کھلم کھلا، واضح

حرف بی پرده:واضح بات

بی پروا:نذر، دلیر، من چلا، جلد باز، نا عاقبت اندیش

بی پروائی:نا عاقبت اندیشی، بے فکری، بے احتیاطی

بی پُشت:جس کا کوئی حمایت یا مدد کرنیوالا نہ ہو

بی پناه:جس کا کوئی سہارا نہ ہو، جس کا کوئی حامی یا دوست نہ ہو

بی پیر:جس کا کوئی پیشوا نہ ہو، رہبر نہ ہو،

بی پیرایه:بے آرائش

بی خصلت:بد سیرت

بَیت:شعر (ابیات جمع)

بَیت:(ع) گھر، قیامگاہ، مقام

بیتِ شرف:مقدس مقام، مثال:

پرداخت ز تسخیر ممالک، شه خاور

گرداند سوی بیت شرف بازعنان را

شاہ مشرق حضرت رسول کریم (ص) نے ممالک مشرق کو احاطہ اثر میں لانے کے بعد اپنی عنان پھر بیت الحرام (خانہ خدا) کی طرف موڑی

بی تا:جھریوں کے بغیر

بی تا:بے مثال

بیتاب:بیچین، بیکل، مضطرب، بیقرار

بیتابی:اضطراب، بے چینی، بیقراری

بیتُ الخَلیه:بیت الخلا، رفع حاجت کی جگہ، پاخانہ

بیتُ الحرام:(ع) کعبہ، خانہ خدا، بیت اللہ

بیت الحَزَن:(ع) غموں کا گھر، جہاں غم ہی غم ہوں

بیتُ العتیق:(ع) بیت الحرام، خانہ خدا، کعبہ،

بیت العَنکبُوت:(ع) مکڑی کا جالا

بیت الغزَل:(ع) غزل کا بہترین شعر

بیت الله:(ع) خانہ خدا، خانہ کعبہ

بیت المال:(ع) حکومت کا خزانہ، اسلامی حکومت کا خزانہ

بیت المَقدّس:(ع) مقدس مقام، خانہ خدا، یوروشلم

بی تامُّل:بلا سوچے سمجھے، نا عاقبت اندیشی سے، جلدی میں

هرگز بی تامل حرف مزن:بغیر سوچے سمجھے بات نہ کرو

بی تحاشی:بے تحاشہ، جلد بازی، نا عاقبت اندیشی سے

بی تدبیر:نا عاقبت اندیش، لاپروا

بی تربیَت:غیر مہذب، بد تمیز، نا شائستہ، غیر معقول

بی تربیتی:کج اخلاقی، بد تمیزی

بی تردُّد:بلا جھجک، بلا پس و پیش

بی تزویر:صاف دل، صاف باطن، بے ریا، سادہ

بی تشریفات:رسوم و تکلفات کے بغیر

بی تعارُف:رسوم مروت کے بغیر

بی تقصیر:بے ریا، بے قصور، بے گناہ

بی تکلُّف:بے بناوٹ، رسوم و آداب کے بغیر

بی تلبیس:سیدھا سادا، بھولا بھالا، بے ریا

بی تمیز:تہذیب سے محروم

بی تناسُب:جس میں کوئی نسبت قائم نہ ہو

بیتُوته:کسی جگہ شب بسری کرنا، رات گزارنا

بی توجُّه:التفات کیے بغیر، لا پروائی

بی توشه:ذرائع معاش کے بغیر، مفلس

بی توفیق:لیاقت سے خالی، لطافت سے محروم، کم بخت

بی توقّف: بلا تاخیر، دیر کیے بغیر

بی ثبات: نا محکم، بے اصول، نا پائیدار،

بی ثمَر: بے نتیجہ، بے اثر، بے حاصل، جسے پھل نہ آئے

بیجا: نا مناسب، غلط، بے موقع

بیجادہ: ایک قسم کا یاقوت، عقیق

بی جرم: معصوم، بے گناہ، بے قصور

بیجك: بیچک، بل، اشیائے مرسلہ کی فہرست مع قیمت، یاد داشت جس میں مال کی قدر و قیمت کی شرح مع محصول اور دیگر اخراجات درج ہوتے ہیں

بی جِلا: جس میں چمک نہ ہو

بی جمال: سادہ، بد صورت

بی جِنس: لا جنس، جو نہ مذکر ہو نہ مونث

بی جواب: لاجواب، جس کا کوئی جواب نہ ہو

بی جَوہر: بے چمک، ناکارہ، بے مصرف

بی جِہَت: بلا وجہ، ناواجب، نامناسب، نا زیبا

بی حِساب: جسے گنا نہ جا سکے، جو شمار میں نہ آسکے، بیشمار

بی حسابی: بد حسابی، حساب میں گڑبڑ

بی حسابی کردن: لین دین میں گڑبڑ کرنا، فریب کرنا

بیچارِگان: بیچارہ کی جمع، مفلس، غربا، بیکس لوگ، مجبور و معذور، بے یار و مددگار، مثال:

چو مرہم خستہ را رحمت رسان باش
بسختی چارہ بیچارگان باش

خستہ جاں کو مرہم کی طرح تسکین بہم پہنچا سخت پریشانی کی حالت میں بے کس لوگوں کی دستگیری کر

بیچارِگی: بیکسی، بے بسی، مفلسی، پریشان حالی

بیچارِہ: مفلس، بے بس، بے کس، بے یار و مددگار

بیچاك دہن: بیہودہ گو، یا وہ گو، گندہ دہن، بے ادب

بی چشم و رُو: بے شرم، بے حیا، حق نا شناش

بی چُون: بے مثال، بے نظیر

بیچون و چرا: بلا اعتراض، قطعی، نا قابل انکار، واجب التعمیل، لازمی

بی حاصل: جس سے کچھ حاصل نہ ہو، بے ثمر، بے نتیجہ، بیکار

بی حال: کمزور، بے بس، پریشان حال

بی حالی: کمزوری، پریشانی، بے بسی

بی حِجاب: بے پردہ

بی حد: بے حساب، لا تعداد، بیشمار

بیحَرف: (۱) شک و شبہ کے بغیر (۲) گونگا

بیحُرمت: بے وقار، بے عزت

بیحرمتی: بے عزتی

بی حِس: نادان، بے غیرت، جس پر کسی بات کا اثر نہ ہو

بی حِسی: احساس سے محرومی، فقدان احساس، بے توجہی

بی حصَر: بے حد، بے حساب

بی حقوق: (۱) حق ناشناس (۲) تنخواہ کے بغیر

بی حقیقت: بے اصلیت، غیر مخلص، بے وقار، دروغ گو

بی حکمت: بے دانش، دانائی سے محروم

بی حِمیّت: بے غیرت، بے حس، بزدل جس میں کسی قسم کا شوق یا جوش نہ ہو

بی حواس: پریشان خیال، سرگشتہ، غیر متوجہ

بی حوصلہ: بے ہمت، صبر و استقامت کے بغیر، چڑچڑا، تُنک مزاج، زود رنج

بی حیا: بے شرم، بے ادب، شوخ چشم

بی حیائی: بے غیرتی

بیخ: اصل، جڑ، ریشہ

از بیخ کندن: جڑ سے اکھاڑنا

بیخ (پیدا) کردن: جڑیں پھیلانا

بیخار: کانٹوں کے بغیر

گل بیخار نیست: گلاب کا پھول کانٹوں کے بغیر نہیں ہوتا

بی خاصیّت: بیکار، بے اثر

دوای بی خاصیت: دوا جس کا کوئی اثر نہ ہو

بی خانمان: بے گھر، آوارہ

بیختن: چھاننا، چھلنی کے ذریعے کسی چیز کو صاف کرنا

بیخرَد: بے عقل، بے دانش

بیخزان: سدا بہار

بیخطا: جس سے کوئی غلطی سر زد نہ ہوئی ہو، بے قصور

بیخطر: جس میں کسی قسم کاخطرہ نہ ہو

بیخ کَن: جڑ سے اکھاڑنے والا، تباہ کرنے والا

بیخکنی: جڑ سے اکھاڑنا، تباہ کرنا

بی خُلوص: بے وفا

بیخواب: جسے نیند نہ آئے، نیند سے جگایا ہوا

بیخوابی: نیند نہ آنا

بیخوابی کشیدن: نیند نہ آنے کی صعوبت برداشت کرنا

بیخَو: زمین جہاں بیکار گھاس نہ ہو، جہاں سے بیکار گھاس اکھاڑی گئی ہو

بیخُود: بغیر کسی وجہ کے، بے اختیار، بے حال، شوریدہ

بیخود نزاع می کند: بلا وجہ لڑائی کرتا ہے

بیخودی: شاعرانہ ترنگ یا جنون، وجد، غایت انبساط، سر خوشی

بیخیال: بلا توجہ، بغیر سوچے سمجھے

بیخَیر: جس سے کسی کو فائدہ نہ پہنچے

بی خویشتن: بیخود

بید: ایک درخت جس کی شاخیں لمبی اور لچکدار ہوتی ہیں، شاخوں سے چھڑیاں بنائی جاتی ہیں

بیداء: خطر ناک ریگستان، بیابان

بیداد: ظلم، تعدی، نا انصافی

بیداد: موسیقی کی ایک پر سوز سُر کا نام

بیدادِیت: ظلم، نا انصافی

بیدادگر: جس کا وطیرہ ہی ظلم اور نا انصافی ہو

بیداد گری: ظلم، نا انصافی

بیدار: جاگا ہوا

بیدار بخت: خوش نصیب

بیدار دل: ہوشیار، زندہ دل، سر گرم

بیدار کردن: جگانا، رہنمائی کرنا، دلیل راہ ہونا

بیداری: ہوشیاری، سر گرمی، بیدار مغزی

شب بیداری: رات بھر جاگنا، رات بھر عبادت کرنا

بیدانِش: بے عقل، نا سمجھ، جاہل

بیدانشی: بے عقلی، نا سمجھی، جہالت

بید بُن: بید کا درخت

بیدَخ: تندوتیز گھوڑا

بیدُخت: ستارہ زہرہ، ناہید

بیدخِشت: درخت بید کارس جو دوائی کے طور استعمال ہوتا ہے

بیدخل: (۱) جس سے کوئی فائدہ نہ ہو (۲) محروم کرنا، نکال دینا، بے تعلق کر دینا

بید خوردہ: جسے بید لگنے کی سزا ملی ہو

بَیدَر: خرمن، گندم کا انبار، جہاں گندم یا جو کا خرمن رکھا گیا ہو، خرمن گاہ

بی دَرمان: لا علاج، نا امید

بی دِرَنگ: بلا تاخیر، دیر کیے بغیر، جلد

بیدستان: جہاں بید کے درخت ہوں

بِیدَستر: ایک جانور جس کا وزن تقریباً ۲۰ کلو گرام اور قد تقریباً ۷۵ سینٹی میٹر ہوتا ہے دم لمبی چوڑی ہوتی ہے لوگ اس کی کھال کی وجہ سے اس کا شکار کرتے ہیں

بیدست و پا: ناتواں، بیکس، عاجز، بینوا، بیچارہ، بے تدبیر

بی دغدَغِہ: پرسکون، بغیر کسی اندیشے کے، دماغی سکون کے ساتھ

بیدَق: شطرنج کے کھیل کا پیادہ

بیدکُش: پروانوں پتنگوں کو تباہ کرنے والا

بید گیا: ایک قسم کی گھاس

بیدِل: (۱) دلدادہ، اسیر عشق (۲) بے صبر، بےبس، (۳) اداس، افسردہ، (۴) برصغیر پاک و ہند کا نامور فارسی شاعر عبدالقادر بیدل

بیدلا: غیر مربوط باتیں، بیخودی کی حالت میں کہی ہوئی بے معنی باتیں

بیدلی: بے صبری، بے بسی، اداسی

بی دماغ: آفسردہ، اندوہگیں، بیدل، زودرنج، کبیدہ خاطر، خالی الذہن

بید مال: بید کی شاخوں کے ذریعے صاف کرنا

بید مشک: ایک درخت جس کے پھول بہت خوشبودار ہوتے ہیں، ان پھولوں سے عطر تیار ہوتا ہے، اس کا شربت بھی بناتے ہیں

بیدَوا: لا دوا، لا علاج، نا امید

بیدوام: جسے دوام حاصل نہ ہو، زیادہ دیر اپنے حال میں برقرار نہ رہنے والا

بی دِیانت: بد دیانت، بے ایمان

بی دِیدِہ: (۱) نابینا (۲) احسان فراموش

بی دِین: لا مذہب

بی ذَوق: ادبی یا ذہنی شعور سے محروم، ناشایستہ

بیِر: بجلی، رعد، برق، صاعقہ، طوفان

بیر: (ت) ایک

بیِئر: کنواں، گڑھا

بیرابیِر: سو فی صد

بیرابیر منفعت کر دیم: ہمیں سو فی صد منافع ہوا

بَیراق: بیرق کی جمع، علم، پرچم، جھنڈے

بیرام: (ت)دعوت، جشن

بیِرانہ: ویرانہ

بیِراہ: (۱) غلط راستے پر، گمراہ، گم کردہ راہ، شاہراہ کو چھوڑنا، (۲) بے انصاف شخص

بیراہی: گمراہی، ایسے راستے پر چلنا جو انسان کو منزل تک نہ پہنچا سکے، کج روی

بی رای: قوت فیصلہ سے محروم

بی ربح: عدم دلچسپی

بی ربط: بی ارتباط، نامربوط، نا پیوستہ،

بیرزَد: دھاتوں کا برادہ

بیرَ سمی: رسم و رواج سے انحراف، خلاف رسم و رواج

بی رسَن: جسے کوئی روکنے والا نہ ہو

بیرِضا: رضا مندی کے بغیر، اجازت کے بغیر، نارضا مندی سے

بیرَغبت: بلا خواہش، نا پسندیدگی، بے دلی سے

بَیرق: علم، پرچم، جھنڈا

بیرِقّت: ہمدردی کے بغیر

بَیرق دار: پرچم پکڑنے والا

بیرگ: بے حس، بے غیرت، کمزور، ضعیف القوت

بیرگی: شوق اور سر گرمی سے محرومی

بیرُو: (۱) کیسہ، روپے پیسے کی تھیلی (۲) بے آبرو، بے شرم شخص

بیرُوت: لبنان کا مشہور شہر

بیرُوح: خشک، پژمردہ، بے اثر، مردہ

بیرُوزی: غریب، مفلس، جسے دو وقت کی روٹی بھی میسر نہ ہو، جس کا ذریعہ معاش کوئی نہ ہو

بَیرون: باہر

بیرون آمدن: باہر آنا، ظاہر ہونا

بیرون افتادن: ظاہر ہو جانا

مثال:

وقت آنست کہ از پردہ برُون افتد راز: اب وقت ہے کہ راز منکشف ہو جائے

بیرونی: باہر کا حصہ

بی رویَہ: بے قاعدہ، بے موقع، نا مناسب،

بی ریا: مخلص، نیک دل، وفا شعار

بیریائی: خلوص، وفا شعاری، نیک دلی، اخلاص

بیَریب: بلا شک و شبہ

بی رِیش: بغیر ڈاڑھی کے

بیز: بیختن=جانچ پڑتال کرنا سے فعل امر، جانچ پڑتال کرو، چھان بین کرو

مُشک بیز: مشک بکھیرنے والا

بیزار: پریشان، افسردہ، نارضامند

بیزاری: پریشانی، نارضامندی

بیزبان: گونگا، جو بول نہ سکے

بیزَ حمت: بغیر کسی تکلیف کے

بیز حمت در رابہبندید: براہ مہربانی دروازہ بند کر دیجیے

بیزر: جس کے پاس کوئی رقم نہ ہو

بی زن: کنوارا

بیزَوال: جسے زوال نہ ہو، ہمیشہ قائم رہنے والا، غیر فانی

بیزُور: کمزور، بے طاقت

بیزیدن: بیختن، چھان بین کرنا، جانچ پڑتال کرنا،

بیزین: جس گھوڑے پر زین نہ ہو

بیِژہ: خالص، جس میں کسی قسم کی ملاوٹ یا کھوٹ نہ ہو

بی ساختِگی: بلا تصنع، سادگی، بھولا پن

بی سالار: سالار یا محافظ کے بغیر

بی سامان: مفلس، بے گھر، آوارہ

بی سامانی: مفلسی، بے گھر ہونا، پریشانی

بی سبب: بلا وجہ

بی سپاس: ناسپاس، نا شکرگزار، احسان فراموش

بیِست: بیست تا، بیس عدد

بیستاخ: گستاخ

بیِستار: مثلاً فلاں، کسی شخص یا چیز کی طرف اشارہ جو غیر معلوم ہو، "باستار و بیستار" فلان فلان

بیستگانی: اجرت یا تنخواہیں، مواجب

بیستمی: بیسواں

بیستُون: مغربی ایران کے تاریخی پہاڑ کا نام

بی سُخن: گونگا، خاموش، جس پر کسی قسم کا اعتراض نہ ہو

بیسراك: اونٹ، دو کوہانوں والا اونٹ

بی سروپا: پست، فرومایہ، درماندہ، ناتوان

بی سروتَہ: نا تمام، ناقص، یاوہ، پوچ، خالی الذہن

بی سرُور: لطف سے خالی

بی سروزبان: جو بول چال سے اپنی مدافعت نہ کر سکے

بی سروسامان: بے گھر، بے خانماں، مفلس

بی سروصدا: ساکت، آہستہ، پر سکون، مطمئن

بی سعادت: بے برکت، نا خوش

بی شگفتگی: بے شعور، بے ذوقی

بی سلیقہ: بے شعور، تربیت سے محروم، ناکارہ، غیر موزوں

بی سَنگ: کنا یہ ہے بے قدر و منزلت شخص یا بے ہمت شخص کا

بیسوَاد: بے علم، جو لکھ پڑھ نہ سکے

بی سیرت: بد کردار، بد تہذیب

بیسیم: وائرلیس، ٹیلیگرام تار کے بغیر

بیش: زیادہ

بی شائبہ: بے شک و گماں، خالص، جس میں کوئی ملاوٹ نہ ہو

بی شُبہ: بیشک، بلا تردّد

بیشتر: بہت زیادہ

بیشتری: زیادتی

بیشترین: بیش کی تفضیل کل، بہت ہی زیادہ

بیشَرَف: پست، فرومایہ، گھٹیا، کمینہ، بے عزت

آدم بی شرف: پست فرومایہ شخص

بی شرَفانہ: عیاری سے

بی شرم: بے حیا، ڈھیٹ، دیدہ دلیر، بے غیرت، گستاخ

بی شرّوشور: آرام سے، پر امن، پر سکون، صلح و آشتی کے ساتھ

بیشعُور: کند ذہن، گاؤ دی، بے مغز

بیشعوری: کند ذہنی: بے عقلی

بی شکیب: بے صبر، نا صبور

بیشُمار: بہت، بے اندازہ، بے حساب

بیش و کم: کم و بیش، تھوڑے بہت

بیشی: زیادتی

بَیص: (ع) تکلیف، تنگی، سختی

حَیص بَیص: تنگی، مصیبت، گیرودار،

بی صبر: جس میں برداشت کا مادہ نہ ہو

بیصَدا: بے آواز، خاموش

بی سرو صدا: خاموش

بی صِفَت: حق نا شناس

بَیض: (ع) انڈا

ایّام البیض: وہ دن جب راتیں چاندنی ہوں

بیضاء: (ع) سفید، صاف، درخشان، تابناک

بی ضبط: بے ترتیب

بی ضبط و ربط: نظم و ترتیب کے بغیر

بی ضرَر: جس سے کسی کو تکلیف نہ پہنچے، جو کسی کےلیے پریشانی یا زحمت کا موجب نہ ہو

بَیضوی: انڈے کی شکل کا

بیضَہ: (۱) انڈا (۲) خصیہ

بیطار: حیوانات کا ڈاکٹر

عِلم بیطاری: حیوانات کا علم

بی طالِع: بد نصیب

بی طالعی: بد نصیبی

بی طراوَت: جس میں تازگی یا شادابی نہ ہو

بیطرَف: غیر جانبدار

بیطرَفانہ: غیر جانبداری سے

بیطرفی: غیر جانبداری

بی طعم: بے مزہ

بی طمَع: لالچ کے بغیر، کسی قسم کی دلچسپی کے بغیر

بی ظرف: بے استعداد، بے حوصلہ

بی ظرفیّت: بے استعداد

بَیع: فروخت

بیع و شرا: بیچنا اور خریدنا، فروخت و خرید

بیعار: اوباش، عیاش، آوارہ، بد کردار، بد چلن، بے حیا، بے شرم

بیعاری: عیاشی، آوارگی، بد کرداری

بی عاطفہ: بے حس، سردمہر، سنگدل، بیدرد، کٹھور

بَیعانہ: کچھ رقم جو خریدنے سے پہلے دی جائے

بَیع بردار: جو چیز فروخت کی جا سکے، انتقال پذیر

بیع سلم: پیشگی خرید و فروخت، اجناس کے آنے سے پہلے

بَیعَت: ہاتھ میں ہاتھ دینا، عہد و پیمان، مریدی اختیار کرنا اپنے تئیں کسی کے حوالے کرنا، وفاداری

بیعَد: لا تعداد

بیعدِیل: بے مثال، بے نظیر

بیعرضِگی: نا لائقی، نا اہلی

بیعرضِہ: نا اہل، نا لائق

بیعَصب: کم طاقت، علمی، ادبی، فنی حیثت سے کمزور

بی عَلاقِہ: بے تعلق

بی عِلّت: بلا وجہ، بے بنیاد

بَیع نامِہ: خرید و فروخت کی دستاویز

بی عِنایَت: نا مہربان، بے مروت

بَیغار: سرزنش، ملامت، طعنہ زنی

بَیغال: نیزہ، سنان، پیکان

بیغرَض: جسے کسی قسم کی دلچسپی نہ ہو، غیر جانبدار، بے لاگ

بیغرَ ضانِہ: ذاتی دلچسپی کے بغیر، غیر جانبداری سے

بیغَش: خالص، بے عیب، بے داغ

بیغَش و غَل: مخلصانہ

بیغم: غم سے بے نیاز، بیفکر

بیغُوش: اُلو، چُغد، بُوم

بیغُولِہ: (۱) غار، گڑھا، خالی جگہ (۲) گوشہ، کنج، گوشہ خانہ

بی غَیرت: جس میں غیرت اور عزت کا احساس نہ ہو، بے حمیت، بزدل

بی غیرتی: بے حمیتی، بزدلی

بیفائدہ: بیکار

بی فرزند: جس کے کوئی بیٹا نہ ہو، اولاد نہ ہونے کی وجہ سے مغموم، بے اولاد

بی فُرُوغ: دھندلا، بے چمک، بے رونق

بی فرہنَگ: بے دانش، بے عقل، جاہل، نا واقف

بی فِکر: بغیر غور کیے، لا پروا

بی فکری: لا پروائی، بغیر سوچے سمجھے

بی فہمی: بے سمجھی، نا فہمی

بی فَیض: جس سے کوئی فائدہ نہ ہو

بی قابِلیّت: نا قابلیت

بیقاعِدہ: اصول کے خلاف، بے ترتیب

بیقدر: کم قدر و قیمت، بے وقار

بیقُوِہ: بے قوت، کمزور

بیقیاس:بے حد، بے پایاں، بے انتہا

بی قید:آزاد، جس پر کسی قسم کی پابندی نہ ہو، لا ابالی

بی قیمت:(۱) بے بہا، قیمت جو حد سے زیادہ ہو (۲) ناقص، بے مصرف

بی یقین:یقیناً

بیکاره:بیکار، فضول، بے ہنر

بیکاری:سستی، کاہلی، بے عملی

بیکام:ناکام

بی کتاب:بے دین، بے حقیقت، بے انصاف

بیکران:جس کا کوئي کناره نہ ہو، بے پایان، بے انتہا

بی کردار:بے اصول، بے عمل

بیگُرك:جس پر رُواں نہ ہو،

بیکس:جس کا کوئی یار و مددگار نہ ہو، بے بس، تنہا

بیکسی:بے بسی، تنہائی

بی کفایَت:نا اہل، جس میں کسی قسم کی صلاحیت نہ ہو

بی کله:بیدماغ، کم فہم

بی کم وکاست:بالکل، تمامتر، کلیۃً

بی کیار:تندوتیز، چالاک (کیار بمعنی سست و کاہل)

بیگ:مخدوم، سردار، صاحب، فرمانروا

بیگار:وہ محنت جس کا عوضانہ نہ دیا جائے

بیگار گرفتن:دباؤ ڈال کر مزدوری ادا کیے بغیر کام لینا

بیگانگی، اجنبیت:کسی کی طرف سے منہ پھیرلینا

بیگانه:اجنبی، غیر ملکی، خارجی، پردیسی

بیگاه:بے موقع

گاه و بیگاه:گاہے گاہے، کبھی کبھی

بیگدار:وہ دریا جس پر کوئی گھات نہ ہو

بی گزند:بے ضرر، مرلجاں مرنج

بیگلر بیگی:ایران قدیم کا منصف اعلی یا پولیس کا افسر اعلی شہر کا بزرگ، کد خداؤں کا رئیس

بیگم:خانم، بانو

بیگمان:بلا شک

بیگه:بیگاه، بے وقت، بے موقع

بیل:بیلچہ، زمین کھودنے کا آلہ

بیل کردن:بیلچہ سے زمین کھودنا

بیل باقلی:(ت) شکر کی ایک قسم

بی لبه:بےکناره، بہت چوڑا

بیلچه:زمین کھودنے کا آلہ

بیلدار:بیلچہ رکھنے والا، بیلچہ سے زمین کھودنے والا

بیل زن:بیلدار

بیلسته:ہاتھی دانت

بی لطافت:درشت، سخت، ناموزوں

بی لُطف:بے مزه، نا مہربان غیر شستہ

بی لُفاف:جو چیز ڈھکی ہوئی نہ ہو

بی لُفت:ستاره زہره

بیلك:چھوٹا بیلچہ

بیلك:بے داغ، صاف ستھری حالت میں

بی لگام:گھوڑا جس کے لگام نہ ہو، آوارہ، بد چلن، بے قابو، سرکش

بیله:دو شاخه تیر، چوڑا پیکان

بیم:خوف، ڈر

بی مآل:بے نتیجہ، بے اثر، بے حاصل

بیمار:مریض

بیمار پُرسی:بیمار کا حال پوچھنا، عیادت

بیمار خانه:بیمارستان، جہاں بیماروں کا علاج ہوتا ہے،

شفاخانہ

بیمار خیز:روبصحت ہونا، افاقہ ہونا، صحت بحال ہونا

بیمار دار:بیمار کی نگہداشت کرنیوالا

بیمار داری:بیمار کی نگہداشت

بیمارسان:بیمار کی مانند

بیمارِ ستان:شفا خانہ، جہاں بیماروں کا علاج ہوتا ہے

بیمار غَنج:بیمار، علیل، جر زیادہ عرصہ بیمار رہتا ہو

بی مانند:بے مثال، بے نظیر

بی ماوا:بے گھر، مفلس، غریب

بیمایگی:(۱) افلاس، غریبی، ناداری (۲) کسی چیز کا سطحی علم

بیمایہ:(۱) مفلس، نادار (۲) سطحی علم رکھنے والا

بی مُبالات:بے پروا، سنی ان سنی کر دینے والا، آرام طلب

بی مِثل:بے مثال، بے نظیر

بی مُحابہ- بے باک، نڈر، دلیر، مستقل مزاج،

بیمَحل:بے موقع، بے اعتنا

بیمحلی:بے اعتنائی

بیمَر:بیشمار، بے حد

بی مرگ:غیرفانی

بیمُروّت:بے رحم، بیدرد، سنگ دل

بیمروتی:بے رحمی، سنگدلی، بیدردی

بیمزِگی:بے لطفی

بیمزہ:بے لطف، بے ذائقہ

بی مسلک:بے اصول، بے عقیدہ

بی مسمّی:اصل کے مطابق نہ ہونا

اسم بی مسمی:نام کے مطابق نہ ہونا (اسم با مسمی کی ضد)، اصطلاح کا غلط استعمال

بی مُطالبہ:مطالبہ کیے بغیر

بی معرفت:نادان

بی معنی:غیر اہم، ادنی، ہیچ، ناچیز، حقیر، مہمل

بی مغز:کھوکھلا، خالی، خالی الذہن

بی مقال:بے گفتگو

بی مِقدار:بے قدر و قیمت، ہیچ، نا چیز

بیمگاہ:خوفناک جگہ

بی مُلاحِظہ:لا پروا، بلا لحاظ

بی منا سِبَت:جس میں کوئی مناسبت نہ ہو، نا مناسب

بیمناك:خوفناک

بی مِنّت:بغیر مانگے یا سوال کیے، فیاضی سے، خدا بی منت مارا روزی میدہد، خدا ہمیں بغیر مانگے روزی عطا کرتا ہے

بی مُوجِب:بلا وجہ

بی مَورِد:بے موقع، بے وقت، بے محل

بی موسِم:بے موقع

بی موقع:بیوقت

بی مہارت:نا تربیت یافتہ

بیمہ:کسی کے مال یا جان کی ذمے داری جو بیمہ کمپنی اپنے ذمے لیتی ہے

بیمہ کُنَندِہ:جس نے اپنی جان یا مال کا حفاظت کی غرض سے بیمہ کرایا ہو

بی مِہر:نا مہربان، بے مروت، بے رحم

بیمہ گر:بیمہ کرنے والا

بیمہ گُزار:جس کا بیمہ ہو گیا ہو

بی مَیل:رغبت یا خواہش کے بغیر، رضا مندی کے بغیر

بی میلی:بے رغبتی، نا رضا مندی

بِیِن:دیدن= دیکھنا مصدر سے فعل امر بین، بہ بین دیکھ

مثال:

ببین تفاوت ره از کجاست تا بکجا: دیکھو راستوں یا طریقوں کا فرق کہاں سے کہاں تک ہے

بَین: (۱) درمیان (۲) فرق (۳) تقسیم (۴) جدائی

ذات البین: دو آدمیوں کے درمیان رابطہ خوبی یا بدی کے لحاظ سے

بیِّن: واضح، صاف، آشکار

بینا: صاحب بصارت، جو دیکھ سکے، با شعور، مثال:

دانش آن باشد که چشم دل بحق بینا شود
نی گمان باطلی کز وہم و پنداری رسد

عقل وہ ہے کہ دل کی آنکھ حق تعالی کی قدرت کو دیکھنے کے لیے کھلی ہو، عقل وہ نہیں جو باطل قسم کے وہم و گمان کی طرف لے جاتی ہو

بَینا بَین: درمیان یا درمیانی حالت

بَین اثنَین: (ع) آپس میں

بینُ الاضلاعی: اضلاع کے مابین

بین المِلَل: (ع) قوموں کے مابین

بین النّهرین: دو دریاؤں کے مابین، دوآبہ

بیناس: کھڑکی، دریچہ

بینام: گمنام، اچھی شہرت سے محروم

بی ناموس: بری شہرت رکھنے والا، بے اصول

بی ناموسی: بری شہرت

بینائی: بصارت، دیکھنے کی قوت، نظر، ادراک، احساس قابلیت

بي نتیجه: بے اثر، بے حاصل، فضول،

بی نزاکت: بے لطافت، ناشائستہ

بینِش: بصارت، نگاہ و نظر، بینائی، قابلیت، ادراک، احساس، مثال:

همین مقدار می خواهم که از رخ پرده برداری
که بشناسیم قدرِ بینش نادان و دانا را

ہم صرف اتنا چاہتے ہیں کہ تم اپنے چہرے سے پردہ اٹھاؤ تاکہ ہم نادان اور دانا کے فہم و ادراک کا اندازہ کر سکیں

بی نِشاط: بے لطف، خوشی سے محروم

بی نِشان: جس کا کوئی نشان پتا نہ ہو

بی نصیب: امید و مراد سے محروم

بی نظم: بے ترتیب، پراگندہ

بی نظمی: بے ترتیبی، پراگندگی، انتشار، الجھن

بی نظیر: بے مثال

بینِك: آنکھ کی پتلی

بی نماز: کنا یہ ہے اس عورت کا جسے حیض آرہا ہو

بی نمك: (۱) جس میں نمک نہ ہو، بے مزہ (۲) سادہ جس میں کوئی دلکشی نہ ہو

بی نمکی: بے مزہ ہونا، بے لطفی

بینَندِگی: بینائی، نظر، دیکھنے کی قوت

بیننده: دیکھنے والا، اہل نظر، غور کرنے والا

بی ننگ: جس میں شرم و حیا نہ ہو

بینَوا: بے سروسامان، مفلس، نادار، بیکس، بے بس، مثال:

گشتم ازین ترانه دلکش بصد طرب
چون نی تهی زخویش من زار بینوا

اس دل کش ترانے کو سن کر بہت سی خوشیاں حاصل ہوئیں ورنہ اس پریشان خاطر بے بس شخص کا دل تو نَے کی طرح خالی تھا

بینوائی: بیکسی، بے بسی، افلاس

بینُور: (۱) نابینا (۲) بے چمک، بے رونق، افسردہ

بی نُوبَت: جدائی، مفارقت

بینونہ:جدائی، خلا

بیِّنہ:واضح ثبوت

بِینہ:حمام کی وہ جگہ جہاں لوگ کپڑے اتارتے یا پہنتے ہیں

بینہ دار:بینہ کا نگراں

بی نہایت:انتہائی

بِینی:ناک

(از) توی بینی حرف زند:اس کے ناک میں سے بولنے کی آواز آتی ہے

بینی نِشاندن:چھینکنا

بی نیاز:حاجت یا ضرورت سے مستغنی، مطمئن

بیوارِہ:بیکس، غریب، مفلس، محتاج، درماندہ، مثال:

بد و گفت کز خانہ آوارہ ام
از ایران یکی مرد بیوارہ ام

اس سے کہا، میں نے گھر سے نکل کر آوارگی اختیار کی ہے یوں سمجھیے کہ مجھ بیکس کا تعلق ایران سے ہے

بیواز:قبول، اجابت

بیواسِطہ:براہ راست

بی واہِمہ:بلا خوف، بلا اندیشہ

بُیُوت:(ع) بیت کی جمع، گھر

بُیُوتات:بیت کی جمع الجمع، دفتر جہاں حکومت کی دستاویزیں رکھی جاتی ہیں

بی وُجُود:(۱) جس کا ہونا نہ ہونا برابر ہو (۲) جو دوسروں کےلیے مفید نہ ہو

بیُور:دس ہزار

بیوراسپ:ظالم ضحاک کا لقب، جو جمشید کے بعد ایران کا بادشاہ بنا تھا۔ مشہور تھا کہ اس کے پاس دس ہزار گھوڑے ہیں، اس لیے اس کا یہ لقب ہوا

بیُوس:امید، آرزو، امیدواری، طمع، ہوس

بیوسیدن:امیدوار ہونا

بی وَصِیَّت:جو شخص وصیت کیے بغیر مر جائے

بیوفا:جو وفادار نہ ہو، غیر مخلص، فریب کار

بیوفائی:احسان ناشناسی، نا شکر گزاری

بی وَقار:بے وجاہت، جس کی عزت یا وقار نہ ہو

بی وقر:بے وقار

بُیُوک:(ت) بزرگ

بَیُوگ:عروس، دلہن

بَیُوگانی:عروسی

بیوگرافی:(انگ)تذکرہ نویسی، سوانح حیات

بیولوژی:(انگ) علم الحیات

بیولوژیك:زیست شناسی سے مربوط، علم الحیات

بیوَند:بے وفائی، خیانت، فریب

بیوَہ:جس کا شوہر فوت ہو چکا ہو

بیہُدِہ:بیہودہ، احمق

بی ہراس:بے خوف، بے خوفی سے

بیہِمال:بے نظیر

بی ہِمَّت:متامل، ضعیف، غیر مستقل مزاج

بی ہمَتا:بے مثال

بی ہمہ چیز:اخلاقیات کے اصول سے محروم

بی ہنجار:نا ہنجار، بُرا، ناپسندیدہ

بی ہُنَر:اناڑی، ناترا شیدہ، صلاحیت کار سے محروم

بی ہنگام:بے وقت، بے موقع

بی ہوا:بے پروا، نا عاقبت اندیش، لاِ ابالی، دوسروں کے احساسات کا پاس نہ کرنے والا، بے اعتنا

بیہودِگی:بے عقلی، حماقت، فہم اور سمجھ کی کمی، احمقانہ عمل

بیهوده: فضول، احمق، مکار، خود نما

بیهوده گوئی: یاوه گوئی، فضول اور بے معنی باتیں کرنا

بیهُوش: جسے اپنا ہوش نہ ہو، غشی کی حالت میں، کم عقل، بے وقوف

بی یار: جس کا کوئی دوست یا غمخوار نہ ہو

پ

پ ۔ فارسی اور اردو کا تیسرا حرف، عربی میں پ کا حرف نہیں، فارسی میں ف کو پ سے بدل لیا جاتا ہے مثلا پیل بمعنی ہاتھی اور فیل بمعنی ہاتھی، اسی طرح پولاد سے فولاد، سپید سے سفید

پا: پاؤں

از پا در آمدن: لاچار اور بے بس ہو جانا مثلاً

چو کسی در آمد از پا و تو دستگاہ داری
اگر آدمیتی ہست تو دلش نگاہ داری

جب کوئی لا چار اور بے بس ہو جائے، اگر تم میں انسانیت کا جذبہ ہو اور تم میں اس کی مدد کرنے کی صلاحیت ہو تو تمہیں چاہیے کہ اسکے حال راز پر نظر رکھو، اس کی دلداری کرو

پا از گلیم خود بیرون گرفتن: اندازے سے بڑھ کر کام کرنے کی خواہش کرنا، حد سے بڑھ جانا

پا ازمیان کشیدن: دوری اختیار کرنا، کنارہ کرنا

پا خوردن: دھوکا کھانا

پادادن: واقع ہونا

پازدن: دھوکا دینا

پاکردن: پہننا مثلاً کفش خود را پاکرد: اس نے جوتا پہنا

پاگذاشتن: پاؤں رکھنا مثلاً

ہیچ کس نتواند کہ پا این جاگذارد: کوئی شخص یہاں پاؤں نہیں رکھ سکتا

پای دادن: ساتھ دینا مثلاً

قسمت برای ہر شخص یك مرتبہ پای دہد: قسمت ایک مرتبہ ہر شخص کا ساتھ دیتی ہے

پای کسی حساب کردن: کسی کے حساب میں ڈالنا

بعض محاورات:

از پا در آمدن: بہت کمزور ہو جانا، تھک جانا

از پا در آوردن: تھکا دینا، خستہ کر دینا

بپاداشتن: کسی کی مدد کرنا

بپاکردن: برپا کرنا

برپاکردن: (عمارت) کھڑی کرنا، عمارت تیار کرنا

زیر پی کسی نشتسن: کسی کی خوشامد کرنا

پا: پاینده کا مختصر

دیرپا: دیر تک قائم رہنے والا

پا ابرنجن: پا برنجن، پازیب

پا افزار: جوتا، سلیپر وغیرہ

پا افشار: رکاب

پا انداز: پاؤں کے نیچے ڈالنے والی چیز

پا بپا: برابر، ہمراہ

پا برجا: قائم، مضبوط، مستقل ہونا، محکم، استوار،

پا برچین: آہستہ سے چلنا کہ پاؤں کی آواز سنای نہ دے

پا بَست: پابند، گرفتار

پا بلند: لمبی ٹانگوں والا

پابگِل رفتن: مصیبت میں پھنسنا، عاجز آ جانا

پاماہ: حاملہ عورت جس کے بچہ جننے میں ایک ماہ باقی ہو

پامہُر: باقاعد مہر کردہ، جس پر باقاعدہ دستخط ہوں

سند پامہر: سرٹیفکیٹ جس پر باقاعدہ دستخط ہوں

پابُوس: قدم چومنا، انتہائی احترام کرنا

از پا بوس او مشرف شدہ: اس کے پاؤں چومنے کی اسے سعادت حاصل ہوئی انتہائی احترام کرنے کا اسے شرف حاصل ہوا

پا بُوسی: قدم چومنا، انتہائی احترام کرنا

پاپ: پوپ، عیسائیوں کا پاپائے اعظم، پیشوا

پاپا: (انگ) والد

پاپاسی: کم قیمت کا سکہ

پاپتی: ننگے پاؤں، برہنہ پا

پاپُوش: جوتا، کفش، بوٹ وغیرہ

پاپوش برای کسی درست کردن: کسی کو مشکل میں ڈالنا

پاپہَن: چوڑے پاؤں والا

پاپی شدن: کسی کا پیچھا کرنا، کسی کے پیچھے آنا، مصر ہونا

پاپیتال: عشق پیچاں

پاپیچ: پٹی جو پاؤں پر باندھتے ہیں

پاپیادہ: پیدل

پات: تخت

پاتابہ: جوتا

پاتخت: پایہ تخت، دارالسلطنت

پاتَختہ: پاندان

پاتختی: عروسی کا جشن جو شادی کے دوسرے دن منایا جاتا ہے، ولیمہ

پاتُو: (١) عطارد سیارے کی منزل (٢) مٹی کا برتن جس میں گندم یا جو ڈالتے ہیں

پاتُوغ: وہ جگہ جہاں پرچم نصب کیا جاتا ہے اور لوگ اس کی عظمت کے سائے تلے جمع ہوتے ہیں

پاتُوق: تفریح گاہ

پاتو لوجی: (انگ) علم الامراض

پاتِیل: دیگ، دیگچہ، پتیلا

پاتیل شدن: (١) زیادہ کھانا، (٢) مستی کی حالت میں گرنا پڑنا

پاچال: دکان میں خریداروں اور بیچنے والوں کےلیے کھڑا ہونے کی جگہ

پاچایہ: نجاست، گندگی، پلیدی

پا چراغ: چراغ رکھنے کی جگہ

پاچَک: گائے بھینس کا سوکھا ہوا گوبر

پا چَنگ: دریچہ، دیوار کا سوراخ

پاچہ: بھیڑ، بکری یا گائے کے پائے جو پکائے جاتے ہیں

پاچہ فروش: پکے ہوئے پائے بیچنے والا

پاچیدن: پاشیدن، چھڑکنا

پا چیلہ: جوتا، پاپوش

پاچِین: عورتوں کا چین دار پیرہن

پاخَرہ: گھر کے آگے بیٹھنے کی جگہ

پاد: محافظ، نگہبان، حفاظت

پادار: برقرار، قائم، مستقل بنیاد پر قائم، توانا

پاداری: پائیداری، مضبوط، استحکام

پاداش، پاداشت: صلہ، بدلہ، عمل کےلیے سزا و جزا، نیکی کی صورت میں اور بدی کی صورت میں

پاداشَن: پاداش، جزا، سزا

پادافرہ: کیفر کردار، برے کام کی سزا

پادام: تجویز، تدبیر، ترغیب سے پرندوں کو دام میں پھانسنا

پادراز: لمبے پاؤں والا، حد سے بڑھنے والا، متکبر، بیباک

پادرازی: حد سے بڑھنے کی جسارت، تکبر، بیباکی

پادر رکاب: جانے کی تیاری

پادر کفش کسی کردن: کسی دوسرے کے کام میں مداخلت کرنا

پادرگِل: الجھن، پھنسنا، پریشان ہونا، ترغیب میں پھنسنا، پاؤں کیچڑ میں پھنسا

پادرگِل فرورفتن: گرفتار ہونا، پابند ہو جانا

پا درسِن گذاشتن: بوڑھا ہونا

پا در ہوا: کنایہ ہے نا پائیدار کام کا، بے بنیاد کام، بے اصل بات، یا وہ گوئی

پادَری: پتھر کی سل جو کمرے کے آگے لگائی جائے

پادزَہر: تریاق، ہر وہ دوا جو زہر کا اثر زائل کر دے

پادشاہ: بادشاہ، نگہبان کشور

پادگان: محافظوں کا گروہ جو ایک جگہ اکٹھے حفاظت یا نگہبانی کرتے ہیں

پادگانہ: بام، پشت بام، نیز دریچہ

پادَنگ: مونجی چھڑنے کا آلہ

پادَو: پادوی، دکاندار کا ملازم جو کام کےلیے بھاگ دوڑ کرتا ہے

پادِہ: (۱) ریوڑ، گلہ (۲) چراگاہ

پادہ بان: گلہ بان

پادیاب، یا دیاو: ہاتھ پاؤں دھونا، آتش پرستوں کا وضو

پادِیر: شکستہ دیوار کو سہارا دینے والا ستون

پار: گزشتہ

پارسال: سال گزشتہ

پاراد: پیریڈ کا مفرس، عرصہ، مدت، مخصوص وقفہ

پاراف: مختصر دستخط، انیشل (انگ)

پاراو: بوڑھی عورت، پیرزن

پارچ: مٹی یا شیشے کا کھلے منہ والا جام

پارچِہ: کپڑا

پارچہ باف: کپڑا بننے والا

پارچہ فروش: کپڑا بیچنے والا، بزّار

پاردسُو: (انگ) ہلکا اوور کوٹ

پار دم: تسمہ جو زین کے پیچھے باندھا جاتا ہے

پارس: فارس، یہ ایران کا صوبہ ہے، کسی زمانے میں ایران کو بھی فارس کہتے تھے،

پارس: چیتا

پارس: کتے کا بھونکنا، حملے کے وقت کتے کے بھونکنے کی آوار

پارس کردن: کتے کا عوعو کرنا، جب کوئی اجنبی گھر میں آئے

پارسا: پرہیز گار، خدا شناس، زاہد

پارسال: گذشتہ سال

پارسائی: پرہیز گاری، زہد

پارسَنگ، پاسنگ: ترازو کا بٹّا

پارسِہ: گدائی، ادھر ادھر مارا مارا پھرنا

پارسی: فارسی، پارس سے منسوب

پارسی زبان: اہل ایران کی مادری زبان

پارك: بڑا باغ، باغ عمومی، تفریح گاہ

پارکِہ: صحن، عدالت کا احاطہ، عدالت

پارگی: کرایہ

پارگی: گھوڑا

پارگی: طوائف، فاحشہ

پارگیں: گندہ پانی، جوہڑ جہاں گندہ پانی جمع ہو جاتا ہے

پارَنج-پاہرنج: طبیب کے گھر آنے کی فیس، حق القدم

پارنجن: خلخال، پاؤں کا زیور، پازیب

پارُو: (۱) پاروب، لکڑی کا آلہ جس سے برف کو زمین پر سے ہٹاتے ہیں (۲) کشتی کا چپو

پارو زدن: چپو چلانا

پارِہ: تکڑا، کٹا ہوا حصہ، جز

لباسِ پارہ: پھٹا ہوا لباس

پارِہ آجر: اینٹ کا تکڑا

پارہ پارہ: ٹکڑے ٹکڑے

پارہ خوار: رشوت خوار

پارہ دُوز: ٹکڑے ملا کر سینے والا

پارہ دُوزی: ٹکڑے ملا کر سینا

پارہ زرد: زرد لباس جو قدیم زمانے میں یہودی امتیاز کی غرض سے سلاتے اور پہنتے تھے

پاریاب: زمین جس کی آبپاشی نہر کے پانی سے ہوتی ہے

پاریلا: بحری بطخ

پارِین: پارسال، سال گذشتہ

پارینِہ: پرانا، کہنہ، دیرینہ، قدیمی

پازاج: دایہ

پازدن: چلنا

پازن: پہاڑی بکرا

پازند: زرتشیوں کی مقدس کتاب زند کی تفسیر

پازہر: پادزہر، تریاق، کوئی چیز جو زہر کے اثرات کو زائل کر دے

پازیب: خلخال، پاؤں کا زیور، پایل

پاژخ: آزار، تکلیف۔

پاژنگ: دریچہ نیز پاپوش

پاس: نگہداری، حق شناسی، رات کا کچھ حصہ، مثال:

چند از پاس درم رفتی ہرنج
پاس سخن دار کہ اینست گنج

دام و درم کی نگہداشت کی زحمت تو کب تک اٹھاتا رہیگا، اپنی بات کی نگہداشت کر کہ اصل خزانہ یہ ہے

بپاس خدمات: خدمات کے پیش نظر

پاسداری: نگہداری، حفاظت

پاسبان: پولیس کا سپاہی، سنتری، محافظ، نگہبان

پاسبانی: نگہداری، حفاظت

پاسُخ: جواب

پاسخانِہ: پاسبان کے رہنے کی جگہ

پاسدار: نگہبان، محافظ

پاسَنگ: ترازو کا بٹا، وزن

پاسوان: پاسبان

پاسُور: تاش کا ایک کھیل

پاسیار: افسر شہر بانی، شہر داری کا افسر، کوتوال شہر

پاسِیدن: نگہبانی کرنا

پاش: پاشیدن=چھڑکنا سے فعل امر پاش، بپاش، چھڑکو، بکھیرو

آبپاش: کھیتوں کو پانی دینے والا

پاشا: ترک بزرگوں کا لقب، گورنروں یا بڑے افسروں کا لقب (پاشا یا پاچا)

پاشاندَن، پاشانِیدن: منتشر کرنا، بکھیرنا

پاشُدن: اٹھنا، کھڑے ہونا، بیدار ہونا، چلے جانا

پاشلِہ: (۱) چھا، جس کا شکار کیا جاتا ہے (۲) فوجی، کمینگاہ سے دشمن کے کیمپ پر گولیاں چلانا

پاشنِہ: ایڑی

پاشنہ تفنگ: بندوق کی لبلبی

پاشنہِ دَر: دروازے کی چول، دروازے کا محور

پاشنہ کفش: جوتے کی ایڑی، پاشنہ کش: شو ہارن جسے جوتا پہننے کےلیے استعمال کیا جاتا ہے

پاشنہِ نخواب: اونچی ایڑی والا

کفش پاشنہ نخواب: اونچی ایڑی والا جوتا

پاشَو: اٹھ

پاشُویہ: پاؤں دھونا، محلول جو کسی بیمار کے پاؤں دھونے کےلیے تیار کیا جاتا ہے

پاشِیب: ڈھلان، اتار، نشیب

پاشِیدن: بکھیرنا، چھڑکنا

پاشیدہ: جہاں پانی چھڑکا گیا ہو

پاعلَم: پرچم تلے دشمن کو للکارنا، مبارزطلبی

پاغَر - پاغُرہ: پاؤں کی بیماری جس سے پاؤں میں سوجن ہوجاتی ہے

پاغَند: دھنی ہوئی روئی

پافِشاری: استقامت، ثابت قدمی اپنی رائے یا طریق پر اصرار

پاک: صاف، بے آلائش، جو پلید نہ ہو

پاک کردن: پاک صاف کرنا

بینی پاک کردن: ناک صاف کرنا

پاکار: خدمت گار

پاک اصل: صحیح النَسَب، پاک نژاد

پاک باز: (۱) زاہد (۲) محبوب کو پاک نظر سے دیکھنے والا

پاکباز: قمار بازی میں جو بڑے سے بڑا خطرہ لے لیتا ہے، قمار باز جس نے اپنی سب رقم ہاردی ہو

پاکبازی: زہد، زاہدانہ زندگی

پاکبازی: (۱) اچھا صاف کھیل، اچھا برتاؤ (۲) جوئے میں سب کچھ ہار دینا

پاک بِین: پاکیزہ نظر رکھنے والا، پارسا، پرہیز گار

پاک بِینی: پاکیزگی، پارسائی، پاکدامانی، زہد

پاکت: لفافہ

پاک تن: جس کا جسم پاک صاف ہو

پاک دامن: پرہیز گار، پارسا، پاکیزہ

پاک دامنی: پارسائی، پرہیز گاری، دیانتداری

پاک دل: صاف دل والا، جسے کسی کے خلاف بغض یا کینہ نہو،

پاک ذِہن: شائستہ گفتگو کرنے والا، اچھی گفتار والا

پاک دیدہ: پاک بین، پارسا، نیک نیت، نیک فطرت، نیک سرشت

پاک رائے: پاکیزہ رائے رکھنے والا

پاک رَو: اچھے برتاؤ والا

پاک رو: خوبصورت، خوبرو، پاکیزہ رُو

پاک روی: خوبصورتی، خوش نمائی، زیبائی

پاک رَوان: صاف باطن شخص، نیک نفس

پاکزاد: پاک فطرت، شریف الطبع، نیک سرشت

پاکِستان: اسلامی ملک جو تقسیم ہند کے بعد وجود میں آیا

پاک کن: تحریر کو مٹانے والا، صاف کرنے والا، ربڑ

پاک گوہر: پاک فطرت، پاک نہاد

پاک نژاد: اچھے حسب نسب والا

پاک نظر: پاک دیدہ، پاک بین، نیک فطرت

پاک نویس: اچھی صاف نقل کرنے والا

پاک نویسی: اچھی طرح سے نقل تیار کرنا

پاک نِہاد: پاک فطرت، نیک سرشت، نیک فطرت والا

پاکوب: رقاص

پاکوبان: مسرت و شادمانی کی حالت میں رقص کرتے ہوئے، مثال:

پای کوبان می برد شوقِ جمالِ او مرا
زیر پایم چون حریر و گل بود خارا و خار

اس کے حسن و جمال کا شوق اس طرح لیے جا رہا ہے کہ پاؤں مسرت و شادمانی کی حالت میں آپ ہی آپ اٹھتے چلے جاتے ہیں، اس سفر میں کیفیت یہ ہے کہ سنگ خارا اور کانٹے حریر و پرنیاں اور پھول معلوم ہوتے ہیں

پاکوتاہ: چھوٹے پاؤں والا

پاکوفتن: رقص کرنا

پاکی: صفائی

پاکیزگی: صفائی

پاکیزہ: صاف، بے عیب

پاکیزہ دامن: پاک دامن، بے عیب

پاگاہ: (۱) قدم، سیڑھی کا پایہ (۲) فرش

پاگرفتن: درست ہونا، بہبودی پانا، دنیا میں آنا

پاگشا: عروس اور داماد کا خیر مقدم

پاگشا کردن: عروس اور داماد کی ضیافت کرنا

پاگن، پاگون: فوجی عہدے دار کے کندھے پر لگانے والا نشان

پاگیر: مانع، رو کنے والا، رکاوٹ

پالا: پالودن مصدر= صاف کرنا سے صاف کرنے کا عمل

پالاپال: جستجو، تلاش، کوشش، کاوش

پالادن: پالودن، صاف کرنا

پالار: پالاری، چھت کی کڑی، شہتیری

پالان: گھوڑے کی زین

پالان دوز، پالان گر: گھوڑے کی زین بنانے والا

پالانیدن: پالودن، صاف کرنا

پالاوَن: غر بال، چھلنی

پالاہنگ: گھوڑے کی لگام مع دہانے کے

پالایشگاہ: صاف کرنے کی جگہ، وہ جگہ جہاں مٹی کا تیل صاف کیاجاتا ہے

پالتو: اوور کوٹ

پالتوی بارانی: برساتی

پالغز: پاؤں کی لغزش

پالکی: لکڑی کی بنی ہوئی ڈولی جس میں دلھن یا مسافر کو بٹھا کر لے جاتے ہیں

پالنگ بودن: کمزور ہو جانا، ناتواں ہونا، شل ہو جانا

پالواسہ: غم و اندوہ

پالوانہ: چڑیا

پالودن: صاف کرنا

پالودہ: صاف کیا ہوا

پالونہ: کیف جس کے ذریعے کوئی مائع چیز بوتل وغیرہ میں ٹپکائی جاتی ہے

پالہنگ: گھوڑے کا دہانہ، لگام

پالیدن: صاف کرنا

پالیدہ: صاف کیا ہوا

پالیز: موسم گرما کی پیداوار، تربوز، خربوزہ وغیرہ

پالیزبان: موسم گرما کی پیداوار کا نگران

پامال: پائمال، کچلا ہوا، مظلوم

پامَرد: (۱) مدد دینے والا (۲) شفیع، شافع

پامردی: پائمردی، مدد

پامَس: پابند، بیچارہ، درماندہ

پانزَدہ: پندرہ

پانزدہم: پندرھواں

پانصد: پانچ سو

پانگرِفتن: زیادہ دیر تک نہ رہنا، زندہ نہ رہنا، درست نہ ہونا

پانِیذ: گنے کا رس، چینی، شکر

پاوپر: پای و پر کنایہ ہے توانائی، طاقت، تاب و تواں کا

پاورَق: حاشیہ میں کوئی یاد داشت جو قلم بند کی جائے

پاورقی: حاشیے میں لکھی ہوئی تحریر

پاوَند: پابند

پائی: پائین، زیر، نیچے

پایا: (۱) ثابت، (۲) پائیدار

پایاب: (۱) اتنا پانی جس میں چل کر گزرا جا سکے

پایا پائی: دو ملکوں کے مابین برابری کی صورت میں باہمی تجارت، مال کے بدلے مال

پایان: آخر، خاتمہ، سر انجام

پایان بِین: جس کی نظر انجام پر ہو

پایان رسیدن: ختم کرنا، مکمل کرنا

پای انداز: دری یا قالین جو کسی اہم شخصیت کے لیے داخل ہونے پر دروازے تک بچھایا جائے

پایان نامِہ: ڈاکڑیٹ کا مقالہ

پای آور: طاقتور، قوی

پای باف: جولاہا

پای برہنہ: برہنہ پا، ننگے پاؤں

پای بَست: بنیاد، اساس

پای بست: بندھا ہوا، پابند

پای بند: پابند، بعض حیوانوں کے پاؤں باندھنا

پایتخت: دارالسلطنت

پای جامہ: پاجامہ

پای خُست: لکدکوب، جسے پاؤں تلے کچلا جائے، پامال

پایدار: مستقل، مضبوط، مستحکم، دیرپا

پایداری: مضبوطی، استحکام

پایدام: دام جس میں جانورکے پاؤں پھنس جاتے ہیں

پایدان: جوتا، کفش

پای زیب: پازیب، پاؤں کا زیور، خلخال

پایِستن: مستحکم ہونا، مستقل طور پر قائم رہنا

پایِستہ: مستحکم، مستقل

پایکُوبی: پاؤں تلے کچلنا، رقص

پایگاہ: جگہ، مکان، مقام، قدر، مرتبہ، درگاہ، آستانہ

پایگیر: بندھا ہوا، پابند، مقید

پای ماچان: مجلس کی آخری صف، صف نعال

پایمال: پامال، مظلوم، کچلا ہوا، تباہ شدہ

پایمالی: پامالی، تباہی

پائمردی: مدد، مثال:

سر برآوردی بدولت پائمردی کن بہ لطف
دسترس دادت خدا افتادگان را دست گیر

تمہیں اقتدار و اختیار میں سرفرازی حاصل ہوئی ہے، ثابت قدمی سے اپنا لطف و کرم جاری رکھو تمہیں خدا نے صلاحیت بخشی ہے تو بینواؤں کی دست گیری کرو

پائمُزد: ڈاکٹر کے گھر آنے کی فیس، حق القدم

پایَندان: ضامن، کفیل،

پایندِگی: دوام، بقا

پایندہ: مستقل طور سے قائم، ابدی، برقرار

پایندی: مضبوطی، استحکام

پایوَر: شہر کا کوتوال، افسر شہر بانی پولیس افسر

پایِہ: بنیاد، اساس، تہ، مرتبہ، درجہ

پایہ عمارت: عمارت کی بنیاد

پایِہ پایِہ: قدم بقدم، مثال

پایه پایه رفت باید سوی بام
پست جبری بودن اینجا طمع خام

اس شعر میں انسان کے مجبور محض ہونے کے نظریے کے خلاف انسان کے صاحب قدرت ہونے کا خیال ظاہر کیا ہے، بام تک تو قدم بہ قدم چڑھ کر ہی پہنچا جاتا ہے یہ سمجھ لینا کہ انسان مجبور محض ہے ہمارے لیے منزل مراد تک پہنچنے کے اسباب مہیا ہو جائینگے، محض خام خیالی ہے

چہار پایه: چار ٹانگوں والا حیوان

پایه دار: مضبوط بنیاد والا

پاییدن: (۱) مستقل ہونا، برقرار رہنا، قائم رہنا (۲) نگہبانی کرنا، زیر نظر رکھنا

پایَنده: پانے والا، مستقل طور سے قائم رہنے والا، پائیدار

پاییز: موسم خزاں

پاییزه: موسم خزاں کی پیداوار

پایین: نیچے، زیر، پائین

پایین آمدن: نیچے اترنا

پایینی: نچلا حصہ

پَت: (۱) نرم قسم کی پشم

پتاره: ایک خاص قسم کا برش جس سے کپڑوں کو کلف لگاتے ہیں

پتَر: دھاتکا پترا یا کوئی چیز جس پر تعویذ لکھتے ہیں

پتك: ہتھوڑا جس سے سندان پر لوہار لوہا کوٹتے ہیں

پتُو: پٹو، کمبل

پتواز: لکڑی کی چھتری جو چھت پر کبوتروں وغیرہ کے بیٹھنے کےلیے لگائی جاتی ہے

پته: اجازت نامہ،

پته کسی روی آب افتادن: رسوا کرنا

پتیاره: (۱) نازیبا، بد عمل، جھگڑالو، بد صورت، بد مزاج، (۲) آفت، آشوب، بلا، آسیب

زنِ پتیاره: لڑاکی عورت، بد مزاج عورت

پتیله: فتیلہ، چراغ کی بتی

پَچ پچ، پچ پچه: زیر لب بات، آہستہ بات

پچ پچ کردن: (۱) آہستہ بات کرنا، سرگوشی کرنا (۲) گڈریے کا بھیڑوں کو بلانے کے لیے آواز دینا

پُچُشك: بھیڑ یا بکری کی شکل کا

پچکَم: ایوان، صفہ

پچَل: کثیف، گندہ، جو شخص ہمیشہ گندے لباس میں ہوتا ہے

پچواك: ایک زبان کا دوسری زبان میں ترجمہ

پخ: پہلو، کنارہ

پخ: جانور کو ہٹانے یا دور کرنے کی آواز

پخ کردن: ہٹا دینا

پُخت: پختن مصدر= پکانا سے ماضی مطلق پکایا، پکانے کا طریقہ

دست پخت: ہاتھ کا پکایا ہوا

پُختگی: (۱) پکنے کی حالت (۲) پختہ کاری، پختہ ہونا (۳) عقل، دانش (۴) مہارت

پُختن: پکانا

پختنِ خیال: بہت سوچ بچار کرنا، بہت غور و فکر کرنا

پختن کسی را: کسی کو راضی کرنا، نرم کرنا، فریب دینا

خیالِ خام پختن: ہوائی قلعے بنانا، خیالی پلاؤ پکانا
ہوس پختن: خیالی پلاؤ پکانا
پُخت و پُز: غذا پکانا
پُختہ: (۱) پکی ہوئی غذا (۲) تجربہ کار شخص
پختہ جُوش: شراب جس کو جوش دیا گیا ہو، ایک قسم کی شراب، جس میں دوائی ملا کر اسے جوش دیتے ہیں
پختہ خوار: گدا، بھک منگا، مفت خورہ
پَخسانیدن: رنجیدہ کرنا، پژمردہ، آزردہ کرنا
پخیدن: عوضانہ کے بغیر کسی کو کوئی چیز دینا
پخش: چوڑا، کسی چیز کو کچل کر یا بیلن سے چوڑا کرنے کا عمل
پخش کردن: چوڑا کرنا، منتشر کرنا، پراگندہ کرنا
پخشیدن: کوٹا جانا، چوڑا ہو جانا
پخمہ: بے وقوف، کم عقل، کند ذہن
پخمگی: بے عقلی
پدال گازہ: موٹر گاڑی کا پرزہ جس کو ڈرائیور اپنے پاؤں سے ضرورت کے وقت دباتا ہے، کلچ
پدَر: باپ، والد
پدروار: باپ کی مانند
پدری کردن: باپ کا ساسلوک کرنا
پدرام: خوش و خرم، خوبصورت، آراستہ
مثال:

گل بخندید و باغ شد پدرام
ای خوشا این جہاں بدین ہنگام

پھول ہنس رہے ہیں سارا باغ مسرت و شادمانی سے آراستہ ہے اس وقت دنیا میں کتنی خوشی ہے
پدر اندَر: سوتیلا باپ
پدر زن: خسر

پدرُود: وداع، خدا حافظی
پدرود کردن یاگفتن: کسی کو رخصت کرنا، خدا حافظی کہنا، مثال:

ماہ کنعانی من مسندِ مصر آنِ توشد
وقت آنست کہ پدرودکنی زندان را

میرے ماہ کنعان، میرے یوسف اب تو آپ نے مصری مسند سنبھالی ہے، اب وقت ہے کہ زندان کو رخصت کر دو
پدمہ: حصہ نصیب، بہرہ
پدہ: بوسیدہ لکڑی، بے ثمر درخت
پدید: ظاہر، آشکار، نمایاں، واضح
نا پدید: جو ظاہر نہ ہو، مثال:

پیراہن یوسف است یك یك ذرات
یوسف زمیانہ نا پدید چہ سود

یوں تو کائنات کا ذرہ ذرہ یوسف کا پیراہن ہے، لیکن جب اس کائنات میں یوسف ہی نظر نہ آئے تو کیا فائدہ
پدید آمدن: ظاہر ہونا، نمایاں ہونا، وجود میں آنا
پدید آورندہ: کسی چیز کو ظاہر اور آشکار کرنے والا، کوئی چیز تخلیق کرنے والا
پدیدار: آشکارا، ظاہر، نمایاں
پذُرفتکار: (۱) قبول کرنے والا (۲) فرمان بردار (۳) ضامن، کفیل
پذرَفتکاری: قبول کرنا، کفیل ہونا
پذرُفتن: قبول کرنا،
پذیر: (پذیرفتن مصدر= قبول کرنا سے فعل امر، قبول کر لو، اصلاح پذیر، جسے اصلاح کی ضرورت ہو
پذیرا: جو کسی دوسرے کی پذیرائی کرے، خوش دلی سے میزبانی کرنے والا
پذیرائی: خیر مقدم، باوقار طریقے سے استقبال کرنا

پذیرَش: قبولیت

پذیرُفتار: قبول کرنے والا

پذیرُفتن: قبول کرنا، رضا مند ہونا، اقرار کرنا

پذیرُفتہ: جسے قبول کر لیا گیا ہے

پذیرہ: قابل قبول

پر: پر و بال جن سے پرندے پرواز کرتے ہیں

پرافگندن: پر جھاڑنا، کمزور ہونا

پرانداختن: اپنی کمزوری کا اعتراف کرنا

پردر آوردن: پر نکلنا، طاقت پکڑنا

پرزدن: اڑنا

پُر: لبریز، لبالب بھرا ہوا

پر آب: رس بھرا، رس دار

پُراپُر: لبالب بھرا ہوا

پراشیدن: بکھرنا، منتشر ہونا، بکھیرنا یا منتشر کرنا

پراکُنش: پراگندگی، انتشار

پراگندگی: منتشر ہونا، پریشان ہونا

پراگندہ: بکھرا ہوا، منتشر شدہ

پراگندہ حال، پراگندہ خاطر، پراگندہ دل: پریشان حال، پریشان خاطر

پراگندہ رُوزی: پریشان حالی، روزی کا وسیلہ میسر نہ آنے کی وجہ سے پریشان حالی

پراگندہ گوئی: یاوہ گوئی، ہرزہ سرائی

پرّان: اڑتا ہوا

پراندَن: پرانیدن، اڑانا

پرآور: تیز پر، تیز رو، تیز پرواز

پرازدہ: آٹے کا پیڑا جس سے روتی پکائی جاتی ہے

پُرباد: جس میں ہوا بھری ہو، مغرور

پُر بار: ثمر بار، جس پر پھل لدے ہوں، بارآور، جس سے لوگوں کو پھل حاصل ہوتا ہو سیر حاصل، بہتات سے پیدا کرنے والا

پُربَر: پر بار

پُر برگ: پتوں سے بھرا ہوا درخت

پُر بلا: آفت رسان، تکلیف دہ، غم آور، پُراندوہ

پُرباش: چھاج یا لکڑی کا طبق جس سے چیزوں کو صاف کرتے ہیں

پُرپایہ: ہزار پا

پُرپُر: (۱) پھول جس کی بہت سی پیتاں ہوتی ہیں

پَرپَر: پرندوں کی پرواز کے وقت پھر پھڑاہٹ

پرپرزدن: پرندوں کا پھڑپھڑانا

پرپرکردن: پھول کی پتیوں کو بکھیر دینا

پرپرہ، پرپرک: پروانہ

پرپرہ: کمتر قیمت کا سکہ

پُر پُشت: کثیر، بافراط پیدا ہونے والا، پر نمو،

پرپُو: تالاب جس میں لاسایا چارا ڈال کر بطخوں کو پکڑتے ہیں

پر پَہن: خُرفہ، ایک خود رو پودا جس کے بیج دوائی کے کام آتے ہیں

پُر پیچ و خم: پیچیدہ، پیچ در پیچ، الجھا ہوا

پرت: زمین پر گرا ہوا، پڑا ہوا، مرکز سے دور، الگ، جدا

پرت زَدن: دور پھینکنا

پرتِ شہر: شہر سے دور

پرت گفتن: بے معنی گفتگو کرنا، **از موضوع پرت شدید:** آپ موضوع سے ہٹ گئے ہیں

پرتاب: (۱) جس میں بہت تاب ہو، (۲) پر پیچ و خم، تابدار، تیر اندازی

پرتاب کردن: نشانہ لگانا، زور سے تیر چلانا

پُر تِقال: مالٹا، سنگترہ

پر تقالی: مالٹے کے رنگ کا

پرتقال: ملک پرتگال

پرتقالی: پرتگال کا باشندہ

پَرتگاہ: وہ جگہ جہاں سے انسان ذراسی لغزش سے گر جائے، ڈھلوان جگہ

پرتُو: شعاع، کرن، چمک، روشنی، تابش

پرتوافگن، پرتوانداز: چمک پیدا کرنے والا، روشن کرنے والا

پرتو افگندن: روشن کرنا

پرتو بینی: بیماری کی تشخیص کےلیے اعضائے بدن کا عکس ریز کے ذریعے دیکھنا

پرت و پلا: (۱) چرند، پرند (۲) فضول باتیں، پراگندگی

پرتو پلاشدن: پراگندہ ہونا

پرتی: بے توجہی، بے خیالی، خیالات کی پراگندگی حواس پرتی، حواس کا پراگندہ ہوجانا

پرتو پلاسم: (انگ) مادہ حیات

پرتو شِناس: عکس ریز سے معائنہ کرنے کا ماہر

پرتونِگاری: عکس ریز کے ذریعے اعضا کامعائنہ کرنا

پُرجُثّہ: موٹا جسم، لحیم شحیم

پُر جرأت: دلیر

پر جمعیّت: گنجان، کثیر آبادی والا

پَرچ: چوڑے سرے والی کیل

پُرچانگی: بہت زیادہ باتیں کرنا، بسیار گوئی

پرچانِہ: باتونی، پر گو

پرچَم: جھنڈا، علم،

پرچم دار: علمدار، پیشوا، رہبر

پرچمی: جھنڈے کی طرح

پُرچِین: پُر شکن، جس میں بہت سے شکن یا پیچ و خم ہوں

پَرچِین: باڑ، جھاڑیوں، گھاس یا پتھروں سے بنا ہوا احاطہ

پُر حافظِہ: اچھے حافظے والا

پُر حرف: باتونی

پر حرفی کردن: بہت زیادہ باتیں کرنا

پر حوصِلہ: حوصلہ مند، با ہمت، صبر و تحمل والا

پرَخاش: لڑائی جھگڑا

پرخاش جُو: لڑائی جھگڑے کا مشتاق

پر خاشخر: جنگجو

پرخاش کردن: لڑائی جھگڑا کرنا

پرخاش گاہ: میدان کارزار

پُرخرچ: قیمتی

پَرَخش: سرین، چوتڑ، گھوڑے کی رانوں کا پچھلا حصہ

پُرخطر: خطر ناک

پَرخو: گھر میں آٹا یا غلہ رکھنے کی جگہ جو مٹی سے تیار کی جاتی ہے

پُرخواب: نیند کا رسیا

پرخُور: پیٹو

پرخوری: بہت زیادہ کھانا

پرخِیدہ: پوشیدہ بات، ایما، اشارہ

پُرخوں: خون میں لت پت

پرداخت: (۱) (بنک کی اصطلاح) ادائیگی رقم (۲) آراستگی، آرائش

پرداخت کردن: رقم ادا کرنا

روزِ پرداخت: تنخواہیں ملنے کا دن

عدم پرداخت: رقم جو ادانہ کی گئی ہو

پرداخت: تکمیل، پالش

پرداخت کردن: مکمل کرنا، پالش کرنا، چمکانا

پرداخت: پرداختن= رقم ادا کرنا سے ماضی مطلق رقم دی، قرض ادا کیا، آراستہ کیا، انجام دیا، مرتب کیا

پرداخت گر: پالش کرنے والا، چمکانے والا

پرداختَن: قرض ادا کرنا، آراستہ کرنا، مرتب کرنا، انجام دینا، فارغ ہونا

پرداختنی: رقم جس کی ادائیگی ضروری ہو

پرداختہ: ادا کیا گیا، مکمل کیا گیا، آراستہ کیا گیا، پالش کیا گیا

پردار: جس کے پر ہوں، پرندہ

پرداز: پرداختن مصدر= آراستہ کرنا سے فعل امر، آراستہ کرو، مکمل کرو

کارپرداز: کام کوانجام دینے والا، کار ساز

پردازش: پالش کرنے یا آراستہ کرنے کا کام

پردازَندہ: پالش کرنے والا، آراستہ یا مکمل کرنے والا، رقم دینے والا

پردال: پرکار

پُردان: دانا، عالم، بہت کچھ جاننے والا

پُردرد: درد بھرا، غمگین

پردک: چیستاں، معمّہ

پردگی: پردے میں بیٹھنا، پردہ دار خاتون

پُردل: دلیر، شجاع، دلاور، جرّی

پردلی: دلیری، شجاعت

پُردَو: تیز دوڑنے والا، تیز دوڑنے کی عادت والا

پُردوام: دیر تک قائم رہنا، بادوام

پردہ: اوٹ، چلمن، نقاب، گھونگٹ، چک یا کوئی اور چیز جو حجاب کی غرض سے دروازے پر لٹکادی جائے

پردۂ بکارت: دوشیزگی، کنوار پن

پردۂ بینی: ناک کے اندر کی درمیانی ہڈی

پردہ پوشی: کسی کے راز کو چھپانا

پردہ دار: حاجب، خواتین کی قیامگاہ کی نگہداشت کرنے والا

پردہ داری: حاجب کا منصب، راز رکھنا

پردہ در: راز افشا کرنے والا

پردہ دری: راز افشا کرنا، (۲) بدنامی، رسوائی بےآبروی کرنا

پردہ دریدِگی: بے شرمی، بے حیائی، رسوائی، بے آبروی

پردہ دریدہ: بے شرم، بے حیا، ڈھیٹ، بے غیرت، جس کی بے آبروی ہوئی ہو

پردہ سَرا: مُوسیقار، مغنی، مطرب

پردہ شناس: مطرب، مغنی، موسیقی دان، موسیقار

پردۂ صماخ: کان کا پردہ، طبلِ گوش

پردۂ عنکبوت: مکڑی کا جالا

پردۂ عینی: آنکھ کا پردہ

پردہ کش: سٹیج پر سے پردہ اٹھانے یا گرانے والا

پردہ گاہ: سٹیج، منظر

پردہ نشیِن: پردہ دار خاتون

پردہ نشینی: گھر میں پردے میں رہنا

پردۂ نمائش: ڈرامے کا کوئی ایکٹ

پردۂ نیلگوں: کنایۂ آسمان، فلک

پردۂ ہفت رنگ: (۱)دنیا، جہاں، (۲)سات رنگوں کا پردہ

پردہ ازروی کار برداشتن: راز افشا کرنا

پردہ انداختن: پردہ گرانا

پردہ برداشتن از:پردہ بر گرفتن از: پردہ اٹھانا، نقاب اٹھانا

پردہ کسی دریدن یا پارہ کردن: کسی کی بے عزتی

یا بے آبروئی کرنا

در پردہ داشتن:راز رکھنا

پَردَیس:(۱) باغ، بوستان (۲) فردوس

پُررنگ:گہرے رنگ کا

چای پُررنگ:گہرے رنگ کی چائے

پُررُو:بے حیا، بے شرم، گستاخ، بے حجاب

پُرروغن:چربی والا، مچرب، موٹا

پُررُوی:شوخی، گستاخی، جسارت، ڈھٹائی، شوخ چشمی، بے شرمی

پَرریزی:پرندوں کے پر جھڑنا

پرریختِہ:جس کے پر جھڑگئے ہوں

پرز:نرم پشم جس سے قالین وغیرہ بنتے ہیں

پُرزا:بچہ خیز، یا جس عورت کے زیادہ بچے پیدا ہوں

پر زحمَت:تکلیف دہ، محنت طلب، مشکل

پُرزِہ:ٹکڑا

پُرس:پرسیدن= پوچھنا سے فعل امر پرس یا بپرس، پوچھ

پُرسال:زیادہ عمر کا، بوڑھا

پُرسان:پوچھنا

پرسان پرسان:لگاتار پوچھتے جانا

پرَست:پرستیدن سے، پرستش کرنے والا

پرَستار:پرستش کرنے والا، خدمتگار، غلام

پرستار زادِہ:غلام زادہ مثال:

پرستار زادہ نیاید بکار
وگر چند باشد پدر شہر یار

غلام زادہ کبھی مخلص نہیں ہوتا خواہ اس کا باپ (غلامی کا داغ لیے ہوئے) شہر یار ہی کیوں نہ ہو

پرستاری:خدمت گزاری، حاضر باشی، محافظت، پرستش

پرستِش:عبادت

پرستِشگاہ:عبادت گاہ

پرستَندِہ:پرستش یا عبادت کرنے والا

پرستندگان:پرستندہ کی جمع

پرستُو:چڑیا، چھوٹا سا پرندہ جس کے پر لمبے اور دم دوشاخہ ہوتی ہے، سینے کا رنگ خاکستری ہوتا ہے

پرستِہ:جس کی تعریف و توصیف کی جائے، جس کی پرستش کی جائے

پرستَندگی:پرستش، عبادت

پرستِیدن:پرستش کرنا، ستائش کرنا، بندگی کرنا، خدمت کرنا

پرستِیدِہ:جس کی پرستش یا تعریف و توصیف کی جائے

پُرستِیز:کینہ ور، جنگ کا مشتاق، جنگجو

پُرسِش:پوچھ گچھ، حال معلوم کرنا

پرسِش نامہ:وہ مکتوب جس کے ذریعے کسی کی جواب طلبی کی جائے

پرسَکَنِہ:جہاں آبادی زیادہ ہو

پَرسُم:موٹا آنا

پُرسَندِہ:پوچھ گچھ کرنے والا

پُرسُو:پرنور، روشن، تابناک

پُر سُوز:غم آفرین، پردرد، غم آلود

پَرسِہ:عیادت، بیمار پرسی، ماتم پرسی

پرسیاؤش:ایک قسم کا پودا جس سے نزلہ، ریہ کی دوا تیار کی جاتی ہے

پُرسِیدن:پوچھنا، استفسار کرنا

پرسیدنی:پوچھنے کے لائق

پَرِش:پرواز، اڑان، چھلانگ

پرشِ ارتِفاع:اونچی چھلانگ

پرش طول:لمبی چھلانگ

پُرشاخہ: جس کی بہت سی شاخیں ہوں
پُرشیر: بہت زیادہ دودھ دینے والی (گائے بھینس وغیرہ)
پر صدا: شور
پرطاقت: صابر، مشکلات کا مقابلہ کرنے والا، دلیر
پرُفسُور: پروفیسر
پرک: (۱) چھوٹا پر (۲) ستارہ سہیل
پُرکار: بہت کام کرنے والا،
پَرکاوِش: درخت کی بڑھی ہوئی شاخوں کو کاٹ چھانٹ کر آراستہ کرنا
پُرکردن: بھرنا، پر کرنا
پرکَم: بیکار، ناکارہ، فضول
پَرکندہ: کٹے ہوئے پروں والا
پرکُوک: بلند و بالا عمارت، عالی شان عمارت، قصر، محل
پُرکِینہ: کینہ ور، بغض رکھنے والا، بد باطن شخص
پَرگار: پرکار جس سے دائرے کھینچے جاتے ہیں
پرگالہ: حصہ، ٹکڑا، کسی چیز کا ٹکڑا
پُر گداز: پرسوز، پردرد، پرتپ و تاب، حساس
پَرگرَ: طوق زریں جو قدیم زمانے میں بادشاہ گلے میں پہنا کرتے تھے
پرگرام: پروگرام، برنامہ
پَرگرد: باب، پیرا گراف،
پُرگِرِہ: گرہ دار، جس میں گانٹھیں ہوں
پرگس: کلمہ نفی، حاشا، پناہ بخدا، معاذ اللہ
پُرگفتن: زیادہ بولنا
پرگو: زیادہ بولنے والا، باتونی
پرگوئی: زیادہ باتیں کرنا
پُرگناہ: بہت زیادہ گنہگار
پَرگنِہ: مملکت کا کوئی حصہ

پرگیدی: ایک چھوٹا سا پرندہ جس کا گوشت مزے کا ہوتا ہے
پرما: برما، لکڑی میں سوراخ کرنے کا آلہ
پرماس: لمس، احساس، چھونا، ملنا
پرما سِیدن: چھونا، ہاتھ لگانا، احساس ہونا
پرماسَندہ: چھونے والا
پرما سِیدہ: جسے چھوا جائے
پرمان: فرمان
پرماہ: برما، سوراخ کرنے کا اوزار
پُرمایُون: پرمایہ، سرمایہ دار
پرمایِہ: (۱) سرمایہ دار، بر گراں بہا چیز (۲) بہت دانا اور شریف شخص، بزرگوار اور دولت مند (۳) بہت دودھ دینے والی گائے (۴) مضبوط، قوی (۵) بڑا علم رکھنے والا
پَرمخیدن: نافرمانی کرنا
پُر مَداخِل: (۱) نفع بخش، پر منفعت، (۲) خردمند، سرمایہ دار (۳) ارجمند
پرمُدَّعا: خواہ مخواہ ادعا کرنے والا، شیخی خورا، لاف و گزاف کرنے والا
پرمَر: امید، انتظار
پَرمُشت: تالاب جس میں بطخوں کو ہنر مندی سے پکڑتے ہیں، لاسا، چارا
پُرمعنی: معنی خیز
پُرمغز: (۱) پر معنی، ذہین، زیرک (۲) گودے دار
پر مَك: پھپھوندی
پُرمنِش: متکبر، خودپسند، مغرور
پُرمُو: جس پر زیادہ بال ہوں
پَرمودن: فرمودن، فرمانا
پَرمِیو: سوزاک کی بیماری

پَرَن:(۱) ستارہ پروین، ثریا (۲) حریر، سلک

پَرناک:جس پر بہت پر ہوں

پَرنان:پھپھوندی لگا ہونا

پرند:(۱) ریشمی کپڑا (۲)جوہر شمسیر

پرندآور:شمشیر، شمشیر جوہردار

پرندہ:اڑنے والا جانور

پرندوش:رات جو گزر گئی ہے، شب گزشتہ، پریشب

پُرنم:سیلا، گیلا، مرطوب

پرنگ:تیغ جوہردار

پُرنگار:جس پر بہت سے نقش و نگار ہوں

پرنیان:سلک

پرنیخ:مسطح اور ہموار پتھر، پتھر کی سل

پرو:مخفف، پروین، پروین ستارہ، ثریا

پروا:صبر و قرار، آرام، شکیبائی، رغبت، میلان خاطر، توجہ، اعتنا

بی پروا:بے خوف، بے توجہ، بے اعتنا

پروار:گرمیوں کا موسم گزارنے کی اقامت گاہ، خانہ تابستانی، موسم گرما میں بسیرے کی جگہ

پروار:موٹا، مجرّب (مینڈھا)

پروارہ:موٹاپا، چربی والا

پرواز:اڑان

پرواز کردن:اڑنا (پرندوں کا)

با بال دیگری پرواز کردن:کسی دوسرے کی مدد سے کوئی کام کرنا

پرواز:چھت پر لگانے والا بیم، باریک اور نازک تختے جو چھت کے بیرونی حصے پر لگاتے ہیں، پردہ، رو بند خانہ

پروازہ:(۱)خوراک جو سفر کےلیے تیار کی جاتی (۲)آگ جو سردی میں دلہا اور دلہن کے پاس جلا کر رکھی جاتی ہے

پرواس:لمس، چھونا

پرواسندہ:چھو کر دیکھنے والا

پرواسیدن:چھو کر دیکھنا، ہاتھ لگا کر جائزہ لینا

پرواسیدہ:جسے چھوکر دیکھا گیا ہو

پروانچہ:اجازت نامہ، گواہی نامہ، پروانہ

پروانک:(۱)پروانہ (۲)قاصد، پیغام بر

پروانہ:اجازت، اذن، حکم، فرمان، اجازت نامہ

پروانہ:پتنگا، مجازاً عاشق

پروبال:(۱) پرندے کے بال و پر (۲)طاقت، ہمت

پروبال آوردن:طاقت پکڑنا

پرور:پروردن= پرورش کرنا سے اسم فاعل، پالنے والا، پرورش کرنے والا

رُوح پرور:دل کو تازگی بخشنے والا

پروراندن، پرورانیدن:پرورش کرنا، تربیت کرنا

پرورانندہ:پرورش کرنے والا، تربیت دینے والا

پرورانیدہ:جسے پرورش دی گئي ہو یا جس کی تربیت کی گئی ہو

پروردگار:پرورش کرنے والا، خداوند تعالی

پرورش:تربیت، پالنا

پرورندہ:پرورش کرنے یا تربیت کرنے والا

پروریدن:پروردن، پرورش کرنا

پَروز:حسب نسب، نسل، نژاد

پروژہ:پراجیکٹ(انگ) سکیم، منصوبہ، طرح، نقش

پروندہ:ضروریات کی چیزیں رکھنے کا تھیلا، پیشہ ورون کا تھیلا

پَروہ:مال غنیمت

پرویختن:ملانا

پرویزن: چھلنی، غربال جس سے آٹا چھانا جاتا ہے

پرویش: دیر، تاخیر، غفلت

پروین: ستارہ ثریا، سات چھوٹے ستاروں کا نام جو آپس میں ملے ہوئے ہیں اور ایک ستارے کی صورت میں نظر آتے ہیں

پرہ: کسی چیز کا حلقہ، دامن، کنارہ، لشکر کا حلقہ اور دائرہ

پرہ بستن: حلقہ باندھنا، دائرے کی صورت میں کھڑے ہونا، مثال:

از سواران پرہ بستہ بدشت
رمہ گور سوي شاہ گذشت

سواروں نے کچھ اسی طرح حلقہ باندھ لیا کہ گورخروں کا گروہ بادشاہ کی طرف آنے لگا

پُرہُنر: ماہر فن کار، کسی فن میں مہارت رکھنے والا

پرہُون: دائرے کی صورت کی کوئی چیز مثلاً چاند کا ہالہ، طوق، گردن بند

پُرہیاہُو: شور و غل، چیخ و پکار

پرہیختن: سکھانا، پڑھانا، تربیت دینا، نیز پرہیز کرنا

پرہیختہ: جس کی تربیت کی گئی ہو، تربیت یافتہ

پرہیز: منع کی ہوئی چیزوں سے بچنا، باز رہنا، احتراز

پرہیزشکستن: منع کردہ چیزوں سے باز نہ رہنا

پرہیزکردن: بچنا، احتراز کرنا

پرہیزانہ: غذا وغیرہ جومریض کے لیے تجویز کی گئی ہو

پرہیز گار: صالح، متقی، بری باتوں سے بچنے والا

پری: جن کی جنس کی عورت جو بہت خوبصورت ہوتی ہے اور جس کے پر ہوتے ہیں

پری افسا: جادوگر، افسونگر، جو شخص جن اور پری کی تسخیرکےلیے جادو کرتا ہو

پری: گزرے ہوئے دن یا رات کےلیے بطور سابقہ آتا ہے، مثلاً

پریروز: کل سے پچھلا گزرا ہوا دن

پری شب: گزری ہوئی رات سے پہلے کی رات

پُری: بھرا ہوا ہونا

پرَی پَیکر: نازک، خوبصورت، زیبا، قشنگ، پری کی طرح، نازک اندام

پری چہر: پری چہرہ، خوبصورت، چہرے والا

پری رُخسار: پری رو، خوش شکل، جس کا چہرہ پری کے چہرے جیسا ہو

پری خوان: افسوں گر، جادوگر، پری افسا،

پریدار: جن زدہ، جس پر جن پریوں کا سایہ ہو، دیوانہ

پری دُخت: پری کی بیٹی، زیبا، رعنا، انتہائی خوبصورت لڑکی، خاص نام

پریدن: اڑنا، پرواز کرنا

پریدہ: جواڑ گیا ہو، پروازکر گیا ہو

پریر- پریرُوز: کل سے پچھلا گزرا ہوا دن

پریرُوی: پری رخ، پری چہرہ، انتہائی خوبصورت

پری زاد: پری کی اولاد، نہایت خوبصورت

پریزن، پرویزن: چھلنی، غربال، جالی

پری سای: افسون گری، جادو گری

پریش: پریشان

پریشان: حیران، مضطر، سراسیمہ

پریشان حال: سراسیمہ، مضطرب، مفلس

پریشان حالی: سراسیمگی، اضطراب، مفلسی

پریشان خاطر: پریشان دل، سراسیمہ، تنگ حال

پریشان روز گار: تنگ حال، مفلس، مضطرب، متردد، سرگردان

پریشانی:فکر، دکھ، تکلیف، مصیبت اضطراب، سرگردانی

پریشانیدن:پریشان کرنا

پری شاہرخ:ایک پرندہ جس کے پرسیاہ اور زرد ہوتے ہیں، مرغ الجیر

پری شب:کل رات سے پہلے کی گزری ہوئی رات، پرسوں رات

پریشیدن:آشفتہ ہونا، پریشان ہونا، مضطرب ہونا

پریشندہ:پریشان کرنے والا

پری طلعت:پری رخ، پری چہرہ، نہایت، خوبرو

پری فش:پری وش، پری کی طرح، انتہائی خوبصورت

پری نژاد:پری کی اولاد، بہت خوبصورت

پری وار:پری کی مانند

پز:پختن مصدر= کھانا وغیرہ پکانا سے فعل امر پکاؤ، پکادو

آتش پز:باورچی

پزا:جو آسانی سے پک جائے

پزاختن:گداختن، پگھلنا

پزاندن:پزانیدن، پکانا، پختہ کرنا

پزانندن:پکانا

پزانندہ:پکانے والا

پزاوہ:وہ جگہ جہاں مٹی کے برتنوں یا اینٹوں کو پکایا جاتا ہو

پزشك:ڈاکٹر، طبیب

پزشکی:طبابت، ڈاکٹری کا پیشہ

پزشکیار:طبیب یا ڈاکٹر کامعاون

پزیدن:پختن، پکانا

پژ:پہاڑ، پہاڑ کی چوٹی، ٹیلا، پست و بلند زمین

پژاگن:گندہ، کثیف، غلیظ، چرکیں، پلید

پژمان:پژ مردہ، افسردہ، غمگین

پژمردگی:افسردگی، غمگینی

پژمردن:افسردہ ہونا

پژمردہ:غمگین، افسردہ، آزردہ، اندوہگین، غمناک

پژند:کڑوا کھیرا،خیار تلخ، حنظل

پژواك:گنبد کی صدا

پژولیدن:پژمردہ ہونا، مرجھانا، حیران ہونا، پریشان ہونا

پژولیدہ:پژمردہ، افسردہ، بے رونق، بے آب و رنگ

پژوم:گدا، بھک منگا، فقیر (پژومان جمع)

پژوہ:پژوہیدن (۱) تلاش کرنا، جستجو

پژوہش:جستجو، تفحص، تحقیق، جانچ پڑتال

پژو ہندگی:تجسس، جستجو، تحقیق

پژوہندہ:جستجو کرنے والا، تحقیق کرنے والا

پژوہیدن:جستجو کرنا، تحقیق کرنا

پژوین:گندہ، غلیظ، کثیف

پژہ:کائی اگنا، کائی سے ڈھک جانا

پژہان:آرزو، رشک، ہمسری کی کوشش کرنا، رقابت، ان اچھی چیزوں کی آرزو کرنا جو کسی دوسرے کے پاس ہیں

پس:تب

پس:پیچھے، بعد، پیچھے پیچھے، عقب، واپس

پس آمدن:پیچھے پیچھے آنا

پس انداز:بچائی ہوئی چیز، بچت

پس پردہ:پردے کے پیچھے

پس دادن:واپس دینا

پس رفتن:واپس جانا

پس زانو:گھٹنے کا خم

پس زدن:پیچھا کرنا

پس گرفتن:واپس لے لینا

پسِ گوش انداختن، پشت گوش انداختن:نظر انداز کر دینا، بھلا دینا، کوتاہی کرنا

پس ماندن:پیچھے رہ جانا، آج کل کرکے ٹالنا

پسِ مرگ:موت کے بعد

پس نشستن:پسپا ہونا، لوٹ جانا، پیچھے جانا، جگہ خالی کرنا

پساچین:درخت کا آخری پھل جو چنا جائے

پس اُفت:بقایا

پس اُفتادہ:باقی رقم

پس اندیش:نا عاقبت اندیش، پیش بینی نہ کرنے والا

پساوَند:بساوند، اشعار کی قافیہ بندی

پساہنگ:گھوڑے کے سُم کو لگانے والی کھری، کھری میں لگنے والے کیل

پس آیندہ:پیروکار، پیچھے آنے والا، دوسرا، بعد کا، دیر سے آنے والا

پس پریروز:پریروز سے پہلے، تین دن پہلے

پست:نیچا، چھوٹا، کوتاہ، نیچی سطح کا، ادنی، نیچ، کمتر، کم مرتبہ، کہتر، حقیر، معمولی، گھٹیا

پُست:(انگ) پوسٹ، ڈاک

پِست یا پُست:جو، گندم یا چنوں کا آٹا جسے بریاں کیا ہو

پَستا:کام کرنے کی تیاری، نوبت، باری

پستان:عورتوں کی چھاتی جس سے بچوں کو دودھ دیتی ہیں، سینے کی بالیدگی

پستان بند:انگیا

پست آواز:دھیمی آواز

پَستائی:بچت، پس انداز، اندوختہ

پُستچی:ڈاکیا

پُست خانہ:ڈاکخانہ

پَست فطرت:گھٹیا، فرومایہ، بد فطرت، بد سرشت، پست ہمت

پست قد:کوتاہ قد، ٹھنگنا

پستَك:بغیر آستینوں کے نمدے کے کوٹ جو قدیم زمانے میں گھوڑے سوار پہنتے تھے

پَستُو:چھوٹا کمرہ، کمرے کے پیچھے کا کمرہ

پستِہ:ایک میوے کا نام

پست ہمت:کم ہمت

پستی:گھٹیا پن، کمینہ پن، کمینگی، ادنی درجہ، غریبی، مفلسی، نشیب

پستی و بلندی:اونچ نیچ، ادنی مرتبہ اور اعلی مرتبہ

پَسخوار:بچا کھچا کھانے والا

پسخوردہ:بچا ہوا کھانا

پِسَر:بیٹا، فرزند، لڑکا

پسرِ ارشَد:بڑا بیٹا

پسران:پسر کی جمع، بیٹے

پسراندر:سوتیلا بیٹا

پسر خواندِگی:متبنی بنانا

پسر خواندِہ:متبنی

پسردایی:ماموں کا بیٹا

پسر زادِہ:پوتا

پسرزن، پسرشوہر:سوتیلا بیٹا

پسر عمّو:چچا کا بیٹا

پسر عمّہ:چچی کا بیٹا

پسرَک:چھوٹا بیٹا

پَسرَو:پیچھے آنے والا، پیرو

پَس فردا:پرسوں

پس قراول:موخر الجیش، سپاہ عقب،

پس کک:ژالے، اولے

پس کوچہ:گلی میں سے نکلنے والی گلی

پس گردنی:گردن پر زور سے ہاتھ مارنا

پس ماندہ:بچا کھچا

پسَند:جو اچھا لگے، مرغوب، مقبول

پسندیدن:پسند کرنا

پسندیدہ:پسند کی گئی چیز، جو چیز دل کو بھائے

پسندیدہ خصال:اچھی عادات والا

پسندیدہ رائے:اچھی رائے رکھنے والا

پس نہاد- پس نہادہ:اندوختہ، بچت، بچی ہوئی چیز، جمع کی ہوئی چیز، سرمایہ محفوظ

پس و پیش:آگا پیچھا کرنا، ٹالنا،

پسیچ، بسیچ:ارادہ، قصد، عزم، غرض و غایت، منشا، مدعا

پسین:(۱)آخری، موخر، پچھلا (۲)تیسرا پہر

پُش:گھوڑے کی گردن کے بال

پُشت:(۱) پیٹھ، کسی چیز کا پچھلا حصہ، یار و مددگار، حامی، یاور، پناہ

پُشتاپُشت:پشت تا پشت، پشت در پشت، نسلاً بعد نسلاً

پشت دادن:رو گردانی کرنا

پشت دار:پشت و پناہ جسے حاصل ہو، جسے لوگوں کی حمایت حاصل ہو

پشت در پشت:نسلاً بعد نسلاً

پشت در میدان جنگ کردن:فراراختیار کرنا

پشت رُو کردن:منہ پھیر لینا، رو گردانی

پُشت: پیچھے

پُشت بام:مکان کی چھت

پشتبان:پشتیبان، مدد گار، حمایت کرنے والا

پشت بست:بار، بوجھ (پیٹھ کا)

پشت بند:دیوار کوگرنے سے بچانے کےلیے ساتھ اینٹیں، پتھر لگانا

پشت خَم:کبڑا

پشت خم کردن: عاجزی کا اظہار کرنا، خاکساری اختیار کرنا، اپنے آپ کو پست کرنا

پشت دار:جسے حمایت حاصل ہو

پشت رُو:اندر کے حصے کو الٹ کر باہر کر دینا، غلط پہلو ظاہر کرنا

پشتِ سر:سر کا پچھلا حصہ

پشتِ سرکسی حرف زدن:کسی کی چغلی کھانا

پشت قُوز:قوز پشت، کبڑا

پُشتک:ورزش کا ایک طریقہ، قلابازی

پشت کار: ثابت قدمی، کام میں سعی و کوشش

پشت گرم: جسے حمایت حاصل ہو

پشت گلی: شوخ سرخ رنگ

پشت لنگ: ناقص، عیب دار، سست

پشت مازو: پشت مازہ، ریڑھ کی ہڈی

پشت نویسی: کاغذ کی پشت پر لکھنا

پَشتو: افغانوں کی زبان۔

پُشتوار: پشتیباں، پشت و پناہ، حامی،

پشتوارِہ: بوجھ جو پیٹھ پر اٹھایا جا سکے

پشتوان: پشتیبان، پشت و پناہ، مدد گار، یار و مددگار، حامی

پشت ہم اندازی: مکاری

پُشتہِ: ٹیلا، تودہ

پشتی: پشت سے متعلق، تکیہ، پشت و پناہ، نگہبان و حامی، حمایت

پشتیبان: مدد گار، حامی، یارومددگار

پشتیِوان: پشتیبان

پِشك: بھیڑ بکری کی مینگنیان

پِشك: قرعہ

پشك انداختن: قرعہ ڈالنا

پشِکل: خچر یا گھوڑے وغیرہ کی لید

پُشلنگ: پشت لنگ، ناقص، معیوب، سست

پشم: اون

پَشماگند: جس میں اون بھری ہو، پالان

پشمالوُ:پشمالود: لمبے موٹے بالوں والا

پشم چیدہ: چنی ہوئی اون

پشمك: ایک قسم کی شیرینی جو چینی سے تیار کی جاتی ہے، یہ پتلی سویوں کی سی ہوتی ہے

پشمی، پشمین: اون کا بنا ہوا

پشمینہِ: اونی

پشمینہ پُوش: اونی کپڑے پہننے والا، درویشانہ لباس پہننے والا

پَشنگ: لوہے کا آلہ جس سے زمین یا دیوار میں سوراخ کرتے ہیں

پشّہ: مچھر

پشہ بند: مچھر دانی

پشہ خوردہ: مچھر کے کاٹنے کا نشان

پشہ دار: جہاں بہت مچھر ہوں

پشہ غال: پشہ دار، وہ جگہ جہاں بہت سے مچھر جمع ہو جاتے ہوں، درخت جس پر بہت مچھر ہوں

پشِیز: کم تر درجے کا سکہ

پشِیمان: نادم، خجل، شرمسار، منفعل،

از کردہ خود پشیمان است: وہ اپنے کیے پر نادم ہے

پشیمان شدم کہ آں حرف را زدم: میں وہ بات کہنے پر نادم ہوا

پِطرس: پیٹر، مسیحیت کی تعلیم دینے والا

پَغنَہ: سیڑھی کا پایہ، زینہ

پُف: (۱) ہوا جو منہ سے نکلتی ہے، سانس، پھونک، ورم، سوجن، آماس

پف کردن: پھونک مارنا

چراغ را پف کرد: اس نے چراغ بجھا دیا

پفالُود: پف آلود، جس میں ہوا بھری ہو، سوجا ہوا

پُف نم: منہ کا پانی لعاب دہن

پفیُوز: سست، کاہل، بے غیرت، ناکارہ

پُك: پھونک، دم، پائپ یا سگریٹ کا دھواں اڑانا

پُك: جو بیچ میں سے خالی ہو، بے ہنر، خود پسند

پکر:غمگین، افسردہ، آزردہ، سرگشتہ، حیران، اندوہناک

پکمال:جوتے بنانے والے کا اوزار جس سے وہ چمڑا کاٹنے کےلیے اس پر خط کھینچتے ہیں

پک وپوز:دہن کا اردگرد کا حصہ، یہ کسی کی بے ڈول شکل کے بارے میں کلمہ تحقیر ہے

پکوک:(۱) بالا خانہ، (۲) لوہار کی سندان

پگاہ:صبح، طلوع سحر کا وقت، مثال:

غلام نرگس مستم کہ با مداد و پگاہ

قدح بدست گرفتہ ز خواب بر خیزد

میں اس نرگس مست کا غلام ہوں جو طلوع سحر کے وقت ہاتھ میں جام لیے خواب سے بیدار ہوتی ہے

پل:راستہ یا گذر گاہ جو دریا یا نہر کو پار کرنے کے لیے اس کے اوپر بنایا جاتا ہے

پلِ مُعلق:لٹکنے والا پل

پل زدن:پل بستن:پل بنانا

پلاک:قطعہ یا دھات کا ٹکڑا جس پر نام وغیرہ کندہ کیا جاتا ہے

پلاس:موٹا اونی لبادہ، گلیم

پلاسیدن:پژمردہ ہونا

پلاسیدہ:پژمردہ، غمگین

پلاطین:پلاٹینم، نقرہ سیاہ

پلاؤ:چاول جو یخنی سے تیار کیے جاتے ہیں

پُل بندی:پل سازی

پلپل:فلفل، مرچ

پَلچی:شیشے کے موتی، خر مہرہ

پلخمان:منجنیق، جس سے پتھر پھینکے جاتے ہیں، دشمن پر سنگ اندازی کا ذریعہ

پُلخنک:نہر، پکا نالہ، کاریز، نالی

پَلشت:غلیظ، گندہ، کثیف

پَلشت بری:غلاظت دور کرنا

پَلغَدہ:انڈا یا کوئی میوہ جو اندر سے گندہ ہو گیا ہو

تلاتین: ایک خاص قسم کا سرخ رنگ کا چمڑا
تلاج: شور و غوغا
تلاحُق: (ع) ملحق ہونا، ساتھ شامل ہونا
تلازُم: (ع) ایک دوسرے سے لازم و ملزوم ہونا، وابستہ ہونا
تلاش: جستجو، کھوج، تحقیقات، سعی و کوشش، کسی چیزکو حاصل کرنے کی جدوجہد
تلاشی: (ع) منتشر ہونا، پراگندہ ہونا، کسی چیز کا غائب ہو جانا
تلاطُف: (ع) لطف و کرم، باہم ایک دوسرے سے نیکی کا سلوک کرنا، مہربانی کرنا
تلاطُم: (ع) طوفان، دریا یا سمندر کا موجیں مارنا، پانی کے تھپیڑے، جوش و ولولہ
تلافی: (ع) عوض دینا، پاداش، مکافات، انتقام
تلاقی: (ع) باہم ملاقات کرنا

یومُ التّلاقی: روز قیامت
تلال: (ع) تل کی جمع، ٹیلے، پشتے
تلالا: آہ و فریاد
تلألُو: چمک دمک
تلامِذہ، تلامِید: تلمیذ کی جمع، شاگردان
تلان: تندوتیز، چالاک، تنومند
تلاوت: (ع) قرآن شریف پڑھنا، قرآن شریف کی تلاوت کرنا
تلاوش: تراوش
تلاہی: لہو و لعب میں مشغول ہونا
تلبُّث: (ع) دیر کرنا، کچھ عرصہ کسی جگہ ٹھہرنا
تلبُّس: (ع) لباس پہننا، پوشیدہ کرنا، کام کا مبہم ہونا
تلبِیس: (ع) حقیقت کو چھپانا، ریاکاری، فریب دینا
تلحِین: (ع) موسیقی میں آہنگ کا اتار چڑھاؤ ایک سرگم کو دوسرے سرگم میں تبدیل کرنا
تلخ: کڑوا، ناگوار، نا امید، تند اور بد خو شخص
اوقات کسی را تلخ کردن: کسی کو نا امید کرکے اس کے لیے پریشانی پیدا کرنا
تلخک: خاص قسم کی جڑی بوٹیاں جو گندم کے کھیت میں اگ آتی ہیں اور بیج ان کے کڑوے ہوتے ہیں
تلخ کام: نا امید، جس کی گذران اچھی نہ ہو
تلخ کامی: نا امیدی، ناکامی، بدبختی
تلخ گفتار: تلخ گو، درشتی یا تندی سے گفتگو کرنے والا
تلخ مزاج: بدخو
تلخ مزاجی: بد خوئی
تلخناک: تند مزاج، بد خو
تلخی: کڑواہٹ، تندی، درشتی

تلخیص: (ع) خلاصہ کرنا

تلذُّذ: (ع) لذت حاصل کرنا، لطف لینا

تِلِسلک: انگوروں کا چھوٹا گچھا، ایک خوشہ جو بڑے خوشے کا جزو ہو

تلطُّف: (ع) مہربانی، شفقت، اظہار لطف و کرم

تلطفاً: (ع) از راہ مہربانی

تلطیف: (ع) مہربانی، شفقت، کسی پر لطف و کرم کرنا

تلعُّب: (ع) لہو و لعب میں مشغول ہونا، کھیل میں سرگرم ہونا

تِلغراف: (مفرس) ٹیلیگراف، تار

تلَف: (ع) ضائع ہونا

تلَفات: نقصانات

تلفُّظ: (ع) اعراب کے ساتھ الفاظ کا لکھنا بولنا

تلف کار: بے دریغ خرچ کرنے والا، ضائع کرنے والا

تلف کاری: فضول خرچی

تلفون، تلفن: (مفرس) ٹیلیفون

تلفن چی: ٹیلیفون ملانے والا

تلفیف: (ع) لپیٹنا، ڈھانپنا، تہہ کرنا

تلفیق: (ع) ترتیب دینا، ساتھ ملانا، اکٹھا کرنا، لفظوں میں امتزاج پیدا کرنا، ترتیب الفاظ

تِلِق تلق: تانگے بگھی کا ہچکولے کھاتے ہوئے چلنا، مشین کے چلنے کی آواز، جانوروں کے اکٹھے چرنے کی آواز

تلقا: (ع) دیدار، ملاقات، ملاقات کی جگہ

تلقُّب: (ع) لقب پانا، نام کے ساتھ لقب کا شامل ہونا

تلقُّف: (ع) جلدی سے کوئی بات سمجھ لینا اوراسے یاد رکھنا

تلقُّن: (ع) کسی کے مطلب یا کلام کو سمجھنا

تلقّی: (ع) ملاقات کے وقت مہمان کا استقبال، خیر مقدم، خاطر مدارات، میزبانی

تلقیب: لقب دینا، ملقب کرنا

تلقیح: (ع) بارور کرنا، ثمرور کرنا، زرخیزکرنا، پیوند لگانا، ٹیکا لگانا

تلقین: (ع) سمجھانا، تعلیم دینا، آگاہ کرنا، ضروری باتیں بتانا، ہدایت کرنا

تلکہ: کسی سے رقم یا کوئی چیز مکروفریب سے لینا

تلگراف: ٹیلیگراف کا مفرس، تار

تلگرافچی: جو تار کسی کی طرف سے دیتا ہے، محکمہ تارکا ملازم

تلگرافخانہ: جہاں سے تاریں دی جاتی ہیں، تار گھر

تِلِمبار: مخصوص جگہ جو ریشم کے کیڑوں کی پرورش کے لیے تیار کی جاتی ہے

تُلُمبہ: پمپ، چرخی یا نلکا جس سے پانی کنوئیں یا زمین سے نکالتے ہیں یا ایسی چرخی جس سے پانی اوپر کی منزل میں لے جاتے ہیں

تلمبہ اِطفائی: آگ بجھانے کا پمپ

تلمُّذ: (ع) شاگردی کرنا، معلم سے درس لینا

تلمُّع: (ع) چمکنا، روشن ہونا، بجلی کا چمکنا

تلمُود: (ع) یہودیوں کی مذہبی کتاب

تلمیح: (ع) اشارہ کرنا، علم بیان کی اصطلاح میں کسی قصے یا تاریخی واقعے کی طرف اشارہ کرنا

تلمیذ: شاگرد، طالب علم، دانش آموز

تلندہ: بات کرتے ہوئے جس کی زبان رکتی ہے

تلنگ: خواہش، آرزو، تمنا، حاجت، مانگنا

تلنگر: انگلی کا سرا

تلنگی: غریب، نادار، مفلس، حریص، طامع

تلّو: کانٹا

تلو:پیرو، اونٹنی کا بچہ جو اس کے پیچھے چلتا جاتا ہے

تلو:نتیجہ، پاؤں کا نشان، سراغ، کھوج

تلواً:ساتھ ہی

سواد اطلاع نامه تلواً برای شما ارسال می شود:رپورٹ کی نقل ساتھ ہی تمہارے لیے ارسال کی جاتی ہے

تلواره:مچان، بلند چبوترا جہاں بیٹھ سکیں یا جہاں چیزیں رکھی جا سکیں

تلواسه:(۱) ہاتھ پیر مارنا، سخت کوشش کرنا، جدوجہد (۲)بیکلی، بے چینی، اضطراب

تلو تلو:ڈگمگاہٹ، لڑکھڑانا، بدمست آدمی کی طرح لڑکھڑانا، بے ارادہ حرکت

تلو تلو خوردن:مستی کی حالت میں لڑکھڑاتے ہوے چلنا

تلوُّث:(ع) آلودگی، ناپاکی، داغدار ہونا

تلوِزیون:مفرس ٹیلی ویژن

تلُوك:ہدف، تیر کا نشانہ

تلوُّن:(ع) رنگ بدلنا، جدا جدا رنگ ہونا، طرز روش بدلنا

تلویث:(ع) آلودگی، ناپاکی

تلویح:(ع) اشارہ کرنا، مطلب کو اشارے سے سمجھانا

تلویم:(ع) ملامت کرنا، سخت سرزنش کرنا

تلوین:(ع) رنگ دینا، رنگ برنگ کرنا، گوناگون صورت دینا

تله:دام، جال جس سے پرندوں یا دوسرے جانوروں کو پکڑتے ہیں

تله انداختن، تله گذاشتن:دام بچھانا

تلهُّب:(ع) غصے میں آنا، برافروختہ ہونا

تله بست:لکڑی کی گو، یا ڈھانچا جو دیوار یا چھت بنانے کےلیے معمار بناتے ہیں

تله پاتی:انتقال فکر، رابطہ معنوی، دوری کی حالت میں ایک دوسرے سے فکری ارتباط رکھنا، ٹیلی پیتھی(انگ)

تله پسی شی:(انگ) دلوں اور ذہنوں کا رابطہ، ذہنی تلقین، فکری رابطہ، انتقال فکر

تله موش:چوہے پکڑنے کا پنجرہ

تلهُّف:(ع) افسوس ہونا

تُلی:(۱) حجام کے آلات، (۲) کیسہ جس میں سینے پرونے کا سامان یعنی سوئی دھاگا، انگشتانہ وغیرہ رکھا جاتا ہے

تلیهار:تلیوار، ٹیلا، پشتہ، انبار

تلیهار:(۱) ریشم کے کیڑوں کی پرورش گاہ

تلیُّن:(ع) نرم ہونا، ملیّن کرنا

تُم:آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جانا، پردہ جو آنکھوں میں آجاتا ہے

تِم:(مفرس تھیم) موضوع، بحث، موضوع انشاء

تماثل:(ع) ایک جیسا ہونا، ایک دوسرے کی مانند ہونا

تماثیل:(ع) دیکھیے تمثیل

تماخره:تمسخر کرنا، شوخی، مزاح، خوش طبعی

تمدُّح:(ع) ایک دوسرے کی مدح کرنا، تعریف و توصیف

تمادی:(ع) طول دینا، مہلت دینا، مدت زیادہ ہونا، طویل عرصے تک جاری رہنا

تمّار:(ع) کھجوریں بیچنے والا

تمارُض:(ع) اپنے آپ کو بیمار ظاہر کرنا

تمازُح:(ع) ہنسی، مذاق، باہمی ہنسی مذاق کرنا

تماس:(ع) چھونا، مس کرنا، قریب ہونا، متصل ہونا، ربط، قریبی تعلق، قرب، اتصال

تماس داشتن: میل جول ہونا

ہرگز با او تماس نکردہ ایم: ہمارا اس سے کبھی میل جول نہیں ہوا

تماسُخ: (ع) مسخ ہو جانا، بالکل بدل جانا

تماسُك: (ع) خودداری کرنا

تمسیح: (ع) تمساح کی جمع، مگر مچھ

تماشا: کھیل، نمائش، نظارہ، منظر وہ چیز جس پر سب کی نظر پڑے

تماشاچی: کھیل تماشا دیکھنے والے

تماشاخانہ: تماشا گاہ، تھیئیٹر، وہ خاص جگہ جو کھیل تماشے کے لیے مخصوص ہو

تماشائی: تماشا دیکھنے والے

تماشی: (ع) باہم مل کر چلنا

تمالُك: (ع) اپنے آپ پر قابو رکھنا، خود داری کرنا، اپنے آپ پر نگاہ رکھنا

تمام: (ع) سب، مکمل

تمام و کمال: سب کا سب

کارم را تمام کردم: اپنا کام میں نے مکمل کر لیا ہے

تمام: (ع) اختتام، ضائع کرنا، خرچ کر ڈالنا

او مال پدر را تمام کرد: اس نے باپ کی دولت کو ضائع کر دیا

تمام اندام: پورے قد کا، لمبائی کے لحاظ سے موزوں

تمام شدن: ختم ہونا

تماماً: (ع) سب کا سب

تمامۃ: مکمل کرنا

تمام رسمی: پورا (لباس) یونیفارم

تمام شدن: ناتوان ہو جانا، انجام کو پہنچنا، فوت ہو جانا

تمام عیار: پوری قیمت کا، معیاری

تمام قد: پوری قد و قامت، پوری لمبائی

تمامی: سب کا سب

تمامیّت: کلیت، سب کا سب

تمائل: (ع) مائل ہونا، جھکاؤ، میلان، خواہش، خواہش کا اظہار کرنا، کسی چیز کی طرف مائل ہونا

تمائم: (ع) تمیمہ کی جمع، تعویذ جو نظر بد سے بچانے کےلیے بچوں کی گردن میں باندھتے ہیں

تمبر: ٹکٹ

آن پاکت چند تمبر خورد؟ اس پیکٹ پر کتنے کے ٹکٹ لگے؟

تمبرِ پُست: ڈاک کا ٹکٹ

تمبرزدن: تمبر چسپاندن، ٹکٹ چسپاں کرنا

تمبر خوردن: ٹکٹ لگ جانا

تمبردار: جس پر ٹکٹ چسپاں ہو گیا ہو

تمبر شناس، تمبر جمع کن: ٹکٹوں کو ملک وار اور سن وار جمع کرنے کا شوق رکھنے والا

تمتُّع: (ع) فائدہ، بہرہ مند ہونا، فائدہ حاصل ہونا

از تموّل خود تمتّع نیافت: اس نے اپنی دولت سے فائدہ نہیں اٹھایا

تَمتُّع یافتن: فائدہ اٹھانا

تَمثال: (ع) مثال دینا، کسی چیز کو کسی چیز سے تشبیہ دینا

تِمثال: (ع) تصویر، عکس، فوٹو

تمثال گر: مصور، فوٹو گرافر

تمثُّل: (ع) مثال دینا، کوئی شعر یا محاورہ مثال کے طور سے پیش کرنا

تمثِیل: (ع) کسی موضوع کا بیان کِسی دوسرے مضمون

کے پردے میں، کنائے کے طور سے بیان کرنا

برسبیلِ تمثیل:تمثیل کے طور سے

تمثیل نمودن:کنائے میں کچھ بیان کرنا

تمجُّس:مجوسی، آتش پرستوں کا مذہب قبول کرنا

تمجمُج:(ع) انتہائی خوشی، جامے میں پھولا نہ سمانا (فرہنگ حیثم) ایسی بات کہنا جس کا مطلب واضح نہ ہو یا جس کا مفہوم نا پید ہو (فرہنگ عمید) جواب میں کوتاہی کرنا، چپ ہو جانا، (فرہنگ آموز گار)

تمجید:(ع) تعریف و توصیف

تمجید خدا:مدح باری تعالی

شایان تمجید:مدح و ثنا کے قابل

تمحُّل:(ع) فریب کاری، ریاکاری، حیلہ، مکر و فریب

تمدُّح:(ع) خود ستائی، اپنی تعریف آپ کرنا

تمدُّد:(ع) اپنے آپ کو پھیلانا، دراز ہونا، تناؤ

تمددِ عُضلاتی:اعصاب کا مقوی ہونا

تمدن:(ع) تہذیب، شہریت کے آداب حاصل ہونا، شہر آشنا ہونا، اجتماعی طور پر مسائل زندگی میں حصہ لینا، اپنی ترقی اور آسائش کے وسائل تہذیب کے دائرے میں رہتے ہوئے فراہم کرنا

تمدِیح:(ع) مدح کرنا، تعریف کرنا

تمدِید:(ع) اپنے آپ کو پھیلانا، دراز ہونا

تمر:کجھوریں،

تمر:آنکھوں کی بیماری موتیا بند، اسے آب مروارید بھی کہتے ہیں

تمر:ایک قسم کا درخت جس کے پتے لمبے اور پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں، بعض کے پھول سرخ رنگ کے بھی ہوتے ہیں، اس کی لکڑی بہت سخت اور سنگین ہوتی ہے، اس کے پھل کے اردگرد چھلکا ہوتا ہے، اس کا رنگ سرخ اور مزہ ترش ہوتا ہے، اسے خشک کرکے بعض لوگ اس کا کچھ حصہ سالن میں ڈالتے ہیں، املی

تمر ہندی:املی کا درخت اور اس کا پھل

تمرُّد:(ع) سرکشی، بغاوت، نافرمانی، گردن کشی

تمرد کردن:نافرمانی کرنا

تمرُّض:(ع) اپنے کام میں سست ہونا، ناتوان ہونا

تمرُّغ:(ع) خاک میں لوٹنا، درد سے کراہنا

تمرکز:(ع) مرکزیت دینا، مرکز سے وابستہ ہونا، مرکز کے تابع ہونا

تمرمر:کانپنا، تھرتھرانا

تمرِیخ:(ع) چپڑنا، مالش کرنا، مرہم لگانا

تمرِین:(ع) مشق، عادت بنانا، کسی کو کام سے آشنا کرانا

تمرین نمودن یا کردن:مشق کرنا

تمساح:(ع) مکر مچھ

تمسُّخ:(ع) مسخ کرنا، حرفوں کو تبدیل کرنا، تحریف کرنا

تمسخُر:(ع) مضحکہ اڑانا

تمسُّک:(ع) بانڈ، رسید، سند، کسی چیز میں ہاتھ ڈالنا، گرفت، پکڑ، مضبوطی سے پکڑنا، اقرار نامہ، وہ اقرار نامہ جو مقروض قرضخواہ کو لکھ کر دیتا ہے

تمسکُن:(ع) مفلسی، بیچارگی

تمشا:جانا، قدم بڑھانا، چل پڑنا

تمشک:قدرے ترش پھل جس کا رنگ زرد یا سرخ مائل بہ سیاہی ہوتا ہے، یہ پھل شہتوت کی طرح ہوتا ہے اس کا خود رو پودا گرم اور مرطوب جگہ ہوتا ہے

تمشی:(ع) چہل قدمی، چلنا، پیادہ پا چلنا

تمشِیت:(ع) راستے پر ڈالنا، کسی کا درجہ بڑھانا، تقویت دینا، فروغ دینا

تمضمُض: کلی کرنے کےلیے منہ میں پانی پھرانا

تملّی: دراز ہونا، زیادہ مدت ملنا، ٹہلنا

تمغ: (ع) مہر، علامت، نشان، مہر جو فرمانوں پر لگائی جاتی ہے، خاص علامت جو کسی چیز پر لگائی جاتی ہے

تمغا: (ت) نشان، داغ، مہر

تمغاچی: (ت) باج و خراج وصول کرنے والا، چیزوں کا محصول لینے والا، رسید پر مہر لگانے والا

تمکّن: (ع) کسی جگہ قیام کرنا، جاہ و مقام پانا، توانائی اور اختیار حاصل کرنا

تمکِین: (ع) طاقت، قدرت، بل، برداشت کی قوت، عزت، شان و شوکت، دبدبہ

تملّق: (ع) چاپلوسی، چرب زبانی، فروتنی اور محبت کا اظہار کرنا

تملّك: (ع) مالک ہونا

تملِیت: (ع) گدھے یا خچر پر سامان لاد کر ساتھ ہی خود بھی سوار ہو جانا

تملِیح: (ع) نمک ڈالنا، نمکین کرنا، کلام ملیح

تملِیك: (ع) مالک بن جانا

تمنا: خواہش، آرزو

تمندہ: کج زبان، جس کی زبان بات کرتے ہوئے رک جاتی ہے اور وہ لفظوں کو اچھی طرح ادا نہیں کر سکتا

تمنُّع: قوی ہونا، طاقت پکڑنا

تمنّی: (ع) آرزو کرنا

تموُّج: (ع) موج دارہونا، لہریں

تمُوز: موسم گرما، یہودی کیلنڈر کا چوتھا مہینہ جو جولائی میں ہوتا ہے

تموك: ہدف، نشانہ، تیر جس کا پیکان چوڑا ہوتا ہے

تموُّل: (ع) مالدارہونا، دولت مندی

تموِیہ: (ع) ملمّع کرنا، سونے چاندی کی تہ جمانا

تمہُّد: (ع) جگہ پانا، مہیا ہونا، کسی چیز پر قادر ہونا، کوئی کام آسان ہو جانا

تمہُّل: (ع) کام میں دیر کرنا، کام بے دلي سے کرنا

تمہید: پھیلانا، ہموار کرنا، آسان بنانا، تقریر یا تحریر میں ابتدائی بیان، ترتیب دینا، تیاری، نظم و ترتیب دیباچہ

تمہِیل: (ع) مہلت دینا، فرصت دینا، نرمی اختیار کرنا

تمِیز: ادراک، دریافت، بصیرت، فرق و امتیاز، امتیاز کرنا

تمیز: (ع) صاف، پاک

تمیز کردن: صاف کرنا

لباس تمیزنبود: لباس صاف نہ تھا

تمیز: (ع) جدا ہونا، فرق اور جدائی ہونا

تمیزی: صفائی

تمِیم: (۱) مضبوط، مستحکم، ایک عرب قبیلے کا نام

تمِیمہ: تعویذ جو بد نظری سے بچانے کے لیے بچوں کے گلے میں ڈالا جاتا ہے

تمییز: تمیز

تن: جسم، بدن، شخص، اشخاص کی گنتی ظاہر کرنے کےلیے بھی تن آتا ہے مثلاً

چند تن مرد مان این جا آمدند؟ یہاں کتنے لوگ آئے؟

تن آسان: راحت طلب جو یہ نہیں چاہتا کہ اسے محنت کا کوئی کام کرنا پڑے

تن آسُودن: آرام سے زندگی بسر کرنا

تن دادن، تن دردادن: سر تسلیم خم کرنا

تن کردن: لباس پہننا

تن: (انگ) ٹن، (وزن)

تناد: (ع) جدا ہونا، الگ الگ ہونا، پراگندگی، انتشار

تنادی:(ع) ایک ایک کرکے بلانا

یوم التّناد:روز قیامت

تنازُع:(ع) لڑائی جھگڑا

تنازُل:(ع) اترنا، نزول، جھکنا، فروتنی، انکسار، تواضع

تناسُب:(ع) نسبت، رابطہ، جوڑ میل، دو اشخاص یا دو چیزوں میں ربط ہونا، علم بدیع کی رو سے یہ ایک صنعت ہے جسے مراعات النظیر کہتے ہیں

تناسب اندام:جسم کے اعضا میں صحیح نسبت ہونا وہ حسن جو تناسب اعضا سے پیدا ہو

تناسُخ:(ع) ایک صورت سے دوسری صورت میں جنم لینا، روح کا ایک قالب سے نکل کر دوسرے قالب میں آنا، اواگون (یہ عقیدہ قوم ہنود کا ہے)

تناسخی:(ع) تناسخ کا عقیدہ رکھنے والا

تناسُل:(ع) بچے پیدا کرنا، نسل بڑھانا، زیادہ اولاد پیدا کرنا

تَناصُح:(ع)ایک دوسرے کو نصیحت کرنا۔

تَناصُر:(ع)ایک دوسرے کو مدد دینا۔

تَناصُف:(ع)باہم نصف کرنا، نصف، نصف کرلینا۔

تَناظُر:(ع)ایک دوسرے پر نظر ڈالنا، کسی امر کو زیر نظر رکھ کر باہم گفتگو کرنا۔

تَنافُر:(ع)ایک دوسرے سے نفرت کرنا، نفرت انگیز۔

تَنافُس:(ع)ایک دوسرے کا رقابت کی بنا پر کسی امر میں مبالغہ کرنا، خودنمائی کرنا۔

تَنافی:(ع)ایک دوسرے کی ضد ہونا، مخالفت ہونا۔

تَناقُض:(ع)اختلاف، ایک دوسرے کے مخالف ہونا۔

حرف اول با حرف دوم تناقض دارد:پہلا بیان دوسرے بیان سے مختلف ہے۔

تَناقُض گوی:خلاف کہنا، مخالفت میں خیال ظاہر کرنا۔

تَنانِین:(ع)تنین کی جمع، بڑے سانپ، اژد ہے۔

تناوُب:(ع)باری باری کام انجام دینا۔

تناوُر:(ع تنومند جسم، لحیم شحیم،فربہ۔

تناوری:تنومندی،فربہی

تناوُل:پکڑنا، اٹھانا، کھانا کھانا۔

تناوُم:سونا،دکھاوے کی نیند۔

تناهی:(ع)انجام دینا، انجام تک پہنچانا، انتہا تک پہنچانا۔

تنباکو:تمباکو، ایک قسم کا پودا جس کے پتوں سے تمباکو بناتے ہیں، بعض تمباکوؤں کے پتے پان میں بھی کھاتے ہیں۔

تنبان:شلوار، کھلا پاجامہ، زیر جامہ۔

تَنبسَه:فرش، دری، قالین۔

تَنبَک:موسیقی کا ساز، دف ،نقارہ۔

تَنبَل:سست، بیکار، جو کام کرنے پر مائل نہ ہو کاھل الوجود، آرام طلب۔

تُنبَل:(۱)مکر، حیلہ، فریب، ریا کاری (۲)نیرنگ جادو، افسون، سحر،

تَنبَلانه:کاہلی سے

تَنبَلی:سستی ،کاہلی۔

تَنبور:طنبورہ، ساز کی ایک قسم۔

تنبوشه:مٹی کی بنی ہوئی نالی جس کے ذریعے پانی بہایا جاتا ہے۔

تنبول:پان، سپاری،چھالیا۔

تَنبُّه:تنبیہ کرنا، آگاہی، نوٹس، باضابطہ اطلاع۔

تن بها:رقم جو کسی کو قید سے رہائی دلانے کے لیے ادا کی جاتی ہے۔

تنبیه:آگاہ کرنا، باقاعدہ اطلاع دینا، سرزنش کرنا۔

تن پرست:خود پرست۔

تن پرَستی:خود پرستی۔

تن پرور:جو صرف اپنا مفاد پیش نظر رکھتا ہے، اور

صرف اپنی پر ورش پر توجہ دیتا ہے۔

تن پیمای: جسم کا ناپ لینا یا دینا۔

تَنتَہ: تار عنکبوت، مکڑی کا جالا۔

تنج: تنجیدن مصدر=نچوڑنا، کچلنا، ملنا، بھینچنا سے فعل امر نچوز دو وغیر

تنجامہ: لباس۔

تَنَجُّس: ناپاکی، پلیدی، آلودگی۔ نجاست، کثافت۔

تنجیز: تکمیل، انجام دہی، حاصل، کامیابی، کامرانی۔

تَنجیس: (ع) ناپاکی، نجس، ناپاک ہونا۔

تنجیم: (ع) علم ہئیت سےمعلوم کرنا، ستارہ شناسی

تنجیہ: (ع) نجات دینا۔

تنحنُع: (ع): گلاصاف کرنا، اخ اخ کرنا، تاکہ آواز صحیح طور سے آئے۔

تنخواہ: اسباب، اثاثیہ، مال و متاع، سرمایہ، نقد روپیہ، زروسیم، رقم جو ملازمین کوماہانہ ملتی ہے۔ (اردو)۔

تُند: تیز، چست و چالاک، تیز طبیعت، تیز مزاج۔

تندآب: تیزاب۔

تُند باد: طوفان باد، تیز آندھی۔

تُندبار: نقصان رساں، تکلیف دہ، خطرناک، درندہ جانور۔

تُند پرواز: تیز پرواز، بہت تیز اڑنے والا پرندہ۔

تُند خُو: بد مزاج، آتش مزاج۔

تُند خُوی: بد مزاجی، آتش مزاجی۔

تُندَر: رعد، کڑک، گرج، شور۔

تن دردادن: دل و جان سے راضی ہونا، کام کے لیے حاضر ہو جانا۔

تَندُرُست: بیماری سے صحت یاب ہونا۔

تُندرَو: بہت تیز چلنے والا۔

تُندرُو: ترش رُو، بد مزاج۔

تُند رُوی: ترش روی، بد مزاجی۔

تُند رَوی: بے باکی۔

تُند زبان: کرخت، درشت، کھردرا، جس کی گفتار نا پسندیدہ ہو۔

تَندَس: جسم، پیکر، تمثال، عکس، تصویر، نفس، مجسمہ۔

تُندعِنان: تیزرو

تَنَدُّم: (ع) پشیمان ہونا، نادم ہونا، توبہ و پشیمانی۔

تُندنویسی: فن مختصر نویسی۔

تندُو: مکڑی کا جالا، مجازاً سست، کاہل۔

تندو خَند: تارومار، زیر وزبر۔

تندُور: رعد، کڑک۔

تَندُور: تنور۔

تُند وکُند: تیز اور آہستہ۔

تَندہ: (١) بند کرنا۔

راہ آب را تندہ کردند: پانی کا راستہ بند کر دیا (٢) تیز چلنے والی ندی۔

تندہ: نشیب دار ڈھلان

تُندی: تیزی

تُندي کردن: تیزی کرنا، تلخ کلامی کرنا۔

تُندیَدن: تیزی کرنا۔

تَندیس: جسم کی مانند، مجسمہ، پیکر، تصویر۔

تنزُل: (ع) زوال، اترنا، نیچے آنا، درجہ توتنا۔

تنزل قیمت: قیمت کم ہونا، بھاؤ اترنا، نرخ کم ہونا۔

تنَزُّہ: (ع) (١) پاک ہونا، بے آلائش ہونا، عیب سے پاک و منزہ ہونا، پاکدامن (٢) تفریح، کھیل، دل بہلاوا، تفنُن۔

تنزِیب: (ع) نفیس کپڑا، سفید نازک سوتی کپڑا، زینت تن۔

تنزِیل: (ع) (١) نیچے اتارنا، نیچے لانا، نازل ہونا وحی (٢) سُود۔

تنزیل خور: سود خوار۔

تنزیل خوریی: سود خواری۔

تنزیل دادن: سود پر قرض دینا۔

تَنزِیہ: (ع) پاک صاف کرنا، کسی کو عیب اور آلائش سے پاک کر دینا۔

تَنسُخ: (ع) نفیس، کمیاب چیز۔

تنسک: (ع) پاکیزگی، صفائی پرہیزگاری، دینداری زاہد عابد ہونا۔

تَنسُل: (ع) حسب نسب، نسلی امتیاز۔

تَنسِیخ: (ع) منسوخ کرنا۔

تنسیق: (ع) نظم و نسق قائم کرنا، نظم و ترتیب دینا۔

تنشوی: نہانے کی جگہ، حوض، تالاب۔

تنشیط: (ع) نشاط آور، راحت بخش، حوصلہ افزا۔

تنشیف: (ع) خشک کرنا۔

تَنَصُّر: (ع) نصرانی بننا، عیسائی بننا، دین نصاری کو قبول کرنا۔

تَنصِیر: (ع) مسیحیت اختیار کرنا، نصرانی ہونا۔

تَنصِیص: (ع) آشکار کرنا، ظاہر کرنا، کلام کے معنی کو واضح کرنا۔

تَنصِیف: (ع) نصف کرنا۔

تنضید: (ع) ہموار کرنا، برابر کرنا، مرتب کرنا۔

تَنَطُّق: (ع) بولنا، بات کرنا، تکلم۔

تَنظِیف: (ع) پاک ہونا۔ پاک نگاہ رکھنا، پاکیزگی، شہر داری کی اصطلاح میں رفت و رُوب۔

تنظیم: (ع) نظم و تربیت، نظم کہنا۔

قصیدہ مطوّلی تنظیم کردہ بود: اس نے بہت طویل قصیدہ کہا تھا۔

تنظیمات: (ع) تنظیم کی جمع۔

تَنَعُّم: (ع) خوشگوار زندگی، خوشی، راحت۔

تَنَغُّص: (ع) مکدر ہونا، عیش و راحت کا ختم ہونا، تیرہ بختی۔

تَنغِیص: (ع) کسی کی خو شحالی کو تباہ کرنا، کسی کے عیش و نشاط کو ختم کردینا۔

تَنَفُّخ: (ع) نفخ ہو جانا، پیٹ میں ہوا بھر جانا۔

تَنَفُّر: (ع) نفرت، کرُنا، مخالفت، بیزاری، خاموشی، ناپسندیدگی۔

تَنَفُّرُ آمیز۔۔۔تَنَفُّرُ آور: نفرت انگیز، کراہت آمیز۔

تَنَفُّس: (ع) سانس لینا، دم لینا۔

تنفیذ: (ع) اجرا کرنا، موافقت کرنا، نافذ کرنا۔

تَنفِیر: (ع) ڈرانا، وہمی اور خیالی چیزوں کے ذکر سے ڈرانا، پرندوں کو اڑانا۔

تَنَقُّل: (۱) تفریح، دل بہلاوا (۲) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔

تَنقِیح: (ع) پاک کرنا، قابل اعتراض باتوں سے کتاب کو پاک کرنا۔

تنقید: (ع) جانچ پرکھ، عیوب و محاسن ظاہر کرنا۔

تنقیص: (ع) کم کرنا، گھٹانا، نقص بیان کرنا۔

تَنقِیل: (ع) نقل کرنا، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔

تنقیہ: (ع) پاک صاف کرنا، معدہ صاف کرنا، حقُنہ کرنا، اینیما کرنا۔

تُنک: پتلا، نازک، چوڑا، مثل۔

خدا بین شو کہ پیش اہل بینش
تنک باشد حجاب آفرینش

خدا کی قدرت سے تو خدا کو دیکھ۔دانش و بینش رکھنے والے لوگوں کے نزدیک آفرینش کا حجاب جو سامنے ہے وہ پتلا ہے اس میں سے سب کچھ دیکھا جا سکتا ہے دیکھنے کی صلاحیت ہونی چاہیے۔

تنک کردن: فرش بچھانا۔

تنک آب: پایاب، کم گہرا پانی۔

تنکار: سہاگا، بورق۔

تنکر: (ع) اپنے آپ کو اجنبی ظاہر کرنا، ناشناس ہونا،

تُنک روزی: معاش کی کمی۔

تُنک ریش: جس کی ڈاڑھی میں کم بال ہوں۔

تُنگہ: عورتوں کے نیچے پہننے کا تنگ زیر جامہ۔

تُنگہ: دھات کی پتلی پلیٹ۔

تُنگہ کار : دھات کی پلیٹ بنانے والا۔

تنکیر: (ع) حُلیے میں تبدیلی کر کے اپنے آپ کو اجنبی ظاہر کرنا۔

تنکیس: (ع) سرنگوں کرنا۔

تنکیل: (ع) سرکوبی کرنا، دوسروں کے لیے باعث عبرت بنانا۔

تُنگ: کوزہ، جام، قدح۔

تَنگ: مضبوط نوار جس سے گھوڑے کا سینہ باندھتے ہیں۔

تنگ: کم جگہ، گھٹا ہوا، کسا ہوا، جگہ جہاں مشکل ہی سے کوئی چیز سما سکے، جہاں دباؤ پڑے۔

اورا تنگ درآغوش گرفت: اس سے زور سے معانقہ کیا۔

دیدہ تنگ: سیر نہ ہونے والی آنکھ۔

سال تنگ ،خشک سالی: جس سال بارش نہ ہوئی ہو جس سال پیداوار کی قلت ہو۔

تنگ آب: کم گہرا پانی، پایابہ۔

تنگاتنگ: تنگ تنگ۔

تنگان: لکڑی کا طبق۔

تنگ بار: جہاں آسانی سے باریابی نہ ہو سکے۔

تنگ بخت: بدنصیب۔

تنگبیز: وہ برتن جس میں آٹا گوندھنے کے لیے چھلنی سے چھانا جائے۔

تنگ چشم: جس کی آنکھ سیر نہ ہو، حریص لالچی۔

تنگ چشمی: حرص ، لالچ، ہوس و آز۔

تنگ حوصلہ: بے صبر، بے ہمت۔

تنگ دست: غریب، مفلس، نادار۔

تنگ دستی: غربت، افلاس، ناداری۔

تنگ دل: زود رنج، مایوس، نااُمید، شکستہ دل، پریشان، اُفسردہ، غمگین، مثال:

از فلک تنگ دل مشو جامی
گر فراوان ترا بیازارد

اے جامی فلک کج رفتار خواہ تمھیں کتنا ہی زیادہ آزار پہنچائے، مایوس نہ ہونا۔

تنگ دلی: مایوسی، ناامیدی، دل شکستگی۔

تنگ دہن: چھوٹے منہ والا، غنچہ دہن۔

تنگ سال: خشک سال، جس سال بارش نہ ہونے کی وجہ سے پیداوار زیادہ نہ ہو۔

تنگ سالی: خشک سالی۔

تنگ شدن قافیہ: شعر گوئی میں مزید قافیہ نہ سوجھنا، قافیہ تنگ ہونا، لاجواب ہونا، مجبور ہونا، حیران و پریشان ہونا۔

تنگ گیر: (۱) سختی سے دبانے والا (۲) محتاط (۳) کفایت شعار، جزرس، کم خرچ۔

تنگ معاش: تنگ روز، جس کی معاش کے وسائل کم ہوں۔

تنگنا۔۔۔تنگ گرزگاہ: مشکل، تنگی، سختی، دباؤ۔

تنگ نفس: جسے رک رک کر سانس آئے ، دمے کی کیفیت، ضیق النفس۔

تنگ نظر: مشکل سے حاصل ہونے والا، کمیاب۔

تنمّر: (ع) تند خُوئی، غضب و غصہ۔

تنمیق: (ع) خوبصورتی سے لکھنا، زینت دینا،

تنجیہ: (۱) نشو ونما کرنا، ترقی دینا (۲) آگ روشن کرنا

تندُو: مکڑی کا جالا، جلاہے کی نال۔

تنَندہ: کپڑا بُننے والا، جولاہا، عنکبوت۔

تنُو: قوت، طاقت، توانائی۔

تنُودن: کاتنا، بُننا۔

تنُور: (ع)روشن کرنا، روشنی، روشن فکر ہونا، تنور۔

تنورہ: (۱)چمنی جس سے کارخانے کا دھواں خارج ہوتا ہے (۲)انگیٹھی(۳)حلقہ۔

تنورہ زدن: حلقہ باندھنا۔

تنُوری: تنور میں پکا ہوا، تنور جیسا۔

تنُوز: تنوُزہ، دراز، شگاف۔

تنَوّع: (ع)قسم قسم کا ہونا، گونا گوں، مختلف قسم کا۔

تنُو مَند: توانا، طاقتور، موٹا، فربہ۔

تنویر: (ع)نورانی، روشنی دینا، ضیاباری۔

تنویر الیکتریکی: بجلی کی روشنی۔

تنویر کردن: روشن کرنا۔

تنویم: (ع)سُلانا، بچے کو لوری دے کر سُلانا۔ سونا۔

تَنوین: (ع)نون کی آواز کی دہری علامت مثلاًمخصوصاً۔

تَنَوُّہ: (ع)بلند پایہ ہونا، ارفع مقام پر پہنچنا۔

تنویہ: (ع)تعریف کرنا، عزت و احترام سے کسی کا ذکر کرنا۔

تَنہ: (۱)درخت کا تنا (۲)جسم کا دھڑ، بالاتنہ، جسم کے اوپر کا حصہ(۳)مکڑی کا جالا۔

تنہا: اکیلا، بے یارومددگار، محض، صرف، یک و تنہا، بالکل اکیلا۔

تَنہائی: اکیلا پن۔

تَنہ دار۔تَنہ گندہ: موٹا، فربہ۔

تَنہ لَش: (۱)موٹا، بھدا (۲)بے وقوف، سست۔

تنی: اپنا۔

برادرتنی: اپنا بھائی۔

تنیدَن: بُننا، تننا۔

عنکبوت تارمی تَنَد: مکڑی جالا بنتی ہے

تَنیدہ: تنا ہوا ،بُنا ہوا

تنیس: (انگ)ٹینس۔

تنِین: (ع)اژدہا، افعی

تُو: صیغہ واحد حاضر، تو:

تُو۔ اندر، اندرون۔

ازتو مراصدازدند: اندر سے مجھے آواز دی

رفت تُوی خانہ: گھر کے اندر گیا۔

تو آمدن: اندر آنا۔

تُورفتن: اندر جانا۔

تَو: تاب۔

تَو برتَو: درہم برہم۔

تَو: حوض، تالاب۔

تَوّاب: توبہ قبول کرنے والا، پروردگار کا صفاتی نام۔

توابِع: (ع)تابع کی جمع، فرمان بر، فرمان پذیر، ماتحت، اطاعت گزار۔

توابِل: (ع)سالن کے لیے مسالے میں ڈالنے والی چیزیں، مثلاً زیرہ مرچ، دارچینی وغیرہ۔

توابیت: (ع)تابوت کی جمع۔

تواتُر: (ع)مسلسل، لگاتار، متواتر، پیاپے ،پے درپے۔

توارث: (ع)ورثہ، ورثہ ملنا یا دینا۔

تَوارُد: (ع)باہم وارد ہونا، ایک خیال کسی کو سوجھنا اور کسی دوسرے کو بھی ویسا خیال ہی سوجھنا اور دونوں کا ایک ہی طرح نثر میں یا شعر میں خیال پیش کرنا۔

تُوارہ: گھاس پھوس کا بنا ہوا جھونپڑا، وہ جگہ جہاں گوبر اور اوپلے وغیرہ رکھتے ہیں۔

تُوارہ: (ع)کانٹے دار باڑ جو باغ کے گرد لگائی جاتی ہے۔

تواری: (ع)پنہاں ہونا، چھپ جانا ، دربدر ہو جانا۔

تَواریخ: ع(تاریخ کی جمع:
توازُن: (ع)متوازی ہونا۔
تَواسی: منقش فرش:
تواصُل: (ع)ایک دوسرے سے مل جانا، وابستہ ہونا پیوست ہونا۔
تواطو: (ع)ایک دوسرے کے موافق ہونا، کسی ایک کام میں موافقت کرنا۔
تواعِد: (ع)باہم وعدہ کرنا، عہد و پیمان کرنا
توافِر: (ع)وافر ہونا، فراواں ہونا، فراوانی۔
توافُق: (ع)ایک دوسرے سے موافقت ہونا، اتفاق، توافُق رایے، اتفاق رایے۔
توافق حاصل کردن: موافقت حاصل کرنا، معاہدہ کرنا۔
توافي: (ع)ایفاے عہد:
تواقِیع: توقیع کی جمع، چیزوں پر نشان لگانا، نامہ و فرمان پر دستخط کرنا۔
توالُد: (ع)ولادت۔
توالي: تسلسل، تواتر، یکے بعد دیگر، پے بہ پے، پے در پے ہونا، سلسلہ قائم ہونا۔
تَوام: (ع)جڑواں۔
برادر توام: جڑویں بھائی
توامان: دو بچے جو بیک وقت ماں کے پیٹ سے پیدا ہوں
توان: طاقت،قابلیت، اہلیت۔
صاحب توان: توانا۔
توان گفت یامي توانگفت: کہا جا سکتا ہے
توانا: طاقتور،قابل،توانائی، قابلیت، اہلیت۔
توانِست: توانستن مصدر=کرسکنا سے ماضی مطلق، کرسکا
تنوانست که ایشان را دستگیری کند: وہ ان کی دستگیری نہ کر سکا۔

توانست: طاقت، قابلیت، اہلیت۔
توانستن: کر سکنا۔
توانِش: توانائی۔
توانگر: دولت مند، امیر۔
تواني: سست ہونا، کام میں کوتاہی کرنا۔
تواهه: خوراک جو گوشت اور بینگنون سے تیار کی جاتی ہے۔
تُواهي: تباہی۔
تُوب: توپ۔
تُوب: (۱)واپس آنا(۲)توبہ کرنا۔
تُوبال: وہ ریزے جو لوہا وغیرہ کو رگڑنے سے گرتے ہیں۔
تُوبان: تنبان، لنگوٹا جو پہلوان کُشتی کرنے کے وقت پہنتے ہیں۔
تُوبت: توبَہ، گناہ سے پشیمانی۔
تُوبَرہ: تھیلا جو گھوڑے کے منہ پر چڑھاتے ہیں۔
تُوبَک: دیکھیے تُو تک۔
تَوبَہ: (ع)گناہوں کی معافی مانگنا، استغفار پشیمانی، ندامت، انفعال۔
توبه شکن: توبہ کرکے اسے توڑ دینے والا
توبه کار: توبہ کرنے والا۔
تَوبِیخ: (ع)تنبیہ کرنا ،سرزنش کرنا ،ملامت، ڈانٹ،ڈپٹ۔
توبیخ آمیز: دھمکی آمیز۔
توپ: جس سے جنگ میں گولے چلاے جاتے ہیں
شلیک تُوپ: (ع)توپ کا گول چلنا۔
تُوپ: گیند، فٹ بال، توپ۔
تُوپ بازی: گیند سے کھیلنا۔
تُوپ انداز۔تُوپچی: توپ چلانے والا۔
تُوپخانه: جہاں توپیں رکھی جاتی ہیں، آرٹلری۔
تُوپُر: ٹھوس، جامد۔

تُوپرس: توپ کا فائر۔

تُوپک: سٹور، گودام۔

تُوپک: تفنگ، بندوق۔

تُوپک: ایک چھوٹی گیند۔

تُوپ مسلسل: مشین گن۔

تُوپوز: پھاوڑا، بیلچہ، اس قسم کا کوئی اوزار۔

تُوپوزی: بیلچے سے کام کرنا۔

تُوپی: نحوس نکتے۔

تُوپی: پلگ، چھوٹی میخ یا ڈاٹ جس سے سوراخ بند کرتے ہیں۔

تُوت: شہتوت کا درخت۔

تُوتستان: جہاں شہتوت کے درخت لگے ہوں۔

تُوت سیاہ: شاہ توت، سیاہی مائل سرخ رنگ کے شہتوت۔

تُوتک: (۱)طوطا (۲)مُرلی چوپان کی۔

تُوتکی: گنجینہ، خزانہ، مخزن۔

تُوتُونچی: تمباکو فروش۔

تُوتیا: سُرمہ۔

تَوثُّق: (۱)قابل اعتماد (۲)مضبوط کرنا۔

توثِیق: (ع)(۱)مستحکم کرنا، استحکام(۲)کسی کو ثقہ یا قابلِ اعتبار سمجھنا۔

تُوج: (ت)دھوپ کی وجہ سے رنگ سانولا ہو جانا، کانسی کا سا رنگ۔

توجَبَہ: (۱)سیلاب، سیل (۲)فرشتہ۔

توَجُّع: (ع)(۱)درد کا اظہار کرنا (۲)کسی سے ہمدردی کا اظہار کرنا۔

توَجُّہ: (ع)دھیان دینا، خیال، رغبت، شفقت۔

توَجُّہات: توجہ کی جمع، موافقت، عاطفت، حمایت، عنایات، زیر سایہ، زیر سرپرستی۔

توجِیہ: (ع)وجہ بتانا، وضاحت کرنا، بیان کرنا، متوجہ کرنا

توچال: یخ چال-پہاڑوں یا بلند مقامات پر جہاں ہر وقت برف ہوتی ہے وہاں ایسی نشیب جگہیں بنائی جاتی ہیں جنھیں اوپرسے ڈھانپ کر وہاں چیزیں رکھی جاتی ہیں۔

توَحُّد: (ع)اکیلے رہ جانا، اکیلا، تنہا۔

توَحُّش: (ع)وحشت، وحشیانہ سلوک ڈر، خوف۔

توحِید: (ع)وحدانیت، واحد قرار دینا۔

توحید کردن: ایک ہو جانا۔

توحید گو: خدا کی وحدانیت کا اقرار کرنے والا۔

توَحِیش: (ع)وحشیانہ طبیعت یا مزاج، خوفزدہ ہونا۔

تُوخ: ایک پودا جس کی پتیاں خاردار ہوتی ہیں۔

تُوختَن: (۱)چاہنا، خواہش کرنا، حاصل کرنا، واپس دینا

تُود: تُوت۔

تُودار: محتاط، محفوظ، جو خاص مقصد کے لیے محفوظ ہو۔

توَدُّد: (ع)محبت کا اظہار کرنا، پیار، محبت، دوستی۔

تُودرتو: (۱)تہ درتہ (۲)کسی کو آنے جانے کی آزادی دینا۔

تودرہ: کبک دری۔

تُودستی: مدد۔

تُودماغی: جس کی آواز ناک میں سے نکلے۔

تُودہ: انبار، ڈھیر۔

تُودہشناسی: عام لوگوں کے متداول عقائد اور روایات کا علمی مطالعہ۔

تودہ کردن: انبار لگانا۔

تودِیع: ایک دوسرے کو وداع کرنا۔ خدا حافظ کہنا۔

مراسم تو دیع بعمل آوردن: ایک دوسرے کی روانگی کے مراسم ادا کرنا۔

تودِیعی: (ع)وداعی۔

تُور: جال پردہ۔

تُورصورت:چہرے کا پردہ۔
تُور ماھی گیری:مچھلیاں پکڑنے کا جال۔
تُور:فریدوں کا بیٹا جسے توران کی حکومت دی گئ تھی۔
تورات۔۔توریت:(ع)یہودیوں کی مقدس کتاب۔
تُوران:ترکستان کا قدیمی نام۔
توران دُخت:خسرو پرویز کی بیٹی کا نام ،جس نے کچھ عرصہ ایران کی حکومت کی۔
تورّب:(ع)کجی، ترچھاپن، عدم استقامت۔
تورّع:(ع)پارسائی، پرہیزگاری، پاکدامنی۔
تورِفتگی:(۱)جس میں دندانے ہوں (۲)گہری دراڑ یا شگاف
تَورفتہ:جس میں دندانے ہوں، دندانے دار
تورّق:(ع)(۱)ورق سازی (۲)دھات سے کوئی چیز بنانا (۳)محراب وغیرہ کی پتوں سے آراستگی (۳)اونٹ یا ہرن کا پتے کھانا
تورّم:(ع)جس پر ورم آیا ہو، سُوجا ہوا
تورنگ:صحرائی مرغ
تُورہ:گیدڑ
توری:تور کی اولاد جو فریدوں کا بیتا تھا
تُوری:ڈوری، فیتہ، تسمہ، پردہ
تُوریَت:حقیقت کو پوشیدہ کرنا، کسی امر کو خلاف حقیقت ظاہر کرنا
تَورِیث:ورثے میں کوئی چیز دینا، میراث چھوڑنا کسی کو اپنا وارث بنانا
تُورید:(۱)درخت پر پھول آنا (۲)رخسار کا گلگون ہونا
توریدَن:شرمندہ ہونا، ایک طرف کو چلے جانا
تَوزّع:(ع)الگ الگ ہونا، متفرق ہونا
تَوزِیع:(ع)الگ الگ کرنا، تقسیم کرنا بانٹنا
توزِیعی:(ع)تقسیم سے متعلق
تَوزِین:(ع)اپنے تئیں کسی کام کو قبول کرنے پر آمادہ کرنا، وزن کرنا

تُوس:(ع)قدرت، فطرت
توَسّخ:(ع)گندگی، غلاظت، کثافت
توسَد:تکیے سے ٹیک لگانا
تُوسُرخ:سنگترے کی قسم کا پھل جس میں مٹھاس کے ساتھ قدرے ترشی بھی ہوتی ہے
تُوسَری:ٹکّر، دھکا، چوٹ
تُوسُّط:(ع)وساطت، ذریعہ
توسُّط کردن:وسیلہ بننا
بتوسطِ کسی وصول کردن:کسی کے ذریعے سے وصول کرنا
توَسُّع:(ع)توسیع، وسعت، پھیلاؤ، کشادگی، فراخی
توسِعہ:(ع)پھیلاؤ، کشادگی، بسط، فراخی
توسِعہ دادن:وسعت دینا، پھیلانا، ترقی دینا
توسِعہ یافتن:ترقی پانا
توسکا:دیکھیے تُوسہ
تَوسّل:(ع)وسیلہ، ذریعہ، وسیلہ بنانا، کسی کا دامن تھامنا، متوسل ہونا
توسل بخدا:خداوند تعالی کا وسیلہ
تَوَسّم:(ع)فراست سے دریافت کرلینا
تَوسَن:سرکش گھوڑا جس پر قابو نہ پایا جاسکے
تَوسَنک:قناعت
تَوسَنی:اڑیل پن، سرکشی
توسِہ:بید کی قسم کا درخت
تَوسِیخ:(ع)گندا کرنا، میلا کرنا
تَوسِید:(ع)تکیے سے ٹیک لگانا
تَوسِیط:(ع)وسط میں رکھنا، درمیان میں رکھنا درمیان سے کاٹنا
توسِیع:وسعت دینا، پھیلانا، بڑھانا، ترقی دینا
تُوش:طاقت، توانائی، تن، بدن
تُوشدان:توشہ دان
تُوشَک:بستر میں نیچے بچھانے والا روئی دار گدا

تُوشکان: حمام کا آتشدان

تُوشمال: حمام میں مالش کرنے والا

تُوشمال: بڑا باورچی

تُوشِہ: سفر کا سامان، زادراہ، کھانے پینے کا سامان

تُوشِہ دان: جس میں کھانے پینے کا سامان رکھا جائے

تُوشی: مہمانی جس میں ہر شخص کچھ نہ کچھ کھانے کے لیے ساتھ لاتا ہے

تَوشیح: (ع)(۱)تحریر پر دستخط کرنا، مہر لگانا (۲)گردن میں حمائل ڈالنا (۳)آراستہ کرنا، (۴)علم بیان میں اشعار کے پہلے پہلے حرف کے جمع کرنے سے ممدوح کا نام سامنے لانا

تُوشِیم: (ع)سوئ سے جلد پر نقش و نگار کرنا

توَصّل: (ع)ملنا، ملاپ، کسی چیز سے وابستہ ہو جانا

توصِیف: (ع)بیان، ذکر، وصف، کیفیت، وصف بیان کرنا، تعریف کرنا

توصیف نَمُودَن: تعریف کرنا

توصِیہ: (ع)وصیت کرنا، سفارش، تقرر، وارث مقرر کرنا، امین، ٹرسٹی

توصِیہ نامہ: وصیت نامہ، سفارش نامہ

توضِیح: (ع)وضاحت کرنا، شرح و بیان

توضِیح دادن: وضاحت کرنا

تَوضیحات: وضاحت کی جمع

تَوضِیحی: وضاحت کے طور پر

تَوضیع: (ع)تواضع، عجز و انکسار کا اظہار

توَطُّن: (ع)وطن بنا لینا، مستقل طور سے مقیم ہونا

بعضی از بہار در پاکستان توطن کردند:
بعض بہاریوں نے پاکستان کو اپنا وطن بنا لیا ہے

تَوطِئہ: (ع)منصوبہ، سکیم، تمہید، ابتدائی وضاحت، قرار داد، سمجھوتا، مفاہمت، آپس کا تصفیہ

توطئہ کردن۔۔۔توطئہ چیدن: منصوبہ بنانا، ایکا کرنا

توظِیف: (ع)فریضہ سپرد کرنا، وظیفہ دینا

توَعُّد: ڈرانا

تُوغ: (ع)جلانے والی لکڑی جو دیر تک جلتی ہے نیز علم، پرچم

تَوغُّل: (ع)تعمّق: کسی امر میں گہری سوچ بچار، گہرا مطالعہ

تُوف: فریاد و غوغا

توفان: طوفان

توفُّر: (ع)وافر ہونا، زیادتی، کثرت

توَفُّق: (ع)موافق ہونا، کسی کام میں کامیاب ہونا، توفیق ہونا

توَفّی: (ع) (۱)اپنی ساری رقم حاصل ہو جانا، اپنا سب حق لے لینا (۲)وفات پانا

توفِیدَن: شور غوغا کرنا، داد و فریاد کرنا

توفِیر: (۱)وافر ہونا، زیادتی، کثرت، (۲)فرق

توفِیق: نظر عنایت، رعایت، احسان، مدد، امداد، کامیابی حاصل ہونا

تُوق: (ع)تُوغ دیکھیے

توَلّد: (ع)جلنا، بھڑکنا، روشن ہونا، آگ جلانا

توَقُّر: (ع)وقار، عظمت، حرمت، قدروقیمت، شان مرتبہ

توَقُّع: (ع)امید، خواہش، گزارش

توقع کردن: امید کرنا، گزارش کرنا

توَقُّف: (ع)ٹھہرنا، وقفہ

توقف کردن: ٹھہرنا

توَقّی: (ع)پرہیز کرنا، اپنی نگہداشت کرنا

توَقیِت: (ع)وقت مقرر کرنا، کسی کام کے لیے وقت معین کرنا

توقِیر: (ع)عزت، احترام

توَقیراً: عزت و احترام کے ساتھ

کلمات توقیر: عزت و احترام کے کلمات

توَقیع: (ع)دستخط کرنا، مہرثبت کرنا

تَوقِیف:(ع)کسی کی آزادی سلب کرنا، قید، روکنا، حراست
توقیف گاہ:قید یا نظر بندی کا مقام
تَوَکُّل:(ع)بھروسا، آسرا
ہمیشہ توکل بخدا کنید:ہمیشہ خدا پر بھروسا کرو
توکِید:(ع)محکم کرنا، اپنے عہد یا اپنی بات پر قائم رہنا
تَوکِیل:(ع)وکالت، کسی کو اپنی طرف سے وکیل مقرر کرنا، کسی کو اپنا نمایندہ بنانا
توگوشی:کسی کے کان میں آہستہ بات کہنا
تولّا:(ع)دوستی کرنا، مراسم دوستی، محبت مثال:

بہ تولّای تو درآتش محنت چون خلیل(ع)
گوئیا در چمن لالہ و ریحان بُودم

تری محبّت میں حضرت ابراہیم (ع)کی طرح رنج ومحن کی آگ میں ہوتے ہوے گویا میں ایسے چمن زار میں تھا جہاں لالہ وریحان کھلے تھے
تُول بند:عمامہ، پگڑی
تولّد:(ع)پیدائش
تُولک:پرندہ جس کے پر جھڑ گئے ہوں
تُولہ:بچہ سگ یا بچہ شغال
تَولّی:(ع)دوست ہونا، دوست سمجھنا، میل ملاپ
تُولِیّت:(ع)کسی کام پر متعین ہونا، کوئ کام سپرد ہونا، کسی کام کو اپنے ذمے لینا، کسی کو جانشین قرار دینا، وقف شدہ املاک کے امور کی عہدہ داری
تولِید:(ع)ولادت، تخلیق کرنا، پیدا کرنا، کسی چیز سے کوی دوسری چیز وجود میں لانا
تولیدِ مثل:نسل پیدا کرنا، اولاد پیدا کرنا
تُومار:طُومار
تُومان:(۱)دس ہزار (۲)ایک ایرانی سکہ جس کے دس ریال ہوتے ہیں
امیر تومان:دس ہزار کے فوجی دستے کا کمانڈر
تُون:گرم جگہ، حمام کا سٹوو، بھٹّی، آتشدان
تُون:خراسان کا ایک شہر
تُون تاب:حمام گرم کرنے والا، بھٹی جھونکنے والا
تُون تابی:حمام گرم کرنے کا کام
تُونِس:(ع)ملک کا نام
تُونَل:(انگ)ٹنل
تُونی:خراسان کے شہرتون کا رہنے والا
تَوَہُّم:(ع)وہم، خیال، وہم میں ڈالنا، شک و گمان، بے بنیاد خوف
توہم کردن:خیال کرنا، شک ہونا
توہِیم:(ع)وہم و خیال میں ڈالنا
توہِین:بے عزتی، اہانت، ذلیل و خوار کرنا، مضحکہ اڑانا، طعن و تشنیع کرنا
تُوی:اندرون، اندر کی طرف
توی:توبستی، توبے
تَویدَن:گرم کرنا، پگھلانا
تویِل:جس کے سر پر بال نہ ہوں یا سر کے بال گر چکے ہوں
تَہ:گہرای، نچلا حصہ آخر
از تہِ دل:دل کی گہرای سے، صدق دل سے
تہ این بالا آمد:یہ مکمل ہو گیا
تہِ بساط:بقایا چیز جو موجود ہو، بکاؤ مال جو ابھی بکا نہ ہو
تہ پیالہ:دُرد، شراب جو جام کی تہ میں ہو
تہ چیزی را بالا آوردن:کام ختم کرنا، کھا پی لینا
تہ رفتن:گہرائی میں اترنا، ڈوبنا
تہ سوزن:سوئ کا سوراخ
تہ صندلی:کرسی پر بیٹھنے کی جگہ

تہ فنداق:بندوق کا نچلا حصہ
تہ و تُوی چیزی را در آوردن:کسی چیز کا گہرا جائزہ لینا
سَروتہ:اوپر نیچے، اُلٹنا
تہ:خالی
تہاجُم:(ع)ہجوم کرنا، حملہ، یورش، جارحانہ اقدام، پیش دستی
اتفاق تہاجمی:حملے کے لیے اتحاد، جارحانہ اتحاد
تہادی:(ع)ایک دوسرے کو ہدیہ یا تحفہ دینا
تہانی:(ع)باہم مبارک باد کہنا، تہنیت
تہاوُن:(ع)کسی کو ذلیل و خوار سمجھنا، سستی کرنا، کوتاہی کرنا، پرواہ کرنا
تہاوِیل:(ع) زینت تصویر کے لیے مختلف رنگ بھرنا، نقش و نگار
تہاویل الرّبیع:رنگا رنگ پھول جو موسم بہار میں کھلتے ہیں
تَہبُّج:(ع)آماس، سوجن، کسی تکلیف کی وجہ سے جسم کے کسی حصے میں آماس پیدا ہونا
تہتُّک:(ع)پھاڑنا، تکڑے کرنا، توہین کرنا، بے عزت کرنا، ہتک کرنا، رسوا کرنا، رسوائی
تہَجُّد:(ع)رات کو بیدار ہونا، شب زندہ داری، نماز شب جو آدھی رات کے بعد ادا کی جائے
تَہجّی:(ع)لفظوں کا جوڑ، ابجد، حروف تہجی
تہجی کردن:لفظوں کا جوڑ کرنا، تلفظ کرنا
تہجِیَہ:(ع)لفظ کے حروف گننا اور انھیں الگ الگ کرنا
تہ چک:چیک کا باقی حصہ، چیک کا مثنی
تہ چین:پلاؤ کی ایک قسم
تَہدُّد:(ع)دھمکی دینا، تہدید کرنا

تہ دُوزی:کتاب کے حصوں کو نیچے سے سینا
تہدید:دھمکی، ڈرانا، دھمکانا
تہ دیگ:دیگ یا دیگچے میں نیچے لگے ہوئے چاول «کُھرچن»
تَہذیب:(ع)شائستگی تمیز، آداب شائستگی
تہذیب اخلاق:اخلاق کی تربیت
تہذیب یافتہ:مہذب جو آداب شائستگی پر عمل پیرا ہو
تہران:ایران کا دارالسلطنت
تہرانی:تہران کا رہنے والا، تہران سے متعلق
تہزّل:(ع)مذاق، ٹھٹھول، دل لگی، تضحیک، مضحکہ اڑانا، ہزل گوئی
تہزیل:(ع)دُبلا کرنا، سُکھانا، کمزور کرنا
تہ سُفرہ:بچا ہوا کھانا جو دستر خوان پر باقی بچ جائے
تَہک:برہنہ، عریاں
تہکُّم:(ع)(۱)غصے میں آنا (۲)مضحکہ اڑانا، استہزا کرنا
تَہلکہ:(ع)تباہی، بربادی، خوف و ہراس، ہلاک ہونا
تہلُّل:(ع)خوشی میں پھولے نہ سمانا، چہرے پر شگفتگی کے آثار نمایاں ہونا
تہلیک:(ع)تباہی، بربادی
تہلیل:(ع)خدا کی مدح کرنا، تسبیح کرنا، لا الہ الا اللہ کہنا
تہَم:بہت دلیر، دلیری میں لاثانی
تہمتَن:بڑے جثے والا، بے نظیر بہادر، رستم کا لقب
تہماندہ:بچا ہوا، بچا کچھا
تُہمَت:الزام، بہتان، کسی پر شک ظاہر کرنا
تہمَت بستن:کسی پر الزام لگانا
تہمت دروُغ:جھوٹا الزام، بہتان

تُہمت زدہ۔۔۔تُہمت آلودہ:جس پر الزام لگایا گیا ہو

تُہمت زن:الزام عاید کرنے والا

تَہمورث:پیشدادی خاندان کا تیسرا شہنشاہ ایران

تہ نشان:کھدائی کرکے ثبت کرنا

تہ نِشَست:دُرد، تلچھٹ

تہنشین:دُرد، تلچھٹ، گاد

تَہنیَت:(ع)مبارک، تبریک

تہنیت کردن۔۔۔تہنیت گفتن:مبارک باد کہنا

تہنیت آمیز:مبارک مندانہ

تہنیت نامہ:مبارک باد کا خط

تَہَوّد:یہودی مذہب اختیار کرنا

تَہَوُّر:(ع)دلیری، بے باکی، جانبازی، بہت دلیر ہونا

تہوُر بخرج دادن:بے باکی اختیار کرنا، جلد بازی کرنا، بے پروائی کی وجہ سے مشکل میں پڑنا

تَہوُّر آمیز:پُرجوش، تندخو، تیز مزاج

تَہَوُّع:(ع)معدے کی خرابی، اُبکائی آنا، قے آنا

حال تہوع:معدے کی خرابی کی حالت

آن غذا حال تہوع باو دست داد:اس غذا کی وجہ سے وہ معدے کی خرابی میں مبتلا ہوا

تَہوع آوَر:معدے میں خرابی پیدا کرنے والی

تہوِیل:(ع)ڈرانا، خوف و ہراس سے دوچار کرنا

تہوِیہ:(ع)ہوا کے آنے جانے کا روشندان

تہی:خالی

تہی دست:خالی ہاتھ والا، مفلس، غریب جس کے پاس روپے، پیسے نہ ہوں

تہی پا:ننگے پاؤں، جس کے پاس پہننے کو جوتے نہ ہوں

تَہییج:غصے میں آنا، ہیجان پیدا ہونا

تہی چشم:نابینا، جو دیکھ نہ سکے

تُہیگاہ:پیٹ کے نیچے دائیں بائیں جانب کا حصہ

تَہی مغز:خالی الذہن، بے وقوف، احمق، ابلہ

تی:ایک پودا جس کی پتیاں خار دار ہوتی ہیں

تی:تہی، خالی

تیاتر:تھیٹر کا مفرس ہے

تیّار:کمربستہ، مستعد، آمادہ، رضامند، مائل

تَیاسُر:بائیں جانب ہونا

تَیامُن:(ع)دائیں جانب، دائیں طرف ہونا، تیاسُر کی ضد

تیان:دیگ، کڑاہ

تیب:سرگشتہ، حیران، بیقرار، مدہوش

تیباش:(۱)عشوہ، ناز و غمزہ (۲)فریب

تیپ:گروہ، دستہ، بریگیڈ

تیپ سوارِہ:گھوڑ سوار لشکر، رسالہ

سرتیپ:بریگیڈیئر

تَیپا:تہَ پا، پاؤں کے نیچے، پاؤں کی ٹھوکر

تیتال:مکر و فریب، چاپلوسی

تیتالی:مکر و فریب، خوشامد

تی تی:شیر خوار بچہ سے بچے کی زبان میں بات کرنا، اس کے لیے جانور کی شکل کا کھلونا بنانا

تیج:خام ریشم

تیر:جو کمان میں رکھ کر چلایا جاتا ہے

تیر:ستارہ عطارد، ایران کے شمسی سال کا چوتھا مہینہ

تیر:چھت کا بیم

تیر:بہترین قسم کا

تیر کردن:بہترین چیز کا انتخاب کرنا

تیر:تیرہ و تار، سیاہ، اندھیرا، تاریکی

تیراژہ:کمانِ رستم، قوس قزح، رنگین کمان

تیر باران:تیروں کی بوچھاڑ

تیر پرتاب:بندوق کا فائر، کمان سے تیر چلانا

تیر خوردِہ:جسے تیر لگا ہو

تیررس: ہدَف، نشانہ، وہ فاصلہ جہاں تیر پہنچ سکتا ہے

تیرزَدَن: تیر سے زخمی کرنا

تیرزَن: تیر انداز

تیرساز: تیر بنانے والا

تیرسَت: تین سو (عدد)

تیرک: (۱)چھوٹا تیر (۲)خیمے کا ستون، چھت ڈالنے والا بالا

تیر کش: تیردان، جس میں تیر رکھے جاتے ہیں

تیر گان: ایران کے شمسی سال کے تیر ماہ کا تیرھواں دن، اس دن پارسی یا زرتشتی جشن مناتے ہیں

تیرگی: تاریکی، اندھیرا

تیرگیٔ ذھن: جس کا ذہن صاف نہ ہو

تیرگیٔ روابط: تعلقات کی کشیدگی

تیرم: بادشاہ کے حرم کی خاتون بزرگ، ملکہ

تیرمار: افعی، سانپ

تیرماہ: ایرانی سال کا چوتھا مہینہ

تیرہ: اندھیرا، تاریک، دُھند

ھوا تیرہ است: بہت دھند چھائی ہوئی ہے

تیرہ: گندا، غلیظ، میلا، مجازاً پریشان، الجھا ہوا

تیرہ شدن: اندھیرا ہو جانا

تیرہ کردن: پریشان کرنا

تیرہ: گروہ، فریق، فرقہ، خاندان، ایک حسب نسب یا قبیلے کے لوگ

تیرہ بخت: بدنصیب

تیرہ پُشت: ریڑھ، ریڑھ کی ہڈیاں

تیرہ حال: پریشان

تیرہ دل: جاہل

تیرہ رنگ: جس کی رنگت سیاہ ہو

تیرہ رُوز۔۔۔تیرہ روزگار: بدنصیب

تیرہ مغز: خالی الذہن، بے وقوف

تیز: (۱)دھاردار، آبدار، نوکدار (۲)کاٹنے والا (۳)جلدی میں

تیزاب: نائٹرک ایسڈ (انگ) ایک قسم کا کیمیائی مرکب جس میں جلا دینے کی خاصیت ہوتی ہے

تیزانک: غبارہ جس میں ہوا بھری جاتی ہے، زیادہ ہوا بھری جائے تو آواز سے پھٹتا ہے

تیزبال: تیز اڑنے والا پرندہ

تیزبصَر: تیز بین، گھری نظر ڈالنے والا

تیز پا: تیز دوڑنے والا

تیز چنگ: تیز پنجے والا

تیز دست: چالاک، ہوشیار

تیز دَو: تیزرو، تیز بھاگنے والا

تیز دھان: چرب زبان، خوشامدی، چاپلوس

تیز طبع: تیز مزاج، تند مزاج

تیز فھم: جو فوراً بات سمجھ جائے

تیز قلم: تیز لکھنے والا

تیز گام: تیز رفتار

تیزگر: چاقو چھریاں تیز کرنے والا

تیز گُوش: جس کی قوت سامع تیز ہو

تیز وِیر: تیز ہوش

تیز ھوش: ہوشیار

تیسَّر: (ع)آسان کرنا، آسان ہو جانا

تیشہ: بڑھئی کا آلہ جس سے وہ لکڑی کو خاص شکل دینے کے لیے کاٹتے تراشتے ہیں

تیشہ بریشہ خود زدن: اپنی تباہی کا سامان پیدا کرنا

تیشہ رُو بخود بودن: خود غرض ہونا

تیغ: تلوار، اُسترا، نیزہ، کرن، خار

تیغِ دلاکی: استرا

تیغِ آفتاب: آفتاب کی کرن

تیغ آفشاندن۔۔برآوردن: تلوار کو تیز کرنا، چمکانا

تیغ کشیدن: تلوار میان سے نکالنا

تیغال: جانوروں کے آرام کرنے کی جگہ، پرندوں کا گھونسلا، آشیانہ

تیغ دار: خاردار

تیغَہ: (۱)چاقو، تلوار کا پھل (۲)نازک دیوار جو دو گھروں کے درمیان ہو (۳)پہاڑ کی چوٹی، دو ڈھلوان سطحوں کا خط اتصال

تیغہ کشیدن: ایک دیوار کی وجہ سے جدا ہونا

تیفُوس: (انگ)ٹائیفائڈ کا مفرس

تیفوید: ٹائیفائڈ ہونا

تَیَقظُ: چوکسی، ہوشیاری، خبرداری، بیداری، ہوشیار ہونا

تیَقظ: نیند سے بیدار ہونا

تیَقُن: (ع)یقین ہونا

تیک: ٹک ٹک کی آواز

تیکہ: ٹکڑا، پارہ

تیکہ تیکہ کردن: پارہ پارہ کرنا

تیل: نُقطہَ، نشان، وقف، خال، عمدہ ترکیب

تیلمبار: تلمبار، ریشم کا کپڑا

تیلہَ: پتھر یا شیشے کی گولی جس سے بچے کھیلتے ہیں، مُہرہ

مایہ و تیلہ۔۔مایہ تیلہ: چھوٹا صدر مقام، بچت

تیم: کاروانسرائے، ٹیم (انگ)ورزش کاروں کا دستہ

تیما: دشت، بیابان

تیماج: بکرے کا چمڑا جسے رنگ دیا گیا ہو

تیمار: بیمار کی احوال پُرسی، اعتنا، خبرداری، عیادت، حاضری، غمخواری، دلسوزی فکر واندیشہ

تیمار داری: بیمار پرسی، عیادت

تیمار خانہ: بیمارستان، شفاخانہ، ہسپتال

تیمارِ ستان: دارالمجانین، پاگل خانہ

تیمارگاہ: بیمارستان، امدادی ہسپتال

تیماس: جنگل، درختوں کا جھنڈ

تیمچہ: چھوٹی کا روانسرائے

تیمسار: کلمہ احترام جیسے جناب، حضرت (خصوصاً فوجی افسران کے لیے)

تیَمُّم: (ع)پانی میسر نہ آنے یا بیمار ہونے کی صورت میں وضو کے لیے مٹی سے ہاتھ منہ کا مسح کرنا

تَیمُن: (ع)مبارک ہونا، اچھی فال نکلنا، بخشش، رحمت، فیض، تبریک

تیمُوک: ترشرو، عبوس

تین: انجیر

تیو: تاب و تواں، طاقت، توانائی

تیوا: تیوای: تہور، بے باکی، بے پروائی

تُیُول: جاگیر، جو فوجی خدمات کے صلے میں ملتی ہے

تیہ: ویران، اجاڑ، دشت، بیابان، گمراہی، سرگردانی

تیھُو: چکور

ث

ث: فارسی کا پانچواں حرف، اردو کا چھٹا اور عربی کا چوتھا حرف، ابجد کے حساب سے ث کے ۵۰۰ عدد ہیں۔

ثابِت: (ع)پابرجا، پائیدار، مقررشدہ، مستحکم، ناقابل تغییر، اپنی جگہ قائم، راسخ

عقیدہ ثابت: راسخ عقیدہ جس کی درستی واضح ہو

رنگ این قالی ثابت است: اس قالین کا رنگ پکا ہے

جُرم اورا ثابت کردند: اس کا جرم انھوں نے واضح کردیا

ثابت ماندن: اپنی جگہ قائم رہنا

عزم ثابت: راسخ ارادہ

ثابت قَدَم: مستقل مزاج، (قوی الارادہ) اولو العزم، باہمت، دلیر

ثابت قَدَمی: دلیری، مستقل، مزاجی، استقلال

ثابِتہ: ستارہ جو اپنی جگہ قائم ہے، ثوابت جمع

ثار: تلافی، بدلہ، انتقام

اخذثار کردند: انھوں نے انتقام لے لیا

ثاقِب: (ع) درخشان، تابناک، کسی چیز کا زور سے باہر نکلنا، پھوٹنا، سوراخ کرنے والا

ثاقِل: (ع) ثقیل، ثواقل جمع

ثالِث: (ع) (۱) تیسرا (۲) پنچ، فیصلہ کرنے والا

ثالثاً: (ع) تیسرا موضوع

ثالِث ثلاثہ: (ع) تین کو ماننے والا، یعنی خدا حضرت عیسی (ع) اور حضرت مریم کو ماننے والا عیسائی

ثالُوث: (ع) تثلیث، عیسائیوں کا مقدس تین، یعنی خدا، حضرت عیسی (ع) اور حضرت مریم

ثالِثہ: (ع) فیصلہ کرنے والی خاتون

ثالِیل: (ع) ثولول کی جمع، سخت دانے جو بدن پر نکل آتے ہیں، گومڑے

ثامِن: (ع) عدد آٹھواں

ثامِناً: (ع) اٹھواں موضوع یا مسئلہ

ثانوی: دوسرے درجے کا

ثانی: (ع) دوسرا

ثانیاً: (ع) دوسرا موضوع یا مطلب

ثانی اثنین: (ع) برابر کا، دو میں سے دوسرا

ثانیِہ: (ع) سیکنڈ، منٹ کا ساٹھواں حصہ

ثانیِہ شمار: سیکنڈ بتانے والی سوئی

ثائر: (ع) کینہ پرور، انتقام جُو

ثَبات: (ع) استقلال، ثابت قدمی، استحکام، مضبوطی، پختگی، استواری، پائیداری

ثبات رای: پختہ رائے

ثباتِ قدم: ثابت قدمی، استواری، اپنے ارادے پر قائم رہنا

بے ثبات: فانی، اپنی حالت پر قائم نہ رہنے والا

ثَبّات: (ع) رجسٹرار، ریکارڈ رکھنے والا، نقل نویس، فرد نویس

ثبت: (ع) تحریر ہونا، یاد داشت تیار کرنا، نقش کرنا، دفتر میں درج کرنا، رجسٹر ہونا، ریکارڈ، اندراج

ثبتِ آن درینجانیست: اس کا ریکارڈ یہاں نہیں

ثبتِ شعر به دیوار: دیوار پر لکھا ہوا یا نقش کیا ہوا شعر

ثَبت: (ع) ثبوت، قابل اعتماد

ثبت کردن: کتاب یا رجسٹر میں درج کرنا

دفتر ثبت: رجسٹر، ریکارڈ کی کتاب، مامُور (یا متصدی) ثبت، رجسٹرار جس کے پاس ریکارڈ محفوظ رہتا ہے

ثبت برداری: فہرست بنانا، ریکارڈ رکھنا

ثبت برداشتن از چیزی: فہرست تیار کرنا کسی چیز کی، اشیائے مندرجہ کی فہرست

ثُبُوت: (ع) کسی چیز کا ثابت ہونا، پختگی، استحکام، جس کے متعلق کوئی شک و گمان باقی نہ رہے

ثبوت رساندن: ثابت کرنا، ثبوت بہم پہنچانا

ثبوت رسیدن: ثابت ہو جانا

ثُبُور: (ع) ہلاک ہو جانا

ثخانَت: (ع) موٹاپا، ٹھوس ہونا

ثخن: (ع)ضخامت، موٹاپا

ثخنا: ثخین جمع، دیکھیے ثخین

ثخونہ: (ع)ضخیم، موٹا

ثخین: موٹاپا

ثدی: (ع)پستان

ثرا: (ع)ثری، خاک، مٹی، زمین، گیلی زمین

ثراء: (ع)ثروت، تونگری

ثرب: پیڑو کے پردے کی تہ

ثروت: (ع)دولت، مال و دولت

ثروت مند۔۔با ثروت: امیر، دولتمند

اہل ثروت: دولتمند لوگ

علم ثروت: علم اقتصادیات

ثریا: (ع)پروین ستارہ، سبعہ سیارہ

ثعابین: (ع)ثعبان کی جمع، اژدہے، افعی

ثعالب: (ع)ثعلب کی جمع، لومڑیاں

ثعبان: (ع)اژدہا، (ثعابین جمع)

ثعلب: (ع)لومڑی

ثغور: (ع)سرحدیں، ثغر کی جمع

ثفل: (ع)دُرد، بچا کھچا، بے فائدہ چیز، تہ نشین چیز

ثفل دان: تف دان، اگالدان، پیکدان

ثفن: (ع)جلد کی صلابت، سختی، موٹائی

ثقات: (ع)ثقہ کی جمع، قابل اعتماد، معتمد، قابل اعتماد، دوست ساتھی

ثقافت: تہذیب

ثقال: (ع)جمع ثقل، گراں، سنگین

ثقالت: (ع)سنگینی، بھاری پن

ثقب: (ع)سوراخ

ثقبۃ۔۔ثقبہ: (ع)ثقب کی جمع، سوراخ

ثقبہ گوش: کان کا سوراخ

ثقفی: (ع)قبیلہ ثقیف سے منسوب

ثقل: (ع)(۱)وزن، بوجھ (۲)پرخوری سے معدے کی خرابی

مرکز ثقل: کسی جسم کا وہ نقطہ جس پر اس جسم کے سب اجزا برابر تلے رہیں اور وہ گرنے نہ پائے

ثقل: (ع)(۱)مسافر کا سازوسامان، مال و متاع، ہر نفیس چیز، اثقال جمع

ثقلات: ثقیل کی جمع

ثقلت: (ع)وزن، بھاری پن

ثقلین: (ع)جن و انس، انسان اور جن پری

ثقوب: (ع)ثقب کی جمع، سوراخ

ثقہ: (ع)قابل اعتماد، معتبر، پرہیزگار، معتمد

ثقیف: (ع)ذہین، صاحب فراست، قابل، لائق

ثقیل: (ع)بھاری، سنگین، درشت

غذای ثقیل: (ع)ہضم نہ ہونے والی غذا

(این) کلمہ بگوش ثقیل می آید: یہ بات کانوں کے لیے بہت درشت ہے

ثکل: (ع)بیٹے کی وفات، بے فرزند ہونا

ثکلی: (ع)مردہ بیٹے کی غمزدہ ماں

ثلاث۔۔۔ثلاثہ: (ع)تین

ثلاثون: (ع)تیس (عدد)

ثلاثی: (ع)تین حرفوں کا لفظ مثلاً ثلث

ثلث: (ع)تیسرا حصہ

ثلم: (ع)توڑنا، سوراخ کرنا

ثلمہ: (ع)شگاف، سوراخ

ثلوج: (ع)جمع ثلج، برف

ثم: (ع)تب، بعد میں

ثمار: (ع)ثمر کی جمع، پھل

ثمانُون: (ع)اسی عدد

ثمانی: (ع)آٹھواں

ثمانیہ: (ع)آٹھ عدد

ثمَر: (ع)پھل

ثَمَر بخش: (ع)ثمرور، باردار، میوہ دار، زرخیز

ثمَرہ: (۱)پھل، نتیجہ، انجام، حاصل (۲)اولاد

ثمن: (ع)آٹھواں، ہشتم

ثَمَن: (ع)قدرو قیمت، قیمت، اثمان جمع

ثمُود: (ع)ایک قدیمی عرب قبیلہ

ثمِین: (ع)قیمتی، گرانقدر، گراں بہا

ثنا: (ع)حمد، تعریف و توصیف

ثنا کردن۔۔۔ثنا گفتن: تعریف و توصیف کرنا، حمد و ثنا کرنا

ثنا خوان: حمد و ثنا کرنے والا، مدح خوان

من ثنا خوانِ توام: میں تمہارا مدح خواں ہوں

ثنا خوانی: تعریف و توصیف

ثناکار: (ع)ثنا خواں، مدح خواں

ثنا کاری: مدح و ثنا، تعریف و توصیف

ثناگر۔۔۔ثناگو۔۔۔ثناور: مدح خواں، تعریف و توصیف کرنے والا

ثنائی: دو حرفی لفظ مثلاً تو، من وغیرہ

ثنایا: (ع)سامنے کے دانت، دو اوپر کے اور دو نیچے کے

ثنَوی: (ع)تثنیہ جو دو خداؤں کو مانتے ہیں

ثواب: (ع)نیک صلہ، صلہ نیک اعمال

دستگیری فُقرا ثواب است: فقیروں کی مدد کرنا نیکی کا کام ہے

ثوابِت: (ع)ثابت کی جمع، ستارے جو اپنی جگہ قائم ہیں، حرکت نہیں کرتے

ثواقِب: (ع)درخشان ستارے

ثواقِل: (ع)ثاقل کی جمع، بھاری، سنگین

ثوانی: (ع)ثانیہ کی جمع، سیکنڈ

ثُوب: (ع)پہننے کا کپڑا، لباس، جامہ، سوٹ

ثُور: (ع)بیل، دوسرے برج کا نام

ثَوران: (ع)ہیجان، برانگیختہ ہونا، گردو غبار اٹھنا، فتنہ برپا ہونا

ثُورَہ: (ع)مونث ثُور-گائے نیز مال اور لوگوں کی کثرت، ہیجان و شورش

ثُول: (ع)دانہ جو جسم پر نمودار ہوتا ہے، مسّا

ثِیاب: (ع)ثوب کی جمع، لباس، جامہ

ثیار: (ع)ثُور کی جمع، لباس، جامہ

ثیار: (ع)ثُور کی جمع، بیل

ثیِب: (ع)بیوہ، طلاق یافتہ

ثیران: (ع)ثور کی جمع

ج

ج-فارسی ابجد کا چھٹا حرف، اردو کا ساتواں اور عربی کا پانچواں حرف، ابجد کے اعتبار سے حرف ج کے عدد ۳ ہیں

جا-جای: (ع)جگہ، مقام، نشان، وجہ

آنجا این جا: اس جگہ اس جگہ، وہاں یہاں

از آنجاکہ: چونکہ، اس وجہ سے

از جادر رفتن: پریشان ہونا، ذہنی انتشار ہونا، عارضی دیوانگی

از جا انداختن: بدن کا جو جوڑ اپنی جگہ سے ہل گیا ہو اسے استوار کرنا

جابجا: جگہ جگہ

جاخالی کردن: کسی کے لیے جگہ خالی کرنا

جاگرم کردن: اپنی جگہ پر برقرار رہنا، مستحکم

ہو جانا
جای باور کردن است کہ: یقین کرنے کی وجہ یہ ہے کہ
جای شمادِیشب در مجلس خالی بود: کل رات آپ کی صحبت سے ہم محروم رہے
آنچہ گفتید بجا آورم: جو کچھ آپ نے کہا ہے میں اس پر عمل کرونگا
بجای: عوض
حواسش بجا آمد: اس کے ہوش و حواس درست ہو گئے
مدرسہ جائی تحصیل است: سکول علم حاصل کرنے کی جگہ ہے
هیچ جائے شکایت نیست: شکایت کی کوئی وجہ نہیں
جاافتادہ: میٹھا، رسیلا، پختہ، پکا ہوا (پھل)
هندوانہ این موسم جا افتادہ است: اس موسم کا تربوز پک گیا ہے
جا انگشتی: ساز کے پردوں کا تختہ، کی بورڈ (انگ)
جابِر: (ع)زبردست، ظالم
جابِر: (ع)شکستہ ہڈی جوڑنے والا، استخوان بند
جابِرانہ: (ع)زبردستی سے
جابُر سا: جابلُسا مغرب یا مغرب کے خیالی شہر کا کنایہ ہے
جابُلقا: (ع)مشرق یا مشرق کے خیالی شہر کا کنایہ ہے
جاپا: پاؤں کانشان
جات: جمع بنانے کا لاحقہ جیسے درجہ سے درجات
جات: جائے تو، حرف «ت» ضمیر واحد حاضر ہے بمعنی تیری جگہ
جاتاغ: (ع)کپڑا جس سے خیمہ بناتے ہیں

جاثِلیق: (ع)عیسائیوں کا پیشوا
جاثِم: (ع)سینے کے بل لیٹا ہوا
جاجِم: (ع)اون کی بنی ہوئی دری یا قالین
جاحِد: (ع)مخالف، منکر، انکار کرنے والا
جا خالی: کمی، خسارہ، کسر
جاخسوک: درانتی
جاد: حضرت یعقوب (ع) کے بیٹے کا نام
جادار: کھلا، وسیع، جس عمارت کے کئی کمرے ہوں
جاداری: وسعت
جادِل: جدل کرنے والا، لڑنے جھگڑنے والا
جادَنگوُی: آتشکدے کا خادم
جادُو: سحر، افسون، شعبدہ، عجیب و غریب کام
جادو بیان: فصیح البیان، جس کا بیان موثر و فصیح ہو
جادوزن: جادوگر
جادوگر: شُعبدہ باز، افسون گر، ساحر، جادو کرنیوالا
جادوگری: سحر، افسون، شعبدہ
جادہ: (ع)راستہ
جادہ صاف کن: سٹیم رولر جس سے راستہ صاف اور ہموار کرتے ہیں
جادِی: زعفران، عربی میں بھی اسے جادی ہی کہتے ہیں
جاذِب: (ع)جذب کرنے والا، کشش کرنے والا، دلربا، دلکش
جاذِبانہ: (ع)کشش کے طور پر
جاذِبہ: (ع)کشش
جاذِبہ زمین: کششِ زمین، کششِ ثقل
جاذِبیّت: (ع)کشش، دلکشی، دلربائی
جار: (ع)فریاد، آواز (دینا)، اعلان، ڈھنڈورا
جارزدن۔۔۔جارکشیدن: منادی کرنا، ڈھنڈورا پیٹنا

جار:ہمسایہ

جار:کھینچنے والا

جار:چلچراغ بلور کا چراغ اور اس کی چند شاخیں اسے چھت سے آویزاں کیا جاتا ہے

جار:حرف اضافہ مثلاً در، بر وغیرہ

در اطاق:کمرے میں، در «حرف جار» ہے اور اطاق «مجرور»

جارچی:مُنادی کرنے والا، مشتہر کرنے والا، آگاہ کرنے والا، قاصد

جارچی باشی:نقیب، نقیب شاہی

جارِح: (ع)جراحت کرنے والا، زخم لگانے والا

جارِحہ: (ع)(۱)انسان کا عضو بدن مثلاً ہاتھ (۲)شکار کرنے والا پرندہ یا حیوان

جارزَن:جارچی، منادی کرنے والا

جارِف: (ع)طاعون، پلیگ

جارُوب:جھاڑو

جارُوب کش:جھاڑو سے صاف کرنے والا

جارُوب کشی:جھاڑو دینا، جھاڑو سے صاف کرنا

جاری: (ع)روان

جاری:شوہر کے بھائی کی بیوی، درانی یا جٹھانی

جاریِہ: (ع)(۱)جاری، روان، سن جاریہ= سال روان (۲)چھوٹی بچی، خادمہ

جازَدَن:فریب دینا، بدلی ہوئی چیز کو اصل کے طور پر دینا

جازدہ:نقلی، جس میں ملاوٹ ہو

جازِم:فیصلہ کن، دوٹوک، قطعی

جاسَت:وہ جگہ جہاں انگوروں کا رس نکالتے ہیں

جاسِر:گستاخ، بیباک

جاسُوس:وہ شخص جو کسی کے راز معلوم کرکے کسی دوسرے کو بتائے، خفیہ کام کرنے والا، خبر چین

جاسوسی:کسی کے لیے خفیہ کام کرنا اور اسے بتانا، خبر چینی

جاش:گندم کا صاف شدہ انبار

جاشدان:غلہ رکھنے کی جگہ

جاشو:کشتی بنانے والا، کشتی میں کام کرنے والا

جاعِل: (ع)بنانے والا، وضع کرنے والا، تخلیق کرنے والا

جاغِر:پرندوں کا چینہ دان، پوٹا

جاغُوک:درانتی

جاف:بدکار عورت، فاحشہ

جافی: (ع)جفا کرنے والا، جفا پیشہ، ظلم کرنے والا

جاکت:جیکٹ کا مفرس ہے

جاکردن:پاؤں جمانا

جاکش:بھڑوا، قرم ساق، دلال، کٹنی، قطامہ

جاکشی:قرم ساقی کرنا، عورتوں کی دلالی کرنا۔

جاگزِین:کسی جگہ قیام کرنا۔

جاگیر:وہ زمین جو ملکی خدمات کے صلے میں حکومت کی طرف سے ملتی ہے۔

جال:دام جس سے شکاری جانوروں کو پکڑتے ہیں۔

جالِب: (ع) کشش کرنے والی، دلکش دلربا۔

جالِب توجہ:دلچسپ۔

جالب نظر:کسی کی توجہ کو اپنی طرف مبذول کرنے والا۔

جالِش:جماع۔

جالوُت: جن،دیو۔

جالِہ: بیڑا، لٹھوں کا ٹھاٹھ جو کشتی کا کام دیتا ہے۔

جالی: جلی، واضح، صاف ،نمایاں۔

جالِیز: تربوزوں، خربوزوں کا کھیت۔

جالیزبان: تربوزوں وغیرہ کی فصل کی نگہداشت کرنے والا

جالینوس: یُونان کے ایک نامور حکیم کا نام۔

جام: پیالہ، ساغر ،قدح۔

جام پنجرہ: کھڑکی کا شیشہ۔

جام ریختن: جام کو بھرنا۔

جام زدَن: ایک دوسرے کی صحت کے جام پینا۔

جام شیشہ: شیشے کا گلاس۔

جام: خراسان کا ایک شہر۔

جاماس: جاماسپ–ایک طبیب کا نام۔

جامِد: (ع)ٹھوس۔

جامد: ایسا اسم جس سے کوئی دوسرا اسم ترکیب نہ پاسکے(مشتق کی ضد)۔

جامدار: (ع) ساقی۔

جامِع: (ع) وسیع، بسیط،ہمہ گیر۔

جامِعُ العَلُوم: بحرالعلوم، جس نے متعدد علوم کی تحصیل کی ہو۔

جامِع: (ع) جہاں لوگ جمع ہوں، معبد بزرگ

جامِع: (ع) جمع کرنے والا۔

جا مِعُ المنقول والمعقول: جس نے منقول اور معقول دونوں علوم میں دسترس حاصل کی ہو۔

جامِعَہ: (ع) دانشگاہ، یونیورسٹی۔

جامِعیّت: ہمہ گیری ،وسعت:

جامغول: حرامزدہ، شریر وتبہ کار۔

جامگی: الاؤنس،وظیفہ ،تنخواہ۔

جامگی خوار: پنشن خوار، وظیفہ خوار۔

جامُوس: (ع) بھینس،جوامیس جمع۔

جامہ: کپڑا، لباس، پیرہن۔

جامہِ بُر: قینچی۔

جامہِ خانہ: الماری جس میں کپڑے رکھے جاتے ہیں، وارڈ روب(انگ)۔

جامہِ خواب: سوتے وقت کا لباس۔

جامہ دان: ٹرنک ،صندوق، سوٹ کیس جس میں کپڑے رکھے جاتے ہیں۔

جامہ شُو: دھوبی

جامہ گاہ: توشہ خانہ، کپڑے رکھنے کی جگہ

جامہ وار: پھولوں والی شال

جامی: نامور شاعر عبدالرحمن جامی(۱۴۱۳- ۱۴۹۲ء) خراسان کے شہر جام کے رہنے والے تھے

جان: (۱)زندگی، روح (۲)طاقت (۳)بنیادی نکتہ، قسم

بجان خودم: اپنی زندگی کی قسم

جان بدر بُردن: کسی کی جان بچا لینا

جان تافتن: جان ضائع کر دینا

جان در کف نہادن: جان ہتھیلی پر رکھنا، جان کو خطرے میں ڈالنا

جان سپردن: فوت ہو جانا

جانش بلب رسید: اس کی جان لبوں پر آ گئی

جان کندن: موت کی کشمکش میں مبتلا ہونا، حالت نزع

جان گرفتن: روح تازہ حاصل ہونا، حیات تازہ حاصل ہونا

جان: جن کی جمع

انس و جان: انسان اور جن

جان آزار: زندگی کو تکلیف پہنچانے والا

جان آزاری: ایذا رسانی، آزار رسانی، ظلم و ستم

جان آفرین: زندگی تخلیق کرنے والا، زندگی بخشنے والا، خداوند تعالی

جانان: محبوب جو جان کی طرح عزیز ہے

جانانہ: پیارا، محبوب، زیبا دلبر

جانب: طرف، سمت، حصہ

از جانب من: میری طرف سے

اینجانب: این جانب، بندہ

بجانب من می آید: میری طرف آ رہا ہے

جانب کسی را گرفتن: کسی کی طرف سے حصہ لینا، کسی کی حمایت کرنا

جانباز: جان کو خطرے میں ڈالنے والا، جان پر کھیلنے والا

جانبازی: جان پر کھیلنا

جان بخش: جان آفرین، خداوند تعالی

جانبداری: طرفداری

جان بَر: زندگی بچانا

جانب گیر: کسی ایک کی حمایت کرنے والا، طرفدار

جان پرور: زندگی کی پرورش کرنے والا

جانخراش: تکلیف پہنچانے والا

جاندار: جان رکھنے والا، زندہ

خوش بخت:خوش نصیب، اقبال مند۔

خوش بختی:خوش قسمتی۔

خوش بدِہ:خوش معاملہ۔

خوش بِنیہ:توانا، مضبوط، اچھے قدوقامت والا، قوی جُثہ۔

خوش بِیں:رجائیت پسند، امید پسند۔

خوش بینی:امید پسندی۔

خوش ترکیب:خوش وضع، خوش شکل، خوشنما، دیدہ زیب۔

خوش تقریر:فصیح و بلیغ۔

خوش جنس:شفیق، مہربان، اچھی فطرت والا، اچھے حسب نسب والا۔

خوش جنسی:شرافت، اچھی فطرت، صاف دلی۔

خوشحال:اچھے حال میں، شاد، خرسند۔

خوشحالی:خوشی، اچھا حال، گذر بسر خوشی سے ہونا۔

خیر خوش حالی:خوشی کی خبر۔

خوش حالی کردن:خوشی منانا۔

خوش حِساب:جو فرض ادا کرنے کے لیے فوراً تیار ہو، لین دین کا کھرا، خوش معاملہ۔

خوش خَرام:دل نشین انداز میں چلنے والا، جس کے چلنے کے انداز میں دلربائی ہو۔

خوشخَط:جس کا خط بہت اچھا ہو، اچھا کاتب۔

خوش خط و خال:جس کے خدوخال اچھے ہوں، دلربا، زیبا۔

خُوش خُلق: خلیق، خوش اخلاق، اچھی سیرت والا، خوش کردار۔

خوش خلقی: اچھا اخلاق۔

خوش خُو: اچھی عادات والا۔

خوش خوانی: میٹھے گیت، دل نشیں گیت گانا۔

خوش خُوراک: اچھی خوراک کھانے والا، جسے اچھی خوراک میسر ہو۔

خوش خُوراکی: اچھی خوراک کھانا۔

خوش خُوی: اچھی عادت۔

خوش دامن: ساس۔

خوشدِل: خوش باش، مسرور، شادان، شادمان۔

خوشدِلی: خوشی۔ مسرت، راحت۔

خوش دِماغ: مسرور، شاد، شاداں، خرسند۔

خوش ذات: خوش جنسی۔

خوش رفتار: اچھا سلوک روا رکھنے والا، اچھے طور طریقے والا، خوش خرام پروقار طور پر چلنے والا۔

خوش رفتاری: اچھا سلوک روا رکھنا، چلنے کا دلربا انداز۔

خوشرَنگ: خوشنما رنگ والا، خوش وضع۔

خوشرُو: زیبا، رعنا، خوبصورت، دلربا۔

خوشرُوی: زیبائی، رعنائی، دلربائی۔

خوش رِیخت: " خوش وضع، خوش شکل، زیبا، خوشنما، دیدہ زیب۔

خوش سابِقہ: جس کے سابقہ حالات اچھے ہوں، جس کی روداد اچھی ہو۔

خوش ساخت: اچھی بناوٹ والا۔

خوش سُخَن: خوش زبان، خوش بیان۔

خوش سُلُوک: خوش رفتار، اچھے طور طریقےوالا۔

خوش سَلیقہ: باسلیقہ، مہذب، باتمیز۔

خوش سِیرت: جس کا کردار اچھا ہو، نیک، اچھے اوصاف والا۔

خوش صَدا: خوش آواز، شیریں آواز والا، خوش کن سروں میں گانے والا۔

خوش صُحبت: اچھی معقول باتیں کرنے والا جس کی گفتار دل نشین ہو۔

خوش صُورت: خوبصورت۔

خوش طالِع: خوش نصیب۔

خوش طبع: اچھی طبیعت والا، خوش مزاج۔

خوش طبعی: خوش مزاجی۔

خوش طَعم: خوش مزہ، لذیذ۔

خوش طِینَت: اچھی فطرت والا، نیک دل۔

خوش ظاہر: جو ظاہر میں اچھا ہو، جس کا ظاہری کردار اچھا ہو۔

خوش عَلَف: اچھے یا ناپسندیدہ کھانوں کی تمیز کیے بغیر کھانے والا، عام طور سے یہ ترکیب جانوروں کے لیے استعمال ہوتی ہو جیسے گاو خوش علَف۔

خُوش عَہد: وعدہ وفا کرنے والا۔

خوش فِطرت: نیک فطرت، نیک سرشت۔

خوش فطرتی: نیک طبعی، نیک فطرت۔

خوش قَد: اچھے قدو قامت والا۔

خوش قَدَم: مبارک قدم، جس کے آنے سے خوش بختی کا ظہور ہو۔

خوش قلب: نیک دل۔

خوش قَلَم: خوبصورت لکھنے والا، خوش قطع، خوش وضع

خوش قولی: ایفاے وعدہ۔

خوش قیافِہ: جس کے چہرے کے احساسات خوشنما ہوں

خوش کِردار: اچھے کردار والا۔

خوش کلام: خوش صحبت، اچھی پُر لطف باتیں کرنے والا

خوش گام: خوش خرام، جس کی رفتار میں دلربائی ہو۔

خوش گذران: جس کی گذر اوقات اچھی ہو۔

خوش گذرانی: اچھی گزر اوقات۔

خوش گفتار: دل نشین باتیں کرنے والا۔

خوش گِل: خوبصورت، زیبا، رعنا۔

زن خوش گل: خوبصورت عورت۔

خوش گلی: خوبصورتی، زیبائی، رعنائی۔

خوش لِحن: خوش آہنگ، خوش آواز، سُریلا۔

خوش لفظ: اچھی زبان اختیار کرنے والا۔

خوش لگام: فرماں بردار، اطاعت گزار۔

خوش لہجه: جس کا لہجہ اچھا ہو۔

خوش مزِگی: پرلطف، دلکشی۔

خوش مزه: لذیذ، مزیدار، پرلطف، دلچسپ۔

حکایتِ خوش مزه: دلچسپ حکایت۔

خوش مُعامله: خوش حساب، لین دین کا کھرا۔

خوش مشرَب: ملنسار، محبت پسند، بے تکلف بات چیت کرنیوالا، اچھا سلوک کرنے والا۔

خوش مَنِش: اچھی فطرت والا۔

خوش منظر: خوشنما، خوش اندام منظر جو نظر کو بھائے، دل پسند۔

خوش نَشین: نیا ہمسایہ، نیا آکر بسنے والا۔

خوش نغمه: سُریلا، دلکش انداز میں گانے والا۔

خوش نَقش: خوش نصیب۔

خوش نَقشی: خوش بختی۔

خوشنما: خوبصورت، دل کو اچھا لگنے والا۔

خوش نَمَک: جس کھانے میں نمک مناسب ہو اور لذیذ ہو۔

خوش نوا: سُریلا، دلکش، انداز میں گانے والا۔

خوش نواز: اچھا ساز بجانے والا۔

مطرب خوش نواز: دلکش آواز میں گانے والا۔

خوشنُود: خوشحال، خوش، مطمئن۔

مُعلّم از و خوشنود بود: استاد اس سے مطمئن تھا۔

خُوشنُودی: خوشی، اطمینان۔

خوش نویس: اچھا لکھنے والا، خوش خط، کاتب۔

خوش نهاد: نیک فطرت، نیک سرشت۔

خوش نیّت: اچھی نیّت یا ارادے والا۔

خوش وقت: خوشحال، خوش، مسُرور، شاد۔

خوش وقتی: خوشی، شادمانی، مسرت۔

خیلی ازیں بابت اظهار خوش وقتی میکرد: اس کی بابت وہ بڑی خوشی کا اظہار کرتا تھا۔

خُوشه: سِٹا، گچھا، اناج کی بالی۔

خُوشه چین: گرے ہوئے خوشے یا گچھے میں سے دانے نکالنے والا، ادبی سرقہ کرنے والا۔

خُوشه چینی: گچھے سے دانے نکالنا، ادبی سرقہ کرنا۔

خُوش ہوا: خوشگوار موسم۔

خُوش ہَیکل: اچھے قدو قامت والا، خوش اندام۔

خُوشیدَن- خشکیدَن: خشک کرنا، خشک ہونا۔

خُوشیده: جو خشک ہوا ہو۔

خَوض: (ع) غور، گہری، توجہ۔

خَوف: (ع) ڈر، بیم۔

خوفناک: خطرناک۔

خُوک: سُور۔

خُوکاره: خُوگر، عادی۔

خُوک بان-خوک چران: سوروں کے گلے کو چرانے والا۔

خُوگر: عادی۔

خُوگرِفتگی: عادت۔

خُوگرفتہ: عادی۔

خُوگیر: عادی، خوگر۔

خَول: (ع)(۱)اللہ تعالی کی عطا و بخشش، نعمت، بندہ، کنیز، خدم و حشم۔

خُول: پتنگ۔

خُولنجان: درخت تانبول کی جڑ جس کے ریشے دوا کے کام آتے ہیں۔

خَولہ: ترکش۔

خَولہ: خالی، تہی۔

خُون: لہو۔

خون آمدن-خون افتادن: خون نکلنا۔

خون بجوش آمد: مشتعل ہوگیا، ہمدردی کا جذبہ برانگیختہ ہوا۔

خون خریدن: خون کا کفارہ ادا کرنا۔

خون خواستن: انتقام لینے کی فکر میں ہونا۔

خون خوردن: سخت مصیبت میں مبتلا ہونا، بہت مصیبت برداشت کرنا۔

خون ریختَن: خون بہانا، قتل کرنا۔

خون کردن: قتل کرنا۔

خون گریستن: مصیبت میں درد بھرے آنسو بہانا۔

خوناب: کنایہ ہے درد بھرے آنسوؤں کا۔

خُون آشام: خون کا پیاسا۔

خُون آلُودہ-خون آلُودہ: خون میں لت پت، خون میں لتھڑا ہوا۔

خون اندُود: خون آلود۔

خُونبار: خون کے آنسو بہانا، المناک حالت میں آنسو بہانا۔

خُون بند: نکلتے ہوئے خون کو روکنے کی دوا۔

خون بہا: خون کا کفارہ، تاوان، قصاص۔

خون تاوان: خون کا کفارہ۔

خُونخوار: خون آشام، ظالم، قاتل۔

خونخواری: خون کی پیاس، درندگی، بے رحمی۔

خونخوارِہ: خون کا بدلہ لینے کی کوشش کرنے والا۔

خُونخواہی: خون کا بدلہ لینے کی تمنا۔

خونِ دماغ: نکسیر پھوٹنا۔

خونِ رز: انگوروں کا عرق، شراب۔

خون ریز: خون بہانے والا، خون کا پیاسا۔

خون ریزی: خون بہانا، ظلم وستم کرنا۔

خون سرد: ٹھنڈے خون والا، بے اعتنا، لاپروا۔

خون سردی: بے اعتنائی، لاپروای۔

خون سیاؤش-خونِ سیاؤشان: سرخ رنگ کی بیل جس سے سرخ رنگ کا عرق نکلتا ہے یہ بیل ہندوستان، حبشہ اور زنگبار میں پیدا ہوتی ہے۔

خون فِشان: خون کے آنسو رونا، خون بہانا۔

خون گرفتن: خون نکالنا، فصد کرنا۔

خون گرفتہ: جس کا خون لیا گیا ہو، جس کا فصد کیا

گیا ہو۔

خونِ گرم:کنایہ ہے شفیق، مہربان، ہمدرد کا۔

خُون گرمی:شفقت، ہمدردی۔

خون گیر:خون نکالنے والا، فصد کرنے والا۔

خُونی:قاتل۔

خونی:سرخ، خون جیسا، خون آلود، خون سے متعلق۔

خُوہل:ٹیرھا، کج، خمیدہ۔

خوہلی-خوہلگی:کجی، ٹیڑھا پن، خمیدگی۔

خَوی:پسینہ، عرق۔

خوی زدہ:عرق آلود۔

خوی:آذر بائیجان کا ایک شہر۔

خُوی:عادت، خُو۔

خوی آور:پسینہ آور۔

خَوی چین:بنیان جو قمیض کے نیچے پہنی جاتی ہے، پسینہ جذب کرنے والی۔

خوید:جو یا گندم کا پودا جس میں ابھی خوشہ نہ آیا ہو۔

خِویش:اپنا آپ، خود، اپنےعزیز، خاندان، قبیلہ۔

خویشاوَند:رشتے دار، قرابت دار، اعزا و اقربا۔

خویشاوَندی:رشتے داری، قرابت داری۔

خِویشتَن:اپنا آپ۔

خویشتن را نباید ستُود:خود اپنی تعریف نہیں کرنی چاہیے۔

خویشتن بین:خود بین۔

خویشتن بینی:خود بینی۔

خویشتن دار:بردبار، خوددار۔

خوِیشتن سِتائی:خود ستائی، خود اپنی تعریف کرنا۔

خویشی:اپنائت، رشتہ داری۔

خوی گیر:پسینہ جذب کرنے والا کپڑا۔

خَہ:کلمہ تحسین، خوب! واہ!۔

خَہ خَہ:بہت خوب، بہت عمدہ، آفرین، شاباش۔

خُہر:وطن، منزل۔

خَہی:آفرین، شاباش، واہ واہ۔

خی- خیك:مشک جس میں سقہ پانی بھرتا ہے۔

خیك آب:پانی کی مشک۔

خیابان:شہر یا باغ کی کُشادہ اور ہموار راہ، سڑک۔

خِیابان بندی:چھل قدمی کے لیے سیرگاہ بنانا۔

خیار:(ع) کھیرا۔

خیار:(ع) اختیار، پسند، انتخاب۔

خیار چنبرَ:کھیرے کی ایک قسم جو لمبا ہوتا ہے۔

خیارزار:کھیروں کا کھیت۔

خیار شنبَر:خیار چنبَر کھیر ے کی ایک قسم۔

خیارَك:ورم یا گومڑی جو ران کی جڑ میں یا بغل میں نکل آتی ہے۔

خِیارَہ:کنگرہ، دندانہ۔

خیارہ دار:دندانہ دار۔

خیّاط:(ع) درزی۔

خِیاط:(ع) سوئی۔

خِیاطت:(ع) کپڑے سینا۔

خَیاطی:(ع) کپڑے سینے کا کام۔

خِیال:(ع) سوچ، تصور، فکر، وہم، رائے۔

بخیال اُفتادن:سوچ میں پڑنا۔

بخیالم افتادکہ در آنجادعوت دارم:مجھے یاد آیا کہ وہاں میری دعوت ہے۔

تُوی برابر من یا خیال در نظرم:تو میرے ساتھ کھڑا ہے یا میری نظر میں کوئی پیکر خیالی ہے، یا وہم ہے۔

خیال باف:عالم بیداری میں خواب دیکھنے والا، خیالی پلاؤ پکانے والا۔

خیال بستَن:خیال باندھنا، منصوبہ بنانا۔

خیال بند:خیال ساز، خیال باف۔

خیال بندی:خیالی تصویریں بنانا، خیالی پلاؤ پکانا۔

خیالِ خام:فضول خیال جس کے پورے ہونے کا امکان نہ ہو۔

خیالی:تصوری، وہمی، فرضی، قیاسی، ظَنی۔

خیاَم:(ع) خیمہ دوز، خیمے بنانے والا۔

خیام:(ع) خیمہ نشین، ایران کے مشہور رباعی نویس شاعر عمر خیام۔

خِیانَت:(ع) بددیانتی، بے ایمانی۔

خیانت ورزیدن:بددیانتی کرنا۔

کاربای خیانت آمیز:بددیانتی کے کام۔

خِیانَت کار:جس کا پیشہ ہی بددیانتی ہو۔

خِیانَت کارانہ:بددیانتی، بے ایمانی۔

خیانت گر:خیانت کار، بددیانت۔

خِیانت گری:خیانت کاری، بددیانتی۔

خیاواں:خیابان۔

خَیبَت:(ع)ناامیدی، ناکامی، زیاں کاری۔

خیبَر:مدینہ منورہ سے قریب یہودیوں کا قلعہ تھا جو مسلمانوں نے فتح کیا۔

خَیبرگیِر: خیبر فتح کرنے والے دلاور، حضرت علی (رض) کا لقب۔

خَیبری:خیبر سے متعلق۔

خِیتال:شوخی، مزاح، دروغ۔

خَیج-خیش:جوا جو زمین جوتنے کے لیے بیلوں کی گردن پر ڈالا جاتا ہے۔

خَیدَع:(ع) جس کی دوستی پر اعتماد نہ کیا جاسکے۔

خِیدَن:خمیدَن، جُھکنا۔

خِیدہ:جھکا ہوا، جسے خم ہو گیا ہو۔

خَیر:نیکی، بہتری۔

برای خَیر عموم این کار راکرد:عوام کی بہتری کے لیے اس نے یہ کام کیا۔

خَیرَ الأموراوسَطُها:درمیانی راستہ اختیار کرنا بہتر ہے۔

خیردیدَن:برکت پانا، کامیابی حاصل ہونا۔

خیرِعامہ:خیر عموم، عام لوگوں کی بھلائی کا کام۔

خَیر مَقدم:استقبال، پذیرائی۔

خَیر:نفی کے معنوں میں بھی استعمال ہوتا ہے، نہ نہیں۔

خَیِّر:(ع) سخی، نیک، زاہد، عابد، کریم النفس۔

خیرات:(ع) سخاوت، نیکیاں، نیک کام، نیکوکاری۔

خَیراتی:(ع) سخی، مخیَّر، فیاض، نیک دل، کریم النفس۔

خیرُالانام:(ع) انسانوں میں بہترین، حضرت رسول کریم(ص)۔

خیراندیش: خیرخواہ، بھلائی کی بات سوچنے والا، فیض رساں، کریم النفس، مخیرّ۔

خیراندیشی: خیر خواہی، فیض رسانی، دوسروں کی بھلائی کی بات سوچنا۔

خیر خواہ: خیر اندیش، فیض رساں، مخیرّ۔

خیر خواہانہ: خیر خواہی سے، خیراندیشی سے۔

نصائح خیر خواہانہ: خیر خواہی کے لیے نصیحتیں بھلائی کی نصیحتیں۔

خیر خواہی: خیراندیشی، دوسروں کی بھلائی چاہنا، فیض رسانی، کریم النفسی۔

خیرگی: (۱) ڈھٹائی، دیدہ دلیری، (۲) آنکھوں کا چندھیانا، دھند لاپن (آنکھوں کا) تحیرّ۔

خیرمآل: نیک انجام۔

خیروک: گُل شب بو۔

خیرہ: آنکھوں کا چندھیانا۔

چشمش از آفتاب خیرہ شد: اس کی آنکھیں آفتاب کی روشنی سے چندھیا گئیں۔

خیرہ: (ع) آنکھیں پھاڑ کر دیکھنا۔

خیرہ: ضدی، سرکش، گستاخ، بے شرم۔

این بچہ خیلی خیرہ است: یہ بچہ بہت گستاخ ہے۔

خیرہ: حیران، پریشان۔

خیرہ شدن: حیران ہونا۔

خیرہ ماندن: حیران ہونا یا خوفزدہ ہونا۔

خیرہ نگاہ کردن-خیرہ نگریستن: پتھرائی ہوئی آنکھوں سے دیکھنا، حیرت سے دیکھنا۔

خیرہ چشم: شوخ، گستاخ، ڈھیٹ، بے ادب، دریدہ دہن، منہ پھٹ، بدلگام۔

خیرہ چشمی: گستاخی، بے ادبی، دریدہ دہنی، بد لگامی۔

خیرہ خیرہ: پتھرائی ہوئی آنکھوں سے دیکھتے ہوئے۔

خیرہ درا: احمق، بے وقوف۔

خیرہ رُو: بے حیا، بے شرم۔

خیرہ رُوی: بے حیائی، بے شرمی۔

خیرہ سَر: خودسر، ضدی، بے باک، بے پروا، آشفتہ، پریشان۔

خیرہ کُش: ظالم، بیرحم، آدم کُش، بلاسبب خونریزی کرنے والا۔

خیری: ایک قسم کا خوش رنگ پھول، گل شب بو۔

خیرَیت: اچھائی، بہتری۔

خَیریّہ: (ع) نیکی کے کام۔ فلاح و بہبود کے کام۔

موسّسات خیریّہ: فلاح و بہبود کے کام۔

خیز- خیزیدَن: کودنا سے فعل امر، اُٹھ کُود، چھلانگ لگا۔

خیزآب: موج، نہر۔

خیزان: اٹھتے ہوئے۔

خیزاندَن-خیزانیدَن: اٹھانا، بلند کرنا۔

خیزران: بید کا درخت۔

چوبِ خیزران: بید کی چھڑی۔

خیزیدَن: اٹھنا۔

خیس: بھیگا ہوا،

خیس کردن: بھگونا۔

خیس شدَن: بھیگ جانا۔

خیساندہ: بھگویا ہوا۔

خیسیدَن: بھگونا۔

خیسیدہ: بھگویا ہوا۔

خیش: ہل، جوآ جو بیلوں کی گردن پر رکھا جاتا ہے۔

خیش زدن: قلبہ رانی کرنا، ہل چلانا۔

خَیش: ایک قسم کا کُھردرا کپڑا۔

خَیش خانہ: موسم گرما گزارنے کی قیام گاہ، جو خس وغیرہ سے بنائی جاتی ہے۔

خَیشُوم: (ع) ناک، ناک کے اندر کی کُرکُری ہڈی۔

خیط: (ع) سلک، خیوط جمع۔

خیطِ ابَیض: کنایۃً سفیدہ سحر۔

خیطِ اسَود: رات کا اندھیرا۔

خیف: (ع) دامن کوہ کی پستی و بلندی۔

خیك: مشک۔

خیکچہ: مشکیزہ۔

خَیل: گھوڑوں کا گلہ، سواروں کا گروہ، خیول جمع۔

خَیل تاش: ایک ہی گروہ کے افراد۔

خَیل خانہ: خاندان۔

خیلان: داغ، تل، خال، مہا سے۔

خَیلی: زیادہ، کثرت، فراواں۔

خیلی خوب: بہت اچھا۔

خیم: (۱)فطرت، طبیعت، مزاج، خصلت، (۲)بدخو، دیوانہ۔

خیَم: (ع) خیمہ کی جمع۔

خَیمہ: (ع) تنبو، سائبان۔

خیمہ دُوز: خیمے بنانے والا۔

خیمہ شب بازی: تماشہ یا پتلیوں کا تماشہ جس جگہ ہو۔

خیمہ کبُود: آسمان۔

خیمہ کردن–خیمہ گستردن: خیمہ لگانا، ڈیرا جمانا۔

خیمہ نشین–چادرنشین: خیمہ میں رہنے والے، خانہ بدوش جو اپنے کاروبار کے سلسلے میں پھرتے پھراتے ہیں اور جہاں مناسب سمجھتے ہیں خیمے نصب کرلیتے ہیں۔

خیو: لعاب دہن۔

خیُول: (ع) خیل کی جمع، اسپ سوار۔

خیوہ: خوارزم، بحیرہ خزر کا ساحلی ملک۔

خیوی: زیادہ لعاب دہن۔

د

د۔ فارسی ابجد کا دسواں، اردو کا گیارہواں اور عربی کا آٹھواں حرف، ابجد کے حساب سے اس کے ۴ عدد ہیں۔

داء: (ع) بیماری، مرض۔

داء الأسَد: (ع) جذام کی بیماری، برص۔

داءُ الثّعلبَ: (ع) بیماری جس سے سر کے بال گرجاتے ہیں۔

داءُ الحَیّہ: جلد کی بیماری۔

داءُ الخَمر: (ع) خوف، ہذیان، سراسیمگی۔

داءالخَنازیر: (ع) کنٹھ مالا، گلسوا۔

داء الذّقن: (ع) ایک قسم کی بیماری جس سے ٹھوڑی میں خارش پیدا ہونے لگتی ہے۔

داء الذّئب: (ع) بیماری جس میں بھوک بہت لگتی ہے۔

داءُ الرّقص: (ع) بچوں کی ایک بیماری، ام الصبیان پسلی کی بیماری۔

داءُ القرفیر: (ع) ایک بیماری جس سے جسم پر نیلے یا ارغوانی رنگ کے داغ پڑ جاتے ہیں۔

داءُ الفیل: (ع)بیماری جس سے پنڈلی سوج جاتی ہے۔

داءُ الکلب:(ع) (۱)کتے کے کاٹنے کی بیماری (۲)پانی سے خوف آنا۔

داب:عادت، کام، جدوجہد۔

داب:شان و شکوہ، تزک و اِحتِشام، خود نمائی۔

دابِر:(ع) نتیجہ، پچھلا حصہ، بنیاد، پیرو۔

دابہ:جانور جن پر سواری کے ساتھ بوجھ بھی لادا جاتا ہے۔

دابّۃ الارض:(ع) دیو پیکر جانور۔

داثِر:(۱)بے توجہ، سہل انگار، غافل، غفلت شعار۔

داج:(ع)(۱)بوجھ اٹھا کرلے جانے والا ملازم (۲)اندھیرا، تاریک رات۔

داچَك:گوشوارہ۔

داحِس:(ع) انگلی کی سوجن، آماسِ انگشت، ناخن کے قریب انگلی پر آماس ہونا۔

داحِض:(ع) لرزنے والا، جس سے لغزش ہوتی ہے، باطل۔

داحُول:(ع) وہ سازو سامان جو صیاد شکار کرنے کے لیے ترتیب دیتا ہے۔

داخِل:(ع) اندر، اندرون آنے والا، وارد ہونے والا، شامل۔

داخِل مُملکت:مملکت کا اندرونی حصہ۔

خودرا دا خل نزاع نکنید:اپنے آپ کو اس لڑائی میں شامل نہ کیجیے۔

داخِلہ:اندرونی۔

اُمورِ داخِلہ:ملکی معاملات، ملک کے اندرونی معاملات۔

وزارتِ امور داخلہ:ملک کے اندرونی معاملات کی وزارت۔

داخلی:اندرونی، ملکی، گھریلو۔

عایداتِ داخلی:داخلی مالیات۔

داد:(۱) فریاد و فغان، انصاف کی التجا، (۲)عطا و بخشش (۳)بہرہ، نصیب۔

ای داد:میری مدد کو آؤ۔

بداد کسی رسیدن:کسی کی تکلیف کے ازالے کی کوشش کرنا۔

داد خواستن:انصاف چاہنا۔

داد دادن:انصاف کرنا، فریادی کی حق رسی کرنا۔

داد زدن:نالہ و فریاد کرنا۔

داد کسی گرفتن:کسی مظلوم کی تکلیف کا ازالہ کرنا۔

داد:دینے کا عمل، تحفہ، نعمت۔

خداداد:عطائے خداوندی، خدا کا دیا ہوا، نعمت خداوندی۔

داد و ستِد:دینا لینا، معاملہ خصوصاً تجارت کا سمجھوتا۔

دادوسِتَدکردن:تجارتی معاملہ کرنا، کاروبار جاری کرنا، گفت و شنید کرنا، گفت و شنید سے معاملہ طے کرنا۔

دادا:آیہ۔

دادار:خداوند تعالی، فریاد رس، بخشنے والا۔

داداش:(ت) بھائی، برادر۔

داد آفرید-داد آفرین:خداوند تعالی۔

دادباختہ:جس کے خلاف عدالت سے حکم صادر ہوا ہو۔

داد بخش:انصاف کرنے والا، منصف۔

داد بخشی:عدل، انصاف۔

داد بُردہ:جس کے حق میں عدالت نے فیصلہ دیا ہو۔

داد پُرس:داد خواہ۔

داد خواست: داد خواہی، انصاف چاہنا۔

داد خواہ: داد چاہنے والا، انصاف کا طالب، مدعی۔

داد خواہی: انصاف چاہنا۔

داد خواہی کردن: انصاف چاہنا۔

دادر: بھائی، برادر۔

دادر: دادار۔

داد رس: فریادی کی حق رسی کرنے والا۔

داد رسی: حق رسی، چارہ سازی، حق رسائی، تلافی۔

دادستان: انصاف کرنے والا، فریاد رس۔

دادسرا: فریادی کی چارہ سازی کرنے والا، داد گستری کا ادارہ عدالت۔

داد فرما: دادرس، فریاد رس، انصاف کرنے والا۔

دادگاہ: انصاف، عدلیہ، عدالت۔

دادگاہ بخش: عدالت جس میں دعوے پیش کیے جاتے ہیں۔

دادگاہ شہرستان: بڑی عدالت، ہائی کورٹ۔

دادگاہ نظامی: فوجی عدالت۔

دادگر: انصاف کرنے والا، عادل، صفت باری تعالی۔

دادگری: انصاف ، عدل۔

داد گستری: انصاف کرنا۔

دادگیر: انصاف پانے والا۔

دادَن: دینا۔

دادنامہ: کاغذ جس پر عدالت کا فیصلہ درج ہو۔

دادنی: جو دینا ہو، جو ادا کرنا ہو، رقم جو ادا کرنی ہو۔

دادُو: قدیمی ملازم یا معلّم۔

دادوبیداد: ظلم کے خلاف فریاد، ستم دیدہ کی آہ فغان، چیخ و پکار۔

دادودہش: عطاو بخشش۔

دادوَر: دادگر، انصاف کا انتظام کرنے والا، عادل۔

دادوستَد: دینا لینا، تجارتی معاملہ، خریدو فروخت۔

دادوَند: یکساں، برابر، با اعتدال۔

دادہ: جو دیا گیا ہو۔

دادیار: وکیل عمومی۔

دار: سولی، پھانسی، پھانسی کا قالب جس پر پھانسی دی جاتی ہے۔

دارزدن: پھانسی دینا۔

دار: رکھنے والا، عموماً لاحقے کے طور سے استعمال ہوتا ہے مثلاً کتابدار، کتابیں رکھنے والا، لائبریرین۔

دار: (ع) گھر، احاطہ، مقام۔

دارُالاخِرَت: (ع) عاقبت، دنیاے آخرت۔

دارالادَب: (ع) جہاں ادب و اخلاق کی تربیت دی جاتی ہے، سکول، درسگاہ، اکیڈیمی۔

دارُ الاعانَت: (ع) اعانت خانہ، جہاں مستحقین کو مدد دی جاتی ہے۔

دارالامارِہ: (ع) دارالسلطنت۔

دارالامان: (ع) امن و سلامتی کا مقام، دارالسلام۔

دارالانشاء: (ع) جہاں مراسلےاور فرامین لکھے جاتے ہیں۔

دارُالاَیتام: جہاں یتیموں کی پرورش کی جاتی ہے اور تربیت کی جاتی ہے، یتیم خانہ۔

دارُالبقا: (ع) دُنیا جو ہمیشہ قائم رہیگی، دنیاے ابد، دنیاے آخرت۔

دارالبَوار: (ع) جہنم، دوزخ۔

دارُالتَّدریس: (ع)درسگاہ، سکول،مدرسہ، مکتب۔

دارالتَّرجمہ: (ع) دفتر جہاں ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمے کا کام ہوتا ہے۔

دارُالحَرب: (ع) جنگ کا مقام۔

دارالحُزن: (ع) جہاں کے لوگوں کو رنج و اندوہ سے سابقہ ہو۔

دارالحکُومت: (ع) دارالسلطنت۔

دارالخلافہ: (ع) خلافت کے عہد کا دارالسلطنت۔

دراالخُلد:(ع) آخرت، دنیاے آخرت۔
دارالرِّضاعة:(ع) جہاں نوزائیدہ بچوں کی نگہداشت اور پرورش کیجاتی ہے۔
دارالشَّرع:(ع) جہاں شریعت کی رو سے فیصلے ہوتے ہیں۔
دارالشِّفا:شفاخانہ، ہسپتال۔
دارالشُّوری:(ع) مقام جہاں مشاورت ہوتی ہے، لوگوں کے نمایندوں کی مجلس۔
دارالصِّفا:(ع) خانہ کعبہ۔
دارالضَّرب:(ع) جہاں سکے ڈھالے جاتے ہیں، ٹکسال۔
دارالضِّیافت:(ع) مہمان خانہ، جہاں مہمانوں کی پذیرائی ہوتی ہے۔
دارالطباعَت:(ع) چھاپا خانہ۔
دارالعَجزہ:(ع) معذوروں محتاجوں کی پناہ گاہ
دارالعلم:(ع) سکول، کالج، دانشکدہ۔
دارالعُلوم:یونیورسٹی، دانشگاہ۔
دارالعِیار:(ع) پرکھنے کی جگہ۔
دارالغِرار:(ع) خانہ فریب مجازاً دنیا۔
دارالفَنا:(ع) دارفانی، فانی دینا۔
دارالفُنون:(ع) یونیورسٹی، دانشگاہ۔
دارُ القرار:(ع) ہمیشہ ٹھہرنے کی جگہ، آخرت، دنیاے ابد۔
دارالقَضا:(ع) عدلیہ۔
دارُالمجانین:(ع) پاگل خانہ۔
دارالمرض:(ع) بیمارستان، ہسپتال۔
دارالمساکین:(ع) مسکینوں محتاجوں کے رہنے کی جگہ۔
دارُالمعلّمین:(ع) استادوں کے لیے تعلیم و تربیت کا ادارہ، نارمل سکول، ٹریننگ کالج۔
دارالمُلك:(ع) دارالسلطنت۔
دارالنَّدوَہ:(ع) مجلس مشاورت۔

دارالنِّعَم:نعمتوں کا مقام۔
دارالوکالہ:(ع) وکالت خانہ۔
دارا:ایران قدیم کا شنہشاہ، داریُوش۔
دارا:مالدار، ثروت مند۔
داران-دارین:دنیا و آخرت
دارای:ملکیت، دولت، ثروت۔
دارای:ایک قسم کی سلک۔
دارباز:قلاباز، رسی پر ناچنے والا۔
داربام:شہتیر۔
داربزین:جالی جو گھر کے اگلے حصے میں لگائی جاتی ہے، احاطہ بندی۔
داربسّت:جعفری، تار وغیرہ کی جالی، لکڑی کا خانہ دار پردہ۔
داربُوی:عُود کی لکڑی جس کے جلنے سے خوشبو آتی ہے
دارپِلپِل:دار فلفل:لمبی مرچ۔
دارپرنیاں:بقم، ایک درخت ہے جس کی لکڑی سرخ رنگ کی ہوتی ہے اور پھل کا رنگ بھی سرخ ہوتا ہے، اس سے سرخ رنگ حاصل کرتے ہیں اور اس سے پشم اور سلک کو رنگ دیتے ہیں۔
دارتُو:دُرد جو شراب کے برتن میں تہ نشین ہو جاتا ہے۔
دارچین:دارچینی جو مسالے میں کام آتی ہے، مسالے کا ایک جزو۔
دارخُور:میوہ دار پودا جسے ابھی پیوند نہ کیا گیا ہو۔
داردان:زمین جہاں دانے بوتے ہیں یا قلمیں لگاتے ہیں اور جب وہ پودے اگتے ہیں تو انھیں ضرورت کے مطابق اور جگہوں پر جا لگاتے ہیں، نرسری۔
دارزرد:زرد لکڑی۔
دار شکنَك:داركوب، نیچے دیکھیے۔
دار فلفل:لمبی مرچ۔
دارکُوب:ایک پرندہ ہے جو چونچیں مار مار کر درخت کے تنے کے حشرات نکال کر کھاتا ہے۔

دارموش: سم الفار، ہڑتال، سنکھیا

دارندگی: مال و دولت، ثروت

دارندہ: رکھنے والا، دولت مند، امیر

دار النّعیم: (ع) نعمتوں کا مقام، بہشت

دارو: دوا

دارو بَرد: کروفر، گیرودار، جنگ کے موقع کی ہیاہو، غوغا

دارو خانہ: دواخانہ، دواؤں کا سٹور، دواؤں کا سٹور یا ڈسپنسری

دارو دستہ: خدم و حشم، قوم قبیلہ، ہوا خواہاں، بہی خواہان

دارُو شناس: دواؤں کا علم رکھنے والا، دوا ساز

دارو شناسی: دوا شناسی، دواؤں کا علم

دارُوغگی: بزرگانہ دیکھ بھال

داروغہ: اپنی جماعت یا گروہ میں بزرگ تر، گاؤں کا بزرگتر شخص، نمبردار، سابقہ زمانے میں داروغہ پولیس افسر کے معنوں میں آتا تھا جو شہر کے ملازمان پولیس کا بڑا افسر ہوتا تھا

داروگر: دوا ساز

دارو گیر: گیر و دار، پکڑ دھکڑ

دارَین: دنیا اور دنیاے آخرت

داس: درانتی

داستار: دلال، دکاندار جو گھر کے سازوسامان کی خرید و فروخت کراتا ہے

داستان: کہانی، قصہ، حکایت، رومان، داستان رستم و سہراب: رستم اور اس کے بیٹے سہراب کی کہانی

داسفالہ، داسگالہ: چھوٹی درانتی

داسہ: گندم کے سٹے، سٹوں کی شاخیں

داسی: درانتی نما، خمیدہ، ٹیرھی

داش: بھٹا جس میں اینٹیں پختہ کی جاتی ہیں، آتش خانہ، کمہارکی بھٹی

داشاب: عطا و بخشش

داشاد: عطا و بخشش، صلہ، انعام

داشتن: رکھنا

باز داشتن: روکنا

برداشتن: اٹھانا

من پول نداشتم: میرے پاس پیسے نہ تھے میرے پاس رقم نہ تھی

داشتہ: رکھی ہوئی چیز

داش خار، داشخال: زنگار جو لوہے کو لگ جاتا ہے۔

داشن: داشاد، تحفہ، انعام

داشن: نیا سلا ہوا لباس جو ابھی پہنانہ گیا ہو، نیا تعمیر شدہ مکان جس میں ابھی اقامت اختیار نہ کی گئی ہو

داعی: (ع) دعوت دینے والا، بلانے والا، دعا گو، موذّن

داعیہ: (ع) خواہش، وجہ، سبب، علّت، دعوی، نیت، دواعی جمع

داغ: نشان، رنج و اندو وہ داغ جو تپتے ہوئے لوہے سے گھوڑے یا کسي اور جانوز کو لگایا جاتا ہے

داغت را نہ بینم: خدا تمہیں اپنی امان میں رکھے کسی قسم کا دکھ نہ ہونے دے

داغ دل: دکھ، تکلیف،

داغ دل از کسی گرفتن: کسی سے انتقام لینا

داغ دیدن: کسی عزیز کی موت پر دل آرزدہ ہونا

داغ کردن: تپتے ہوئے لوہے سے داغنا

داغان: پراگندہ، بکھرا ہوا

داغ آہن: تپتے ہوئے لوہے کا داغ جو گھوڑے یا کسی اور جانور کو لگایا جائے۔
داغدار: جس پر نشان لگے ہوں، خجل، پشیمان، دکھی
داغدیدہ: جس نے کسی عزیز کی موت کا صدمہ برداشت کیا ہو
داغستان: بحیرہ خزر سے آگے کا ملک جواب مملکت روس میں شامل ہے، علی قلی والہ داغستانی وہیں کے رہنے والے تھے
داغسر: جس کے سر کے بال اوپر سے اڑے ہوئے ہیں
داغگاہ: جہاں تپتے ہوئے لوہے سے گھوڑوں کو داغتے ہیں
داغول: مکار، حیلہ گر، فریبی
داغی: گرمی، حدّت، گھوڑا جسے تپتے ہوئے لوہے سے داغا گیا ہو
داغینہ: کہنہ، پرانا، مستعمل۔
داغینہ: گرم لوہے کا داغ، داغ آہن۔
دافع: (ع) دفع کرنے والا، دور کرنے والا
این دوا دافع بسیاری از امراض است: یہ دوا بہت سی بیماریوں کو دور کرتی ہے
دافق: پانی جو تیزی سے کہیں سے گرتا ہے اور بہنے لگتا ہے
دال: شکاری پرندہ، عقاب
دال: (ع) دلیل، دلالت کرنےوالا، رہنمائی کرنے والا
این دال بر حمایت اوست: یہ دلیل اس کی حمایت میں ہے
دالان: صحن، غلام گردش، ڈیوڑھی
دالاندار: کاروانسرائے جس کی تحویل میں ہو
دالانداری: کاروانسرائے کی تحویل
دال بر: کناری لگانے والا، آرائشی کورلگانے والا مغزی لگانے والا، زنانہ لباس کو حاشیہ لگانے والا
دام: جال، کمند
دام انداختن: جال ڈالنا
دامِ تزویر نہادن: دام پھیلانا
دام عنکبوت: تارعنکبوت، مکڑی کا جالا
دام نہادن: جال پھیلانا
دام: (ع) دائم، ہمیشہ، دوام
دام: غیر درندہ حیوان مثلاً، گائے، بھیڑ بکری، گھوڑا، اونٹ وغیرہ
داماء: (ع) بحر، سمندر، دریا
داماد: بیٹی کا خاوند
دامان: دامن، لباس کا نچلا حصہ، کسی چیز کا حاشیہ مثلاً دامن صحرا، دامن کوہ
دام پزشک: جانوروں کا معالج
دامِغ: (ع) اعتدال پسند، پرہیزگار
دامدار: جس کا پیشہ پالتو جانوروں مثلاً گائے بھینس، بھیڑ، بکری کی خرید و فروخت ہو (۲) صیاد جو دام بچھا کر جانوروں کو پکڑتا ہے
دامداری: (۱) پالتو جانورں کی خرید و فروخت (۲) دام بچھانا
دام ساز: جال بننے والا
دامسازی: جال بننا
دامِع: (ع) اشک ریز، آنسو بہانے والا
دامغان: تہران کے شمال مشرقی شہر کا نام
دامغول: غدود جو جلد کے نیچے پیدا ہو جاتی ہے
دام کشی: جال پھیلانا
دام کندہ: جو جال میں سے بھاگ نکلا ہے
دامگاہ: وہ جگہ جہاں دام بچھائے جاتے ہیں

دامن: لباس کا نچلا حصہ، قمیص کا نچلا حصہ

پاک دامن: نیک، پارسا، پرہیز گار

دامن آلودہ: تردامن، کنایہ ہے بدکار شخص کا

دامن برافشاندن: حرکت کرنا، کوچ کرنا، اعراض کرنا

دامن خدمت کسی را برکمر زدن: کسی سے مدد کی درخواست کرنا

دامن درکشیدن: اجتناب کرنا

دامن زدن: دامن کی ہوا سے آگ تیز کرنا

دامنِ شب: رات کا آخری حصہ

دامن فراخ: سخاوت، سخاوت کرنے والا

دامن کسی را گرفتن: رحم کے لیے کسی سے التجا کرنا

دامن کشان: غرور سے چلنا مثال:

ای کہ برما بگذری دامن کشان: ہمارے پاس سے غرور سے گزرنے والے!

دامن کشیدن: بڑے غرور سے چلنا، کام کرنے سے پہلو بچانا، بے تعلق ہو جانا

دامن گیر: ساتھ لگے رہنے والا

دامن گیری: ساتھ چپکے رہنا

دامِنہ: نشیب، نچان، حلقہ، کسی چیز کا کنارہ، دامن

دامنہ علم ہیئت وسیع است: علم ہیئت کا حلقہ بہت وسیع ہے

داموز: ایک بہت بڑا چار گوشہ ٹوکرا، آلہ جس سے برف کو بناتے ہیں

خیمہ دُوز: خیمے بنانے والا۔

دامیار: صیّاد

دان: دانہ، بیج، ثمر دار درخت یا پودے کا بیج

دان: لفظ کے لاحقے کے طور سے استعمال ہوتا ہے مثلاً، قلم دان، قلم رکھنے کی جگہ، گلدان، پھول رکھنے کی جگہ، گلدستہ

دانا: عقل مند، دانشمند

دانایے کل: پروردگار

دانائی: دانشمندی، عقل مندی

دانایان: دانا کی جمع

دانا یانہ: دانشمندانہ، عقل مندی سے

دانج: بیج

دانِست: سمجھ، سوج، علم

دانِستگی: جاننا، دانش

دانستن: جاننا، معلوم کرنا، آگاہی

اوچیزی نمیدانست: وہ کچھ بھی نہیں جانتا

او وظیفہ خود می دانست: وہ اپنا فریضہ جانتا تھا

دانِستہ: جانتے ہوئے، جان بوجھ کر

دانِش: عقل،علم، دانائی

دانش آموز: علم حاصل کرنے والا

دانش افزا: دانش یا علم و حکمت سکھانے والا، علم بڑھانے پھیلانے والا

دانش پژوہ: علم کی جستجو کرنے والا، طالب علم

دانش جُو: طالب علم

دانش سرا: علم حاصل کرنے کی جگہ، نارمل سکول

دانش سرای عالی: ٹریننگ کالج

دانشکدہ: کالج

دانشکدہ پزشکی: میڈیکل کالج

دانشکدہ حقوق: لا کالج

دانشکدہ کشاورزی: زراعتی کالج

دانشگاہ: یونیورسٹی

دانش گر: دانش ور

دانشمند: عالم فاضل، جسے علم و فضل میں کامل دستگاہ حاصل ہو

دانشمندانہ: عقل مندی سے

بامن دانشمندانہ صحبت کرد: میرے ساتھ اس نے بڑی عقلمندی سے گفتگو کی

دانشنامہ: یونیورسٹی سے حاصل ہونے والی سند

دانشور: دانشمند، عاقل، فرزانہ

دانشومند: دانشمند، عالم، دانا

دانش یار: لیکچرار

دانشی: دانشمند، دانشور

دانک: دانہ

دانگ: چھٹا حصہ

دانگانہ: خرچ کا کچھ حصہ جو مسافروں کو دیا جاتا ہے

دانگو: شوربا یا یخنی جو گندم، مسور، جو، ماش چنوں، لوبیا وغیرہ سے تیار کی جاتی ہے اسے سات دانہ شوربا یا یخنی کہتے ہیں

دانہ: بیج

دانہ افشاندن، دانہ پاشیدن: بیج بکھیرنا

دانہ برچیدن: دانے چننا

دانہ دار: جس میں بیج ہوں یا جو گٹھلی والا ہو

دانہ کش: دانہ چگنے والا پرندہ

دانی: (۱) نزدیک (۲) پست، فرومایہ

دانیال: بنی اسرائیل کے ایک پیغمبر

داؤ: (۱) نوبت، باری، کھیل کی باری (۲) ادعا دعوی

داؤدادن: باری دینا

داو طلب: اپنی باری چاہنے والا، جو شخص اپنی خواہش اور ارادے سے حاضر ہو اور کام اپنے ذمے لے، والنٹیز، رضا کار

داؤد: مشہور پیغمبر حضرت داؤد علیہ السلام، آپ بڑے خوش آواز تھے اور ایسے سوز و گداز سے ذکر الٰہی میں مصروف ہوتے تھے کہ آپ کی آواز سے پہاڑ گونج اٹھتے تھے، پرندوں پر وجد کی کیفیت طاری ہو جاتی تھی

داؤدی: حضرت داؤد (ع) سے متعلق

داؤدی: ایک پھول کا نام ہے

گل داؤدی: داؤدی پھول جس کے پتے مل کر گولائی اختیار کیے ہوتے ہیں، سورج مکھی کی طرح

داور: منصف، حَکَم، قاضی

داورستان: عدالت، کچہری

داوری: عدل و انصاف

داوری گاہ: عدالت

داؤ طلبانہ: رضا کارانہ

داو طلبی: رضا کاری

داوکار: مدعی، دعویٰ کرنے والا

داویدن: ادّعا کرنا، دعوی کرنا

داہ: ملازم، کنیز نیز دس عدد

داہا: غار، درہ

داہل: کھیتوں میں پرندوں کو ڈرانے کے لیے جو شکل کھڑی کر دیتے ہیں

داہم: (ع) دیہیم، تاج، تخت و تاج

داہی: (ع) دانا، زیرک، باہوش

داہیہ: (ع) بہت دانا، زیرک، نیز عظیم کام، مصیبت، حادثہ

دائر: (ع) چلتی حالت میں، پابرجا

آیا آن کارخانہ ہنوز دائر است: کیا وہ کارخانہ اب تک چل رہا ہے

دائر کردن: مستقل بنیاد پر قائم کرنا، شروع کرنا

دائرہ، دایرہ:(ع) گول چکر، حلقہ، حد، مقدار، بسط،
پا از دائرہ ادب بیرون گذاشت:ادب و احترام کی حد سے باہر نکل گیا، ادب و احترام کو نظرانداز کر دیا

دائرہ استوا:خط استوا

دائرہ انقلاب:گہن سے متعلق، دور جس سے سورج گزرتا ہوا معلوم ہوتا ہے

دائرہ مُتَقاطِعہ:ان دو بڑے دائروں میں سے ایک دائرہ جو قطبین پر مستطیل بناتے ہوئے ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں اور خط اعتدال اور خط مدار کو چار برابر کے حصوں میں تقسیم کرتے ہیں

دائرۃ المعارِف:انسائکلوپیڈیا

اردو دائرہ معارف اسلامیہ:اردو انسائیکلوپیڈیا آف اسلام جو جامعہ پنجاب نے شائع کیا ہے

دائرہ کش:پرکار

دائرہ وار:دائرے کی مانند

دائم:(ع) لگا تار، ہمیشہ کےلیے

دائم الخَمر:(ع) مے نوشی کا عادی

دائمی، دایمی:(ع) دوامی، جاودانی، متواتر

دائمیّت:سدا، ہمیشہ، علی الدوام

داین:(ع) قر ضخواہ

دایہ:(ع)نوزائیدہ بچے کی دیکھ بھال کرنے والی عورت

دایہ گری:دائگی، دایہ کا کام

دائی:ماموں

دُبّ:(ع) ریچھ، خرس

دُبِّ اصغر:قطب شمالی کے قریب چند ستاروں سے ترتیب پاکر ریچھ کی شکل بن گئی ہے، چھوٹی شکل کو دُبِّ اصغر کہتے ہیں

دُبِّ اکبر:بڑی شکل کو بنات النعش کبری کہتے ہیں یا دُب اکبر

دبار:(ع) تباہی، بربادی

دبّاغ:(ع) چمڑا کمانے اور رنگنے والا

دباغت:(ع) چمڑا کمانے اور رنگنے کا کام

دباغ خانہ:جہاں چمڑا کمانے اور رنگنے کا کام ہوتا ہے

دباغی:(ع) چمڑا کمانے اور رنگنے کا کام

دباغی شُدہ:چمڑا جو کمایا اور رنگا گیا ہو

دبداب:طبل، ڈھول

دبدبہ:(ع) شان و شوکت، تزک و احتشام، رعب داب

دُبُر:(ع) پشت، پچھلا حصہ، سُرین

دَبر:(ع) جھنڈ میں اڑنا، شہد کی مکھیوں کا ہجوم جو چھتے کی تلاش میں ملک مکھی کے ساتھ جاتا ہے

دَبَران:(ع) چاند کی منزلوں میں سے ایک جو برج ثور کے ستاروں پر مشتمل ہے

دَبرت:(ع) شکست، بد نصیبی

دِبس:(ع) انگوروں، کھجوروں یا شہتوتوں کا شیرہ جو جوش دے کر بنایا جاتا ہے

دبستان:ادبستان، مدرسہ، سکول

دبستانی:سکول کا طالب علم، سکول سے متعلق

دبِش:تیزاب

دبغ:(ع) دباغت

دبِق:(۱) ایک پودا جس کے پتے بادام کے پتوں کی طرح لطیف اور سبزرنگ کے ہوتے ہیں اس کا پھل دانوں کی صورت میں سبز رنگ کا ہوتا ہے جو چنے کے دانوں کے برابر ہوتے ہیں (۲)سریش، چپکنے والی چیز

دبَنگ:بے وقوف، احمق

دبُور:(ع) مغرب کی طرف سے آنے والی ہوا (باد دبُور)

دبُوس:(ع) گرز، لوہے کا گرز جو قدیم زمانے میں اسلحہ جنگ کے طور سے استعمال ہوتا تھا

دَبّہ:دھات کا برتن

دَبّہ:سودا ہو جانے کے بعد قیمت کم کرنے کا مطالبہ، سودے کے وقت بات سے پھر جانا

دبہ درآوردن، دبہ کردن:سودا کرکے بات سے پھر جانا، قیمت کم کرنے کا مطالبہ کرنا

دبیت:سوتی کپڑا جو عام طور پر استر کے طور سے استعمال ہوتا ہے سیاہ ٹول یا ساٹن جو کپڑے کے کناروں پر سی جاتی ہے

دبیتِ مُشکی:سیاہ رنگ کی ٹول

دبیر:(۱)لکھنے والا، انشا پرداز، جو شخص دبیرستان میں شاگردوں کو درس دیتا ہے (۲)معتمد، سیکریٹری

دبیر خانہ:دارالانشا، جہاں بیٹھ کر تحریری کام ہوتا ہے

دبیر فلك:کنایہ ہے عطارد کا

دبیرِستان:ہائی سکول

دبیری:دبیر کا کام، سیکریٹری کا کام، تحریر

دبیقی:(ع) سلک کی ایک قسم

دبیلہ:(ع) آماس، ورم، سوجن

دِثار:(ع) لباس جو دوسرے لباس کے اوپر پہنا جاتا ہے

دثُور:(ع) (۱)سست (۲)دھندلا، ملگجا، تاریک

دُجا:تاریکی

دَجاج:(ع) پالتو جانور، مرغ، مرغیاں

دَجاجہ:(ع) مرغی

دجّال:(ع) کذاب، بڑا دروغ گو، فریب دینے والا، ایک شخص کا نام جو قیامت سے کچھ پیشتر مسیح کذاب بن کر الوہیت کا دعوی کریگا اور بہت سے لوگ اس کے فریب میں آجائینگے

دجّالہ:لوگوں کا بہت بڑا گروہ

دجْل:(ع) جھوٹ، فریب

دجلہ:بغداد کے دریا کا نام

دُجی:(ع) تاریکی، اندھیرا

دُجَیت:(ع) اندھیرا، تاریکی

دُچار:دو چار، اچانک ملنا، آمنا سامنا ہونا

دُخ:(۱) دختر، بیٹی

دَخ:فوجی دستہ نیز خالص، خوب

دِخال:(ع) نیّت، طریق عمل

دِخالت:(ع) (۱)دخل دینا، رکاوٹ پیدا کرنا (۲) شرکت کرنا

دُخان:(ع) دھواں

دُخانی:(۱) دھواں دار (۲)حقہ پینے والا

دخانیات:تمباکو کی بنی ہوئی چیزیں

ادارہ دخانیات:تمباکو سے متعلق محکمہ

دُخت:دختر، بیٹی

دختر:بیٹی، لڑکی، دوشیزہ، کنواری

مدرسہ دختران:لڑکیوں کا سکول

اوہنوز دختر است:وہ ابھی کنواری ہے

دختر برادر:بھائی کی بیٹی

دختر دائی:ماموں کی بیٹی

دخترِرز:انگور کا خوشہ، شراب

دختر عمو:چچا کی بیٹی

دختر عمّہ:چچی کی بیٹی

دختراندر:سوتیلی بیٹی

دخترانہ:بیٹیوں کی طرح، بیٹیوں کا سا

دختر بچہ:چھوٹی بیٹی

دخترگی:دوشیزگی، کنوار پن

دخترکی کسی را بردن: بے آبرو کرنا

دخْش: (۱) آغاز، ابتدا، آغاز کار، (۲) تیرہ و تار (۳) زحمت و رنج

دخْل: (ع) آمدنی، تعلق

چو دخلت نیست خرچ آہستہ ترکن: اگر آمدنی نہیں تو خرچ کم کرو

این بشما دخلی ندارد: اس کا تمھارے ساتھ کوئی تعلق نہیں

دخل دار: نفع بخش، پر منفعت، شریک، حصہ دار

دخل کردن: کمانا

دخم: دخمہ

دخمِہ: قبر، مقبرہ، ایک گول عمارت جس میں آتش پرست مردوں کو دفناتے ہیں، مثال:

یك دخمه از بهر او ساختند   همه فرش دیبا برانداختند

ایک مقبرہ اس کےلیے بنایا گیا اور سارے مقبرے میں مخمل کا فرش بچھایا گیا

دخْن: باجرا

دخنِہ: باجرے کا دانہ

دخْو: سادہ لوح شخص

دخُول: (ع) داخل ہونا، داخل ہونے کی اجازت، وررود

دخِیل: (ع) جو مداخلت کر رہا ہو

من درین کار دخیل نبودم: میں نے اس کام میں مداخلت نہیں کی

دد: جنگلی جانور، درندہ

ددِہ: آیہ، نرس، ترکی میں ددہ پدر بزرگ اور بوڑھے خدمت گار کو بھی کہتے ہیں

در: (۱) دروازہ، اندر، (۲) خاص موضوع سے متعلق

درِ دہنت رابگذار: اپنی چپڑ چپڑ سی باتیں بند کرو

در را ببند: دروازہ بند کر دو

از ہر دری سخن گفتند: ہر موضوع پر باتیں ہوئیں

دربند چیزی بودن: کسی چیز کی فکر میں ہونا

در گرفتن یا کُوبیدن: دروازے پر دستک دینا

درِ صحبت را بازکردند: گفتگو کا دروازہ کھولا یعنی گفتگو کا آغاز ہوا

در ہر حال: ہر حالت میں

مدتی درآن بحث کردند: کچھ عرصہ اس موضوع پر گفتگو ہوتی رہی

درّ: دودھ کی فراوانی، خیر و برکت، خوبی و نکوئی

در: دریدن=پھاڑنا سے فعل امر پھاڑو

دُر: موتی، مروارید

دُرِ خوشاب: تابندہ موتی، گرانقدر موتی

در شاہوار: شاہی مروارید، گرانقدر مروارید

در سُفتن: موتی پرونا

درِ ناسُفتہ: ان بدھا موتی، دوشیزہ

دریتیم: لاثانی موتی

درِ یکتا: بے نظیر موتی

درآ، درآمدن: اندر آنا سے فعل امر چلے آؤ

دَرا: گھنٹی، جرس

دُرّاج: (ع) تیتر

دراجِہ: جنگ میں استعمال ہونے والا قدیمی ہتھیار

درا دُوزہ: چالاک شخص جو پھاڑتا ہے اور خوب سیتا ہے

دراوِہ: دیوث، قرم ساق، عورتوں کا دلال

دراوہ: چرخے کا تکلا
دراز: لمبا، طویل
پابہ اندازہ گلیم درازکن، پارا بقدر گلیمت دراز کن: چادر دیکھ کر پاؤں پھیلاؤ
دراز کردن: طول دینا
دراز کشیدن: لیٹ جانا
ریسمان دراز: لمبی رسی
قصہ دراز: طویل قصہ
دراز پا: لمبے پاؤں والا
مرغان دراز پا: لمبے پیروں والے پرندے
دراز دست: لمبے ہاتھ والا، ضرر رساں، آمادہ پیکار، لڑائی پر تلا ہوا، دلیر، زبردست، غالب، بے انصاف
دراز دستی: ظلم، زیادتی، بے انصافی
دراز گوش: گدھا، خرگوش
درازنا: طول، لمبائی
دراز نفس: پرگو، پر از لفاظی، طوالت پسند مقرر، طوالت پسند انشا پرداز
دراز نفسی: پرگوی، طوالت پسندی
دراسّت: مطالعہ کرنا، علم حاصل کرنا، سبق کی طرف متوجہ ہونا
دراسِج: شاخ پیچاں، عشق پیچاں ایک شاخدار پودا جو دیوار پر بڑھتا چلا جاتا ہے
دُرَاعہ: (ع) مشائخ اور زاہدوں کا چغہ
درافتادن: مخالفت کرنا، جھگڑنا
دُرافشاں: (گفتگو کے) موتی برسانے والا، فصیح
در افشانی: فصاحت و بلاغت
دراک: ذہین، بہت جلد بات کی تہ تک پہنچنے والا صاحب ادراک
قوت دراکہ: فہم و شعور
درام: ڈراما، تمثیل، نمائش
درآمد: (۱) آمدنی (۲) ابتدا، آغاز، تمہید، تعارف
اینکار درآمد زیادہ دارد: اس کام میں بہت آمدنی ہے
در آمدکردن: تمہید کے طور پر (بات یا گانے کی) ابتدا کرنا
درآمدگی: ابھار
درآمدن: اندر آنا، کمانا، حاصل ہونا، وزن ہونا
این کار چیزی در نمی آید: اس کام میں کچھ حاصل نہیں ہوتا
پنج من درآمد: اس کا وزن پانچ من ہوا
در آموختن: آموختن، سیکھنا
درآمیختن: مَلنا
درآندن، درانیدن: چیرنا، پھاڑنا
در آوردن: باہر نکلنا، ظاہر کرنا، دکھانا، کردار ادا کرنا،
اورا از مدرسہ در آوردم: میں اسے سکول سے لے آیا
او شبیہ لیلی را درآورد: اس نے لیلی کا کردار خوبی سے ادا کیا
یك بازی خوبی درآوردند: ایک کھیل بڑی خوبی سے دکھایا گیا، پیش کیا گیا
در اُفتادن: جھگڑنا
در آوِیختن: آویختن، لٹکانا
دراوِیش: درویش کی جمع
دراہم: درہم کی جمع، دیکھیے درہم

درایَت: فہم، ذہانت، تہ تک پہنچنا، اگاہی پانا

درآییدن: بولنا، باتیں کرنا نیز ہرزہ سرای

درب: **دروازہ:** در اُس کا مختصر ہے اس کی جمع دروب ہے

دربا: حاجت، ضرورت، مایحتاج

درباختن – باختن: ہار جانا، ہاتھ سے دے دینا

دربار: مجلس سلاطین، آستانہ، بارگاہ، شاہی عدالت

در باری: مجلس سلاطین کا رکن

دربان: دروازے کا نگران

دربانی: دروازے کی نگرانی کا کام

درہایست: حاجت، ضرورت، مایحتاج، احتیاج، نیاز مندی

درہایستن: ضروری ہونا، احتیاج ہونا، لازم ہونا

دربت: سکھانا، مشق، مشق کرنا، عادت

در بچہ: چھوٹا دروازہ، دریچہ

دربدر: آوارہ، سرگردان

دربدر شدن: سرگردان ہونا، بے گھر ہونا

دربرداشتن: خیالات کا ظاہری صورت میں لانا، پہننا، معانقہ کرنا

نیم تنہ خود را در برکرد: اس نے اپنا کوٹ پہن لیا

دربُردن: لے جانا، سمجھ لینا

سراز کاری دربردن: کام سمجھ لینا

در برکشیدن: گلے ملنا، پہلو میں لے لینا

در بست: تمام، کامل، سب کا سب، گھر جو کسی کے اختیار میں ہو

دربستن: بستن، باندھنا

دربستہ: بندھا ہوا

در بند: پہاڑ کا تنگ راستہ، درہ، بحیرہ خزر کا ایک روسی شہر

دربند: قیدی، زنجیروں میں بند

دربندان: گھروں یا دکانوں کے دروازے بند ہونا

مثال:

شہر رمضان گرچہ مبارک شہر ہست
امّا در وی ہمیشہ در بندان است

رمضان کا مہینہ مبارک مہینہ ہے لیکن اس مہینے میں گھروں کے دروازے بند رہتے ہیں یعنی کوئی مہمان آتا جاتا نہیں

درپردہ: پردے میں، پوشیدہ طور سے

چرا در پردہ حرف می زنید: کیوں پوشیدہ طور سے باتیں کر رہے ہو۔ چپکے چپکے کیا باتیں ہو رہی ہیں

در پردہ داشتن: مخفی رکھنا

در پوست نگنجیدن: آپے میں نہ سمانا، بہت خوشحال ہونا

در پیوستن: پیوستن، مل جانا

درج: (ع) تحریر کرنا

درج کردن: تحریر کرنا، شامل کرنا

مقالہ ای برای درج در روز نامہ نوشتم: میں نے ایک مضمون اخبار میں چھاپنے کےلیے لکھا

مقالہ مرا در روز نامہ درج کردند: میرا مضمون انھوں نے اخبار میں شائع کر دیا

دُرج: (ع) صندوقچہ، ڈبا، زیور رکھنے کی ڈبیا

درج دُر: موتیوں کی ڈبیا، کنایۃً، خوبصورت عورت کا دہن

درج گوہر: موتیوں کی ڈبیا

دَرَجات: (ع) درجہ کی جمع، درجے، مرتبے

بدرجات: درجہ بدرجہ

درَجاتِ نظامی: فوجی مراتب

درَجہ دادن: ترقی دینا، مرتبہ بڑھانا

درجہ نشیب: نچلے درجے کا منصب

درَجہ بندی: ہر ایک کا مقام مرتب مقرر کرنا

درحال: در حقیقت، حقیقتاً، اصل میں

درخت: بوٹا

درخت نِشاندن: بوٹا لگانا

درختِستان: درختوں کا جھنڈ، شجرزار

درختَک: چھوٹا درخت، پودا، جزی بوٹی

درخت کار: درخت لگانے والا

درخت مریم: ایک کھجور کا درخت جو خشک ہو گیا تھا لیکن حضرت مریم کےلیے وہ پھر سے سرسبز و شاداب ہو گیا

درَخش: روشنی، فروغ، چمک دمک، تاب، برق، بجلی

درخش: آرمینیہ میں آتش پرستوں کا ایک آتشکدہ تھا

درخشان: تابناک، فروزاں، چمکتا دمکتا

درَخشاندن، درخشانیدن: چمکانا، تابناک کرنا

درَخشِش: درخشندگی، چمک دمک، تابناکی، تَابانی، فروغِ حسن، حسن تجلی، جگمگانا، آراستہ و پیراستہ ہونا

درخُف: کالے رنگ کا زنبور، بھڑ

درخوار و درخور: شایستہ، لایق، مناسب

درخواست: عرض، اظہار تمنا، گزارش

ازو درخواست کردم کہ اسم مراثیت کند: میں نے اس کی خدمت میں عرض کی کہ میرا نام درج کر لے

درخواست دادن: عرضی دینا، عرضی پیش کرنا

درخواست کردن: عرض کرنا، گزارش کرنا

درخواستن: عرض کرنا

درخواہ: درخواست، خواہش، گزارش

درخور: موزون، مناسب، شائستہ، لائق، مثال:

دست تہی بہ در گہت آمدہ ام امیدوار
لطف کن ارچہ نیستم درخور مرحبای تو

میں آپ کی بارگاہ میں خالی ہاتھ آیا ہوں اگرچہ میں آپ کے کریمانہ التفات کے قابل نہیں لیکن آپ کے لطف و کرم کا امیدوار ہوں

درخورد: درخور

درد: تکلیف، دکھ، ایذا، اذیت

اہل درد: دردمند، ہمدرد، شفیق

این کاغذ بدرد نوشتن نمی خورد: یہ کاغذ لکھنے کے لیے موزوں نہیں

بدرد آوردن: کسی کو تکلیف دینا

بدرد خوردن: کسی کے کام آنا، مفید ہونا

بدرد کسی گرفتار شدن: کسی دوسرے کی تکلیف دور کرنے کے لیے خود تکلیف میں مبتلا ہونا

بی درد: جسے کسی سے ہمدردی نہ ہو

درد سر دادن: کسی کو تکلیف دینا، کسی کےلیے تکلیف کا موجب بننا

درد عصبانی: اعضا کا درد، پٹھوں کا درد

درد کسی را بر چیدن: کسی کو تکلیف سے بچانا

درد کشیدن: درد میں مبتلا ہونا

دُرد: تلچھٹ، جو چیز تہ نشین ہو

دُرد کش: تہ نشین چیز پینے والا، شراب کی تلچھٹ تک پینے والا

مثال:

بودم آنروز درین میکدهٔ دُرد کشان
که نه از تاك نشان بود نه از تاك گمان

میں تلچھٹ پینے والوں میں اس وقت بھی تھا جب نہ انگوروں کا وجود تھا نہ انگوروں کی کاشت کرنے کا گمان، یعنی میں تو روز ازل سے آپ کے عشق کے نشے میں سرشار تھا

دردا: کلمہ افسوس، آہ، افسوس، دریغا

دردا ء: جس کے دانت گر چکے ہوں

درداب: دستنبو، میوہ یا کوئی خوشبودار چیز جو خوشبو کےلیے ہاتھ میں لی جائے

درداخ: پیرہن: زیر جامہ

دردار: سفیدار کا درخت، سیدھا لمبا درخت جس کی لکڑی سفید ہوتی ہے اور گھر کے چھتوں میں اس سے کام لیا جاتا ہے، درخت نارون

درد آشام: درد کش، جو درد میں مبتلا ہو

درد آشنا: جو دوسروں کے درد و غم سے آگاہ ہو اور ان کی مدد کرے

درد آگِین: تکلیف رساں، ایذارساں، تکلیف دہ، پردرد

دردچین: درد کو آرام دینے والا، غمخوار

دردخوار: فقیر، بیکس

درد زدِہ: دردمند

دردسِتان: درد چین

دردِ سر: کنایہ ہے اس زحمت و رنج کا جو کوئی شخص کسی دوسرے کو دیتا ہے

درد شریك: ہمدرد

دَرد کش: درد میں مبتلا

دُرد کَش: تلچھٹ پی جانے والا

درد گِین: پردرد

درد مند: (۱)درد میں مبتلا (۲)دوسروں کے درد کا احساس کرنے والا، ہمدرد

درد مندی: ایذا، اذیت، تکلیف

در دمیدن: پھونکنا، پھونک مارنا

درد ناك: پردرد

آہ درد ناك: درد بھری آہ

دُردُور: گرداب، دریا کے اندر وہ جگہ جہاں پانی چکر کی صورت میں پھرتا ہے

دُردِی: دُرد

دُردی کَش: تلچھٹ پی جانے والا

دُرَر: دُر کی جمع موتی، مرواريد

دُرَر بار: (۱)موتی برسانے والا (۲)موتیوں جیسے الفاظ گفتگو میں استعمال کرنے والا، فصیح و بلیغ (۳)دریا دل، سخی

دَر رسیدن: موقع پر پہنچنا

دَر رفتگِی: موچ، ہڈی یا جوڑ کا اتر جانا

در رفتن: دوڑ جانا، بھاگ نکلنا، فرار کرنا، بچ نکلنا

در رفتن تفنگ: گولی کا خود ہی چلنا

از بالا افتاد و پایش در رفت: اوپر سے نیچے گرا اور اس کے پاؤں کا جوڑ اتر گیا

زندانیاں در رفتند: قیدی نکل بھاگے

دَر رفتِہ: جوڑ اتر گیا

در رَو: باہر کو نکلنے کا راستہ

این کوچہ در رو ندارد: اس کوچے سے آگے کو نکلنے

کا کوئی راستہ نہیں، کوچہ آگے سے بند ہے

دُر ریختن: موتی برسانا، فصیح و بلیغ گفتگو کرنا

دُر رِیز: فصیح و بلیغ گفتگو کرنے والا

دَرز: شگاف، چاک، کپڑے کا شگاف، سیون، جوڑ

درز گرفتن: سی دینا، ٹانکا بھرنا

دَرزَدن: دستک دینا، دروازہ کھٹکھٹانا

در زن: دروازے پر دستک دینے والا

دَرزن: سوئی، سوزن

دَرزَہ: گھاس پھوس کا انبار

دَر زِہ: درز، شگاف

درزی: کپڑے سینے کا کام کرنے والا، جامہ دوز

درزی گر: درزی، خیاط

درزی گری: درزی کا کام

درس: (ع) سبق، درُوس جمع

درس خواندن: سبق پڑھنا

درس دادن: پڑھانا، تعلیم دینا

درسِ عبرت: سبق جو کسی تجربے سے حاصل ہوتا ہے، نتیجہ خیز سبق

درس گفتن: وعظ کرنا، لیکچر دینا

درساختن: ساز باز ہونا، خفیہ طور سے آپس میں مل جانا، ملی بھگت ہونا

در سار: دیوار جو گھر کے ارد گرد بنائی جاتی ہے

در سپردن: راستہ چل کر منزل پر پہنچنا

دُرُست: (۱) صحیح، راست، مستقیم، بے خطا، کھرا

درست درآمدن: اچھا ثابت ہونا

درست رفتار کردن: اچھا سلوک کرنا

درست ساعت سہ: پورے تین بجے

درست شدن: صحیح ہو جانا، ترتیب پانا

دُرُستش می کنم: میں اسے سکھا دونگا کہ اچھا سلوک کیسے کیا جاتا ہے

درست کار: راستباز، دیانت دار

درست کردن: ترتیب دینا

او آدم درستی است: وہ دیانت دار شخص ہے

آیا آن مبلغ درست است: کیا وہ رقم پوری ہے

غذا درست کن: غذا تیارکر دو

قلم را درست نگہدار: قلم ٹھیک طرح پکڑو

مُوی سر خود را درست کردن: اپنے بال کنگھی سے سنوارنا

دُرُست: چاندی سونے کے سکّے

دُرُست پَیمان: وعدہ وفا کرنے والا

درست عیار: خالص، اچھے معیار کا

دُرُست کار: دیانت دار

درست کارانہ: دیانت داری سے

درست کاری: دیانت داری، امانت داری

درست کِردار: دیانت دار، اچھے اوصاف والا

درست گُمان: پختہ یقین

درست گو: راست گو، ہمیشہ سچ کہنے والا

دُرُستہ: تمام، سب کا سب

دَرَستہ: بخشش و عطا، معافی، رحمت

درُستی: سچائی، دیانت، راستی۔

درسخانہ: مدرسہ، سکول۔

درسخوان: طالب علم۔

درس خواندہ: تعلیم یافتہ۔

درسگاہ: سکول

دَرَش: طویلہ، اصطبل۔

دُرُشت: کھُردرا، نیز، اپنی قسم کی چیزوں سے بڑی چیز۔

دُرُشت خُو: تند مزاج، اکھڑ مزاج کا

دُرُشتی: سختی، اکھڑ پن، تندی مزاج، کرختگی، ناشائستگی۔

درشتی کردن: کرختگی سے بات کرنا، سختی کا برتاؤ کرنا۔

درشُدَن: داخل ہونا۔

دَرشِکستن: شکستن، توڑنا۔

دُرُشکہِ کرایہ ای: کرایے کی گھوڑا گاڑی۔

دُرُشکہِ چی: گھوڑا گاڑی کا کوچوان۔

دِرع: (ع) اسلحہ، سامان جنگ۔

دَرغ: ڈیم، بند۔

دَرغال: آسودہ، پُر امن، آسودگی۔

درغالہ: پہاڑی درہ، دامن کوہ کا تنگ درہ۔

دَرغَست: پوچ، ہرزہ، فضول، لغو، بے سروپا، لاف، غیر موزوں۔

دَرغَم: ایک سرکا نام جس میں نغمہ طرازی کرکے غم دور کیا جاتا ہے۔ مثال:

چنان مستغرقم در غم کہ مطرب
اگر "درغم" سراید غم فزاید

میں غم میں کچھ اس طرح ڈوبا ہوا ہوں کہ اگر مطرب «درغم» سُر میں نغمہ طرازی کرے تو میرے غم میں اضافہ ہی ہوتا ہے۔

درغَم: شراب سازی کے لیے مشہور شہر۔

دَرغَمی: ایک قسم کی شراب جو کبھی درغم میں تیار ہوتی تھی۔

دَرغیش: انبوہ، ہجوم۔

درفزودَن: فزُودن، بڑھانا۔

درَفش: ایک آلہ ہے جس سے جوتا سینے کے لیے چمڑے میں سوراخ کرتے ہیں۔

دُرَفش: جھنڈا، علم، پرچم۔

دُرفشِ کاویانی: ایران کے فریدوں بادشاہ کے زمانے کا پرچم جسے کاوہ لوہار نے بنایا اور لہرایا تھا اور اسی کی یادگار میں اسے دُرفش کاویانی کا نام دیا گیا۔

دُرَفش: آب و تاب، چمک دمک، تابندگی۔

دُرَفشان: (۱) چمکیلا، تابناک، درخشاں، تابان (۲) کانپنا

دُرَفشاندان-دُرَفشانیدن: چمکنا، درخشاں ہونا، تابناک ہونا۔

دُرفشی: درفش سے متعلق، کنایہ ہے اس شخص کا جس کی نیکی یا بدی میں شہرت ہو۔

دُرَفشیدن: چمکنا، بجلی کا چمکنا۔

دَرفنجك: بختک، کابوُس۔ دیکھیے کابُوس۔

دَرَق: (ع) (۱) ہر سخت چیز (۲) تھپڑ، طمانچہ، چپت۔

بگوشش دَرَق زد: اس کے کان پر اس نے تھپڑ مارا۔

دَرَقہ: (ع) چمڑے کی حفاظتی پیٹی۔

دَرک:(ع) فہم، سوچ، سمجھ۔

درك کردن:سمجھنا بوجھنا۔

مطلب اور را درك نه کرد:وہ مطلب نہ سمجھ پایا۔

دَرك:سمندر کی تہ، جہنم، دوزخ۔

دَرك اسفَل:جہنم کا پست درجے کا طبقہ۔

دَرکات:درک کی جمع، طبقات۔

درکارکسی:کسی کے بارے میں۔

دَرکالِه:سرد، خنک، یخ۔

دَرکردن:شروع کرنا، کھینچنا، فائز کرنا، تفریق کرنا، خارج کرنا، باہر نکالنا۔

درکشِیدن:پکڑنا، حاصل کرنا، پینا، کھینچنا۔

دم درکشیدن:خاموش ہو جانا، فوت ہو جانا۔

عِنان در کشیدن:لگام کھینچ لینا۔

مطلبی را از کسی بتدبیر درکشیدن:تدبیر سے کسی سے اطلاع حاصل کرنا۔

دَرکندن:کندن، کھودنا۔

دَرکِه:تہ، نشیب، طبقہ، طبقہ دوزخ۔

دَرگاه:(ع) آستانہ، بارگاہ، دہلیز،۔ چوکھٹ۔

در گُزاشتَن:(۱) رکھنا، چھوڑنا (۲)شروع کرنا۔

گریه در گذاشت: وہ رونے لگا۔

درگُذشتَن:گزرنا، فوت ہو جانا، رحلت کر جانا۔

دَر گرِفتَن:(۱)آگ لگنا، شعلے نکلنا، اثر کرنا

درگِل ماندن:مشکلات میں مبتلا ہونا۔

درگه:(ع) درگاہ۔

درگیرشدن:(۱)لڑائی کا آغاز ہونا (۲)جنگ کی آگ بھڑکنا۔

دِرَم:درہم، خاص سکہ، خاص وزن۔

درما:خرگوش۔

درمان:علاج، معالجہ، دوا دارو، چارہ۔

بی درمان:جس کا کوئی علاج نہ ہو، بے بس، بے یار و مددگار۔

دردبی درمان:تکلیف جس کا علاج نہیں، کوئی کام جس میں مدد نہ کی جاسکے۔

در مان کردن:علاج کرنا۔

درماندِگان:بے بس، بے سہارا لوگ، عاجز، مجبور، بے کس لوگ، درماندہ کی جمع۔

درماندِگی:عاجزی، بے کسی، مجبوری۔

درماندَن:بے بس ہو جانا، اذیت میں مبتلا ہونا، عاجز آ جانا۔

درماندِه:پریشان، بے بس، بے یار و مددگار۔

خدا نکند کسی درمانده و محتاج بشود:خدانہ کرے کہ کوئی بے بس اور بے یار و مددگار ہو۔

دِرم خرِیدِه:زرخرید غلام۔

دِرَم سرا:ٹکسال، سکّے ڈھالنے کا خاص مقام ضراّب خانہ

دِرَم سَنج:صرّاف۔

دِرَم سنگ:کوئی چیز جس کا وزن درم کے برابر ہو۔

دِرَم گُزین:صرّاف۔

درمَل:گندم اور جوکے دانے جو ابھی پختہ نہ ہوئے ہوں۔

دِرَمنِه:ایک پودا جس کے بیج دوا کے طور سے استعمال کرنے سے پیٹ کے کیچوے خارج ہو جاتے ہیں۔

دَرَن: غلاظت، کثافت، نجاست۔

دَرنا: کلنگ، کونج۔

دَرَند: شکل و صورت، وضع قطع، پیکر۔

فلك دَرَند: آسمان کی مانند۔

دَرَندگان: درندہ کی جمع، چیرنے پھاڑنے والے جانور۔

دَرَندگی: ظلم وتشدد کرنا۔

دَرَندہ: ظالم، متشدّد، غارت گر، بے رحم۔

دَرَندہ خُو: خونخوار، بے رحم، خون آشام۔

دَرَندہ خُوی: درندگی، بے رحمی، خونخواری۔

دَرنشاندَن: نشاندن، بٹھانا، کوئی چیز نصب کرنا مثلاً یاقوت یا فیروزہ کو انگشتری میں نصب کرنا۔

درنگ: (۱) گھنٹی کی آواز، تانبے یا شیشے کے برتنوں کے ٹکرانے کی آواز (۲) آہستگی، تامل۔

درنگ کردن: دیر کرنا، تامل کرنا، توقف کرنا۔

بلادرنگ یابی درنگ: بلا تامل۔

درنگیدَن: تامل کرنا، ٹھہرنا، دیر کرنا، توقف کرنا۔

دَرنوَردَن: سفر کرنا۔

درنَوَردیدَن: لپیٹنا، تہ کرنا، سفر کرنا۔

دَر نوِشتَن: (۱) لپیٹنا (۲) مٹا دینا، خط باطل کھینچنا، نظر انداز کرنا۔

کتاب کُہن را در نوشتند: پرانی کتاب کو نظر انداز کردیا گیا۔

درنُہفتَن: نہفتن، چھپانا۔

دِرَو: فصل کاٹنا۔

موسمِ دِرَو: فصل کی کٹائی کا موسم۔

در و: اس میں۔

دروا: (۱) لٹکا ہوا (۲) سرگرداں، دوران سر میں مبتلا، سراسیمہ، پریشان، بدحواس، مخبوط الحواس۔

درواخ: (۱) رُوبہ صحت، تندرستی (۲) بے عیب (۳) دلیر (۴) وفادار، مستحکم۔

درواز: حاجت، ضرورت۔

دروازہ: (۱) در، گھرکا بڑا در

دروازہ بان: دروازے کا نگہبان۔

درواس: بُل ڈاگ، ایک بڑا کتا جس کے کان نیچے کو لٹکے ہوتے ہیں۔

دَرُوب: درب کی جمع، دروازے۔

دَرُود: ثنا، دعا سلام، تشکر، دعاے خیر۔

درُود: لکڑی تراشنا۔

دَرُودکار-درودگر: ترخان، نجّاز، بڑھئی۔

دَرُودگری: بڑھئی کا کام۔

دَرُودَن-درویدَن: فصل کاٹنا۔

دَرُوز: (ع) درز کی جمع۔

دَرُوس: (ع) درس کی جمع، اسباق۔

درُوش: جوتا سینے کا آلہ۔

دُرُوغ: (ع) جھوٹ۔

دروغ باف: دھوکا دینے کے لیے جھوٹ بولنے والا۔

دروغ پرداز: وہ شخص جو کسی جھوٹ کی تائید کرے۔

دروغ در آمدن: جھوٹ ثابت ہونا۔

دروغ زن: جھوٹ بولنے والا۔

دروغ ساختَن: جعلی بات بنانا، دھوکا دینے کے لیے

جھوٹ گھڑنا۔

دروغ شاخدار: بہت بڑا جھوٹ۔

دروغ گفتن: جھوٹ کہنا۔

دروغ گو: جھوٹا۔

دروغ گوی: جھوٹ بولنا۔

دروغ مصلِحَت آمیز: کوئی جھوٹ جو کسی کی بہتری کے لیے بولاجائے۔

اشك دروغ: فریب کے آنسو۔

بدروغ: جھوٹ کے طور سے۔

حرفِ دُروغ: جھوٹی بات۔

دروغی: جھوٹ۔

درَوگر: فصل کاٹنے والا۔

دروگری: فصل کاٹنا۔

دَرُون: اندر، اندر کی طرف، دل۔

از درون: باطنی لحاظ سے۔

تیره درون: بدباطن، سیاہ دل۔

دَرُون پَروَر: شریف، نیک، دلجوئی کرنے والا۔

درون چوں مَلَك: باطنی لحاظ سے فرشتوں کی طرح کا۔

دَرُون دار: ریاکار، پُرفریب، خودپسند۔

درون رِیش: دل ریش۔

درون نشین: گوشہ نشین۔ تارک الدنیا، درویش۔

درونی: اندرونی۔

دَرُونَج: ایک درخت جس کی شاخیں لمبی اور پتے بادام جیسے اور پھول زرد رنگ کے ہوتےہیں، اس کا پھل دوا کے کام آتا ہے۔

درَوند: خمدار کانٹا۔

دَروَنده: فصل کاٹنے والا۔

دَرُونه: (۱)کمان (۲)قوس قزح (۳)کوئی چیز جو کمان جیسی خمیدہ ہو۔

درویدَن: فصل کاٹنا۔

درویز-درویزه: گدائی۔

درویش: فقیر، قلندر، گوشہ نشین، خدارسیدہ بزرگ۔

درویشانه: درویش کی طرح۔

درویشی: فقیری، انکساری، عاجزی۔

دَرّه: پہاڑ کا درمیانی راستہ، دو پہاڑوں کا درمیانی راستہ

دره کُوچك: پہاڑ کے دوحصوں کا درمیانی تنگ راستہ۔

دُرّه: چابک، کوڑا، تازیانہ۔

دَرِبشته: جُود و سخاوت، عطا و کرم، دادو دہش۔

دِرہم: (ع) درم، چاندی کا ایک سکہ جس کا وزن مخصوص ہوتا ہے۔

دَرہَم: تہ وبالا، تِتَّر بتَّر، بے ترتیبی، پیچیدہ، مبہم، مخلوط، آمیختہ، آشفتہ، شوریدہ۔

این موضوع خیلی درہم شده است: یہ موضوع بہت پیچیدہ یا مبہم ہوگیا ہے۔

درہم اُفتادَن: الجھن میں پڑنا۔

دَرہم برہم: تہ و بالا، الجھا ہوا، بے ترتیب، خلط ملط۔

دَرہم پیچیدَن: ملانا، وابستہ کرنا، مخلوط کرنا۔

درہم پَیوستن: ملا دینا۔

درہم شدن: الجھ جانا، بے ترتیب ہو جانا۔

درہم شِکستن: توڑنا، تباہ کرنا۔

دریم کردن: خلط ملط کردینا۔

دریم گِیر کردن: الجھانا، پیچیدہ کرنا، بل دار کرنا، مخلوط کرنا۔

مُوی دریم: بکھرے ہوئے بال، الجھے ہوئے بال

دریمی: گڑبڑ، خلط ملط، ابتری، پراگندگی، انتشار، الجھن

دریمی برہمی: بے ترتیبی، الجھن

دری: دربار سے منسوب، درہ سے متعلق مثلاً

کبک دری: چکور جو پہاڑ یا درہ پہاڑ میں رہتا ہے

دری: فارسی زبان جو ایران میں پہلوں زبان کے بعد رائج تھی

دری: روشن، تاباں

دریای سفید: بحرابیض

دریای سیاہ: بحر اسود

ازراہ دریا: بحری سفر سے

بالا آمدن دریا: سمندر میں طوفان آنا

بدریا انداختن: (کشتی) سمندر میں ڈالنا

دریاب-دریافتن= معلوم کرنا، پالینا، دیکھ لینا سے فعل امر، دیکھ لے، معلوم کر لے، مثال:

دریاب کہ نقشی ماند از طرح وجود من

چون یاد تومی آرم خود ہیچ نمی مانم

(سعدی)

میرے وجود کی بناوٹ میں صرف نقش سا باقی رہ گیا ہے اسے دیکھ لے، جب میں تمھیں یاد کرتا ہوں تو وجود ہیچ ہو جاتا ہے

دریا بار: (۱) موسلادھار مینہ برسنا (۲) کنار دریا، شہر جو دریا کے کنارے پر ہو

دریابان: بحری فوج میں صاحب منصب، امیر البحر

دریابند: بندرگاہ

دریا بندہ: ذہین، عاقل، فرزانہ

دریاچہ: دریا، ندی

دریا دار: امیر البحر

دریا دل: سخی، فیاض

دریا رَو: دریا نورد، بحری سفرکرنے والا

دریا سالار، امیرالبحر

دریافت: ادراک، احساس، شعور، سمجھ، عمل احساس، عمل شعور

دریافتگی: ادراک، معلوم کر لینا، سمجھ لینا، سمجھ میں آنا

دریافتن: سمجھ لینا، معلوم کر لینا، ادراک ہونا، احساس ہونا

دریافتی: جو معلوم ہوگیا ہے، جو پہنچ گیا ہے۔

مبلغ دریافتی: روپیہ جو پہنچ گیا ہو۔

دریاکَش: بہت زیادہ شراب پینے والا۔

دریاکف: سخی، فیاض، کشادہ دست، کھلے ہاتھ والا، جس کے ہاتھ سمندر کی طرح کھلے ہوں۔

دریاکنار: کنارِ دریا، سمندر کا کنارہ، ساحل۔

دریاگوش: صدف، سیپی، گوش ماہی۔

دریانورد: بحری سفر کرنے والا۔

دریا نوردی: بحری سفر۔

دریای: سمندر سے متعلق۔

شقایق دریای: سمندری پھول، شقایق النعمان۔

دریچہ: چھوٹا دروازہ، کھڑکی۔

دریچہ چشم: آنکھ کی پتلی۔

دریچہ خودکشا: کھڑکی جس کے ساتھ حفاظتی کھل مندن لگایا جاتا ہے۔

دریدگی: چاک، شگاف چاک کرنا، شگاف ڈالنا، پھاڑنا، ادھیڑنا۔

دَریدَن: پھاڑنا، شگاف، ڈالنا، چاک کرنا، پارہ کرنا۔

جامہ خودرا درید: اسنے اپنے کپڑے پھاڑ دیے۔

دَریدہ: پھٹا ہوا، بے حیا، ڈھیٹ، دیدہ دلیر، بے غیرت، بدتمیز۔

دَریدہ چشم: بے حیا، بے غیرت۔

دریدہ دہَن: کھلے منہ والا، جسے زبان پر قابو نہ ہو، بدزبان، فضول باتیں کرنے والا۔

دریغ: (۱) افسوس، حسرت، اندوہ، پشیمانی (۲) انکار، نہ دینا، روکے رکھنا۔

اگر پول لازم دارید دریغ نیست: اگر روپے کی تمہیں ضرورت ہے تو انکار نہیں کرونگا۔

دریغ آیدش: وہ رضا مند نہیں۔

دریغ آیدش دست بُردن بہ تیغ: وہ شمشیرزنی پر آمادہ نہیں۔

دریغ خُوردن: افسوس ہونا۔

دریغ داشتن: روکنا، نہ دینا۔/

دریغا: کلمہ افسوس، افسوس، ہے۔

درپواس: گھرکے اندر چاروں طرف، دورازے کی چوکھٹ۔

دری وَری: گپ شپ کرنا۔

دریُوز-دریوُزِہ: گدائی، بھیک مانگنا، مثال:

نُوری از پیشانی صاحبدلاں در یُوزہ کُن
شمع خود را میبری دل مردہ زین محفل چرا

اپنی شمع دل کو مایوسی سے اس محفل سے کیوں لیے جارہے ہو کہ اس سے تمہیں روشنی حاصل نہیں، تم اہل دل کی پیشانی سے نور حاصل کرنے کی التجا کرو۔

دریوُزگی: گدائی۔

دُزد: چور، فریب کار، دغا باز، جعل ساز۔

دزد خانگی: گھروں میں چوری کرنیوالا۔

دزد دریائ: بحری ڈاکو۔

دزد شاہراہ: رہزن۔

دُزد افشار: چوروں کا ساتھی، چوروں سے حصہ لینے والا۔

دُزدام: زمین دوز،قید خانہ۔

دُزدانہ: چوری چوری، چوری سے، خفیہ طور سے۔

دُزد با چراغ: ہوشیار چور، دانا چور، رہنمائ اورحفاظت کا سامان ساتھ لیے ہوئے۔

دُزد بُردہ: چوری کیا ہوا۔

اشیائ دُزد بُردہ: چوری کی ہوئ چیزیں۔

دُزد ریگ: ریگ رواں۔

دُزدکی: دُز دانہ، چوری سے۔

دُزدگاہ: چوروں کا ٹھکانا، جہاں چور اپنے آپ کو چھپا لیتے ہیں۔

دُزدگیر: چور پکڑنے والا۔

دُزدی: چوری۔

مال دزدی: چوری کا مال۔

دُزدِیدَن: چُرانا۔

دو دُزد گاؤ را دزدیدند: دو چوروں نے گائے چرائی۔

دُزدِیدہ: چوری کیا ہوا مال۔

دزغالہ۔دژغالہ: قلعہ، حصار، شہر یا قلعہ کے ارد گرد کی دیوار۔

دِژ: قلعہ، حصار۔

دَژ: بُرا، بداعمال، فاسق، بد خصال، غصہ، قہر، بدخوی۔

دِژ آباد: تند مزاج، غصیلا، بدخوُ، خشم آلود، خشمگین، پرجوش، گرم مزاج۔

دَژ آگاہ: خشم آلود، بدخُو، بد اندیش، بددل۔

دِژ آہنگ: بدکردار، بدخیال، بدنیت، بُرا ارادہ کرنے والا، بدخو۔

دِژبان: قلعے کا محافظ، نگہبان، کماندار، سپاہی۔

دِژبانی: قلعے کی حفاظت، نگہبانی۔

دِژبراز: نازیبا، بدنما، بدخو، خشم آلود، خام طمع۔

دِژبُرو: بدخوُ، بد خلق، ترش رُو، جس کی پیشانی پر ہمیشہ بل رہیں، خشمگین۔

دَژپَسنَد: (۱) دشوار پسند، ہر سختی اور دشواری کو پسند کرنے والا (۲) پارسا، پرہیزگار۔

دُژپیہ: بڑی غدود جو جلد کے نیچے پیدا ہو جاتی ہے۔

دَژخیم: (۱)بدمزاج (۲)جلاّد، پھانسی، دینے والا، قاتل، آدم کُش۔

دِژدار: قلعہ دار، قلعے کا محافظ، نگہبان۔

دُژک: آبلہ، چھوٹی غدود۔

دُژکام: (۱)تلخکام، اندوہگین (۲)زاہد، پرہیزگار۔

دُژ گوار: ہر وہ غذا جو گوارا اور قابل ہضم نہ ہو۔

دِژم: (۱)آشفتہ، دل تنگ افسردہ، اندوہگین، آزردہ، رنجور

دِژمان: دژوان، افسوس، حسرت۔

دِژمناک: ستم زدہ، پریشان حال، غمگین۔

دِژن: تندو تیز، خشمگین۔

دُژنام: دشنام، گالی۔

دِژند: بد مزاج، تند خُو، گرم مزاج۔

دِژواح: دژوان، دریغ، افسوس، حسرت۔

دِژ ہُخت: دژ ہوخت۔

دِژہوخت: بیت المقدس کا قدیمی نام۔

دَس: مانند، مثال، برابر کا، ویسا۔

دساتِیر: دستور کی جمع، ایران کے ایک پارسی بزرگ مہابد سے منسوب مذہبی قوانین کی کتاب۔

دسائس: (ع) دسیسہ کی جمع، فریب، مکر، حیلہ سازیاں۔

دَست: (ع) ہاتھ، کام، مہارت، قابلیت، ظرف، ذریعہ۔

از دست دادن: ہاتھ سے جاتے رہنا۔

از دست راست بروید: دائیں ہاتھ چلیے۔

از دست رفتن: ہاتھ سے جاتے رہنا، ضائع کر بیٹھنا

از دست رفتہ: جو چیز ہاتھ سے جاتی رہے۔

از دستم بر نمی آید: میں اس قابل نہیں کہ یہ کام کرسکوں۔

اگر دست دہد کہ آستینش بگیرم: اگر

موقع ملے تو اس کی آستین پکڑ لوں۔

أويم دريں كار دستی داشتہ است: اس کا بھی اس کام میں ہاتھ ہے۔

بايك دست دو ہندوانہ برداشتن: دو کام ایک وقت ہاتھ میں لینا۔

بدست آوردن: لینا، حاصل کرنا۔

خانہ من آں دست است: میرا گھر اس طرف ہے۔

دست آب: پانی جس سے ہاتھ منہ دھویا جائے، وضو کیا جائے،

دست آخر: آخر میں، آخری بازی (کھیل میں)۔

دست آزمای: قسمت آزمانا، تجربہ۔

دست آموز: پالتو، گھر میں پالا ہوا جسے خود سکھایا ہو۔

دست ابزار–دست افزار: ہاتھ سے کام کرنے کا آلہ

دست ابرنجن: کنگن، چوڑی، پہنچی، کڑا، بازو بند

دستادست: دست بدست۔

دست ازآستین برآوردن: اس طرح نکلنا جیسے کہ کوئی چھپا ہوا باہر آئے۔

دست از پا خطا کردن: حواس کھو بیٹھنا، احتیاط نہ کرنا۔

دست از پا خطا نکنید تامن برگردم: کوئی کام نہ کرنا جب تک میں واپس نہ آؤں۔

دست از جان شستن: جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا

دست از سرکسی برداشتن: کسی کو تنہا چھوڑ دینا۔

دست افشار: ہاتھ کے دباؤ سے نچوڑنا۔

دست افشان: رقص و نشاط کی حالت مثال:

یار ما چوں گیرد آغاز سماع
قدسیاں برعرش دست افشاں کنند

ہمارا پیارا دوست جب سماع کا آغاز کرتا ہے تو عرش پر اہل قدس پر وجد و رقص کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔

دسست افشاندن: رقص کرنا۔

دست افشاندن از کسی: کس کو بھلا دینا۔

دست انداختن: مداخلت کرنا۔

دست انداز: مداخلت کرنے والا۔

دست اندازی: مداخلت کرنا۔

دست باز: کشادہ دست فیاض

دست باز داشتن: ہاتھ روک لینا۔

دست بالای دست بسیار است: ہر ایک سے زیادہ با اختیار اور بھی ہیں۔

دست بدعا برآوردن: دعا کے لیے ہاتھ اٹھانا۔

دست بدل کسی زدن: کسی کو اس کی تکلیف یاد دلا کر رنجیدہ کرنا۔

دستبرد: چوری غارتگری نیز ترقی، کامیابی۔

دست بردست نہادن: کاہلی سے ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھے رہنا۔

دست برداشتن: ہاتھ اٹھا لینا۔

از گناہ دست برداشت: اس نے گناہوں سے توبہ کر لی۔

دست بسرکردن: کسی کو حیلہ یا تدبیر سے چلتا کر دینا

دست بگریبان شدن: دست و گریباں ہو جانا، لڑنا۔

دست بند: عورتوں کا ہاتھ پر پہننے کا زیور۔

دست بَہم دادن: ہاتھ ملانا، مصافحہ کرنا۔

دست پاچِه: مضطرب، پریشان۔

دست پاك: نیک، امین، نیز تہی دست۔

دست پیش گرفتن: پیش دستی کرنا۔

دست تنگ: دست تہی، افلاس، غربت۔ تنگ دستی۔

دست چرب برسر کسی کشیدن: کسی کے لیے خوشی کا سامان پیدا کرنا

دست خالی برگشتن: ناامید واپس آنا۔

دست دادن: مصافحہ کرنا۔

دست دراز کردن: مانگنا۔

دست رساندن: ہاتھ سے چھونا، مدد دینا۔

دست رُوی دست گذاشتن: کاہلی سے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھے رہنا، بے بسی کی حالت میں بیٹھے رہنا۔

دست زدن: چھونا۔

دست مزن به گل ہا: پھولوں کو نہ چھوؤ۔

دستش خوب است: وہ خوش نصیب ہے۔

دست شما درد نکند-دست شمابی بلا: آپ نے میرے لیے جو تکلیف اٹھائی ہے اس کے لیے میں شکر گزار ہوں۔

دست غیبی: غیبی مدد۔

دست کج: ہاتھ جسے چُرانے کی عادت ہو۔

دست کسی را کو تاہ کردن: کسی کا ہاتھ روکنا، کسی کے اختیار میں کمی کرنا۔

دست کسی را گرفتن: کسی کی مدد کرنا۔

دست کشیدن: ہاتھ کھینچ لینا، بے تعلق ہو جانا۔

دست مابشما نمی رسد: ہماری پہنچ تم تک نہیں، ہماری رسائی تم تک نہیں۔

دست و پای خود را گم کردن: سمجھ میں نہ آنا کہ کیا کیا جائے۔

دست و پازدن: ہاتھ پاؤں مارنا۔

دست وپاکردن: ہر طرح سے کوشش کرنا۔

دست یافتن: مہارت حاصل کرنا۔

دل اور را بدست کردم: میں نے اس کا کام کرکے اس کی دلداری کی۔

دو دست لباس: سوٹ، کوئی چیز جو مکمل ہو۔

ممکن است این کار بدست شما انجام گیرد: ممکن ہے یہ کا م آپ کے ہاتھوں سے انجام پائے۔

یك دست صداندارد: تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی، تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے ساتھی کی مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔

یك دست صندلی: کرسیوں کا ایک سیٹ۔

دستار: پگڑی، عمامہ۔

دستاران: (۱) پیشگی رقم جو کام شروع کرنے سے پیشتر کا رکن کو دی جاتی ہے (۲) وہ انعام (ٹِپ) جو رسیتوران وغیرہ کے بیرے کو جاتے وقت دیا جاتا ہے۔

دستاربند: پگڑی والا شخص، عالم۔

دستارچہ: چھوٹی پگڑی، رومال۔

دست اَرہ: آری جو ہاتھ سے چلائی جاتی ہے۔

دست آزمائی: قسمت آزمانا، تجربہ، مشق۔

دستاس-دست آس: چکی جس سے گھروں میں آٹا پیستے ہیں۔

دست افشان: حالتِ رقص۔

دُستاق: (ت) حبس، قید، زنجیر ڈالنا۔

دُستاق خانہ: زنداں، قید خانہ۔

دَستان: داستان، قصہ کہانی، رومان نیز مکر و فریب۔

دَستان: رستم کے باپ کا نام۔

دست انداز: (۱) کوئی چیز جس کے ساتھ ہاتھ سے پکڑنے کا دستہ ہو (۲) راستے کی سطح کی ناہمواری (۳) مداخلت کرنے والا (۴) رقاص۔

دست اندازی: مداخلت، دست درازی، حد سے، تجاوز کرنا، کسی کی جان و مال پر تجاوزکرنا۔

دستان زَن: کہانی سنانے والا۔

دستان سرا: کہانی سنانے والا، سریلی آواز والا، مرغ سحر صبح خوان۔

دستانہ: پنجہ نما خول جو ہاتھ پر پہنتے ہیں۔

دستانہ: تسمہ، کوڑا، چابک۔

دستاویز: (۱) تمسک، قبالہ، سند، نوشتہ، کسی چیز کا تحریری ثبوت (۲) بہانہ۔

دستباز: کھلے ہاتھ والا، سخی، فیاض۔

دستباز: مشاق، ماہر، کاریگر، ہنرمند، چالاک، ہاتھ کاکرتب دکھانے والا۔

دستبازی: ہاتھ کا کرتب دکھانا، مشاقی، ہنر مندی۔

دست باف: ہاتھ سے کپڑا بننے والا۔

دست بالا: جسے فوقیت حاصل ہو، اوپر کے درجے کا۔

دست بدست: ہاتھوں ہاتھ۔

دست بدست بمن رسید: ہاتھوں ہاتھ مجھ تک پہنچا

من دست بدست معاملہ می کنم: میں رقم کے ذریعے معاملہ کرتا ہوں۔

دَست بدِل: غریب، مفلس۔

دَست بدہن: اپنی معاش حاصل کرنے کے قابل ہونا۔

دست برآوردن: کنایہ ہے دعا کرنے کا، نیز دعوی کرنا، غالب آنا۔

دَستُبرد: کسی کا مال ہتیا لینا، غارت گری۔

دستبرد زدن: لے جانا، (کوئی چیز) چرانا، ہتیا لینا۔

دست بَرنجن: دیکھیے دست ابرنجن۔

دست بستہ: ہاتھ بندھے ہوئے (ہتھکڑی میں)۔

دست بستہ: سینے پر ہاتھ باندھے ہوئے، عاجزانہ طور سے۔

دَست بکیِسہ: ہاتھ جیب میں، رقم پیش کرنے کو تیار۔

دست بگردن: (۱) ایک دوسرے کے رشتے دار، (۲) دونوں کے ہاتھ ایک دوسرے کی گردن پر۔

دست بند: سونے کی زنجیر یا حلقہ جو کلائی پر مستورات پہننی ہیں، کنگن، چوڑی، بازوبند۔

دست بوسی: ہاتھ چومنا، انتہائی احترام۔

دست پاچگی: (۱) عجلت، تیزی، تعجیل، (۲) ناعاقبت اندیشی، الجھن، پریشانی، بدحواسی اضطراب، گھبراہٹ،

جلد بازی۔

دست پاچه: جلدی کرنے والا، مضطرب و پریشان۔

در موقع امتحان دست پاچه شدن: امتحان کے موقع پر گھبراجانا۔

دَست پاك: پاکیزہ، دیانت دار، محتاط، شائستہ۔

دَست پخُت: ہاتھ کا پکا ہوا (کھانا وغیرہ)۔

دَست پَرور: دست پرورد، جس کی کسی دوسرے نے پرورش کی ہو۔

دست پناہ: (۱)دستانہ، مُکہّ بازی کا دستانہ (۲)چمٹا۔

دست پیمان: (۱) عروس کا جہیز (۲)تحریر شدہ عہد نامہ۔

دست تنگ: غریب، مفلس، نادار، تہی دست۔

دست تنگی: افلاس، ناداری، غریبی، تہی دستی۔

دست تہی: غریبی، مفلسی، ناداری۔

دَستچه: دستہ، شیشے کا برتن۔

دست چال: کیچڑ، گارا، جوہڑ۔

دست چپ: بائیاں ہاتھ۔

دست چین: جو پھل ہاتھ سے چنا ہو، برگزیدہ۔

دَستخط: اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا، نام، نام یا نام کی علامت جو لکھنے والا اپنے قلم سے لکھے۔

دَستخوان: کپڑا جس سے کسی چیز کو ڈھانپا جائے رومال، دستر خواں۔

دست خوردہ: (۱)چُھوا گیا، استعمال شدہ (۲)زخمی۔

دَستخُوش: قمار بازی میں جیتنے والے کے لیے کلمہ تحسین و آفرین، وہ انعام جو جیتنے والا کسی کو دیتا ہے

دستُخوش: کوئی شخص جو دوسروں کے لیے تمسخر کا موجب ہو۔

دستخوش: آسانی سے حاصل ہونے والی چیز، آسانی سے منافعہ یا فائدہ حاصل ہونا۔

دست دراز: جنگجو، آمادہ پیکار، لڑائی پر تلا ہوا۔

دست درازی: جارحانہ کارروائی، جنگجوی، تکلیف دینا، کسی کے مال پر ہاتھ بڑھانا۔

دست درکار: مصروف کار، کام میں مصروف۔

دست دُوز: ہاتھ کا سلا ہوا۔

دست رس: کوئی چیز جس تک رسائی ہو سکے۔

دست رسی: کسی تک رسائی کا موقع، توانائی، تونگری، کسی چیز کے حاصل کرنے کی قدرت۔

دست رنج: ہاتھ کی کمائی، محنت۔

از دسترنج خود نان پیدامی کرد: وہ اپنی محنت سے روزی حاصل کرتا تھا۔

دست زدن: تالی بجانا۔

دست زن: رقاص، مطرب

دست زَن: تالیاں بجانے والا۔

دست زَنان: تالیاں بجانے والے، ناچنے والے۔

دست ساز: ہاتھ کی بنی ہوئی۔

دست سَنگ: فلاخن، گوپیا، آلہ جس سے سنگ اندازی کی جاتی ہے۔

دست شِکستن: ناامید ہو جانا۔

دست شِکسته: جسے کسی کام کا تجربہ نہ ہو، کام کرنے کے ناقابل، بے ہنر۔

دست شُوی: ہاتھ دھلانے کا برتن۔

دست فُروش: پھیری والا، بساطی۔

دست فَنگ: اسلحہ کو کھینچ کرلے جانا۔

دَستقالہ: درانتی۔

دَستک: (۱)چھوٹا ہاتھ، ہاتھ کی طرح کی کوئ چیز (۲)نوٹ بُک جہاں حساب وغیرہ درج کیا جاتا ہے۔

دَستَک زدن: تالی بجانا۔

دستک مساحی: پیمائش اور مساحت کی نوٹ بُک۔

دَستکار: (۱) ہاتھ کی بنی ہوئ چیز (۲)دستکاری کا ماہر۔

دَستکاری: ہاتھ سے کام کرنا۔

دستکاری کردن: ہاتھ کے کام کو مکمل کرنا۔

دَست کَش: دستانہ۔

دست کشِ مُشت بازی: مُکہّ بازی کا دستانہ۔

دَست کَش: کسی ضرورت مند یا نابینا کا ہاتھ پکڑ کر رہنمائ کرنے والا۔

دَست کشی: کام سے ہاتھ اتھا لینا۔

دست کشیدن: کسی کام سے ہاتھ اتھا لینا، چھٹی کرنا۔

دست کم: کم از کم۔

دستگاہ: (۱)سازوسامان، کارخانہ، چیزیں بنانے کا سب سامان (۲) تزک و احتشام، قوت، توانائ، دولت، ثروت، قابلیت، نظم و ترتیب۔

دَستگاہ: عدد ظاہر کرنے کے لیے بھی آتا ہے۔ مثلاً دو دستگاہ ساعت، دو گھڑیاں۔

دستگاہِ بافندگی: کپڑا بننے کا آلہ۔

دستگاہِ تنفّس: نظام تنفس۔

دستگاہ خریطی: خراد۔

دستگاہ رنگریزی: کپڑا رنگنے کی جگہ۔

دستگاہ گوارِش: نظام انہضہام۔

دستگاہ وُجود: اندرونی اور بیرونی حسّیات۔

دست گردان: (۱)دست بدست لینے دینے کا عمل کسی سے کوئ چیز عاریۃً لینا اور واپس کرنا۔

دَست گُزین: انتحاب کی ہوئی چیز، جو چیز ہاتھ سے چُنی ہو۔

دَستگہ: دستگاہ۔

دستگیر: (۱)مدد کرنے والا، یاوری کرنے والا (۲)جو پکڑ لیا جائے، قیدی۔

دَستگیِر: جو چیز سمجھ لی جائے۔

مطلب دستگیرش شد: مطلب اس کی سمجھ میں آگیا۔

دُزد را دستگیر کردند: چور کو انھوں نے پکڑلیا۔

دستگیر شدن: پکڑا جانا۔

دستگیری: (۱) مدد، حمایت (۲)پکڑنے کا عمل۔

دستگیریِ فقرا: غربا کی مدد۔

دستلاف: فال نیک سے کام کا آغاز، وہ سودا یا معاملہ جو، پیشہ ور صبح جلد کرکے اپنے کام کا آغاز کرتا ہے۔

دَستمال: رومال۔

دَستمالی:مالش۔

دَستمایہ:سرمایہ جس سے تجارت کی جاتی ہے۔

دَستمَرد:یار، مددگار، معاون۔

دستمُزد:مزدوری، اجرت

دَستنبوُ:کوی خوشبو دار چیز جو خوشبو کی غرض سے ہاتھ میں رکھی جائے، میٹھی میٹھی خوشبو دینے والا ایک پھل۔

دست نِشان:ہاتھ سے لگایا ہوا پودا۔

دست نِشاندہ:(۱)جس کے سپرد کوئ فریضہ کیا گیا ہو (۲)ہاتھ سے لگایا ہوا پودا

دست نماز:وضو۔

دست نماز کردن:نماز کے لیے وضو کرنا۔

دست نمودن:توانائ کی نمائش کرنا، خود نمائ کرنا۔

دست نَوِشت:دستخط۔

دست وپا:ہاتھ اور پاؤں، سعی و کوشش۔

دست و پازدن:ہاتھ پاؤں مارنا، کوشش کرنا، ہر ممکن کوشش کرنا۔

دَستوار:(۱)ہاتھ کی مانند، ہاتھ کے اندازے کے مطابق (۲)چھڑی یا عصا جو ہاتھ میں پکڑ کر چلتے ہیں۔

دَستوان-دَستوانہ:دستبند، سونے کا زیور جو مستورات کلائ میں پہنتی ہیں، کنگن، چوڑی وغیرہ۔

دَستُور:ضابطہ، قاعدہ، آئین۔

دستُور زبان:قواعد صرف ونحو۔

دستورالعمَل:عمل کے قاعدے کے مطابق۔

مطابق دستور شما عمل کردم:میں نے آپکے قاعدے کے مطابق عمل کیا۔

دستُوری:قانون کے مطابق، صرف ونحو کے مطابق، آئینی۔

دَست وز:اپنے ہاتھ سے کام کرنے والا۔

دَستِہ:جو چیز ہاتھ سے پکڑی جائے گروہ، جماعت۔

دستہ گل:گلدستہ۔

یك دستہ پر:ایک گچھا پروں کا۔

یك دستہ اشخاص:کچھ لوگوں کا گروہ۔

یك دستہ چُوب:چھڑیوں کا ایک بنڈل۔

یك دستہ کبك:چکوروں کا جھنڈ۔

یك دستہ کشتی:جنگی جہازوں کا ایک بیڑا۔

دستِہ بندی:جتھا، جماعت بندی، دھڑابندی۔

دستہ جِلو:فیتہ، کور، بیَج جو کسی اعزازی طبقے یا کسی بزم یا انجمن کی طرف سے لگایا جائے۔

دستِہ دار:دستے والا برتن۔

دستِہ دستِہ:گروہ بندی، سیکشن، بریگیڈ قائم کرنا۔

دستہ کُوك:گھڑی یا کلاک کا وہ حصہ جہاں سے چابی دی جاتی ہے۔

دستی:ہاتھ کا بنا ہوا۔

چُوبِ دستی:سبز کی چھڑی۔

دستی این کارراکرد:بالارادہ اس نے یہ کام کیا۔

کیِف دستی:ہاتھ کا بنا ہوا کیسہ۔

ہنر دستی:دستکاری، ہینڈ کرافٹ (انگ)۔

دستَیاب:جو چیز حاصل ہو سکے۔

دَستیار:حمایت کرنے والا، مددگار، معاون۔

دستیاری: مدد، حمایت، مساعدت۔

دست یافت: (۱) عمدہ موقع مناسب، موقع فرصت (۲) کامیابی۔

دَست یافتَن: (۱) مناسب موقع میسر آنا، کسی چیز پر تسلط ہونا۔

دَستینہ: (۱) ہاتھ یا کلائی کا زیور (۲) دستخط، آٹو گراف

دَسکَرِہ: شہر، قریہ، مکان یا مقام جہاں عیش وطرب کے اسباب مہیا ہوں قلعہ۔

دَسَم-دَسُومَت: (ع) چربی، گوشت کی چربی، موٹا، چربی دار۔

دِسی: دسواں۔

دَسِیسِہ: (ع) فریب، مکاری، سازش۔

دسیسہ کردن: مکاری کرنا۔

دسیسہ کار: فریبی، مکار، ساز باز کرنے والا۔

دسیسہ کاری: مکرو فریب۔

دَسین: خُم، بڑا مٹکا۔

دَش: نمُودو نمائش، طمطراق، بھڑک، خود آرائی، خودنمائی، شبیہ، نظیر۔

دَش: (۱) دژ، قلعہ، حصار (۲) دشت۔

دُشبَل: غدود۔

دَشت: جنگل، میدان، ریگزار، بیابان، فراخ وہموار زمین

دَشت: پیشہ ور کی آغاز کارکی بوہنی۔

دشت کردن: بوہنی کرنا۔

دُشت-زشت: بدنما۔

دشتان: عورتوں کی ماہواری کا جاری ہونا، حیض آنا۔

دَشتبان: جنگل کا پاسبان، کھیتوں کا رکھوالا۔

دَشتی: (۱) صحرائی، جنگل بیابان سے متعلق (۲) ایران کے صوبہ فارس کے شہر دشتستان کا رہنے والا۔

دُشتیاد: چغل خوری، غیبت، بدگوئی۔

دُشخوار: دشوار، مشکل۔

دُشك: توشک، گدا۔

دُشکچہ: چھوٹا گدا۔

دُشمان: دشمن، بد خواہ،

دُشمن: عدو، مخالف، بد خواہ، حریف۔

بدی را دشمن بدار: بدی سے نفرت کرو۔

دشمن داشتن: دشمن سمجھتے ہوئے نفرت کرنا۔

دُشمن کام: وہ کام جو دشمن کی آرزو کے مطابق ہو، بد نصیبی۔

دشمن کامی: کسی کی بد نصیبی جس کو دیکھ کر دشمن خوش ہو۔

دُشمنانہ: دشمنی سے۔

دشمنانہ با کسی حرف زدن: دشمنی کے طور پر کسی سے بات کرنا۔

دشمنی: عداوت، خصومت۔

ازروی دشمنی: دشمنی کی وجہ سے۔

دُشنام: گالی، بد زبانی، فحش کلامی۔

دُشنام گفتن: گالی دینا، بد زبانی کرنا، بے عزت کرنا۔

دَشنَگ: آویزاں، لٹکا ہوا، نیز بمعنی خوشہ خرما، انگوروں کا گچھا۔

دَشنَگی: روزگار، دُنیا۔

دَشنه:خنجر۔

دُشوار:مشکل۔

دُشوار گیر:جس مشکل پر قابونہ پایا جاسکے۔

دشواری:مشکل۔

دُعا:(ع) خداوند تعالی سے التجا کرنا۔

دُعای خَیر:بہتری کے لیے دعا۔

دُعابَت:مذاق، ٹھٹھہ، رمز، چوٹ، دل لگی، مطائبہ۔

دعاخوان-دعاگو:دعا کرنے والا۔

دُعا گوی:دعا کرنا۔

دعامَت:(ع) گھر کا ستون، دعائم جمع۔

دَعاوی:دعوے کی جمع۔

دَعّت:(ع) سختی سے کسی کو رد کرنا۔

دَعوَت:(ع)کھانے کے لیے بلانا، ضیافت کی تقریب پر بلانا۔

دَعوت نامه:دعوت کا رقعہ یا مراسلہ۔

دَعویٰ:(ع)حق، مطالبہ، جھگڑا، مقدمہ بازی قانونی چارہ جوئی۔

دعوی کردن:اپنا حق جتانا، مقدمہ کرنا۔

دَعی:(ع) منہ بولا بیٹا، جسے کسی نے اپنا بیٹا بنا لیا ہو۔

دَغ:(۱)ویران جگہ (۲)سر پر بال نہ ہونا۔

دَغا:دھوکا، فریب، کھوٹا سکہ

دغا خوردَن:دھوکا کھانا، کسی کے فریب میں آنا۔

دغا زدن:دھوکا کرنا، فریب دینا۔

دغا باز:فریبی، مکار۔

دغا بازی:فریب۔ مکاری۔

دغاپیشه:جس کا کام ہی لوگوں سے دغا کرنا ہو۔

دغال:(ع) دغل کی جمع، دیکھیے دغل۔

دُغد:عروس، دُلہن۔

دُغدغان:ایک پودا جس کی پتیاں خاردار ہوتی ہیں۔

دَغدَغه:(ع) فکر، تشویش، خوف۔

دغدغه خاطر:دل کی بے چینی۔

دُغدُو:زرتشت کی والدہ کا نام۔

دَغسَر:جس کے سر پر بال نہ ہوں

دَغَل:(۱)حیلہ گر، مکار، جو شخص چیزوں کی اصلیت ظاہر کرنے میں دھوکا کرتا ہے۔

دغل باز:دغا باز، حیلہ گر، مکار۔

دَغَلی:دھوکا، فریب، دغا بازی، مکاری، حیلہ گری۔

دغلی کردن:فریب دینا۔

دَف:ڈفلی، موسیقی کا ایک ساز۔

دف زدن:ڈفلی بجانا۔

دفاتِر:دفتر کی جمع۔

دِفاع:حفاظت، بچاؤ، مدافعت، قلعہ بندی۔

دفاع کردن:حفاظتی تدابیر اختیار کرنا۔

دِفاعی:حفاظتی، حفاظت سے متعلق۔

دَفاف:دف بجانے والا، دف نواز۔

دَفائن:(ع) دفینہ کی جمع۔

دَفّت:(۱)پہلو یا کنارہ (۲)کشتی کا پتوار۔

دَفتر:(۱)وہ جگہ جہاں کسی محکمے کا کام ہوتا ہے، آفس (۲)کتاب، رجسٹر، بیاض۔

أطاقِ دفتر:جہاں رجسٹر یا حساب کتاب کی یاد داشتیں رکھی جاتی ہیں۔

دفترِ حساب:کھاتہ، حساب کتاب کا رجسٹر۔

دفترچہ:چھوٹا رجسٹر، کاپی۔

دفتر دار:وہ شخص جس کا کام دفتر کی کارروائی کو ضبط تحریر میں لانا اور دفتر کا انتظام درست رکھنا ہوتا ہے۔

دفترِ پارینہ:قدیمی کتاب، قدیم زمانے کی لکھی ہوئی یاد داشتیں جنھیں لوگ بھول گئے ہیں۔

دفتر نویس:دفتر دار، دفتر کا کام کرنے اور دفتر کا انتظام کرنے والا۔

دَفتری:کلرک کا کام، دفتر کا کام۔

دَفتِہ:جولاہے کا کنگھی نما آلہ جس سے وہ کپڑا بُنتا ہے۔

دَفِر:بدبُودار، متعفن۔

دَفزک:موٹا، ضخیم، فربہ

دفع:دور کرنا، رد کرنا، ہٹانا۔

دَفع خطر کردن:خطرے سے بچاؤ کرنا۔

دَفعات:اوقات۔

قرض خودرا بدفعات پرداخت کردم:میں نے مختلف وقتوں میں اپنا قرض ادا کیا۔

دفع الوَقت:وقت کٹی، تاخیر، التوا

دفع الوقت کردن:جان بوجھ کر تاخیر کرنا

دَفعِہ:(ع) وقت، بار۔

چندین دفعہ:چند بار، کئی بار۔

چہار دفعہ:چار مختلف اوقات پر۔

دفعہ بدفعہ:ہربار۔

دَفق:(ع) ٹپکانا، بہانا، تراوش۔

دَفن:(ع) زمین میں گاڑنا، تجہیز و تکفین کرنا۔

دفنا:(ع) جسے دفن کر دیا گیا ہو۔

دفنُوک:گھوڑے کی زین پر ڈالنے والا سامان۔

دَفُوف:(ع) دف کی جمع۔

دَفِیلِہ:فوج کی سلامی، قطار قطار بن کرچلنا۔

دَفِین:(ع) زمین میں دفن کیا ہوا۔

دفینِہ:دولت جو زیر زمین پنہاں کی گئی ہو۔

دِقّ:باریک، تھوڑا، کم۔

دَق:(ع) کوٹنا، توڑنا، نرم کرنا، کھنکھٹانا۔

دَق کردن:کھنکھٹانا۔

دَق الباب کردن:دروازہ کھٹکھٹانا۔

دق الحصیر:بوریا کوبی، دعوت جو نئے گھر کی دی جاتی ہے۔

دق دادن:آگے نکل جانا، کسی کو پیچھے چھوڑ دینا۔

دِق:(ع) بیماری کا نام، تپ دق۔

دقاق:(ع) رودہ، آنت، انتڑی۔

دَقّاق:(ع)(۱)آٹا بیچنے والا۔

دقائق:(ع) دقیقہ کی جمع، باریکیاں، باریک اور لطیف نکتے۔

دِقّت:(ع)باریک بینی، کسی کام پر بہت غور و خوض

کرنا۔

دقت کنید اشتباه نشود: خوب غور کرو کہیں غلطی نہ ہو جائے۔

دِقّت گرفتن: دقیقہ رسی کرنا، جزئیات کی طرف متوجہ ہونا۔

چرا اینقدر در لباس دقت می گیرید: تم اپنے لباس کے متعلق اتنے زیادہ متوجہ کیوں ہو۔

دِقّت گیر: انفرادی باتوں پر غیر معمولی توجہ دینے والا، جزئیات پر زور دینے والا، نازک مزاج، تُنک مزاج، جسے مشکل سے کوئی چیز پسند آئے۔

دقیانُوس: روم کا بادشاہ (۲۰۱-۲۵۱ء) جس کے ظلم نے سات ساتھیوں کو مجبور کیا کہ وہ غار میں پناہ لیں یہ اصحاب کیف تھے۔

دقِیق: (ع) باریک، نازک، کٹھن، مشکل، گہرا، محتاط

دقیق شدن: متوجہ ہونا۔

نُکات دقیق: گہرے نکتے۔

او درکار خود خیلی دقیق است: وہ اپنے کام میں بہت محتاط ہے

دقیِقہ: لحظہ، لمحہ، منٹ

ساعت ہفت و پنج دقیقہ است: سات بج کر پانچ منٹ ہوئے ہیں۔

دقیقہ شمار: گھڑی کی منٹوں کی سوئی۔

دقیقہ شِناس: گہری نظر رکھنے والا، جس کی نظر جزئیات پر بھی ہو، دقت نظر سے دیکھنے والا، باریک بین۔

دقیقہ یاب: دقیقہ شناس۔

دقیقی: ایران کے ایک شاعر کا نام جس نے فردوسی سے پہلے شاہنامہ لکھنا شروع کیا لیکن اپنے غلام کے ہاتھوں مارا گیا اور شاہنامہ مکمل نہ کرسکا اس کی وفات ۹۸۹ اور ۹۹۲ء کے مابین ہوئی۔

دَک: (ع) (۱) دیوار کو توڑ دینا، سطح زمین کے برابر کردینا، ہموار کردینا، زمین کی پستی بلندی کو ہموار کردینا (۲) حصہ، بہرہ، (۳) بے آب و گیاہ زمین (۴) محکم و مضبوط۔

دک ولک: بےآب و گیاہ زمین۔

دَک: سر۔

دک و دہن: سر اور منہ۔

دک و دِیم: سر اور چہرہ۔

دَک کردن: موقوف کردینا، بہانا بنا کر نکال دینا۔

دِکاک: (ع) جمع دکہ۔

دُکاکِین: دکان کی جمع۔

دُکان: جہاں چیزیں فروخت ہوتی ہیں۔

دکان باز کردن: دکان کھولنا۔

دکان بستن یا برچیدن: دکان بند کرنا۔

دکان تختِہ کردن: کاروبار بند کرنا۔

صاحبِ دکان: دکاندار۔

دُکانچِہ: چھوٹی دکان۔

دُکانداری: دکان پر مال فروخت کرنے کا کام۔

دُکتَر:(۱)ڈاکٹر، علم کا درجہ عالی جو یونیورسٹی سے ملتا ہے (۲)ڈاکٹر، علاج کرنے والا۔

دکتریس:ڈاکٹر کی بیوی، ڈاکٹر (زن)۔

دکترین:نظریہ، فکر۔

دَکَل:ستون جس سے کشتی کا بادبان یا خیمہ باندھا جاتا ہے۔

دُکلاں:تکلا۔

دُکمِہ:(۱)بٹن، تکمہ (۲)گرہ، گانٹھ (۳)گومڑی، ورم۔

دکمہ اندوختن:بٹن لگانا۔

دکّہ:بنچ، بیٹھنے کا پتھر کا بنچ، نیز زندان

دکَۃ:پہاڑی بکری۔

دگر:دیگر کا مخفف، دوسرا، کوئی اور۔

دِگر گون:بدل جانا، صورت بدلنا، بہت تبدیلی آنا۔

دِل:(۱)قلب، بدن کا اندرونی جزو جو دوران خون کا مبدا ہے، توجہ، دلیری، صبرو استقلال، استقامت، ضمیر خاطر۔

دربرکاری دل باید داشت:ہر کام میں استقامت ہونی چاہیے۔

دل از جان بر داشتن:زندگی سے نا امید ہو جانا۔

دل از دست دادن:دل دے بیٹھنا، محبت ہو جانا۔

دل باختن:دل ہار دینا ، دل دے بیٹھنا، محبت ہو جانا۔

دل بدل راہ دارد:دل کو دل سے راہ ہوتی ہے، دل کو دل سے تعلق ہوتا ہے۔

دل بدنیا مبند:دنیا پر بھروسانہ کر۔

دل برداشتَن:جی اٹھالینا۔

دل بر زبان داشتن:دل کی بات زبان پر لانا۔

دل بستَن:امید باندھنا، اعتماد کرنا، بھروسا کرنا۔

دلِ خود را خالی کردن:دل کا راز زبان پر لے آنا، اپنا راز خود فاش ہو جانا۔

دل دادن:کسی کی دلجوئی کرنا، حوصلہ بڑھانا۔

دل دل کردن:تھر تھرانا، پس و پیش میں ہونا، حیص حیص کی کیفیت میں ہونا۔

دلش پیش من است:اس کی توجہ میری طرف ہے۔

دلش خُنَك شد:اس کا دل مطمئن ہو گیا۔

دل قوی داشتن:دلیری کرنا، دل مضبوط کرنا۔

دل کسی را آزردن:کسی کا دل دکھانا، کسی کے احساسات کو مجروح کرنا۔

دل کسی رابدست آوردن:کسی کے دل کی خواہش پورا کرکے اسے مطمئن کردینا۔

دل کسی را بُردن:کسی کا دل لے لینا، کسی کے دل کو گرویدہ کرلینا، مسحور کرنا، کسی کا دل موہ لینا۔

دل کسی را شکستن:کسی کا دل توڑنا، کسی کو مایوس کردینا۔

دل کندن:جی ہٹا لینا۔

دلم باز شد:دل شگفتہ ہو گیا، دل کھل گیا۔

دلم برای وطن تنگ است:میرا دل وطن کے لیے (وطن کی یاد میں) پریشان ہے۔

دلم بہم برآمد: جی بھر آیا، دل میں رحم آیا، رحم کا احساس پیدا ہوا

دلم تکان خورد: دل کو جھٹکا لگا، دل ہل گیا، دل کو صدمہ پہنچا

دلم تمام شد: دل بے صبر ہو گیا

دلم حال آمد: جی خوش ہوا

دلم ریخت: دل کو جھٹکا لگا، دل ہل گیا، دل کو صدمہ پہنچا

دلم سررفت: دل تنگ ہو گیا

دلم گرفتہ است: میں نا امید ہوں

دلم نمی آید: میرا دل اس طرف مائل نہیں

دل منِہ بر دُنیی و اسبابِ او: دنیا اور اسباب دنیا پر بھروسا نہ کر

دل نِہادن: امید باندھنا

دل و زبانش یکی است: وہ جیسا سوچتا ہے ویسا ہی کرتا ہے، اس کے قول و فعل میں فرق نہیں

سنگدل: پتھر دل والا، جس کے دل پر کوئی اثر نہ ہو

نمی توانم ازآن یار دل بردارم: میں یہ نہیں کر سکتا کہ اس دوست سے بے تعلق ہو جاؤں

ہیچ کس از دل کسی خبر ندارد: کوئی کسی کے دل کا حال نہیں جانتا

دل آرا: محبوب جو دل کی راحت کا موجب ہے

دلارام: حسین دلربا جو دل کے آرام و سکون کا باعث ہے۔

دلآزار: دل کو آزار پہنچانے والا

دل آسا: دل و دماغ کے لیے سکون پیدا کرنے والا۔

دل آسودِہ: جس سے دل کو سکون میسر آئے، جس سے اطمینان حاصل ہو

دل آشوب: جو دل کےلیے تکلیف کا موجب ہو

دل اُفتادِہ: دل شکستہ، افسردہ

دل اَفرُوز: دل فروز، دل کو روشن کرنے والا

دل افگار: دل فگار، دل کو مجروح کرنے والا

دلّاك: (ع) حمام کا ملازم، مالش کرنے والا

دلا کان کہ بیکار می شوند سر ہمدیگر را می تراشند: حجام کے ملازم بیکار ہو جائیں تو ایک دوسرے کے سر تراشتے ہیں

دَلّاکی: (ع) حجام یا حمام کی خدمت

تیغ دلاکی: اُسترا

دلّال: (ع) کاروبار میں خریدنے اور بیچنے والے کے مابین سودا کرانے والا

دلّال برات: حساب چکانے والا

دَلال: (ع) ناز و ادا، عشوہ گری

دلالت: (ع) دلیل، ثبوت، اظہار، نشان رہنمائی۔

این حرف دلالت بر بی میلی او می کرد: یہ بات اس کی بے تو جہی کا ثبوت ہے

دلالہ: (ع) عورت جو دلال کا کام کرتی ہے

دلالی: (ع) دلال کا کام

دلالی کردن: دلال کا کام کرنا

دِلام: (۱) چھوٹا نیزہ (۲) مکر و حیلہ و فریب کے معنوں میں بھی آتا ہے، بہانہ سازی

دل انگیز: کوئی چیز جو دل کو برانگیختہ کرے اور انسان کےلیے طرب و نشاط کا موجب ہو

دل آور: دلیر، بہادر، شُجاع

دِلاوری: شَجاعت، بہادری

دل آوِیختہ: دلدادہ، عاشق

دلاویز: دلکش، دلربا، حسین و جمیل، دل پسند، مرغوب، دلخواہ

دَلائل: (ع) دلیل کی جمع، ثبوت، وجوہ

دِل باختَن: دل دے بیٹھنا، فریفتہ ہونا، عاشق ہونا

دل باختِہ: فریفتہ، گرویدہ، اسیر محبت، شیدا، شیفتہ

دُلب: چنار کا درخت

دِلباز: وسیع جگہ، صاف اور خوش منظر، دلکشا، دل نواز

دلبازی: تندی، تیزی

دل بخواہ: خوشی سے رضا مندی سے

دلبَر: محبوب، دلربا، دلکش

دلبری: دلکشی، دل رُبائی

دل بستِگی: خلوص، اخلاص، پیوستگی

دل بستَن: کسی سے محبت ہونا

دل بستِہ: عاشق، شیدا، فریفتہ

دل بند: پیارا، پسندیدہ

فرزند دل بند: پیارا بیٹا

دُلبند: دول بند، عمامہ، پگڑی، دستار

دلپذیر: جو دل کو بھائے، خوشگوار، پسندیدہ

دلِ پُر: غصے میں، آزردہ

دلِ پرشدن: رنجیدہ ہونا، غصے میں آنا، آزردہ ہونا

دل پسند: جو دل کو بھائے، خوشگوار، پسندیدہ، مرغوب

دل پیشِہ: خاموشی

دل پیچِہ: (۱) اسہال، درد اور پیچش کا احساس

دل تنگ: اداس، غمگین، تنہا، اندوہگیں، افسردہ، غیر مطمئن، ناراض

چرا چنین دل تنگ ہستید: تم اس قدر غمگین کیوں ہو

دل تنگ کردن: پریشان کرنا، ناراض کرنا، احساسات کو مجروح کرنا

دل تنگ شدن: ناراض ہونا، غصے میں آنا

دل تنگی: اداسی، افسردگی، دلگیری، غمگینی، حزن و ملال، رنج و اندوہ

دلجُو: مہربان، شفیق، دلنواز، پسندیدہ، شائستہ

دلجوی: شفقت، مہربانی، ہمدردی، دلنوازی، نوازش، تسلی، خوشدلی، خوشنودی

دل مرا توبیخ کرد سپس مرا دلجوئی کرد: اس نے پہلے تو مجھے سرزنش کی، بعد میں میرے ساتھ ہمدردی سے پیش آیا

دلچسپ: موزوں، خوشگوار، پسندیدہ، دلپذیر، دل نشین

دل خراش: دلآزار، دلسوز، پریشان کن، جس سے انسان رنجیدہ ہو

دِلخستِہ: غمگین، اداس، مصیبت زدہ، خستہ دل

دِلخواہ: خواہش، تمنا، پسندیدہ، جو دل کو اچھا لگے

مطابقِ دلخواہِ او عمل کردم: میں نے اس کی خواہش کے مطابق عمل کیا

بدلخواہ: اپنی خوشی سے، مرضی سے

دلخوُر: رنجیدہ، ناگواری پیدا ہونا، پریشان ہونا

دلخوری: رنجیدگی، ناگواری، رنجش، کبیدگئی خاطر

دلخوش: مطمئن، خوش، مسرور

دلخوشی: تسلی، تسکین، اطمینان، راحت، مسرت

دلخون: رنجیدہ، کبیدہ خاطر، غمگینی

دلخون بودن: رنجیدہ خاطر ہونا، غمگین ہونا، پریشان ہونا

دلدادن: فریفتہ ہونا

دلدادِہ: فریفتہ، عاشق

دلدار: محبوب، دلبر

دلدار: شجاع، دلیر

دلداری: دل جوئی، تسکین، تسلی، تشفی، اشک شوئی

دلداری دادن: دلداری کرنا، تسلی دینا

دُلدُل: (ع) تیز رو گھوڑا، حضرت علی(رض) کا خچر

دُلدُل: خارپشت

دلدل: تھر تھرانا، پاؤں اکھڑنے لگنا، تزلزل پیدا ہونا، پس و پیش ہونا، حیص بیص کی کیفیت طاری ہونا

دلدُوز: جو دل میں اثر کرے اور دل کو آزردہ کرے، تیز، نگاہ جو دل میں اتر جائے

دلرُبا: دلکش، دلفریب، مسحور کن

دلربائی: دلکشی،

دلریش: رنجور دل، دل محزون، دلسوز

دل زدای: دل پسند، پسندیدہ، دلپذیر

دل زندہ: ہوشیار، چوکس، محتاط، بیدار مغز، شاد، خرم، توانا، خوشدل

پیر مرد دل زندہ دارد: بوڑھا آدمی ہے لیکن دل اس کا جوان ہے

دَلس، دلست: (ع) تاریکی، ظلمت، اندھیرا

دلستان: دلبر، دلربا، محبوب، دلکش

دل سخت: سخت دل، سنگدل

دل سرد: نا امید، مایوس، افسردہ، غمگین

دلسرد شدن: افسردہ ہونا، نا امید ہونا

دلسردی: نا امیدی، مایوسی، غمگینی

دل سُوختہ: غمگین، انتہائی پریشان، دل جلا

دلسُوز: ہمدرد، مہربان، شفیق، دل کو متاثر کرنے والا، درد مند، اہل درد۔

دل سوزی: ہمدردی، شفقت، درد مندی، رحم

او برای فقرا دلسوزی می کرد: وہ غریبوں کے ساتھ بڑی ہمدردی کرتا تھا

دلشاد: خوش، مسرور، مطمئن، شادان

دل شب: کنایہ ہے نیم شب کا

دِلشُدگی: محبت ہو جانا، شیفتگی

دلشُدہ: اسیر محبت، دلدادہ، دل باختہ، شیفتہ، فریفتہ

دل شِکستگی: نا امیدی، غمگینی، آزردگی، مصیبت سے دوچار ہونا، حزن واندوہ

دل شکستہ: نا امید، پریشان حال، غمگین، افسردہ

دلشِکن: پریشان کن، مایوس کرنے والی

دل شِگفتہ: جس سے دل کو فرحت ہو، دل جس سے کھل جائے

دل فُرُوز: دل کو خوشی اور روشنی دینے والا

دلفرِیب: دلکش، دل لبھانے والا

دلفریبی: دلکشی، دلربائی

دلفگار: زخمی دل، پریشان حال، افسردہ، پژمردہ، مغموم

دلفگاری: پریشان حالی، حزن و ملال

دلفِین: ایک قسم کی بڑی پستاندار مچھلی، اس کے جسم کی لمبائی تین میز تک ہوتی ہے، رنگ سیاہ ہوتا ہے منہ اس کا سور کے منہ کی طرح ہوتا ہے اس کے دانت بھی ہوتے ہیں اور یہ مچھلی منطقہ حارہ کے سمندروں میں ہوتی ہے اسے لوگ اس کی چربی کےلیے شکار کرتے ہیں فارسی میں اسے خوک دریائی یا خوک ماہی کہتے ہیں

دَلق: (ع) (۱)گودڑی، پوستین و جامہ درویشی، گلیم (۲)صحرای بلی

دَلقك: ظریف طبع، مسخرہ، جس کا کام لوگوں کو ہنسانا ہوتا ہے

دَلك: (ع) مالش، ہاتھوں سے جسم کو ملنا

دلکش: دلربا، پسندیدہ، خوبصورت

آواز دلکش: دل کو لبھانے والی آواز

دلکش: ایرانی موسیقی کی ایک سُر

دلگداز: دل خراش، ملال پیدا کرنے والا، رنج واندوہ پیدا کرنے والا

دلگران: مایوس، نا امید، دل شکستہ، پریشان حال

دلگرانی: مایوسی، نا امیدی، پریشانی خاطر

دلگرم: حوصلہ مندی، ہمت بندھنا، ہمت افزائی

دلگرمی: حوصلہ مندی، اطمینان، سکون، طمانیت

دلگشا: دل پذیر، خوش آیند، تازگی بخش، فرح بخش، جو نشاط و فرحت کا موجب ہو

باغ دلگشا: دل کو فرحت دینے والا باغ

دلگیر: پریشان، ملول، اندوہگین

دلگیری: پریشانی خاطر، رنجش، دل تنگی، آزردگی

دُلُم: دانے جو بدن پر نکل آتے ہیں

دلمردگی: مایوسی، نا امیدی، دل شکستگی

دلمردہ: مایوس، نا امید، دل شکستہ، شکستہ خاطر، افسردہ، غمگین، اندوہگین، ملول

دُلُل: فصل جو ابھی پکی نہ ہو، دانے جو ابھی پکے نہ ہوں

دُلمہ: ایک قسم کی خوراک جو چاول، قیمہ اور سبزی کو گوبھی کے پتے میں لپیٹ کر تیار کی جاتی ہے

دَلمہ: دودھ جس سے پنیر تیار کیا جاتا ہے

دلمہ شدن: دودھ دہی کا پنیر بن جانا

دل نشین: دل میں جگہ پانے والا، پسندیدہ، دل پسند، موزوں

دِلنگ: آویختہ، آویزاں، بمعنی کھجوروں کا گچھا

دل نگران: متفکر، مضطرب، پریشان، بے چین، متردد

دل نگرانی: پریشانی خاطر، اضطراب، بے چینی، تردد

دل نواز: مہربان، شفیق، خلیق، دلجو

دَلو: (ع) بالٹی یا ڈول جس سے کنوئیں سے پانی نکالتے ہیں

دلواپس: پریشان حال، پریشان خیال ہونا

دلواپسی: پریشان خیالی، پریشانی خاطر

دَلہ: نیولے کی قسم کا جانور، پاؤں اس کے چھوٹے دم لمبی اور کھال اس کی نرم اور قیمتی ہوتی ہے

دَلہ: آوارہ، بیہودہ، یاوہ

دَلہ دُزد: کم ظرف چور

دَلہ دُزدی: گھٹیا قسم کی چوری

دلہاث: دلیر، بہادر شخص، شیر

دلہُرہ: تپش دل، تشویش، اضطراب، ناگہانی خوف

دلی: قلبی، دل سے متعلق

دلیجان: بگھی جو موٹروں سے پہلے لوگوں کو لانے لے جانے کےلیے استعمال ہوتی ہے

دلیجہ: باز کی قسم کا شکاری پرندہ

دلیر: بہادر، شجاع

دلیر افگن: بہادروں کو گرانے والا، بہت زیادہ بہادر

دلیرانہ: دلیری کے ساتھ

دلیری: بہادری، شجاعت، مردانگی

دلیری کردن: دلیری سے کوئی کام کرنا

دَلیف: (ع) بوجھل رفتار

دَلیک: (ع) ایک صحرائی پودا جسے فارسی میں گل سرخ صحرائی کہتے ہیں، اس کے پھول کی چار پتیاں ہوتی ہیں پتیاں جھڑنے کے بعد اس کا پھل جو دانوں کی صورت میں ہوتا ہے وہ طب کی دوا کے کام آتا ہے

دلیل: (ع) وجہ، ثبوت، رہنما

بچہ دلیل: کس وجہ سے

دلیل آوردن:وجہ بتانا، ثبوت پیش کرنا

دلیل اینکہ:اس وجہ سے کہ

دلیل قاطِع:کامل ثبوت

دلیل مقرُون:معقول دلیل

دم:سانس، نفس، لحظہ، وقت، دھار، گلا گھٹنے والی گیس، لاف و گزاف، زندگی، آہ، افسوں، فریب تلوار کی دھار

از دم شمشیر گذراندن:قتل عام کرنا

این چاہ دم دارد:اس کنوئیں میں دم گھٹنے والی گیس ہے

چائے ہنوز دم کشیدہ است:چائے ابھی دم پر نہیں آئی

دمِ آخر:آخری وقت

دم بدم:لحظہ بہ لحظہ

دم بستَن:خاموش ہو جانا

دم در کشیدن:خاموش ہو جانا

دَم زدن:سانس لینا

دم زدن:شیخی بگھارنا، لاف زنی کرنا، ڈینگ مارنا

دم سرد:سرد آہ

دم شُمُردِہ:سانس گننا، زندگی گزارنا

دمِ شمشیر:تلوار کی دھار

دم صبح:صبح کے وقت

دم غنیمت است:جو گھڑی میسر ہے غنیمت ہے

دم فُروبستَن:خاموش ہو جانا

دم کشِیدن:خاموش ہو جانا

دم گرِفتن:ساتھ دینا، ساتھ مل کر گانا

دم واپسِین:آخری وقت

در آن موقع ہیچ دم نزد:اس موقع پر اس نے کوئی بات نہ کی

فلان کس دم در عقل می زند:فلاں شخص عقل مند ہونے کی شیخی بگھارتا ہے

ہر دم:ہر وقت

دَم:قریب ہی

دم دست:قریب ہی

دم، دمیدن:پھونکنا سے فعل امر، پھونکو

دم:(ع) خون، دما جمع

سفك دم:خونریزی

دُم:جانور کی پوچھل

بیدُم:دم کے بغیر

دُم تکاندن:دم ہلانا

دَم روی کول گذاشتن ورفتن:کچھ کہے بغیر چل دینا

دما دم:دم بدم، پیاپے، ہر وقت

دما دم بادہ می خورد:وہ پیاپے شراب پیتا ہے

دمار:(ع) ہلاکت، تباہی، بربادی

دمار آوردن:تباہ و برباد کرنا، غارت کر دینا، جز بنیاد اکھاڑ دینا

دمار از روزگار کسی برآوردن:کسی سے پورا پورا انتقام لے کر اسے تباہ و برباد کر دینا

دِماغ:(ع)(۱)مغز (۲)کبر و نخوت (۳)میلان، جھکاؤ، رغبت، ذوق و شوق، صلاحیت (۴) ناک

باد در دماغ است:وہ مغرور ہے

چہ در دماغ دارد:وہ کیا سوچتا ہے

دماغ این کار ندارم:مجھے اس کام کا شوق نہیں، مجھے اس کام کےلیے فرصت نہیں

دماغ بالا گرفتن:غرور کرنا، شیخی بگھارنا

دماغ ترکردن:شگفتہ و تازہ ہونا

دماغش باد دارد: وہ مغرور ہے

دماغش خشك است: وہ بے دماغ شخص ہے

دماغش سُوخت: وہ بے حوصلہ ہو گیا، وہ نا امید ہو گیا

دماغ شما چاق است: آپ اچھے تو ہیں، آپ کی طبیعت اچھی ہے

دماغ کسی را سُوزاندن: کسی کو نا امید کر دینا

دماغ فُرو رفتن: مغرور ہونا

مُوی دماغ: تکلیف رساں شخص

دماغ چاقی: خوش اقبالی، کامیابی، خوش نصیبی، خوش طالعی، فلاح و بہبود، بہبودی

دماغ دار: متکبّر، مغرور

دماغِه: ناک کی طرح آگے کو بڑھی ہوئی چیز

دماغه کوه: پہاڑ کی آگے کو بڑھی ہوئی نوکدار سطح

دماغی: دماغ سے متعلق

دمامل: دیکھیے دمل

دَمان: تند و تیز، طاقتور، خشمناک

دمان: زمان، زمانہ، وقت

دمان: سانس لینا، سانس لیتے ہوئے

دماوَر: جسے دمہ کا مرض ہو، دمہ کا مریض

دماوَند: کوہ البرز کی سب سے بڑی چوٹی، اس پہاڑ کے قریب کا ضلع اور شہر

دُمب: دم

دُمباز: چاپلوس، خوشامدی

دُمبازی: خوشامد، چاپلوسی

دُمبال: دنبال، پیچھے، عقب، پیرو

دمبال رفتن: پیروی کرنا

دمادم: دم بدم

دُم بریدِه: جس جانور کی دم کٹی ہو، دم کٹا، چالاک، مکار

دَم بستِه: خاموش، حیران، متحیّر

دم پائی: سلیپر

کفش دم پائی: سلیپر

دم پُخت، دم پختك: دم پر پکایا ہوا پلاؤ

دَمجا: استحصال زر، استحصال بالجبر، رشوت

دُم جُنبانك: دم کا ہلنا، ایک خاکستری رنگ کا پرندہ جو عموماً پانی کے کنارے رہتا ہے، وہ اپنی دم ہلاتا رہتا ہے، ممولا

دُمدار: (۱) جس کی دم ہو (۲) سپاہ کا عقبی حصہ

ستارہ دمدار: دُنبالہ دار ستارہ

دَمدار: گیس جس سے گلا گھٹتا ہے

دَمدَمه: (۱) شور و غل، خلل، اضطراب، شورش ہنگامہ، خلل اندازی (۲) چالاکی، مکاری (۳) بگل، بگل کی آواز، نقارے کی آواز، نفیر کی آواز

دَمدمی: دمدمی مزاج، وہمی، و سواسی، متلون

دمَر: خمیدہ، جھکا ہوا، سینے کے بل لیٹا ہوا، الٹا لیٹا ہوا

دمرافتادن: سینے کے بل گر پڑنا

دمریز: لگا تار، مسلسل، پے بہ پے

دمساز: ساتھی، دوست، قابل اعتماد، مخلص، ہمدم، ہم صحبت، موافق

رفیق دمساز: مخلص دوست

دمسازی: گہری دوستی، دلی رفاقت

دم سرد: جس کی باتوں میں کوئی اثر نہ ہو

دُم سیجِه، دم سیچه: دم ہلنا

دمش: سانس لینا

دمشق: ملک شام کا مشہور شہر

دم شناس: ماہر ڈاکٹر

دَمع: (ع) آنسو، اشک

دمعت: قطرہ اشک

دمغ: دماغ کا زخمی ہونا

دمغازہ: عصعص، دُم کی ہڈی

دم قیچی: قینچی سے کاٹنا، کترن، پارہ، ٹکڑا

دم کردن: دم پر رکھنا

دم کردہ: دم پر رکھا ہوا

دمکش: گانیوالے کے ساتھ سر ملانا، اسے تازگی بہم پہنچانے کےلیے ساتھ گانا

دُم کُلفت: (۱) موٹی دم والا (۲) بار سوخ، طاقتور، با اثر،

دم گرفتن: گانا گانے یا عزا داری کرنے والے کا ساتھ دینا، مل کر شعر پڑھنا

دم گرفتہ: جس کا سانس گھٹ رہا ہو

دُم گرگ: کنایۂ صبح کا ذب، اول سپیدہ دم

دم گیر: جس کا دم گھٹ رہا ہو

دم گیر: ہمنوا ساتھی جو گانے والے کے ساتھ مل کر گانے

دم گیری: گانے یا کھیلنے میں ساتھ دینا

دُمَل: (ع) پھوڑا پھنسی، پھنسی جس میں سے خون اور پیپ نکلتی ہے

دُم لابہ: اظہارخوشامد کےلیے کتے کا دم ہلانا، خوشامد

دمَن: دامن کا مخفف

دِمن: دمنہ کی جمع

دمندان: جہنم، دوزخ

دمَنہ: (۱) روے زمین پر آبادی کے آثار (۲) کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ

دمنہ: کلیلہ و دمنہ کتاب کا ایک کردار، گیدڑ کا نام

دُمُور: (ع) (۱) تباہ ہونا، تباہی و بربادی (۲) نرم اور آہستہ آواز

دُمُوس: (ع) تاریکی، اندھیرا

دُمُوع: (ع) دمع کی جمع، آنسو، اشک

دُموق: (ع) نفرت انگیز

دمو کرات: (انگ) ڈیمو کریٹ، ملّی یا عوامی حکومت سے وابستہ، جمہوریت پسند

دموکراسی: (انگ) حکومت ملّی جس میں عوام کی نمایندگی ہو، جمہوریت

دَمَوی: (ع) خونی، جس میں خون شامل ہو

دمہ: (۱) دم، سانس، (۲) دمے کی بیماری

دمہ: شدید اور تیز ہوا جس کے ساتھ برف باری ہو

دمی: گیس یا ہوا سے پھلانا، مغرور کر دینا (۲) دم پخت چاول

دمی: دم، لحظ بھر، کچھ مدت

دمیاہ: (ع) خیر و برکت

دمیاط: مصر کا ایک شہر

دمیاطی: دمیاط سے متعلق، دمیاط کا رہنے والا

دُمَیت: پتھر یا سنگ مرمر کا مجسمہ، سرخ رنگ کا منقوش پیکر

دمیدگی: پھونکنا، گیس یا ہوا وغیرہ بھرنا

دمیدن: پھونک مارنا، ظاہر ہونا، پھوٹنا

دعای خواندہ، برمن دمید: دعا کرکے مجھ پر پھونک ماری

سپیدہ دمید: صبح طلوع ہوئی

دمیدہ: پھولا ہوا، شگفتہ

دمیك: زمین، وطن، مرزوبوم

دمیمه: (ع) بد خُو عورت (دمائم جمع)

دَنّ: (ع) خم، منکا

دنان: خراماں خراماں چلنا، نشاط و خوشحالی کی کیفیت میں چلنا

دنان: دنّ کی جمع، منکے

دنانیر: جمع دینار

دنائت: (ع) کمینگی، پستی، گھنیا پن، پست فطرتی فرومایگی

دُنب: دم

دُنبال: پیچھے،عقب

دنبال کردن: تعاقب کرنا، پیچھا کرنا، پیچھے پیچھے آنا، نقش قدم پر چلنا

ہر جامی رفت او را دنبال می کردید: وہ جہاں جاتا تھا تم اس کا پیچھا کرتے تھے

دُنباله: (۱) وہ چیز جو کسی دوسری چیز کے پیچھے لگی ہو، جو چیز بعد میں یا آخر میں آئے (۲)ذنبھل، ذنذی، شاخ، ڈالی

دنباله کلام: گفتار کا آخری حصہ، آخری کلمات

دنباله دار: جس کی دم ہو، طویل، لمبا، پائیدار

ستاره دنباله دار: دمدار تارا

دنبرا: تنبور، تنبورہ، موسیقی کا ایک ساز

دنبك: ڈھول کی قسم کا ساز، دہل، طبل

دنبك زن: دہل زن، ڈھول بجانے والا

دنبلان: (۱)ایک قسم کی کُھمبی (۲)بکرے کا خصیہ جسے آگ پر بھونا یا گھی میں تلا جاتا ہے

دنج: امن و امان کی جگہ، آسودگی، خلوت، تنہائی

گوشه دنج: گوشہ امن

دند: ابلہ، احمق، بیوقوف، فرومایہ

دندا: مکر، فریب، حیلہ

دندان: دانت (بصورت جمع)

دندان بر جگر گذاردن: صبر سے برداشت کرنا

دندان بر چیزی تیز کردن: کسی چیز کو حاصل کرنے کی انتہائی خواہش کرنا

دندان پزشك: دانتوں کا ڈاکٹر

دندان زدن: دانتوں سے کاٹنا

دندان ساز: مصنوعی دانت بنانے والا، دانتوں کا ڈاکٹر

دندان سازی: دانت بنانے کا کام

دندان سفید کردن: ہنسنا

دندان شِکَن: ایسی بات جس کا جواب نہ بن پڑے

دندانِ شیر: دودھ کے دانت

دندان عقل: عقل داڑھ

دندان (بہم) فشردن: دانت پیسنا

دندان کاو: خلال

دندان کسی را شمردن: کسی کی بے عقلی معلوم ہونے کے بعد اس کی طرف توجہ نہ دینا

دندان کَش: دانت نکالنے والا

دندان کشیدن: دانت نکالنا

دندان کَن: دانت نکالنے کا زنبور

دندان گرد: حریص، لالچی، طماع

دندان گیر: (۱)دانتوں سے چبانے والا (۲)موزوں، پسندیدہ، نفع بخش، پر منفعت

دندان لَق: ہلتا ہوا دانت

دندان مَز: ریگزار، دشت

دندان مُزد: مہمانداری کے بعد جو رقم فقیروں کو دی جاتی ہے، خیرات جو کسی غریب کو کسی دعوت کے وقت

یا ماہ رمضان میں دی جاتی ہے

دندان موشی:فاصلے والے دانت

دندان نمودن:ہنسنا، اپنے کینے کو واضح کرنا

دندانہ:دانتوں کی مانند کوئی چیز، جس چیز کے کنگرے ہوں

دندانہ دار:جس میں دندانے ہوں

دندانی:دانتوں سے متعلق

دندش:آہستہ یا زیر لب بات کرنا

دندنہ:(۱)زیر لب بات کرنا کہ مفہوم واضح نہ ہو، مکھی مچھر کی آواز

دندہ:سینے کی قوس دار پسلی

دندہ ور:ریزھ کی ہڈی والے جانور

دندیدن:زیر لب بات کرنا، بڑبڑانا

دَنَس:(ع) گندگی، نجاست، کثافت، پلیدی، ناپاکی، زخم سے جو پیپ نکلتی ہو

دنع:کمینگی، گھٹیا پن، پستی

دنع:(ع) کمینہ، گھٹیا، پست، پست فطرت

دَنَف:(ع) لمبی بیماری، کرانک بیماری، مرض مزمن

دَنف:(ع) لمبی بیماری میں مبتلا ہونا

دنقر:شورہ

دنگ:موسلی (چاول چھڑنے کی) خرمن کوب

دنگ:حیران، احمق، بیوقوف، فرومایہ، پست

دنگ:دانگ، چھٹا حصہ

دنگا دنگ:ہم وزنی، توازن، پاسنگ کرنا

دنگالہ:برف جو سردیوں کے موسم میں خود جمائی جائے

دنگ کُوب:خرمن کوب، وہ آلہ جس سے اناج صاف کیا جائے

دنگل:دیوث، قرمساق، بدسرشت، قابل نفرت شخص

دنگی:مونجی چھڑنے والا

دنو:(ع) قریب لانا، قریب آنا، نزدیک ہونا

دنِہ:(ع) خوشی، راحت، مسرت آمیز نعرہ، زمزمہ، طرب و مسرت کی آواز

دنہ شان گیرد:وہ خوشی منانا شروع کرتے ہیں

دنہ:(ع) عطا و بخشش، نعمت

دَنی:(ع) پست، گھٹیا، پست فطرت

دنی پرور:کمینوں کی پرورش کرنے والا

دنی زادہ:گھٹیا نسب والا، کم اصل

دُنیا:(ع) جہان، عالم، دنیاوی خیالات، اندیشے

دنیای دَنی:پست فطرت دنیا، عالم نا پائیدار

از دنیا رفتن:دنیا سے رخصت ہو جانا

بہ دنیا آمدن:عالم وجود میں آنا

ترک دنیا کردن:دنیا سے تعلق چھوڑ دینا، تارک الدنیا ہو جانا، گوشہ نشینی اختیار کرنا

دنیا پَرست:سرمایہ پرست، دنیاوی خوشیوں کےلیے دوڑ دھوپ کرنے والا، حریص، منفعت بخش باتوں کے علاوہ اور کسی طرف توجہ نہ کرنے والا

دنیا پرستی:مال دنیا کی فکر میں لگے رہنا

دنیادار:دنیاوی کاموں میں دلچسپی لینے والا، موقع شناس

دنیا داری:دنیاوی کاموں میں دلچسپی لینا، موقع شناسی

دنیا دُوست:دنیا پرست، طالب دنیا

دنیا دیدہ:جس نے دنیا دیکھی ہے، تجربہ کار، جہاندیدہ

دُنیاوی:دنیوی، دنیا سے متعلق

دَنیدن:نہلنا، خراماں خراماں چلنا، نشاط و شاد مانی سے چلنا پھرنا تیزی سے چلنا

دُنیوی:دنیا سے متعلق، دنیا سے مربوط

امور دنیوی:دنیاوی مسائل

دُنیی:دنیا، دنیا سے منصوب

دَنیق:کم اصل، رذیل، کمینہ

دُو:عدد ۲

دُو چندان:دوگنا

دوجِنسیہ:دو جنسی، جس کا تعلق دو جنسوں سے ہو

دوسَرہ:جس کے دو سر ہوں

دو لُول:دو نالی (بندوق)

سال من دو برابر سال شما است:میری عمر تمہاری عمر سے دوگنی ہے

ہر دو:دونوں

ہر دوی:دونوں

دو:باری، نوبت، کھیل کی باری

دو، دویدن:بھاگنا سے فعل امر، بھاگو، دوز لگاؤ

دَو کردن:دوڑ لگانا

دوا:(ع) دوائی، علاج، چارہ، درمان، ادویہ جمع

دوازدن:دوائی لگانا

دوا کردن:علاج کرنا

بی دوا:جس کا کوئی علاج نہ ہو، جس کو دوائی میسر نہ ہو

دَواب:(ع) جانور جس پر بوجھ لادا جائے، بارکش جانور (جمع دابہ)

دوات:(ع) جس میں سیاہی یا روشنائی ڈالی جائے لکھنے کےلیے

دوات دار:لکھنے والا، دبیر .

دوات گر:دواتیں بنانے والا، دوات رکھنے کا سانچا

دوآتِشہ:(۱)جو دوبار یا زیادہ دیر آگ پر پکایا گیا ہو تا کہ مرکب زیادہ موثر ہو سکے (۲)بہت تند مزاج شخص

دواج:(۱)لحاف، بالا پوش، (۲) آیہ جو بچوں کی دیکھ بھال کے لیے رکھی جاتی ہے

دوا خانہ:جہاں سے دوائیں ملتی ہیں، فارمیسی

دوار:چکر، دوران سر، سرگشتگی، ایسی کیفیت جب انسان یہ محسوس کرے کہ ہر چیز اس کے ارد گرد گھوم رہی ہے

دَوّار:بہت گھومنے والا، چکر لگانے والا

چرخ دوار:گھومنے والا آسمان

دَواری: قدیمی سونے کا سکہ

دوازدہ:بارہ

دوازدہ سطحی:جس کی بارہ سطحیں ہوں

دوازدہ ضلع:جس شکل کے بارہ ضلعے ہوں

دوازدہ گانہ:بارہ کا بنا ہوا

• **بروج دوازدہ گانہ:**منطقہ البروج راس منذل. راس چکر

دوازدُہم:بارھواں

دوازدہمی:بارہواں

دوا ساز:دوائیں تیار کرنے والا

دوا سازی:دوائیں تیار کرنا

دواسِپہ:دو گھوڑوں والی گاڑی

دُرشکہ دواسپہ:دو گھوڑوں والی گاڑی

دواسپہ تاختن:تندی و تیزی اختیار کرنا، سخت حملہ کرنا

دوا شِناس:دواؤں کا علم رکھنے والا،

دوا شناسی:دواؤں کا علم

دواعی:(ع) داعیہ کی جمع، اسباب و علل

دَوال: (۱) پیٹی، تسمہ، رکاب کی پٹی، کمر کو باندھنے والی پیٹی، تازیانہ جو چمڑے سے بنایا گیا ہو (۲) دھوکا فریب

دوال کمر: کمر کی پیٹی، کمر بند

دوال باز: دھو کے باز، فریبی، مکار، دغا باز

دوال بازی: دھوکا، فریب، مکاری، دغا بازی

دوالك: دوال کی تصغیر (۱) چھوٹی پیٹی (۲) مکر و حیلہ

دوالك بازی: حیلہ، مکرو فریب

دُوالہ: کائی، کائی نما نباتات جو پتھر یا درخت کے تنے پر نمودار ہو جاتی ہے

دوالیسَم: ثنویہ، ثانویہ، جس میں دو کا تصور شامل ہو

دوام: (ع) ہمیشگی، دائمی، پائیداری، مضبوطی، استحکام

این پارچہ دوام ندارد: یہ کپڑا مضبوط نہیں

بادوام: علی الدوام، ہمیشہ کےلیے

دوان: بھاگتے ہوئے

دواندن: دوانیدن، بھگانا، دوڑانا

دوانِق: (ع) عباسی خلیفہ منصور کا لقب جو بیت المال کے حساب کی خود نگہداشت کرتا تھا

دواوین: (ع) دیوان کی جمع، شعروں کے دیوان

دواہی: (ع) داہیہ کی جمع، (۱) بہت زیرک، دانا، ہوشیار لوگ (۲) عظیم امور (۳) حادثات، مصائب سخت اور دشوار کام

دوای: دوا جو علاج کےلیے دی جاتی ہے

دوبارہ: دوسری دفعہ، پھر، دو مرتبہ

این را دوبارہ بنویسید: اسے پھر سے لکھ دیجیے

دوبال، دوبالہ: دوبازو، دو پروں والا

دوبدُو: دو دو

شاگردان دو بدو رفتند: شاگرد دو دو مل کر باہر گئے

دو برابر: دوگنا

کتاب ہای شما دو برابر کتاب ہای من است: آپ کی کتابیں میری کتابوں سے دگنی ہیں

دوبرادران: (۱) دو بھائی (۲) دو روشن ستارے، دُبّ اصغر اور دُبّ اکبر

دو برگہ: دو پتیا

دو پشک: مشکوک، تردّد، دو مختلف طرح کے خیالات

دُوبِہ: ناؤ، کشتی، بجرا، جنگی جہاز

دو بہم زن: فتنہ گر، فتنہ پیدا کرنے والے

دو بہم زنی: فتنہ گری

دُوبَل: (۱) بیوفا، بے حقیقت (۲) سور (۳) چھوٹے قد کا گدھا

دُوبل: (ع) (مفرس ذبل) دو برابر، دہرا، دگنا

دُوبَیتی: دو شعروں کا قطعہ یا رباعی، دو بیتی میں بھی پہلا، دوسرا اور چوتھا مصرعہ ہم قافیہ ہوتے ہیں البتہ دوبیتی اور رباعی کے بحر اور وزن میں فرق ہوتا ہے

دُوبِین: جسے ایک کے بجائے دو چیزیں نظر آئیں، بھینگا

دوبینی: ایک کے بجائے دو نظر آنا

دوپا: دو پاؤں والا، ریشم کا کیڑا

دوپایه:جس کی دو ٹانگیں ہوں

دو پُشتِه:دو اکٹھے

دو پشته سوار شدند:دونوں اکٹھے (گھوڑے پر) سوار ہوئے

دو پیکر:جوزا، تیسرے آسمانی برج کا نام جو دو برہنہ لڑکوں کی شکل کا ہے

دُوتا:دوہرا، جھکا ہوا، خمیدہ

پُشتِ دوتا:خمیدہ کمر، کبڑی پیٹھ

دوتا:دو عدد

من یك کتاب دارم و او دوتا:میرے پاس ایک کتاب ہے اور اس کے پاس دو

دوتار:موسیقی کا ساز جس میں دوتار ہوتے ہیں اسے دوتارا بھی کہتے ہیں

دوتاه:تہ کیا ہوا

دوتای:دہرا، جوڑے دار

دوتای باہم، حرف می زدند:دونوں آپس میں باتیں کرتے تھے

دُوتُخِمه:دونسلا

دُو ترکه:دو پشتہ

دُوج:لاکھ جو مہر لگانے کےلیے استعمال ہوتی ہے، لاکھ لگانا

دو جانِبه:دو طرفہ، باہم دگر، باہمی، بالعوض

دوُجزی:جس کے دو جز یا حصے ہوں

دوجِین:درجن

دُوچار:دچار، ملاقات، آمنا سامنا، سابقہ

دوچار شدن:اچانک ملاقات ہو جانا، سابقہ پڑنا

در گلستان باہم دوچار شدیم:باغ میں اچانک ہم ایک دوسرے سے مل گئے

بابعضی اشکالات دو چار شد:اسے بعض مشکلات سے سابقہ پڑا

دو چار کردن:کسی کو مشکل میں ڈال دینا

دوچار:دو دفعہ چار یعنی آٹھ

دو چرخِه:بائیسکل، دو پہیوں والا سائیکل

دو چرخه موتری:موٹر سائیکل، سکوٹر

دوچشمه:دو چشمی دوربین، ایسی دور بین جس سے دونوں آنکھیں بیک وقت دور کی چیزیں دیکھ سکیں

دو چشمه:چاند اور سورج یا دن اور رات

دوچِلّه:دو رویہ سلامی چھت جس کے رخ پر ڈھال ہوتی ہے

دو چند:دو چندان، دوگنا

دو چُوبِه:جس کے دو ستون ہوں

دو چہار:دو چار

دُوحَت:بہت بڑا شاخدار درخت جس کا بڑا سایہ ہوتا ہے

دو حرف:دو حرف جن سے لفظ بنے مثلاً، گل، مہ کہ، سہ

دو حرفی:دو حرفوں سے بنا ہوا لفظ

دُوخ:(۱)خشک، زمین جہاں گھاس وغیرہ نہ ہو، بنجر زمین (۲)نرسل کی قسم کا درخت جس کی شاخیں پتلی اور پتے پتلے اور لمبے ہوتے ہیں

دُوخت :دوختن= سینا سے ماضی مطلق سیا۔

دوخُت گرفتن:تانکا لگانا۔ مثال:

نتواں دوخت جز برشتہ وصل
جگری کز فراق گردد چاک

جگر جو محبوب کی مفارقت میں چاک ہو جاتا ہے اسے وصال کے دھاگے کے سوا سیا نہیں جاسکتا۔

دوخت کردن:سینا۔

دوخت گرفتن:تانکے لگانا۔

دوُختن:سینا۔

دیدہ بردوختن:آنکھیں ڈھانپ لینا، آنکھیں بند کرلینا۔

دُوختن:اندوختن، جمع کرنا، حاصل کرنا۔

دُوختہِ:سیا ہوا، سیا سلایا، تیار۔

دُود :دھواں،بھاپ یا بخارات کا نکلنا۔

دُود آہنگ:چمنی، دودکش جس سے دھواں نکلتا ہے۔

دُود از کلہّ اش بلند شد:وہ سخت حیران ہو گیا، ششدر ہو گیا۔

دُود چراغ خوردن:رات مطالعے میں گزارنا۔

دُود خوار:تمباکو نوش۔

دُود دادن:بدبو دار دُھواں خارج ہونا۔

دُود دل:آہ، درد بھری آہ، کلمہ تاسف۔

دُود دِماغ:بے جا قسم کا غرور، بے بنیاد گھمنڈ۔

دُود کردن:دھواں نکلنا، بھاپ نکلنا۔

دُود :کرم۔

دُود الحِریر:ریشم کا کیڑا۔

دُودر:دو دروازوں والا، جس کے دو دروازے ہوں، مجازاً زندگی اور موت۔

دُودستی:رسماً: شائیستگی سے پوری پوری کوشش سے، دونوں ہاتھوں سے۔

دودستی:(۱)سخت جانفشانی کی جنگ (۲)برتن جس کے دو دستے ہوتے ہیں۔

دُود کش:چمنی جس سے دھواں نکلتا ہے۔

دُود گرِفتہِ:دھوئیں میں پھنسا ہوا۔

دُودل– دو دلِہ:جو کام شروع کرنے سے فکر و اندیشہ میں مبتلا ہوتا ہے اور جلد کسی فیصلے پر نہیں پہنچ سکتا، متردد، متفکر، سراسیمہ، شکی، وہمی۔

دُو دلِی:تذبذب، تردد، سراسیمگی۔

دُو دَم:جس کی دو دھاریں ہوں۔

تیغِ دو دم:دو دھاری تلوار۔

دُود مان:خاندان، قبیلہ، خانوادہ، مثال:

شب سیاہ صباح سفیدمی آرد
چراغ مُطلِب از دودمان بولہبی

بو لہب جو کافر تھا اس کے خاندان سے حضرت مطلب کے چراغ نے یعنی حضرت رسول کریم(ص) نے جہالت کی تاریکی کو صبحوں کی روشنی میں بدل دیا۔

دُودہِ:(۱) دوُد مان، خاندان، (۲)دھوئیں کے ذرات جو یکجا جمع ہوں، (۳) سیاہی جو دھوئیں سے لی جاتی ہے۔

دُودِی:کرم، کیڑا۔

دُودِی:دھوئیں کی مانند۔

دُور:فاصلے پر، جدا، الگ، بعد از قیاس۔

از مطلب دُور افتادن:مطلب سے انحراف کرنا، موضوع سے ہٹ جانا۔

از نظر دور شدن:نظر سے اوجھل ہونا۔

خانہ من زمدرسہ دور است:میرا گھر سکول سے دور ہے۔

دور انداختن: پھینک دینا۔

دور داشتن: اپنے سے دور یعنی فاصلے پر رکھنا۔

دور شدن: چھوڑ کر چلے جانا۔

دور کردن: ہٹا دینا، فاصلے پر رکھنا۔

دور نیست کہ برود: بعید از قیاس نہیں کہ وہ چلا جائے۔

لباس کہنہ را دور انداخت: اس نے پرانا لباس ترک کر دیا۔

ہرچہ بگوئید۔ ازُ و دُور نیست: جو کچھ آپ کہہ رہے ہیں وہ اس سے کچھ دور نہیں۔

دَور: گردش، گھومنا، گردش کرنا، نوبت، باری، وقت، عرصہ، عمر، چکر، حرکت، قسمت۔

دَور چیزی را گرفتن: کسی چیز کے ارد گرد گھیرا ڈالنا، احاطہ کر لینا۔

دَورسِرت گردم: میری جان آپ پر قربان۔

دَور کردن: چکر لگانا۔

دور گردُوں: گردشِ فلک، مثال:

دور گردوں گر دو روزی بر مرادِ ما نرفت
دائماً یکساں نباشد حالِ دوران غم مخور

اگر گردش فلک کچھ وقت کے لیے ہماری خواہش کے مطابق نہیں تو غم نہ کرو، زمانے کے حالات ہمیشہ ایک سے نہیں رہتے۔

دَور و بر: ماحول، گردو پیش۔

چہ شخص دور دنیا رفتہ است: ساری دنیا کے گرد کون پھرا ہے۔

زمین گردا گرد محورِ خود دَورمی زند: زمین اپنے محور کے گرد چکر لگاتی ہے۔

دُوراغ: لسّی، چھاچھ۔

دَوران: (ع) زمانہ، وقت، عمر، گردش، دورہ۔

دوران دم: بدن میں خون کی گردش۔

دوران کردن: گھومنا، چکر لگانا۔

سرم دوران می کند: میرا سر چکر کھا رہا ہے۔

گردش دوران: گردش افلاک۔

دُور اندیش: دور کی بات سوچنے والا، فکر فردا کرنے والا، انجام کے متعلق غور کرنے والا۔

دُور اندیشی: عاقبت بینی، دانائی، عقل مندی۔

دُور بین: آلہ جس سے دور کی چیز دیکھی جاسکتی ہے، ٹیلسکوپ (انگ)۔

دُور بین عکاسی: کیمرہ۔

دور بین مساحی: آلہ دُور پیما، دور کی چیز کی پیمائش کرنے کا آلہ۔

دُور بین: دُور اندیش، عاقبت بین، جس کی نظر انجام پر ہو۔

دُور بینی: دور اندیشی، عاقبت پر نظر رکھنا۔

دُور ترک: اور زیادہ دور۔

دُور دست: دُور بہت فاصلے پر، رسائی یا پہنچ سے دُور، دور افتادہ۔

دُور دستی: دُوری، جہاں تک رسائی نہ ہو۔

دُورس: ان پودوں یا درختوں کے نام جو قدیم زمانے میں دافع جنوں سمجھے جاتے تھے، ایک پودا جس کی شاخوں پر پتے چھتری نما ہوتے ہیں، پھول اس کے سفید، پتے بدبودار اور زہریلے ہوتے ہیں، عربی میں اسے "شوکران" کہتے ہیں۔

دَور زدن: گردش کرنا۔

دو رگ: دو نسلا، جس کے ماں اور باپ مختلف النژاد ہوں۔

دُور گو: ٹیلیفون۔

دُورگه: دو نسلا۔

دو رنگ: دو رنگوں والا، منافق، دروغگو، فریبی۔

دورنگی: منافقت، دروغ گوئی۔

دُور نما: عکس یا تصویر جس میں دور کے مناظر نظر آئیں. لینڈ سکیپ (انگ)۔

دُور نویس: تار، ٹیلیگراف۔

دورُو: دو رُخہ، جس کے قول اور کردار میں فرق ہو منافق۔

دو رُوی: منافقت، قول و کردار کا فرق۔

دُو رُوزی: عارضی، ناپائیدار، آنی جانی۔

دو رُو و دورنگ: دہرا کاروبار، دوروئی، منافقت، دھوکا۔

دُو رُوه: دو رُخہ۔

دو رُوی: منافقت، دھوکا۔

دَوره: ایک دور، زمانہ، عصر، نظرثانی، مکرر تحقیقات، تبصرہ، تنقید، اعادہ، نصاب، سفر۔

دوره انتخابیه ہشتم: آٹھویں پارلیمنٹ۔

دوره انقلاب: انقلاب کا زمانہ۔

دوره بعد، اکتشافات بیشتری خواهد پرداخت: آنے والی نسل کے لیے بہت زیادہ نئی باتیں دریافت ہونگی۔

دَوره مجدَّد: نشاط ثانیہ، علوم و فنون کے احیا کا زمانہ۔

دوره تحصیلات آنرا تمام کردم: میں نےاس کے سارے نصاب تعلیم ختم کر دیے۔

دوره تصدّی: زمانہ کار کردگی۔

در دوره تصدی او: اسکی کارکردگی کے زمانے میں۔

دوره کردن: تبصرہ کرنا، نظر ثانی کرنا۔

دوره گرد: پھیری والا۔

دوره گردی: پھیری والے کا کام۔

دوره مرض: بیماری کا عرصہ۔

دُوری: دور ہونا، بہت فاصلے پر ہونا، جدائی۔

از بَدان دوُری کن: بُرے لوگوں سے دور رہو۔

بواسطہ دوریٔ راه آنجا نرفتم: راستہ دور ہونے کی وجہ سے میں وہاں نہ گیا۔

دوری کردن: الگ رہنا۔

دَوری: زمانی۔

حرکتِ دوریٔ سیاّرات: سیاروں کی زمانی حرکت۔

دُوز: دوُختن= سیناسے فعل امر، سیو (بدوز)۔

دُوزانیدَن: (کپڑا) سلانا۔

دُوزبان: منافق، فریبی۔

دُوزبانہ: دو زبانیں، جاننے والا۔

دُوزَخ: جہنم۔

دوزمان: دھاگا جو، سوئی میں ڈالا جائے۔

دُوزَندگی: سینے کا کام۔

دُوزنده: سینے کا کام کرنے والا، درزی۔

دُوزنہ: دو بیویوں والا۔

دُوزَنہ: (۱) سوئی جس سے کپڑا سیتے ہیں (۲) نیش، مچھر یا بھڑ کا ڈنگ، سب کاتنے والوں کا ڈنگ اسے دو زنہ بھی کہتے ہیں۔

دُوز و کلک: سازش۔

دوزو کلک چیدن: سازش کرنا۔

دُوزه: ایک خاردار جھاڑی۔

دُوزیدن: دُوختن، سینا۔

دوزیست: وہ جانور جو خشکی اور تری دونوں جگہ رہتا ہے۔

دُوس: (۱) پیروں سے ملنا، پائمال کرنا، پست کرنا، (۲) پستی و خواری (۳) صیقل کرنا شمشیر وغیرہ کو (۴) ایک عرب قبیلے کا نام۔

دُوس: چیزا، لاکھ۔

دُو سالہ: دو سال کی عمر کا۔

دُوساندن- دوُ سانیدَن: چپکانا، ایک چیز کو دوسری چیز سے چپکانا۔

دُوست: رفیق، مہربان۔

اورا خیلی دوست دارم: اسے میں بہت عزیز سمجھتا ہوں۔

دوست آن باشد کہ گیرد دست دوست
در پریشان حالی و در ماندگی

دوست وہ ہے جو پریشانی و درماندگی کی حالت میں اپنے رفیق کی دستگیری کرے۔

دوستدار: جن کے ایک دوسرے کے ساتھ اچھے تعلقات ہوں، پر خلوص تعلقات ہوں۔

دوست داشتن: عزیز سمجھنا، پر خلوص تعلقات قائم کرنا۔

دوست شدن: دوستی حاصل ہونا۔

دُوست دَمساز: جان نثار دوست

دُوست صمیمی: گہرا دوست، دلی دوست۔

دوست ظاہری: دوستی کے تعلقات محض ظاہر کرنے والا۔

دُوستکام: دوست نواز، دوستی کا حق ادا کرنے والا۔

دوستکامی: دوست نوازی، دوستی کی خواہشات کو پورا کرنا۔

دوستوار: دوستانہ۔

دُوستی: رفاقت، پُر خلوص تعلقات، محبت۔

باہمہ کس دوستی مکن: ہر ایک کے ساتھ دوستی نہ کر۔

دوستی خالہ خرسی: احمق اور ضرر سان شخص کی دوستی۔

دُوسَر: گندم کے کھیت میں اگنے والے پودے جن کے بیج باجرے کی طرح چھوٹے اور سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں۔

دُوسرِہ: باہم ایک دوسرے کے ساتھ۔

محبت دوسرہ: باہمی محبت۔

دُوسری: ایک قسم کی پالکی، کجاوہ جو سب طرف سے ڈھکا ہوتا ہے۔

دُوسیدن: چپکانا۔

دوسیدہ: چپکی ہوئی چیز۔

دُوش: کندھا، شانہ۔

فرزند خود را رُوی دوش نشاند: اس نے اپنے بیٹے کو کندھے پر بٹھایا۔

دوش دادن: مدد کرنا۔

دوش زدَن: کندھے اچکانا، جس سے بے پروائی، بے توجہی اور بے تکلفی ظاہر ہوتی ہے۔

دُوش: گذشتہ رات، دی شب۔

دُوش: دوشیدَن= دودھ دُہنا، سے فعل امر دودھ دوہ لو۔

دُوش: فوارہ دار غسلخانے کی ٹونٹی۔

حمام دوش: فوارہ دار غسلخانہ۔

دُوشا: دودھار، دودھ دینے والی گائے بھینس۔

دُوشاب: انگوروں کا شیرہ۔

دُوشاخہ: ایک آلہ جس کی دوشاخیں دو انگلیوں کی طرح ہوتی ہیں۔دو سنگا۔

دُوشاندَن- دوشانیدن: دُودھ دُہنا۔

دُوش تُبرہ: کرمچ کا تھیلا، بغچہ۔

دُوشَک: توشک، گدا۔

دُوشَنبہ: پیروار۔

دوشَندہ: دودھ دہنے والا۔

دُوشہ: دودھ دہنے کا برتن۔

دوشیدَنی: دودھ دہنے کے قابل۔

دوشیدہ: گائے یا بھینس یا بکری جس کا دودھ دوہ لیا گیا ہو۔

دُوشیزگان: دوشیزہ کی جمع۔ کنواری لڑکیاں۔

دوشیزہ: کنواری لڑکی۔

دوشین- دوشینہ: گذشتہ رات۔

صحبت دوشین: رات کی گفتگو۔

دوشینہ-دوشین: شب گذشتہ۔

دوشینہ شب: گزری ہوی رات، شب گزشتہ۔

دوصد: دو سو۔

دو طرفہ: دونوں طرف سے، دونوں اطراف سے متعلق۔

دو طرفی: باہمی، آپس کا، باہم دگر۔

دُوغ: لسّی، چھاچھ۔

دُوغ زدن: لسّی بنانے کے لیے دہی رڑکنا۔

کس نہ گوید کہ دوُغ من ترش است: کوئ نہیں کہتا کہ میری لسّی کھٹی ہے، خواہ کھٹی ہی ہو، جس کے پاس جو چیز ہو وہ کیسی بھی ہو، وہ اس کی تعریف ہی کرتا ہے۔

دُوغاب: پانی، گچ، چونا وغیرہ کی آمیزش۔

دوُغاب زدن: دیوار وغیرہ پر سفیدی کرنا۔

دُوغلو- دوقُلو: جڑواں بچے۔

دُوغہ: لسّی، چھاچھ۔

دُوک: چرخے کا تکلا۔

دُوک: امیر، اشراف کا لقب۔

دوکارد: قینچی، مقراض۔

دوکان: دکان۔

دوکدان: چرخے میں تکلا رکھنے کی جگہ۔

دُوک ریسہ: تکلا جس سے دھاگا کاتا جاتا ہے۔

دُوکمانہ: دو کمانوں والا۔

دوکوہانہ: دو کوہانوں والا اونٹ۔

دوگانہ: (۱) دو وقت (۲) کوئ چیز جو دو اجزا سے مل کر بنی ہو (۳) دو رکعت نماز۔

شرط ہائ دوگانہ: دُہری شرط۔

دوگاہ: ایرانی موسیقی کی ایک سُر۔

دُوَل: (ع) دولت کی جمع، حکومتیں۔

دُوَل مُتحابہ: (ع) آپس داری کے تعلقات والی حکومتیں۔

دول مُتحاربہ: (ع) متحارب حکومتیں، جن حکومتوں کے تعلقات کشیدہ ہوں۔

دول مُتخاصِمہ: (ع) دشمن حکومتیں۔

دُول: (۱) ڈول، بالٹی، (۲) دھوکےباز شخص (۳) گستاخ، بدتمیز شخص۔

دوُل: (انگ) ڈئل کا مفرس، نزاع کا فیصلہ کرنے کے لیے دو شخصوں کی لڑائ۔

دُولا: دُہرا، دوگنا، جھکنا۔

دولا دولا: سر اور کندھے جھکا کر۔

دولا شُدَن: خم ہو جانا، جھُکنا، خمیدہ ہونا۔

دولا شد کہ پول از زمین بردارد: وہ جھکا کہ پیسے زمین سے اٹھالے۔

کاغذرا دُولا کرد: کاغذ کو دُہرا تہ کیا۔

دُولاب: (ع) پانی نکالنے کی مشین، چرخی، رہٹ۔

دو لاب مینائی: آسمان کا کنایہ ہے۔

دُولابی: دولاب کی مانند۔

دولار: ڈالر کا مفرس۔

دُولاغ: زنانہ شلوار۔

دُولبند: (۱) پگڑی، عمامہ (۲) ڈول کو باندھنے کی رسی۔

دولبہ: دو کناروں والا۔

دولت: مال و متاع، ثروت، تمول، نقدی، مدد۔

آن طفل از دولت شما ترقی کرد: اسی لڑکے نے آپ کی مدد سے ترقی کی۔

از دولت شما ۔۔از دولت سرشما: آپ کی نیک خواہشات کا شکریہ۔

دولت خانہ: دولت سرا، تعظیماً کسی دوسرے کے گھر کو دولت خانہ کہتے ہیں۔

دولتِ خوابیدہ: بد نصیبی۔

دَولتمند: امیر، متمول، غنی۔

دَولتمندی: امیری، تمول۔

دَولت: حکومت۔

دَولتی: حکومت سے متعلق، صاحب اقبال، اقبالمند۔

اداراتِ دولتی: سرکاری محکمے۔

دولتیان: دولتی کی جمع، اقبال مند لوگ۔ مثال:

با دولتیان نشین کہ خاری
از صحبت گل شود بہاری

اقبال مند لوگوں کے ساتھ میل جول رکھ۔ کیونکہ خار پر بھی پھول کی صحبت میں بہار کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔

دَولَتین: دو حکومتیں۔

دولتین معاہدین: کنفڈریٹ حکومتیں۔

دُولچہ: چھوٹا ڈول۔

دُولخ: طوفان، گردو غبار۔

دول دادن: نعمتیں عطا کرنا، حکومتیں بخشنا۔

دولوُل: دو نالی۔

دُولہ: (۱) پشتہ، گرد وغبار، (۲) نالہ و فریاد۔

دُوما: ڈوما کا مفرس، دیس کے نمایندوں کی مجلس۔

دُوُم: دوسرا۔

دُو محورہ: دو محوروں والی۔

دُومَغز: بادام جس میں دو گریاں ہوں۔

دو مَغزہ: (۱) جس کے دو مغز ہوں (۲) موٹا، مضبوط۔

دومُو ـ دومُوی: جس کے سر کے بال سفید بھی ہوں اور سیاہ بھی۔

دُومی ـ دُوُمین: دوسرا۔

دُون: (ع) پست، فرومایہ، کمینہ۔

دُنیای دون: پست دنیا، جس پر اعتبار نہیں کیا جاسکتا۔

دُون پَرور:کمینے لوگوں کی پرورش کرنے والا۔

دَوَندگی:دوڑ، سعی و کوشش، جدوجہد، سرگرمی۔

دَوَندہ:دوڑنے والا، جدوجہد کرنے والا، سرگرم کار۔

دُون ہمّت:کم ہمت، کم فہم، کمینہ، پست خیال۔

دُون ہمتی:کم ہمتی، پست خیالی، کم فہمی۔

دُونی:کمینگی، دنائت، پستی۔

دُونیم:دو حصوں میں منقسم۔

دونیم کردن:دو برابر ٹکڑے کرنا۔

دَوِیْ:بجلی کی کڑک، رعد کی آواز۔

دویَت:دوات۔

دَویدَن:دوڑنا، تیزی سے چلنا، محنت کرنا، کام میں کوشش کرنا۔

دَوِیر:دبیر۔

دویرہ:موٹا تسمہ، چمڑے کی پٹی۔

دَویست:دوسو۔

جشنِ دویست سالہ:دوسو سالہ جشن۔

دویستُم:دو سواں۔

دویَک:دو اکائیاں۔

دَہ:دس۔

اُودہ سال تحصیل کرد:اس نے دس سال تعلیم حاصل کی۔

دَہ دادن:ہاتھوں کی دس انگلیاں کسی کے چہرے کے سامنے کرکے برا بھلا کہنا۔

دِہ:گاؤں، دہات جمع۔

دِہ:دادن= دینا سے فعل امر، دے دو۔

دَہاء:(ع) زیرکی، دانائی، ہوشمندی، جُودتِ فکر۔

دہادہ:لڑائی کا شور و غل۔

دَہار:درہ۔ پہاڑ کا درمیانی راستہ، غار۔

دَہاز:چیخ و پکار، آہ و زاری، فریاد و فغان۔

دِہاق:لبالب، لبریز، جامِ پُر۔

دَہاقین:(ع) دہقان کی جمع، کھیتی باڑی کرنے والے، کسان، دیہاتی۔

دہ آک:دس عیب، ضحاک ایک ظالم بادشاہ جس کے متعلق یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس کے جسم اور دماغ میں دس عیب تھے۔

دہالیز:(ع) دہلیز کی جمع، چوکھٹیں۔

دُہام:(ع) سیاہ۔

دَہان:دہن، منہ۔

انگشت بدہان:حیران، ششدر۔

خاکم بدہان:میرے منہ میں خاک، جو کچھ میں نے کہا ہے اس کے لیے میں معذرت خواہ ہوں۔

دم دہان خودرا گذاردن:بولنا بند کرنا۔

دم دہانت را بگذار:بولنا بند کرو

دہانِ اژدر:اژدہے کے منہ جیسا۔

دہان باز:جس کا منہ کھلا ہو، کشادہ دہن۔

دہان بند:منہ بند، چھکا جو جانوروں کے منہ پر چڑھا دیتے ہیں، کنایہ ہے اس چیز کا جو کسی کو سکوت اختیار کرنے کے عوض دی جاتی ہے۔

دہان بین:لوگوں کا منہ دیکھنے والا، جو دوسروں کی باتوں سے بہت جلد متاثر ہو جاتا ہے ضعیف الارادہ۔

دہان دَرِہ:انگڑائی جمائی، خمیازہ۔

دہان دریدہ:منہ پھٹ، گستاخ، ہرزہ گو، بد زبان۔

دہانش بُوی شیر می دھد:اس کے منہ سے ابھی تک دودھ کی بو آتی ہے، وہ بہت چھوٹا ہے، کم عقل ہے۔

دہانِہ:منہ، منبع۔

دہانہ رُود خانہ: دریا کا منبع۔

دہانی: دہن سے متعلق۔

دہانیدَن: دلانا۔

دَہ باشی: دس فوجی سپاہیوں کا کماندار۔

دِہبان: گاؤں کا نگہبان، نمبردار۔

دَہ برابر: دس گنا۔

دَہ پَنجی: سونا یا چاندی جس کے ۱۰/۵ یعنی نصف حصے میں کھوٹ ہو، نا خالص سونا یا چاندی۔

دہچہ: کسان۔

دِہخُدا: نمبردار، گاؤں کا رئیس،۔ گاؤں کا بزرگ۔

دِہدار: نمبردار، گاؤں کا بزرگ شخص، گاؤں کا مالک، گاؤں کا رئیس اور بزرگتر شخص۔

دَہ دلا: کنایہ ہے بیوفا اور بوالہوس شخص کا۔

دَہر: وقت، زمانہ، عرصہ، جہاں، قسمت، روزگار۔

دَہ رگہ: شجاع، دلیر بہت بہادر، دلاور، با غیرت شخص۔

دَہرہ: درانتی، داس۔

دَہری: وجود خدا کا منکر، کافر، بے دین، ملحد۔

دہ سالہ: دس سال کا۔

دِہستاں: چند دہات، جو قریب قریب ہوں۔

دہ سطحی: دس سطحوں والی شکل۔

دِہش: دادن= دینا سے حاصل مصدر، عطا و بخشش سخاوت۔

دَہشَت: خوف، ڈر، حیرانی، سراسیمگی، سرگشتگی۔

دَہشت انگیز: دہشت ناک، خوفناک، خطرناک۔

دہشَور: سخی، فیاضی۔

دَہ ضِلعی: دس ضلعوں والی شکل۔

دِہقان: کسان۔

دِہقانی: زراعت، کھیتی باڑی۔

دِہقَنَت: گاؤں کی حکمرانی، نمبرداری، زراعت۔

دِہک: چھوٹا گاؤں۔

دِہکدَہ: گاؤں کا بزرگ، رئیس اور بزرگتر، کدخدا۔

دِہکُشاوَرز: کسان، کھیتی باڑی کرنے والا۔

دِہگان: دہقان۔

دِہگانہ: دس۔

دِہگانی: دہقانی۔

دُہُل: ڈھول، طبل، کُوس، نقارہ۔

دُہل زیرِ کلیم زدن: جس چیز کو سب جانتے ہیں، اسے چھپانا۔

دُہل زَن: ڈھول یا نقارہ بجانے والا۔

دِہلہ: پُل، گزرگاہ۔

دہلی: بھارت کا مشہور شہر۔

دِہلیز: چوکھٹ، دالان۔

دِہلیز گوش: کان کے اندر کا چکر۔

دہم: دسواں۔

فصل دہم: دسواں باب (کسی کتاب کا)۔

دَہم: ہجوم، انبوہ۔

دَہم: غار۔

دُہمَت: سیاہ رنگ۔

دَہ مَردہ: دس آدمیوں کا، دس آدمیوں کے برابر۔

دہ مردہ کار کردن: دس آدمیوں کا کام کرنا۔

دَہُمی: دسواں۔

دَہُمین: دسواں۔

دَہن: دہان، منہ۔

دُہن: (ع) چربی، گھی تیل۔

دَہنا: بیابان۔

دَہناد: نظم و ترتیب، نظم و نسق۔

دہن ہیں: دوسروں کی باتوں سے جلد متاثر ہونے والا متلون مزاج۔

دَہن بینی: متلون مزاجی، تلوّن۔

دَہنج: معدنی زنگار۔

دَہن دَریدہ: منہ پھٹ، ہرزہ گو، بدزبان۔

دَہن دَرَہ: خمیازہ، انگڑائی، جمائی۔

دہِندَگی: دہش، عطا و بخشش، سخاوت۔

دَہن سُوز: سخت گرم، لب سوز، پسندیدہ۔

دھَنَہ: باگ، لگام، عنان، منبع، دہانہ۔

دَہنہ رُود بار: دریا کا دہانہ۔

دہنی: (۱) مجرب، روغنی، چکنا (۲) چاپلوس، چاپلوسی۔

دہنیات: تیل سے بنی ہوئی چیزیں۔

دَہنیٔت: تیل میں کوئی چیز بریاں کرنا۔

دہُور: دہر کی جمع زمانے۔

دَہ وگیر: گیرودار، جنگ و پیکار، مثال

شہ بنازو نشاط شد مشغول
کز دہ وگیر گشتہ بود ملول

بادشاہ جنگ و پیکار کی وجہ سے پریشان تھا، اب (اس نے فتح پائی ہے اور) وہ راحت، شادمانی میں مصروف ہے۔

دُہُون: دہن کی جمع، منہ بصورت جمع۔

دہی: خالص سونا۔

دہی: خوش تدبیری، کاریگری، اُپج، اختراع کا مادہ۔

دہیُو: گاؤں، شہر، ملک۔

دہیُوپت: دہیوپد-رئیس مملکت، بادشاہ۔

دی: دیروز، کل جو گزرگیا ہے۔

دَی: ایران کے شمسی سال کا دسواں مہینہ، جو تیس دن کا ہے۔

دیابت: ذیا بیتیز کا مفرس دیابطیس، بیماری جس سے خون اور پیشاب میں شکر آنے لگتی ہے۔

دیات: (ع) جمع دیت، خون بہا۔

دیار: (ع) دار کی جمع، گھر، گھرانے، خطے، سرزمین شہر، قبیلے۔ مثال:

نہ رحم ماند نہ شفقت نہ دوستی نہ وفا
درین دیار نظیری دگرچہ کار مرا

اب نہ اس دنیا میں کسی کے دل میں رحم رہا ہے نہ شفقت، نہ دوستی نہ وفا، نظیری اب میرا اس دنیا میں کیا کام ہے۔

دیار بکر: ترکی کا شہر جو دریائے دجلہ کے کنارے واقع ہے۔

دیالِمَہ: دیلم کے رہنے والے جو گیلان کا ایک شہر ہے۔

دَیّان: (ع) منصف، قاضی، محاسب۔

دیانَت: (ع) ایمانداری، پرہیزگاری۔

با دیانت: دیانت دار، ایماندار۔

دِیبا: مخمل۔

دِیباج: (ع) مخمل۔

دیباچِہ: کسی کتاب کا مقدمہ، کتاب کی تمہید یا تعارف۔

دیباذر: ایران کے ہر شمسی مہینے کا آٹھواں دن۔

دیبارُو: خوبصورت، حسین و جمیل۔

دیباگر: مخمل بنانے والا۔

دیباہ: دیبا۔

دی بدین: ایران کے ہر شمسی مہینے کا تئیسواں دن۔

دَبیق: مخمل۔

دی بِمِہر: ہر شمسی مہینے کا پندھرواں دن۔

دی بمہر است مہربانی کن
کزھمہ چیز مہربانی بہ

یہ پندھرواں مبارک دن ہے اس لیے مہربانی کر دنیا کی ہر چیز سے مہربانی بہتر ہے۔

ڈِپلُوم: ڈپلوما کا مفرس، سرٹیفکیٹ۔

دِپلومات: ڈپلومیٹ کا مفرس، فن سفارت میں مہارت رکھنے والا۔

دِپلومیسی: ڈپلومیسی کا مفرس، فن سفارت کی مہارت، حکمت عملی۔

دِیَت: (ع) خون بہا۔

دیجُور: (ع) تاریکی، تاریکی شب۔ مثال:

من دانم و درد مندِ دیدار
آہنگ شبِ دراز دیجُور

مجھے معلوم ہے اور دیدار محبوب کا ہر متمنی جانتا ہے کہ اس طویل اور تاریک رات کا ارادہ کیا ہے۔

ایک اور مثال:

آخر ای آفتاب روز افزوں
کی دہد صبح این شب دیجور

روز بروز روشن تر ہونے والے آفتاب عالم تاب یہ تو بتا کہ یہ تاریک رات صبح کو کب طلوع ہونے دیگی۔

دِید: نظر، نگاہ، دیکھنا، بینائیٔ کی قوت، دیکھنے کے لائق۔

بَدید آوردن: ظاہر کرنا، سامنے لانا۔

دید کردن: دیکھنا، معائنہ کرنا

دیدار: دیکھنا، ملنا۔

بدیدارِ او نائل شدم: اسے دیکھنے یا ملاقات کرنے میں مجھے کامیابی ہوی۔

دیدار بہ دیدار رسید: ہم اور وہ ایک دوسرے سے ملے۔

دِیدار بینی: دوستوں کا ایک دوسرے سے ملنا، ملاقات کرنا۔

دِیداری: دیدنی، دیکھنے کے لائق۔

دِیدان: دیدن، دیکھنا، ملاقات کرنا۔

دِیدان: (ع) کرم، کیڑے۔

دِیدانی: کیڑوں کی طرح۔

دِیدبان: پاسبان، نگہبان۔

دید بان فلک: کنایہ ہے زحل سیارے کا۔

دید بانگاہ: کلاک تاور، مینار جس پر کلاک نصب کیا گیا ہو۔

دید بانی: پاسبانی، نگہبانی۔

دیدگاہ: (۱) بلند جگہ جہاں کلاک نصب کیا گیا ہو (۲) جاے نظارہ، منظرہ (۳) نگہبان کے بیٹھنے کی جگہ۔

دِیدَن: (ع) دیکھنا، ملاقات کرنا۔

دیدنِ یار خوش است: دوست کو دیکھ کر یا اسے مل کر خوشی ہوتی ہے۔

سختی ہا دیدم: میں نے سختیاں برداشت کیں۔

ضرردیدن: نقصان برداشت کرنا۔

من اورا درست کاری می بینم: میں اسے دیانت دار سمجھتا ہوں۔

دِیدَنی: قابل دید، ملاقات (کے لیے جانا)۔

دید و باز دید: اگر کوئ ملاقات کے لیے آئے تو جواب میں اس سے ملاقات کرنے کے لیے جانا۔

دِیدہ: آنکھ، نظر، بصارت۔

از دل برود ہر آنکہ از دیدہ برود: جو نظروں

سے دور ہو جائے وہ دل سے بھی دور ہو جاتا ہے۔

دیدہ:دیکھی ہوی چیز۔

دیدہ را نا دیدہ گرفتن:دیکھی ہوئی چیز کو ان دیکھا سمجھنا اور نظر انداز کر دینا۔

دیدہ برہم زدن:آنکھ جھپکنا۔ مثال:

چہ باشد کاوش وکاھش نہ اقبالی نہ ادباری
کہ تا برہم زنی دیدہ نہ این بینی نہ آن بینی

اقبال مندی میں کاوش اور بدبختی میں رنج و الم کی کیا حقیقت ہے، کیونکہ آنکھ جھپکنے میں نہ یہ دیکھو گے نہ وہ دیکھو گے۔

دیدہ باز:نظر باز۔

دیدہ بان:دیدبان، پاسبان، نگہبان، ناظر، مشاہدہ کرنے والا۔

دیدہ بانی:نگہبانی۔

دیدہ براہ:منتظر، جو کسی کی راہ دیکھ رہا ہو۔

دیدہ شور:بد نظر۔

دیدہ کار:مشاہدے کی جگہ، غور سے دیکھنے کی جگہ۔

دیدہ وَر:صاحبِ ادراک، صاحب بصیرت، تیز فہم، دور رس، نکتہ رس، گہری نظر رکھنے والا۔

دیدہ وَری:تیز فہمی، نکتہ رسی۔

دیر:بے وقت، وقت گزرنے کے بعد، آہستہ، جلد کی ضد۔

دیر کردن:تاخیر کرنا، وقت پر نہ پہنچنا، وقت کے بعد آنا۔

او دیر آمد:وہ دیر سے آیا۔

دیر زمانی است کہ شمارا ندیدہ ام:عرصہ ہوا کہ میں نے آپ کو نہیں دیکھا۔

دیر کشیدن:طول پکڑنا۔

دیری است کہ:بہت عرصہ ہوا کہ۔

شما خیلی دیر کاری کنید:تم بہت آہستہ کام کرتے ہو۔

نمی دانم چرا امروز دیر کردہ است:معلوم نہیں آج اس نے دیر کیوں کی۔

دَیر:(ع) جہاں راہب سکونت اور عبادت کرتے ہوں۔

دَیرِ مغان:آتشکدہ، آتش پر ستوں کا مقدس مقام۔

دیران:(ع)گھر (جمع دار)۔

دَیرانی:دَیر سے منسوب۔

دَیر نشین:راہب خانے میں رہنے والا۔

دیر باز:مدت دراز، بہت وقت۔

از دیر باز:بہت عرصے سے۔

شب دیر باز:طویل رات۔

دیر باوَر:جو شخص آسانی سے کوئ بات نہ مانے، جسے آسانی سے یقین نہ آئے۔

دیر باوَری:آسانی سے کوئ بات نہ ماننا۔

دیر پا:پائیدار، مستحکم، مضبوط۔

دیر پای:پائیداری، استحکام، مضبوطی۔

دیر جُنبش:کاہل الوجود، الکسی، سُست، آرام طلب شخص، کاہل۔

دَیر خانہ:راہب خانہ۔

دیر دیر:دیر دیر سے، وقفے وقفے کے بعد۔

ما دیر دیر یکدیگررا ملاقات میکنیم:

ہم وقفے وقفے سے ایک دوسرے سے ملاقات کرتے

ہیں۔

دِیر رَنج: بُرد بار، متحمل۔

دِیر رَس: دیر میں پہنچنے والا، دیر میں پکنے والا (پھل وغیرہ)۔

میوہ دیر رس: دیر میں پکنے والا پھل۔

دیر غضَب: متحمل، جسے زیادہ غصہ نہ آئے، صبرو تحمل کرنے والا۔

دِیرک: ستون، بانس، مستول۔

دیرکِ چادر: بانس جس سے خیمہ نصب کیا جاتا ہے۔

دیرکِ کشتی: کشتی کا مستول۔

دَیرکتُور: ڈائرکٹر کا مفرس، رئیس، ناظم، ناظم اعلی۔

دیر کسیون: ڈائرکشن کا مفرس، سمت،طرف جہت۔

دیرگاہ: زیادہ وقت، مدت دراز، زمانہ قدیم۔

دیرگاہی است کہ: زیادہ عرصہ ہوا کہ۔۔۔

دیرگُداز: دیر میں پگھلنے والا، دیر میں متاثر ہونے والا، سرکش۔

دِیر ماندن: دیر کرنا، دیر ہونا۔

دیر ماندگی: پرانی، فرسودگی۔

دیرَند: دہر، روزگار، زمانہ، مدّتِ دراز، لمبا، دورتک پھیلا ہوا، وقت۔

دیرُوز: کل جو گزر گیا ہے۔

دیُروزی: کلِ سے متعلق۔

دِیر وقت: دیر میں۔

دیرگاہ: طویل عرصہ۔

دِیر یاب: دیر میں دستیاب ہونے والا، کمیاب۔

دیر یاز: طولانی، دراز۔

دیریژابُل: ڈی رجبل کا مفرس، ہر طرف کو اڑنے اڑانے والی ہوائی کشتی، بیلون۔

دیرین: دیرینہ- قدیمی، پرانا۔

دیرین شناس: آثار قدیمہ کا علم رکھنے والا۔

دیرین شناسی: آثار قدیمہ کا علم۔

دیرینہ رُوز: دیرینہ سال، زیادہ عمر کا، بوڑھا۔

دِیز: رنگ۔

شب دیز: سیاہ رنگ کا، ایران کے ساسانی بادشاہ خسرو پرویز کے ایک گھوڑے کا نام۔

دیزج: دیزہ، دیز، رنگ سیاہ یا خاکسری رنگ۔

دیزَدان: لوہے کی تپائی جو آگ پر رکھی جاتی ہے۔

دیزہ: دیز، رنگ۔

دیزی: مٹی کی ہنڈیا یا دھات کی دیگچی جس میں کھانا پکایا جاتا ہے۔

درِ دیزی باز است حیای گُربہ کجا رفتہ است: ہنڈیا کا ڈھکنا کھلا ہے تو بلّی کی شرم و حیا کا کیا ذکر یعنی ہم خود اپنی حفاظت نہ کریں تو کسی پر کیا اعتراض۔

دیِس: مانند، نظیر، مثال:

ماہ دیس: چاند جیسا، چاند کی مثال۔

دیِس: ڈسک کا مفرّس، قاب، بڑی طشتری۔

دیسال: گزشتہ برس۔

دیسانتری: (انگ) ڈانسنٹری کا مفرس، پیچش، خونین اسہال۔

دِیسپلن: ڈسپلن کا مفرس، نظم و ضبط

دیش، دہش: اسے دے دو

دی شب: گزشتہ رات، شب گزشتہ

دی شبی: کل رات سے متعلق

دیشَلِمہ: (ت) تلخ چائے جس میں چینی نہیں ڈالتے بلکہ چینی کو منہ میں ڈال کر اوپر سے چائے کا گھونٹ بھرتے ہیں۔

دیفتری: ڈفتیریا کا مفرس، خناق

دیک: (ع) مرغا، خروس، ادیاک جمع

دیکتا تُور: ڈکٹیٹر کا مفرس، مختار مطلق، فرمانروای مستبد، خودرای، فرمانروائے خود سر

دیکتہ: ڈکٹیشن کا مفرس، املا، وہ بیان جو کوئی زبان سے کہتا ہو اور دوسرا اسے لکھتا ہو

دیگ: دھات یا تانبے کا بنا ہوا بڑا برتن جس میں کسی تقریب کے لیے چاول وغیرہ پکاتے ہیں

دیگ افزار: خوشبو دار مسالہ جو سالن یا چاولوں میں ڈالتے ہیں مثلاً زیرہ، کالی مرچ، دار چینی وغیرہ

دیگ پایہ: لوہے کی تپائیٔ جس پر دیگ رکھتے ہیں

دیگ جُوش: خوراک جو دیگ میں پکائی جاتی ہے

دیگچہ: پتیلا

دیگدان: سہ پایہ

دیگر: دوسرا، اور، مختلف، اور زیادہ

اشخاص دیگر: دوسرے لوگ

بار دیگر: دوسری مرتبہ

جائ دیگر: کسی اور جگہ

دونفر دیگر: دوسرے دو آدمی

دیگر آنجا توقف نکردم: اور زیادہ عرصہ میں وہاں نہ ٹھہرا

دیگر روز: کسی اور دن

دیگر شدن: بدل جانا

دیگر ندارم: اور زیادہ میرے پاس نہیں

دیگر نمی توانم کہ راہ بروم: میں اور زیادہ نہیں چل سکتا

سال دیگر: دوسرا سال

عشقبازی دیگر است و نفس پرستی دیگر است: محبت کرنا اور چیز ہے اور نفس پرستی اور چیز ہے

نماز دیگر: نماز عصر

ہم دیگر: باہم دیگر، ایک دوسرے کے ساتھ

یک دفعہ دیگر: ایک دفعہ اور

دیگر گُون: دگر گون، بدلا ہوا

دیگر گُون شُدن: بدل جانا، مختلف صورت اختیار کر لینا

دیگر گُونی: تبدیلی، تغیرو تبدل (رنگ صورت وغیرہ میں)

دیگری: دوسرا

دیگری بہتر ازین است: دوسرا اس سے بہتر ہے

دیگ گیر: کپڑا جس سے دیگ آگ پر سے اٹھائیٔ جاتی ہے

دیگی: دیگ میں پکا ہوا

دیگینہ: دیگ میں پکا ہوا گوشت وغیرہ

دَیلاغ، دیلاق: لمبے قد کا آدمی مگر بیکار شخص، فضول آدمی

دَیلم: گیلان کے ایک قدیمی شہر کا نام، وہاں کے رہنے والے لوگ، کنایہ ہے دلیر اور جنگجو سپاہی کا، بندہ اور غلام کے معنوں میں بھی استعمال ہوا ہے

دیلماج: (ت) مترجم، ترجمان

دَیلمی: دیلم کا رہنے والا

دیلہ:رائی

دیَم:(ع)چہرہ، رخسار، صورت مثال:-

عنبرین خطی و ہیجادہ لب و نرگس چشم
حبشی مُو و حجازی سخن و رومی دیَم

چہرے کے خط و خال عنبر جیسے، ہونٹ یاقوت کی طرح سرخ، آنکھیں نرگس کی سی، سر کے بال گھپے سیاہ، باتوں میں حجازی لے اور چہرہ رومیوں کا سا ہے۔

دیم:دیمہ کی جمع، دیکھیے دیمہ

دیماس:زیر زمینی گڑھا، قبر،(دیامیس جمع)

دیماوَند:کوہ دماوند

دیماہ:ایرانی شمسی سال کا دسواں مہینہ

دیمت:(ع) لگاتار ہلکی بارش

دیمَر:بارش جس میں بجلی ہو نہ رعد

دیم زار:جہاں خشک موسم میں فصل بوئی گئ ہو

دیمکاری:بارش کی امید میں خشک موسم میں بوئی گئی فصل

دَیمُو مَت:دوران، مدت، امتداد

دیمہ:لگاتار ہلکی بارش جو رعدو برق کے بغیر ہو

دیمہاج:گاؤ زبان

دیمی:(ع) بارش کے انتظار میں فصل بونا

دین:(ع) مذہب

دینِ اسلام:مسلمانوں کا مذہب

دین بہ دنیا فروختن:دولت دنیا کے لیے دین کو نظر انداز کر دینا

دین حق:دین مبین، سچا دین، دین اسلام

علم دین:اسلامیات کا علم

یوم الدین:فیصلے کا دن

دَین:(ع) قرض، مدت دار قرض

ادای دَین:قرضے کی ادائیگی

دَین داشتن:قرضہ لے رکھنا

دیناً:(ع) دینی لحاظ سے

دینار:(ع) سونے کا سکہ جو بعض اسلامی ممالک میں رائج ہے

دینار دار:امیر، متمول

دینار سنج:دینار پرکھنے والا

دین پرست:اسلام کا پابند، پرستش کی حد تک دین کو ماننے والا

دین پذیر:اسلام قبول کرنے والا

دین پَرور:دین کی حمایت کرنے والا، پابند شریعت اسلام

دین پناہ:دین کا محافظ، حامیٔ دین

دیندار:دین کا پابند، پابند شریعت

دَین دار:مقروض

دینداری:شریعت کی پابندی

دین ور:دیندار، پابند شریعت

دینہ:گزرا ہوا دن، کل، گزشتہ روز

دینی:مذہبی، دین سے متعلق

برادر دینی:دینی بھائی

دیو:(ع) بھوت، پریت، شیطان، بدکردار، جس طرح نیک کردار شخص کو مجازاً فرشتہ کہ دیتے ہیں اسی طرح بدکردار شخص کو دیو یا شیطان کہ دیتے ہیں

دیوار:مٹی یا اینٹوں کی بنی ہوئی اوٹ، پردہ حصارہ

دیوار بینی:ناک کی درمیانی کر کری ہڈی

دیوار حائل:رکاوٹ

دیوار کشیدن:دیوار بنانا

از در و دیوار:ہر طرف سے

دیوار مرا کوتاہ دید:اس نے مجھے کمزور مانا

اور ویسا ہی سلوک بھی کیا

دیوار مشترک: مشترک دیوار

دیوار ہم گوش دارد: دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں، گھر میں کہی ہوئی بات بھی سنی جا سکتی ہے

دیوار بَست: جس کے ارد گرد دیوار ہو، احاطہ

دیوار کُوب: دیوار میں نصب کیا ہوا

چراغ دیوار کوب: چراغ جو دیوار میں لگایا جاتا ہے

دیوارِہ: ہر چیز جو دیوار کی مانند ہو، منڈیر

دیواری: دیوار سے متعلق، دیوار میں نصب

آئینہ دیواری: دیوار میں نصب کیا ہوا آئینہ

اعلان دیواری: اشتہاری اعلان جو دیوار پر لگایا جائے

چراغ دیواری: چراغ جو دیوار میں نصب کیا جائے

دیِوال: دیوار

دیوالِہ: (ع) دیوالیا، جس کا دیوالہ نکلا ہو

دیوالی: (ع)(۱) دیوالیاپن (۲) ہندوؤں کا تہوار جس میں دیے جلائے جاتے ہیں

دِیوان: (۱) شاعری کی ابجدی ترتیب سے لکھی ہوئی غزلیات کا مجموعہ (۲) عدالت، دادگاہ، کورٹ، کچہری، مسند عدالت، مجسٹریٹ یا جج کی نشست (۳) حکومت کی کونسل، (۴) فوجیوں کا رجسٹر

دیوان کردن: فیصلہ کرنا، محاکمہ کرنا

دیوانِ کَیفر: تعزیری عدالت

دیوان: (ع) دیو کی جمع

دیِوان: بنچ جس پر دو تین آدمی بیٹھ سکتے ہیں

دیوانِ بیگی: (ت) چانسلر، صدر جج

دیوان خانہ: داد رسی کی جگہ، عدالت خانہ

دیوانِ کِشوَر: ملکی عدالت

دیوانگان: دیوانہ کی جمع

دیوانگی: پاگل پن، جنون، بے عقلی

دیوانگی کردن: احمقانہ عمل کرنا، دیوانوں کا سا عمل کرنا

دِیوانہ: پاگل، باؤلا، مجنون، مخبوط الحواس

دیوانہ کردن: باؤلا بنا دینا

دیوانہ چیزی یا کاری شدن: کسی چیز یا کام کا شیدائی ہو جانا

دیوانہ خُو: جس کی افتاد طبع مجنونانہ ہو

دیوانہ خُوی: پاگل پن

دیوانہ وار: پاگلوں کی طرح

دیوانہ وار در کوچہ گردید: وہ اضطراری حالت میں گلی کوچے میں گھومتا پھرتا تھا

دیوانی: سرکاری، حکومت سے متعلق، عدالت سے متعلق

دیو باد: گرد باد، بگولہ

دیو بند: دیووں پر قابو پانے والا، ایرانی بادشاہ طہمورث کا لقب، ہندوستان کا ایک شہر

دیوپا: شیطانی پاؤں والا، عنکبوت

دیو پرَست: دیووں جنوں پر یقین رکھنے والا، شیطانی کاموں کا دلدادہ

دیو پرستی: شیطنت

دیُوث: بدکار، بے غیرت، قرمساق، جو خود اپنی بیوی کے ناموس کی حفاظت نہیں کرتا

دَیوثی: بدکاری، بے غیرتی

دیو جان: سخت جان، بد نفس، بد طینت

دیوچہ: (۱) جونک (۲) پروانہ (۳) کرم دانہ، گھن وغیرہ

دیو خار: ایک بڑا خاردار درخت، کیکر کی طرح کا درخت

دیودار: ایک لمبا ذرخت جس کی لکڑی دروازے بنانے کے کام آتی ہے

دیو دار: جس پر جن کا سایہ ہو

دیو دل: ظالم، سخت دل، سنگ دل، بے رحم، شجاع، دلیر

دیو دلی: ظلم، سخت دلی، سنگدلی، دلیری

دیو زاد: دیو کی نسل سے، بدکردار

دیو زدہ: جس پر جن یا دیو کا سایہ ہو

دیو سار: دیو کی طرح

دیو سان: دیو جیسا

دیوستان: دیوں کے رہنے کی جگہ

دیو سیما: بد صورت

دیو غول، داغول: غدود جو جلد کے نیچے سے ابھر آتی ہے

دیوک: رائی

دیو کردار: بد کردار، بدعنوان شخص

دیو کرداری: بدکرداری، بد نیتی

دیو کلوچ: بچہ جس پر جن کا سایہ ہو

دیو گندم: ایک چھلکے میں دو دانے والی گندم

دیو گیر: دیوبند، جنوں پر قابو پانے والا

دیو لاخ: دیوستان، جنوں دیووں کے رہنے کی جگہ، وسیع اور ہولناک بیابان

دیو مرد: وحشی شخص

دُیُون: (ع) دین (قرضہ) کی جمع

دیوہ: ریشم کا کیڑا

دیوی: دیو سے متعلق

دہ: دیہہ

دیہ: (ع) دیت، خون بہا، قصاص

دیہ: دہ، گاؤں

دیہُور: (ع) آسمان

دیہیم: (ع) تاج شاہی مثال:-

سر در گلیم فاقہ و تن بر حصیرفقر
شاہ ہزار صاحب دیہیم و مسند است

سر حضور کا درویشانہ قبا میں تھا اور جسم فقیرانہ چٹائی پر، اس کے باوجود آپ ہزاروں تاج و تخت کے مالک تھے

ذ

ذ: فارسی ابجد کا گیارہواں، عربی کا نواں اور اردو کا تیرھواں حرف، ابجد کے عددی اعتبار سے اس کے ۷۰۰ عدد ہیں فارسی میں ا،و،ی، کے بعد حرف ذ آئے تو وہ کبھی کبھی حرف سے بدلا جاتا ہے مثلاً گنبذ سے گنبد وغیرہ

ذا، ذو، ذی: حقوق و مراعات پانا ۔۔۔کا مالک،

ذی جاہ: شان و شکوہ پانے والا

ذأب: تہمت لگانا، نفرت کرنا

ذابح: (ع) ذبح کرنے والا

ذات: (ع) اصل، نفس، عین، حقیقت، جنس، جوہر، ماہیت، سب سے اہم حصہ، شخص، شخصیت، اصل، نسل

ذاتُ البُرُوج: (ع) قدما کی اصطلاح میں آٹھواں آسمان جسے عرش و کرسی بھی کہا جاتا ہے

ذاتُ البیَن: (ع) دو اشخاص کے رابطے کی حقیقت اچھائی کی صورت میں یا برائی کی صورت میں

ذاتُ الجنَب: (ع) سینے کی جلن، سینے کا درد

جو تپ یا تنگی نفس اور کھانسی کا موجب ہو جاتا ہے۔ ایک ورم جو پسلیوں کے مقام پر ہوتا ہے

ذاتُ الرِّیہ:(ع) سینہ، پہلو، نمونیہ، درد جو زیادہ ٹھنڈ لگنے سے ہو جاتا ہے

ذاتُ الصّدر:(ع) سینے کا درد، فکر و خیال، راز دروں

ذاتِ لا یزال:(ع) وہ ہستی جو ہمیشہ قائم رہنے والی ہے، خداوند لا یزال

بالذّات:شخصی یا ذاتی طور سے

بذاتہ، فی ذاتہ:اپنی ذات میں

ذَات:(ع)(مونث ذو) مالک

ذاتی:اصلی، طبیعی، جبلّی، فطری

صفت ذاتی:فطری وصف

ذاخِر:(ع)ذخیرہ کرنے والا

ذاکِر:(ع) ذکر کرنے والا، مدح کرنے والا، خداوند تعالیٰ کی مدح و ثنا کرنے والا، روضہ خوان

ذاکِرہ:(ع) ذاکر کی مونث، اللہ تعالیٰ کی مدح و ثنا کرنے والی

ذاکِرہ:(ع) حفظ کرنے کی استعداد یا صلاحیت، قوت حافظہ

ذاہِب:(ع) جانے والا، جو جدا ہو رہا ہو، کوئی چیز جو جاتی رہے یا گم ہو جائے

ذاہِل:(ع) غافل، بے خبر، غفلت شعار، فراموشکار

ذائب:(ع) پگھلنے والا

ذائق:(ع) ذائقہ چکھنے والا

ذائقِہ:(ع) مزہ چکھنا، مزے کا احساس

بذائقہ کسی خوش آمدن:کسی کے ذائقے کے لیے موزوں ہونا

بی ذائقہ:جس کا کوئی مزہ نہ ہو

حس یا قوت ذائقہ:چکھنے کی حس

ذائقہ شناس:چکھ کر معلوم کرنے والا

ذِئاب:ذئب کی جمع، بھیڑیے

ذَب:(ع) نکال دینا، چلتا کرنا

ذُباب:(ع) مکھیاں، شہد کی مکھیاں

ذُبابہ:(ع) مکھی، شہد کی مکھی

ذُبائح:(ع) ذبیحہ کی جمع

ذُبالہ:(ع)شمع یا چراغ کا فتیلہ

ذِبح:(ع) اللہ کے نام پر جانور کا گلا کاٹنا، شرعی طور پر حلال کرنا

ذبح کردن:شرعی طور سے جانور حلال کرنا

ذبذبہ:(ع) ہوا میں لہرانا

ذبر:(ع) مطالعہ کرنا، کتاب تصنیف کرنا

ذَبل:(ع) ریزہ کی ہڈی

ذُبول:(ع) پژمردگی، افسردگی، مرجھانا، لاغری

ذَبیح:(ع) حلال کیا گیا

ذَبیحُ اللہ:(ع) حضرت اسمعیل (ع) کا لقب

ذبیحہ:(ع) قربانی کا جانور، حلال کیا ہوا جانور

ذخائر:(ع) ذخیرہ کی جمع

ذَخر:(ع) ذخیرے میں رکھنا، جمع کیا ہوا، اندوختہ

ذَخیرہ:(ع) گودام، خزانہ، پونجی

اجناس باید ذخیرہ کرد:اجناس کا ذخیرہ کر لینا

چاہیے

در ذخیرہ داشتن:بچا رکھنا

ذَرّ:(ع) ذرات جو ہوا میں شامل ہوتے ہیں

ذرات:ذرہ کی جمع

ذراح:ایک خاص قسم کی مکھی

ذَراری:(ع) ذریہ کی جمع، اولاد، بیٹے، نسلیں

ذرارِیح:(ع) جمع ذراح

ذَراع:(ع) ذرع کی جمع، ناپنے کا قدیم پیمانہ، کہنی سے ہاتھ کی انگلیوں تک کی لمبائی

ذرائع:(ع) ذریعہ کی جمع

ذُرَت:مکئی، مکئی کا پودا

آرد ذرت:مکئی کا آٹا

ذرخش، درخش:چمک دمک، آب و تاب

ذرع:(ع) ساعد یعنی بازو کے ذریعے اندازہ کرنا، ناپنا

ذرع کردن:بازو کے ذریعے پیمائش کرنا

ذرع نکردہ پارہ مکن:پیمائش کیے بغیر کپڑا نہ کاٹو، کوئی عملی قدم اٹھانے سے پہلے اس کے نتیجے پر غور کر لو

ذَرعی:(ع) ناپ کر خریدا یا بیچا ہوا۔

ذُروہ:(ع) بلندی، اوج

ذُروہ لاٗ مکان:ایسی بلندی جس کی کوئی حد نہیں

ذَرّہ:(ع) نہایت ہی چھوٹا سا جزو جو آفتاب کی شعاع ہی میں نظر آ سکتا ہے، قلیل، ریزہ، تھوڑا سا

ذراّت صِغار خون:خون کے چھوٹے چھوٹے اجزا

ذرات وبائیہ:وبائی جراثیم

ذَرّہ بِین:ایک آلہ جس سے نہایت چھوٹی چھوٹی چیزیں دیکھی جا سکتی ہیں، خوردبین

ذرّہ بِینی:خوردبین سے چھوٹی چھوٹی چیزوں کو دیکھنا

ذرّہ پَروَر:بیکس نواز، غریبوں کی مدد کرنے والا

ذرہ ذرہ:کم کم، تھوڑا تھوڑا

ذرّہ قدر:ذرہ مقدار، بہت کم، حقیر سی مقدار

ذرہ وار:ذرہ کی مانند، حقیر، ناچیز

ذرِیعہ:(ع) وسیلہ، طفیل، وساطت، ذرائع جمع

ذُرِّیات:(ع) ذریہ کی جمع، اولاد، نسلیں

ذُرِّیہ:(ع) اولاد، نسل انسانی، ذریات جمع

ذُعاف:(ع) زہر، سمِ قاتل

ذَعف:(ع) زہر دینا

ذِفاف:(ع) زہر، سمِ قاتل

ذَفَر:سخت بدبو

ذِق زدن:بناوٹ کا رونا

ذَقن:(ع) ٹھوڑی، زنخدان

چاہ ذقن:چاہ زنخدان

ذکا:(ع) ذکاوت:روشنی، ذہانت

ذکا:(ع) آفتاب، خورشید

ذکاوَت:(ع) ذہن کی تیزی، ذہانت، دانائی زیرکی، ہوشیاری

ذِکر:(ع) زبان سے کہنا، یاد کرنا، بیان، خدا کا نام لینا، تعریف و توصیف

ذِکر این را لازم نمی دانم:اس بات کا ذکر کرنا میں ضروری نہیں سمجھتا

ذکر خدا:اللہ تعالیٰ کی مدح و ثنا

ذکر خیر:ذکر جمیل، اچھی شہرت

ذکر قرآن:تلاوت قرآن مجید

ذَکَر:(ع) آلہ تناسل

ذِکْر:(ع) یاد، یادداشت، یادآوری، یادآوری کی قوت

ذُکران:ذکر کی جمع

ذکر خوان:تعریف و توصیف کرنے والا

ذِکری:یادآوری، تنبیہ، نصیحت

ذُکُور:(ع) مرد یا لڑکے

ذَکُور:(ع) اچھا حافظہ رکھنا

ذُکوریّت:مردی، مردانگی

ذکی:(ع) ذہین، تیز فہم، روشن دماغ

ذکیہ:(ع) ذکی کی مونث

ذُلّ:(ع) ذلت، ذلالت، خواری، پستی

ذَلّ:(ع) ذلیل ہونا، خوار ہونا

ذِلّ:(ع) نرمی، فروتنی، تواضع، انقیاد

ذَلاقت:بے حد تیزی اور روانی (تقریر کی)

ذَلالت:(ع) ذلت، خواری

ذِلّت:(ع) خواری، بے عزتی، ذلیل ہونا

ذٰلِکَ:(ع) یہ یا وہ، صرف ذیل کی ترکیبوں میں استعمال ہوتا ہے

بناءً علیٰ ذٰلِک:اس لیے، اس بنا پر

کذٰلکہ:اس جیسا

مَعذٰلِکَ:باوجود اس کے

ذَلول:(ع) فرمان پذیر، فرمان بردار، منکسر مزاج، اطاعت شعار، اطاعت کیش

ذِلہ شدن:برہم ہونا بیزار ہونا۔

ذَلِیق:(ع) تیز، خوش بیان، جس کے بیان میں روانی ہو، فصیح

ذَلِیل:(ع) خوار، سفلہ، بے عزت، رسوا، بدنام (اذلاو اذلہ جمع)

ذلیل کردن:خوار کرنا، بے عزت کرنا

ذَمّ:(ع) بدگوئی، مذمت، برائی، ملامت، ہجو

ذم کردن:مذمت کرنا، ملامت کرنا

ذِمام:(ع) عزت، شہرت، اختیار، حق

ذَمائم:(ع) ذمیمہ کی جمع، قابل مذمت فعل

ذِمّہ:(ع) فرض، فریضہ، سپردگی، ذمے داری

اہل ذمہ:جن غیر مسلموں ک حفاظت کی ذمے داری مسلمان قبول کرتے تھے اس سے مراد وہ یہود و نصاری تھے جو اسلامی ممالک میں زندگی بسر کرتے تھے

بری الذِمہ:جس کے ذمے اب کوئی فرض نہ ہو، اپنا فرض اس نے انجام دے دیا ہو

ذمّہ من این است کہ از عہدہ آن برآیم:میرا فرض یہ ہے کہ میں اس فرض سے عہدہ بر آ ہوں

ذِمّہ دار:جسے کوئی فرض سونپا گیا ہو

ذمے داری:فرض کو انجام دینا

ذِمّی:(ع) جن غیر مسلمانوں کی حفاظت کی ذمے داری مسلمانوں نے قبول کی ہے (بصورت جزیہ)

ذمیر:(ع) بہادر، ہوشیار

ذمیم:(ع) برا، بدخو، بدنما، ناپسند، جس پر تہمت لگی ہو

ذَمِیمہ:(ع) قابل مذمت فعل

ذَمِیمہ:(ع) ذمیم کی تانیث

ذنابَت:(ع) قرابتداری، رشتے داری

ذنب:(ع) گناہ، جرم، نافرمانی، ناروابات، ناروا کام، (ذنوب جمع)

ذَنَب:دم

ذَنَبی:دُم نما

ذُنُوب:(ع) ذنب کی جمع، دمیں نیز ذنوب بمعنی گناہ، جرائم

ذُو:(ع) مالک، ذُو سابقے کی صورت میں آتا ہے

ذُوآبہ:لٹکتے ہوئے گھنگھریالے بالوں کی لٹ

ذوات:ذات کی جمع، اشخاص، شخصیتیں

ذواتُ الأذناب:(ع) دمدار ستارے

ذواتُ الأوتار:(ع) تاروں کے ذریعے بجنے والا ساز

ذواتُ الضَّرب:(ع) تاروں والا ساز جسے ضرب لگا کر بجایا جاتا ہے مثلاً ستار، رباب

ذواتُ النفخ:(ع) ساز جس سے ہوا کی لہروں سے سریں پیدا ہوتی ہیں

ذُوالاِحتَرام:(ع) محترم، معزز

ذواربعة الأضلاع:(ع) چہار گوشہ شکل، مستطیل وغیرہ

ذُوالاکتاف:(ع) کندھوں میں شگاف ڈالنے والا یہ لقب ساسانی بادشاہ شاہ پور دوم کا تھا، جو دشمن پر فتح پانے کے بعد اسیروں کے کندھوں میں سوراخ کر دیا کرتا تھا

ذُوالجلال:(ع) صاحب جاہ و جلال، اللہ تعالی

ذُوالجَناح:(ع) حضرت امام حسین (رض)کے گھوڑے کا نام، تیز رو گھوڑا، لفظی معنی ہیں پروں والا

ذوالحبک:کنایہ ہے آسمان کا

ذُوالحِجّہ:(ع) ذی الحجہ، ہجری سن کا بارھواں مہینہ

ذُوالحُوت:(ع) حضرت یونس(ع) کا لقب جو سات دن مچھلی کے پیٹ میں رہے، مچھلی کے مالک

ذوالفِقار:(ع) حضرت علی(رض) کی تلوار جس کی دو دھاریں تھیں، دو دھاری تلوار

ذُوفُنُون:(ع) ذی فنون، کئی فنون کا ماہر

ذُوالقَدر:(ع) پروقار، معزز

ذُوالقُربیٰ:(ع) قرابتداری، رشتے داری، خویشی

ذُوالقَرنَین:(ع) سکندر اعظم کا لقب، دو سینگوں والا

ذُوالقَعدَہ:(ع) ذی قعدہ، ہجری سن کا گیارھواں مہینہ

ذُوالمِنَن:(ع) فیاض، سخی

ذُوالنُّون:(ع) ایک مصری زاہد ابوالفیض کا لقب (م ۲۴۵ھ)

ذوائب:(ع) ذوابہ کی جمع، پیشانی، سر کے سامنے کے حصے کے بال دیکھیے ذوابہ

ذُوب:دھات کا پگھلنا

ذُوب کردن:پگھلانا

کارخانہ ذوب فلزات:دھاتوں کو پگھلانے کا کارخانہ

ذُوبان:پگھلنا، آفتاب کی شدید گرمی

ذُوبَحرَین:(ع) عروض کی اصطلاع میں شعر جو دو بحروں میں پڑھا جائے

ذوحیَاتین:(ع) زندگی کے دو پہلو رکھنے والا مثلاً مینڈک جو پانی میں بھی رہتا ہے اور خشکی میں بھی

قُورباغہ حیوانِ ذوحیاتین است:مینڈک زندگی

کے دو پہلو رکھنے والا جانور ہے، پانی میں بھی رہتا ہے اور خشکی میں بھی

ذُوخمسَتِہ الاضلاع:(ع) پانچ ضلعوں والی شکل

ذُوذَنَب:(ع) دنبالہ دار ستارہ، دمدار تارا

ذُوخمسة الزّوایا:(ع) پانچ زاویوں والی شکل

ذُوزَنقَہ:(ع) چار ضلعوں والی شکل جس کے دو ضلعے متوازی ہوں

ذُوسَنطارِیہ:(ع) ڈائسنٹری کا مفرس، پیچش

ذُوشَقتَین:(ع) دو ٹکڑے

ذُوعَشرَة الاضلاع:(ع) دس ضلعوں والی شکل

ذُوفُنُون:(ع) ذی فنون، متعدد فنون کا ماہر

ذَوق:مزہ، لذت، ذہنی لطف، لطافت خوبی، زیبائی، پسند، شوق، فہم، جوہرروحانی

ذوق زدہ:انتہائی خوش، خوشی سے سرشار، خوشحال

ذوقِ سلیم:اچھا ذوق شوق

ذوق شاعری:شاعری کا شوق

ذُوقافِیَتَین:(ع) علم بدیع کی اصلاح میں وہ شعر جس کے دونوں مصرعوں میں دو دو قافیے آئیں مثلاً

یا غمزہ را بندی بدہ تا ترک عیاری کند

یا طرہ را بندی بنہ تا ترک طرازی کند

مصرع اول میں "بندی بدہ" اور "عیاری کند" دو قافیے آئے ہیں اس طرح دوسرے مصرع میں "بندی بنہ" اور طرازی کند" دو قافیے آئے ہیں

ذوقدر:(ع) عالی شان، عالی مرتبہ

ذُوقَدَر:(ع) صاحب قدرت، توانا، اہلیت رکھنے والا

ذُولُغَتَین:(ع) علم بدیع کی اصطلاع میں وہ شعر جس کے دونوں مصرعوں میں دو مختلف زبانوں کے الفاظ و تراکیب آئیں مثال از کلیم

زحسنِ شستۂ دُوبی چہ گویم

ازان بی پردہ محبوبی چہ گویم

دھوبن کے دھلے دھلائے حسن کی میں کیا بات کروں۔ اس بے پردہ محبوب کا میں کیسے ذکر کروں اس شعر میں فارسی الفاظ کے ساتھ ہندی کا لفظ دوبی (دھوبی) بھی آیا ہے

ذَولَق:نیزے کی نوک، نوک زبان

ذُوو:(ع) ذو کی جمع، صاحبان، مالک

ذُووَجہَین:(ع) جس کے دو پہلو یا دو سمتیں ہوں، یعنی جس شعر میں ابہام ہو

ذَوی:(ع) صاحبان، مالک

ذوی الاحتَرام:(ع) محترم، معزز

ذوی العَقُول:(ع) عقلمند لوگ، دانا

ذِہاب:(ع) جانا، جدا ہونا

ذہاب و ایاب:جانا اور آنا، آمدورفت

ذَہَب:(ع) سونا، طلا

ذِہن:(ع) یاد رکھنے کی قوت، حافظہ، یادداشت، قوت حافظہ

در ذہن سپردن:یاد رکھنا

ذہن کسی را اشغال کردن:کسی کے ذہن کو مشغول رکھنا

کند ذہن:غبی، جسے کچھ یاد نہ رہے

ذہنی: جس کا تعلق ذہن سے ہو

ذہنی کردن: حافظے میں محفوظ کر لینا

ذُہول: (ع) فراموش، بھول جانا، تغافل برتنا، طاقِ نسیان، غفلت شعاری

ذَہین: لائق، دانا، عاقل، فرزانہ، روشن دماغ، اچھے حافظے والا

ذی: (ع) صاحب، مالک

ذیابیطوس: ذیابیطس پیشاب میں شکر آنا

ذِی الحِجَّۃ: (ع) سن ھجری کا بارھواں مہینہ

ذی اَلقَعد: (ع) سن ہجری کا گیارھواں مہینہ

ذِئب: (ع) بھیڑیا، گرگ

ذی جاہ: (ع) عالی جاہ، عالی مرتبہ

ذِیحَق: (ع) اہل حق، حقدار

برسر دعویٰ خود ذیحق بود: وہ اپنے دعوے میں حق پر تھا

ذی حیات: (ع) زندہ، جاندار

ذی خِرَد: (ع) خردمند، عقلمند، عاقل و فرزانہ

ذی رُتبِہ: (ع) ذی شان، بڑے مرتبے والا

ذی رُوح: (ع) ذی حیات، جاندار

ذی شان: عالی شان، عالی مرتبت

ذی شُعُور: (ع) باشعور، عقل مند، دانا، فرزانہ

ذی عِزّت: (ع) با عزت، معزز، محترم

ذی علاقہ: (ع) علاقہ مند، تعلق رکھنے والا، با تعلق، دلچسپی رکھنے والا

ذی فَقار: (ع) ریڑہ کی ہڈی والا، نقرہ دار جس میں نقرے ہوں، ریڑہ کی ہڈی والے جانور

ذی فُنُون: (ع) ذوفنون، متعدد فنون کا ماہر

ذی قیمت: (ع) قیمتی، گرانقدر، گراں بہا

ذی نَفَس: (ع) ذی روح، جاندار

ذی نَفَع: (ع) نفع مند، فائدہ بخش

ذَیل: (ع) دامن، حاشیہ، آخر میں، نیچے، ضمیمہ

از قرار ذیل- بشرح ذیل: جیسے کہ نیچے درج کیا گیا ہے

امضا کنندہ ذیل: ذیل میں جس کے دستخط ہیں

در ذیل: نیچے، حسب ذیل

ذیلاً: ذیل میں درج ذیل

قضیہ بشری است کہ ذیلاً نوشتہ میشود: معاملے کی تفصیل ذیل میں درج کی جاتی ہے۔

ر

ر: فارسی ابجد کا بارھواں، عربی کا دسواں اور اردہ کا چودھواں حرف، ابجد کے حساب سے ر کے ۲۰۰ عدد ہیں۔

را: کو، علامت مفعول، پاس

اورا: اسے

کتاب را خواندم: میں نے کتاب کو پڑھا

مرا: مجھ کو

مرا پندی داد: مجھے نصیحت دی

مراسِیم و زرنیست: میرے پاس دولت نہیں

راء: عربی میں حرف ر کا تلفظ

راپ: مرمت، تعمیر

راب: بعض اقسام کے کیڑے جو پودوں کی بربادی کا باعث ہوتے ہیں

رابِح:(ع)نفع بخش، پُرمنفعت

رابِط:(ع)ربط پیدا کرنے والا، واسطہ

رابِطہ:(ع)تعلق، پیوند، وسیلہ، واسطہ،

رابِطہ دوستی:دوستی کا پیوند

رابطہ دوستی را گسستن:دوستی کا تعلق توڑ دینا، دوستی کا سلسلہ ختم کر دینا۔

رابِع:(ع)چہارم، چوتھا

رابِعاً:(ع)چوتھے یہ کہ

رابُو:سدا بہار پھول

رابِیہ:(۱)ٹیلا، بلند زمین (۲)علمی یا معاشی برتری، فوقیت (روابی جمع)

راپَرت:راپورت:رپورٹ کا مفرس، اطلاع

راپرت دادن:رپورٹ کرنا، اطلاع دینا۔

راتِب:(ع)پختہ، محکم، مستحکم، ثابت قدم، مستقل، راسخ، غیر مذبذب، وفادار، مخلص

راتِب:(ع)راشن، پنشن، وظیفہ، ماہنامہ

راتِبہ:(ع)راشن، پنشن، ماہانہ

راتِبہ خوار:وظیفہ خوار، جسے پنشن ملتی ہو، جسے الاؤنس ملتا ہو

راتِع:(ع)جسے فراوانی سے نعمتیں میسر ہوں اور خوشی اور کامرانی سے زندگی بسر کر رہا ہو

راتِق:(ع)رخنہ یا شگاف بند کرنے والا، جس کے ذمے کسی کام کا بندوبست کرنا ہو

راتِیانَج:گوند جو صنوبر کے درخت سے نکلتی ہے

راتِینَج:راتیانج

راج:(۱)ایک جنگلی درخت جس کے پتے بڑے اور دندانہ دار ہوتے ہیں اور پھل چنے کے دانوں کے برابر ہوتے ہیں۔ (۲)چھوٹا جزیرہ جو کسی دریا یا سمندر کے ساحل کے قریب ہو

راجِح:(ع)ترجیح کے قابل، بہتر

راجِز:(ع)رجز خوان، جو بحر رجز میں شعر پڑھتا ہے

راجِع:(ع)رجوع کرنا، متعلق، واپس آنا، توجہ کرنا۔

صحبت شماراجع بچیست:آپ کی گفتگو کس کے متعلق ہے

راجِع:(ع)عورت جو شوہر کے گھر سے اپنے خاندان میں آرہی ہو

راجِفِہ:(ع)یوم حساب کی بگل کی پہلی صدا

راجِل:(ع)پیادہ، پیادہ رو، پیدل سفر کرنے والا

راجلاً:(ع)پیدل

راجہ-راجا:ہندوستان کے حاکم یا فرمانروا کا لقب رہا ہے

راجی:(ع)امیدوار

راح:(ع)راحت، خوشی، انبساط، شادمانی

راح:(ع)ایرانی موسیقی کی ایک راگنی

راحَت:(ع)خوشی، انبساط، مسرت، آرام دہ

این رختِ خواب راحت نیست:یہ بستر آرام دہ نہیں

راحت بُودن:آرام میں ہونا

راحت شُدن:تسکین پانا، اطمینان ہونا

راحت کردن:آرام پانا

راحت نشستن:ہونے والے واقعات سے لا پروا ہو کر بیٹھنا

موقعِ راحت:آرام کا وقت

ناراحت:ناخوش

راحَت افزا:آرام دینے والا، استراحت پہنچانے والا

راحت باش:آرام سے رہو

راحت پاشی: تفریح، آرام

راحت بخش: راحت بہم پہنچانے والا، مسرت انگیز

راحتُ الحُلقُوم: ایک قسم کی مٹھائی جو نشاستہ، گھی اور چینی سے تیار ہوتی ہے۔ جس سے حلق کو تازگی حاصل ہوتی ہے

راحت طلَب: مسرت کا طالب

راحت طلبی: مسرت کی طلب، خوشی کی تمنا

راحَتی: آسودگی، خوشی، آرام، عافیت

صندلی راحتی: آرام کرسی

راحَتی: لیمپ، چراغ، موم بتی

راحِل: (ع)مسافر، جانے والا

راحِلہ: (ع)اونٹ یا سواری کے دوسرے جانور

زاد راہ و راحلہ برای سفر لازم است: سفر کے لیے زاد راہ اور سواری لازم ہے

راحِم: (ع)رحم کرنے والا، شفقت سے پیش آنے والا، مہربان، شفیق

راخ: غم و غصہ، رنج و اندوہ

راد: (ع)فیاض، سخی، جوانمرد، راستباز، دیانت دار، دلیر، خردمند

رادُہو: ایلوا، ایلوے کا درخت، عود

رادِع: (ع)روکنے والا، مانع، روکنے والی دوا۔

رادِعات: (ع)رادع کی جمع

رادِف: (ع)ذیل، حسب ذیل، پیرو، پیروکار، جو بعد میں آئے

رادِفہ: (ع)یوم حساب کے بگل کی دوسری آواز

راد مَرد: سخی فیاض، باغیرت شخص، جوانمرد، باہمت، دیانت دار

راد مَنِش: سخی، فیاض، کریم، جوانمرد

رادِن: (ع)زعفران

رادِہ: اصلاح کی غرض سے یا توجہ دلانے کی غرض سے کتاب میں کسی لفظ پر علامت یا نشان لگانا

رادی: (ع)سخاوت، دیانت، دلیری، جوانمردی

رادیو: (ع)(انگ)ریڈیو کا مفرس

راز: بھید، پوشیدہ بات

راز آب: سراب، فریب نظر

راز پوشیدن - راز نہاں داشتن: خفیہ بات چھپائے رکھنا

رازِ خاك: پود، نباتات، گھاس

رازِ کسی را بیروں انداختن - راز کسی را فاش کردن: کسی کا بھید ظاہر کر دینا

راز کُشادن: راز فاش کرنا

راز نِهُفتہ: پوشیدہ راز

راز و نیاز کردن: اپنے دل کی بات خدا کی بارگاہ میں پیش کرنا اور بہتری کے لیے دعا کرنا، دل کی باتیں ایک دوسرے سے کہنا۔

ہمراز: پوشیدہ بات میں شریک، وفادار دوست

راز: راج، معمار، جس کا پیشہ عمارتیں بنانا ہو۔

راز: خارپشت: جانور جس کے جسم پر کانٹے ہوتے ہیں

راز: رنگ

رازبان: راز دار، ہمراہ، کسی زمانے میں رازبان اس شخص کو کہتے تھے جو لوگوں کے معروضات بادشاہ کی خدمت میں پہنچاتا تھا

راز جوئی: کسی کا راز معلوم کرنے کی جستجو کرنا

راز دار: ہمراز، مخلص، باوفا

راز داری: بات کو پوشیدہ رکھنا

راز دان: کسی کا راز جاننے والا

رازق: (ع)رزق دینے والا، پروردگار

رازقی: (ع)(۱)ضعیف، سست (۲)ایک قسم کا چھوٹے دانوں والا انگور (۳)شراب (۴)سوسن کا سفید پھول

رازِقیّہ: (ع)سفید کپڑا، نیز شراب

رازك: ایک قسم کی بیل جس کے میوے خشک کرکے آبجوَ میں ڈالے جاتے ہیں، یہ بیل شمالی ایران میں بکثرت ہوتی ہے

رازی: شہر رے کا رہنے والا

رازِیان: بادیان، سونف

رازیانہ رومی: سونف، بادیان

رازِینہ: گھر میں کمروں کو ملانے والا راستہ

راژ: خرمن، غلے کا انبار

راس: (ع)رئیس، قلہ، چوٹی، عدد ظاہر کرنے کے لیے آتا ہے

راس قشون: لشکر کا سردار، کماندار

سہ راس اسپ: تین عدد گھوڑے

از روی راس المال فروختن: اپنی قیمت خرید کے مطابق فروخت کرنا

راسُ العیَن: سر چشمہ، وسیلہ

راسُ المال: سرمایہ، قیمت خرید

علی الرّاس والعَین: صدق دل سے خوشی سے، بسرو چشم

راساً: (ع)براہ راست

راسِب: (ع)(۱)قائم، مستحکم، (۲)تہ نشین شدہ چیز، دُرد، تلچھٹ

راست: سیدھا، سچا، دائیاں، بے پیچ و خم

تامار راست نشوَد تُوی سوراخ نمی روَد: سانپ جب تک سیدھا نہ ہو سوراخ کے اندر داخل نہیں ہوتا، راست روی بہترین طریق عمل ہے

حرف راست: سچی بات

خط راست: سیدھا خط، خطِ مستقیم

دستِ راست: دائیاں ہاتھ

راست آمدن: خواہش پوری ہونا، حالات سازگار ہونا

راستش رابگو: اسے سچ سچ کہ دو

راست کردن: آمادہ، مہیا کرنا

راست گفتہ اید کہ: سچ کہا ہے کہ.....

راست: ایرانی موسیقی کی ایک راگنی

راستا: راست، راستی، سچ، سچائی

راستاد: وظیفہ، الاؤنس

راستان: سچے لوگ، منصف مزاج، دیانتدار

راستباز: سچا، سچائی پسند، وفا شعار، قابل اعتماد

راستبازی: سچائی، صاف دلی، کھراپن

راست بالا: (۱)خوبصورت قدوقامت (۲)سرو کا درخت

راست بود: سچا

راست بین: سچی بات کو پرکھنے والا، غیر جانبدار

راست بینی: غیر جانبداری

راست پنجگاہ: ایرانی موسیقی کی ایک راگنی

راست سُخَن: راست گو، سچ کہنے والا

راستکار: دیانت دار، درستکار

راستکاری: دیانت داری

راست کِردار: راستکار، دیانت دار

راست گو: سچا، سچ بات کہنے والا، صادق، صادق القول

مردمانِ راستگو: سچے لوگ، صداقت پسند

راست نما: جو دیکھنے میں درست یا سچ نظر آئے

راستہ: راہ، سیدھی اور ہموار راہ

راستہ: صف، قطار، بازار کی دکانوں کی سیدھی صف

راستہ بازار: لمبا سیدھا بازار جس کے دونوں طرف دکانیں ہوں

راستہ: پورا

دو ریال دیگر بدہید کہ صد ریال راستہ شود: دو ریال اور دیجئے کہ سو ریال پورے ہو جائیں

راستہ: دائیں ہاتھ سے کام کرنے والا

راستہ بندی: صف بندی، قطار بندی، سڑک کی مرمت کرنے کے لیے سڑک کے استعمال کی بندش

راستی: سچائی، صدق، حقیقت، درستی،دیانت

ذرہ ای در آن راستی نبود: اس میں سچائی کا ذرہ بھر نہ تھا۔

سی سال براستی قدم زدہ است: تیس سال اس نے بڑی دیانت داری سے گزارے ہیں۔

راسخ: (ع) پختہ، محکم:

عقیدہ راسخ داشت: وہ بڑے پکے ارادے کا شخص تھا۔ وہ راسخ العقیدہ تھا

راستین - راستینہ: سچ، حقیقت، راستی

راسل: بھیجنے والا

راسم: رسم ادا کرنے والا

راسن: ایک قسم کا پودا جس کے پتے بڑے اور کھردرے ہوتے ہیں، پھول اس کے نیلے رنگ کے اور خوشبودار ہوتے ہیں۔ لیکن اس کے بیج کڑوے ہوتے ہیں، زنجبیل شامی

راسو: نیولا

راسی: (ع) قائم، مستحکم

راش: دانوں کا انبار، صاف شدہ غلہ، خرمن

راشد: (ع) رہنما، رہبر، سیدھے راستے پر چلنے والا، راسخ العقیدہ

راشدین: راشد کی جمع

خلفای راشدین: اولین چار خلفا - حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر خطاب، حضرت عثمان، حضرت علی (رض)

راشن: (ع) (۱) مداخلت کرنے والا، کاسہ لیس، طفیلی (۲) رقم جو نئے امیدوار کو دی جاتی ہے۔

راشی: (ع) رشوت خور

راصد: (ع) نظر رکھنے والا، نگہبان، دیکھ بھال کرنے والا

راضع: (ع) ماں کا دودھ پینے والا بچہ، نیز لئیم و فرو مایہ شخص

راضی: (ع) خوشنود، خوش، خورسند

راضیۃً: (ع) بڑی خوشی سے، مرضی سے

راطب: (ع) مرطوب

راطینی: گوند، چیڑ وغیرہ کی گوند

راعف: (ع) نکسیر پھوٹنا

راعی: (ع) جانوروں کو چرانے والا گڈریا

راعی: (ع) مالک، نگہبان، حاکم، قوم کی سرپرستی کرنیوالا

راغ:(ع)پہاڑ کا دامن، وادی کوہ، سبزہ زار

راغِب:(ع)مائل، رغبت رکھنے والا

رأف:(ع)رافت، موافقت، شفقت

رافِد:(ع)(۱)دریائے فرات (۲)دینے والا، مدد کرنے والا (۳)نائب السلطنت

رافِدان:(ع)دریاے دجلہ، فرات

رافِض:(ع)رد کر دینے والا، ترک کرنے والا

رافِضی:(ع)وہ گروہ جو اپنے سردار کو چھوڑ دے، اہل تشیع کے ایک فرقے کا نام جس نے پہلے زید بن علی بن حسین کے ہاتھ پر بیعت کی، پھر انھیں چھوڑ دیا

رافِع:(ع)بلندی دینے والا، اٹھانے والا، ترقی دینے والا، داد خواہی کے لیے شکایت یا عریضہ پیش کرنے والا

رافونہ:پودینہ

راقِب:(ع)(۱)مشاہدہ کرنے والا (۲)رقیب

راقِد:(ع)سویا ہوا، خوابیدہ

راقِص:(ع)رقص کرنے والا

راقِم:(ع)لکھنے والا، دستخط کرنے والا

راقُود:(ع)بڑا خُم، بڑا مٹکا، (رواقیہ جمع)

راقی:(ع)اوپر جانے والا، آگے بڑھنے والا، جس نے علم و دانش کے مدارج طے کیے ہیں نیز جادوگر (رقات جمع)

راقِیہ:(ع)بلند درجہ، بڑا مرتبہ مونث راقی

راك:مینڈھا

راك:ایرانی موسیقی کی ایک راگنی کا نام

راکارہ:بدنام عورت، بدکار فاحشہ، قحبہ

راکِب:(ع)سوار، (رواکب، رکوب جمع)

راکِبہ:(ع)راکب کی مونث

راکِد:(ع)ٹھہرا ہوا، جامد، ساکن، رکا ہوا، برقرار

راکدون:جامد، ساکن، حالت سکون میں، بے حس و حرکت

راکِع:(ع)رکوع میں جانے والا، جُھکنے والا

راگ:(ہندی)نغمہ و سرود، راگ رنگ

رام:فرمان بردار، مطیع، مخلص

رام:ایران کے شمسی سال کے ہر ماہ کا اکیسواں دن

رام بر زِین:ایک آتشکدہ« کا نام، ایک پہلوان کا نام

رامِح:(ع)نیزہ دار

رامِش:(ع)(۱)آرام، راحت، آسائش، آسودگی، فراغ و سکون (۲)ایران کی موسیقی کی ایک راگنی، گانا

رام شُدنی:اطاعت کے قابل، تربیت پزیر، تاثر پزیر، فرماں پزیری کے لائق

رامِشگاہ:آرام پانے کی جگہ، آرامگاہ

رامِشگر:موسیقار، گائک، مغنی، مطرب

رامشگری:موسیقی کا پیشہ

رامشی:رامشگر

رامِق:(ع)(۱)فقیر (۲)حاسد جو دوسروں کی ثروت و نعمت کو نہ دیکھ سکے

رامِك:(ع)مُشک کی طرح خوشبودار مرکب

رام نشدنی:جو تربیت پزیر نہ ہو، جس میں اطاعت کا مادہ نہ ہو

رامُوز:(ع)سمندر، بحر

رام ہُرمُز:خوزستان کا شہر

رامی:(ع)جس میں اطاعت کا مادہ ہو، نرم مزاج

رامی:(ع)تیر انداز، سنگ انداز

رامیار:(ع)چرواہا، گڈریا، چوپان

رامین:فخر گورگانی کی رومانی داستان "ویس و رامین" کا کردار۔

ران:ٹانگ کا اوپر کا حصہ

ران - راندن:چلانا سے فعل امر چلاؤ، چلتا کرو، چلانے والا

اُتو مُوبِیل ران:موٹر کا ڈرائیور

قلم ران:لکھنے والا، نویسندہ، اہل قلم

راندگان:جنھیں چلتا کر دیا ہو، جو نکال دیے گئے ہوں

راندن:چلانا، چلتا کرنا، دور کرنا، باہر نکال دینا

اسپ راندن:گھوڑے کو چلانا

بدل راندن:اپنے آپ سے کہنا

حکم راندن:حکومت کرنا

زورق راندن:کشتی چلانا

قلم راندن:لکھنا، قلم چلانا

نام کسی را بر زبان راندن:بر سبیل تذکرہ کسی کا نام لینا یا ذکر کرنا

یك حرفی بر زبان راند:وہ کچھ بولا

راندہ:نکالا ہوا، رد کیا ہوا، خارج کیا ہوا (راندگان جمع)

رانِش:نکالنا، اخراج

رانَکی:دمچی، دم کے نیچے باندھنے والی رسی، پالان سے پیچھے کا تسمہ

رانَندِہ:ڈرائیور

رانی:ران کی ہڈی سے متعلق

رانِین:شلوار، اسلحہ جو قدیم زمانے میں جنگ کے وقت رانوں پر کسا جاتا تھا

راوچہ:ایک قسم کا انگور

راوَد:سر سبز، شاداب میدان، سبزہ زار، چراگاہ

راوَرا:خارپشت

راوُش:زاوش، ستارہ مشتری

راوَک:صاف، لطیف، روشن

راوکی:خالص، کوئی بہترین چیز

راوَند:(۱)کاشان کے قریب ایک گاؤں (۲)رسی جس پر انگور لٹکائے جاتے ہیں

راوند:ریوند چینی

راوَندی:راوند کا رہنے والا

راوُوق:(ع)کیِف، جس کے ذریعے شراب صاف کی جاتی ہے، اسے فارسی میں راوق بھی کہتے ہیں

راوَہ:آہ بھرنا، کراہنا

راوی:(ع)روایت کرے والا (رواۃ جمع)

راوِیز:کانٹے جنھیں اونٹ چباتے ہیں اور کھاتے ہیں

راوِیہ:(ع)روایت کرنے والا

راوِیہ:چمڑے کی بوتل، ڈول، مشک

راوِیہ کش:پانی سے بھری ہوئی چمڑے کی مشک یا بوتلیں، جو جانور پر لادی جائیں

راہ:راستہ، سڑک، طرف، جگہ، گزرگاہ، قاعدہ و قانون، رسم و روش، آہنگ و نغمہ

راه آمدن:سفر کرنا، راستہ طے کرنا

راہ آموز:رہنما

راہ آورد:سوغات، ارمغان

راہ افتادن:چل پڑنا

راہ انجام:اسباب سفر، زاد راہ، لوازم، مسافرت

راہ باز کردن:مسافت کے لیے راستہ کھول دینا

راہ بُردن:کسی علیل شخص یا بچے کو پکڑ کر چلانا، سیر کے لیے لے جانا

راہ بُردن:معلوم کرنا

راہ بُریدن:رہزنی کرنا، لوٹنا

راہ بند:رہزن، ڈاکو، محصول سڑک

راہ بهم داشتن:ہمراہی اختیار کرنا

راہ پَیما:پا پیادہ سفر کرنے والا

راہ پیمائ:پیادہ سفر کرنے والا

راہ پَیمُودن:سفر کرنا

راہ خراب است:سڑک قابل مرمت ہے

راہ خُفتہ:کنایہ ہے دور و دراز راہ کا

راہ خودپیش گرفتن:اپنی راہ لینا، اپنا کام کرنا

راہ دادن:کسی کے لیے راستہ چھوڑنا تاکہ وہ گزر جائے

راہ دار:پاسبان، محصول لینے والا

راہ داری:راستے کا محصول

راہ را دیوار کردن:راستہ روک لینا

راہ راست:سیدھا راستہ، راہ مستقیم

راہ رفتن:چلنا

راہ زدن:رہزنی کرنا

راہ کار کردن را بلد است:کام کرنے کے طریقے سے وہ آگاہ ہے

راہ کردن:اپنا کام کرنا

راہگرای:مسافر

راہنامہ:مال اور مسافروں کی فہرست، راستے کا نقشہ

راہ نبود کہ من بنشینم:جگہ نہ تھی کہ میں بیٹھوں ۔ راہنمائی کی کتاب

راہ نشاندن:راستہ دکھانا، رہنمائی کرنا

راہ نشین:راستے میں بیٹھ جانے والا، غریب بے خانماں، گدائے سر راہ

راہ نمون:رہنما

از راہ دور کردن:گمراہ کرنا

از کدام راہ باید اقدام کردن:کس طریقے سے کام شروع کرنا چاہیے

اطفال را راہ نمی دادند:بچوں کو داخل نہیں ہونے دیا

چہ قدر راہ آمَدہ اید:آپ نے کتنا سفر کیا ہے

چگونہ در انجمن راہ یافتید:انجمن میں آپ نے داخل ہونے کی کیا صورت پیدا کی

راہ آب:پانی کی نالی

راہ آہن:ریل

راہ آہن کشیدن:ریل گاڑی چلانا

راہ دُرُشکہ:سڑک جس پر تانگے بگھیاں چلتی ہوں

راہ شوشہ:شارع عام

راہب:(ع) عیسائیوں کا رہبر

راہبان:سڑک کا نگہبان

راہبر:رہنما

راہبردار:جو شخص اس بات کا اہل ہو کہ راستہ معلوم کر سکے، جس کے پاس زاد راہ بھی ہو

راہبری: رہنمائی

راہبند: (۱) رہزن (۲) محصول سڑک

راہبندان: راستہ روکنے والے

راہبہ: (ع) راہب کی مونث، نن

راہ پَیما: مسافر

راہدار: محصول وصول کرنے والا، سڑک کی حفاظت کے لیے گشت کرنے والا

راہدار خانہ: چنگی خانہ

راہداری: محصول چنگی

راہرو: کمروں کے درمیان کا تنگ راستہ دالان

راہرو: مسافر، سفر پر جانے والا

راہروی: مسافرت، سفر

راہزن: ڈاکو

راہزنی: ڈکیتی

راہ سنج: (۱) مسافر (۲) مقیاسِ مسافرت، مسافرت پیما، وہ آلہ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ گاڑی کتنی دور تک چلی ہے

راہ شاہی: شاہراہ

راہگان: رایگان

راہگذار: (۱) گزرنے والا، مسافر (۲) رہگزر

راہگرای: مسافرت، رہ پیمائی

راہِن: (ع) رہن کرنے والا

راہِن: ایک درخت جس کا پھل زیتون کے پھل کے برابر اور اس کے مشابہ ہوتا ہے

راہنامہ: سڑک سے متعلق رجسٹر، راہ نمائی کی کتاب

راہ نشیِن: بھک منگا، گدا

راہ نشینی: بھیک مانگنا، گدائی

راہنما: رہبر، راہ دکھانے والا، رہبری کرنے والا

راہنمائی: رہبری، راستہ دکھانا

رہنمون: رہنما

راہنمونی: رہنمائی

راہ نَوَرد: (۱) مسافر (۲) ڈاکیا، قاصد (۳) پیدل سفر کرنے والا

راہوار: تیز رو

راہوارِہ: رہ آورد، تحفہ جو سفر سے لایا جائے، سوغات

راہوئی: ایرانی موسیقی کی ایک راگنی

رائب: (ع) مشکوک

رائج: (ع) جاری، مروّج

رائح: (ع) رایح، جسے سے خوشبو آئے، خوشبودار

رائحہ: (ع) رائح کی تانیث، خوشبو یا بو دینے والی (رائحات، روائح جمع)

رائض: (ع) جانوروں کو سدھانے والا

رائع: (ع) کوئی شخص یا چیز جو اپنی زیبائی کی وجہ سے حیرت میں ڈال دے

راہی: مسافر

راہی شدن: سفر پر چلنا

رای: ووٹ، خیال، فیصلہ (آرای جمع)

آرای طرَفینِ مُساوی است: دونوں طرف کے ووٹ برابر ہیں

رای اعتماد: اعتماد کا ووٹ

رای دادن: ووٹ دینا

رای زدن: اپنی رائے ظاہر کرنا

رای زن: مشیر

رایُ العین: چشم دید گواہی

رائی قاطع: فیصلہ کن ووٹ، کاسٹنگ ووٹ

رائی: ہندوستان کے قدیم فرمانرواوں اور امرا کا لقب

رایات:(ع) رایت کی جمع، جھنڈے ، پرچم

رایاندَن:قیادت کرنا

رایَت:(ع) جھنڈا، پرچم، علم

رایت افراشتن:جھنڈا بلند کرنا

رایِع:(ع) (۱) زائد، فضول، تیز رفتار گھوڑا

رایِق:(ع) صاف، شفاف، واضح، نکھرا ہوا

رایُکا:خوبصورت لڑکا

رایِگان:مفت، بلا معاوضہ، بلا قیمت

آموختنِ آن ہنر رایگان است:وہ فن بلا معاوضہ سکھاتے ہیں

خدا نعمات خود را رایگان می بخشد:خدا اپنی نعمتیں مفت میں عطا کر دیتا ہے

رایگان خوار:مفت خور

رب:پرودگار عالم

رُبّ:رس، عرق، شیرہ، افشردہ

رُبِّ ریوند:وہ لاکھ جس سے زدر رنگ نکلتا ہے

ربا:(ع) سود

رُبا:کشش کرنا

آہنِ رُبا:مقناطیس

دلرُبا:دل کشی کرنے والا ، حسین و جمیل

رَباب:(ع) ایک ساز کا نام ہے

ربابی:(ع) رباب بجانے والا

رَباح:(ع) نفع، منفعت نیز بمعنی خمر، مَے

ربا خوار:(ع) بہت سود لینے والا

رِباط:(ع) سرائے ، کاروانسرائے

رِباط:(ع) ایک چیز کا دوسری چیز سے پیوند لگانا، استخوان بندی

رِباطی:استخواں بندی کرنے والا

رُباع:(ع) جو چار حصوں سے مل کر بنا ہو

رُباعی:(ع) فن شعر کی ایک قسم جس کے دو شعر ہم قافیہ اور ہم ردیف ہوتے ہیں، پورا مضمون ان دو شعروں میں ادا ہو جاتا ہے وزن رباعی کا یہ ہوتا ہے:لاحولَ و لاقوۃَ الاباللہ، اگر رباعی کا وزن یہ نہ ہو تو اسے رباعی نہیں کہینگے

رباعیات:(ع) رباعی کی جمع

رَبُّ النّوع:(ع) سب انواع زندگی کا پروردگار

رَبّانی:(ع) خدای، خدا وند تعالیٰ سے منسوب

دعای ربانی:خدا کی بارگاہ میں دعا

عالم ربانی:علم دینیات کا عالم

رُبائش:چھین لینا ، لے جانا ، اٹھا لے جانے کا عمل

رُبای:ربا ، چھین لینا

رُبایاندن -ربایانندن:پکڑنا ، لے جانا ، اٹھا لینا

رُبایِش:لے جانے یا اٹھا لے جانے کا عمل

ربایَندگان:ربایندہ کی جمع، اٹھا لے جانے والے

ربایندِگی:لے لینا ، کھینچ لینا ، اٹھا لینا ، دلکشی، حسن و خوبی کی کشش

ربایندَن:ربودن، لے جانا

ربایندہ:لے جانے والا ، دلکش، دلربا ، حسین و جمیل

ربِح:(ع) سود

ربح خوار:سود خوار

ربَص:(ع) منتظر، انتظار میں ہونا

ربط:(ع) تعلق، لگاؤ، پیوند، انس

از ہمہ شُعبِ علوم با ربط است:علم کے سارے شعبوں سے وہ مانوس ہے، آگاہ ہے

این دو موضوع باہم ربطی دارند:یہ دو موضوع آپس میں تعلق رکھتے ہیں

این کار باا و ربطی ندارد: اس کام کا اس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں

بی ربط: بے تعلق، بے معنی

حرف ربط: حرف علت:"و" بمعنی اور

ربط دادن: تعلق پیدا کرنا، ملانا

ربط و ضبط: نظم و ترتیب

کارہای او ہیچ ربط و ضبط ندارد: اس کے کاموں میں کوئی نظم و تربیت نہیں

رُبع: (ع) چوتھا حصہ یا ایک چوتھائی

ربعِ ساعت: گھنٹے کا چوتھا حصہ، پندرہ منٹ

ربعِ مسکون: سطح زمین کے چوتھائی حصے میں جہاں آبادی ہے

سہ ربع: تین چوتھائی

یک ربع از سہ گزشتہ است: سوا تین بجے ہیں

رَبع: (ع) گھر، خانہ، قیامگاہ، موسم بہار کی قیامگاہ

رُبعی: (۱) رقم کی سہ ماہی ادائیگی (۲) چوتھا حصہ، چھوٹی بوتل جو عام بوتلوں کی چوتھائی کے برابر ہوتی ہے

ربقہ: (۱) رسی کا حلقہ (۲) لگام

ربقہِ اطاعت: بند اطاعت، اطاعت کا فریضہ

ربّنا: (ع) اے خدا

ربُوبی: (ع) ربانی

ربوبیّت: (ع) الوہیت، خدائی

ربُوۃ: (ع) بلند زمین، پشتہ

ربُوخہ: نفسانی خوشی، راحت جسمانی

ربودگی: (۱) لے جانا، اٹھا لینا، کھینچ لینا (۲) دلکشی

ربودن: لے جانا، اٹھا لینا، اغوا کر لینا

ربودنِ طفل: بچے کو اغوا کر لینا

ربودہ: کھینچا گیا، لوٹ لیا گیا، اغوا کیا گیا

ربُون: بیعانہ

ربّی: (ع) میرے خدا

ربیب: (ع) سوتیلا بیٹا، جو بیٹا ماں اپنے نئے شوہر کے گھر میں لائی ہو

ربیبہ: (ع) مونث ربیب، سوتیلی بیٹی

ربیع: (ع) بہار، مہینے کا نام، فصل بہار

ربیع الاوّل: (ع) سن ہجری کا تیسرا مہینہ

ربیع الآخر: (ع) سن ہجری کا چوتھا مہینہ

ربیعہ: (ع) (۱) مرغزار (۲) لوہے کا خود (۳) وزن جسے ورزش کے لیے اٹھایا جاتا ہے

ربیعی: (ع) موسم بہار

رپورتاژ: رپورتاج (مفرس) خبر نگاری، وقائع نگاری

رُت: عریاں، برہنہ، ننگا، خالی

رتاج: (ع) بڑا دروازہ

رُتبہ: (ع) مرتبہ، درجہ، منصب

رتبہ من ہژدہ است: میرا گریڈ اٹھارہواں ہے

رتبہ دادن: مرتبہ بلند کرنا، ترقی دینا

رتبہ گرفتن: ترقی پانا

ترفیعِ رتبہ: مرتبے کی بلندی

رَتَج: (ع) بڑا دروازہ

رتق: بند کرنا، سی دینا، پیوند لگانا، مصالحت ہونا

رتق وفتق: نظم و تربیت، بند کرنا اور کھولنا

رتق وفتق امور مملکت: مملکت کے امور کا نظم و ضبط

رَتم: (ع) توڑنا، کوٹنا، باریک کرنا، لمبے دستے والی جھاڑو

رتم: (ع) دیکھیے رتمہ

رتمہ: (ع) کسی کام کی یاد آوری کے لیے رومال وغیرہ کو

گانٹھ دینا۔

رتیل۔رتیلا:(ع)ایک قسم کی بڑی مکڑی

رَثّ:(ع) بوسیدہ، کہنہ۔

رِثا:(ع) ماتم، مرثیہ، دل سوزی، عزاداری

رَثاثت:(ع) کہنگی، بوسیدگی

رَج:قطار، صف

رجّ:(ع) ہلانا

رجا:(ع) امید، امیدوار ہونا

رِجاپسند:امید پسند

رِجائیت:امید پسندی

رِجاسَت:(۱) غلاظت، گندگی (۲) گناہ

رِجاع:(ع) واپس آنا

رَجّاف:(ع) یوم حساب

رِجال:(ع) جمع رجل، آدمی

رِجال:عنکبوت، مکڑی

رَجّالہ:(ع) پیادہ سفر کرنے والے لوگ، جمع رجال، پیادہ، نیز بمعنی فرومایہ، پست فطرت لوگ

رجَب:(ع) سال ہجری کا ساتواں مہینہ اسے رجب المرجب بھی کہا جاتا ہے

رُجحان:(ع) (۱) ترجیح، برتری، فضیلت، افضیلت، شرف، تفوق

رَجَز:(ع) فن شاعری کے ایک بحر کا نام «مستفعلن مستفعلن مستفعلن»، اس بحر میں لکھی ہوئی رزمیہ نظم

رجز خواں:رجز کے بحر میں شعر پڑھنے والا، شیخی باز، ڈینگیں مارنے والا

رِجس:(ع) غلاظت، رجاست، گناہ، برا کام، شیطانی وسوسہ

رجع:(ع) واپسی، بازگشت

رَجعَت:(ع) بازگشت، واپسی، بحالی

رجعت کردن:واپس آنا، مراجعت کرنا

رجعت مرض:بیماری کا عود کرآنا

رجف:(ع) ہلنا، ہلانا

رَجفان:(ع) زمین کا ہلنا، کانپنا، زلزلہ، جنبش، گھبراہٹ، ہلچل، پریشانی، اضطراب

رجُل:(ع) مرد (رجال جمع)

رِجل:(ع) پاؤں، پیادہ (ارجل جمع)

رَجُلہ:(ع) رجل کی مونث، مردانہ وجاہت کی عورت

رَجم:(ع) سنگسار کرنا

رجُوع:(ع) واپسی، بازگشت، حوالہ دینا، توجہ، متعلق

رجوع کردن:حوالہ دینا

رجوع کنیم بسرِ مطلب:اصل مطلب پر واپس آتے ہیں

رجُوعات:(ع) رجوع کی جمع

رجولیّت:(ع) مردانگی

رجِہ:رسی جو گھر کی دیواروں کے درمیان باندھی جاتی ہے اور اس پر کپڑے لٹکائے جاتے ہیں

رجیع:(ع) چیز جو واپس کر دی جائے یا رد کر دی جائے

رجیل:(ع) چھوٹا آدمی، پست قد شخص

رجیم:(ع) سنگسار شدہ، مردود

رَچّک:ڈکار

رحال:(ع) جمع رحل

رحالِہ:(ع) گھوڑے کی چمڑے کی کاٹھی

رحائل:(ع) رحالہ کی جمع

رحب:(ع) کھلی، وسیع، فراخ

رَحل:(۱) کتاب دان، خاص طور سے جس پر قران شریف رکھ کر تلاوت کی جاتی ہے (۲) اونٹ کی کاٹھی (۳) رہنے کی جگہ، سامان

رِحلَت:(ع) روانہ ہونا، جدا ہونا، دنیا سے کوچ کرنا

رَحم:(ع) مہربانی، نرم دلی کرنا، رقت قلب

رحم آمَدن:کسی کی تکلیف سے متاثر ہونا

بی رحم:جس کے دل میں کسی کے لیے شفقت نہ ہو، ظالم

رَحِم:(ع) عورت کی بچہ دانی، خویشی، قرابت (ارحام جمع)

رحمَ:رحم ہو

رحمۃُ اللہ:اللہ کا اس پر رحم ہو

صِلہ رحِم:قرابتداروں میں اتحاد و پیوستگی

قطع رحِم:قرابت داری کا رشتہ ختم ہونا

رحمان:(ع) نہایت رحم کرنے والا، خدا وند تعالیٰ

رحمانی:(ع) ربانی، خدائی

رحمَت:(ع) رحم، ہمدردی، مہربانی

بہ رحمت ایزدی پیوستن:اللہ کو پیارا ہو جانا، وفات پانا

باران رحمت:رحم و کرم کی بارش

ہر کسی رحمت فرستادن:مرحوم کے لیے رحمت کی دعا کرنا

رحم دل:مہربان، نرم دل، شفیق

رحی:سفر میں میلوں یا کلو میٹروں کی نشان دہی کرنے والا پتھر، جسے سنگ میل بھی کہتے ہیں

رحِیب:وسیع، فراخ، کشادہ

رحِیق:خالص شراب

رحِیل:جدائی، مفارقت، سفر

بانگِ رحیل:روانہ ہونے کی صدا

رحِیم:رحم کرنے والا

خدا وند رحیم و کریم است:خدا رحم کرنے والا اور کرم کرنے والا ہے

رُخ:چہرہ، رخسار

رخ دادن:رونما ہونا

رخ نِہادن:متوجہ ہونا

ہرگہ اختلافی رُودہد:جب کبھی اختلاف رونما ہو

رُخ:سیمرغ کی طرح کا بڑا افسانوی پرندہ، شطرنج کا ایک مہرہ

رَخ:(۱) شگاف، دراڑ (۲) غم و اندوہ

رَخا:(ع) زندگی کی سہولت، راحت، فراخ روزی، رزق کی فراوانی

رُخام:(ع) سنگ مرمر

رَخامت:(ع) نرمی، آسانی، کلام کا آسان ہونا، سہل ہونا، بات کا آسانی سے سمجھ میں آ جانا

رُخامی:(ع) سنگ مرمر کا بنا ہوا

رخاوَت:(ع) نرمی، آسانی

رخبین: پنیر

رخت: کپڑے ، لباس، سازوسامان، اثاثہ

رخت از جہان بستن: جہان سے رخصت ہو جانا

رخت افگندن: ٹھہرنا ، قیام کرنا

رخت بستن: سامان باندھنا ، سفر کی تیاری کرنا

رخت پوشیدن: لباس پہننا

رخت خواب: سونے کا بستر

رخت خواب پیچ: بستر بند

رخت دار: کپڑے رکھنے والا

رخت دار خانہ: وارڈ روب، کپڑے رکھنے کی الماری

رخت سفر: سفر کا سازو سامان

رخت کندن: کپڑے اتارنا

رخت نہادن: ٹھہرنا ، قیام کرنا

رخت شور: دھوبی

رخت شور خانہ: کپڑے دھلانے کی جگہ ، لانڈری

رخت شوری: رخت شوئی، کپڑے دھونا

رخت کَن: غسل خانے میں کپڑے رکھنے کی جگہ

رخت مال: استری

رخت نظامی: فوجی وردی

رخت و پخت: پوشاک

رُخسار: چہرہ، گال

رَخش: رستم کے گھوڑے کا نام

رخش: خوش، خوش نصیب

رَخشا: رخشان

رخشان: تابناک، درخشان، چمکدار

رخشَندگی: چمک دمک، تابناکی، درخشانی

رخشَندہ: چمکدار، تابناک، درخشندہ، روشن

رخشیدن: چمکنا ، درخشاں ہونا

رُخصَت: چھٹی، اجازت، روانگی

رخصت خواستن: اجازت چاہنا

رخصت دادن: چھٹی دینا ، جانے کی اجازت دینا

رخصت فرمودن: چھٹی دینا

رخصت گرفتن: چھٹی لینا ، جانے کی اجازت پانا

رخصت نامہ: اجازت نامہ

رخمہ: گدھ، کرگس، چیل سے زیادہ بڑا پرندہ، لاش خور پرندہ

رخنِہ: شگاف، سوراخ، درز، چاک

رخنہ پیدا کرنا: شگاف ڈالنا

رختہ دار: جس میں شگاف ہوں

رخنہ در دین یاعقیدہ: دین یا عقیدہ میں فرق آ جانا

رخنہ کردن: سوراخ کرنا

آب در دیوار رخنہ کرد: پانی نے دیوار میں شگاف کر دیا ہے دیوار میں پانی پڑ رہا ہے۔

بمژگان سیہ کردی ہزاران فتنہ در دینم: تم نے اپنی سیاہ پلکوں سے میرے عقیدہ میں ہزاروں شگاف پیدا کردیے ہیں۔

رَخْو: نرم، سست

رِخوَت: (ع) نرمی، آسانی

رُخُوت: (ع) جمع رخت

رخِیدن: تنگی سے سانس لینا جیسے کوئی زیادہ بوجھ اٹھاتے ہوئے ہوتا ہے

رخِیص: (ع) ارزان، سستا

رخِیم: (ع) صاف، مترنم

رد: (ع) واپس کر دینا، لوٹانا

رد: (ع) راد، جوانمرد، دلاور، دانا

رد: کسی چیز کا نشان

ردِپا: پاؤں کا نشان

رد پای کسی را گرفتن: کسی کے پاؤں کے نشان سے اس کا پیچھا کرنا

ردِ جواب: ترکی بہ ترکی جواب

ردِ کلام: کسی کے بیان کو رد کر دینا

ردالمطلع: غزل یا قصیدے کا مصرعہ اول آخر میں بھی لانا

کلیه دلائل را رد کردم: سارے دلائل کو میں نے رد کر دیا ہے

ملك را بخودش رد کرده اند: اس کی ملکیت اسے واپس کردی گئی ہے

رِداء: (ع) چادر، پوشش، پردہ

رَدائت: (ع) بد ذوقی، پستی

ردائتِ مزاج: جسمانی یا ذہنی خلل واقع ہونا

ردع: (ع) روک لینا، باز رکھنا، منع کرنا، رد کر دینا

ردف: (ع) پیچھے آنا، سوار کے پیچھے بیٹھنا

ردِه: (ع) قطار، صف، سطر، صف آرائی

رده کشیدن: صف بندی کرنا، صف آرائی کرنا

رده بندی: صف بندی

رده کشِیدن: ترتیب وار رکھنا، نظم و ترتیب قائم کرنا

ردِیف: (ع) قطار، سطر، صف

بیست ردیف صندلی: کرسیوں کی بیس قطاریں

ردیف استادن: قطار میں کھڑے ہونا

ردیف کردن - ردیف گزاشتن: صف یا قطار میں کھڑے کرنا

حافظ در ردیف شعرای بزرگ است: حافظ عظیم شعرا کی صف میں ہے

ردیف گماشتن: قطار میں ترتیب دینا

من ردیف موسیقی را بلد هستم: میں موسیقی کی اقسام سے آگاہ ہوں

ردیف: (ع) وہ لفظ اور اس کے ہم وزن لفظ جو غزل یا قصیدے کے قافیے کے بعد آئیں

ردیفی: رسمی موسیقی کی پیروی کرنا

رَذالت: (ع) کمینگی، پستی، فرومائیگی، گھٹیا پن

رذالت: (ع) انکار

رذائل: (ع) رذیل کی جمع، گھٹیا اوصاف یا چیزیں، عیوب، بری عادات

رذِیل: (ع) کمینہ، پست فطرت، گھٹیا، بد فطرت رذلا جمع

رذیلانه: کمینہ پن سے، پست فطرتی سے

رذیلانه حرکت کرد: بڑی کمینہ حرکت کی

رذیلِه: (ع) برائی، پست فطرتی، کمینگی، فرومائیگی

رز: انگور، انگور کی بیل

دختر رز: انگور کی شراب

رز: (ع) (۱) چاول، برنج (۲) سرخ پھول

رزاز: (ع) چاول فروش

رزّازی: چاول فروشی

رزّاق: (ع) رزق دینے والا، روزی رساں، خدا تعالیٰ، خدائے رازق

رزان: (ع) رز کی جمع، چاول

رزانت: (ع) متانت، سنجیدگی، سکون پسندی، بردباری، پختگی

رزانتِ رای: رائے کی پختگی

رزبان: انگور کی بیلوں کا نگہبان، باغبان

رزبر: بڑی قینچی جس سے درخت کی زائد شاخیں کاٹتے ہیں

رزد : پیٹو، پرخور

رزداق: دیہہ، قریہ، گاؤں، شہر

رَزدہ: تھکا ہوا، خستہ، پریشان، افسردہ، اداس

رزق: (ع) روزی، معاش

رزگر: رزبان، انگوروں کی کھیتی کا نگہبان

رزم: جنگ، لڑائی

میدانِ رزم: میدان جنگ، میدان کارزار

رزم آرا: جنگ میں صف آرائی کرنے والا

رزم آزما: جنگ میں مہارت رکھنے والا

رزم تُوز: رزمجو، جنگجو

رزم جو: جنگجو

رزم خواہ: جنگجو

رزم دیدہ: جسے جنگ کا تجربہ ہو

رزمگاہ: میدان کارزار

رزمنامہ: رزمیہ نظموں کی کتاب

رزمہ: پارسل، لباس کا بقچہ

رزمی: جنگ سے متعلق

رزمیُوز - رزمیوش: رزم جو، جنگجو

رزم ناؤ: تیزرو جنگی کشتی

رزِہ: دھات کی نلی جو ارگن باجے یا اسی قسم کے باجوں کے پردے تھامے رہتی ہے، آہنی حلقہ

رزِیدن: رنگنا، رنگ دینا

رزیدہ: رنگا ہوا

رزِین: متین، سنجیدہ، سلیم الطبع، پرسکون، گرانمایہ

رزین: ریزن (مفرس) رال، چیز وغیرہ درخت کی گوند

رزِیہ: بد نصیبی، پریشان حالی، بلا، مصیبت، رزایا جمع

رژد : پیٹو، حریص

رژہ: سربراہ مملکت کے سامنے سے پیادوں اور سواروں کی قطاروں کا گزرنا

رژیم: رجیم کا مفرس، طور طریقہ، وضع، طرز حکومت، اصول سیاست

رژمان: مفرس رجمنٹ(انگ) فوج، گروہ دستہ

رس: رسیدن سے فعل امر، پہنچ (برس)

رس: حریص، کھانے کا لالچی، شکم پرست، بسیار خور

رس: پرانا کنواں، نیز معدن

رَسا : بالغ، تیز فہم، لائق، جو سنا جا سکے، بلند آواز

رِسالت: (ع) پیغمبری

رسالت پناہ: (ع) حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

رِسالہ: (ع) خط، مراسلہ، مکتوب، کسی خاص موضوع پر لکھا ہوا کتابچہ، مختلف مضامین کا میگزین

رسالہ علمی: (ع) تھیسز، مقالہ جو ڈاکٹریٹ کے لیے لکھا جاتا ہے

رسّام: خاکہ تیار کرنے والا، نقشہ کش

رسان - رساندن: پہنچانا سے فعل امر (برسان) پہنچا دے

رساندن: رسانیدن، پہنچانا، مہیا کرنا

کاغذ مرا بمقصد نرساندند: میرا مراسلہ منزل مقصود تک نہ پہنچایا

این ثروت را از کجا بهم رساند: اتنی دولت اسے کہاں سے حاصل ہوئی

بهم رساندن: مہیا کرنا

خدا روزی هرکس را می رساند: خدا ہر ایک کو روزی بہم پہنچاتا ہے

رازِ خود را با دوستان کمتر رسان: اپنا بھید دوستوں کو کم ہی بتا

رسانَندِه: پہنچانے والا

رسانِه: رنج و اندوہ، افسوس، حسرت

رسائل: رسالہ کی جمع

رسائی: آواز کا پہنچنا (۲) پہنچ، وسیلہ، ذریعہ، دسترس

رَست: رہائی، رستن مصدر= رہائی پانا سے

رُست: مضبوط، محکم، دلیر، فتح، غالب آنا فوقیت پانا

رُستا: رُوستا، گاؤں، گاؤں کا رہنے والا

رَستا خیز: حشر، قیامت

رَستار: رستگار، آزاد، خلاصی پایا ہوا، رہائی یافتہ

رُستاق: روستا، گاؤں

رَستاك: درخت کی تازہ شاخ جو اس کی جڑ سے نکلی ہو

رُستانیدن: رہانیدن، رہائی دلانا

رَستخِیز: رستا خیز، حشر، قیامت

گو زاده ام بهند ولی روز رستخیز
روی بسوی یثرب و بطحا در آورم

گو میں ہندہی میں پیدا ہوا ہوں لیکن قیامت کے دن میرا منہ یثرب و بطحا کی طرف ہو گا

رَستگار: آزاد، آزادی یا رہائی یافتہ

رستگاری: آزادی، رہائی، نجات، بچاؤ مثال از جامی

در خیال من نمی گنجد تمنای بهشت
دارم از فضلت امید رستگاری از عذاب

میرے خیال میں بہشت کی تمنا نہیں سماتی مجھے تو آپ کے فضل و کرم سے امید ہے کہ جس عذاب سے میں دوچار ہوں اس سے مجھے رہائی مل جائے

رُستم: ایران کا قومی بہادر پہلوان جو زال بن سام کا بیٹا تھا

رُستمانه: رستم کی طرح

رُستمدار: ماژندران کا ایک ضلع

رستمی: بہادری، شجاعت

رَستن: آزاد ہونا، نجات پانا، رہائی پانا

از جفاهای آنها رستند: ان کی سختیوں سے انھوں نے نجات حاصل کی

رُستن: روئیدن، اگنا

گیاهی در آن چند سال نرُست: چند سال گھاس تک وہاں نہ اگی

رِستن: ریستن، گھمانا، گھما کر بل دینا

رُستنی: پودا اگنے والا

رستوران: ریسٹوران، ہوٹل

رَستِه: رہائی پایا ہوا، نجات پایا ہوا

رستِه: راستہ، صف، قطار، بازار، کچھ لوگ جو ایک شہر میں ایک دوسرے کے ہمکار اور ہم پیشہ ہوں

رستِه: بل کھایا ہوا، بٹا ہوا

رُستی: دلیری، قوت، فتح، فیروزی، راحت، نیز روزی، رزق، معاش

رُستی: جلدی میں تیار کیا ہوا کھانا

رَستی: رستگاری، نجات، آزادی، رہائی، خلاصی

رسَد: حصہ بخرا، حصے کی جو چیز مل جائے

رسد بان: لیفٹیننٹ

رسداق: دیہ، گاؤں

رُسغ: کلائی، مچ، ساعد

رسغ دست: ہاتھ کا مچ

رسغ پا: ٹخنہ، کعب

رُسغی: کلائی سے متعلق

رُسُل: اس کا واحد رسول ہے، پیغمبران

ختم رسل: آخری پیغمبر، حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

رسم: (ع) طور طریقہ، عادت، آئین، دستور، شہرت، مثال

بر صفحہ روزگار رسمی بگذار
کان پیش خدا و خلق باشد مقبول

کتاب زمانہ کے ہر صفحے پر ایسی یادگار چھوڑ جاؤ جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی قابل قبول ہو اور مخلوق بھی اسے اچھا سمجھے

او یك آدمی است با اسم و رسم: وہ بڑی شہرت والا آدمی ہے

این یك رسم دینی است: یہ ایک شرعی آئین ہے

رسم دنیا چنیں است: دنیا کا طریقہ ہی یہ ہے

کاغذی به اسم و رسم او را نوشتم: میں نے دستور کے مطابق مراسلہ اسے لکھ بھیجا

رسماً: (ع) رسم کے طور پر: سرکاری طور سے

رسماً با او اظہار کردم: میں نے رسمی طور پر یا سرکاری طور سے اسے مطلع کر دیا

رسمُ الخط: (ع) لکھنے کا انداز، اسلوب تحریر، عربی رسم الخط، خط نسخ

رسمان: ریسمان، رسّی

رسمانہ: سرکاری طور سے

صحبتِ رسمانہ: سرکاری طور سے گفتگو، رسمی گفتگو

رسم کردن: (۱) نقشہ بنانا، خاکہ اتارنا (۲) اصول بنا لینا

رسمی: سرکاری دستور کے مطابق، حسب ضابطہ

لباس رسمی: رسم و رواج کے مطابق لباس، یونیفارم

مراسلہ رسمی: سرکاری مراسلہ

رسمی: گھریلو

رسمیّت: سرکاری ہونا، رسم و رواج کے مطابق ہونا

رسمیت پیدا کردن: رسم و رواج کے مطابق انداز اختیار کرنا

رسَن: رسی، ریسمان

رسن باز: رسی پر کرتب دکھانے والا

رسن تاب: رسن باز

رسن پیچ: دھاگے کی ریل

رسن تافتن: رسی پر کرتب دکھانا

رُسوا: بدنام، بُری شہرت والا

بواسطه این حرکت درمیانِ مردم رسوا شد: اپنی اس حرکت کی وجہ سے وہ لوگوں میں بدنام ہوا

خواہی نشوی رسوا ہم رنگ جماعت شَو: اگر بدنام نہیں ہونا چاہتے تو وہی کرو جو تمہاری جماعت کرے

رُسوائی: بدنامی، ذلت

رسوائی برآوردن: کسی عمل کی وجہ سے رسوا ہونا

رسُوب: (ع) دُرد، تلچھٹ، تہ نشیں ہو جانا

رسوبی: تہ نشین ہونے والی چیز

رسُوخ: (ع) راسخ ہونا، مضبوطی، پختگی

رسوخ کردن: پختہ ہو جانا، استوار ہو جانا

این عقیدہ بالآخر رسوخ کرد: یہ عقیدہ آخر راسخ ہو گیا

رسُول: (ع) پیغمبر، نبی

رسول اللہ: اللہ کے بھیجے ہوئے پیغمبر، حضرت رسول کریم(ص)

رسُوم: (ع) رسم کی جمع، آداب، تیکس، فیس

رسومات: (ع) ایکسائز ڈیوٹی، چیزوں کا محصول

رسِید: پہنچنا

رسید این کاغذ را فرمائید: اس خط کے پہنچنے کی اطلاع دیجئے مثال:-

جہد بسیار بکردم کہ نگویم غم دل
عاقبت جان بدہان آمد و طاقت برسید

میں نے کوشش تو بہت کی کہ اپنے دل کا غم کسی سے نہ کہوں، آخر جان لبوں پر آئی اور وقت آ پہنچا تو کچھ کہنا پڑا

رسیدِگی: تفتیش، تحقیق، جانچ پڑتال

رسیدگی این امر با شماست: اس بات کی تحقیق کرنا تمہارے ذمے ہے

کار او رسیدگی کردند، معلوم شد، در دعوی خود ذیحق است: اس کے کام کاج کی دیکھ بھال کی گئی تو معلوم ہوا کہ اپنے دعوے میں وہ حق پر ہے

رسیدن: پہنچنا

بجائے رسیدن: خاص مقام حاصل کر لینا، کوئی اہم مرتبہ پا لینا

بداد کسی رسیدن: کسی کی مدد کرنا

بہم رسیدن: ایک دوسرے سے مل جانا

بخاطرم رسید: میرے دل میں یہ بات آئی

در رسیدن: حاصل ہونا

دستم نمی رسد: میرا ہاتھ وہاں تک نہیں پہنچتا، میری وہاں تک رسائی نہیں

سر رسیدن: اچانک آ پہنچنا

ہیچ کس در مہارت بپای او نمی رسد: کوئی بھی مہارت میں اس کے درجے تک نہیں پہنچتا

رسیدِہ: پختہ، پکا ہوا (پھل)

نا رسیدہ: نا پختہ، کچا (پھل)

نو رسیدہ: جو ابھی ابھی پکا ہو

رسِیس: (ع) (۱) ثابت، استوار (۲) خردمند، زیرک

رسِیل: (ع) قاصد، پیغام بر، پیغام آور، ہم آہنگ، ہم آواز، کوئی شخص جو کسی دوسرے سے مل کر گائے

رسِیم: (ع) نقش پا، پاؤں کا نشاں

رش: درمیانی انگلی سے کہنی تک کا فاصلہ، تقریباً نصف میٹر، نیز ہلکی بارش

رشا: ہرنی کا بچہ، ہرنوٹا

رشا: (ع) رسیّ

رَشاد: (ع) راسخ العقیدہ ہونا، راہ راست پر چلنا

رشاقَت: (ع) خوش قد ہونا، اچھی قدوقامت

رَشت: ایران کے صوبہ گیلان کا شہر

رشت: ٹوٹنا، چور چور ہونا، ریزہ ریزہ ہونا، گردو غبار

رشت: چمکیلا، تابناک

رِشتِہ: دھاگا، سلسلہ، پیوند

رشتہ بہ نظم در آوردن: شعر کہنا، کسی بات کو نظم میں بیان کرنا

رشتہ دوستی: دوستی کا پیوند

رشته صحبت را گم کردن:بات چیت کا سلسلہ بھول جانا

رشته مروارید:دھاگا جس میں موتی پروے جائیں

او در رشته خود مُتخصّص است:وہ اپنے سلسلے میں ماہر ہے

رِشتن:کا تنا

رَشتی:شہر رشت سے متعلق

رَشح:(ع) تراوش، پسینہ آنا، مثال:-

از سحابِ فیض لطف عام خود رشحے بریز
بر دل و جانم کہ از لوث گناہ آلودہ ام

اپنے عام لطف و کرم کے بادل سے میرے دل و جان پر کچھ قطرے ٹپکا دے کہ میں گناہوں کی کثافت سے آلودہ ہوں

رشحات:(ع) رشح کی جمع، تراوش، قطرات

رُشد:(ع) نشوو نما، بالیدگی، افزایش، بڑھنا، بلوغ، بالغ ہونا

رشد کردن:نشوونما پانا، بڑھنا، بالغ ہونا

رشد نکردہ:جس کی پوری نشوو نما نہ ہوئی ہو

از رشد باز داشتن:کسی کے بڑھنے اور پھلنے پھولنے میں رکاوٹ بننا

بحد رشد رسیدن:بالغ ہونا

رشف:(ع) گھونٹ گھونٹ پینا، چوسنا

رشك:کسی کی ترقی دیکھ کر ویسا ہی بننے کی کوشش کرنا، اپنے حقوق کی بڑے اہتمام سے حفاظت کرنا، رقابت میں مبتلا ہونا

رشك بُردن - رشك ورزیدن: کسی کی ترقی دیکھ کر ویسا ہی بننے کی خواہش پیدا ہونا

رشك:لیکھ، جُوں، یا ایسے ہی جانوروں کا انڈا

رشك آور:رشک انگیز، جسے دوسروں جیسا بننے کا شوق پیدا ہو، رقابت پیدا کرنے والا، جس کی بنا پر رشک پیدا ہو

رشك خور:دوسروں کی چیز کو دیکھ کر جس کے دل میں حسرت پیدا ہو

رشك گن:جس کے ذریعے بالوں کو لیکھوں یا جوؤں سے پاک کیا جائے، کنگھا وغیرہ

رشکن:لیکھوں جوؤں سے بھرا ہوا

رشکن:با غیرت، غیور، رشک کرنے والا

رشمه:باریک رسی

رشن:ایرانی مہینے کے اٹھارویں دن کا نام

رِشوت:ناجائز طور سے کسی کا کام کرنے کے لیے رقم وصول کرنا

رشوت خواری:رشوت لینا

رشِید:(ع) بہادر، شجاع، پاکیزہ، خوش اسلوب، راسخ العقیدہ

رشیدالدین:(ع) خواجہ رشید الدین فضل اللہ ایک نامور مورخ کا نام جس نے مغول کی تاریخ "جامع التواریخ" لکھی تھی (وفات ۷۱۸ھ)

رشیدی:دلیری، شجاعت، خوش اسلوبی

رشِیق:(ع) پاکیزہ، خوش اسلوب، نازک اندام، آراستہ،زیبا، اچھی قدوقامت والا

رصّاد:(ع) ہئیت دان، آسمانی ستاروں کی حرکات رصد کے ذریعے دیکھنے والا، مشاہدہ فلکی کرنے والا

اُردوی رصاد:رصد کے ذریعے سیاروں کی حرکات دیکھنے والا لشکر

رصاص:سیسہ، سُرب۔

رَصانَت:(ع) مضبوطی، متانت، سنجیدگی، سکون پسندی

رَصَد:(ع) ایک آلہ جس سے سیاروں اور ستاروں کی حرکات کا اندازہ لگاتے ہیں (ارصاد جمع)

رَصَد بند:ہئیت دان، فلکیات کا مشاہدہ کرنے والا

رَصَد بندی:ہیئت دانی

رَصَد خانہ:رصد گاہ، جہاں فلکیات کا مشاہدہ کرنے کا آلہ نصب ہوتا ہے

رَصَد نشین:ہیئت دان، نجومی

رصِید:کسی چیز کو غور سے دیکھنے والا، مراقب

رصِیف:(ع) سنگ بستہ راستہ، پلیٹ فارم، فرودگاہ، اترنے اتارنے ک جگہ

رِضا:(ع) مرضی، خوشنودی، خوشی، خواہش، اجازت

برای رضای خدا:خدا کی خوشنودی کے لیے

تن برضا دادن:اللہ تعالیٰ کی مرضی پر راضی ہونا

رضادادن:راضی ہونا، مرضی ظاہر کرنا

رضا داشتن:راضی ہونا

رضا شدن:راضی ہونا

رضا کردن:راضی کرنا

رُضاب:(ع) گھونٹ بھرا ہوا منہ سے نکال پھینکنا، کلی کرنا

رِضاع:(ع) رضاعت، ماں کا دودھ پینا

رِضاعی:(ع) بچہ جسے دودھ پلایا گیا ہو

برادر رضاعی:دودھ بھائی

مادر رضاعی:جس عورت نے کسی بچے کو دودھ پلایا ہو

رِضاعِیّت:دودھ پلانا، دایہ گیری

رِضامَند:راضی، مطمئن

رِضامندی:تسلی، مرضی سے، اپنی خواہش سے

رِضایَت:اطمینان، تسلی، بہ طیب خاطر

معلم از ہمہ شاگردان رضایت دارد: استاد سب شاگردوں سے مطمئن ہے

رضایت بخش:تسلی بخش

رضایت نامہ:اطمینان کا سرتیفکیٹ، سفارشی چٹھی

رَضفہ:گھٹنا، کاسہ زانو

رِضوان:(ع) مرضی، اطمینان، برکت، دعاے خیر، جنت کا نگہبان فرشتہ

روضہ رِضوان:بہشت

رِضوانی:(ع) بہشتی

رَضَوی:(۱) حضرت امام رضا کے اخلاف (۲) ایرانی موسیقی کی ایک سُر

رَضی:(ع) خوش، مطمئن، راضی

رضی اَللّہُ عَنہ:خدا اس سے راضی ہو

رَضِیع:(ع) شیر خوار بچہ

رُطَب:(ع) خرما، کھجور

رَطب:(ع) تروتازہ، رطوبت، نم، سیلا، گیلا

رطبُ اللِسان:خوش بیان

رُطَب:(ع) تازہ جڑی بوٹی

رَطل:(ع) (۱) وزن ایک پاؤنڈ کے برابر، بعض اور وزنوں کو بھی یہ لفظ ظاہر کرتا ہے (۲) ایک بڑا پیالہ، (ارطال جمع) جام شراب

رَطوبَت:(ع) نمی، سیلاپن، گیلا

این اطاق بواسطہ رطوبت قابل سکونت نیست:یہ کمرہ سیلا ہونے کی وجہ سے رہنے کے قابل نہیں

رَطوبی:سیلا، گیلا

رطوبی مزاج: ٹھنڈے مزاج کا، پر سکون

رطیب: (ع) تروتازہ

رُعات: (ع) راعی کی جمع، گڈریے

رِعاع: (ع) پست فطرت، فرومایہ شخص

رُفاف: (ع) نکسیر پھوٹنا

رِعایا: (ع) رعیت کی جمع، حکمران کے تحت ملک کے لوگ

رعایَت: (ع) لحاظ، خیال، توجہ، مہربانی، جانب داری، طرفداری، پاسداری

بَدونِ رعایت: طرفداری کے بغیر

برای رعایت قوانین: قوانین کی پاسداری کی غرض سے

رعایت کردن: لحاظ کرنا، جانبداری کرنا، احترام کرنا

ضعفا را باید رعایت کرد: ضعیفوں کی پاسداری کرنی چاہیے

قانون را رعایت می کنیم: ہم قانون کا احترام کرتے ہیں

رِعایۃً: (ع) مدد کے طور سے، مہربانی سے، نظر عنایت سے

رُعب: (ع) خوف و دبدبہ، شان و شوکت

رَعد: بادلوں کی گڑگڑاہٹ، بجلی کی کڑک

رَعد و برق: بجلی کی کڑک چمک

ماہی رعد: تار پیڈو

رَعد آسا، رعد سان: بجلی کی کڑک کی طرح

رعد زدن: بادل کا گرجنا، بجلی کا کڑکنا

رعد وار: بجلی کی کڑک کی طرح

رَعش: (ع) لرزش، کانپنا

رَعشہ: (ع) کپکپی، تھرتھراہٹ، ایک بیماری جس سے ہاتھ پاؤں خود بخود کانپنے لگتے ہیں

رَعشہِ اَعصاب: (ع) اعصاب کی کپکپاہٹ

رَعشہ دار: جسے ہاتھ پاؤں کانپنے کی بیماری ہو

رَعنا: (ع) حسین و جمیل، خوبصورت، زیبا، دلربا

جوان رعنا: خوبصورت نوجوان

رَعنائی: (ع) حسن و جمال، دلکشی، دلربائی، خوش رفتاری، زیبائی

رَعُونَت: (ع) غرور و نخوت

رعونَت: (ع) نادانی، کم عقلی، یاوہ گوئی، خود آرائی

رَعی: (ع) چوپانی، جانوروں کی حفاظت کرنا اور انھیں چَرانا

رَعِیب: (ع) ڈراہوا

رَعیّت: (ع) حکمران کے تحت ملک کے لوگ، رعایا فرمانبرداران

من رعیتِ شماہستم: میں آپکا فرمانبردار ہوں

رعیت پَروَر: رعایا کی فلاح و بہبود کا خیال رکھنے والا

رعیت پروَری: رعایا کی فلاح و بہبود کے لیے کوشش کرنا

رعیت دار: حکمران، فرمانروا

رَعیت داری: فرمانروائی، حکمرانی

رَعیت نواز: رعایا کے مفاد کا خیال رکھنے والا، رعایا پر شفقت کرنے والا

رعیت نوازی: رعایا پر شفقت کرنا

رَعیّتی: کشاورزی، کاشتکاری، زراعت، کھیتی باڑی

زندگی رعیّتی: دیہاتی زندگی

زندگی رعیّتی کردن: اہل دیہ کی طرح زندگی گزارنا

رُغ: (ع) (۱) آروغ، ڈکار

رَغائب: (ع) جن چیزوں کی طرف رغبت ہو

رَغبَت: (ع) خواہش، میلان، رجحان

اُوبگوشت رغبت نمی کند: وہ گوشت کی طرف مائل نہیں

بی رغبت: بے دلی، بلا خواہش

رغبت کردن: کسی چیز کو پسند کرنا، کسی چیز کی طرف مائل ہونا

رغبت نمی کنم که باو حرف می زنم: میری خواہش نہیں کہ میں اس سے بات کروں

رَغد: (ع) آسودگی، اطمینان، خوش حالی کی زندگی

رَغم: (ع) کسی دوسری کی مرضی کے خلاف کوئی بات کرنا، کسی کی خواہش کے خلاف اقدام کرنا

مثال:

مہ مقصود رُو از مطلع اُمید ننماید
برغمِ من چنین کین چرخِ کج رفتار میگردد

امید و مراد کے مطلع سے میرے مقصد حیات کا چاند نظر نہیں آتا۔ اس فلک کج رفتار کی گردش میرے مناسب حال نہیں

علی الرغم: مرضی کے خلاف

رَغوہ: (ع) دودھ کی جھاگ

رَغیب: (ع) راغب، مائل، کسی چیز کا میلان ہونا

رَغیبہ: (ع) چیز جس کی طرف طبیعت کا میلان ہو پسندیدہ، مرغوب

رَف: اوپر کا شیلف، تختہ جو چیزیں رکھنے کے لیے دیوار میں نصب کیا جاتا ہے۔

رِفا: (ع) اتفاق، سازگاری، پیوستگی، مل جانا

رُفات: (۱) پرانا، کہنہ (۲) شکستہ، ٹوٹا ہوا، ریزہ ریزہ

رِفادہ: (ع) (۱) جراحی، سرجری، زخم پر پٹی باندھنا (۲) تکیہ، گدا

رِفاق: (ع) رفقہ جمع، ہمراہان

رَفاقت: (ع) ساتھ، دوستی، ہمراہی

با شخص پست رفاقت نکن: پست فطرت یا گھٹیا آدمی سے دوستی نہ کر

باکسی رفاقت داشتن: کسی سے دوستی کرنا

رفاقت کردن: دوستانہ تعلقات قائم کرنا

رِفان: شفیع، مہربانی کرنے والا

رَفاہ: بہتری، آسودگی، خوش گزارنی

در رفاہ زندگی می کردند: وہ بڑے آرام کی زندگی گزارتے تھے

رَفاہت، رفاہیت: (ع) آرام کی زندگی

رَفت - رفتن: جانا سے ماضی مطلق، گیا

آمدو رفت: آنا جانا

رُفت - رُفتن= جھاڑو دینا، صاف کرنا سے ماضی مطلق، بمعنی صاف کیا

رَفتار: چلنا، روش، سلوک، عمل

رفتار کردن: سلوک کرنا

خوش رفتار: خوش خرام، جس کے چلنے کا انداز دلکش ہو

گفتارش خوب ولی رفتارش بداست: اس کی باتیں تو خوب ہیں لیکن اس کی روش یا عمل خوب نہیں

رُفتگر: جو شہر کے گلی کو چے صاف کرنے پر مامور ہو، خاکروب

رَفتگی: رخصت، نقصان

رفتگی خون: خون کا ضائع ہونا

رَفتَن: جانا، گزر جانا، بجھ جانا

از حال رفتن: بے حال ہو جانا

چراغ یا آتش رفت:چراغ بجھ گیا یا آگ بجھ گئی
شکم رفتن:اسہال ہونا، دست لگنا
یك سال دیگر ہم رفت:ایک اور سال بھی گزر گیا
رُفتَن:جھاڑو دے کر صاف کرنا
رَفتَنی:جانے کو تیار
رُفت و رُوب:گھر کو صاف ستھرا رکھنا، جھاڑو دینا، جھاڑنا پونچھنا
رَفتہ:چلا گیا
پیادہ رفتہ:پیدل گیا
رُفتہ:صاف کیا گیا
رَفتہ رَفتہ:وقت کے ساتھ ساتھ، آہستہ آہستہ، تدریجاً
رِفد:(ع) تحفہ، سوغات، شفقت، مدد
رَفرَف:(ع) کپڑے، نازک اور لطیف بساطیں، فرش پر بچھانے والی خوبصورت دری یا فرش پوش، خیمے کا پردہ
رَفض:(ع) بدعت، عقیدے سے روگردانی
رَفع:(ع) (۱) اٹھانا، بلند کرنا (۲) ہٹا دینا، دور کر دینا (۳) علاج کر دینا، اچھا کر دینا
رفعِ اختلاف:اختلاف دور کرنا
رفعِ توقیف کردن:چھوڑ دینا، آزاد کر دینا، رہائی دینا
رفع حجاب:پردہ اٹھا دینا
رفع خستگی:تفریح
رفع شکایت:شکایت دور کر دینا
رفع ظلم:ظلم کا استیصال کر دینا
رفع مرض:بیماری کا علاج کر کے تندرست ہونا
زنانِ آن مملکت حجاب را رفع کردند:اُس ملک کی خواتین نے پردہ چھوڑ دیا ہے
رفع شدن مریض:بیمار کا صحت پانا
رفع عطش کردن:پیاس بجھانا
رفع موانع کردن:رکاوٹوں کا دور کرنا
رفع و دفع کردن:چھوڑ دینا، ہٹا دینا، خاتمہ کر دینا
رِفعَت:(ع) بلندی، بلندی مرتبہ
رِفق:(ع) مہربانی، شفقت، تواضع، التفات، کرم فرمائی۔ مثال:

مجرمان را کر دہ از عفو و ترحّم توبہ کار
کافران را مومن از رفق و مدارا ساختہ

آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے مجرموں کو معافی اور رحم و کرم سے توبہ کار بنا دیا اور کافروں کو مہربانی اور شفقت سے صاحب ایمان بنا دیا۔
رُفَقا:(ع) رفیق کی جمع، ساتھی، دوست، احباب
رِفقت:(ع) رفاقت، ساتھ
رفو:(ع) پھٹے ہوئے کپڑوں کی مرمت کرنا
رَفُو کار:(ع)پھٹے ہوئے کپڑوں کی مرمت کرنے والا
رفوشہ:(۱) تمسخر، شوخی (۲) گناہ، عصیان
رفوگر:رفو کار
رفوگری:کپڑوں کی مرمت کرنا
رفیع:(ع) بلند مرتبہ، عالی مرتبت، علمی یا اخلاقی حیثیت سے سرفراز ہونا
او مقام رفیع دارد:اس کا مرتبہ بلند ہے۔
رفیق:(ع) ساتھی، دوست
رفیق سفر:ہم سفر
رفیق جنگ:جنگ کے ساتھی، سپاہی

ماہاہم رفیق ہستیم: ہم ایک دوسرے کے دوست ہیں

رفیقی: رفاقت

رَق: (ع) چرمی کاغذ، جھلی جو کبھی لکھنے کے کام آتی تھی، چرمی کاغذ یا جھلی پر لکھا ہوا مسودہ، ہر رقیق اور نازک چیز

رِق: (ع) دیکھیے، رقیت۔

رِقاب: (ع) گردنیں، غلام (رقبہ جمع)

مالکِ رقاب: غلاموں کا مالک، ظالم حکمران۔

رقابَت: (۱) رِیس، مقابلہ، ہم چشمی، نگہبانی کرنا۔

رقابت کردن: مقابلہ کرنا

رُقاد: (ع) خواب، نیند، سونا

رقّاص: (ع) رقص کرنے والا، ناچنے والا

رقّاصہ: (ع) رقص کرنے والی (مونث رقاص)

رقاصی: (ع) رقص کرنا، رقص کرنے کا فن

کسی را برقاصی وا داشتن: رقاصی میں کسی کی رہنمائی کرنا

رِقاع: (ع) رُقعہ کی جمع، خطوط، مراسلات

رِقاع: ایک قسم کا خط جو ابن مقلہ نے اختراع کیا

رَقاق: (ع) رقیق، نازک

رُقَباء: (رقیب کی جمع) مقابلہ کرنے والے، ریس کرنے والے، رقابت کرنے والے

رقَبات: (۱) رقبہ کی جمع (۲) حکومت کی ملکیتیں

دفتر رقبات: حکومت کی ملکیتوں کے رجسٹر

رقَبہ: (ع) گردن، پُشت گردن، بندہ، غلام

رِقبہ: (ع) انتظار کرنا، مشاہدہ کرنا، احتیاط، چوکسی

رِقّت: (ع) رحم، ہمدردی

ازمشاہدہ آں مرا رقتی دست داد: اس کا مشاہدہ کرنے سے مجھے ہمدردی پیدا ہوئی

رقت آوردن: دل میں رحم آجانا

رقتِ قلب: دلی ہمدردی

رقت آمیز، رقت آور، رقت انگیز: جسے دیکھنے سے ہمدردی کا احساس پیدا ہو

رقص: (ع) ناچ

رقص آمدن: رقص سے متاثر ہو کر ناچنے لگنا

رقص محوری: محور زمین کی گردش

رقصاں: رقص کرتے ہوئے، ناچتے ہوئے

رقص کُناں: ناچتے ہوئے

رقصَندہ: رقص کرنے والا

رقصیدن: رقص کرنا، ناچنا

بساز کسی رقصیدن: کسی کی ساز کی دھنوں کے ساتھ ناچنا

رقطا: (۱) سیاہی جس میں سفیدی ملی ہو، سیاہ چیز جس پر سفید خال ہوں (۲) فتنہ

رُقعہ: (ع) کاغذ کا پرزہ، خط، مراسلہ

رقعہ بر رقعہ دوختن یا زدن: کاغذ کے ٹکڑوں کے اوپر ٹکڑے رکھنا، رکھ کر جوڑنا

کاغذ رقعہ ای: خط لکھنے کا کاغذ

رقَم: (ع) لکھنا، لکھنے کا رسم الخط، عدد دستخط، ارقام و رقوم جمع

رقم کوفی: کوفی رسم الخط

رقم نویسی: اعداد کو علامات سے ظاہر کرنا، رسم اعداد، ترسیم اعداد

رقُود: (ع) نیند، سونا، سویا ہوا

رقُوم: (ع) رقم کی جمع

رقومی: عددی

رقیب:(ع)(۱)مقابلے میں آنے والا، مخالف (۲)محافظ، نگران

رقیت:(ع)بندگی، اطاعت، فرماں بری

رقیق:(ع)پتلا، سیال، نرم، ملائم

غذای رقیق:محلول غذا، نرم غذا

رقیق القلب:(ع)نرم دل

رقیم:(ع)لکھا گیا، نامہ

رقیمہ:(ع)خط، مراسلہ

رقیہ:افسون، طلسم، گنڈا، تعویذ

رُقیّہ:حضرت رسول کریم صلی اللہ وآلہ وسلم کی دختر کا نام

رُك:صریح، واضح، صاف دل، صاف زبان صاف گو، راست باز، بے لاگ، ایماندار

حرف رك:راستی پر مبنی بیان

رك:تلخی میں کہی ہوئی زیر لب بات

رکاب:(ع)کاٹھی کے ساتھ بندھا ہوا تسمہ جس میں لوہے کا حلقہ ہوتا ہے سوار اس میں پاؤں رکھتا ہے

رکاب دادن:خادم کارکاب پکڑنا تا کہ اس کا آقا گھوڑے پر سوار ہو جائے

ملتزمین رکاب:خدم و حشم، نوکر چاکر

در رکاب کسی بودن:کسی کی اطاعت میں ہونا

رکّاب:سواراں

رکابدار:خادم جو رکاب کو پکڑتا ہے کہ اس کا آقا گھوڑے پر سوار ہو جائے، ملازم

رکابی:رکاب سے متعلق

رکاك:(ع)رکیک کی جمع

رکاکت:(ع)(۱)کمزوری، دبلا پن، سُستی (۲)کمی، قلت (۳)کم عقلی، بے غیرتی

رکان:بڑ بڑانا، غصے میں زیر لب بات کرنا

رکب:(ع)سواروں کا دستہ

رکُب:گھٹنے (رکب کی جمع)

رکُب:(ع)رکابیں

رکبان:(ع)(راکِب کی جمع) سوار

رکبۃ:(ع)گھٹنا، زانو

رکز:(۱)نیزہ وغیرہ) چبھونا، بھونکنا، گھسانا

رکعَت:(ع)نماز کے تین حصے جن میں قیام، رکوع اور سجدہ شامل ہیں

رُك گو:آزادی سے گفتگو کرنے والا۔ صاف گو، راست گو

رِکلام:آگہی، اعلان

رکن:(ع)ستون، بنیاد، ممبر، ارکان جمع

رکنا باد:شیراز کے قریب کی ندی جس کے ساتھ حافظ شیرازی کو گہری وابستگی تھی

رکو:پرانا کپڑا لتا

رکوب:(ع)سوار ہونا

رکُود:(ع)ساکت ہونا، چپ چاپ کھڑے ہونا

رکوع:(ع)جھکنا (سجدے میں)

رکون:کسی چیز کی طرف مائل ہونا اور مطمئن ہو جانا

رکیب:ساتھ سواری کرنے والا

رکیدن:بڑبڑانا، غصے سے زیر لب بات کرنا

رکیک:ناشائستہ، کمزور، سطحی، نازیبا

این حرف رکیك است:یہ بات ناشائستہ ہے

رکین:(ع)قائم، مستحکم، برقرار

رگ:(ع)ورید، جو قلب سے خون لے جاتی ہے، شریان

رگ جان:گردن کی ورید

رگ جهندہ:نبض۔

رگِ غیرت بجُوش آمدن: غصے میں آنا، کسی چیز کے دفاع کے لیے پر جوش طریقے سے عمل کرنا

رگبار: تند و تیز بارش

رگ برگ: ورید، پسلی

رگ بند: خون روکنے کی پٹی

رگ بندی: نسوں کی ترتیب، خون روکنے کے لیے پٹی باندھنا

رگ جان: شاہرگ

رگدار: جہاں بہت رگیں ہوں

رگ زدہ: جس کا خون لیا گیا ہو

رگ زن: فصد کرنے والا، خون نکالنے والا

رگ شِناس: رگوں کے علم کا ماہر

رگ شناسی: رگوں کا علم

رگ گشادن: فصد کرنا

رگہ ورید: جو چیز رگ کی مانند ہو

رگیدن: بڑبڑانا

رُل: حصہ، جزو، نوبت، باری، کھلاڑی کا کھیل

او رلِ خود خوب بازی کرد: وہ اپنی باری پر خوب کھیلا

رل: رول (انگ): فرض، کام

رلبازی کردن: کامیاب ہونا، سیاسی کام میں کامیاب ہونا

رَم: شرمانا، اچانک ایک طرف کو ہو جانا، خوفزدہ ہونا، گریز کرنا

رم کردن: شرمانا، خوف سے کسی چیز سے گریز کرنا، مثال:

تارایتِ عفو و غضبش سایہ نہ افگند

ہیئت متصور نشد آرامش و رم را

جب تک آپ کے عفو اور غضب کے علم کا سایہ نہ پڑا تھا، آرام و سکون اور بے سکونی اور گریز کی صورت واضح نہ ہو سکی تھی

رَمّ: مرمت

رُم: موے زہار

رِمّ: (ع) (۱) ہڈی کا مغز (۲) خاک، زمین

رَم: رمہ کا مخفف، گلہ، ریوڑ

رُم: گنے کا رس

رَم: خوف، گریز، نفرت

رُماتیسم: مفرس رومانزم، جوڑوں کا درد

رِماح: (ع) رمح کی جمع، نیزے

رَماد: (ع) خاکستر

رمارم: (۱) ایک ہی سطح پر، برابر کے درجے پر (۲) کئی طرح کا، کئی، چند، متواتر، مسلسل، پے درپے

رمّال: (ع) رمل کا علم جاننے والا، فال نکالنے والا، فال گیر

رمّالی: (ع) فال گیری، فال نکالنا، فال نکالنے کا علم

رِمام: (ع) ہڈی کا نا سور، بوسیدہ ہڈی

رُمان: رومان، داستان، افسانہ

رُمّان: (ع) انار

رمان: (۱) ڈرپوک

رُمانی: انار کے رنگ کا، سرخ یا ارغوانی رنگ کا

یاقوت رمانی: ارغوانی رنگ کا یاقوت

رَماندن: رمانیدن: ڈرانا

رِمایت: تیر اندازی

رمبیدن: گرنا، تباہ ہو جانا

رمث: (ع) اصلاح کرنا، ہاتھ سے ملنا کسی چیز کو

رِمح: (ع) نیزہ، برچھی

رمَد:(ع) آشوب چشم، آنکھ کی پلک کے اندرونی حصے کا ورم، جس سے دھندلا نظر آئے

رمز:(ع) اشارہ (لب سے منہ سے یا آنکھ، ابروسے) راز، نکتہ، علامت، نشان، پہلودار بات، معمّہ، کنایہ، مثال:

رمزِ الکاسبِ حبیب اللہ شنو
از توکل در سبب غافل مشو

جد و جہد کرنے والا اللہ کا حبیب ہوتا ہے یہ اشارہ سمجھ لو اور توکل علی اللہ تعالی سے غافل نہ ہو

رمز کردن:اشارے میں کچھ کہنا

کتاب رمز:اشاروں کا کلام، خفیہ لغت، خفیہ پیغامات کی کتاب (کوڈ انگ)

رمزَك:گناہ، لغزش

رمزنویس:مختصر نویس، سٹینو گرافر

رمز نویسی:مختصر نویسی، سٹینو گرافی

رمس:(ع) (۱)قبر، گور (۲)آہستہ آواز

رمش:(ع) (۱)خوف، ذر (۲)گھوڑے کا ہنہنانا

رمَص:(ع) آنکھ میں سرخی ہونے سے پانی نکلنا، دھندلا نظر آنا، کم بینی

رمَضان:(ع) سن ہجری کا نواں مہینہ جس میں روزے رکھے جاتے ہیں

رمَضانی:ماہ رمضان سے متعلق، جس کی پیدائش ماہ رمضان میں ہوئی ہو

رمَق:(ع) زندگی کا آخری دم، ارماق جمع

سد رمق:خوراک جس سے انسان زندہ رہ سکے

رمَك:رمہ، ریوڑ، گلہ

رَمکان، موے زہار، شرمگاہ کے بال

رمَل:(ع) (۱)ریت، ریگ (۲)فال نکالنے کا فن

رمل انداختن، رمل کشیدن:فال لینا

رمَل:(ع) فن شاعری کے ایک بحر کا نام "فاعلاتن فاعلاتن فاعلن"

رملی:(ع) فال نکالنے والا، رمال

حجر رملی:ریتلا پتھر

رمندِہ:ڈرپوک، شرمیلا، جھیپننے والا

رمُوز:(ع) رمز کی جمع، دیکھیے رمز

رمُوس:(ع) رمس کی جمع

رمُوك:ڈرپوک، جھینپنے والا، بھاگنے والا

رمہ:ریوڑ:گلہ

رمہ بان، رمہ چران:ریوڑ چرانے والا، چوپان، گڈریا

رمہ دار:ریوڑ کا مالک

رمہ وار:رمہ بان، چوپان، گڈریا

رمی:(ع) تیر اندازی، سنگ اندازی

رمیار:(ع) گڈریا، چوپان

رمیدِگی:خوفزدہ ہونا، گریز کرنا، بیزاری، کراہت، نفرت، برہمی

رمیدن:شرمانا، خوفزدہ ہونا، بھاگنا، بیزار ہونا، رنجیدہ ہونا

رمیدِہ:شرمایا ہوا، خوفزدہ، رنجیدہ، مثال:

منم آہوی رمیدہ زخدنگِ خوبرویان
بہوس بمیرم آنکہ بشکار خواہی آمد

میں‌حسینوں کے تیروں سے بھاگا ہوا غزال ہوں اس تمنا میں مرا جاتا ہوں کہ تو مجھے شکار کرنے کے لیے آئیگا

رمِیم:(ع) کہنہ، بوسیدہ

رنان:(ع) گونجنے کی آواز، صدا جس میں جھنکار ہو

رُنب:(ع) موی زہار، شرمگاہ کے بال

رنج:غم، اندوہ، افسوس، دکھ

رنج بردن:دکھ سہنا

رنج دادن:رنج پہنچانا، دکھ دینا

رنج دیدن:رنج کشیدن، غم و اندوہ میں مبتلا

ہونا

رنجال:خوراک، خوردنی

رنجاندن، رنجانیدن:دکھ دینا، پریشان کرنا

چرا او را بی جہت رنجانیدید:اسے تم نے بلا وجہ کیوں پریشان کیا

رنج آور:درد انگیز، پریشان کن

رنج بَر:مزدور، کارکن

رنج بردار:زیادہ محنت کا کام کرنے والا

رنجِش:(ع) آزردگی، رنج و اندوہ، بگاڑ، نا خوشی رنجیدگی، افسردگی

رنجک:بندوق میں کارتوس رکھنے کا سوراخ

رنج کش:زیادہ محنت کا کام کرنے والا، پریشان

رنجُور:بیمار، مریض، رنجیدہ، دردمند، آزردہ، دردمند

رنجور دار:بیمار دار

رنجوری:بیماری، رنجیدگی

رنجِہ:رنجیدہ، پریشان حال، خستہ، لاچار، تکلیف میں مبتلا

رنجِہ کردن، رنجہ داشتن:کسی کو تکلیف دینا

قدم رنجہ فرمودہ امشب بمنزل ما تشریف آورید:زحمت فرما کر آج رات ہمارے ہاں آپ تشریف لائیے

رنجِہ:مغرور، متکبر

رنجیدگی:رنجش، آزردگی، نا خوشی، بگاڑ

رنجیدن:آزردہ ہونا، رنجیدہ ہونا، برہم ہونا، ناگوار گزرنا

رنجیدہ:آزردہ، پریشان، برہم، ناراض

رَند:(ع) تراشے جو لکڑی پر رندہ کرتے وقت گرتے ہیں

رِند:(ع) حیلہ گر، زیرک، بیباک، لاآبالی، اوباش، بے پروا، عیار، رنود جمع

رِندانہ:عیاری سے، بے پروائی سے

رندِش:لکڑی تراش کر ہموار کرنا

رندہ:آلہ جس سے لکڑی تراش کر ہموار کی جاتی ہے

رِندی:عیاری:لا ابالی پن، حیلہ گری

رندیدن:لکڑی کو رندے سے تراش کر ہموار کرنا

رَنگ:کسی چیز کی رنگت مثلاً، سبز، سرخ، زرد، سیاہ وغیرہ

رنگ آبی بدیوار زدن:نیلگوں رنگ دیوار پر لگانا

رنگ:چمک دمک، خوبصورتی، زیبائی،

رنگ:حیلہ و مکر، دھوکا، فریب، چالاکی، سکیم، منصوبہ

رنگ آوردن:شرم سے چہرے پر سرخی آ جانا

رنگ باختن:زرد پڑجانا

رنگ پریدہ است:اس کے چہرے کا رنگ اڑ گیا ہے، رنگ زرد پڑ گیا ہے

رنگِ تیرہ:سیاہی مائل رنگ

رنگِ ثابت:پکا رنگ جو اترتا نہیں

رنگِ جوہری:نیلگوں رنگ

رنگ جِلف:نمائشی رنگ، بھڑکیلا رنگ

رنگ خفا:پھیکا رنگ

رنگ دیگر باید اختیار کرد:کوئی دوسرا منصوبہ اختیار کرنا چاہیے

رنگ روشن:چمکدار رنگ

رنگ روغنی:رنگ جو روغن میں ملایا گیا ہو

رنگ سیر:گہرا رنگ

رنگ شدن:دھوکے میں آنا

رنگ مات:بے چمک رنگ

رنگ نجیب:صوفیانہ رنگ

رنگ و بو:رنگ اور خوشبو، آب و تاب، چمک

دمک، شان و شوکت

رنگ و رُو: قدرتی رنگ و روپ

رنگ یکدست: ہموار رنگ

رنگ یك نواخت: ہموار رنگ

رنگ: پہاڑی بکرا، مکر و حیلہ نیز رنج و محنت

رنگ: موسیقی کا طرب انگیز آہنگ، رقص کا مخصوص آہنگ

رنگا رنگ: قسم قسم کے، کئی قسم کے

رنگ آمیز: رنگوں کو ترتیب دینے والا، رنگ بنانے کا ماہر

رنگ آمیزی: رنگ بھرنا

رنگ باختِہ: جس کے چہرے کا رنگ اڑ گیا ہو، زرد رنگ ہونا

رنگ برَنگ: رنگا رنگ

رنگ بندی: رنگوں کا منصوبہ، کلر سکیم

رنگ پریدِہ: جس کے چہرے کا رنگ زرد ہو گیا ہو

رنگ رز: رنگریز، کپڑے رنگنے والا، رنگ آمیز

رنگ رزی: کپڑے رنگنا

رنگ رِیزان: موسم خزاں

رنگ زدہ: جسے رنگ دیا گیا ہو

رنگ کار: نقاش

رنگ کمان: قوس قزح، دھنک

رنگ ناك: جسے رنگا گیا ہو

رنگ و آب: آب و رنگ

رنگی: رنگین

رنگیدن: نشو و نما پانا، بڑھنا، پھلنا پھولنا

رنگین: جسے رنگ دیا گیا ہو

رنُود: رند کی جمع، دیکھیے رند

رَو: رفتن= جانا سے فعل امر، جاؤ (برو)

رُو: چہرہ، سطح، توجہ، وجہ، صورت

رُو آوردن: التماس کرنا، اپیل کرنا

رُو برو: آمنے سامنے

رُو بروی یك دیگر بسیتم: ہم ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہیں

رُو در رو: صفائی سے، صاف دلی سے، صاف بیان سے

رو درہم کشیدن: ابرو چڑھانا، غصے میں آنا

رو کردن: دیکھنا

رو گردانِیدن: منہ پھیر لینا، نظر انداز کر دینا

رو گرِفتن: منہ ڈھانپ لینا

رو نِہان کردن، رو نِشان ندادن: پردہ کرنا

رُوی تافتن: منہ پھیر لینا، غصے میں آنا

رُوی دادن: واقع ہونا

روی کسی را زمین انداختن: کسی کی درخواست کو نا منظور کرکے مایوس کر دینا

روی کی را سفید کردن: کسی کی آرزو بر لا کر اس کی عزت بچانا

رویش سیاہ: اس کا منہ کالا ہو

آبہای روی زمین: سطح زمین کے پانی، دریا، سمندر

ازچہ رو: کس وجہ سے

بروی خود نیا وردن: نظر انداز کرنا، کہ اس پر حرف نہ آئے

پیش روی: سامنے، موجودگی میں

توی روی: کسی کے سامنے

رُو: روئیدن: اگنا، فعل امر، اگو، پھلو پھولو

رُو: جست تانبے اور جرمن سلور کا مرکب

روا: جائز، مناسب

روا داشتن:رضا مند ہونا

روا کردن، روا ساختن:اجازت دینا، قانوناً، جائز قرار دینا

گرفتن پول ازین قبیل مردمان روانیست:اس قسم کے لوگوں سے رقم لے لینا جائز نہیں

رُوا:خوش منظری

روابِط:رابطہ کی جمع

روابِط دوستی:دوستانہ مراسم

حسنِ روابط:اچھے تعلقات

رواتِب:(ع) جمع راتبہ، وظیفہ، الاؤنس وغیرہ

رواج:(ع) رائج ہونا، جاری ہونا

رواج دادن:رائج کرنا

رواج یافتن:رواج پانا، رائج ہونا

این رسم در مملکت خیلی رواج دارد:یہ رسم ملک میں بہت رائج ہے

این سکه را رواج نیست:یہ سکہ رائج نہیں

رواجِع:(ع) راجع کی جمع، واپس آنے والے، رجوع کرنےوالے

رواح:(ع) شام، اول شب کا وقت

رواحِل:(ع) رحلہ کی جمع، جانور جن پر بوجھ لادا جاتا ہے، سواری کے جانور

روادِید:پاسپورٹ پر سرکاری افسر کے دستخط، ویزا

روا رَو:چلتے جانا، کثرت آمد و رفت

روازِن:(ع) روزنہ کی جمع، روشندان

رواسی:(ع) بلند پہاڑ

روافِض:(ع) رافضہ کی جمع، عقیدے سے روگردانی کرنے والے، رافضی

رواق:(ع) ایوان، مثال از حافظ

بدین رواقِ زبرجد نوشته اند بزر
که جز نکوی اہل کرم نخواہد ماند

اس نیلگوں ایوان یا آسمان پر سنہری حروف میں لکھا ہے کہ اہل کرم کی نیکی کے سوا اور کچھ باقی نہیں رہیگا

رواقِ بی ستون، رواق سیمگون:آسمان

رواق:(ع) خالص

رواقی:رواقی فلسفی، اس مذہب کا پیرو جو زینو نے ۳۰۸ ق م میں ایتھنز میں قائم کیا تھا جس میں:" خیر کو مقصد حیات قرار دیا گیا تھا اور ضبط جذبات کی اور راحت والم سے آزاد ہو جانے کی تلقین کی جاتی تھی، رواقی فلسفے سے متعلق، مستقل مزاج، زاہد

رواقیون:(ع) رواقی فلسفی

حکمت رواقیون:دیکھیے رواقی

روان:روح، دل، جان، نفس ناطقہ

روان بخش:زندگی بخشنے والا، پروردگار

روان شِناس:روح انسان کی کیفیات جاننے والا

روان شناسی:روح انسانی کی کیفیات جاننا

روان:رفتن سے، جاری و ساری، سلیس

مثال:

چو جان دارد حدیثِ صاحبِ دل
روان اندر دل و جان جای گیرد

اہل دل کی بات میں کچھ جان ہو تو وہ فوراً دل و جان میں جگہ پا لیتی ہے

روان ساختن:جاری کرنا

روان کردن:پڑھنا، تیار ہونا

آب روان:بہتا پانی

درس را خوب روان کرد:اس نے سبق خوب یاد کیا

زبانش خیلی روان است: اس کی زبان بہت سلیس ہے

روانگی: چلنا، رخصت ہونا

روانہ: جانا، سفر کرنا، بھیجا گیا

روانہ کردن: بھیجنا

روانی: (۱) سلاست (۲) روح سے متعلق

رواۃ: (ع) دیکھیے راوی

رواہ: قیدیوں کی خوراک

رواہش: (ع) ہاتھ اور بازو کی رگیں

روائح: رائحہ کی جمع، خوشبوئیں

روای: روا ہونا، اجازت ہونا

روایت: (ع) حدیث، کہانی

روایت است: کہا گیا ہے

روایت کردن: بیان کرنا

رُوب: رُوبیدن یا رُفتن سے فعل امر، جھاڑو سے صاف کر

رُو بارو: روبرو

رو باز: کشادہ رُو، کھلا، جو ڈھکا ہوا نہ ہو

رُوبان: نوار، ریشمی فیتہ

روبان: صاف کرنے والا

روباندن: روبانیدن: صاف کرنا

رُوباہ: لومڑ

روباہ بازی: چالاکی، مکاری، عیاری

رُوبراہ: تیار، کوئی کام شروع کرنے کے لیے آمادہ

روبراہ کردن: آمادہ کرنا

رُوبرو: آمنے سامنے

رُوبستہ: پردے میں

روبند: پردہ، نقاب

روبُوسی: ایک دوسرے کو چومنا

رُوبہ: روباہ

رُوبیان: جھینگے کی قسم کا خول دار جانور

روبیدن: جھاڑو دینا

رو پاک: تولیا

رُوپُوست: جلد کا بالائی حصہ

روپُوش: نقاب

رو پوشی: نقاب اوڑھنا

رُوج: روز، طلوع سحر سے غروب آفتاب تک کا وقت

روح: (ع) نفس، جان، زندگی، ضمیر، روان

جسم از روح زندہ است: جسم میں روح ہی سے جان ہے

روح خبیث: بد روح، بدفطرت شخص

روح دادن: روح پھونکنا، جان ڈالنا، ہمت بندھانا، حوصلہ بڑھانا

نطقش روح نداشت: اس کی گفتگو میں جان نہ تھی

روح: (۱) راحت، آسائش، فرحت (۲) ایرانی موسیقی کی ایک سر

روح: روی، جست، تانبے اور جرمن سلور کا مرکب، زنک (انگ)

روحاً: (ع) روحانی طور سے

روح افزا: ہمت بندھانے والی، فرحت بخش، شگفتہ کرنے والی

روح الاطلس: بہترین اطلس

رُوحُ اللہ: (ع) حضرت عیسیٰ (ع) کا لقب

روح الامین: (ع) حضرت جبرئیل کا لقب

روحانی: (ع) روح سے متعلق، مقدس

روحانیّت:منزل من اللہ، مقدس زندگی، روح سے متعلق

اصول روحانیت:(۱) یہ عقیدہ کہ ارواح بعد مفارقت زندہ انسانوں سے مادی ذرائع کی وساطت سے ملتی اور ان سے بات چیت کرتی ہیں،(۲) یہ عقیدہ کہ روح مادہ سے الگ موجود ہے یا یہ کہ قائم بالذات ہے

طرفدار اصول روحانیت:روحانیت کے عقیدے کے پابند

روحانیُون :(ع) روحانی کی جمع

روح پروَر:روح افزا، فرحت بخش

روح دار:ذی روح، جاندار

روح فرسا:پریشان کن، مضرت رسان

روحی:روحانی، روح سے متعلق

روحِیات:روحانی حالات (روحی کی جمع)

رُوخ چکاد:جس کے سر کے آگے کے بال گر چکے ہوں

رُود :دریا ، ندی

حوضہ رود:دریا کی نشیبی زمین

رُود:تاروں والے ایک ساز کا نام، بربط

رودابہ:ایرانی پہلوان رستم کی والدہ کا نام

روداد:سرگزشت، ماجرا ، گزارش، رویداد

رودار:پُر رو

رُودبار:بڑی نہر، وہ جگہ جہاں اور نہریں بھی ہوں

رود بار:صوبہ گیلان کا شہر

رود خانہ:دریا

رود خانہ دجلہ:دریاے دجلہ

رُودزن:بربط نواز

رودساز:بربط بنانے والا

رُودَك:بخارا کا ایک گاؤں جہاں رود کی پیدا ہوا

رودگر:رود ساز

رودکی:مشہور شاعر ابوالحسن کا تخلص، وفات ۳۲۹ ھجری

رُو دل:پر خوری

رودلاخ:رود بار، جہاں کئی نہریں ہوں

رُودہ:آنت، انتڑی، (رود گان جمع)

رودہ کسی را در آوردن:کسی کی آنت علاج کی غرض سےنکال دینا

رودہ بُر:(۱)(زیادہ ہنسی سے) گلا گھٹنا (۲)جس کی آنت نکالی گئی ہو

رودہ دراز:باتونی، گپی، پرشور

رودہ درازی:باتونی پن

رودہ درازی کردن:گپیں ہانکنا، زیادہ باتیں بنانا

رُوز:دن، دن کا وقت، دن کی روشنی

روز افزون:روز بروز بڑھنا

رُوزِ اُمیّد وبِیم:فیصلے کا دن، روز محشر

روز بازپسیں:آخری دن

روز بازی:تغییر حالات، انقلابات، نیرنگیاں

روزبان:دربان، درباری، پاسداری کرنے والا

روز آمَد:دن کی روشنی نمودار ہوئی

روز برُوز:مسلسل، لگاتار، پے در پے

رُوزبِہ:خوش بخت

روز بِہی:خوش بختی

روزِ تاریك:روز سیاہ، بد نصیبی کا دن

روز تعطِیل:چھٹی کا دن

روز خُسپ:دن کو سونا، سست، کاہل، کام چور، الکسی

روزِ خون:دن کے وقت یا رات کے وقت اچانک حملہ، شبخون

روزِ داد:فیصلے کا دن

روز دیدہ:زیادہ عمر کا، بوڑھا

روز شمار:روز محشر، مثال:

عاصیاں را چہ غم ہروز شمار
چوں تو دارند شافعی غمخوار

گنہگاروں کو روز محشر کا کیا غم ہے جب کہ آپ جیسا غمخوار شفاعت کرنے والا ہے

رز فرخندہ:مبارک دن، خوشی کا دن

روزِ کار:کام کا دن

روز کُور:جسے دن کو نظر نہ آئے

روز کوری:دن کی روشنی میں کچھ نہ دیکھ سکتا

روزِ محشر:روز قیامت

روزِ مَیدان:جنگ کا دن

روز و شب آوردن:دن گزارنا

روزی:ایک دن

روزی یك مرتبہ:دن میں ایک بار

امروز:آج، آج کا دن

درروز:دن کے وقت

دیروز:(گزشتہ) کل، گزرا ہوا دن

کسی را بروز سیاہ نشاندن:کسی کو تباہ و برباد کرنا

رُوزگار:مدت، زمانہ، جہاں، دنیا، کام

روزگار بُردن:وقت گزارنا، دیر کرنا

روزکار کسی را سیاہ کردن:کسی کے کام کو تباہ کرنا

روزگار یافتن:کام ملنا، موقع ملنا

بیع اعتماد نیست بر اوضاع روزگار:زمانے کے حالات پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا

روزگار آفرین:جہاں کو پیدا کرنے والا

روزگار دیدہ:تجربہ کار

روزگاری:دنیاوی، عارضی، کام ملنا، معاش کا وسیلہ پیدا ہونا

روزگرد:سورج، آفتاب گرداں

روزگردك:سورج مکھی کا پھول

روزگوں:چمکدار دن کی طرح

روزماہ:مہینے کا دن، تاریخ

روزمرّہ:روزانہ، مسلسل، لگاتار، پے در پے

بسیاری از کسبہ روزمرہ زندگی می کنند:بہت سے پیشہ ور روزمرہ زندگی میں کماتے ہیں اور اس پرگزارا کرتے ہیں

روز مُزد:یومیہ مزدوری

عملہ روز مُزد:یومیہ مزدوری پر کام کرنے والے کارکن

رَوزن:سوراخ، کھڑکی، دریچہ

رُوزنامچہ:وہ رجسٹر وغیرہ جس پر روزانہ کا حساب لکھتے ہیں

روزنامہ:اخبار

روزنامہ فُروش:اخبار بیچنے والا

روزنامہ مُصَوَّر:اخبار جس میں تصویریں بھی چھپتی ہوں

روزنامہ نویس:صحافی

روزنامہ نویسی:صحافت

روزنامہ ہفتگی:ہفت روزہ اخبار

محلِّ فروش روزنامہ:وہ مقام جہاں اخبار فروخت ہوتے ہوں

مدیر روزنامہ:اخبار کا ایڈیٹر

رَوزنہ:روزن، سوراخ، دریچہ، کھڑکی

روزنہ امید:امید کا روزن، امید کی کرن

رُوزہ:(ع) صبح صادق سے شام تک شریعت کے مطابق کھانے پینے وغیرہ سے پرہیز کرنا
روزہ خوار:روزخور، روزہ نہ رکھنے والا
روزہ دار:روزہ رکھنے والا
روزہ کُشائی:روزہ افطار کرنا
روزی:معاش، رزق، حصہ، نصیب، روزگار
خدا بہ مخلوق روزی می دہد:خدا مخلوق کو روزی دیتا ہے
روزیانہ:روزینہ، دن بھر کی کمائی
روزی خوار:جسے روزانہ معاش ملتی ہے، مخلوق
روزی دہ:روزی دینے والا، روزی رساں، پروردگار
روزِینہ:روزی، ہر روز کی خوراک، معاش
روژ:غازہ، سرخی جو خواتین زینت کےلیے استعمال کرتی ہیں
رُوس:ملک روس
رَؤسا:رئیس کی جمع، رئیس بمعنی صدر
رُوسپی:طوائف، فاحشہ، جندہ
روسپی زادہ:فاحشہ کی اولاد، حرام کی اولاد
رُوستا:گاؤں، دیہہ، کسان
روستا زادہ:کسان کا بیٹا، جس کی پیدائش دیہہ میں ہوئی ہو
رُوستائی:دیہاتی، کسان
رُوسَری:شال
رُو سفید:معصوم، جس کا دامن جرم یا گناہ سے پاک ہو، بے قصور، معزز، محترم دیانتدار، سچا، صادق، سرفراز
رو سفید کردن:اپنی بے گناہی ثابت کرنا
روسفیدی:بے گناہی، پاک دامنی، پاکیزگی
روسی:روس کا باشندہ، روس سے متعلق
رُوسیاہ:بے عزت، ذلیل، بد کردار، جس کا جرم یا گناہ ثابت ہو گیا ہو، گنہگار

روسیاہی:ذلت، بد کرداری، بے عزتی، خجالت، ندامت
رُوسیہ:روس سے متعلق
رُوسیہ:روسیاہ
روِش:طور طریقہ، طرز، رفتار
بدین روش:اس طرح سے
رُوشان:روشن، تاباں، درخشاں
روشن:چمکدار، واضح،
آن مژدہ چشمش روشن کرد:اس خوش خبری نے اس کی آنکھوں میں چمک پیدا کی
چراغ روشن است:چراغ جل رہا ہے
چشم شماروشن:خدا آپ کی آنکھیں روشن رکھے
روز روشن:تابناک دن
رَوشنا:روشنی، فروغ، نور
روشن بصَر:روشن بین، جس کی بینائی اچھی ہو
روشن بِین:روشن بصر، ہوشیار، دانا
روشن چراغ:ایران قدیم کی موسیقی کی ایک سر
روشن دان:چراغ دان، جہاں چراغ رکھا جاتا ہے، روشندان
روشن دل:زندہ دل، دانا، روشن ضمیر
روشن رائی:جس کا فیصلہ صحیح اور بے لاگ ہو
روشن روان:صحیح ذہنیت والا، دانا، روشن ضمیر
روشن ضمِیر:روشن دل، عقل مند، زود فہم
روشنک:روشنائی
رو شن گر:چمکانے والا، پالش کرنیوالا
روشنگر:بات واضح کرنے والا
روشن گہر، روشن نہاد:نیک فطرت، نیک اصل
روشنی:نور، تابش، فروغ، چمک دمک
رُوشُوی:منہ دھونا
رَوض:(ع) جمع روضہ

روضات:(ع) روضہ کی جمع

رَوضِہ:(ع) مقبرہ، باغ، باغیچہ، سبزہ زار

روضہ رضوان:جنت کا باغ

روضہ خوان:وہ شخص جو منبر پر بیٹھ کر وہ کتاب پڑھے جس میں معرکہ کربلا اور مصائب اہل بیت کا ذکر ہو

روضہ خوانی:مصائب اہل بیت کا حال سنانا

رَوع:(ع) خوف، ڈر

رُوغ:ڈکار

رَوغن:تیل، چربی

روغنِ تلخ:سرسوں کا تیل

روغن داغ کردن:چربی کو پگھلانا

روغنِ ریختہ جمع نشود:جو تیل گر جائے وہ اکٹھا نہیں ہوتا

روغن زدن:چکنا کرنا، مشین کی رگڑ وغیرہ کو تیل لگا کر دور کرنا

روغنِ زرد:گھی

روغنِ کُنجد:تلوں کا تیل

روغنِ گاؤ:گائے کا صاف شدہ گھی

روغنِ ماہی:مچھلی کا تیل

روغن مالیدن:تیل ملنا

روغن جُوش:کوئی چیز جسے تیل یا گھی میں پکایا جائے، مثلاً انڈا جسے گھی میں تلا جائے

روغن دار:مچرب، جس میں چربی ہو

روغن دان:برتن جس میں تیل رکھا جائے

روغن ساز:تیل نکالنے یا بنانے والا

روغن سازی:تیل نکالنا، تیل نکالنے کا کام

روغن فُروش:تیل، گھی بیچنے والا

روغن کدہ:تیل نکالنے کی فیکٹری

روغن گر:روغن ساز

روغن مالی:تیل ملنا

روغنِ نفت:مٹی کا تیل

روغنی:تیل، چربی یا گھی سے بنا ہوا

روغنین:روغنی

رؤف:مہربان، شفیق

رُوفتن:روئیدن، رُفتن، جھاڑو سے صاف کرنا

رُوکش:(۱)تہ چڑھانا (۲)قیمتی دھات کا پتر چڑھانا، مجازاً تہذیب کا رنگ چڑھانا (۳)کپڑا جس سے کوئی چیز ڈھانپتے ہیں

روکش کردن:ملمع کرنا، کسی چیز کا عیب چھپانا

روگردان:نظر انداز کرنے والا، منہ پھیر لینے والا، انکار کرنے والا، منحرف ہو جانے والا

روگردانی:انحراف، نظر انداز کرنا، منہ پھیر لینا

رو گردانیدن:منہ پھیر لینا، انکار کرنا

رُوگیر:جانبدار، طرفدار

روگیری:طرفداری، جانبداری

رول:رل:چکر جسے موٹر چلاتے ہوئے ہاتھ میں رکھتے ہیں اور اس سے موٹر کو دائیں بائیں موڑتے ہیں، سٹیرنگ ویل

رولور:ریوالور کا مفرس

روم:ترکیہ (یورپ)

ملّای روم:مولانائے روم، مولانا جلال الدین رومی (وفات ۶۷۲ھ)

رومال:کپڑے کا بنا ہوا ٹکڑا جس سے ہاتھ منہ پونچھ لیتے ہیں

رومان:مفرس رومَینس عشقیہ افسانہ یا نظم

رومانی:عشقیہ

رومانی:رومی

رومانیہ:ملک رومانیہ

رُومی:روم سے متعلق

رومی:محراب، چھت دار محراب

رومیا:(انگ) ایک قسم کا رقص

رومی بچگان:آنسو

رومی خوی:رومی مشرب، رومی طور طریقے کا، متلون، تغییر پذیر

رُومیزی:میز پوش

رومیہ:روم کی سلطنت

رومیۃ الصغری:روم خورد

رومیّۃ:الکبری، روم کبیر

رُون:آزمائش، امتحان، تجربہ

رون:وجہ، سبب، باعث، دلیل

رُوناس:مجیٹھ، ایک قسم کا پودا جو ترکی میں پایا جاتا ہے اس پودے سے رنگ بنتا ہے

روَند:روش، رفتار

روندہ:جانے والا، سفر کرنے والا، سالک، مسافر، روندگان جمع

روَنق:(ع) آب و تاب، چمک دمک، جلا، حسن و زیبائی

رونق شمشیر:تلوار کی آب و تاب

رُونما:تحفہ جو دلہن کو اس وقت دیا جاتا ہے جب وہ چہرے سے پردہ ہٹاتی ہے

رُونوِشت:نقل

رونوِیس:نقل نویس

رونویسی:کسی تحریر کی نقل تیار کرنا

روواز:روباز، بے نقاب

رؤوس:(ع) بڑے بڑے عنوانات

رؤوف:(ع) رؤف، مہربان، شفیق

رُوہ:بیرونی حصہ، اوپر کا حصہ، چوٹی

رُوہنی:فولاد، شمشیر جوہردار

رُوی:چہرہ، سطح، وجہ

روی:رو، رفتن= جانا سے فعل امر جا، جاؤ (برو)

روی:جست، دھات

پنبہ روی:زنک اوکسائیڈ

تُوتیای روی:زنک سلفیٹ

رُوی:اوپر، سطح

از روی انصاف:انصاف کی بنا پر

در رُوی:سطح پر

روی ہم رفتہ:اوسطاً، بالآخر

کتاب روی میزاست:کتاب میز پر ہے

روی:(ع) گھرا بادل جس سے بہت زیادہ بارش ہو

رُویا:خواب، عالم خواب

در عالمِ رویا دید:خواب کی حالت میں دیکھا

رُویا:اگنا، نشو و نما پانا

رُویاروی:چہرہ بہ چہرہ، رُودررو، روبرو

رُویاندن:اگانا، پودے وغیرہ کی نشوونما کے لیے دیکھ بھال کرنا

روی اندُود:جس پر جست کی تہ چڑھی ہو

رویانیِدن:اگانا (پودے کا)

روی بند:روبند، نقاب

رُوئت:(ع) دیکھنا، مسائل پر غور و فکر

روئت ہلال:نئے چاند کو دیکھنا

روئیتی:فوری ادائیگی،

رویداً:نرمی سے، آہستگی سے

روی داد:روداد، سرگزشت، کیفیت حال

روی دادن:اتفاق ہونا، ظاہر ہونا، واقع ہونا

رویدن:رفتن، جانا

رویز:رائے، ظن، عقیدہ

رُوی زرد:زرد رنگ

روی شِناس:رو شناس

روی گر:جست کی چیزیں بنانے والا

رومال:رومال

رُویَندہ: اگنے والا، نشو و نما پانے والا

روی نما: شبِ زفاف میں دولھا کی طرف سے دلھن کے لیے تحفہ

رُویَہ: روش، انداز، طریقہ

رُویہ: جست، تانبا

رُویہ: رو، صورت، چہرہ، شکل، کسی چیز کی ظاہری صورت

رویہ مغز: غشای دماغی، مغز پوش جھلی

رُوییدن: پودوں کا اگنا

روییدنی: اگے ہوئے پودے، اگنے کے قابل، جن کی نشو و نما ہو سکے

روییدہ: اگے ہوئے

رویین: پیتل کا بنا ہوا

رویین تن: پیتل کے جسم والا، مضبوط، مستحکم، اسفندیار کا لقب

رویین چنگ: پیتل جیسے پنجوں والا شکاری پرندہ

رُوِینہ: پیتل

رہ: راہ، راستہ، طریق، قاعدہ، رسم و روش، آہنگ و نغمہ

رِہا: (ع) وسیع، فراخ جگہ

رِہا: آزاد، بے قید

رہاہِنہ: (ع) جمع رہبان

رہان: (ع) شرط باندھنا، نیز رہن

رَہاندن، رہانیدن: رہائی دینا، آزاد کرنا، چھوڑ دینا

رَہاو: رباب، موسیقی کی ایک سُر

رہ آورد: راہ آورد، سفر سے لایا ہوا تحفہ، سوغات

رَہائی: آزاد ہونا، نجات، خلاصی

رہائی دادن: رہائی دینا، بچا لینا

رہائی یافتن: بچ جانا

رہائی بخش: رہائی دینے والا

رہای جا: پناہ گاہ

رہایِش: رہائی

رَہب: (ع) ڈرنا، خوف کھانا

رُہبان: (ع) تارک الدنیا، درویش، راہب کی جمع پارسا، مسیحی عابد

رَہبان: (ع) بہت ڈرنے والا

رہبانیّت: (ع) دنیا کو ترک کر دینا، خلوت گزینی، طریقہ راہب

رہبَت: (ع) خوف، ڈر

رہبَر: رہنما، ہادی

رہبری: رہنمائی، ہدایت

رہ بسیِج: مسافر، راہرو

رہ پَیما: مسافر، راہرو

رہرَو: راہرو، مسافر

رہرو آنست کہ آہستہ و پیوستہ رود: مسافر وہ ہے جو آہستہ اور مسلسل چلتا رہے

رہرَوان: رہرو کی جمع، آہستہ چلنے والے، سفر کرنے والے، پارسا، سالکان

رہروان طریقت: تصوف و عرفان کے مسلک پر چلنے والے، مسافران طریقت

رہزن: چور، ڈاکو، راستے میں لوٹنے والا

رہَط: (ع) تین سے دس لوگوں کی جماعت یا گروہ

رہَق: (ع) (۱) نادانی، سبکی (۲) فتنہ انگیزی

رہگذار: رہگذر، راستہ، گزرگاہ

رہگوی: نغمہ سرا، مطرب، مغنی

رہگیر: (۱) رہزن (۲) سیاح، مسافر

رہل: سب سے نیچے کی یعنی اندر کی جھلی جس میں

جنین محفوظ ہوتا ہے، غلاف جنین

رَہن:(ع) قرض لینے کے لیے اپنی کوئی چیز قرض کی واپسی تک دینا

رہن گذاشتن:رہن رکھنا

رہ نشین:فقیر، گدا

رہنُما:رہبر، راستہ دکھانے والا، رہبری کرنے والا

رہنمائی:رہبری، راستہ دکھانا

رہنمون:رہنما

رہنمونی:رہنمائی

رہن نامہ:کوئی چیز رہن رکھنے کا تحریری معاہدہ

رہ نوَرد:مسافر

رَہنی:کوئی چیز رہن رکھنا

اموال رہنی فروختہ خواہدشد:جو چیزیں رہن رکھی تھیں وہ بیچ دی جائینگی

رہُو:(ع) آہستہ چلنا

رہُو:طرز، روش، طریقہ، قاعدہ

رہوار:تیز رفتار سوار

رہور:تیز رفتار سوار

رہور:راہوار

رہُون:(ع) رہن کی جمع

رہی:راہی، مسافر

رہی:غلام، نوکر

رہیدن:رہائی پانا، نجات حاصل ہونا

رہیدہ:نجات یافتہ، رہاشدہ

رہِیق:(ع) خمر، شراب، بادہ

رہِین:(ع) مقروض، جس نے کوئی چیز رہن رکھی ہو

رہینہ:(ع) رہن، معاہدہ رہن، گروی

ری:ایران کا شہر

ری:(۱)کثرت (۲)ایک مخصوص وزن

ریا:(ع) منافقت، دھوکا، فریب

رِیاح:(ع) ریح کی جمع، خوشبوئیں

رِیاحین:(ع) ریحان کی جمع

ریاسَت:(ع) حکمرانی، فرمانروائی، صدارت، نظامت، اقتدار، اختیار، سرداری، حکومت

ریاستِ جمہُور:جہاں جمہوری حکومت ہو

ریاست کردن:حکومت کرنا، صدارت کرنا

ریاستِ مجلس:صدارت جلسہ

دوسال بر آنہا ریاست کرد:اس نے دو سال ان پر صدارت کی، وہ دو سال تک ان کا فرمانروا رہا

رِیاش:(ع) ریش کی جمع، ڈاڑھیاں

رِیاض:(ع) روضہ کی جمع، باغات، پارسا لوگوں کے مقبرے

رِیاضَت:(ع) زہد، نفس کشی، محنت، مشقت

ریاضت کشیدن:زہد و تقوی، زندگی گزارنے کے لیے نفس کشی کرنا

اہل ریاضت:ریاضت کرنے والے، پارسا لوگ

ریاضت کش:ریاضت سے زاہدانہ زندگی بسر کرنے والا

ریاضتی:(ع) ریاضت کرنے والا

ریاضی:علم حساب

ریاضِیات:(ع) ریاضی کی جمع

ریاضی دان:علم حساب جاننے والا

ریاکار:دھوکے باز، مکار، فریبی، منافق،

ریاکارانہ:منافقانہ، دھوکا بازی سے

ریاکاری: منافقت، مکاری، فریب کاری، عیاری۔

رِیال: سکّہ جس کی قیمت مختلف اسلامی ممالک میں مختلف ہے، ریال دس= ایک تومان (ایران)۔

رِیان: (ع) سیراب، تروتازہ، شاداب جسے پانی دیا گیا ہو۔

ریاوَرز: ریاکار، مکار، فریبی، منافق۔

رِیای: جس کی فطرت میں ریاکاری ہو۔

رَیب: (ع) شک، گمان۔

رَیبُ الزَّمان: تغییر حالات، انقلابات، نیرنگیاں، نشیب و فراز۔

لارَیب: (ع) بلاشک و گمان۔

ریباس: ایک پودا جس کے پتے سلاد کے طور بھی کھائے جاتے ہیں اور پکا کر بھی، اس کے ذائقے میں ترشی ہوتی ہے۔

رئیت: ریہ، پھیپھڑا۔

رئیتَین: پھیپھڑے۔

ریچار: محفوظ کیا گیا پھل مربّا۔

ریچال: بیہودہ گوئی، بد زبانی۔

ریح: (ع) ہوا، سانس، نفس، خوشبو، ریاح جمع، معدے کی ہوا۔

رِیحان: (ع) ایک خوشبودار پودا، نازبو، خوشبودار گھاس، سبزہ، مثال:

وقتی دل سودای می رفت بہ بُستانہا
عیش و طرب آوردی ہر لالہ و ریحان را

میرا سودای دل مجھے چمن زاروں میں لے گیا اور لالہ اور نازبو کے خوشنما رنگ اور دلفریب خوشبو سے عیش و طرب کی کیفیت پیدا ہو گئی۔

ریحانِ کُوہی: سفید رنگ کا نازبو۔

ریحانہ: (ع) نازبو کے پھولوں کا گلدستہ۔

ریخ: فضلہ، گوبر، براز۔

رِیخت: (۱) شکل و صورت، وضع قطع (۲) گِرا، گرا پڑا۔

ریختگی: ریزش، گرنا۔

رِیختَن: چھڑکنا، گرانا، بہانا، بکھیرنا، انبار لگانا، حملہ کرنا۔

ازہم ریختن: بکھر جانا۔

اشک ریختن: آنسو بہانا۔

این کار آبروی آن ریخت: اس کام نے اس کی عزت گنوا دی۔

این مجسمہ را ریختہ اند: یہ مجسمہ گرا دیا ہے۔

خون ریختن: خون بہانا، قتل کرنا۔

دُزدان برسرِاو ریختند: چوروں نے اس پر حملہ کر دیا۔

طرح ریختن: نقشہ بنانا، بنیاد رکھنا۔

فروریختن: بکھیرنا۔

ہمہ کارہا اُو برمن ریخت: اس نے میرے لیے کاموں کا انبار لگا دیا سب کام اس نے مجھ پر ڈال دیے۔

ریختنگاہ: دریا کا منبع، دہانہ۔

رِیختہ: (۱) گرا ہوا، بکھرا ہوا (۲) ڈھلی ہوئی دھات۔

اشیاریختہ اند از بِرِنج: چیزیں پیتل کی بنائی گئی ہیں۔

رِیختہ گر: دھات کی چیزیں بنانے والا۔

رِیختہ گری: دھات کی چیزیں بنانے کا کام۔

رِیخَن: جسے اسہال آتے ہوں۔

رِیخُو-رِیغُو: اسہال کی بیماری۔

رِیدَن:اِجابت ہونا، حاجت ہونا۔

رِیز:(۱) بہت چھوٹی چیز عمدہ۔

ریز باریدن:بوندا باندی ہونا۔

ریز کردن:ریزہ ریزہ کرنا۔

ریز بِین:خوردبین۔

این پارِچه را خیلی ریز بافتهِ اند:یہ کپڑا بہت عمدہ بُنا ہوا ہے۔

رِیزِش:(۱) تراوش (۲) پرُ گوئ، فضول گوئ (۳) زکام نزلہ (۴) گرنا بکھرنا۔

ریزش خاك (یاکوه):مٹی یا پہاڑ پر سے پھسلنا۔

ریزش مُو:بالوں کا گرنا۔

رِیزِگی:ریزہ ریزہ، پارہ، پارہ۔

ریزناك:جو چیز آسانی سے توڑی موڑی جاسکے۔

رِیزَندِگی:ریزش۔

رِیزِه:بہت چھوٹا سا۔

رِیزه چِین:خوشہ چیں، ریزہ خور، مفت خور، طفیلی۔

ریزه خوار:دستر خوان پر سے گری پڑی چیز کھانے والا۔

ریزه خوان:باکمال گانے والا، نرم نرم طریقے سے بات کا آغاز کرنے والا۔

ریزه کار:نقاشی کرنے والا۔

ریزه کاري:نقش و نگار بنانا۔

رِیزِی:چھوٹی سی۔

رِیزِی:تراوش، ٹپکنا۔

رِیزِیدَن:ریختن، گرنا، بکھرنا۔

رِیژ:(۱) جہاں مٹی کے انبار ہوں (۲) آرزو، ہوا و ہوس۔

ریژ خُو:بوالہوس۔

رَیس:(ع) ٹہلنا۔

رِیس:بٹا ہوا دھاگا

رِیس:ریستن= کاتنا سے فعل امر، کاتو۔

رِیساندَن:کسی سے کتوانا۔

رِیستَن:کاتنا۔

رِیستهِ:کاتا ہوا۔

رِیسمان:رسّی، دھاگا، نخ۔

ریسمان باز:رسی پر چل کر یا اچھل کود کر کرتب دکھانے والا۔

رِیسمان باف:رسی بٹنے والا۔

رِیسماني:رسی سے متعلق۔

رِیسَندِه:کاتنے والا۔

رِیسیدن:ریستن، کاتنا۔

رِیش:ڈاڑھی۔

ریشِ بُز:بکرے کی ٹھوڑی کے بال۔

ریش پیش کسی داشتن:کسی دوسرے کی اطاعت اختیار کرنا۔

ریش تراشِیدَن:ڈاڑھی ترشوانا، ڈاڑھی منڈوانا۔

ریش در آسیاب سفید کردن:اپنے آپ کو ناتجربہ کار ثابت کرنا، چکی کے کام میں بال سفید کرنا، دھوپ میں بال سفید کرنا۔

ریش در آوردن:ڈاڑھی رکھنا۔

ریش گُذاشتن:ڈاڑھی رکھنا۔

ریش نداشتن:ڈاڑھی نہ رکھنا۔

به ریش کسی چسپیدن:اپنی حاجت بر آری کے لیے کسی دوسرے سے التماس کرنا۔

رِیش:زخم۔

رِیش کردن:مجروح کرنا، زخمی کرنا۔

ریش ریش: پارہ پارہ۔

ریش بابا: ایک قسم کے انگور کو کہتے ہیں جیسے انگور ریش بابا۔

ریش تراش: حجّام، سلمانی۔

ریش تراشی: حجامت کرنا، ڈاڑھی بنانا، ڈاڑھی مونڈنا۔

ریشتہ۔ رشتہ: دھاگا، نخ۔

ریشچہ: چھوٹی چھوٹی ڈاڑھی۔

ریشخَند: بہلانا، پھسلانا، فریب دینا، خوشامد کرنا، چاپلوسی، استہزا، مضحکہ اڑانا۔

ریشخَند کردن: چاپلوسی کرنا، مضحکہ اڑانا، بہلانا، پھسلانا۔

ریش دار: زخمی، مجروح۔

ریش ریش کردن: چیر پھاڑ دینا، زخمی کردینا۔

ریش سفید: بوڑھا شخص جس کی ڈاڑھی سفید ہو۔

ریش سفیدی: بڑی عمر۔

ریش گاو: احمق، بیوقوف،

ریشم۔ابریشم: نرم اور ملائم تار جو ایک خاص قسم کے کیڑے کے لعاب سے حاصل ہوتی ہے سلک۔

ریشمال: بے عزت، دیوث۔

ریشناک: زخمی، مجروح۔

ریشُو: ڈاڑھی والا۔

ریشہ: جڑ، نس، تار، شاخ، اصل، نسل۔

ریشہ دندان: دانت کی جڑ۔

ریشہ دواندن: جڑ پکڑنا۔

ریشہ کندن۔از ریشہ در آوردن: جڑ سے اکھاڑنا۔

ریشہ دار: جڑ والا۔

ریشہ کَن: جڑ اکھاڑنے والا، جڑ سے اکھڑا ہوا۔

ریشہ کنی: جڑ سے اکھاڑنا۔

ریشیدن: زخم آنا۔

ریشیدہ: جسے زخم لگا ہو۔

رَیع: (ع) افزائش، افزونی، غلہ وغیرہ کی پیداوار بڑھنا۔

رَیع کردن: بڑھانا۔

رَیعان: (ع) بہترین حصہ، نباتات کی فراوانی

ریعانِ جوانی: اوائل جوانی۔

رَیع دار: رَیع ناک، جس سے کچھ زیادہ حاصل ہو، زیادہ پیدوار دینے والا، حاصل خیز۔

ریغ۔راغ: دامن کوہ۔ چراگاہ۔

ریغ: اسہال، دست۔

ریغ زدن: دست آنا۔

ریغال: قدح، جام۔

ریغماسی: کمزور، ناتواں، بیمار۔

ریغو: جسے اسہال آرہے ہوں۔

ریف: سیراب اور شاداب زمین۔

ریق: (ع) لعاب، آب دہن۔

ریقو: ریغو۔

ریکاشہ: خارپست۔

ریگ: ریت۔

ریگ بہ کفش خود داشتن (محاورہ): بے حاصل کام کرنا۔

ریگ پُشتہ:ریت کا انبار:

ریگ رواں:چمکتی ہوی ریت جو بہتے پانی کی طرح نظر آتی ہے۔

ریگ زار:ریگستان۔

ریگ سار:جہاں ریت ہی ریت ہو۔

ریگ شُو:ریگ شُور، ریت سے مانجا ہوا برتن۔

ریگ شور کردن:ریت سے مانج کر چمکانا۔

ریگمال:ریت مل کر صاف کیا ہوا۔

ریگمال کردن:ریت مل مل کر صاف کرنا۔

ریگمالی:ریت سے صاف کرنا۔

ریگ ماہی:چھپکلی۔

ریگی:رتیلی۔

ساعتِ ریگی:ریت گھڑی۔

ریل:ریلوے، راہ آہن۔

درزِریل:ریل کی پٹڑی کے جوڑ میں جو تھوڑا سا فاصلہ رکھا جاتا ہے۔

ریل کشیدن:ریل کی پٹڑی بچھانا۔

ریم:پس، پیپ، کثافت۔

ریمِ آہن:لوہے کا خارجی مادہ، زنگ۔

ریمِ چشم:آنکھ کی گد۔

ریمِ گوش:کان کا میل۔

ریما:گینڈا، کرگدن۔

ریماز:نرم لطیف لباس۔

ریم آلود:جسے پیپ لگی ہو، کثیف، غلیظ۔

ریم آوَر:جس میں پیپ پڑی ہو۔

سنج زن: جھانجھ بجانے والا۔

سنجش: وزن کرنا، ناپنا، مقابلہ کرنا، جائزہ لینا۔

سنجه: (۱) مخصوص وزن کا پتھر، تراز و کابنا۔

سنجیدِگی: وزن دار ہونا، شائستگی، رفعت، متانت۔

سنجیدن: ترازو سے وزن کرنا، ناپنا، سوچنا، غور کرنا، جانچنا۔

نکته ای را خوب می سنجد: بات پر خوب غور کرتا ہے۔

سنجیدہ: جس کا وزن کیا گیا ہو، فہمیدہ، متین، مہذب، جچاتلا ہوا۔

سِنْخ: (ع) (۱) جز، رگ و ریشہ، بیخ بنیاد، اصل (۲) قسم (۳) درجہ طبقہ۔

همه از یك سنخ هستند: سب ایک ہی قسم کے ہیں، ایک ہی اصل سے، ایک ہی درجے کے ہیں۔

سَنْخع: ضیق النفس۔

سَنَد: (ع) وثیقہ، دستاویز، سفارش نامہ سرٹیفکیٹ، دلیل، بھروسے کی چیز، تحریر جو کسی چیز کی دلیل یا ثبوت ہو، قبالہ۔

آن کتاب درین مورد سندیت ندارد شود: اس مسئلے پر یہ کتاب سند کی حیثیت نہیں رکھتی۔

سند خرج: رسید۔

سند بَیع: فروخت کی تحریر۔

سندی را جعل کردند: انہوں نے جعلی یاد

داشت تیار کرلی۔

جعل اسناد: جعلی سندیں۔

سند: دریائے سندھ، پاکستان کا صوبہ سندھ۔

سِند: جس کے باپ کا پتا نہ ہو، ناجائز اولاد۔

سند آب: دریائے سندھ۔

سندان: لوہے کا آلہ جس پر لوہار لوہا کوٹتے ہیں۔

سندانچہ: لوہے کا چھوتا آلہ جس پر رکھ کر لوہا کوٹا جاتا ہے۔

سند رُوس: گوند کی ایک قسم۔

سندرہ: سند روس۔

سُندُس: (ع) سلک، دیبا، گرآنقدر ریشمی کپڑا۔

سند ساز: جعلی سندیں بنانے والا۔

سند سازی: جعلی سندیں بنانا۔

سند کیش: قوس قزح۔

سندل: صندل، صندل کا درخت، صندل کی لکڑی جو خوشبودار ہوتی ہے۔

سندل: پاپوش، جوتا، سلیپر وغیرہ۔

سندلی: صندلی، کرسی۔

سندی: یاد داشت، رسید وغیرہ۔

سندیان: بلوط کا درخت جس کی لکڑی بہت سخت ہوتی ہے۔

سَندیّت: ثبوت۔

سِندیکا: سنڈیکیٹ، کا مفرس۔

سِن رسیدہ: بڑی عمر کا۔

سن زدہ: جس میں کیڑا لگ گیا ہو۔

گندم سن زدہ: گندم جس میں خرابی پیدا ہوگئی ہو۔

سنسان: کوئیں سے پانی نکالنے کا چرخ۔

سنسکریت: سنسکرت کا مفرس۔

سنسُور: ہاتھی کی سونڈ، خرطوم۔

سنط: ببول، کیکر۔

سنطُور: پیانو کی قسم کا ایک ساز۔

سنطور زن: پیانو کی قسم کا باجا بجانے والا۔

سنطوری: باجا بجانا۔

سِنف: (ع) جماعت، لوگوں کا گروہ۔

سنقر: (ت)باز کی قسم کا شکاری پرندہ، شکرا

سنقر: کرمانشاہ کے شمال مشرق کا ایک شہر اسے سونقور بھی کہتے ہیں۔

سنک: سنگ، پتھر، خاص وزن۔

سنکسار: صلحا اور مردان خدا کے حالات جو عیسائیوں کی عبادت گاہوں میں لوگوں کو سنائے جاتے ہیں۔

سنگ: پتھر

سنگ آتش زنہ: چقماق۔

سنگ آس: چکی۔

سنگ آہن ربا-سنگ آہن کش: مقناطیس۔

سنگ روی جنسی گذاشتن: کسی چیز کی قیمت بڑھا چڑھا کر بتانا۔

سنگ پا زدن: سیاہ رنگ کے درشت پتھر سے پاؤں کو صاف کرنا۔

سنگ تراش: پتھر تراشنے والا۔

سنگ چاپ: سنگی چھاپ، لتھو گرافی۔

سنگِ چقماق: وہ پتھر جس سے لوہا ٹکرانے سے

آگ نکلتی ہے۔

سنگِ مثانہ: مثانے کی پتھری۔

سنگِ محک: کسوٹی۔

سنگ یک پارچہ: یک سنگی ستون، یک سنگی یادگار، پتھر کی سالم سل

کلوخ انداز را پاداش سنگ است: جو کسی پر پتھر پھینکتا ہے اس کی سزا یہ ہے کہ اس پر بھی پتھر پھینکا جائے۔

سنگ آسا: پتھر کی طرح سخت۔

سنگاش: رشک و حسد۔

سنگ افگن: سنگ انداز، پتھر پھینکنے والا۔

سنگ اندازی: پتھر پھینکنا۔

سنگبار: پتھر پھینکنے والا

سنگباران: لگاتار پتھراؤ کرنا۔

سنگ پارہ: پتھر کا ٹکڑا، گھسا ہوا بٹہ۔

سنگ پرَستی: پتھر کے مجسمے کی پوجا۔

سنگ پوست: سنگ پشت، کچھوا۔

سنگ تراش: پتھر تراشنے والا۔

سنگ تراشی: پتھر تراشنا۔

سنگ چاپ: پتھر جس کے ذریعے چھپائی ہوتی ہے۔

سنگ چِہ: اولوں کی بارش، ژالہ باری۔

سنگ چین: پتھروں سے چنی ہوئی دیوار۔

سنگ چین کردن: پتھروں کی دیوار چن دینا۔

سنگ خارا: سخت پتھر۔

سنگ خوار: سنگ خور، شتر مرغ۔

سنگدان: پرندوں کا پوٹا

سنگدل: ظالم، بے رحم، جفاکار۔

سنگدلی: ظلم، جفاکاری، بے مروتی۔

سنگدُولہ: گردباد۔

سنگر: فوجی قلعہ، پناہ گاہ، خندق۔

سنگربندی: شہر کو، مستحکم کرنا، اس کے ارد گرد خندق کھودنا۔

سنگر دار: مستحکم، شہر جس کے ارد گرد خندق کھودی گئی ہو۔

سنگ رو: سخت پیشانی والا، بے غیرت، بے شرم۔

سنگ روی: بے مروتی، بیحیائی، بے غیرتی۔

سنگرِ یزہ: کنکر، بجری، پتھر کا ٹکڑا۔

سنگِ زر: کسوٹی، محک۔

سنگ زن: ترازو جس کا ایک پلڑا ہلکا ہو۔

سنگ ساب: سان، فسان۔

سنگ سار: پتھر مار مار کر ہلاک کرنا۔ایک جرم کی سزا جس میں مجرم کو کمرتک زمین میں دبا کر اسے پتھر مارے جاتے ہیں اسی طرح اس کا کام تمام ہو جاتا ہے۔

سنگسار کردن: پتھر مار مار کر ہلاک کرنا۔

سنگساری: سزا کے طور سے پتھر مار مار کر ہلاک کرنا۔

سنگِستان: پتھریلا علاقہ۔

سنگِ اسوَد: حجرالاسود۔

سنگ شِکن: پتھر توڑنے والا۔

سنگ شِناس: پتھروں کی ساخت اور اصلیت کا علم جاننے والا۔

سنگ فرش: پتھر کا فرش۔

سنگ فرش کردن: پتھروں سے فرش تیار کرنا۔

سنگ فسان: سان، اوزار تیز کرنے کا آل۔

سنگ قُلّاب: فلاخن یا گوپیا جس سے سنگ اندازی کی جاتی ہے۔

سنگک: گرم پتھر پر پکی ہوئی روٹی۔

نانِ سنگک: پتھر پر پکایا ہوا نان۔

سنگ کش: بہت بھاری، سنگین۔

سنگلاخ: پتھریلی زمین۔

سنگ لوح: کتبۂ مزار، تختۂ سنگ۔

سنگی: پتھریلی، پتھر کا بنا ہوا۔

سنگین: بہت بھاری، سخت ، دشوار، لاتعداد، مودّب، باوقار۔

سنگین اسلحہ: بھاری اسلحہ۔

سنگین باش: خوش اسلوبی سے سلوک کرنے والا، خوش اسلوبی سے سلوک کرو۔

سنگین دست: ناموزوں، اناڑی۔

سنگین دل: سنگ دل، بے رحم، جفاکار۔

سنگین دلی: سنگ دلی، بے رحمی۔

سنگین قیمت: زیادہ قیمتی۔

سنگین کردن: وزن دار بنانا۔

سنگین نگہداشتن: گہری نظر ڈالنا۔

اویک آدم خیلی سنگین است: وہ بہت مودب اور باوقار شخص ہے۔

اوباسپاہ سنگین آمد: وہ بہت بڑا لشکر لیے ہوئے آیا۔

وظائف مرا سنگین کردند: میرے فرائض کو انھوں نے بہت مشکل بنادیا۔

سنگینک: آہستگی سے۔

سنگینی: وزن، بھاری پن، خوش اسلوبی، خوش خلقی۔

سِنِمّار: (ع) (۱)جو رات کو نہیں سوتا (۲) اس معمار کا نام جس نے خورنق نام کا محل بہرام گور کے لیے بنایا تھا۔

سُنَن: (ع) سنت کی جمع۔

سنُوات: (ع) سالہا۔

سنُواتی: سال بسال، سالانہ۔

معمولات سنواتی: ہمیشہ کی سالانہ کارگزاریاں۔

سنُوخ: سنخ، بیخ،بنیاد،اصل،مادہ۔

سنُور: (ع)بلی، گربہ (سنانیر جمع)۔

سنُوط: (ع) کوسہ جس کی ڈاڑھی کے بال نہ ہوں۔

سنون: (ع) سن کی جمع، سال۔

عیدِ سنون: سالگرہ۔

سنہ سال: کوئی خاص سال۔

سنہ آتیہ: آئندہ سال۔

سنہ جاریہ: موجودہ سال۔

سنہ میلادی: سن عیسوی۔

سنہ ہجری: ہجری سن جو یکم محرّم سے شروع ہوتا ہے۔

سنِیّ: (ع)بہت بلند، ارفع، عالی۔

ارادہ سنیہ ملوکانہ: شاہانہ بلند ارادہ۔

سُنّی: (ع) مذہب اہل سنت۔

سِنّی: (ع) عمر سے متعلق۔

مسائل سِنی:" عمر سے متعلق مسائل۔

سنید: منہ بولا بیٹا۔

سنیع: (ع) مہربان، خوش خلق، کریم النفس، شفیق، منکسر مزاج۔

سِنِین: (ع) سنہ کی جمع، سال ہا۔

سنین عمرش چهل سال بود: اس کی عمر چالیس سال تھی۔

سُو: طرف، سمت۔

دشمن از ہرسو حمله کرد: دشمن نے ہر طرف سے حملہ کردیا۔

آن سو-بدان سو: اطراف۔

از ہرسو: ہرطرف سے۔

سُو: روشنی، نور۔

سوی چراغ: چراغ کی روشنی۔

چشمش کم سو است: اس کی نظر کمزور ہے۔

سُو: سود کا مخفف، فائدہ، نفع۔

سُو: مانند، مثال:

سُوء: (ع)خرابی، برائی۔

سُوء اتفاق: بُرا اتفاق۔

سوء ادب: بے ادبی۔

سوء استفادہ: برا استعمال۔

سوء تعبیر: کسی بات کی غلط تعبیر۔

سوء خُلق: بد خلقی۔

سوء ظَن: بدظنی، بدگمانی۔

سوء ظن بُردن-سوء ظن داشتن: بدگمانی ہونا۔

سوء قصد: کسی کی زندگی کے متعلق کوئی برا ارادہ رکھنا۔

سوء ہضم: بد ہضمی۔

از اختیار خود سوء استفادہ کرد: اپنے اختیارت سے اس نے ناجائز فائدہ اٹھایا۔

حادثه سوء: برا حادثہ۔

سِوا: (ع) دوسرا، علاوہ، جدا، جز، مختلف، چن لینا۔

سوا کردن: جدا کردن۔

آن دو نفر را ازہم سوا کردند: ان دو آدمیوں کو ایک دوسرے سے جدا کر دیا۔

ازخانه خود سوا شد: وہ اپنے گھر سے جدا ہو گیا۔

این از آن سوا است: یہ اس سے مختلف ہے۔

کتابہای خوب را از میان آنہا سوا کردم: ان میں سے اچھی کتابوں کو میں نے چن لیا۔

سواء: (ع) (۱)برابری، مساوی، یکساں، برابر،وسط، میانہ۔

سوابِط: (ع) ساباط کی جمع۔

سوابِق: (ع) سابق کی جمع، پہلے کا۔

سواحِل: (ع) ساحل کی جمع۔

سواد: (ع) لکھنے پڑھنے کی اہلیت۔

این شخص ہیچ سواد ندارد: اس شخص میں لکھنے پڑھنے کی صلاحیت نہیں۔

سواد: (ع) نقل۔

سوادِ حکم را بمالیه اطلاع کردند: اس حکم کی نقل محکمہ مالیات کو پہنچا دی گئی۔

سواد برداری: نقل تیار کرنا۔

سواد برداشتن: نقل تیار کرنا۔

سواد کردن: نقل کرنا۔

سواد مطابقِ اصل است: نقل مطابق اصل ہے۔

سواد نویس: نقل نویس۔

سواد نویسی: نقل نویسی۔

آن مراسله را سواد کن: اس چٹھی کی نقل کرو۔

از آن نقشه چند سواد برمی دارید: اس نقشے کی چند نقلیں تیار کر لیجئے۔

سوادي:نقل کرنا۔

کاغذ سوادي: نقل کا کاغذ

سواد:(ع) پڑوس،آس پاس،قرب و جوار۔

سوار: گھوڑے پر سفر کرنے والا۔

سواراسپ: گھوڑے کا سوار۔

سواران آب: حباب، بلبلے۔

سوار دُرُشکہ: تانگے بگھی میں سفر کرنے والا۔

سوار کشتی: جہاز یا کشتی میں سفر کرنے والا۔

سوار کاری شدن: کام میں مہارت حاصل کرنا۔

سوار کردن جواہر کار آسانی نیست: انگشتری میں نگینہ جڑنا آسان کام نہیں۔

سوار کسی شدن: کسی کی کمزوری سے فائدہ اٹھا کر دباؤ ڈالنا، کسی کو اپنے قابو میں لے آنا۔

اتومبیل ران بیست نفر سوار کردہ بود: بس چلانے والے نے بیس آدمیوں کو بس میں سوار کیا۔

سِوار: دست بند، کنگن، چوڑی پہنچی، کڑا، بازوبند۔

سوارکار: چابک سوار۔

سوارہ: گھوڑے کی پیٹھ پر سوار۔

اُوسوارہ رفت من پیادہ: وہ گھوڑے پر سوار ہو کر گیا اور میں پیدل گیا۔

پلیس سوارہ: سوار پولیس کے سپاہی۔

سوارہ از (دلِ) پیادہ خبرندارد: گھوڑے کے سوار کو کیا خبر کہ پیادے کی حالت کیا ہے کوئی دوسرا کسی کی مجبوریوں کو کیا سمجھے۔

سوارہ نظام: فوج کے سواروں کا دستہ کیولری، (انگ)۔

سواری: سوار ہونا۔

او درسواری ماہر است: وہ گھوڑے کی سواری کا ماہر ہے۔

سواری کردن: گھوڑے کی سواری کرنا۔

سواسوا: جدا جدا، ایک ایک کرکے۔

سواف: مویشیوں کی ایک بیماری۔

سواقِط: (ع) ساقط کی جمع، فرومایہ، کم عقل۔

سواك: اناج میں کالا روگ لگنا، یہ روگ اناج کی بالیوں کو جلا کر سفوف بنا دیتا ہے۔

سؤال: طلب، درخواست، پرسش۔ استفسار، آرزو، عرض و معروض۔

سوال کردن: پوچھنا، استفسار کرنا، مانگنا، دست سوال دراز کرنا، التجا کرنا، گدائی کرنا۔

سوال مرا جواب نداد: میرے استفسار کا اس نے جواب نہیں دیا۔

سوال و جواب کردن: گفتگو کرنا، بحث و تمحیص کرنا۔

آن زن طفلی از خدا سوال کرد: اس عورت نے خدا سے ایک بچے کے لیے التجا کی۔

سوالات: (ع) سوال کی جمع۔

سوالِب:(ع)سالبہ کی جمع، سلب کرنے والے، ازالے جانے والے۔

سوالي: سوال کرنے والا۔

سوانِح:(ع)سانحہ کی جمع، حادثات، حالات، واقعات۔

سوانِح حیات: حالات زندگی کتابی صورت میں۔

سوای: (ع) علاوہ، بجز۔

سوای آن دو نفرہمہ رفتند:ان دو اشخاص کے سوا سب چلے گئے۔

سُوبِیا: ایک قسم کی مچھلی۔

سُوپ:یخنی، آبگوشت، شوربا، وغیرہ۔

سُوپاپ: دریچہ، سرپوش۔

سُوت:وسل، سیٹی بجانا، سیٹی دینا، ہونٹوں سے نکلی ہوئی سیٹی کی آواز۔

سوت زدن: سیٹی بجانا۔

سوت ماشین: بھاپ سے سیٹی کی آواز۔

سُوتام: کم، قلیل، تھوڑا۔

سوتر: مخفف آن سوتر، اور کچھ آگے۔

سوت سُوتك: سیٹی جس سے سیٹی بجائی جاتی ہے۔

سُوج: سوجن، سوز، سوزش، جلن۔

سُوچی: (ت)مے فروش۔

سوچی خانه: مے خانہ۔

سوخاری: بسکٹ، خشک میٹھا نان۔

سُوخت: جلا ہوا، ایندھن، آگ جلانے کا سامان۔

سوخت شدن: جل جانا، رقم جس کی ادائیگی نہ ہوسکے۔

طلبی که از او داشتم سوخت شد: جو کچھ مجھے اس سے لینا تھا، وہ نہ لے سکا، ضائع ہو گیا۔

سُوخت انداز: بھٹی جھونکنے والا۔

سوختگی: جلن، سوزش، تکلیف۔

سوختن: جلنا۔

سوختنِ دفاع: نا امید ہونا۔

این ہیزم خوب نمی سوزد: یہ لکڑی خوب نہیں جلتی۔

سُوختنی: جلنے کے قابل۔

سُوختہ: جلا ہوا۔

سوختہ شدن: جل جانا۔

بُوی سوختہ: جلنے کی بو۔

سوختہ جان: پیاسا، مصیبت کا مارا، کنایۃً عاشق۔

سوختہ جگر: مصیبت زدہ، پریشان حال۔

سوختہ دل: دل جلا۔

سُود: فائدہ، استعمال، رِبا، جو مذہب اسلام میں ناجائز ہے۔

این معامله سودی ندارد: اس کا کچھ فائدہ نہیں۔

سود بردن: نفع حاصل کرنا۔

سود داشتن: فائدہ مند ہونا۔

سُود: سوڈا۔

سُود: **سودن**=گھسنا، ملنا، رگڑنا سے ماضی مطلق،گھسا، ملا، رگڑا۔

سوَد: سبد، ٹوکری۔

سوَدا: لین دین، تجارت،معاملہ، سروکار۔

سودا کردن: لین دین کرنا، تجارت کرنا، کاروباری معاہدے میں شرکت کرنا۔

سودا: (۱)جو کچھ خریدیں (۲)سیاہی، (۳)جنون، دیوانگی، غم واندوہ، صفرا۔

سودا زدہ: آشفتہ، سودائی جسے مالیخولیا کی بیماری ہو۔

سودابہ: ساسانی بادشاہ کیخُسرو کی بیوی کا نام۔

سودا پرست: نفس پرست، جسمانی خواہشات کا بندہ۔

سودا پرستی: نفس پرستی، نفسانی خواہشات کی دیوانگی۔

سودا خانه: تجارت خانہ۔

سودا زدہ: افسردہ، آزردہ، غمگین، محزون، پژمردہ، مغموم، حسرت زدہ، دل گیر، سودائی جسے مالیخولیا کی بیماری ہو۔

سودا سرا: تجارت خانہ، جہاں بڑا تجارتی لین دین ہوتا ہے۔

سوداگر: تاجر، تجارت کا کاروبار کرنیوالا۔

سوداگری: تجارت کا کاروبار، بیوپار، معاملہ۔

سودان: سوڈان، حبشہ۔

سود آور: نفع بخش، فائدہ رساں۔

سوداوی: سودائی، خبطی، مالیخولیائی، تند مزاج، ترش

رو، مغلوب الغضب۔

سوداوی مزاج: خبطی، چڑ چڑا، تند مزاج، ترش مزاج، مالیخولیای۔

سود خوار–سود خور: سود کھانے والا، ربا خوار جس کی مذہب اسلام میں ممانعت ہے۔

سَوْدَہ: اقتدار، افضلیت، اختیار۔

سُود مند: فائدہ مند، مفید۔

نصائع سود مند: فائدہ مند نصیحتیں۔

سود مندی: فائدہ مندی، منفعت۔

سودن: گھسنا، ملنا، رگڑنا، پیسنا، چمکانا۔

سود وِیژہ: نفع خالص۔

سودہ: (۱) گھسا ملا ہوا، چمکا ہوا (۲)پرانا، بوسیدہ۔

سودیم: سوڈیم۔

سُور: دعوت، ضیافت، پارٹی، جشن ولیمہ، مہمانی۔

سور دادن: ضیافت کرنا، دعوت دینا، پذیرائی کرنا۔

سور عروسی: شادی بیاہ کی دعوت۔

سُور خوردن:ضیافت کھانا

سور دادن:ضیافت کرنا دعوت دینا، پذیرائی کرنا

سُور: گھرے خاکستری رنگ کا گھوڑا جس کے گردن کے بالوں سے لے کر جسم پرسیاہ دھاریاں ہوتی ہیں (سمجھا جاتا ہے کہ اس کا دکھائی دینا بد نصیبی کا پیش خیمہ ہے)۔

سُور: شہر کی دیوار، فصیل اسوار جمع۔

سوراخ: موری، رخنہ، شگاف، درز، چھید۔

سوراخ بینی: نتھنا۔

سوراخ تیرکش: موکھا، دیوار میں اندر کی جانب بندوق رکھنے کے لیے سوراخ بنانا، مزغل۔

سوراخ سوزن: سوئی کاناکا۔

سوراخ قُفل: سوراخ جس میں چابی ڈال کر تالہ کھولا جاتا ہے۔

سوراخ کردن: چھید کرنا۔

سوراخ کوہ: سرنگ، درہ، کوہ دُوز راستہ۔

سوراخ موش: بِل۔

این چوب را باید سوراخ کرد: اس لکڑی میں چھید کردینا چاہیے۔

سوزن دستش را سوراخ کرد: سوی اس کے ہاتھ میں چبھ گئی۔

تا مار را ست نشود سوراخ نمی رود: سانپ جب تک سیدھا نہ ہو، وہ بل میں نہیں جاسکتا۔

نیزہ شکمش را سوراخ کرد:نیزے نے اس کے پیٹ میں شگاف کردیا۔

سوراخ جا: سوراخ، روزن، روشندان، موکھا۔

سوراخ دار: جس میں سوراخ ہو، برتن جس کا پانی کسی شگاف وغیرہ کی وجہ سے ٹپکتا ہو۔

سوراخ سُنب: برما، زمین میں سوراخ کرنے کا آلہ۔

سوراخ کن: سوراخ کرنے والا آلہ، برما۔

سُورت: حملہ۔

سورت: سورۃ، قران مجید کا باب۔

سورتمہ: ایک قسم کی بغیر پہیوں کی گاڑی جس میں سوار ہو کر برف پر سفر کرتے ہیں۔

سور چران: طفیلی، مفت خور جہاں دعوت ہو وہاں بن بلائے پہنچ جانےوالا۔

سور چرانی: مفت خوری، دوسروں کے دسترخوان پر بن بلائے بیٹھنا۔

سور چرانی کردن: طفیلی بننا، چاپلوسی کرکے کام نکالنا، مفت خوری کرنا۔

سُورچی: (ت) بگھی کا کوچوان۔

سورچی دُرُشکہ: تانگے بگھی کا کوچوان۔

سُور سات: (ت)رسد رسانی، خوراک پہنچانا ضروریات بہم پہنچانا، سامان رسد، ذخیرہ خوراک۔

سور سات تہیہ کردن: سامان رسد بہم پہنچانا۔

سور سانچی: (ت)رسد سان، سامان خوراک مہیا کرنے والا۔

سُورن: (ت)حملہ، یُورش، غوغا، ہیا ہو۔

سورنا: ایک ساز کا نام، ایک قسم کی نَے، ارگن باجے کا تیز آواز کا پردہ ساز جو جشن کے موقع پر بجایا جاتا ہے۔

سُورَنجان: ایک پودا جو زعفران سے ملتا جلتا ہے، اس کی جڑیں درد مفاصل کے علاج میں کام دیتی ہیں

سُورہ: فضل، شرف، علامت قران شریف کے ۱۱۴ ابواب میں سے ایک۔۔

سوری: سرخ گلاب کا پھول، سرخ رنگ کی کوئی چیز۔

میٔ سوری: سرخ رنگ کی شراب۔

سوری: دعوتوں میں جانے کا مفت خور شوقین، چاپلوس، طفیلی۔

سورِیہ: سِریا، ملک شام۔

سُوز: (۱)جلن (۲)سخت ٹھنڈی ہوا جو برف باری کے ساتھ آتی ہے (۳)گہرا جذبہ، ذہنی کیفیت، بیقراری مثال:

ای مہرِ تو در دلہا وی مُہر تو برلب ہا

ای سوز تو درسرہا وی سِرّ تو درجانہا

تمہاری محبت دلوں میں ہے اور تمہاری مُہر لبوں پر لگی ہوئی ہے، کچھ کہہ نہیں سکتے بس یہی حقیقت ہے کہ تمہاری محبت کی جلن سروں میں ہے اور تمہاری محبت کا راز جانوں کے اندر سمایا ہوا ہے۔

سُوز آور: محرق، جلا دینے والا۔

سُوزِ دل: دل کی جلن، دلسوزی، سوز محبت، دلی پریشانی۔

سوزِ فراق: ہجرو فراق کا دکھ درد۔

سوز و ساز: جلانا اور بنانا، صبرو بُر دباری۔

سُوزا: سوزان کا مخفف، جلنا، جلتا ہوا۔

سُوزاك: پیشاب کی بیماری کا نام جسے گنوریا (انگ) کہتے ہیں۔

سوزاکی: جسے سوزاک کی بیماری ہو۔

سوزان: جلتا، جلتا ہوا۔

سوزاندن-سوزانیدن: جلانا۔

آفتاب او را سوزانده است: دھوپ نے اسے جلا ڈالا ہے، سخت پریشان کیا ہے۔

ہندوان مرده را می سوز انند: ہندو مردے کو جلاتے ہیں۔

سُوزِش: (۱)جلن (۲)چبھنا (۳)تکلیف۔

سوزش کردن: سخت تکلیف دینا، جلانا، کوی چیز چبھونا۔

سوزش جلد: خارش، جلد کی چبھن۔

سُوزك: سوزاک۔

سُوزن: سوئی۔

سوزنِ آبلہ کوبی: ٹیکا لگانے والی سوئی۔

سوزنِ جوالدوز: پیوند لگانے والی سوئی۔

سوزنِ خیّاطی: درزی کی سوئی۔

سوزن زدن: سوئی چبھونا۔

سوزن سوزن شدن: جگہ جگہ سوئیاں چبھنے کا احساس ہونا۔

چشم سوزن: سوئی کا نکّا۔

سُوزناک: درد ناک، غمناک، درد انگیز۔

سوزن دان: سوئیوں کی ڈبیا۔

سوزَندگی: جلنا، سلگنا، آتش زدگی۔

سوزَنده: جلا ہوا۔

سوزن دُوزی: سوئی سے سینے کا کام۔

سوزن زنی: سوئی چبھونا۔

سوزنِ سنجاقی: سوئیاں بیچنے والا، پنیں فروخت کرنے والا۔

سوزنك: سوزاک۔

سوزنکی: سوزاکی، جسے سوزاک کی بیماری ہو۔

سوزنی: سوئی سے سیا ہوا کپڑا۔

سُوزوگُداز: دکھ درد، رنج و اندوہ، یہ موسیقی کی ایک سر کا بھی نام ہے۔

سُوزہ: چبھنے کا احساس۔

سوزی: جلانے والی آگ۔

سوزیدن- سوختن: جلانا۔

سوزیان: مخفف سودوزیاں۔

سُوژہ: سبجیکٹ (انگ): موضوع، مبحث۔

سُوس: (ع)ایک پودا جس کی شاخیں زمین پر پھیلتی جاتی ہیں اس کے پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں۔

سُوس: (ع) کرم جو ریشمی کپڑوں کولگ جاتا ہے۔

سوس: (ع) مخفف سوسمار، چھپکلی۔

سوس: پروانہ۔

سوس: شوش، خوزستان کا شہر جو محمرہ کے شمال میں ہے۔

سوس-سس: مزہ، ذائقہ، چاشنی، لطف، خوش ذائقہ، چٹنی۔

سوس زدن: چٹنی سے لطف میں اضافہ کرنا۔

سَوسَر: نیولے کی قسم کا جانور جس کی سمور بڑی قیمتی ہوتی ہے۔

سُوسَك: نمناک جگہ پر پیدا ہونے والا پردار کیڑا۔

سُوسَك: تیہو، تیتر، دراج۔

سُوسمار: (۱)چھپکلی (۲)گھنیا، بد معاش، پاجی۔

سوسمار آبی: ایک آبی جانور جو خشکی اور پانی دونوں جگہ رہ سکتا ہے۔

سوسماری: چھپکلی کی طرح۔

سوسن: ایک قسم کے نیلے رنگ کا خوشبودار پھولوں والا پودا۔

سوسنی: سوسن کی طرح کا، نیلے رنگ کا۔

سُوسُوزدن: چمکنا، جگمگانا۔

سوسِه: کرم دانہ، سونڈ دار کیڑے جو غلہ، پھل، پتے کھاتے ہیں، گُھن، خامی، خرابی۔

درین کار سوسه ای است: اس کام میں خامی یا خرابی سی ہے، جو اسے ضائع کرسکتی ہے۔

سوسیالِسٹ-سوشَلِسٹ: اشتراکی، اشتراکیت پسند۔

سوسیِته: مفرس سوسائٹی، جماعت، انجمن۔

سُوط: تازیانہ، چابک، کوڑا، دُرّہ جو مجرموں کو لگایا جاتا ہے۔

سَوغات: (ت) تحفہ، پیشکش، نذرانہ، ہدیہ۔

سُوغاتی: (ت)تحفے کے طور سے جو پیش کیا جائے۔

سَوغان: (ع) سدھانا، گھوڑے یا اونٹ کی دوڑ۔

سَوغان اسپ را گرفتن: گھوڑے کو سدھانا۔

سُوف: حکمت، فلسفہ۔

سُوف: ایک خاص قسم کی مچھلی جو بحیرہ خزر میں پای جاتی ہے۔

سُوفار: سوراخ، سوئ کا نکّا تیرکی سہ گوشہ نوک۔

سوفارلبان: بدکار بیٹوں کا کنایہ ہے۔

سُوفال: کوزہ، پیالہ، مٹی کا بنا ہوا برتن۔

سوفِسطائی: سوفسطہ سے منسوب، فلسفیانہ مسلک جو یونان میں پانچویں قبل مسیح میں قائم ہوا اس کے پیرو کو سوفسطہ یعنی دانش جُو کہتے ہیں، غلط دلائل سے دھوکا دینے والے۔

سَوق: (ع) چلانا، رہبری کرنا، تحریک کرنا۔

سوق دادن: رہبری کرنا، برانگیختہ کرنا۔

این دو عامل حل آنہا را بطرف نیستی سوق دادند: ان دو واقعات نے انھیں تباہی کی طرف چلایا۔

سَوق عسکر: سوق الجیش، فوج کی رہنمائ۔

سُوق: (ع) بازار، مارکیٹ، خریدو فروخت کا مقام۔

سَوقات: سوغات۔

سَوق الجَیش: (ع) لشکر کی رہنمائ، لشکر کشی فوجی حکمت عملی۔

سوق الجیشی: (ع) فنِ لشکر کشی۔

سُوقی: بازاری۔

سُوك: خوشہ گندم۔

سُوك ریش: جس کی ڈاڑھی کے صرف چند بال ہوں۔

سُوکہ: سولہ، سوراخ، درز۔

سوگ: غم واندوہ، ماتم، سوگواری۔

سُوگدار: سوگوار۔

سَوگلی: (ت)چہیتی بیوی، برگزیدہ، عزیز بیوی۔

سوگ نامہ: تعزیت نامہ، مرثیہ نامہ، کتاب جو مرثیوں پر مشتمل ہو۔

سَوگند: قسم۔

سوگند برآوردن-سوگند یاد گردن: قسم کھانا۔

سوگند دروغ: جھوٹی قسم۔

سوگند خوار: قسم کھانے والا۔

سوگند شِکَن: قسم توڑ دینے والا۔

سوگند شکنی: قسم توڑنا۔

سُوگوار: غمگین، اداس، دکھی، ماتمی کیفیت میں۔

سوگواری: غمگینی،ماتم، عزاداری۔

سوگواری کردن: غم والم میں مبتلا ہونا۔

سُوگی: سوگواری۔

سُوگیانہ: ماتمی کیفیت، ماتمی لباس۔

سُول: گھوڑے کی طرح کا جانور جس کے جسم پر سیاہ دھاریاں ہوتی ہیں۔

سُولاخ: سوراخ۔

سَوَلان: آذر بائیجان کا پہاڑ، بلندی، رفعت۔

سُولان: ایک دوائ جو لقوے کے علاج کے لیے دی جاتی ہے۔

سولفات دو سُود: سوڈیم سلفیٹ، نمکِ فرنگی مصنوعی

سولفات دو منیزی: منگیشیم سلفیٹ۔

سُولہ: سوراخ۔

سِوُم: تیسرا۔

سوم آنکہ: تیسرے یہ کہ۔

یك سوم: ایک تہائ، ۱/۳ حصہ۔

سومنات: گجرات کا عظیم الشان مندر جسے سلطان محمود غزنوی نے گرایا تھا بہر حال اب بھی یہ ہندوں کی تیرتھ گاہ ہے۔

سِوُمی-سِوُمین: تیسرا۔

سومی از دومی بهتر است: تیسرا دوسرے سے بہتر ہے۔

سُون: طرف، جانب، مثال:

شمارا ہمان بہ کہ بیرون شوید
سرِخویش گیرید ویك سون شوید

تمہارے لیے یہی بہتر ہے کہ باہر چلے جاؤ اپنی راہ لو اور ایک طرف کو ہو جاؤ۔

سُونِش: دھات کے ریزے جو ریتی کے رگڑنے سے نیچے گرتے ہیں۔

سَوہان: (۱)ریتی، لکڑی یا لوہا صاف کرنے کا آلہ (۲)تکلیف کا باعث۔

سَوہان روح: زندگی کے لیے باعث تکلیف، ناگوار خاطر۔

سوہان زدن-سوہان کردن: ریتی سے رگڑنا۔

سوہان خور: رگڑنے کے قابل۔

سوہان کار: ریتی۔

سوہان رِیز: برداہ، ریزے۔

سوہان گر: ریتیاں بنانے والا۔

سُوی-سو: طرف، جانب، سمت۔

سوی من آمد و گفت: میری طرف آیا اور کہا

سَویّ: (ع)(۱)برابر، مساوی، (۲)صاف، سیدھا، ہموار۔

سوِیچ: سوِچ کا مفرس، برقی کلید۔

سوید: سویڈن۔

سُوَیدا: (ع) سیاہ داغ جو دل پر ہے۔

سوئیدی: سویڈن کا باشندہ۔

سویس: سوئٹزرلینڈ۔

سویس: نہر سویز۔

سویس: غفلت، نادانی، کم علمی، بے خبری۔

سوِیسہ: قوس قزح۔

سوِیق: (ع) گندھا ہوا نرم آٹا (۲)پست، فرومایہ (۳)شراب۔

سوِیہ: (ع) برابری، مساوی ہونا۔

علی السّویہ: برابر برابر۔

سہ: تین۔

پرسہ: تینوں۔

سُہا-سہی: (ع)دھندلا ستارہ، جو دُب اصغر میں ہے۔

سُہاد: (ع) بیداری، بے خوابی۔

سہ اسپہ: تین گھوڑوں کی بگھی۔

سُہالِہ: دھات کے ریزے۔

سِہام: (ع) سہم کی جمع، حصے۔

سہام قرضہ: ایسی دستاویز جس کے ذریعے قرض وصول ہو۔

سِہامی: (ع) شراکتوں کے حصے۔

سِہ برابر: تین گنا۔

پُول او سہ برابر پول من است: اس کی رقم میری رقم سے تین گنا ہے۔

سہ برگِہ: تین پتوں والا۔

سہ بہ سہ: تین ضرب تین۔

سہ بعد: ابعاد ثلاثہ، طول، عرض، عمق۔

سہ بیتی: نظم جس میں تین تین بیت ہوں، مثلث۔

سہ بحری: نظم جس میں تین بحر ہوں۔

سہ پا: تین پاؤں والا میز وغیرہ۔

سہ پر: جس کے تین پر ہوں، جسے تین پروں سے آراستہ کیا گیا ہے۔

سہ پُور: (۱)تین بیٹے (۲)تین سلطنتیں موالیدِ سہ گانہ۔

سہ پہلو: جس کے تین پہلو ہوں، تین ضلعوں والی، تکون، مثلث۔

سہ تا: تین عدد، تین تہیں۔

سہ تار: ستار، ساز جس میں باہم تین تاریں ہوتی ہیں۔

سہ تای: تین تین کا، جسے تین تین میں تقسیم کیا گیا ہو۔

سہ تو: (۱)تین تاریں (۲)کھوتا سک۔

سہ جزی: تین جزوں والا۔

سہ جُفتی: تین حصوں والا۔

سہ چرخہ: تین پہیوں والی سائیکل۔

سہ چند: سہ چندان،تین گنا۔

سہ حرفی: تین حرفوں کا لفظ، کلمۂ سہ حرفی۔

سہ خوان: تثلیث میں یقین رکھنے والا۔

سہ خواہران: اُرسا میجر کے تین ستارے، تین بہینیں۔

سہ دندانہ: تین دندانوں والا۔

سہ دُوری: ابعاد ثلاثہ۔

سہ دیر: تین گنبد، ایک محل جو نعمان بن منذر نے بہرام گور کے بیٹے کےلیے تعمیر کرایا تھا جس کے تین گنبد تھے اس محل کو سہ دیر بھی کہتے ہیں۔

سہ دیگر: تیسرا۔

سَہَر: (ع) بے خوابی، بیداری۔

سُہراب: رستم کا بیٹا۔

سہ رنگ: تین رنگوں والا۔

سہ رُود: ستار۔

سِہرِہ: ایک قسم کی چھوٹی سی خوش آواز چڑیا۔

سہ زبانہ: تین زبانوں میں۔

سہ زنہ: تین بیویوں کا شوہر۔

سہ سالہ: تین برس کا۔

سہیستن: (۱)نمایاں ہونا، (۲)ڈرنا، دوڑ جانا۔

سہ سطحی: جس کی تین سطحیں ہوں۔

سہ شاخہ: تین شاخوں والا، فورک، کانٹا۔

سہ شنبہ: بدھ وار۔

سہ طرفہ: جس کی تین اطراف ہوں، سہ پہلو۔

سہ قاب: تین قابوں سے کھیلا جانے والا کھیل۔

سہ قُولو: (ت) ایک ہی ماں سے بیک وقت پیدا ہونے والے تین بچے۔

سہ کُنجہ: تین کونوں والا۔

سہ کُوہک: خارخسک، بھکڑا۔

سہ گانہ:(۱)تہرا، تین سطحوں کا، سہ گوشہ (۲)جام شراب جو علی الصباح پیا جاتا ہو، صبوحی۔

سہ گل: شہتوت کی قسم کا میوہ۔

سہ گوش: مثلث، تکون۔

سہ گوش کردن: تکون بنانا۔

سہ گوشہ: تین کونوں والی (ٹوپی)۔

سہل: (ع) آسان۔

تمام این کار سہل است: یہ کام آسانی سے انجام پالیگا۔

سہل کردن: آسان کردینا۔

سہل گرفتن:آسان سمجھ کر نظر انداز کردینا۔

سہلِ مُمتنع: جو دیکھنے میں آسان ہو، لیکن بہت معنی خیز ہو۔

بسیاری از اشعار سعدی سہل ممتنع است: سعدی کے بہت سے اشعار بظاہر آسان ہیں لیکن در اصل معنی خیز ہونے کے لحاظ سے

مشکل ہیں۔

کار دنیا را سہل گرفتن: کاروبار دینا کو آسان سمجھنا۔

سِہل: (ع) آسان، بعض اوقات مرکب کے طور سے بھی استعمال ہوتا ہے مثلاً۔

سہلُ الفہم: جس کا سمجھنا آسان ہو۔

سہ لا: تین تہوں والا تین شکنوں والا۔

سہل الادراک: (ع) جو آسانی سے سمجھ میں آسکے۔

سہل الحصُول: (ع) جو بآسانی حاصل ہوسکے۔

سہل انگار: لاپروا، آرام طلب، آسانی پسند، جو کسی قسم کی پابندی کو خاطر میں نہ لانا چاہے۔

سہل انگاری: لاپروائی، آرام طلبی،کسی پابندی کو خاطر میں نہ لانا۔

سہ لُو: تاش کا پتا جس میں تین ہوں، تکا۔

سہلی: سہولت۔

سَہم: (ع) حصہ، رسید، دستاویز، تمسک حصہ داری۔

سَہم کردن: شرکت کرنا۔

سہم مرابد ہید: میرا حصہ، دیجیے۔

پول ہا را با اوسہم کردم: رقم میں میں نے اس کے ساتھ شراکت کرلی ہے۔

سہم از منافع: منافعہ میں شراکت۔

سہم دادن: حصہ دینا، کسی کا حصہ شامل کرنا۔

سہمِ قرضہ: قرضہ کی رسید، تمسک۔

صاحِب سہم: حصے دار۔

سَہم: ڈر، خوف۔

سہم دادن: ڈرانا، خوف دلانا۔

سَہم: (ع)تیر (سہام جمع)

سہ ماھہ: سہ ماہی۔

اطلاع نامہ سہ ماھہ: سہ ماہی رپورٹ۔

سَہمگِین: خوفناک، دہشت ناک، مہیب۔

سہمگینی: خوف، دہشت۔

سہمناک: خوفناک، دہشت ناک، مہیب۔

سہمی: جس کا تعلق شراکت سے ہو۔

سہمِیدن: ڈرانا، خوف دلانا۔

سہمِیِیہ: جس کا تعلق حصہ داری سے ہو۔

سہند: آذر بائیجان کا پہاڑ۔

سہ نفری: تین آدمیوں کا نام، جس میں تین آدمی شامل ہوں۔

سہ نوبت: تین بار، گانا جو محل کے سامنے دن میں تین بار گایا جاتا تھا۔

سَہو: (ع)خطا، بھول چوک، غلطی، فروگذاشت، لغزش۔

سہوِ حساب: شمار میں غلطی۔

سہودر کلام: بیان میں غلطی۔

سہودر زبان: بھول چوک، زبان کی لغزش۔

سہوِقلم: قلم کی لغزش، لکھنے میں غلطی۔

از روی سہو: سہواً، غلطی سے۔

سہُول: (ع) سہل کی جمع۔

سہولت: (ع) آسانی، سلاست، روانی، نرمی۔

مسائل را بہ خیلی سہولت حل کرد: اس نے بڑی آسانی سے مسائل کوحل کرلیا۔

سہولت بیان: بیان پر قدرت۔

سہویّات: غلطیاں، خطائیں، لغزشیں، فروگزاشتیں

سہ ہجائی: تین حرفوں کا لفظ، کلمہ سہ حرفی۔

سہی: سیدھا۔

سروسہی: سیدھا سرو، سہی عام طور سے تشبیہ یا استعارے کے طور سے استعمال ہوتا ہے۔

سہی بالا: سروسہی کی طرح۔

سُہیل: (ع) ستارہ سہیل۔

سُہیلی: ستارہ سہیل سے متعلق۔

سَہِیم: (ع) حصے دار، شراکت دار۔

او درین مال سہیم نیست: اس جائداد میں اس کا حصہ نہیں۔

سہیم شدن: حصہ دار بننا، کام میں شراکت ہونا۔

سی: تیس۔

سیا: سیاہ، کالا۔

سَئیات: (ع)سئیہ کی جمع، گناہ، بدیاں، بد انجام اعمال، برے کام۔

سیاج: باڑ۔

سیّاح: (ع) سیرو سیاحت کرنے والا۔

سیاحَت: (ع) سفر، مسافرت۔

سیاحت کردن: حالات معلوم کرنے کے لیے کسی دوسری جگہ جانے کے لیے سفر کرنا۔

سیاحت نامہ: سفرنامہ جو سیاحت کے حالات پر مشتمل ہو۔

سِیادت: (ع) سرداری، بزرگی، برتری، تفوق، عظمت۔

سیادت: (ع) رسول کریم (ص) سے رشتے داری حضرت بی بی فاطمہ (رض) کی نسبت سے۔

سیّار: (ع)(۱)سیرو سیاحت کرنے والا (۲)حرکت اور گردش کرنے والا، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا۔

سیار: جو کی روٹی۔

سیارات: (ع) سیارہ کی جمع، گردش کرنے والے ستارے۔

سیارات صِغار: چھوتے ستارے۔

سیارات کِبار: بڑے ستارے۔

سیّارِہ: (ع)وہ ستارہ جو اپنی حرکت سے گردش کرتا ہے۔

سیّاس: (ع) سیاست کار، سیاست مدار، سیاست اختیار کرنیوالا۔

سیاست: (ع)(۱)تدبیر امور ملک، ملک کے انتظامی حالات کا علم (۲)دبدبہ، سزا، سخت گیری، مثال:

فلك را از کرم تعلیم دادہ
ملك را از سیاست بیم دادہ

خالق کائنات نے آسمان کو اپنے لطف و کرم سے تعلیم دی اور فرشتے کو سزا کا خوف دلایا۔

از روی سیاست: ملکی حالات کے لحاظ سے، بین الاقوامی تعلقات کے لحاظ سے۔

سیاست بازُ: سیاست کا کھیل کھیلنے والا۔

سیاست دان: ملکی حالات کو جاننے والا۔

سیاست گاہ: سیاست کا عملی میدان۔

سیاست گر: (۱)سزا دینے والا (۲)سیاست مدار۔

سیاست مدار: جسے سیاست میں صلاحیت ہو، سیاست اختیار کرنے والا، سیاست کو اپنا طریق عمل اختیار کرنے والا۔

سیاست مدارانہ: سیاست دان کی طرح۔

سیاست مدارانہ حرف می زند: سیاست دانوں کی

طرح باتیں کرتا ہے۔

سیاست مداری: سیاست، فن سیاست میں مہارت، سیاسی حکمت عملی۔

سیاستی: سیاسی۔

سیاسی: نظام ملک کے امور، امور سیاست۔

احزابِ سیاسی: سیاست دانوں کی جماعتیں۔

اقتصادِ سیاسی: سیاسی معیشت۔

امور سیاسی: سیاسی مسائل۔

مرد سیاسی: سیاست دان۔

سیاسیات: سیاسی معاملات، سیاسی مسائل، امور سیاسی

سیا سیون: سیاسی کی جمع، سیاست دان۔

سیاط: (ع) سوط کی جمع۔ تازیانے، کوڑے۔

سیّاف: (ع) شمشیر گر، مرد شمشیرزن۔

سِیاق: (ع)(۱)ترتیب، طرز (۲)رفتار، روش، طریق، راہ، انداز۔

سیاقِ سخن: بیان کی روش، انداز بیان۔

سیاقِ عبارت: عبارت کی ترتیب۔

سیاقِ کلام: اسلوب کلام، طرز جملہ بندی۔

سیاق: (ع) جانوروں کو چلانا، سدھانا۔

سیاقَت: (ع) جانوروں کو ایک راستے پر لے جانا۔

سیّال: (ع) بہنے والی چیز، مائع۔

آب جسمِ سیال است: پانی بہنے والی چیز ہے۔

سیالہ: (ع) سیال کی تانیث (۱)بہاؤ (۲)بجلی کا جریان (۳)تیز دھارا، تیز بہنے والا، سیل، سیلاب، طوفان۔

سِیام: ملک کا نام۔

سی ام: تیسواں۔

سیامك: کیومرث کا بیٹا۔

سِیامی: ملک سیام کا باشندہ۔

سِیاؤش: کیخُسرو کے بیٹے کا نام۔

سیاووش: سیاوش۔

سِیاہ: کالا۔

بختِ سیاہ: بدبختی۔

دۂ سیاہ: حبشی عورت۔

جہاں را بر اوسیاہ کردند: دنیا اس کے لیے اذیت رساں بن گئی۔

روزگاش سیاہ شد: اس کا وقت تباہ ہوا، زندگی تباہ ہوئی۔

رویش سیاہ شد: وہ سخت نادم ہوا، وہ ذلیل و رسوا ہوا۔

سیاہ کردن: کالا کرنا، برباد کرنا۔

قمار بازی روزگارش را سیاہ کرد: جوئے بازی نے اس کی زندگی برباد کردی۔

نامہ سیاہ: کسی کی برائیوں کا اعمال نامہ۔

سیاہ آب: (۱)دلدل (۲)سیاہی جس سے لکھتے ہیں۔

سیاہ بخت: بد بخت، بد نصیب۔

سیاہ بختی: بد نصیبی۔

سیاہ پستان: (بد نصیب عورت) جس کے بچے مرجاتے ہیں۔

سیاہ پُوش: سیاہ لباس پہنے ہوئے، ماتمی لباس میں، ماتم کرنے والا۔

سیاہ چادر: سیاہ خیمہ، سیاہ خیمے میں رہنے والا۔

سیاہ چال: تاریک گڑھا، زمین دوز زندان، قلعے کا تہ

خانہ۔

سیاہ چردہ: کالے رنگ کا۔

سیاہ چشم: کالی آنکھوں والا۔

سیاہ خانہ:(۱)محبس، زندان (۲)دنیا (۳)صحرا نشینوں کا خیمہ۔

سیاہ دست: بخیل، خسیس، منحوس۔

سیاہ درون: سیاہ دل، تیرہ باطن، بد باطن، بداندیش، کینہ ور کینہ توز، بد خواہ۔

سیاہ دلی: بد باطنی، بداندیشی، کینہ وری، بدخواہی۔

سیاہ رگ: ورید۔

سیاہ رو: بے شرم، بے غیرت، ذلیل۔

سیاہ روی: ذلت و رسوائی، بے شرمی، بے غیرتی۔

سیاہ روز: ناکام، بد نصیب، تیرہ روز۔

سیاہ روزگار: سیاہ روز، بد نصیب، ناکام و نامراد۔

سیاہ روزی: بد نصیبی، بد بختی، ناکامی، نامرادی۔

سیاہ زبان: بد زبان۔

سیاہ زخم: پھوڑا، دنبل۔

سیاہ سر: کنایہ ہے بیوہ عورت کا، نیز کنایہ ہے قلم کا جس کی نوک پر سیاہی ہو۔

سیاہ سرفہ: کالی کھانسی۔

سیاہ فام: کالے رنگ کا، حبشی۔

سیاہ قلم: تصویر جس میں صرف سیاہی استعمال کی گئی ہو۔

سیاہك: سیاہ رنگ کا، غلے کا سیاہ رنگ کا ہو جانا

سیاہ کاج: ایک قسم کا خوبصورت اونچا درخت جس سے گندہ بروزہ حاصل ہوتا ہے، اس سے پائیدار عمارتی لکڑیاں اور دباغت کے کام کی چھال حاصل ہوتی ہے۔

سیاہ کار: بدکار، دھوکے باز، فریبی۔

سیاہ کاری: بدکاری، دھوکے بازی، بد عملی، فریب کاری۔

سیاہ کاسہ: منحوس، گھٹیا، کمینہ، پست فطرت، فرومایہ بخیل۔

سیاہ گلیم: بد نصیب، بد بخت۔

سیاہ گوش: بن بلاؤ

سیاہ گون: سیاہ رنگ۔

سیاہ مغز: سودائی، افسردہ، پژمردہ، دلگیر، غمگین، وحشت انگیز، محزون طبع۔

سیاہ نامہ: گناہوں کا اعمال نامہ۔

سیاہ و سفید را تشخیص دادن: پڑھا لکھا ہونا۔

سیاھہ: (۱)بیجک، اشیای مرسلہ کی فہرست وغیرہ، صورت حساب اشیا (۲)طوایف، فاحشہ، جندہ۔

اثاثیہ را باید سیاھہ کرد: فرنیچر یا سازو سامان کی فہرست بنا لینا چاہیے۔

سیاہی: کالا رنگ، ڈراؤنی شکل، خیالی شکل جس سے ڈر لگے، کابوس۔

سیاہی از دود: دھوئیں کی کالک۔۔

سیاہئ لشکر: لاتعداد فوج،لوگوں کا ہجوم جو کثرت ظاہر کرنے کے لیے جمع ہوں۔

سیاہی مرکب: دوات کی سیاہی۔

سیب: ایک مشہور پھل۔

سیب زمینی: آلو۔

سیبا: (ت)دیوار جو کوچے کے کنارے یا کسی اور جگہ اپنی حفاظت کے لیے بنائی جاتی ہے۔

سِیبَوَیه: ایرانی ماہر صرف ونحو، عمر بن عثمان کا لقب

سیبیا: مچھلی کی ایک قسم۔

سی پارہ: قران کریم کے تیس حصے ہر حصہ پارہ کہلاتا ہے۔

سِیجان: ساج کی جمع، توا، بصورت جمع۔

سِیج: سازو سامان، نظم و ترتیب۔

سِیچیدن: مہیا کرنا، نظم و ترتیب دینا۔

سَیحُون: ملک تاتار کا مشہور دریا، سیر دریا۔

سِیخ: لوہے کی سلاخ جس میں کباب پرو کر آگ پر بریاں کرتے ہیں۔

سیخ زدن-سیخ کشیدن: آگ کو سلاخ سے کریدنا، بھوننا۔

سیخ بخاری: آگ کریدنے کی سلاخ۔

گوشت را بسیخ کشیدہ کباب کردیم: گوشت کو سلاخ پر چڑھاکر ہم نے اسے بھونا۔

سیخ: سخت۔

سیخ شدن: سخت ہوجانا۔

سیخ کردن: سخت کرنا۔

سیخ پَر: پرندے کا بچہ جس کے پر ابھی نکلے ہوں۔

سِیخچہ: چھوٹی سلاخ۔

سیخ سیخ: سختی سے۔

سیخ سیخ راہ رفتن: لنگڑا کر چلنا، مشکل سے چلنا۔

سیخك: چھوٹی سلاخ۔

سیخ گردان: جیک، جس سے موٹر گاڑی کے پہیے کو اوپر اٹھاتے ہیں۔

سیخُول: سیخور، بڑا خارپشت جس کے بدن کے کانٹے زیادہ لمبے ہوتے ہیں۔

سِیّد: (ع)حضرت فاطمہ(رض) کی اولاد، سردار، بزرگ، آقا، پیشوا۔

سیدزادہ: سیدکا بیٹا۔

سید المُرسلین: (ع)حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لقب۔

سیِّدہ: (ع)سید زادی۔

سیِّدی: (ع)میرے آقا، یہاں یاے معروف میں "ی" میرے کے معنی دیتی ہے۔

سِیر: مطمئن، جی بھرنا، پیٹ بھرنا۔

من سیر شدم: میں مطئن ہوگیا ہوں، مجھے اور ضرورت نہیں، پیٹ بھر گیا ہے۔

سیر: بیزار۔

سیر از زندگی: زندگی سے بیزار، زندگی سے جی بھرنا۔

سیراز گر سنہ خبرندارد: جس کا پیٹِ بھرا ہوا ہو اسے کیا خبر کہ بھوکا کس حال میں ہے۔

سِیر: لہسن۔

سیر: ایک مخصوص وزن سولہ چھٹانک کا۔

سَیر: (ع) چلنا، تفریح کی غرض سے باہر جانا، گردش، ہوا خوری۔

سَیر کواکب: سیاروں کی گردش

آتشبازی را سیر کردید؟: کیا آپ نے آتش بازی دیکھی ہے؟

او در کتابہای ہیئت سیر می کرد: وہ علم

ہیئت کی کتابوں کے مطالعے میں محو رہا۔

سِیَر: (ع) سیرت کی جمع، عادتیں، خصلتیں، علم تواریخ جس میں لوگوں کی زندگی کے حالات درج ہوں۔

سَیراب: شاداب، جسے پانی دیا گیا ہو، پانی سے لبریز۔

سیراب کردن: پانی دینا، پیاس بجھانا، آبپاشی کرنا۔

سِیراب: بکرے وغیرہ کی اوجھڑی جو پکا کر کھائی جاتی ہے۔

سیراب فروش: اوجھڑیاں بیچنے والا۔

سیرابی: سیراب

سیرابی: اوجھڑیاں بیچنے والا۔

سیران: تفریح کی غرض سے سیرو گردش۔

سیراو: سیراب۔

سِیرت: عادت، خصلت، کردار، اخلاق۔

سِیرج: تلوں کا تیل۔

سیر جان: صوبہ کرمان کا ایک ضلع۔

سیرچشْم: مطمئن، صابر، قانع، باحوصلہ۔

سیرك: سرکس، تماشا گاہ، جولانگاہ۔

سیرگاہ: سیر کرنے کی جگہ، تماشا گاہ۔

سِیرُم: تسمہ، چمڑے کی پیٹی جس میں بکسوا لگا ہو، باندھنے کے لیے بستر بند وغیرہ کا تسمہ، ڈوری۔

سیرمان: (۱)سرخ یاقوت، منقش حریر۔

سِیرنگ: ایک افسانوی پرندہ، سیمرغ، عنقا، مثال۔

جز خیالی ندیدم از رخ او
جز حکایت ندیدم از سیرنگ

تیرے چہرے کا تصور خیال میں سمایا ہوا ہے اب وہ دیکھنے میں نہیں آتا، جیسے کہ سیمرغ یا عنقا کا ذکر تو سننے میں آتا ہے لیکن وہ کہیں دکھائی نہیں دیتا۔

سیری: (۱)جی بھرنا، پیٹ بھرنا، نیّت بھرنا (۲) بیزاری۔

سیری نا پذیر: جی نہ بھرنا، نیت نہ بھرنا، پیٹ نہ بھرنا، اطمینان نہ ہونا۔

سِیز: تندو تیز۔

سیزاب: نیلے پھولوں کا ایک پودا۔

سِیزدہ: تیرہ۔

سیزدہ بدَر: اہل ایران کے "سال نو" کا تیرھواں دن جب سب لوگ تفریح کے لیے باہر جاتے ہیں، اسے سیزدہ بدر اور روز سیزدہ بھی کہہ دیتے ہیں۔

سیزدہ گانہ: تیرہ۔

سیزدہُم: تیرھواں۔

سیزد ھُمی: تیرھواں۔

اطاق سیز دھمی: تیرہواں کمرہ۔

سِیس: تیزروگھوڑا۔

سیستان: ایران کا مشرقی صوبہ اسے سجستان بھی کہتے ہیں۔

سیستانی: سیستانی کا باشندہ، سیستان سے متعلق۔

سِیستَم: مفرس سسٹم۔ اسلوب، قاعدہ۔

سیستن: ڈھونڈنا، جَست و خیز کرنا۔

سیسنبر: ایک پودا جس کی پتیوں کی بہت تیز خوشبو ہوتی ہے، کھانے میں مسالے کے طور سے بھی استعمال

ہوتا ہے۔

سِیصد: سہ صد تین سو۔

سیصد سالہ: تین سوسالہ تقریب۔

سیصدُم: تین سوواں سال۔

سیصدی-سیصدمیں: تین سوواں۔

سیصدی جشن: تین سوواں جشن۔

سَیطرَہ: (ع) غلبہ پانا، تسلط پانا۔

سِیغ: خوبصورت حسین و جمیل، زیبا، رعنا، مثال:

برفگن برقع ازاں رُخسارِ سیغ

تابر آید آفتاب از زیرِ میغ

حسین و جمیل چہرے سے پردہ ہٹا دو تاکہ بادل کے نیچے سے آفتاب طلوع ہو جائے۔

سیفُود: عجزو انکسار، تواضع، فروتنی۔

سَیف: (ع)تلوار، شمشیر (سیوف جمع)۔

الوقتُ سیفٌ: وقت تلوار ہے۔

سیفُ الجبّار: (ع) (علم ہیئت) منطقۃالجوزا، سات ستاروں کی ایک صورت، تین ستارے جو صورت جوزا کے بیچ میں ہیں۔

سیفُ الغُراب: (ع) ایک پودا جس کے پتے تلوار جیسے ہوتے ہیں، ایک قسم کی سوسن۔

سِیف: ایک قسم کی دریائی مچھلی جس کی چونچ لمبی ہوتی ہے۔

سیفُور: دیبا اور اطلس جیسا گرانقدر ریشمی کپڑا۔

سِیك: پھپوندی، کالک کا دھبہ، زنگ۔

سیك:(ت) آلہ تناسل۔

سیکا: بطخ، اردک۔

سِیکران: زہریلے پودے کے بیج۔

سیکك: (۱)کرم دانہ، سونڈ دار کیڑے جو غلہ یا پھل پر بسر کرتے ہیں (۲)گھن وغیرہ۔

سیکل:مفرس سائیکل (انگ)اجرام فلکی کی گردش، دور دورہ۔

سِیکی: مخفف سہ یکی، شراب سہ آتشہ۔

سِیگار: سگار۔

سِیگار کشیدن: سگار کے کش لگانا۔

سِیگارت: سگریٹ۔

سیگاری: سگریٹ کی شکل کا۔

سَیل: (ع) سیلاب، طوفان۔

سیل اشك: آنسوؤں کا طوفان، کثرت سے آنسو بہنا۔

سیلِ حوادث: حادثات کا طوفان۔

سیل کند: شگاف اور گڑھے جو سیلاب کی وجہ سے سطح زمین میں پڑ جاتے ہیں۔

سیلاب رِیز: آنسوؤں کا طوفان، سیلابی لہروں کا امڈنا۔

سیل گرِفتن: طوفان کی لپیٹ میں آنا۔

سیلاب گیِر: جو جگہ طوفان کی لپیٹ میں آجائے۔

سیلابی: طوفانی۔

رُود خانہ سیلابی: طوفانی دریا۔

سَیلان: بہتا ہوا، رواں، جاری۔

سیلانِ دم: خون کا جاری ہونا۔

سیلان بزاق: لعاب خیزی، تھوک نکلنا۔

سیلان: سیلون، سری لنکا

سیلان: کھجوروں کا شیرہ۔

سیلانہ: عناب، عناب کا درخت۔

سی لحْن: موسیقی کی تیس راگنیاں۔

سی لحنِ بار بدی: تیس راگنیاں جو ایران کے موسیقار باربد نے ایجاد کی تھیں۔

سَیلخیز: طوفان پیدا کرنے والی۔

سیلِہ: گلہ، ریوڑ۔

سیلی: طمانچہ، تماچہ، تھپیڑ۔

سیلی خوردن: تماچہ لگنا۔

سیلی زدن: تھپڑ مارنا۔

سیلئی نقد بہ از حلوای نسیہ: ادھار کے حلوے سے طمانچہ کھانا بہتر ہے۔

سَیلی: طوفانی۔

سِیم: (۱)چاندی، نقرہ، روپیہ پیسہ (۲)تار، ڈوری۔

سیمِ انداختن: تار لگوانا۔

سیمِ تلفون: ٹیلیفون کا تار۔

سیمِ تلگراف: ٹیلیگراف کا تار۔

سیمِ خاردار: کانٹوں والا تار۔

سیمِ خالص: خالص چاندی۔

سیم دغل–سیم قلب: کھوٹی چاندی، مصنوعی چاندی۔

سیم کشیدن: ٹیلیفون یا بجلی کا تارلگوانا۔

سیم و زر: چاندی سونا، دولت، ثروت۔

سِیُم: تیسرا۔

سیم آنکہ: تیسرے یہ کہ۔

سِیما: (۱)منظر، صورت، چہرہ (۲) چہرے کا تاثر۔

خطوط سیما: خدو خال، چہرہ۔

سِیما: منظر، صورت ترجیع دینے کے موقع پر کہتے ہیں، جس کا مطلب بالخصوص یا علی الخصوص ہے۔

سیماب: پارہ۔

سیمابِ آتش: سورج کا کنایہ ہے۔

سیمابِ دیدہ: بہتے ہوئے آنسو۔

سیمابِ دل: بزدل، کمزور دل۔

سیمابی: پارے کی طرح۔

سِیمان: سیمنٹ۔

سیم اندام: نازک اندام، لطیف پیکر، نرم و نازک جسم، حسین و جمیل۔

سیم اندُود: جس پر چاندی کا ملمع کیا گیا ہو۔

سیمبان: جو شخص بجلی اور ٹیلیگراف وغیرہ کے تاروں کی نگہبانی کرتا ہے۔

سیمبَر: سیم اندام، سیم تن، چاندی جیسے تابناک جسم والا۔

سیم پرَست: دولت پرست، روپے پیسے سے محبت کرنے والا۔

سیمتَن: نازک اندام، حسین، جمیل، رعنا، زیبا۔

سیمُرغ: بہت بڑا افسانوی پرندہ۔

سیم ساق: جس کی پنڈلیوں میں چاندی کی سی رعنائی اور زیبائی ہو۔

سیم عذار: جس کے رخسار چاندی کی طرح چمکتے ہوں، حسین و جمیل، رعنا و زیبا۔

سیم غبغب: جس کی تھوڑی چاندی نما ہو۔

سیمَک: تیزھے سر والی چھڑی جس سے ریشم کے تار کوتاب دیتے ہیں۔

سیمکش: مرمت وغیرہ کے لیے تار کھینچنے والا۔

سیمکشیدن: ٹیلیفون یا بجلی کا تار ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔

سِیمگر: سنار جو چاندی کے زیور وغیرہ بناتا ہے۔

سیمگوں: چاندی کے رنگ کا۔

سیمناد: باب، فصل۔

سیمہ: سراسیمہ: حیران، پریشان۔

سیمی-سیمین: چاندی کی طرح، خوبصورت، تاباں، درخشان

سیمیا: سحر، جادو، علم طلسم جس کے ذریعے موہوم اشیا جن کا کوئی وجود نہ ہو، لوگوں کو دکھاتے ہیں۔

سیمین: چاندی کا سا، چاندی کی طرح درخشاں، تاباں، خوبصورت۔

ساعدِ سیمین: چاندی کی سی خوبصورت کلائی۔

ظروفِ سیمیں: چاندی کے برتن۔

سیمین: سومین، تیسرا۔

سیمین بر: سیمبر، نازک اندام، لطیف پیکر۔

سیمین تن: سیمتن، نازک اندام، نازنیں۔

سیمین عذار: سیم عذار، جس کا چہرہ زیبا رعنا اور خوبصورت ہو۔

سین: ابجد کا حرف س۔

سینا: بو علی سینا کا باپ۔

سَینَجر: کوئلے، اخگر۔

سینِہ: چھاتی، آغوش، پھیپھڑا۔

سینہ اش خراب است: اسے پھیپھڑے کی بیماری ہے۔

سینہ بند: پٹی جس سے سینہ باندھا جائے، انگیا، بچے کا بب۔

سینہ بی کینہ: صاف سینہ جس میں کسی کے خلاف کینہ نہ ہو، صاف دل۔

سینہ زدَن: پیٹنا۔

سینہ صاف کردن: گلے کو صاف کرنا۔

سینہ گُشادن: سینہ کھولنا۔

برای کسی سینہ سپر کردن: کسی کو بچانے کے لیے سینہ سپر کرنا۔ خطرے یا مشکل میں اپنے آپ کو خطرے میں ڈال کر دوسرے کو بچانا۔

سینہ پُوش: سینہ بند، انگیا۔

سینِہ پہلو: پھیپھڑے کی جلن، ذا ت الریہ۔

اوسینہ پہلو شدہ است: اسے نمونیہ ہو گیا ہے۔

سینہ چاک: غمگین، افسردہ، آزردہ، پژمردہ، غمناک۔

سینہ رِیش: جس کا سینہ دکھ درد سے زخمی ہو، پریشان حال، مصیبت زدہ۔

سینہ زن: پیٹنے والا، ماتم کرنے والا۔

سینہ زنان: پیٹتے ہوئے۔

سینہ زنی: سینہ کوبی، پیٹنا۔

سینہ سپرکردن: خطرہ برداشت کرنا، اپنے آپکو خطرے میں ڈال کر بھی کسی کا دفاع کرنا، آمادہ جنگ ہونا۔

سینہ سُوزی: کرب، سخت جسمانی یا دماغی تکلیف۔

سینہ صاف: مخلص، صادق، راستباز، صاف دل، صاف باطن، صاف گو، صاف صاف کہنے والا دوست۔

سینہ کش: ڈھلوان۔

او زسینہ کشِ کوہ بالا رفت: ڈھلوان کے ذریعے وہ پہاڑ کے اوپر چڑھا۔

سینہ مال: رینگتے ہوئے، جھک جھک کر۔

سینہ مال رفتن: جھک جھک کر چلنا۔

سِینی: دھات کی بڑی طشتری، سینی، ترے۔

سِیو: سیب۔

سیُورسات: سامان خور و نوش جو لشکر کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔

سیور غال: (ت) حصہ ملکی، باجگذارعلاقہ

سیور غامش: پاسدار، نگہبان۔

سیور غامیشی: پاسداری، مدد، اعانت، عنایت بے غایت۔

سیوطی: (ع)مفسر قران جلال الدین بن محمد کا لقب۔

سیہہ: کسبی عورت، طوائف، فاحشہ۔

سیئہ: (ع) گناہ، بدی (سیئات جمع)۔

ش

ش- فارسی ابجد کے لحاظ سے سولھواں اور عربی کا تیرھواں اور اردہ کا انیسواں حرف ہے، اس کے اعداد ابجد کے لحاظ سے تین سوہیں، ش کو فارسی میں کبھی ز سے بھی تبدیل کردیا جاتا ہے، ش لفظ کے آخر میں آئے تو ضمیر واحد غائب کے معنوں میں آتا ہے مثلاًکتابش" اس کی کتاب-دید مش میں نے اسے دیکھا۔ ش بصورت جمع یعنی "شان" آئے تو وہ جمع غائب کے معنی دیتا ہے، مثلاً کتابہای شان ان کی کتابیں ۔

شا: شاہ کا مخفف ہے۔

شاب: (ع) جوان، نوجوان آدمی، جوانی۔

شاباش: کلمہ تعریف، شادباش، خوش رہو، خوب کیا تم نے، واہ واہ!۔ مثال:

گرسِیم دہی ہزار اَحسَنت
ور زربخشی ہزار شاباش

اگر چاندی کی صورت میں پیشکش کروگے تو ہزار مرتبہ تم قابل تعریف ہو سونے کا ہدیہ دوگے تو ہزار مرتبہ توصیف و تحسین کے لائق ہوگے۔

شاباش: رقم جو جشن و شادمانی کے موقع پر گانے والوں یا نقالوں وغیرہ کو دی جاتی ہے، وہ رقم جو عروس اور دلہا کے سر صدقہ کے طور سے دی جاتی ہے۔

شاپُور: (۱) کئ ساسانی بادشاہوں کا نام (۲)خسرو پرویز کے دربار کے مصور کا نام جو شیریں کی تصویریں بناتا تھا۔

شات: بکرا یا بکری۔

شاتُو: (ت) سیڑھی۔

شاخ: (۱)درخت کی ٹہنی (۲)جانور کا سینگ (۳)ٹکڑا، جزو، حصہ، آخر کا سرا۔

شاخ آہو: ہرن کا سینگ، کنا یہ ہے کمان کا

شاخ در جیب کسی نہادن: کسی کو کام کی تحریک دلانا۔

شاخ زدن: نقارہ بجانا۔

شاخ زدن: سینگ مارنا۔

شاخ و برگ دادن (گذاشتن): کسی کی نشوونما کے لیے مدد دینا۔

شاخابہ: چھوٹی ندی یانہر جو دریا سے نکالی جاتی ہے، معاون ندی۔

شاخچہ: شاخک، چھوٹی شاخ۔

شاخدار: سینگوں والا، جس درخت کی کئی شاخیں ہوں۔

شاخ زدن: سینگ مارنا۔

شاخسار-شاخیں: درخت جو شاخوں سے پر ہوں۔

شاخ شاخ: بہت سی شاخیں۔

شاخ شانہ: کندھے کی ہڈی۔

شاخ شکستہ: ٹوٹی ہوئی شاخ، ٹوٹا ہوا سینگ۔

شاخص: (ع)(۱) نشان بتانے والا، تعین کرنے والا، برگزیدہ، وہ ستون جس کی مدد سے سورج کے ارتفاع نصف النہار کا مشاہدہ کیا جاتا ہے۔

شاخل: ماش کی طرح کی دال۔

شاخ شاخہ کشیدن: نزاع کے لیے آمادہ ہونا، لڑائی کے لیے تیار ہونا۔

شاخ و برگ دادن: نشو و نما کرنا، وسعت دینا۔

شاخہ: ایک شاخ۔

شاخہ زدن: شاخ کاٹنا۔

مرغ روی شاخہ نشستہ است: پرندہ شاخ پر بیٹھا ہے۔

شاخہ دار: جس درخت کی کئی شاخیں ہوں۔

شاخہ شاخہ: بہت سی شاخوں والا۔

شاخہ شاخہ کردن: شعبوں میں تقسیم کرنا۔

شاخی: سینگوں والا، شاخ جیسا، سینگوں کا بنا ہوا۔

شاد: خوش، مسرور، محظوظ، خوشحال۔

شاد زی: خوشی سے زندگی بسر کرو۔

شاد شدن: خوش ہونا۔

شاد کردن: خوش کرنا، خوشی کا سبب بننا۔

چون او را دیدم شاد شدم: جب میں نے اسے دیکھا تو مجھے خوشی ہوئی۔

روحش شاد باش: خدا کرے کہ اس کی روح کو تسکین ہو۔

شاداب: سرسبز، تازہ، پرآب، مثال:

تا چمن از بہار شاداب است
باد شاداب نخل دولت تو

جب تک گلستان موسم بہار سے سر سبز شاداب رہتا ہے، خدا کرے کہ تیری اقبال مندی کا درخت پھلتا پھولتا رہے۔

میوہ ہای شاداب: تازہ پھل۔

شادابی: سرسبزی، تازگی۔

شادان: خوش، خوشحال، فارغ البال۔

شادباش: شاباش، خوش رہو۔

شاد بہر: شاد، خوشحال، خوشی، مثال:

یکی روز خرم دل و شاد بہر
ہر آسودہ بود از ہوس ہای دہر

ایک دن دل کو خوشی اور راحت نصیب ہوئی اور زمانے کی سب ہوسوں سے دل کو آسودگی ملی۔

شادخ: (ع)(۱) بچہ، نازک، تروتازہ (۲) نیشاپور کا قدیمی نام۔

شاد خواب: خواب خوش، میٹھی نیند۔

شاد خوار-شادخوارہ: شادمان، خوش، مسرور، شراب کے نشے میں سرشار خوش باش شخص، لاپروا۔

شاد خواست: دلی تمنا، انتہائی خواہش۔

شاد خور: شاد خوار خوشحال۔

شادخی: شادخ سے متعلق جو نیشاپور کا قدیمی نام تھا۔

شاد دل: خوشدل، مسرور، شاد و خرم۔

شاددلی: خوشدلی، مسرت۔

شاد رواں: پردہ، کھڑکی، سائبان۔

شاد رواں: مرحوم۔

شاد کام: خوش و خرم، خوشحال، کامیاب، کامران۔

شاد کامی: خوشی، شادمانی، کامیابی۔

شادگار: شادمان، خوشحال۔

شادگونہ: (۱)تکیہ گاہ، صوفہ وغیرہ (۲)گانے والی عورت، زنِ آواز خوان۔

شادمان: خوش، مسرور، محظوظ، خوشحال۔

شادمانہ: خوشی سے۔

شادمانی: خوشی، راحت، خوشحالی۔

شادمانی کردن: خوشی منانا۔

در عروسئی پسر خود شادمانی بسیار کرد: اپنے بیٹے کی شادی پر اس نے بہت خوشی منائی

شادمند: شاد، خوش، شادمان۔

شادناک: شاد، شادمان۔

شادنہ: (طبقات الارض) دور ثالث کی متحجر قرص نما صدف۔

شادوَرد: (۱) چاند کے ارد گرد کا ہالہ (۲)دری، قالین، نیز تخت بادشاہی۔

شادُوف: ڈھیکلی۔

شادی: خوشی، شادمانی۔

شادی کردن: خوشی منانا۔

شاد یاخ: شادخ- نیشاپور کا قدیمی نام۔

شادیانہ: خوشی، خوشحالی، خوشی کے طور سے۔

شادِیچہ: بستر، لحاف۔

شاذ: نادر، کمیاب۔

لُغت شاذہم درین فرہنگ ہست: اس فرہنگ میں کمیاب الفاظ بھی ہیں۔

شار: شہر، وسیع و بلند عمارت، فراخ راستہ۔

شار: (۱) بہتے ہوئے، رواں، جاری (۲) لاحقے کے طور بھی شار آتا ہے مثلا سرشار، خوشی میں مست۔

شارِب: (ع) مونچھ، مونچھ کے بال۔

شارِب: (ع) پینے والا، شراب پینے والا۔

شارِح: (ع) شرح کرنے والا، تفسیر لکھنے والا، مفسر۔

شارخوار: رقاص۔

شار ژدافر: (فر) چارج ڈی افیرز، مامور سیاسی، وزیر مختار۔

شارساں: بہت سے شہروں والا ملک، شار بمعنی شہر۔

شارِستان: (۱)باغ کے درمیان محل (۲)شارساں، شہرستان۔

شارِع: (ع)قانون بنانے والا، مقنن (شوارع جمع)۔

شارِع: (ع) سڑک، شاہراہ۔

شارع خاص: ذاتی استعمال کی سڑک۔

شارع عام: عوام کے استعمال کی سڑک۔

حق شارع: گزر گاہ کا حق۔

شارِف: (ع) بزرگ، شریف۔

شارِق: (ع)(۱)تابندہ، درخشندہ، روشن، تاباں (۲)سورج۔

شارِقہ: (ع) شارق کی تانیث، تابش، درخشندگی۔

شارلاتان: نیم حکیم، عطائی، جھوٹا مدعی، زبان باز۔

شارمار: اژدہا، بڑا سانپ، افعی۔

شارن: پگڑی، عمامہ۔

شاروان: شادروان۔

شارہ: بڑی پگڑی، عمامہ۔

شارِیدن: اوپر سے نیچے کی طرف تیزی سے بہنا۔

شاسپَرن: ریحان۔

شاسترسُون: پودوں کی اقسام کے نام خصوصاً ایک گہرے سرخ رنگ کے پھولوں کا پودا جو سمندر کے کنارے اگتا ہے۔

شاسی: ڈھانچہ، چوکھٹا، قاب۔

شاش: بول، پیشاب۔

شاش داشتن: پیشاب کرنے کی ضرورت محسوس کرنا۔

شاش کردن: پیشاب کرنا۔

شاش بند: پیشاب کا رک جانا، حبس البَول۔

شاش دان: مثانہ، پیشاب کا برتن، قارورے کی شیشی۔

شاشك: چار تاروں والا رباب۔

شاشُو: جو سوتے میں بستر ہی میں پیشاب کردینے کا عادی ہو۔

شاشی: پیشاب سے بھرا ہوا۔

شاشی: چاچی، کمان کی ایک قسم۔

شاطِر: (ع) (۱)ایسے حیلے کرنے والا جو سمجھ سے بالا ہوں، شوخ، بیباک، چالاک (۲)نانبائی۔

شاط و شُوط: بھاگ دوڑ، شور و غل، ہنگامہ، اضطراری حرکتیں۔

شاطی: (ع) ساحل، کنار دریا۔

شاع: (ع) (۱)فاش، آشکار (۲)پراگندہ۔

شاعر: (ع) شعر کہنے والا۔

شاعرانہ: شاعر کے انداز میں، جس میں شعریت کا رنگ ہو۔

شاعرانہ فکر می کرد: شاعرکے انداز میں سوچتا تھا۔

شاعرَك: تک بند شاعر، متشاعر۔

شاعرِہ: (ع) شاعر کی تانیث، خاتون شاعر۔

شاعری: شعر کہنے کا فن، فن شعر، شاعرانہ جذبات، کسی جذباتی کیفیت کو شاعرانہ انداز میں بیان کرنا۔

شاعی: (ع) دور، بعید، حصہ مشترک۔

شاغِل: (ع) کسی کام میں مشغول، توجہ مبذول کرنا۔

شاغول: شاقول۔ ساہول کی ڈوری، پنسال۔

شاغولِہ: طرہ دستار، شملہ۔

شاف: وہ روئی کی بتی جس پر دوائی لگا کر زخم میں رکھتے ہیں، یا صابن کی بتی جو پاخانہ کھل کر آنے کے لیے دبر میں رکھی جاتی ہے۔

شاف کردن: مذکورہ صورت میں بتی کا استعمال کرنا

شافِع: (ع)شفاعت کرنے والا، شفیع، سفارش کرنے والا، کسی کے جُرم یا غلطی کی معافی کے لیے سفارش کرنے والا، گنہگار کی معافی چاہنے والا، حفاظت کرنے والا مثال:

عاصیان را چہ غم ہروزِشمار
چون تو دارند شافعی غمخوار

گنہگار لوگوں کو روز محشر کا کیا غم ہے جب آپ ایسے شفاعت کرنے والے غمخوار ان کے حامی ہوں

شافعی: (ع)مشہور فقیہ امام ابو عبداللہ محمد ابن ادریس کا لقب جو اہل سنت کے چار مسلکوں سے ایک کے بانی ہوئے ہیں، اس مسلک کے پیرو کو شافعی کہتے ہیں

شافعیہ: مسلک شافعی

شافی: (ع)شفا دینے والا، تسکین دینے والا، زخم یا

بیماری کو اچھا کرنے والا
الشافی: اللہ تعالی کی صفت جو شفا بخشنے والا ہے
جواب شافی: ایسا جواب جس سے تسکین ہو جائے
شاق: (ع) مشکل، سخت، دشوار
اعمال شاقہ: سخت محنت کے کام
شاقول: (ترکی ساہول) پنسال کی ڈوری جس سے معمار دیوار کی کجی یا درستی دیکھتے ہیں
شاکار: مزدوروں کو اجرت دیے بغیر جبر سے ان سے کام کرانا
شاکِر: (ع) شکر ادا کرنے والا، شکر گزار
شما باید شاکر باشید کہ کارتان بہ انجام رسید: آپ کو شکر گزار ہونا چاہیے کہ آپ کا کام انجام کو پہنچا
شاکمندن: نمدہ جو بھیڑ وغیرہ کی اون سے تیار کیا جاتا ہے
شاکی: (ع) شکایت کرنے والا
شاکی بودن: شکایت کرنا، جسے کوئی شکایت ہو
از دست من شاکی شد: اس نے میری شکایت کی
شاگِرد: طالب علم، متعلم، کام سیکھنے والا، دکان وغیرہ پر کام کرنے والا
او در دکان شاطی شاگرد است: وہ درزی کی دکان میں اس سے کام سیکھتا ہے
شاگردان دانشکدِہ: کالج کے طالب علم، تلامذہ
شاگردان دانشگاہ: یونیورسٹی کے طالب علم
شاگردانگی-شاگردانہ: وہ رقم جو انعام کے طور سے کسی کو دی جائے
شاگردی: کسی سے کچھ سیکھنا
شاگردی کردن: شاگرد ہونا
شاگردی گرفتن: کسی کو بطور شاگرد قبول کرنا
شال: اونی، ریشمی چادر
شال کشمیر: کشمیری شال
شالدِہ-شالودِہ: اساس، بنیاد، طرح ، نقشہ
شالودہ چیزی را ریختن: کسی چیز کی بنیاد رکھنا
شالِسنجان: تلخ زیتون
شالنگ: دری یا نمدہ وغیرہ جو قالین کے نیچے بچھایا جاتا ہے
شالنگی: رسہ بٹنے والا
شال نمد: نرم اون کی بنی ہوئی شال:
شالودِہ: دیوار کی بنیاد
شالھنگ: گرِو، گروی، رہن نیز بمعنی مکرو فریب و غوغا، سرکش و نافرمان
شالی: دھان، چاول جن پر ابھی چھلکے ہوں، منجی
شالی: اون کی خام جنس، اونٹ کی اون
شالی زار: دھان کا کھیت
شالی کار: چاولوں کی کاشت کرنے والا
شام: (۱) غروب آفتاب کا وقت، (۲) شام یا رات کا کھانا
شام خوردن: رات کا کھانا کھانا

شام دادن: شام کا کھانا دینا

شامِ عمر: زندگی کی شام، زندگی کا آخری وقت

شامِ غریباں: عشرہ محرم کی شام جب حضرت امام حسینؓ شہید ہوئے، اس شام کی یاد جو اہل تشیع مناتے ہیں

شام و نہار دادن: کھانا کھلانا

شام: ملک شام جس کے مشہور شہر دمشق اور حلب ہیں

شامات: ملک شام

شاماخ-شاماك: مستورات کا سینہ بند، انگیا

شامپان-شامپانی: شیمپئن کا مفرس، فرانس کی شراب کی ایک قسم

شامَت: (ع) بد نصیبی، بد شگونی، برائی

شامت: (ع) کسی کی بد نصیبی پر خوش ہونا

شامِخ: (ع) بلند، طویل، وضع

مَقامِ شامخ: بلند مقام

شامگاہ: شام کا وقت، رات کی نوبت یا نقارے کی آواز جو سپاہیوں کو اپنے مقام پر آجانے کے لیے دی جاتی ہے

شامِل: (ع) ملا ہوا، ساتھ، اکھٹا، شریک، متعلق، مشتمل

این قفسہ شامل صد جلد کتابہاست: اس بک شیلف میں ایک سو کتابیں اکٹھی ہیں

این مبلغ شامل خرج سفر او نیز خواهد بود: یہ رقم اس کے سفر خرچ میں ملی ہوگی ہے

شامِہ: سونگھنے کی قوت

حسِ شامہ-قوت شامہ: سونگھنے کی قوت

عصَبِ شامہ: سونگھنے کی حس

متعلق بہ شامہ: سونگھنے کی قوت سے متعلق

شامہ: (۱) رومال، تولیا، نازک جھلی

شامۂ شش: پھیپڑے کی جھلی

شامی: ملک شام کا باشندہ

شامی: ایک خاص قسم کی غذا مثلاً شامی کباب جو مخصوص طریقے سے تیار کیے جاتے ہیں

شامی: شام کے وقت سے متعلق

شامیانِہ: (۱) سائبان، خیمہ

شان: مخفف ایشان ان کا، ان کو

دید مشان: میں نے انھیں دیکھا

کتاب های شان: ان کی کتابیں

شان: شہد کا چھتا

شان: درجہ، مرتبہ، رتبہ، قدر، شکوہ، عظمت، شوکت

شان او نیست کہ اینجا بیاید: اس کا درجہ ایسا نہیں کہ وہ یہاں آئے

شان نزُول: فرمان خداوندی کا نازل ہونا

قصیدہ درشان او گفتہ شدہ است: قصیدہ اس کی عظمت و شوکت کے متعلق کہا گیا ہے

(شان کی جمع شئون ہے)

شانتاژ: چانٹیج کا مفرس، راز چھپانے کے لیے دباؤ ڈالنا

شاندار: باعظمت، عالی مرتبہ، عالی شان، بلند مرتبہ

شاندن: نشاندن، بٹھانا، جگہ دینا

شاندن: کنگھی کرنا

شانزدِہ: سولہ

اوشانزدہ سال دارد: اس کی عمر سولہ سال ہے

شانزدہ گانہ: سولہ فصلیں

شانزدہ گانہ کتاب: تاب کی سولہ فصلیں

شانزدهم: سولھواں

شانزدهمی دختر بود: سولھویں لڑکی تھی

شانزدهمین: سولھواں

شانزد همین جشن سالیانه: سولھواں سالانہ جشن

شانگ: پرندوں کا چینہ دان، پوٹا

شانه: کنگھی، اون صاف کرنے کا کنگھا، لوہے کا کنگھا جس سے سن کو صاف کرتے ہیں، بھوسا اڑا کر صاف کرنے کا آلہ پنجہ نما

شانه اندازی کردن: شیخی بگھارنا

شانه خالی کردن: فرض سے پہلو تہی کرنا

شانۂ دشت: لمبی شاخوں والا کنگھا، لمبے دندانوں والا کنگھا

شانه زدن: کنگھی کرنا

شانه عسل: شہد کی مکھیوں کا چھتا

شانۂ کتان: سن کو صاف کرنے کا دندانہ دار کنگھا

خانم زلف خود را شانه کرد: خانم نے اپنے بالوں میں کنگھی کی

شانِه: کندھا

شانه بالا انداختن: کندھے اچکانا

شانه خالی کردن: اپنی ذمے داری سے پہلو تہی کرنا

شانه زدن: کندھے سے دھکیلنا

چرا از وظیفۂ خود شانه خالی می کنید؟: اپنی ذمے داری سے تم پہلو تہی کیوں کرتے ہو؟

شانه شانه: شانہ بشانہ، دوش بدوش ساتھ ساتھ

شانه ای: کندھے سے متعلق

شانه ای: کنگھی کی متعلق

شانه بند: کندھے کی پٹی

شانه بین: فال بین، فال گیر

شانه پهن: چوڑے کندھے

شانه پیچ: اپنے فرض سے کوتاہی کرنے والا؛

شانه تراش: کنگھیاں بنانے والا، شانہ ساز

شانه دان: کنگھی رکھنے کی ڈبیا

شانه زن: کنگھی کرنے والا

شانه ساز: کنگھیاں بنانے والا

شانه سر: شانہ سرک

شانه سرك: ہدہد جس کے سر پر تاج نما کلغی ہوتی ہے

شانه کرده: کنگھی کی گئی

شانی: کسی کے مرتبے یا شان و شوکت کے متعلق

شانیدن: نشاندن: بٹھانا

شاه: (۱)بادشاہ، صاحب تاج و تخت (۲)شطرنج کا شاہ

شاهکار: فن کا بہترین نمونہ، فن کا سب سے بڑا کارنامہ

شاها: اے بادشاہ

شاه اسپرم: شاہ سپرم، ریحان، نازبو

شاه انجم-شاه خاور: آفتاب

شاه اندازی: ڈینگیں مارنا، شیخی بگھارنا، خودستائی کرنا

شاہانہ: بادشاہوں کی طرح، ملوکانہ۔

ضیافتِ شاہانہ: ملوکانہ انداز کی ضیافت۔

شاہباز: شاہین، باز، طاقتور شکاری پرندہ۔

شاہ بالا: شادی کے موقع پر دلہا کے ساتھ بیٹھنے والا۔

شاہبالُود: شاہ بلوط۔

شاہ بَلوط: ایک قسم کا بلند، بالا درخت جس کا پھل شیریں ہوتا ہے۔

شاہ بندر: رئیس بندرگاہ، کسٹم کا افسر اعلی، محصول خانے کا ناظم۔

شاہبُوی: عنبر۔

شاہ بَیت: غزل یا قصیدہ کا بہترین شعر۔

شاہپَر: پرندے کا مضبوط ترین پر جس سے اسے قوت پرواز حاصل ہوتی ہے، شاہ بال۔

شاہپرِ دُمِ خروس: مرغ کی دم کا سب سے لمبا پر۔

شاہ پرَست: بادشاہ کا مخلص فرمانبردار۔

شاہ پرستی: بادشاہ کی مخلصانہ فرمانبرداری۔

شاہپرَم: شاہ سپرم، ریحان۔

شاہ پُور: بادشاہ کا بیٹا، تین ساسانی بادشاہوں کے نام، شہزادہ، ایک بندرگاہ جو ۱۳۰۸ شمسی میں خلیج فارس میں بنائی گئی تھی اسے خور موسی بھی کہتے ہیں اور بندرشاہ پور بھی۔

شاہترَہ: ایک بوٹی جس کا عرق دواؤں میں کام آتا ہے، یہ عرق کسی قدر تلخ ہوتا ہے۔

شاتوت: شہتوت۔

شاہتیر: شہتیر۔

شاہ چین: بہترین چیز جو بادشاہ کی خدمت میں پیش کرنے کے لیے انتخاب کی گئی ہو۔

شاہ چینی: ایک پودا جو چین میں اگتا ہے جو درد اور ورم وغیرہ کے لیے دوا کے کام آتا ہے۔

شاہِ خاور: آفتاب، سورج کا کنایہ۔

شاہِد: (ع) گواہ، چشم دیدگواہ۔

شاہد آوردن: مثال پیش کرنا۔

شاہد زُور: جھوٹا گواہ۔

شاہدِ عادل: منصفانہ گواہ۔

شاہد گرفتن: گواہی کے لیے بلاتا۔

خدا را شاہد گرفتن: خدا کو اپنا گواہ بنانا، خدا کی قسم کھانا۔

شعر سعدی را شاہد آورد: سعدی کا شعر مثال کے طور پیش کیا۔

شاہد: (ع) محبوب، خوبصورت نوجوان، خوبصورت عورت۔

شاہ دارُو: کہا جاتا ہے کہ جمشید بادشاہ نے شراب کو شاہ دارو کا نام دیا تھا، سب دواؤں سے بہتر دوا۔

شاہ داماد: داماد، بادشاہ کا داماد۔

شاہدانج: شاہدانہ۔

شاہدانہ: (۱)بھنگ کا بیج، (۲)بڑا موتی (۳) تسبیح کا بڑا دانہ۔

شاہد پرَست: محبوب سے محبت کرنے والا۔

شاہدپسر: خوبصورت لڑکا۔

شاہ درخت: صنوبر۔

شاہِدی: شہادت، گواہی۔

شاہدی: محبوب کے نازو انداز۔

شاہراہ: بڑی سڑک، شارع عام۔

شاہرگ: گردن کی بڑی رگ۔

شاہرنگ: رات کا کنایہ۔

شاہرُود: (۱) تہران کے شمال مشرق کا صوبہ اورشہر (۲) گیلان کے دریا کا نام، بڑا دریا۔

شاہزادِگی: شاہزادے کا لڑکپن۔

شاہزادہ: بادشاہ کا بیٹا۔

شاہزادہ خانم: شاہزادی۔

شاہ سِپرغم: شاہسپرم، شاہ اسپرم، ریحان۔

شاہسپرم: ریحان، ناز بو۔

شاہسوار: ماہر سوار۔

شاہسَوَن: سپاہ جو شاہ عباس صفوی نے تیار کی تھی، یہ سپاہ صرف بادشاہ کے لیے مخصوص تھی، اب بعض قبیلوں کو بھی شاہسَون کہتے ہیں۔

شاہ سیم: بڑی تار۔

شاہ فَش: شاہ وش، بادشاہ کی مانند۔

شاہِق: (ع) بلند، اونچا، بلند پہاڑ۔

شاہ کار: شاہکار، کسی کا سب سے بڑا کارنامہ یا تخلیق۔

شاہ کاسہ: بڑا پیالہ۔

شاہ مات: شطرنج کی چال جس میں شاہ بے بس ہو جاتا ہے اور مدِّمقابل کو شکست ہو جاتی ہے۔

شاہ ماہی: سرخ مچھلی۔

شاہِ مردان: حضرت علی کا لقب۔

شاہِن: شاہین، شہباز۔

شاہنامہ: بادشاہوں کا یادنامہ، اہم ترین رزمیہ منظوم تاریخ جس کا مصنف فردوسی ہے اس میں معاشرتی حالات بھی شامل ہیں۔

شاہنائی: شہنائی۔

شاہندہ: نیکو کار، پرہیزگار۔

شاہنشاہ: بادشاہوں کا بادشاہ، ایران کے بادشاہوں کا لقب۔

شاہنشاہی: بادشاہی، محمد رضاشاہ پہلوی کے زمانے تک ایران کی حکومت کو "دولت شاہنشاہی ایران" کہا جاتا تھا۔

شاہ نشین: بالاخانہ، بالا خانے کا برآمدہ۔

شاہِ نیمرُوز: کنایہ ہے آفتاب کا۔

شاہوار: بادشاہ کے لائق، ایک شاہی جواہر، شاہانہ انداز میں۔

شاہ وش: بادشاہ کی مانند۔

شاہُول: دیکھیے شاقول۔

شاہی: بادشاہت، سلطنت۔

شاہی کردن: حکومت کرنا۔

شاہی: ایک ادنی ایرانی سکہ۔

شاہی: (نباتات) کاہو۔

شاہی: ماژندران کا ایک دیہہ جس کا پرانا نام علی آباد تھا، ترقی دینے سے اسے شہر کی حیثیت حاصل ہوگئی ہے۔

شاہی: آذر بائیجان کی ایک جھیل کا نام، اس جھیل کے جزیرے کا نام۔

شاہین: (۱) شاہباز (۲) ترازو کی سوئی جو وزن کرتے ہوئے کمی بیشی یا برابری کا پتا دیتی ہے۔

شایان: لائق، سزاوار، موزون، مناسب (شائستن سے اسم صفت)۔

شائبہ: شایبہ، شک، داغ، دھبا، عیب، نقص، آلائش۔

شائبہ در اخلاق او پیدا شد: اس کے اخلاق میں کچھ داغ آگیا ہے، (شوائب جمع)۔

شایَد: ہو سکتا ہے، ممکن ہے۔

شاید: لائق ہے، مناسب ہے، موزوں ہے۔

چنانکہ باید و شاید: جیساکہ موزوں اور مناسب ہو۔

شایَستِگی: تہذیب، لیاقت، متانت، مروت، سلیقہ شعاری۔

او شایستگی این مقام ندارد: وہ اس منصب کی قابلیت نہیں رکھتا۔

شایَستَن: لائق ہونا، موزوں ہونا۔

شایَستہ: لائق، قابل، مہذب، خوش خلق، متین۔

او شایَستۂ این مقام است: وہ اس منصب کے لائق ہے۔

گفتن این حرف شایستہ نیست: یہ بات کہنا مناسب نہیں۔

شایع: (ع) (۱) مشہور، جاری، مشتہر کیا ہوا (چھاپ کر) منتشر، طبع شدہ۔

شایع شدن: مشتہر ہونا، طبع ہونا۔

این خبر ہمہ جاشایع شد: یہ خبر ہر جگہ پھیل گئی۔

شایع کردن: مشتہر کرنا، طبع کرنا۔

شایِعہ: افواہ، اڑتی سی خبر۔

شایعاتِ غریبی در اطراف او دادند: عجیب و غریب افوا ہیں اس کے متعلق پھیلیں۔

شایعہ ننگ آور: رسوائی، ذلت، فضیحت، بدنامی، شرمناک واقع۔

شایِق-شائق: شوقین، خواہشمند، آرزو مند، مشتاق۔

خیلی شایق بودم کہ شمارا ببینم: میں بہت خواہشمند تھا کہ آپ کو دیکھوں یا آپ کا نیاز حاصل کروں۔

شایگان: شایان، لائق، مناسب، شائستہ، بادشاہوں کے لائق۔

گنجِ شایگان: شاہی خزانہ، اصل میں شاہگان یعنی بادشاہوں کے لائق تھا جس سے شایگان بنا۔

شاہُوَرد: چاند کے ارد گرد کا ہالہ۔

شَامت: (ع) بدبختی، شومی۔

شایہ: میوہ، پھل، ثمر۔

شاییدن: شایستن، لائق ہونا، اہل ہونا۔

شب: رات۔

شب بازی: پتلیوں کا تماشہ، لہو و لعب میں ہی رات بسر کرنا۔

شب بخیر: رات خیریت کی ہو۔

شب برات: ماہ شعبان کی پندھرویں رات۔

شب بروز آوردن: رات بسر کرنا۔

شب بسر کردن: رات گزارنا۔

شب چراغ: ایک قسم کا گرانقدر لعل جو رات کو چراغ کی مانند درخشاں ہوتا ہے۔

شب زندہ دار: رات کو جاگنے والا۔

شب زندہ داشتن: رات کو جاگتے رہنا۔

شب شدن: رات کا اندھیرا چھانا، رات آنا۔

شبِ فراق-شب ہجران: جدائی کی رات، خصوصاً محبوب سے جدائی کی رات۔

شب قدر: ماہ رمضان کی ستائیسویں رات جب قرآن کریم نازل ہوا۔

شبِ گذشتہ: گزری ہوئی رات۔

آخرِ شب: رات کے آخر میں۔

اِمشب: آج رات۔

اوّلِ شب-سر شب: رات کے پہلے پہر۔

درتابستان شب کوتاہ است: موسم گرما میں رات چھوٹی ہوتی ہے۔

ہمہ شب: ساری رات۔

ہمہ شب نیار میدہ: رات بھر آرام نہ کرسکا۔

شب: معدنی نمک، پھٹکڑی، زاج سفید، زیادہ تر یہ یمن میں ہوتا ہے اس لیے اسے شب یمانی بھی کہتے ہیں۔

شباب: (ع) جوانی۔

شباُبو: شب بو، گل شب بو۔

شب و روز: شب و روز، رات دن۔

شباط: (ع) یہودیوں کے کیلنڈر کا پانچواں مہینہ۔

شب افروز: زیبا، روشن، رات کو چمکنے والا چاند۔

شَباک: (ع) صیاد کا جال، لوہے کی جالی، سوراخ، (شبکہ جمع)۔

شَبال: (ع) شبل کی جمع، شیر کے بچے۔

شبالنگ: شکار، صید۔

شَبان: (ع) چوپان، گڈریا، مثال۔

نیاید بنزدیک دانا پسند
شبان خفتہ و گرگ در گوسفند

داناؤں کو یہ بات پسند نہیں کہ گڈریا محو خواب ہو اور بھیڑوں کے گلے میں بھیڑیا آپہنچا ہو۔

شبان: شب کی جمع، راتیں۔

شبانبوُی: شب بو۔

شبانرُوز: شبانہ روز، شب و روز۔

شبانگاہ: رات کے وقت۔

شبانگاہی: رات کے وقت۔

شبانگہ: شبانگاہ۔

شبانہِ: رات کے وقت۔

دُعای شبانہِ: رات کے وقت کی دعا۔

شبانہ رفتندبمنزلِ او: رات کے وقت وہ اس کے گھر گئے۔

غذای شبانہ: رات کی غذا۔

مدرسہ شبانہ: سکول جہاں شام یا رات کے وقت تعلیم دی جاتی ہے۔

شبانہِ روز: رات دن، شب و روز۔

شباویز: ایک پرندہ جو رات کو ایک ٹانگ پر کھڑا رہتا ہے اور صبح تک حق حق کی صدا بلند کرتا ہے، کہا جاتا ہے کہ وہ اس قدر فریاد کرتا ہے کہ خون کا قطرہ اس کے حلق سے ٹپکنے لگتا ہے، اسے "مرغ حق" اور "مرغ شب آویز" بھی کہتے ہیں۔

شبانی: چوپانی۔ گڈریے کا کام۔

شَباہت: (ع) مشابہت، مطابقت، ایک جیسا ہونا۔

آن دو بردار مشابہت زیادی باہم دارند: وہ دو بھائی آپس میں بڑی مشابہت رکھتے ہیں۔

شباہت داشتن: ایک جیسا ہونا، مشابہت ہونا۔

بی شباہت: جن میں کوئی مشابہت نہ ہو۔

شباہنگ: (۱) صبح کا ستارہ (۲) بلبل، مرغ سحر خواں (۳) رات کا وقت۔

شباہنگام: شبانگاہ۔

شب بارہِ: رات کو گھومنے والا، کوچہ گرد، شب دوست، بد کار عورت۔

شب باز: وہ شخص جو راتوں کو اپنے کھیل دکھا کر نمائش کرتا ہے، شب بیدار، چوکیدار۔

شب بازہ: چمگادڑ، خفاش، شب پرہ۔

شب بازی: رات کے وقت کھیل دکھانا۔

شب بو: ایک قسم کا سفید رنگ کا پھول جس کی خوشبو بھینی بھینی ہوتی ہے اور یہ رات کے وقت ہی کھلتا ہے۔

شب پاس: چوکیدار، جو رات کے وقت حفاظت کی غرض سے گشت کرتا ہے۔

شب پر: (۱) رات کے وقت کھلنے والا پھول (۲) رات کے وقت اڑنے والا پرندہ، چمگادڑ، خفاش۔

شب پرہ: چمگادڑ، خفاش۔

شبت: ایک چھتر دار پودا جس کے پھول زرد ہوتے ہیں۔

شب تاب: رات کو چمکنے والا، جگنو۔

کرم شب تاب: رات کو چمکنے والا کیڑا، جگنو، شب افروز۔

شب پوش: رات کا لباس۔

شب تاز: شبخون، دشمن پر رات کا حملہ۔

شب چراغ: ایک افسانوی لعل جو بیش قیمت ہوتا ہے اور رات کو چمکتا ہے، گوہر شب چراغ۔

شب چرہ: (۱) پھل یا منھائی جو رات کو تقسیم کی جاتی ہے (۲) رات کے وقت چوکیداری کرنا۔

شب چک: شب برات، ماہ شعبان کی پندھرویں رات۔

شَبَح: (ع) دور سے نظر آنے والی کوئی شکل، وہمی صورت، خیالی شبیہ بھوت پریت، سایہ، بے اصل چیز، غیر حقیقی چیز (اشباح جمع)۔

شب خانہ: شبستان، سونے کا کمرہ، درویشوں کے رات بسر کرنے کی جگہ۔

شب خواب: خوابگاہ۔

شبخوان: مرغ سحرخوان، خوش آواز بلبل جو رات کو، اپنے انداز میں گاتی ہے۔

شب خوش: شب بخیر، رات خوشی سے گزرے۔

شبخون: دشمن پر رات کا حملہ۔

شب خیز: سحر خیز، صبح کو جلد اٹھنے والا، شب زندہ دار۔

شب در: ایک گھاس ہے جو جلد اُگ آتی ہے اس کا رنگ گہرا سبز ہوتا ہے تیپتا گھاس۔

شب دیز: شب رنگ، سیاہ رنگ، ایرانی بادشاہ خسرو پرویز کا گھوڑا۔

شبر: (ع) ایک بالشت بھر لمبائی۔

شَبر: (ع) عطیہ، خیر، نیکی۔

شبرم: ایک بیابانی بوٹی، اس کے پھول بنفشہ جیسے ہوتے ہیں، اس کے دانے سفید یا زرد رنگ کے ہوتے ہیں۔

شبرنگ: سیاہ رنگ، سیاؤش کے گھوڑے کا نام۔

شب رَو: (۱) چور، رات کے وقت باہر جانا، رات کے وقت سفر کرنے والا۔

شب زندہ دار: رات بھر جاگنے والا۔

شب زندہ داری: رات رات بھر جاگتے رہنا۔

شبستان: سونے کا کمرہ، خوابگاہ۔

شِبَع: سیری، شکم سیری۔

شبعان: مطمئن، سیر، شکم سیر۔

شبغار: گھر کے جانوروں کی جگہ (رات کے وقت) آغل۔ کوہ و بیابان میں بھیڑ بکریوں کو رکھنے کی جگہ۔

شب غارہ:پہاڑ یا بیابان میں بھیڑ بکریوں کی رات بسری کی جگہ۔

شب فرخ:شب افروز، رات کو چمکنے والا جگنو، ایران قدیم کی موسیقی کی راگنی۔

شبق:(ع) نفسانی خواہش۔

شب قدر:ماہ رمضان کی ستائیسویں رات۔

شبک :(ع) تکلا۔

شبکلاہ:رات کو پہننے کی ٹوپی۔

شب کند:آشیانہ۔

شب کور:جسے اندھراتا ہو۔

شب کوری:اندھراتا، رات کو نظر نہ آنا۔

شب کوک:درویش، رات کے وقت دعا کرنے والا درویش جو رات کے وقت کسی بلند جگہ پر جاکر بلند آواز میں لوگوں کے لیے دعا کرتا ہے۔

شبکہ:(۱)دام، جال (۲) لوہے کی جالی، جالی دار کھڑکی۔

شبکیہ:آنکھ کے اندر کا پردہ۔

شبگاہ:شبانگاہ، رات کا وقت، رات کو سونے کی جگہ۔

شبگرد:چوکیدار، شب رو، دُزد

شبگز:پسو۔

شب گشا:رات کے وقت کھلنے والا پھول، شام کے وقت اڑنے والا پرندہ، شام کے وقت ڈھل کر افق پر آنے والا۔

شبگون:رات کی طرح اندھیرا۔

شبگیر:رات کا وقت، رات کے پچھلے پہر کاروان کی روانگی۔

شبگیر:مترنم آواز والا پرندہ، بلبل۔

شبگیری:رات کے پچھلے پہر کی بیداری۔

شبل:شیر کا بچہ۔

شبلی:خراسان کے رہنے والے ایک صوفی بزرگ تھے۔

شب ماندہ:رات کے وقت کی رکھی ہوئی یا بچی ہوئی چیز۔

نانِ شب ماندہ:رات کی بچی ہوئی روٹی۔

شب نشینی:رات کے وقت مل کر بیٹھنا، رات کی ہم نشینی، رات کی ضیافت۔

شبنم:(۱) اوس (۲)عمدہ ململ، تن زیب۔

شبنم زدن:اوس پڑنا۔

شبو:شب بو۔ ایک قسم کا سفید رنگ کا پھول جس کی خوشبو بھینی بھینی ہوتی ہے۔

اور یہ رات کے وقت کھلتا ہے۔

شبوبیت:شباب، جوانی۔

شبور: بگل، سینگ جو بیچ میں سے خالی ہوتا ہے اس سے آواز بلند کی جاتی ہے، بوق۔

شبول:جمعِ شبل، شیر کے بچے۔

شبہ:(ع) سیاہ رنگ کا مونگا، مرجان، نیم شفاف جواہر، قیمتی پتھر، عقیق۔

شبہ:(۱)مانند، مشابہت (۲) پرچھائیں، سایہ جھلکی۔

شبہ جزیرہ:جزیرہ نما۔

شبہ ذوزنقہ:مربع منحرف جس کے دو ضلعے متوازی ہوں، ٹریپیذیم۔

شبہ ظِلّ:جزوی سایہ، نیم سایہ، دھندلاسایہ، خسوف، اور کسوف کے گرد دھندلا سایہ۔

شبہ کرہ:کرہ نما ایسی شکل جو کرہ سے ملتی جلتی ہو۔

شبہ منشور:منشور نما کا یا اس کے متعلق۔

شبہ فلزؔ: دھات نما۔

شُبْہَ:شک، گمان۔

شبہ ای در خیانتِ اونیست:اس کی خیانت میں شبہ نہیں۔

شبہ داشتن:شک ہونا۔

رفعِ شبہ کردن:شبہ دور کرنا۔

شبہ ناک:مشتبہ ، مشکوک، مبہم، غیر واضع، پس و پیش میں۔

شبی:رات کے وقت۔

شبی:ایک رات۔

شبیار:ایلوا ، ایلوا کا درخت۔

شبیخون:شبخون، رات کے وقت اچانک حملہ ۔

شبیخون زدن:رات کے وقت اچانک حملہ کرنا ۔

شبیم:گریز ، فرار۔

شبینہ:شب ماندہ، رات کا بچا ہوا ۔

شبیہ:(ع) مشابہت، شباہت، مانند، ہم شکل، تصویر۔

او شبیہ لیلی در آورد:اس نے لیلی کی تصویر کھینچی اس نے لیلی کی شکل میں کردار ادا کیا ۔

شبیہ ساز:تصویر بنانے والا ، مصور، تمثال گر۔

شپاشاپ:تیرکی آواز، لگاتار تیروں کے چلنے کی آواز۔

شپرہ:شب پرہ، چمگادڑ، خفاش۔

شپش:جُوں۔

شپش گرفتن:جوئیں پڑ جانا ۔

شپشک:جوئیں بھرا ۔

شپشو:جس کے سر میں جوئیں بہت ہوں۔

شپشہ:کرم دانہ ، سونڈ والے کیڑے جو غلہ ، پھل وغیرہ پر بسر کرتے ہیں۔

شپشہ:جُوں۔

شپشی:جووں سے بھرا ہوا ، جووں کی طرح کے کرم۔

شپل:(١)شان، درجہ ، مرتبہ ، رتبہ ، منصب (٢)بہت شور (٣)پرندوں کے پھڑ پھڑانے کی آواز (۳)سیٹی جو ہونٹوں سے بجائی جاتی ہے۔

شپلاق:طمانچہ ، تھپڑ۔

شپلت:شپل۔

شَت:کلمہ احترام، حضرت، آقا جناب، محترم۔

شت:پراگندگی۔

شتا:بھوکا ، گرسنہ ، جس نے ناشتہ نہ کیا ہو۔

شتا:جلدی، شتاب۔

شتا:(ع) موسم سرما ، زمستان۔

شتاب:جلدی، عجلت۔

شتاب در ہیچ کاری خوب نیست:کسی کام میں عجلت کرنا درست نہیں۔

وقت دیراست دریں کار شتاب کن:بہت دیر ہورہی ہے، اس کا م میں جلدی کرو۔

شتاب کردن:جلدی کرنا۔

شتابان:جلدی میں، جلدی کرنا۔

شتابان دوید و رسیدش بسر:وہ تیز بھاگا اورمدمقابل تک پہنچ گیا۔

شتاباندن-شتابانیدن:جلدی کرنا ، عجلت سے کام لینا۔

شتاب زدگی:عجلت کی وجہ سے تکلیف اٹھانا ، بے

صبری کرنا۔

شتاب زدہ:جلدی کا مارا، عجلت کار۔

شتاب کار:عجلت کرنے والا۔

شتاب کاری:تیزی طراری، عجلت۔

شتابندگی:جلدی، تیزی، عجلت۔

شتابندہ:عجلت کرنے والا، تعجیل کار۔

شتابی:جلدی، عجلت، تعجیل۔

شتابیدن:عجلت کرنا۔

برای دیدن این نمائش بشتابید:اس نمائش کو دیکھنے کے لیے جلدی کرو۔

شتافتن:شتابیدن، جلدی کرنا۔

شتاک:درخت کی شاخ۔

شتالنگ:ایڑی کی ہڈی۔

شتّام:بہت گالیاں دینے والا۔

شُتَر:اونٹ۔

شَتَر:کنارہ، گوشہ۔

شَتَر:برگشتگی:قطع ہونا، کٹ جانا، عیب، نقص۔

شُتر بار:اونٹ پر لادنے والا بوجھ۔

شتر بان:ساربان، اونٹوں کا نگہبان۔

شتر خار- شتر خوار:خارشتر، کانٹے جنھیں اونٹ بہت کھاتے ہیں، بھکڑا، سہ گوشہ کانٹا۔

شتر خان:اونٹوں کے رکھنے کی جگہ۔

شتر خُو:شتر کینہ۔

شتر دار:اونٹ کا مالک۔

شتر دِل:بد دل، کینہ ور، بد خواہ۔

شتر قطار:قطار جس میں اونٹ چلے جاتے ہیں۔

شتر کینہ:کینہ پرور۔

شترگاو-شتر گاوپلنگ:زراف۔

شتر گربہ:دو مختلف چیزیں جن میں سے ایک بلند اور ایک پست ہو اصطلاح شعرا میں شعر کا ایک عیب۔

شتر گلو:خمدار نلی جس کے ذریعے پانی کسی اور جگہ پہنچایا جاتا ہے۔

شترمُرغ:ایک بڑا جانور جس کی گردن اونٹ جیسی ہوتی ہے اس کے پر ہوتے ہیں، یہ بہت تیز رو جانور ہے۔

شَترنج:شترنگ، شطرنج۔

شُتر وار:شتر بار، اونٹ پر لادنے والا بوجھ۔

شتری:(۱) اونٹ سے متعلق (۲)نقارہ جو اونٹ پر نصب ہوتا ہے۔

کینہ شتری:کینہ پروری۔

شِتَک:پانی کا ترشح۔

شَتَل:وہ رقم جو قمار باز جیتنے کے بعد صاحب خانہ کو انعام دیتا ہے۔

شَتم:گالی، دشنام، بد گوئی۔

شِتوی:موسم سرما کی بارش۔

زراعت شتوی:زمین کی کاشت موسم سرما میں۔

شتہ:کرم دار، سونڈ دار کیڑے جو غلہ یا درختوں کے پتوں پر بسر کرتے ہیں۔

شتّی:علحدہ، جدا، مختلف۔

شتیت:پراگندہ۔

شتیلی:رشوت یا خراج جو دھمکی دے کر وصول کیا جائے۔

شتیم:سخت، سنگدل، ظالم، مہیب۔

شتیمہ:توہین، ہتک، تذلیل۔

شِجاج:ایک دوسرے کا سر پھوڑنا۔

شُجاع:دلیر، بہادر۔

شجاعانہ:دلیری سے۔

شجاعانہ جنگ کرد:بہادری سے جنگ کی۔

عملیات شجاعانہ:دلیرانہ افعال۔

شَجاعت:دلیری، بہادری۔

باشجاعت:دلیر، شجاع۔

شجاعت خرج دادن:دلیری میں امتیاز پیدا کرنا۔

شِجام:شجان۔ سخت سردی۔

شَجانیدن:نہنذ لگنا۔

شجَر:درخت۔

شجر النبق:ایک درخت جس کی پتیاں کھردری اور دونوں طرف سے دندانے دار ہوتی ہے، نارون۔

شجرِستان:جہاں درخت ہی درخت ہوں۔

شجرہ:(۱)ایک درخت (شجرات جمع) (۲)نسب نامہ۔

شجرة النّحل:ایک قسم کا چھوٹا سا درخت جس پر شوخ رنگ کے پھولوں کے گچھے کھلتے ہیں۔

شجرہ نامہ:نسب نامہ، شجرہ نسب۔

شجرہ نویس:ماہر الانساب۔

شجَن:(۱)رنج و غم (۲)شاخ۔

شجُودن:نہایت سخت سردی ہونا۔

شجُون:(ع) شجن کی جمع، شاخیں۔

شجِیع:(ع) شجاع، دلیر، بہادر۔

شجیعہ:دلیر عورت۔

شُح:(۱)حریص، لالچی (۲)بخیل۔

شحامت:(ع)فربہی، موٹاپا، چربی چڑھنا۔

شحلیز:سخت سردی۔

شَحم:(ع) موٹاپا، فربہی، چربی۔

شحم الارض:کھمبی۔

شحن:بار جہاز، کھیپ، لداؤ۔

شَحنِگی:(ع) پولیس کا دفتر۔

شحنِہ:(ع) پولیس کا بڑا افسر، محافظ شہر، کوتوال۔

شحنہ شب:چوکیدار۔

شحوم:(ع) شحیم، موٹا تازہ، فربہ۔

شحِیح:(ع) بخیل، حریص۔

شحِیم:(ع) موٹا تازہ، فربہ، لحیم شحیم۔

شَخ:سخت زمین، پہاڑی، پہاڑ کی چوٹی۔

شَخ:شاخ کا مخفف۔

شخا:خراش۔

شخادان:ناخن کی خراش۔

شخار:پوٹا شیم کاربونیٹ۔

شخال:شخا، خراش۔

شخالیدن:خراشیدن، خراش لگانا، سوئی چبھونا۔

شخانہ:شہاب، شہاب ثاقب، ٹوٹا ہوا تارا۔

شخانیدن:شخالیدن۔

شخسار:شاخسار کا مخفف نیز سخت زمین، پہاڑ کے نیچے کی سطح۔

شخش:(۱)لغزش، ٹھوکر۔

شخشَخہ:(ع) اسلحہ کے ٹکرانے کی صدا، کاغذ یا نئے کپڑے کی آواز۔

شخشِیدن:ٹھوکر کھانا، غلطی کرنا، لغزش ہو جانا، الجھنا، پس و پیش ہونا۔

شخص:(ع) ذات، جسم، کس، فرد، آدمی (اشخاص جمع)۔

شخص اول:متکلم، ،واحد متکلم۔

شخص برجستہ:معزز شخص، ممتاز۔

شخص دوم:جمع متکلم۔

شخص سوم:غائب

شخصاً:(ع) ذاتی طور سے۔

شخصاً اعتراض ندارم:ذاتی طور سے مجھے اعتراض نہیں۔

شخصاً نزد من آمد:وہ ذاتی طور سے میرے پاس آیا۔

شخصی:ایک شخص، کوئی، کسی۔

شخصی سہ پسر داشت:ایک شخص کے تین بیٹے تھے۔

شخصی در می زد:کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا۔

شخصی:ذاتی۔

بواسطہ اقتدار شخصی خود کار را انجام داد:اس نے ذاتی اقتدار کی بنا پر کام کو انجام دیا۔

کاغذِ شخصی:ذاتی خط، پرائیوٹ خط۔

شخصیّت:ذاتی حیثیت، تشخص، شرافت و بزرگی۔

شخکاسہ:اولے، ژالے۔

شخل:سیٹی۔

شخلیدن:(۱) سیٹی بجانا، (۲) چیخنا، رونا (۳) پژمردہ ہونا، (۴) خراش لگانا۔

شُخم:زمین جوتنا، ہل چلانا۔

شخم زدن-شخم کردن:ہل جوتنا، قلبہ رانی کرنا۔

زارع زمین را باگاؤ آہن شخم می کند:کاشتکار ہل سے زمین جوتتا ہے (گاو آہن ہل)۔

شُخم کار:ہل جوتنے والا، کاشتکار۔

شخم کاری:ہل جوتنا، کاشتکاری۔

شَخَن:خراش، معمولی زخم۔

شخن زدن-خراشیدن-شخالیدن:خراش لگانا، خراشنا، معمولی زخم لگانا، تکلیف دینا، آزردہ کرنا، رنج پہنچانا۔

شُخُوص:بلند ہونا، ستارے کا نکلنا۔

شخولیدن:پژمردہ، افسردہ ہونا آہ و زاری کرنا۔

شخیدن:پاؤں کا لڑکھڑانا، پژمردہ ہونا۔

شخیدہ:پژمردہ، افسردہ۔

شخیس:خوش آواز پرندہ، پرندہ جس کی آواز مترنم ہوتی ہے۔

شخیص:(ع) تنومند، لحیم شحیم، جسیم۔

شِداد:شدید کی جمع۔

شدائد:(ع) سختیاں، مشکلات، آفتیں، مصیبتیں۔

شدّت:(ع) سختی، تیزی، زیادتی۔

شدت سرما:سردی کی زیادتی۔

شدت کردن:سختی کرنا، معاملے کو زیادہ خراب کرنا۔

گرما شدت کرد:گرمی بہت زیادہ ہو گئی ہے۔

شِدّق:(ع) ٹیرھا منہ یا رخسار۔

شُدکار:زمین جسے جوت کر اس میں بیج ڈالے گئے ہوں۔

شَدکیس:قوس قزح۔

شُدگان:جو دنیا سے رخصت ہو گئے، رفتگان۔

شُدگی:رخصت۔

شُدن:ہونا ، (شدن سے ماضی مطلق شد۔ ہُوا)۔

اورئیس دانشکدہ شد:وہ کالج کا پرنسپل ہوگیا۔

کلاہم ترشد:میری ٹوپی گیلی ہوگئی ہے۔

شدنی:ہونے کے قابل، ممکن۔

این کار شدنی نیست:یہ کام ممکن نہیں۔

شدّہ:(۱)تشدید (۲)پلندہ، پوٹلی، بنڈل (۳)موتیوں کی لڑی ۔

شِدیار:بوی ہوئی فصل۔

شدید:(ع) سخت، مشکل، کٹھن، محکم، بہت زور کا۔

شدید اللّحن:(ع) سخت، درشت، کھردرا، ناپسندیدہ، ناگوار، کرخت آواز والا۔

جواب شدید اللحن نوشتہ کرد:اس نے بہت ناپسندیدہ جواب لکھ کر بھیجا۔

شدیدہ:(ع) شدید کی تانیث۔

اعتراضاتِ شدیدہ:سخت اعتراضات۔

شر:شہر کا مخفف۔

شر:(ع) شرارت، فتنہ ، بدی۔

مستی تولید شر می کند:نشہ فتنہ پیدا کرتا ہے۔

شرانگیختن:فتنہ پیدا کرنا۔

شر رساندن:بدی کرنا ، کسی کے لیے فتنے کا موجب بننا۔

خیروشر:نیکی اور بدی۔

شِراء:خرید۔

بَیع و شرا:فروخت اور خرید۔

شراب:نشہ آور پینے کا مرکب، دارُو، بادہ، مشروب۔

شراب انداختن:شراب کشید کرنا۔

شراب خوردن:شراب پینا۔

طعم شراب:شراب کا سامزہ، شراب کی بو۔

شرّاب:شراب خوار، میگسار، کثرت سے شراب پینے والا۔

شرابخانہ:میکدہ۔

شراب خوار:شراب پینے والا، مے نوش، میگسار۔

شراب دار:ساقی۔

شراب طہور:پاک شراب جو جنت میں پارسا لوگوں کو ملیگی

شراب فروشی:شراب بیچنے کا کاروبار۔

شرابہ:پھندنا، جھالر، ڈورے جو گدوں وغیرہ سے لٹکتے رہتے ہیں، شیشے کی نالیاں جو آرائش کی غرض سے لٹکائی جاتی ہیں۔

شرابہ:جام شراب۔

شرابی:(۱) شراب کی طرح (۲)شراب فروش۔

شراح:(ع) شارِح، شرح کرنے والا، مفسر۔

شرار:(ع) چنگاری، شرارہ۔

شرار:(ع) شر کی جمع، بدی، فتنہ، برائی، ایذا رسانی، شر، فتنہ۔

شرارَت:(ع)فتنہ انگیزی۔

شرارِہ:(ع) چنگاری۔

شراسَت:(ع)بد خوی، بد خلقی، اختلاف کی شدت۔

شِراع:(ع)بادبان کے ذریعے کشتی کا چلنا۔

شَراعَت:(ع) شجاعت، دلاوری۔

شراعی:(ع) بادبانی۔

پارچہ شراعی:کپڑا جس سے بادبان بناتے ہیں۔

کشتی شراعی:باد بانی کشتی۔

شرافت:(ع) نیک نفسی، نجابت، عالی ظرفی، نیک سلوک کرنا، نیک کردار، نیک عمل، احترام، شریف النفسی، باشرف۔

شرافت نفس:ذاتی نیک نفسی۔

شِراکت:(ع) حصے دار، کسی کام میں شریک، شراکت ہونا، شراکت کرنا۔

با دوست خویش شراکت کرد:اپنے دوست کے ساتھ حصے داری کی، دوست کے کام میں شراکت کی۔

شِراکۃً:شرکت کے طور سے۔

شِراکتی:حصہ داروں کی مشترکہ جنس۔

شرانگیز:فتنہ انگیز، فتنہ پرداز۔

شراہَت:(ع) حرص و ہوس۔

شرائط:(ع) شرط کی جمع، وہ باتیں جن پر کسی بات کا ہونا منحصر ہو، لازم کرنا، لازم ہونا۔

شرائطِ استخدامِ اوچہ بود: اس کی ملازمت کے لیے لازمی شرطیں کیا تھیں۔

شرائع:(ع) شرایع، شریعت کی جمع، اسلامی قوانین۔

شرائین:شریان کی جمع، نسیں، وہ نسیں جو دل سے بدن میں خون پہنچاتی ہیں۔

شَرب:ایک عمدہ لطیف کپڑا۔

شُرب:(ع) پینا۔

اکل و شرب:کھانا پینا۔

شرب کردن:پینا۔

شربِ مدام:مسلسل پیتے رہنا۔

شربُ الیہود:(ع) ابتری کا دور مے نوشی، یہودی مسلمانوں سے چھپ کر شراب پیا کرتے تھے اس لیے یہ چھپ کر شراب پینے کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

شربت:(ع) پینے کی کوئی چیز، کسی شے کا شکر میں پکا ہوا عرق، عرق یا چینی جو پانی میں ملائی جائے۔

شربت آوردن:شربت پلانے کے لیے لانا۔

مثال:

از دست تویک شربت شیرین بچشیدم

یک شربت تلخ ار بچشم باک نباشد

میں نے آپ کے ہاتھ سے شیریں شربت پیے ہیں اگر ایک تلخ شربت (مے تلخ) بھی پی لوں تو مضائقہ نہیں۔

شربت مرگ نوشیدن:دنیا سے رخصت ہو جانا۔

شربتِ حیوان:آب حیات۔

شربت خانہ:جہاں شربت کی قسم کے مشروبات ملتے ہوں۔

شربت دار:شربت کی قسم کے مشروبات بیچنے والا۔

شربین:ایک قسم کا خوبصورت اونچا درخت۔

شَرج:نوع، قسم، فرقہ، گروہ۔

شرح: (ع) بیان، اظہار، کھول کر بیان کرنا، تفسیر، تشریح، تفصیل۔

پیشرفتِ روزانہ خود را شرح دہید:اپنی روزانہ ترقی کو کھول کر بیان کیجیے۔

شرح دادن:کسی چیز کو کھول کر بیان کرنا، وضاحت کرنا

شرحِ کشّاف:واضح تشریح۔

وقائع کارخانہ را شرح دہید:کارخانے کے واقعات کی تفصیل بتائیے۔

شرح گستری:شرح کرنا، تشریح کرنا۔

شرحہ:(ع) ٹکڑا، پارہ، قاش۔

شرحہ شرحہ:(ع) پارہ پارہ، ٹکڑے ٹکڑے۔

شرذِمہ:(ع) لوگوں کی جماعت کی تھوڑی سی تعداد۔

شرَر:(ع) شرارہ، چنگاری۔

شرربار:شرارے جھڑنا، چنگاریاں نکلنا۔

شرزدک:کوہ و صحرا میں اگنے والے پودے۔

شَرزہ:غضب ناک، تند خو، ظالم۔

شیرِ شرزہ:غضب ناک شیر، شیرژیان۔

شَرشر:متواتر پانی بہنے کی آواز، سرسر بہنا، سرسرانا۔

شرشرآب:پانی کا سرسر بہنا، پانی کے بہنے کی آواز، صدائے آبشار۔

شرشر:کپڑا پھاڑنے کی آواز۔

شُرشُرہ:چھوٹی آبشار۔

شرط:(ع) عہدو پیمان، قول و قرار، وہ چیز جس پر کسی بات کا انحصار ہو، تقاضہ۔

اُو شرطِ دوستی را بجا آورد:اس نے دوستی کے عہد پر عمل کیا۔

این شرطِ ادب نیست:یہ ادب کا تقاضہ نہیں۔

شرط بستن:شرط لگانا، شرط باندھنا۔

شرط بندی:عہد و پیمان کرنا۔

من قبول می کنم بشرطیکہ......:میں اسے قبول کرتا ہوں اس عہد پر کہ.....

شرط نامہ:عہد نامہ، معاہدہ، تحریری معاہدہ۔

شُرطِہ:شرط و پیمان، نگہبان، پاسبان شہر، موزوں مناسب، موافق، مناسب حال، پسندیدہ۔

بادِ شرطہ:موافق ہوا، خوشگوار ہوا، باد مساعد۔

شرطی:شرط کی بنا پر۔

شرطیّہ:شرط کے ساتھ، یقیناً۔

شرع:(ع) شریعت، اسلامی قوانین۔

محضرِ شرع:شرعی عدالت۔

شرعاً:(ع) شریعت کی رو سے۔

شرعاً این کار حرام است:شریعت کی رو سے یہ کام حرام ہے۔

شرعی:(ع) قانونی، حسب قانون اسلامی، جائز طور سے۔

شرعِیات:(ع) اسلامی قوانین۔

امور شرعی:آداب و رسوم شرع، احکام شریعت۔

شَرَف:(ع) بزرگی، برتری، فوقیت، خوبی، افتخار۔ **قدرو منزلت:**مثال:

شرف مرد بجُود است و کرامت بسجود
ہر کہ این ہر دوندارد عدمش بہ ز وجود

انسان کا شرف اس کی سخاوت، اور اس کی بزرگی بارگاہ ایزدی میں سجدہ گزاری کی وجہ سے ہے جس میں یہ دونوں

صفتیں نہیں اس کا نہ ہونا ہونے سے بہتر ہے۔

شرفیاب شدن: افتخار حاصل ہونا ، (ملاقات کا)۔

شُرَفا: (ع) شریف کی جمع، مردان بلند وقار۔

شرفاک: پاؤں کی آواز، ہلکی آواز۔

شرفالنگ: شرفاک۔

شُرفہ: ایوان، ایوان کا کنگرہ۔

شرفیابی: عزت و افتخار حاصل ہونا۔

بقصدِ شرفیابی آمدم: میں ملاقات کا افتخار حاصل کرنے کی غرض سے حاضر ہوا ہوں۔

شرق: (ع) (۱) آفتاب طلوع ہونے کی سمت، مشرق، پورب (۲) طلوع آفتاب۔

شرقِ اقصی: مشرق اقصی، دور کے مشرقی ممالک۔

شرق جنوبی: جنوب مشرقی ممالک۔

شرق شمالی: شمال مشرقی ممالک۔

شرقاً: (ع) مشرق کی طرف۔

شرقستان: مشرقی ممالک۔

شرقی: مشرقی۔

السنہ شرقیہ: مشرقی ممالک میں بولی جانے والی زبانیں۔

شرقی و غربی: مشرق اور مغرب کی طرف۔

شِرک: (ع) خدا کی ذات و صفات میں کسی اور کو شریک کرنا ، کفر۔

اہلِ شرک: خدا کی ذات و صفات میں اور کو شریک کرنے والے، مشرک۔

شَرک: حنظل، کڑوا پھل۔

شُرَکا: (ع) شریک کی جمع، ساتھی، مددگار، رفقا ، شرکت رکھنے والے، حصہ دار، ساجھی۔

شِرکت: (ع) باہم شریک ہونا ، کسی کاروبار میں حصہ دار ہونا ، کمپنی۔

شرکتِ تضامنی: ایسی شراکت جس میں حصہ دار شراکت کے معاملات کا ضامن ہو۔

شرکتِ سَہامی: ایسی شراکت جس کا سرمایہ حصہ داری سے حاصل ہو۔

شرکت کردن: حصہ دار بننا ، کام میں شریک ہونا۔

شرکتِ نَفت انگلیس و ایران: اینگلوایران تیل کمپنی۔

من در آن انجمن شرکت کردم: میں نے اس انجمن کے کاموں میں حصہ لیا۔

من در مذاکراتِ آنہا شرکت داشتم: میں ان کے مذاکرات میں شریک ہوا ہوں۔

شرکت نامہ: حصہ داری کا تحریری معاہدہ۔

شِرکتی: شراکت کے متعلق، شراکتی۔

شَرکسی: چرکسی، ناپاکی، پلیدی، نجاست۔

شرم: (ع) (۱) حیا ، انکسار ، لحاظ ، غیرت، لاج (۲) خجالت، شرمندگی۔

از گفتنِ آن شرم میکرد: وہ بات کہنے میں خجالت محسوس کرتا تھا۔

بی شرم: بے حیا۔

شرم داشتن: حیادار ہونا۔

شرم آلود: شرمگین، شرمایا ہوا ، شرم زدہ۔

شرم آور: شرمسار، ناشائستہ۔

حرکاتِ شرم آور: ناشائستہ حرکات، نامعقول حرکات۔

شرمجای: شرمگاه، وہ مقام جس کا چھپانا اور پردے میں رکھنا واجب ہے، اندام نہانی، آلۂ تناسل۔

شرم زدگی: شرم کا مارا۔

شرم زدہ: شرمگین، شرمسار، نادم، شرمندہ۔

شرمسار: شرمگین، نادم، شرمندہ۔

از کردہ ہای خویش شرمسارم: میں اپنے کیے پر نادم ہوں۔

شرمسارشدن: شرمندہ ہونا۔

شرمسار کردن: شرمندہ کرنا، کسی کی ناروا بات پر نادم کرنا۔

شرمساری: شرمندگی، ندامت، خجالت، ذلت۔

شرمساری کشیدن: ندامت محسوس کرنا، شرمسار ہونا، خجالت ہونا، نادم ہونا۔

شرمگاہ: جسم کا وہ حصہ جس کا چھپانا اور پردے میں رکھنا واجب ہے۔

شرمگین: شرمسار، شرمندہ، نادم۔

شرمگینی: شرمندگی، ندامت، خجالت۔

شرمَندِہ: شرمسار، نادم۔

شرمندہ شدن: شرمسار ہونا، خجل ہونا، نادم ہونا۔

شرمندہ کردن: شرمندہ کرنا۔

شرمیدن: شرم آنا، حیا کرنا، شرمانا، حیاداری۔

شرمین: شرمگین، شرمندہ، شرمسار۔

شرَنگ: حنظل، تلخ چیز، زہر۔

شِروان: شیروان، خراسان کے ایک شہر کا نام۔

شرُوح: (ع) شرح کی جمع، شرحیں، تفسیریں۔

شرُود: فراری، جو فرار ہوگیا ہو، جو بھاگ نکلا ہو۔

شرور: شر کی جمع، فتنہ انگیزیاں، شرارتیں۔

شرُوط: (ع) شرط کی جمع۔

شرُوع: (ع) آغاز، ابتدا۔

شروع بکار: کام شروع کرنا۔

شروع شدن: شروع ہونا۔

شروع کردن: ابتدا کرنا۔

تحصیل را درچہ سن شروع کردید: آپ نے تحصیل علم کس سن میں شروع کی۔

درس ساعتِ ہفت شروع می شود: پڑھائی سات بجے شروع ہوتی ہے۔

شُروق: (ع) طلوع آفتاب۔

شِر و وِر: بے معنی بیہودہ باتیں۔

شروین: قلعہ شرواں یا شیروان۔

شَرِہ: (ع) حرص، لالچ، طمع، آز۔

شرہ آلود: حریص، طماع۔

شرہان: شرہ، حریص، لالچی، طماع۔

شری: حنظل۔

شِریان: (ع) رگیں، (شرایین جمع)۔

شریان ریوی: پھیپھڑے سے تعلق رکھنے والی رگیں۔

ورم شریان: رگوں کا ورم یا سوزش۔

شریان بند: لہو روک، ایک آلہ جس کے ذریعے شریانوں کا خون بہنا بند ہو جاتا ہے۔

شریانی: شریان کا خون۔

شرِیب: (ع) مشروب، ہر وہ مائع چیز جو پینے کے لائق ہو۔

شرِیح: (ع) اندام نہانی۔

شریحہ:(ع) گوشت کا ٹکڑا، شرائح جمع۔

شریدن:پانی کا اوپر کی سطح سے پیاپے گرنا۔

شریر:(ع) فتنہ انگیز، بدکیش، شرارتی (اشرار جمع)۔

شریطہ:(ع) ایک شرط، ۔ شرائط جمع۔

شریعت:(ع) اسلامی قانون۔

درین باب شریعت اسلام چہ میگوید:اس سلسلے میں اسلامی قانون کیا کہتا ہے

شریعت گزار:شارع، مقنن۔

شریعت مدار:اسلامی قانون کا ماہر، ممتاز۔

شریعتی:شرعی، دینی قانون سے متعلق۔

شریف:(ع) بزرگ، نجیب، بھلا مانس (شرفا اور اشراف جمع)۔

قُدس شریف:یوروشلم، شریف امیر کے معنی بھی استعمال ہوا مثلاً شریف مکہ۔

اسم شریف شما چیست:آپ کا اسم گرامی کیا ہے۔

شریفہ:شریف کی مونث۔

شریفی:شرافت۔

شریک:(ع) حصہ دار، ساتھی۔

ہمہ باہم شریک ہستند:وہ سب آپس میں حصہ دار ہیں (شرکا جمع)۔

شریک الاِجارہ:(ع) ٹھیکے میں شریک۔

شریک اِرث-شریک الارث:وراثت میں شریک۔

شریک الرای:ہم رائے۔

شریک شدن:حصہ دار بننا۔

شریکِ فتنہ:سازشی، بغاوت میں شریک۔

شریک کردن:حصہ دار بنانا۔

شریک المِلک:(ع) ملکیت میں شریک۔

شریک المنفعہ:(ع) منافع میں شریک۔

شَزَر:غصے کی نظر سے دیکھنا۔

شسب:برق، بجلی کی چمک، کڑک۔

شَست:انگوٹھا نیز دام، کمند۔

شست دست:ہاتھ کا انگوٹھا۔

شست:جال، دام۔

ماہی از شست جَست:مچھلی جال سے نکل گئی۔

شست:سارنگی کی کمان، مضراب۔

شست:شصت، ساٹھ۔

شُست:شست= دھونا سے ماضی مطلق اس نے دھویا۔

شست:(۱)بیٹھنے کی جگہ (۲)پوشیدہ بات۔

از شست کسی خبر دار شدن:کسی کی پوشیدہ بات سے آگاہ ہونا اور اس امر کی طرف متوجہ ہونا۔

شست آویز:ایک خاص قسم کا شکنجہ جس سے مجرم کو سزا ملتی ہے۔

شُستر:شوستر، خوزستان کا صدر مقام، محمرہ کا شمالی شہر۔

شُستشو-شست وشو:نہانا، دھونا، نہا دھو کر پاک صاف ہونا۔

شِستگانی:بنا، بنیاد، اساس، عمارت کی بنیاد۔

شست گیر:تیر انداز، کماندار۔

شُستگی:دھویا جانا ، پاک صاف ہوجانا۔

شَستم-شصتم:ساٹھواں۔

شُستن:دھونا ۔

ظرف ہارا آشپزی شوید:باروچی برتن دھوتا ہے۔

سیل خاک ریز راشست:سیلاب نے کوزا کرکٹ صاف کردیا۔

دست از جان شستن:جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا ۔

شستن-نشستن:بیٹھنا ۔

شُستنگاہ:غسل خانہ ، نہانے کی جگہ۔

شُست وشو:نہانا دھونا ، نہا دھوکر پاک صاف ہو جانا۔

شست وشودادن:نہلانا دھلانا۔

شست شوکردن:نہانا دھونا ۔

او با آب گرم شست و شومی کند:وہ گرم پانی سے غسل کرتا ہے۔

شُستہ:نہایا دھویا ہوا ۔

شُستہ و رُفتہ:صاف ستھرا۔

شستہ رُو:جس کے ابھی ڈاڑھی نہ آئی ہو، امرد۔

شَستی:(۱)انگوٹھے جیسا ، نیز گل شستی۔

شش:چھ۔

شُش:پھیپھڑا ، جگر سفید۔

شش بانو:کنایہ چاند اور پانچ سیاروں کا یعنی چاند، عطارد زہرہ، مریخ، مشتری اور زحل، اس سے چھ خواتین بھی مراد ہیں۔

شش برابر:چھ گنا ۔

شش پا:چھ پاؤں والا کیڑا ۔

شُش پستان:عورت جس کے پستان نرم اور بڑے ہوں۔

شش تا-شش تار:چھ تاروں والا ساز۔

ششتای:کوئی چیز جس کے چھ حصے ہوں۔

ششتر-شوستر:محمرہ کے شمال کا ایک قصبہ۔

شش جہت:جس کے چھ ضلع ہوں، چھ اطراف۔

شش حرفی:لفظ جس کے چھ حرف ہوں۔

ششد انگ:کسی چیز کے پورے چھ حصے۔

ششد انگِ حواس:پوری توجہ سے۔

ششد انگ مُلک:پوری مملکت۔

ششد انگی:سالم، کل، سب کا سب، جو چھ حصوں پر مشتمل ہے۔

یک دیہہ ششد انگی:پورا گاؤں۔

ششدَر:(۱)نردوں کا کھیل (۲)سراسیمگی، حیرانی۔

ششدر بازی:نردوں کا کھیل کھیلنا ۔

ششدری:چھ دروازوں والا ، مراد دنیا ۔

شش سال:چھ برس کا ۔

شش سطحی:مسدس، شش طرفی شکل، شش پہلو، جس کے چھ کونے یا چھ سطحیں ہوں۔

شش سُو:چھ طرفوں والی، چھ کونیا ، شکل۔

شش صد:چھ سو۔

شش صدم:چھ سواں۔

شش صدی-شش صدمین:چھ سواں، جشن شش صد مین، چھ سواں جشن۔

شش ضلعی:مسدّس، چھ طرفی شکل، جس شکل کے چھ ضلع ہوں۔

شش طاق: چھ گوشہ خیمہ۔

شش لا: چھ تہیں۔

ششلُول: ریوالور جس میں چھ گولیاں رکھی جاتی ہیں۔

ششم: چھٹا۔

ششم آنکہ: چھٹی بات یہ کہ۔۔

فصل ششم: چھٹی فصل، یا چھٹا باب۔

شش ماھہ: سال میں دو مرتبہ۔

اطلاع نامہ شش ماھہ: چھ ماہی رپورٹ۔

ششتُمی: چھٹا۔

اطاق ششتُمی: چھٹا کمرہ۔

ششتمین: چھٹا۔

سال ششتمین: چھٹا سال۔

شش وپنج: ادھیڑ بن، فکر و اندیشہ۔

شش وتَدی: مسدس، شش طرفی شکل۔

شُشی: پھیپھڑے کا، پھیپھڑے سے متعلق، پھیپھڑے کے رنگ کا ہلکا سرخ۔

شش یک: ایک کا چھٹا حصہ، ١/٦۔

شَصت: ساٹھ۔

شَصت تیر: مشین گن۔

شصتُم: ساٹھواں۔

یک شصتُم: ایک کا ساٹھواں حصہ، ١/٦٠۔

شطّ: (ع) (١)بہت بڑا دریا (٢)دریاے دجلہ (٣)دریا کا کنارہ، شطوط جمع۔

شطّاح: (ع) گستاخ، شریر، شطحیات کا قائل، خلاف شرع باتیں کرنے والا۔

شطارَت: ہوشیاری، چالاکی۔

شط العرب: (ع) دریا جو دریاے دجلہ اور دریاے فرات سے مل کر بنتا ہے اور خلیج فارس میں جاگرتا ہے۔

شطحِیّات: (ع) شریعت کے خلاف باتیں زبان پر لانا، عالم وجد میں کوئی ایک کلمہ زبان پر لانا، جو خلاف شرع ہو، مثلاً منصور حلاج کا اناالحق کہنا۔

شطر: نصف، ایک چیز کا آدھا حصہ، شطور جمع۔

شطرنج-شطرنگ: بہار عجم میں آیا ہے کہ یہ لفظ شترنگ کا معرب ہے، یہ ایک کھیل ہے جس کے اکثر مہرے انسانوں کے نام پر ہیں اس لیے مجازاً اسے شترنگ کہتے ہیں بعض کی رائے ہے کہ یہ شش رنگ کا معرب ہے اور شش رنگ سے مراد ہے چھ مہرے یعنی رخ، گھوڑا، فیل، پیادہ، وزیر اور بادشاہ، بعض کے نزدیک صد رنگ (رنگ بمعنی حیلہ) اس کھیل میں سیکڑوں حیلے کرنے ہوتے ہیں، بہر حال شطرنج چھ مہروں کا مشہور عالم کھیل ہے۔

شطرنج بازی کردن: شطرنج کھیلنا۔

شطرنج باز: شطرنج کا کھلاڑی۔

شطرنج بازی: شطرنج کھیلنا۔

شطرنجی: (١)چارخانہ دار کپڑا (٢)شطرنج باز۔

شطط: حد سے تجاوز کرنا، حد سے بڑھ جانا۔

شطّل-شتل: بغیر خطرے کے منافع حاصل ہونا۔

شطوط: (ع) شط کی جمع، بڑے بڑے دریا۔

شِعاب: (ع) شعبہ کی جمع، حصے، (١)شاخیں، ٹکڑے، ادارے، (٢)چھوٹی نہریں، نہریں جو دریا یا بڑی نہروں سے نکالی جائیں۔

شِعار: (ع) (۱) علامت، نشان، رنگ، اصول (۲)قمیص، پیراہن (۳)حسب حال (۴)کتبہ، اصول عمل (۵)دستور، عادت، طرز، روش (۶)پیشہ۔

آنرا شعارِ خود قرار دادہ است: اس نے اسے اپنا اصول زندگی بنالیا ہے۔

رحمت شِعار: جس کا دستور حیات مہربانی اور شفقت ہو۔

شِعار زندگی: زندگی کا اصول، عمل۔

شِعاری: (ع) عادی۔

شُعاع: (ع) آفتاب کی روشنی، کرن، کسی روشن چیز کی چمک، روشنی

شعاعِ آفتاب: سورج کی روشنی۔

شعاع افگندن: چمکانا، چمک کا عکس ڈالنا۔

شعاعِ مہتاب: چاند کی چاندنی۔

شعاع افگن: چمکانے والا، درخشاں کرنے والا۔

شعاع افگنی: چمکانا، درخشاں کرنا۔

شعاع گستَر: شعاع افگن۔

شُعاعی: شعاع سے متعلق، کرنوں سے متعلق۔

شَعائر: شعیرہ کی جمع، رسوم، مذہبی رسوم، آداب و رسوم، رواج۔

شِعب: (ع) (۱) پہاڑی راستہ، تنگ گھاٹی، درہ (۲)قبیلہ (شعاب جمع)۔

شَعب: (ع) نسل، قوم، جمعیت (شعوب جمع)۔

شُعب: (ع) دیکھیے شعبہ۔

شُعبات: (ع) شعبہ کی جمع۔

شَعبان: (ع) ہجری سن کا آٹھواں مہینہ۔

شَعبَدہ: (ع) وہ بازی جس کا تعلق سحر و جادو یا محض خیال سے ہو، دھوکا، فریب۔

شعبدہ بازی: چالاکی سے کوئی کارنامہ دکھانا۔

شُعبہ: شاخ، حصہ، ادارہ، نہر جس سے کوئی اور نہر نکالی گئی ہو، نہر جو دریا یا بڑی نہر سے نکالی جائے۔ (شعب جمع)۔

این ادارہ چندین شعبہ دارد: اس ادارے کے کتنے حصے ہیں۔

شِعر: (ع)بیت جو خاص بحر اور قافیہ، ردیف، کی پابندی سے لکھا جائے، موزوں سخن (اشعار جمع)۔

شعر ادبی: شعر جس میں ادبیت ہو۔

شعر بالبداھہ: (ع)فی البدیہہ شعر کہنا۔

شعررزمی: شعر جس میں شجاعت یا بہادری کا ذکر آئے۔

شعر غنائی: شعر جس میں ترنم کی کیفیت پائی جائے، غزلیہ شعر۔

شعرِ منثور: نثری شعر جس میں قافیہ ردیف اور بحر و وزن کی پابندی نہ ہو۔

شعرِ نمائشی: ڈرامائی وضع کا شعر۔

شعرِ ہجائی: ہزلیہ یا ہجویہ شعر جو کسی موقع پر کہا جائے۔

شَعر: (ع)بال، مو۔

شعر بافی: کپڑا بننا، جولاہے کا پیشہ یا کام۔

شعرِ خوانی: شعر پڑھ کر سنانا۔

شعری: شاعرانہ، فن شعر کی ضرورت۔

شعری: شعرا، دوستاروں کے نام، ایک کو "شعری شامی" اور دوسرے کو "شعری یمانی" کہتے ہیں یہ موسم گرما کی راتوں میں نمایاں ہوتے ہیں، انھیں فارسی میں دو خواہر یا دو خواہران کہتے ہیں۔

شعریہ: شعر سے متعلق۔

شَعشعان: (۱) تابندہ، درخشندہ (۲) نیک خصلت۔

شعشعہ: چمک دمک، تابش، تابندگی، درخشندگی، آفتاب کی روشنی۔

شَعَف: (ع) خوشی، مسرت، راحت، شادمانی، سرور، کیفیت وجد، عشق، دلبستگی، شیفتگی۔

شُعلہ: آگ کی لپٹ، آنچ، روشنی۔

شعلہ عشق: آتش عشق۔

آتش شعلہ می زند: آگ کے شعلے نکل رہے ہیں۔

شعلہ زدن–شعلہ کشیدن: شعلہ بھڑکنا۔

شعلہ بار: لگاتار شعلے نکلنا۔

شعلہ خُو: آتش مزاج، غصیلا۔

شعلہ زن–شعلہ ور: جس میں سے شعلے نکل رہے ہوں۔

شُعُوبی: (ع) ایک گروہ جو عربوں کو عجمیوں پر برتری نہیں دیتا تھا۔

شعوبیہ: (ع) شعوبیوں کا گروہ۔

شعوذَہ–شعوذہ: شعبدہ، نیرنگ، فریب۔

شُعُور: عقل، فہم، ادراک، احساس، تمیز، سلیقہ، واقفیت، دانائی، جاننا، پہچاننا۔

شعور حیوانی: عقل حیوانی، جبلت، جبلی افعال، وجدان، فطری صلاحیت۔

شعور فطری: قدرتی ذہانت۔

بی شعور: بے عقل۔

شَعور: شَعر کی جمع، بال، مُو۔

شُعَیب: (ع) ایک پیغمبر جو حضرت موسی(ع) کے خسر تھے۔

شعیر: (ع) جَو۔

شعیرہ: جوکی روتی، نان جویں۔

شغ: شاخ، جانور کے سینگ۔

شِغا: ترکش، تیردان۔

شَغاف: پردہ دل، سویدائے دل، دل کا سیاہ نشان، نیز بیماری جو دل کے پردے میں پیدا ہوتی ہے۔

شَغال: گیدڑ۔

شغّال: جس کے بہت سے کام ہوں، بہت مشغول۔

شغالہ: بہی کا درخت یا اس کا پھل۔

شَغَب: شور و غوغا، ہیا ہو، فتنہ انگیزی۔

شَغَر: ہاتھ یا پاؤں کی جلد جو کام کرنے سے سخت ہو جاتی ہے۔

شغَر بغَر: پریشان، پراگندہ، درہم برہم۔

شغرَبِیَّہ: فن کشتی کا ایک داؤ۔

شغز: گردن کشی، فتنہ انگیزی۔

شغَف: حرص، کسی چیز سے انتہائی دلبستگی، عشق، دلباختگی۔

شغَک: احمق، بیوقوف۔

شُغل: (ع) کام، پیشہ، ملازمت، مشغولیت۔

شغل من معلمی است: میرا پیشہ درس و تدریس ہے۔

شغِم: (ع) حرص، لالچ، کسی چیز سے زیادہ دل بستگی ہونا۔

شغہ: جلد کی صلابت، سختی، اور موٹا پن۔

شفّ: کپڑا یا نازک پردہ، نیز بمعنی ہوا (شفوف جمع)۔

شِفا: () صحت پانا، تندرست ہونا۔

شفا پذیر: قابل علاج، صحت پانے کے قابل۔

شفا دادن: شفادینا، اللہ تعالی کا شفا بخشنا۔

شفایافتن: علاج سے شفا پانا۔

دارالشّفا: شفاخانہ، ہسپتال۔

شفابخش: صحت دینے والا۔

شفاجُرُف: وادی کا کنارہ، آبگیر۔

شفاخانہ: ہسپتال۔

شفادارُو: صحت کی دوائی۔

شفادہندہ: شفابخش۔

شفا سازی: صحت دینا۔

شفاعَت: (ع) سفارش، گنہگار کی بخشش چاہنا، وسیلہ، کسی کے لیے سفارش کرنا۔

شفاعت کردن: سفارش کرنا۔

درحق من پیش او شفاعت کنید: میرے لیے اس سے سفارش کیجیے۔

شفاعت آمیز: سفارشی۔

کلِمات شفاعت آمیز او مرا نجات داد: اس کے سفارشی الفاظ نے مجھے نجات دلادی۔

شفاعت کُنندہ: سفارش کرنے والا، شفیع۔

شفاعۃً: (ع) سفارش کے طور سے۔

شفّاف: (ع) صاف، روشن۔

شفّافی: (ع) صفائی، روشنی۔

شِفاہ: (ع) شفہ کی جمع، ہونٹ، لب۔

شَفاہاً: زبانی طور سے۔

شفاہاًباو توضیح دادم: میں نے زبانی اس سے وضاحت کردی۔

شفاہی: زبانی۔

امتحانات شفاہی و کتبی: زبانی اور تحریری امتحانات۔

توضیحات شفاہی: زبانی وضاحتیں۔

شہادتِ شفاہی: زبانی شہادت۔

وصیّت شفاہی: وصیت بوسیلہ زبان، زبانی وصیت کرنا۔

شَفت: گٹھلی دار پھل۔

شَفت: (۱) ناہموار، ناتراشیدہ (۲) تنومند، لحیم شحیم، موٹا تازہ (۳) ارزان۔

شفِت: خمدار، مڑا ہوا، بل کھایا ہوا (۲) کوزپشت خمیدہ کمر، کبڑا، بے ڈول (۳) غیر متمدن، فریب آمیز۔

شَفت: گیلان کا ایک گاؤں۔

شفُت: زخم سے خون یا پیپ نکلنا۔

شُفت: بخیل، کنجوس، خسیس۔

شفتالو: ایک قسم کا بڑا آڑو۔

شفتاہنگ: تار کھینچنے کا آلہ۔

شفترک: خاکشیر، خودرَو پودے جو صحراؤں یا باغوں اور پہاڑوں کے دامن میں اگتے ہیں ان کی شاخیں باریک اور پتے لمبے ہوتے ہیں۔

شَفتہ: (۱) کھرل، ہاون، کونڈی (۲) چھوٹی توپ جس سے گولہ بہت اونچا جاتا ہے (۳) آتشبازی کے گولے پھینکنے کا آلہ (۳) گارا چونے کا مسالہ، کنکریٹ سے تہ جمانا۔

شفتہ آہن: لوہے کے استعمال سے تہ جمانا۔

شفتہ ریزی: کنکریٹ کی تہ جمانا۔

شفَتَین: دو ہونٹ۔

شُفر: (ع) پلک کا کنارہ جہاں پلکوں کے بال ہوتے ہیں۔

شَفرہ: موچی کا چمڑا ہموار کرنے کا آلہ۔

شفش: باریک لکڑی جس سے دُھنیہ روئی دھننے کا کام کرتا ہے۔

شفشاہنج: دھنیے کی کمان، لوہے کا سوراخ دار قطعہ جس میں سے سنار سونے چاندی کی تار ڈال کر کھینچتے ہیں تاکہ وہ باریک اور تابدار ہو جائے۔

شفع: (ع) جوڑا، جفت، میاں بیوی۔

شفعا: سفارش کرنے والا، شفیع۔

شُفعہ: وہ حق جو گھر یا زمین کی ہمسائیگی سے حاصل ہو۔

شفَق: (ع) (۱) سرخی جو طلوع آفتاب سے پہلے اور غروب آفتاب کے بعد نمودار ہوتی ہے (۲) رحم، شفقت اشفاق جمع۔

شفَقت: (ع) مہربانی، رحم و کرم۔

خدا بر آن پیر مرد بیچارہ شفقت کرد: خدا نے اس بے بس بوڑھے آدمی پر رحم کیا۔

شفقت کردن: مہربانی کرنا۔

شفَقی: شفق سے متعلق، اس سرخی سے متعلق جو طلوع آفتاب سے پہلے اور غروب آفتاب کے بعد رونما ہوتی ہے۔

شفَک: بیکار چیز، بوسیدہ چیز، بے ہنر، ناداں۔

شفوات: دیکھیے شفہ۔

شفودہ: ہفتہ، ہفتے کے دن، ہفتہ سے جمعہ تک کے دن۔

شفوی: دیکھیے شفہی۔

شَفَہ: ہونٹ لب۔

شفَہی: ہونٹوں سے متعلق۔

حروف شفہی: حروف جو ہونٹوں کو بند کرکے یا قریب لا کر ادا کیے جائیں۔

شفِیر: آنکھ کی پلکوں کا کنارہ۔

شفِیع: (ع) شفاعت کرنے والا، سفارش کرنے والا۔

شفیعا: فارسی کا ایک رسم الخط، خط شکستہ۔

شفِیف: (ع) شفاف ہر وہ چیز جو بلور کی مانند ہو۔

شفِیق: (ع) شفقت کرنے والا مہربان، مشفق

شقّ: (ع) شگاف، درز، پھٹا ہوا، چاک

شقُّ القمر: چاند کا دو ٹکڑے ہونا، حضرت رسول کریم (ص) کا معجزہ۔

شق کردن: ٹکڑے کرنا، شگاف دینا۔

شقّ: (ع) سیدھا، مستقیم، راست، کھڑے ہونے، استقامت سے۔

شق کردن: سیدھا کھڑا ہونا۔

شَقا: (ع) شقاوت، بدبختی، بد نصیبی۔

شَقا: ترکش جس میں تیر رکھے جاتے ہیں۔

شقاحَت: (ع) بدصورتی، پستی، گھٹیا پن۔

شقاق: (ع) (۱) کسی ملت یا جماعت کی پھوٹ، تفرقہ، رفض، اعتزال (۲) اختلاف، نفاق، علیحدگی۔

شقاقُل: جنگلی گاجر۔

شقاقُلوس: کسی عضو کا بے حس ہو جانا۔

شقاقلوسی: گلا ہوا، بے حس، ناسوردار۔

شقاوَت: (ع) بد بختی، بد نصیبی۔

شقایق: (ع) گل لالہ، سرخ پھول

شُقرة: (ع) سرخ و سفید رنگ، زرد رنگ جس میں سرخی کی جھلک ہو۔

شِقّہ: کسی چیز کا نصف حصہ، جانور کے گوشت کا کچھ حصہ یا نصف حصہ۔

شقہ کردن: دو حصوں میں کاٹنا یا الگ کرنا۔

یک شقہ گوشت: جانور کے گوشت کا ایک پہلو، نصف حصہ۔

شقّی: (ع) سخت دل، بد بخت، بد خصائل، بد سیرت

(اشقیا جمع)۔

شقی:دنیوی (اخروی کی ضد) زمانی، کنپٹی۔

صداع شقی:(۱)من کی موج، لہر، ترنگ
(۲)درد شقیقہ۔

شقیت:سختی۔

شقیق:(ع)دو حصوں میں الگ الگ کٹی ہوئی چیز سگی ماں مگر سوتیلے باپ کی اولاد۔

شقیقہ:(ع)آدھے سر کا۔

درد شقیقہ:آدھے سر کا درد۔

شک:شبہ، گمان۔

شک آوردن:شبہ کرنا۔

شک افتادن:شبہ میں پڑنا۔

شک داشتن:شبہ ہونا۔

شکی نیست کہ مجازات خواہد شد:کوئی شبہ نہیں کہ اسے سزا ہوگی۔

شکات:(ع)بیماری، عیب۔

شکار:جانور کو پکڑنا یا حلال کرنا، وہ جانور جسے پکڑنا مقصود ہو، مطیع، مغلوب، بلغار۔

شکار شدن:کسی کی زد میں آجانا۔

شکار کار خوبی نیست:جانوروں کو پکڑنا مارنا اچھا کام نہیں۔

شکار باز:شکاری، شکارچی، شکار کرنےوالا۔

شکاربند:وہ تسمہ وغیرہ جس سے شکار باندھا جائے۔

شکارچی:شکاری، شکار کرنے والا۔

شکارستان:شکارگاہ، شکار کرنے کی جگہ۔

شکار گاہ:شکار کرنے کی جگہ۔

شکار گر:شکاری۔

شکاری:شکار کرنے والا، جس کا مشغلہ جانوروں کا شکار کرنا ہو۔

شکاریان:شکاری کی جمع، شکاری پرندے۔

شکار یدن:شکار کرنا۔

شکاشک:چلتے ہوئے پاؤں کی آواز۔

شکاف:چاک، درز، شگاف، چیرا۔

شکاف دادن:چاک کرنا۔

مُوشکاف:بال کی کھال اتارنے والا۔

شکافاندن:شکافتن- چیرنا، چاک کرنا۔

شکافتگی:درز، رخنہ، سوراخ ہونا۔

شکافتن-شکافتن:چیرنا پھاڑنا، شگاف دینا۔

جرّاح زخم را شکافت:جراح نے زخم کو چیر دیا۔

چون بعشق آمد قلم بر خود شکافت:جب قلم لفظ عشق پر آیا تو اس میں شگاف آگیا۔

کشتی امواج رامی شکافد:کشتی موجوں کو چیر کر نکل جاتی ہے۔

شکافتہ:پھٹا ہوا، چیرا ہوا، جس میں شگاف ہو۔

شکافدار:جس میں شگاف ہو۔

شکافہ:مضراب جس سے ستار بجائی جاتی ہے۔

شکاک:شک کرنے والا، وہ شخص جسے ہر بات میں بہت شک ہو۔

شکاکی:شک کرنا۔

شِکال:رسی جس سے جانوروں کے پاؤں باندھے جاتے ہیں۔

شکاوَت:شکایت۔

شکایَت:گلہ، شکوہ، دکھ، درد۔

بہ شکایت او رسیدگی کنید:اس کے دکھ درد پر توجہ کیجیے۔

شکایت کردن:گلہ شکوہ کرنا۔

از دست کسی شکایت کردن:کسی کا گلہ شکوہ کرنا۔

من ازو ہیچ شکایت ندارم:مجھے اس سے کوئی گلہ شکوہ نہیں۔

شکایت آمیز:جس میں شکایت پائی جائے۔

سُخَنان شکایت آمیز:باتیں جن سے گلہ شکوہ ظاہر ہو۔

شکایت کُنان:گلہ شکوہ کرتے ہوئے۔

شکایت مند:غیر مطمئن، شکایت کرنیوالا۔

شکر۔شکّر:چینی، کھانڈ۔

شکر افشانی:شیریں گفتار، شیریں تقریر۔

شُکر:سپاس گزاری، شکریہ ادا کرنا۔

شکر کردن:شکر گزار ہونا، شکریہ ادا کرنا۔

شکر گذاردن:شکر کرنا، شکر گزار ہونا،شکریہ ادا کرنا۔

شکرِنعمت:پروردگار کی نعمت کا شکریہ ادا کرنا۔

خدا را شکر کہ بی خطر رسیدی:خدا کا کرم کہ تو بلا خطر پہنچ گیا۔

خدایا شکرِ درگاہت:اے خدا تیری بارگاہ کا شکر گزار ہوں۔

شکر آب:کنایۃ دوستوں میں خفگی پیدا ہونا، رنج و کدورت پیدا ہونا۔

شَکر آمیز:جس میں شکر ملی ہوئی ہو۔

شُکران:شکر گزاری، سپاس گزاری کرنا۔

شَکر اندا:کوئی چیز جس میں شکر ڈالی جائے۔

شُکرانہ:شکر گزاری کرنا۔

شکرانہ آن احسان:اس احسان کا شکریہ۔

شکربار:شیریں آواز، شیرینی بکھیرنے والا۔

شکر بورہ:ایک قسم کی شیرینی جو بادام، پستہ، چینی وغیرہ ملا کر تیار کرتے ہیں۔

شکر پارہ:ایک قسم کی منھائی جو بشکل مربع پارہ پارہ کی جاتی ہے۔

شکر پنیر:ایک قسم کی مٹھائی جو چاولوں یا گندم کے آٹے سے تیار کی جاتی ہے۔

شکرچش:شیرینی کو اندازے کے لیے چکھنا۔

شکر خائی:مٹھائی چبانا۔

شکرچین:شکر خوار۔

شکر خند-شکر خندہ:شیریں مسکراہٹ، تبسم۔

شکر خواب:میٹھی نیند، خواب خوش، شاد خواب۔

شکر خیز: چینی جس سے پیدا ہو

شکر دان: چینی دان

شکر دن: شکار کرنا

شکرنده: درہم برہم کرنے والا

شکر دہان: شیرین دہاں، شیریں زبان

شکر ریز: (۱)منھائی بنانے والا، شیریں صدا والا شیریں گفتار، فصیح، لب محبوب کا کنایہ

شکر ریزی: (۱)منھائی بنانے کا کام (۲)شیریں زبان میں باتیں کرنا، شکر افشانی، شیریں بیانی

شکر زبان: شیریں بیان

شکرِ ستان: جہاں چینی تیار ہوتی ہے، کنایۂ محبوب کے ہونٹ، لب ہاے شیریں

شکر شکن: شیریں سخن، شیریں گفتار

شکر فشان: میٹھے بول بولنے والا، شیرینی بکھیرنے والا

شکر فشانی: شکر افشانی، شیریں آواز میں باتیں کرنا، شیرینی بکھیرنا

شکر گذار: سپاس گزار، شکریہ ادا کرنے والا

شکر گذاری: کسی کی مہربانی پر شکریہ ادا کرنا

شکر گذاری کردن: شکریہ ادا کرنا

شکر لب: شیریں لب، کنایۂ محبوب کے ہونٹ

شِکره: شکاری

شکری: ہلکا زرد رنگ، جس چیز میں منھاس ہو

شکرین: چینی سے میٹھی کی ہوئی چیز، شیرین

شکست: (۱)شکستن= ٹوٹنا سے ماض مطلق، ٹوٹ گیا (۲)ہار، ہزیمت (۳)گرنا (۴)شرم، ندامت، ذلت، رسوائی، خجالت، ناکامی (۵)نقص

شکست خوردن: ہزیمت کھانا، ہار جانا

شکست دادن: ہرا دینا، مغلوب کرنا

شکستِ شاگردان رسوائی معلّم است: شاگردوں کی ناکامی استاد کے لیے باعث رسوائی ہے

شکست یافتن: شکست کھانا

قشونِ دشمن شکست خوردند: دشمن کے لشکر نے ہزیمت کھائی

لطافتش گل ہای بوستان را شکست داد: اس کی لطافت نے چمن کے پھولوں پر فوقیت حاصل کی

شکست: شکستن= توڑنا سے ماضی مطلق، اس نے توڑا، ناکامی، شکستگی

شکست بند: شکستہ بند، ہڈی جوڑنے والا، استخوان بند

شکست خورده: ہارا ہوا، ہزیمت خورده

شکستگی: ٹوٹ جانا

شکستن: توڑنا

او عهد خود را بشکست: اس نے عہد شکنی کی، اپنا وعدہ توڑ دیا

درہم شکستن: شکست دینا

دل شکستن: دل توڑنا، مایوس کر دینا

شکستنی: جو ٹوٹ جائے

شکستنی ہارا آنجا نگذارید: ٹوٹ جانے والی چیزوں کو وہاں نہ رکھیے

شکسته: ٹوٹا ہوا، اداس، غمگین، مغموم

آواز شکسته: غمگین آواز، درد بھری آواز

خطِ شکسته: تیزی سے یا گھسیٹ کر لکھا ہوا

دل شکسته: نا امید، غمگین، مغموم، رنجیده

شکسته شدن: ٹوٹ جانا، رنجیده ہونا، نا امید ہو جانا، پریشان ہونا

شکستهِ بال: جس کے پر و بال ٹوٹ چکے ہوں، بد نصیب،

مصیبت زدہ، پریشان حال

شکستہِ بستہ: اچھی بری چیز جو یکجا کی گئی ہو

شکستہ بند: ہڈی جوڑنے والا، استخوان بندی کرنیوالا

شکستہ بندی: ہڈی جوڑنا، استخوان بندی

شکستہ حال: پریشان حال، محتاج، مفلس

شکستہ خاطِر: شکستہ دل، پژمردہ، مغموم

شکستہ زبان: گونگا

شکستہ نفس: عاجز، مسکین

شکستہ نفسی: عاجزی، فروتنی

شکستہ نفسی کردن: اپنے آپ کو ذلیل کرنا، خودداری کو صدمہ پہنچانا

شِگِفت: (۱) تعجب، حیرت (۲) تعریف و تحسین، پسندیدگی

در شگِفت بودن: عالمِ حیرت میں ہونا

شگُفت، شگفتن: کھلنا سے ماضی مطلق کھلا، نشو و نما پائی

شگِفت آمیز: حیران کن

شگِفت انگیز: حیران کن، حیرانی پیدا کرنے والا، عجیب و غریب

عملیات شگِفت انگیز: عجیب و غریب کرتب، حیرت انگیز فنی کارنامے

شگُفتِگی: کِھلنا، (پھولوں کا) خوشی کے آثار کا نمایاں ہونا

شکفتن: کھلنا

شکفتہ: کھلا ہوا، خوش، مسرور

شگفِتیدن: متعجب ہونا، حیران ہونا، متحیر ہونا

شکفتیدن: کھلنا، نشو و نما پانا، پھلنا پھولنا، بڑھنا

شکک: طنبور، تنبور، چلتے ہوئے پاؤں کی آواز

شکل: (ع) (۱) صورت، چہرہ، مانند، شباہت، وضع، رنگ ڈھنگ، مشابہت، طور طریقہ

شکل کشیدن: تصویر بنانا

نمی دانم چہ شکل او را فریب دادند: معلوم نہیں کس طرح اسے فریب دیا گیا

شکلاً مانند میمون است: شکل و صورت کے لحاظ سے وہ بندر سے مشابہہ ہے،

شکلات: چاکولیٹ، ایک قسم کی چبانے والی متھائی

شکلک: منہ بنانا، مضحک شکل بنانا

شِکَم: (۱) پیٹ (۲) بطن، کھانے کی خواہش (۳) حمل

شِکَم بآب زدن: لاپروائی سے خود کو خطرے میں ڈالنا

شکم بالا آمدن: پیٹ بڑا ہونا، حاملہ ہونا

شکم پرست: پیٹ کا پجاری جو صرف اپنے ہی کھانے پینے کا خیال رکھتا ہو

شکم دادن: (۱) پیٹ کا ابھرنا، پیٹ کا پھولنا، (۲) جھکنا، خمیدہ ہونا

شکم داشتن: عورت کا حاملہ ہونا

شکم رفتن: پاخانہ نکل جانا بچوں کی طرح

شکمش بہ پشتش چسپیدہ است: اس کا پیٹ اس کی پیٹھ سے لگ گیا ہے، وہ بہت بھوکا ہے

این زن شکم دارد: یہ عورت حاملہ ہے

باد شکم: پیٹ کی ہوا

جانش را روی شکمش گذاشت: اس نے پیٹ کی خاطر جان دے دی

شِکم بند: کپڑا جو پیٹ سے باندھا جاتا ہے

شکم بندہ: پیٹ پجاری، شکم پرست

شکمِبہ: معدہ، گھاس چرنے والے جانوروں کا معدہ

شکم پارہ:(نباتات) ایک قسم کے بیج

شکم پاور:ایک قسم کا گھونگا

شکم پرَست:پُرخور، پیٹ پوجا کرنیوالا

شکم پرستی:پر خوری، پیٹ پرستی

شکم پروَر:شکم پرست

شکم خوار:شکم پرست

شکم درد:پیٹ درد

شکم ران:مسہل،

شکم روِش:اسہال، دست آنا

شکم گرفتگِی:قبض

شکم گرفتہ:جسے قبض ہو

شکم گندہ:بڑے پیٹ والا، پرخور، پیٹو

شِکمو:پیٹو، پر خور

شکم وار:ایک خوراک کے اندازے کے مطابق

شکمی:پیٹو

شکن، شکستن:توڑنا سے فعل امر، توڑو

دندان شکن:دانت توڑنے والا، لاجواب کر دینے والا

شِکَن:تہ، خم، پیچ، حلقہ

شکن زلف:زلف کا پیچ و خم، گھنگھریالے بال

شِکنب:شکم، پیٹ

شِکَنج:(۱)خم، موڑ، پیچ، شکن (۲)مکر و فریب

شِکنج:چنکی لینا، کاتنا

شکنجِہ:(۱)آزار، تکلیف، ایذا، عذاب، (۲)مجرموں کو سزا دینے کا آلہ، (۳)جلد سازوں کی مجلد کتاب کو دبانے کا آل

شکنجہ کردن، شکنجہ کشیدن:اذیت دینا، مجرِم کو سزا دینے کے آلے میں کسنا

شکنجیدن:شکنجے میں کسنا، اذیت دینا

شِکند:لمبے لمبے کیڑے جو نمناک زمین میں رہتے ہیں۔

شِکن دار:(۱) جس میں شکنیں ہوں (۲) گھنگھریالے بال

شکندِگی:کمزوری، بوداپن

شکن شکن:شکنوں سے لبریز

شکندِہ:ٹوٹا ہوا، شکستہ

شِکنندِہ:توڑنے والا

شِکنَہ:ناز و ادا، عشوہ، غمزہ

شکُوخ:لغزش پا، ٹھوکر

شکوخِیدن:لغزش کھانا، ٹھوکر مارنا، ٹھوکر سے گر پڑنا

شکُور:بہت شکر گزار، شاکر

شکور:باری تعالی کی صفت، عطا و بخشش کرنے والا

شکوف:شگاف، درز، چاک

شکوفتن:شگفتن، کھلنا، پھلنا پھولنا

شکوفہ:پھول جو ابھی کھلا نہ ہو، غنچہ، پھل والے درخت کا پھول

سیب شگوفہ کرد:سیب کے درخت کے پھول نکل آئے

شکوفہ دار:پھل دار درخت جس کے پھول ہوں

شکوفہ زار:پھلوں پھولوں کا باغ

شکوفیدن:شگفتن، پھلنا، پھلنا پھولنا

شکوفیدن:شکست دینا

شُکوک:شک کی جمع، شبہات

اہل شکوک:شک و گمان کرنے والے

شکُول:جلدی چالاکی

شُکوہ:شان، شوکت، حشمت، عظمت، بزرگی، جلال

عمارت باشکوہ:شاندار عمارت

نمایش باشکوہ:عظیم الشان نمائش

شِکوَہ: گلہ، شکایت

شکوہ بودن: گلہ ہونا

شکوہ کردن: گلہ کرنا، شکایت کرنا

شِکُوہ: خوف، ڈر، ترس، بیم

شِکوَہ آمیز: جس میں گلے یا شکایت کا پہلو ہو، شکایت آمیز

شکوہ مند: با شکوہ، شان و شوکت والا

شکوینج: خارخسک، سہ گوشہ کانٹا، بھکڑا

شکو ہہ: (۱)شکوہ (۲)زیبائی، رعنائی

شُکوہیدن: جاہ و جلال یا بزرگی حاصل ہونا

شِکوہیدن: ڈرنا، خوف کھانا

شکو ہیدہ: خوفزدہ، ڈرا ہوا

شُکہ: شُکوہ کا مخفف

شِکہیدَن: بے چین ہونا، مضطرب، ہونا، مضمحل ہونا

شکّی: جس میں شک ہو، مشکوک

شکّیات: مشکوک باتیں

شکِیب: صبر، برد باری، تحمل، برداشت

شکیبا: صابر، بردبار، متحمل

شکیباندن: صبر و تحمل کی تلقین کرنا

شکیبائی: صبر و تحمل، بردباری

شکیبَندِہ: صابر، بردبار، متحمل

شکیبیدن: صبر کرنا، تحمل کرنا

شکِیل: خوش شکل، حسین، خوبصورت، خوش اندام

این لباس خیلی شکیل است: یہ لباس بہت خوبصورت ہے

شکیمِہ: (۱)دہانہ (۲)پختگی (۲)رکاوٹ کی قوت، قوت مزاحمت

شکینِہ: بہت بڑا مٹکا جس میں غلہ ڈالتے ہیں، بھڑولا

شکا: تیردان، ترکش

شَکال: شغال، گیدڑ

شِگرِد: روش، طریقہ

شِگرف: عمدہ، خوب، عجیب، خوبی و زیبائی میں بینظیر، بہت بڑا

بنای شگرف: بہت عمدہ یا بڑی بنیاد

شگرفی: خوبصورتی، تعجب خیز، بڑائی، مہارت

شِگِفت: تعجب، حیرانی

شگفت آیدم: میں حیران ہوا

شگفت آمیز: حیران کن

شگفت انگیز: عجیب، حیرت انگیز

عملیات شگفت آمیز: تعجب خیز فن کاری

شِگُفتن، شکفتن: کھلنا، پھلنا پھولنا

شگفتِہ: کھلا ہوا، تر و تازہ

شگفتی: حیرت، تحیّر، عجیب و غریب

یکی بیدار شو تا چند خفتی
ببین خود را کہ چیزی بس شگفتی

اب تو بیدار ہو کب سے سوئے ہوئے ہو، اٹھو اور دیکھو تم تو حیران کن شخصیت کے مالک ہو

شگفتیدن: حیران ہونا

شگوفہ: شکوفہ، پھل دار درخت کا پھول جو ابھی تک پوری طرح کھلا نہ ہو

شُگون: نیک فال، خوش آیند بات، مبارک اور مسعود ساعت

ایرانی ہا این کار را شگون می دانستند: اہل ایران اس کام کو فال نیک سمجھتے تھے

شکیف: شکیب، صبر و قرار

شَل: لنگڑا جسم کا کوئی حصہ بے حس ہونا

پای آن گدا شل است: وہ فقیر لنگڑا ہے

شل شدن: لنگڑا ہو جانا

شل کردن: لنگڑا کر دینا

شَل: ایک قسم کا پتلا چمڑا

شُل: (۱) ڈھیلا، نرم، رقیق، ضعیف، سست اور ضعیف شخص

شُل شدن: ڈھیلا یا نرم ہو جانا

شل کردن: ڈھیلا کرنا

طناب شُل بود: ڈوری ڈھیلی تھی

غذای شُل: رقیق غذا

گره را شل بست: اس نے ڈھیلی گرہ دی

شِل: چھوٹا نیزہ، جَیولِن

شلاِفه: بے حیا عورت، فاجرہ

شلّاق: چابک، تازیانہ، کوڑا نیز گداؤں کا کشکول

شلاق زدن: کوڑا مارنا

شلاق سواری: سواری کا چابک

شلاق خور: پائیدار، مضبوط، چابک کی سزا برداشت کرنے کے قابل، جسے چابک مارے جائیں

شلاقی: چابک مارنا

شلال: کپڑے پر کھلا بخیہ کرنا

شلال: آبشار، شلالاب جمع

شلال: (۱) پراگندہ جماعت (۲) اونٹوں کو چلانے والے

شلالِه: آبشار، جھرنا

شلایین: بہت تقاضا کرنے والا

شل بافت: کپڑے کی ڈھیلی بناوٹ

شلپ شلپ: لہروں کی آواز، چھپ چھپ کی آواز

شلپ کردن: چھپ چھپ کرنا

شُلپوُی: چلتے ہوئے پاؤں کی آواز

شُلتاق: (۱) نا انصاف، بد دیانت روش، ستم، تعدی (۲) جھگڑا، شورش، ہنگامہ

شلتاق کردن: نا انصافی کرنا، بد دیانتی کرنا

شلتُوک: چاول جن کے چھلکے نہ اترے ہوں، دھان اسے چلتوک بھی لکھا جاتا ہے

شلتوک کار: چاول کی کاشت کرنے والا

شلتوک کاری: چاولوں کی کاشت

شُلتِه: جہاں کوڑا کرکٹ پھینکا جاتا ہے

شلجم: شلغم، ایک ترکاری کا نام ہے

شِلختگی: سستی، پھوہڑپن، بے سلیقہ پن،

از روی شلختگی: سستی سے

شلختِه: سست، بے سلیقہ، بھوہڑ عورت، بے ترتیب کام

شَلَختِه: پینھ پر ٹھوکر لگانا

شلغم: شلجم، ایک ترکاری کا نام

شلغمی: شلغم کی مانند

شلف: طوائف، فاحشہ، بدکار عورت

شلفه: شلفینہ، شلف سے متعلق

شلفینه، شلفیه: اندام نہانی، بدکار عورت، فاحشہ

الفیه و شلفیه: فحش کتاب کا نام جس میں مردوں، عورتوں کی برہنہ شکلیں اور صورتیں ہیں، کہا جاتا ہے کہ یہ کتاب ازرقی نے طغانشاہ کے لیے لکھی تھی

شَلق: کسی کو تازیانہ مارنا

شلقَت: ہنس (نر) قاز

شَلک: جونک، زالو

شلِک: سیاہ رنگ، چیپ دار، کیچڑ

شلکلک: ناودان، پرنالہ

شلم: شلغم

شلنگ: جست و خیز، لمبا قدم

شلنگ برداشتن، شلنگ زدن: لمبے لمبے قدم اٹھا کر چلنا، ڈگ بھرنا

شلوار: پاجامہ، شلوار

شلوار بالا کشیدن: شلوار کو اوپر چڑھانا

شلوغ: از دہام، لوگوں کا انبوہ، غوغا

شلوق: نزاع، جھگڑا، لوگوں کا انبوہ، درہم برہم، ابتری، شور، ہنگامہ، شور و غل، ہیا و ہوہنگامہ، بد نظمی

در دکانِ قصاب شلوق بود: قصاب کی دکان میں بہت ہجوم تھا

شلوق کردن: شور و غل کرنا

مواظب باش که بچه ہا شلوق نکنند: نظر رکھنا بچے شور نہ کریں

شلوق کن: پر شور، شور کرنے والا

شلوک: جونک

شله: سرخ رنگ کا کپڑا جس سے مستورات کپڑے یا لحاف سیتی ہیں

شلّه: شوربا، چاولوں کی یخنی، آش

شِله: قصاص، خون بہا

شله: کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ

شلی: لنگڑا پن، جس کے جسم کا کوئی عضو بے حس ہو گیا ہو

شلیاق: (۱) آسٹریلیا کا ایک پرندہ جس کی دم بربط کی سی ہوتی ہے (۲) ستاروں کی ایک شمالی صورت کا مجمع

شلیتهِ: چھوٹے کھلے اور چین دار لباس جو عورتیں پہنتی ہیں

شِلیغ: آواز، صدا

شلیر: ایک خوشبودار، خوش مزہ پھل

شلیک: توپ و تفنگ کی آواز، توپوں بندوقوں کی باڑ

شلیک پی درپی: لگاتار توپیں داغنا

شلیک توپ: توپ داغنا

شلیک در موقع خطر: خطرے کے موقع پر توپ چلانا

شلیک کردن: توپوں، بندوقوں کی باڑ مارنا

شلیل، شلیر: ایک قسم کا خوش ذائقہ شفتالو جس کا چھلکا نرم روئیں دار اور گودا سخت ہوتا ہے

شم: سونگھنا

شم: شوَم کا مخفف، میں جاؤں

شم: (۱) خوف، دہشت، ڈر، خطر (۲) فرار (۳) نفرت (۴) دھوکا فریب (۵) ناخن، پنجہ

شما: تم، ضمیر جمع حاضر، آپ

شما بیاید: آپ آئیے

شمارا دیدم: میں نے آپکو دیکھا

شما: آپ سب

شما را باید بدانید: تم سب کو جان لینا چاہیے

اسم شماچیست: آپ کا نام کیا ہے

شَماتَت: (ع) کسی دوسرے کی بد نصیبی پر خوش ہونا، طنز کرنا

شماتت کردن: کسی دوسرے کے نقصان یا بد نصیبی پر خوش ہونا

شماتهِ: دیوار پر نصب کلاک کا بجنا

شماخ: مستورات کا سینہ بند، انگیا

شُمار: گنتی، حساب

شمار رفتن: شمار میں آنا، زیر غور آنا

شمار آمدن: گننا

شمار آوردن: شمار کرنا

بی شمار: لا تعداد، جو شمار میں نہ آ سکے

روز شمار: روز حساب، فیصلے کا دن، روز قیامت، محشر

ستارگان بشمارنمی آیند: ستارے گنے نہیں جا سکتے

شُمار، شمردن: گننا سے فعل امر، گنو

شُمارَنده: گنتی کرنے والا

شمارہ: نمبر شمار، نمبر

در شمارہ آخر روز نامہ: روزنامے کے آخری نمبر میں

شُماری: گننا

روز شماری: دن گننا

شماریدن: گننا

شمّاس: مہتمم صدقات، مذہبی جماعت کے دنیوی معاملات کا منتظم، پادری، بشپ، خادم کلیسا

شماطہ: شور و غوغا، ہلّڑ

ساعتِ شماطہ: الارم والی گھڑی

شماطہ دار: گھڑی یا ٹائم پیس جس میں الارم ہو

شمّاع: موم بتیاں بنانے والا، شمع ساز

شمّاعی: شمع سازی

شِمال: (۱) قطب شمالی کی سمت، مشرق کی طرف منہ کرکے کوئی کھڑا ہو تو اس کی بائیں طرف (۲) بائیں طرف، بائیں ہاتھ

یمین و شمال: دائیں اور بائیں

شمالاً: شمال کی طرف

شمال نما: قطب نما

شمالہ: شمع، موم

شمالی: شمال کی طرف

نواحِ شمالی: شمال کی طرف کے علاقے

شمامہ: بانسری، نے، پائپ

شمامہ: عطر دان، خوشبو، خوشبو دار خربوزہ

شمانیدن: آشفتہ کرنا، پریشان کرنا، ڈرانا

شمایان: تم سب

شمایل، شمائل: اچھے اوصاف، اچھی خصلتیں، اچھی شکل و صورت، صفات حسنہ، مثال:

دیدیم ز سر تا قد مش حسن و شمایل
لیک از ہمہ خوبیش وفا بیش برآمد

ہم نے اس کے حسن و جمال کو سر سے پاؤں تک دیکھا ہے لیکن اس کی صفات حسنہ میں سب سے زیادہ خوبی جو دیکھی وہ اس کی صفت وفا ہے

شمائلِ او خارج از وصف است: اس کی صفات حسنہ بیان سے بالا ہیں

شمائل پرست: صفات کو سراہنے والا، شبیہ پرست

شمائل پرستی: کسی کی صفات حسنہ کا عاشق ہونا

شَمائم: شمیمہ کی جمع، خوشبوئیں

شمپوری: جبری، زبر دست و ظالم

شَمخال: ہلکی توڑے دار بندوق

شمخالچی: توڑے دار بندوق رکھنے والا

شمّد: نازک سفید ململ وغیرہ کا کپڑا جس سے گرمیوں میں سوتے وقت منہ ڈھانپتے ہیں

شَمر: تالاب

طوف: (ع) اردگرد پھرنا، طواف

طوفان: (ع) سیلاب، طغیانی، تند و تیز ہوا، آندھی، شور و غل، ہنگامہ

طوفان کردن: ہنگامہ بپا کرنا

طوفان نوح: حضرت نوح (ع) کے زمانے کا عظیم طوفان جس میں بہت سی مخلوق غرقاب ہو گئی تھی

طوفان نما: سیلاب کی طرح

طوفانی: تند و تیز (ہوا)

طوق: (ع) گردن بند، حلقہ، گلوبند، ایک قسم کا گلے میں پہننے کا زیور

طوق گردن کردن: گلو بند پہننا، نیکلس گلے میں ڈالنا

طوقدار: گلو بند پہنے ہوئے

طوقی: (۱) گلے کے زیور جیسا (۲) اناروں کی ایک قسم

طول: (ع) لمبائی، اطوال جمع

طول و عرض آنرا اندازہ گرفتند: اس کی لمبائی اور چوڑائی کا انھوں نے اندازہ لگایا

طول دادن: طول دینا، لمبا کرنا، بیان کرنے میں زیادہ عرصہ لگانا

طول کشیدن: طویل عرصہ لگنا، تاخیرہونا، دیر ہونا

طول کلام: بیان کی طوالت، طوالت پسندی، پر گوئی

طول مدت: زیادہ عرصہ

طول نخواہد کشید: زیادہ عرصہ نہیں لگے گا

انجام آن سالہا طول می کشد: کئی سالوں میں اس کام کی تکمیل ہوتی ہے

طولاً: طول کے لحاظ سے

طولانی: دراز

طولومبہ: طلومبہ، تلمبہ، پمپ، نلکا جس کے ذریعے زمین سے پانی نکالا جاتا ہے

طولی: سیدھے خط میں،، خط، مستقیم، دراز تر

طولیاب: ستاروں کی سمت اور بلندی معلوم کرنے کا آلہ

طومار نویس: خزانچی، خاص طور سے رول ٹیکس کا

طوی: توی، جشن، شاندار ضیافت، عروسی جشن

طویت: (ع) ارادہ، قصد، نیت، کسی شخص کا راز اور باطن

طویل: (ع) لمبا، طولانی

عمر طویل: لمبی عمر

طویل العُمر: (ع) لمبی عمر کا

طویل القامت: (ع) لمبا قد، سرو قد، لمبے قد کا

طویل المدت: (ع) زیادہ عرصے کا

طویلہ: اصطبل، رسی جس سے جانور کو باندھتے ہیں

در طویلہ کردن: طویلے میں باندھنا

طہارت: (ع) پاکیزگی، پاک ہونا، نہلای دھلائی استنجا، آبدست وغیرہ

طہارت کردن، طہارت گرفتن: اپنے آپ کو پاک صاف کرنا

طہارت خانہ: نہانے کی جگہ، رفع حاجت کی پوشیدہ جگہ

طُہر: (ع) طہارت، وہ ایام جن میں عورت کو حیض نہ ہو، حیض سے پاک ہونا

طہران: تہران، ایران کا دارالسلطنت

طہماسپ: صفوی خاندان کے دو بادشاہوں کے نام

طهمورَث: تہمورث، ایران کے پیشدادی خاندان کا تیسرا بادشاہ

طهُور:(ع) پاک صاف ہونا، طہارت

طهِیر:(ع) پاک، پاکیزہ،

طیّ: لپیٹنا، جانا، طے کرنا

طی مسافت: سفر طے کرنا

قیمت پارچه را اول باید طی کرد: کپڑے کی قیمت کا پہلے فیصلہ کر لینا چاہیے

مسافت زیادی طے کرد: بہت زیادہ سفر طے کیا

طیی: دوران میں

طیّار:(ع) خوب اڑنے والا پرندہ، تیز پرواز کرنے والا

طیاره: ہوائی جہاز

طیاره چی: پائلٹ، ہوائی جہاز چلانے والا

طیاری: تیاری

طیّاش:(ع) سبک سر، کم عقل، اوچھا، کم حوصلہ

طیالس:(ع) دیکھیے طیلسان

طیان:(ع) دیواروں وغیرہ پر گلکاری کرنے والا

طِیب:(ع) خوشبودار، معطر

طیب خاطر: اچھا ارادہ، خلوص دل

طیِّب:(ع)(۱) پاکیزہ، اچھا، پسندیدہ، مطلوب، مطبوع (۲) قانونی

طیّبات:(ع) طیبہ کی جمع، اچھے اعمال، سعدی کی ایک کتاب کا نام

طِیبت:(ع) اچھائی، مسرت خیز، کسی چیز کا بہترین حصہ

طیِبه:(ع) اچھا عمل، عمل نیک، مطلوب، پاک، پاکیزہ، حلال

طَیر:(ع) پرندہ، طائر، پرواز (طیور جمع)

طیران:(ع) پرواز، اڑان

طیران کردن: پرواز کرنا

طیرنای: پرندے کی آواز، صدا پُکار

طَیرَة: سبک سری، سبکی، خفت، سبک عقلی

طِیرَه: بد شگونی، بری فال

طیش:(ع)(۱) غصہ، غضب (۲) سبک سری، عقل کی سبکی، بے استقلالی

طَیف:(ع) روح جو مجسم صورت میں نظر آئے، پیکر خیالی، عالم خواب کے خیالات

طیف بین: خیالی باتیں دیکھنے والا

طیفِ شمسی:: آفتاب کے گوناگون رنگ جو بلور کی کسی چیز میں نظر آتے ہیں

طَیفور:(ع) پرندہ

طیفی: خواب و خیال سے متعلق

رنگ ہای طیفی: گوناگون خیالی رنگ

طیلسان:(ع) ایک قسم کا چھوٹا لبادہ، چغہ، فرغل، چادر جو عرب کندھے پر ڈالتے ہیں

طیلموس: غدود جو گردن کی جڑ میں ہوتی ہے

طِین:(ع) مٹی، کیچڑ

طِینت:(ع) فطرت، خصلت، سرشت، خو، جبلت

بد طینت: بد فطرت

طیُور:(ع) طائر کی جمع، پرندے

طیور شناس: پرندوں کی انواع، عادات، ساخت وغیرہ کا علم جاننے والا

طیور شناسی: پرندوں کی زندگی کے حالات جاننا

طیوری: پرندوں کی خرید و فروخت کا کاروبار

طَیّ و نشر: صنعت بد یع میں لف و نشر

ظ

ظ: فارسی ابجد کا بیسواں حرف، عربی کا ستارھواں اور اردو کا تیئیسواں، عدد ابجد کے لحاظ سے اس کے ۹۰۰ عدد ہیں

ظا: حرف ظ کا تلفظ

ظافِر: (ع) ظفر مند، فتحیاب، مظفر

ظالِم: (ع) ستمگر، ظلم کرنے والا، سنگدل

ظالمانہ: ستم شعاری، سنگدلی، ظلم و ستم کے طور پر

ظالمانہ او را عذاب کردند: اسے بڑے ظلم و ستم سے انھوں نے ایذا پہنچائی

ظالم کش: غاصب اور ظالم کا قاتل

ظالم کشی: غاصب کا قتل، قتل جابر

ظالمی: ظلم و ستم، بیداد گری، بیداد

ظالمی کردن: ظلم و ستم کرنا

ظاہِر: (ع) (۱) سامنے، کھلا ہوا، صاف صاف، دکھاوا، عیاں، واضح، آشکار

ظاہر آن فقط خوب است: اس کا فقط ظاہری حال اچھا ہے

ظاہر شدن: آشکار ہو جانا، سامنے آ جانا

ظاہر کردن: واضح کرنا

اعمال او نزد ہمہ کس ظاہر است: اس کے اعمال و کردار سب پر عیاں ہیں

بظاہر: در ظاہر، دیکھنے میں

چشم ظاہر: ظاہری نظر میں

حفظ ظاہر کردن: ظاہری باتوں کی حفاظت کرنا

ظاہراً: (ع) ظاہرا طور سے

ظاہراً می گوید کہ بیاید: وہ ظاہری طور سے کہتا ہے کہ میں آؤنگا

ظاہر بین: سطحی نظر رکھنے والا، کم مایہ، سرسری نظر ڈالنے والا، اوپری نظر سے دیکھنے والا، بات کی تہ تک نہ پہنچنے والا

ظاہر دار: نمائشی، دیکھنے میں اچھا، ظاہر صحیح

ظاہر سازی: بناوٹ میں اپنے آپ کو ظاہر کرنا، جھوٹا دعوی کرنا

ظاہر نما: نمائشی، ظاہری ٹیپ ٹاپ والا، دیکھنے میں اچھا

ظاہرہ: (ع) ظاہر کی تانیث (ظواہر جمع)

ظاہری: بیرونی، خارجی، ظاہراً

دوست ظاہری: دوستی کا دکھاوا کرنے والا

رفتار ظاہری او بد نبود: اس کا کردار دیکھنے میں برا نہ تھا

ظِباء: (ع) ظبی کی جمع، ہرن، آہو، غزال

ظبیۃ: (ع) ہرنی

ظِراف: (ع) دانا، زیرک، ظرفا جمع

ظرافت: (ع) خوش طبعی، خوش بیانی، بذلہ سنجی، لطیفہ گوئی، ہنسی مذاق، شوخی، شستگی، لطافت (ذوق کی)

ظرافت کردن: ہنسی مذاق کرنا، شوخی کرنا

ظرائف: (ع) ظریف کی جمع، عمدہ نکتے

ظرف: (ع) برتن، حوصلہ، زیرکی، استعداد، مدت، عرصہ (ظروف جمع)

ظرف آبخوری: (۱) پانی پینے کا برتن

ظرف به ظرف کردن: انڈیلنا، بوتل سے گلاسوں میں انڈیلنا
ظرفِ زمان: متعلق به فعل زمانه
ظرفِ مکان: جگہ یا مقام سے متعلق
او خیلی آدم بی ظرفی است: وہ بہت کم حوصلہ آدمی ہے
در ظرف یک ساعت: گھنٹے بھر میں
شرکت باید جنس را در ظرفِ پنج ماه تحویل دهد: کمپنی کو چاہیے کہ اشیا پانچ ماہ کے عرصے میں حوالے کر دے
ظُرَفا: (ع) ظریف کی جمع، خوش طبع، بذلہ سنج لوگ
ظُرُوف: (ع) ظرف کی جمع، برتن
ظرفِیّت: اہلیت، صلاحیت، گنائش
با ظرفیت ہزار لیطر: جس میں ہزار لٹر کی گنجائش ہو
واحدِ ظرفیت: (کیمیا) کسی جوہر کے ایک عنصر کی قوت
ظریف: (ع) خوش طبع، خوش زبان، بذلہ سنج، لطیفہ گو، شستہ، شایستہ
نکته ظریف: عمدہ نکتہ
صنعتِ ظریف: عمدہ صنعت
ظریفانه: ظرافت کے طور سے، خوش اسلوبی سے، ہنسی مذاق سے، شائستگی سے
حرکاتِ ظریفانه اش همه را شیفته کرد: اس کی ہنسی مذاق کی حرکات نے سب کا دل موہ لیا
ظریفه: (ع) عمدہ نکتہ (ظرائف جمع)
ظَفَر: (ع) فتح، حصول مراد
ظفر کردن: فتح پانا، فتحیاب ہونا
ظفر یافتن: ظفر مند ہونا، فتحیاب ہونا

طاقِ ظفر: فتح پانے کی یادگار محراب
یادگار ظفر: کوئی چیز جو کسی فتح کے موقع پر یادگار کے طور پر قائم کی جائے
ظُفر: انگلی، ناخن، پنجہ (اظفار جمع)
ظفر اثر: فتحیاب، فتح مندی کا نشان رکھنے والا
سفرِ ظفر اثر: کامیاب مہم، فتحمندانہ مہم، کامیاب دورہ
ظَفَرِه: (ع) نازک سا پردہ جس سے آنکھوں کو ڈھانپا جائے
ظفریاب: فتح مند
ظفیر: (ع) وہ شخص جو ارادہ کرے اور کامیاب ہو جائے
ظِلّ: (ع) سایہ، عکس، پناہ، حمایت، آسایش، نعمت
در ظل الهی: اللہ تعالیٰ کے سائے میں
در ظلِ توجهات شما: آپ کی حمایت میں آپ کے الطاف کریمانہ کے سائے میں
ظِلال: (ع) ظل کی جمع، سائے، حمائتیں
ظلِ اللّه: (ع) اللہ تعالی کا سایہ
ظلام: (ع) ظلمت، تاریکی شب
ظُلّام: (ع) ظالم کی جمع، ستم گاران
ظلامَه: (ع) جس پر ظلم ہوا ہو
ظِلف: (ع) سُم، کھر، ناخن
ظل گستر: سایہ گستر، سایہ پھیلانے والا، حمایت دینے والا
ظُلم: (ع) ستم، جور و جفا، بیداد، نا انصافی
بر اُو ظلم کردند: اس پر ستم کیا، اسے ایذا پہنچائی، اس سے ناانصافی کی
ظلماً: (ع) ظلم و ستم سے، غیر منصفانہ، ظالمانہ
ظلمات: (ع) ظلمت کی جمع، تاریکیاں، اندھیرے
ظلماتی: اندھیرا، تاریکی، بہت زیادہ تاریک

ظلم پیشہ: ظالم، جس کا کردار ظالمانہ ہو، ظلم و ستم کا عادی

ظلمت:(ع) تاریکی، اندھیرا

ظلم دیدہ: مظلوم

ظلم رسیدہ:مظلوم

ظلم شعار:ظلم پیشہ

ظلول:(ع) جمع ظِل

ظلوم:(ع) بہت ظالم

ظلیف:(ع) سخت محنت کا کام، مشقت آمیز

ظلیل:(ع)سایہ دار

ظلیم:(ع)مظلوم

ظلیمہ:(ع) داد خواہی، جس پر کسی نے ستم کیا ہو

ظماء:(ع) تشنگی، پیاس

ظمان:(ع) تشنہ، پیاسا

ظنّ:(ع) رائے، خیال، گمان، قیاس، یقین، شک

ظن بردن:قیاس آرائی کرنا، گمان ہونا، اندازہ کرنا، قیاساً معلوم کرنا

ظن غالب:ظن قوی، یقین

ظن من بخطارفت:میرا قیاس درست نہ تھا

بمن حسنِ ظنی دارد:میرے متعلق اس کی رائے اچھی ہے

حسن ظن:اچھا خیال، اچھی رائے

ظنّان:(ع) بدگمان

ظنُون:(ع) بدگمان شخص

ظنہ:(ع) شک، تہمت، کسی چیز کا تھوڑا سا حصہ

ظنی:(ع)قیاس، خیال، اٹکل پچو

ظنین:(ع) مشکوک، ناقابل اعتماد

نسبت باو ظنین است:وہ اس کے متعلق شک کرتا ہے

ظواہر:(ع)ظاہر کی جمع

ظہارہ:(ع) (۱)لباس کا بیرونی حصہ (۲) قوی پشت ہونا

ظہر:(ع)تیسرا پہر، نماز پیشین (اظہار جمع) دوپہر کے بعد، نیمروز

بعد از ظہر:دوپہر کے بعد

چہار ساعت بعد از ظہر:دوپہر سے چار گھنٹے بعد

قبل از ظہر: دوپہر سے پہلے

ظہر:(ع)پشت، پیٹھ، پچھلی طرف

ظہر آنرا باید امضا کنید:آپ کو چاہیے کہ اس کی پشت پر دستخط کریں

ظہر نویسی:تصدیق

ظہری:پیٹھ کا، ابھری ہوئی پشت، پشت کی طرف

ظہور:(ع)ظاہر ہونا

ظہور یافتن:واقع ہونا

بظہور آمدن:ظاہر ہونا، رونما ہونا، نمایاں ہونا

ظہیر:(ع)نائب، معاون، حامی

ظہیر الدین:حامئی دین، ہندوستان میں عہد مغلیہ کا بانی، بابر

ظہیر فاریابی:ایران کا نامور شاعر جس کی وفات ۵۹۸ھ میں ہوئی

ظہیرہ:دوپہر، ظہر

ظئر:عورت جو دوسروں کے بچوں کو دودہ دیتی ہے

ظہیرہ:دوپہر، ظہر

ع

ع: فارسی ابجد کا اکیسواں حرف۔ حرف عربی کا اٹھارہواں اور اردو کا چوبیسواں- حرف ابجد کے اعداد کے

لحاظ سے اس کے ۷۰ عدد ہیں
عابث:(ع)کھیلنے والا، فضول اور بیہودہ کام کرنے والا
عابد:(ع) عبادت کرنے والا، زاہد، پرہیزگار
عابدانہ:عابد کے طور طریقے پر
عابدین:(ع)عابد کی جمع، عبادت گزار لوگ
عابر:(ع)مسافر، سفر کرنے والا، رہگذر (عابرین جمع)
عابس:(ع)عبوس، ترشرو، بدمزاج، چڑ چڑا
عاتق:(ع)(۱)آزاد، کہنہ، عتیق، (۲)شانہ، کندھا
عاتکہ:(ع)اسم ذات(۱)عورت جو خوشبو پسند کرتی ہے (۲)کہنہ کمان (۳)سرخ رنگ
عاج:(ع)ہاتھی دانت
تختِ عاج:ہاتھی دانت کا بنا ہوا تخت
عاج تراش:ہاتھی دانت کو تراش کر چیزیں بنانے والا
عاجز:(ع)مسکین، ناچار، کمزور، قاصر، ناتواں، بے بس
عاجز آمدن: بے بسی محسوس کرنا
عاجز شدن:بے بس ہو جانا
عاجز کردن:بے بس کر دینا
انسان از فہمیدن این اسرار عاجز است:انسان ان اسرار کو سمجھنے سے قاصر ہے
او در مباحثہ عاجز کرد:اس نے مذاکرے میں بے بس کر دیا
عاجزانہ:عاجزی سے، انکسار کے ساتھ
عاجزانہ استدعا دارم کہ:میں بڑی انکساری کے ساتھ التجا کرتا ہوں کہ
عاجزی:انکساری
عاجل:(ع)عارضی، چند روزہ، ناپائدار، تیز، جلدی، ابھی
لذت عاجل را ببیند عذاب آجل را نمی بیند: عارضی سی لذت تو اس کے پیش نظر ہے لیکن مدت دراز تک ہونے والے عذاب کی طرف دھیان نہیں دیتا
عاجلاً:(ع)عجلت سے، تیزی سے، جلدی
عاجی: ہاتھی دانت کا بنا ہوا
عاجین:عاجی
عاد:(ع)(۱)وہ قوم جس کی ہدایت کے لیے حضرت ہود مبعوث ہوئے تھے اور اونٹنی کا معجزہ ظاہر کیا تھا، مگر نافرمانی کی وجہ سے وہ قوم تباہ ہوئی (۲) ایک قسم کا عدد
عادات:(ع)عادتیں، خصلتیں
عادت:(ع)خصلت، خو، رسم، قاعدہ، ریت
عادت داشتن:عادی ہو جانا
عادت کردن - عادت گرفتن:عادت ہو جانا، کسی چیز کا عادی ہو جانا
او عادتِ بدی گرفتہ است:اس نے بری خصلت اختیار کی ہے
من سحر خیزی را عادت دارم:میں صبح اٹھنے کا عادی ہوں
عادۃً: عادت کے مطابق
اوعادۃً دخانیات استعمال می کند:وہ اپنی عادت کے مطابق سگریٹ نوشی کرتا ہے
عادتی:عادت سے متعلق، عادی
عادل:(ع)عدل کرنے والا، انصاف پسند
نوشیرواں بادشاہ عادل بود:نوشیرواں منصف مزاج بادشاہ تھا
عادلانہ:انصاف پسندی سے
قاضی عادلانہ حکم نکرد:قاضی نے منصفانہ فیصلہ نہیں دیا
عادی:(ع)خوگر، جس چیز کی عادت ہو جائے
غیر عادی: فوق العادۃ

عادی کردن:عادت ڈال دینا
در مواردِ عادی ہم تند است:وہ عام حالات میں بھی جلد باز ہے
عادی:(ع) عدو، دشمن،
عاذِر:(ع)معذرت کرنے والا، زخم کا نشان، پلیدی
عاذِل:(ع)سرزنش کرنے والا، ملامت کرنے والا، تنبیہ کرنے والا
عار:(ع)شرمندگی، ذلت، رسوائی، باعثِ شرم
او را از دروغ گفتن عار آید:وہ جھوٹ کہنے کو باعث ذلت سمجھتا ہے
عارِض:(ع) رخسار، گال
عارض افروختن:غصے میں آنا
عارض گلگون:گلاب کے پھول جیسے رخسار
عارض:(ع) لاحق ہونے والا، حادثہ، واقعہ
عارض شدن:لاحق ہونا، پیش آنا
سانحہ ای برای ایشان عارض شد:انھیں ایک حادثہ پیش آیا
عارِض:(ع) شکایت کرنے والا، دعویدار، مدعی، استغاثہ کرنیوالا
عارض شدن:دعویٰ دائر کرنا
از دستِ او عارض شدم:میں نے اس کے خلاف شکایت کی
عارضاً:(ع) (۱)اتفاقاً (۲)عارض کے طور سے
عارِضہ:(ع) حادثہ، بیماری
عارضہ کسالت:بیماری، کسل مندی
چہ عارضہ ای رخ داد:کیا حادثہ پیش آیا
عارضی:اتفاقیہ، وقتی
عارِف:(ع)دانا، خداشناس، اہل سلوک و عرفان، جاننے والا، صاحب معرفت
عارفانِہ: ذکاوت سے، عارف کے انداز میں
عارفانہ فکرمی کرد:اس نے صوفیانہ انداز میں غور و فکر کیا
عاری:(ع) خالی، محروم
عاری از حقیقت:حقیقت سے خالی، دروغ، جھوٹ
عاری از صفات حسنہ: اچھے اوصاف سے محروم
عارِیت:(ع) ادھار لینا، مانگ کر لینا، کچھ وقت کے لیے حاصل کرنا
عاریت دادن: ادھار کے طور پر دینا
عاریۃ:(ع)عاریت کے طور پر، قرض کے طور سے، کچھ وقت کے لیے کوئی چیز لینا یا دینا
عاریتی:ادھار کے طور سے لیا ہوا
عازِم:(ع) عزم کرنے والا، ارادہ کرنے والا
او عازم سفر است:اس نے سفر کرنے کا ارادہ کیا ہے، اس نے کہیں جانے کا عزم کیا ہے
عازم شدن:تیار ہونا
فردا عازم کراچی خواہم شد: کل میں کراچی جاؤں گا
عاشِر:(ع) دسواں، دس میں سے ایک
عاشراً:(ع) دسویں درجے پر
عاشِق:(ع) چاہنے والا، محبت کرنے والا، محب
عاشق شدن:عشق ہو جانا، محبت کرنا
عاشقانِہ:عشق و محبت سے
او عاشقانہ گریہ می کرد:وہ عشق و محبت میں آنسو بہاتا تھا
نگاہِ عاشقانہ:عشق و محبت کی نگاہ سے
عاشقِہ: عشق کرنے والی، اسیر محبت خاتون

عاشقی: عشق بازی

عاشقی کردن: محبت کرنا

عاشورا: (ع) ماہ محرم کی دسویں تاریخ

عاصِف: (ع) (۱) تندو تیز ہوا، طوفانی ہوا (۲) مایل و خمیدہ

عاصِفہ: (ع) تندوتیز ہوا

عاصِم: (ع) نگہداشت کرنے والا

عاصِمہ: (ع) (۱) پایۂ تخت، مرکز مملکت (۲) پاک دامن خاتون

عاصی: (ع) گنہگار، باغی، سرکش، نافرمان

عاصی شدن: گنہگار ہونا، نافرمان ہو جانا

عاطِر: (ع) خوشبو دار، معطر، جو عطر کو بہت پسند کرتا ہے

خاطرِ عاطر ایشان: ان کا پاک دل و دماغ

عاطِف: (ع) مہربان، شفیق، خیر خواہ، خیر اندیش

عاطِفہ: (ع) ہمدردی، ہمدردانہ، احسان (عواطف جمع)

عاطِل: (ع) سست، بیکار، فضول، مہمل، بیہودہ

وجود این قبیل اشخاص عاطل است: اس قسم کے لوگوں کا وجود محض بیکار ہے

عاطل و باطل: بیکار، بیہودہ

عافی: (ع) گناہ سے توبہ کرنے والا

عافِیّت: (ع) سلامتی، آرام، نیکی، خیریت، خوش وقتی، امن و آسائش، سعادت

عافیت باشید: خدا صحت و سلامتی عطا کرے

عاق: (ع) نافرمان، سرکش، باغی، حکم نہ ماننے والا

عاق نمودن: لعنت بھیجنا، مردود کرنا، وراثت سے محروم کر دینا

عاقِ والدین: والدین کا حکم نہ ماننے والا

عاقِب: (ع) جانشین، وارث

عاقِبت: (ع) خاتمہ، انجام، نتیجہ، آخرت، عقبیٰ

عاقبت این کار خوب خواہد شد: اس کام کا نتیجہ اچھا ہو گا: مثال:-

عاقبت گرگ زادہ گرگ شود
گرچہ با آدمی بزرگ شود

آخر کار بھیڑیے کا بچہ بھیڑیا ہی ہو گا خواہ اس نے انسانوں میں پرورش پائی ہو- جس کی فطرت بری ہے خواہ اسے اچھے لوگوں کی صحبت میسر آ جائے لیکن پھر بھی وہ برائی سے باز نہیں آتا

عاقبت الامر: آخر کار، انجام کار

عاقبت بخیر باشد: (دعا) خدا انجام اچھا کرے

بد عاقبت: بد انجام

عاقبت اندیش: دور اندیش، انجام پر نظر رکھنے والا، ہوشیار، انجام بین

عاقبت بخیر: خدا انجام بخیر کرے

در حق من دعا کرد کہ عاقبت بخیر باشم: اس نے میرے حق میں دعا کی کہ میرا انجام اچھا ہو

عاقبت بین: دور اندیش، انجام پر نظر رکھنے والا، عاقبت اندیش، انجام بین

عاقبت بینی: دور اندیشی، انجام پر نظر رکھنا

عاقبت میندیش: کوتاہ اندیش، ناعاقبت اندیش

عاقِد: (ع) گانٹھ دینے والا، عقد کرنے والا، نکاح کرنے والا، کسی معاہدے پر دستخط کرنے والا

عاقِر: (ع) عورت جس کے بچہ پیدا نہ ہو، بانجھ

تا چہل سالگی عاقر بود: چالیس سال تک خاتون کے بچہ پیدا نہ ہوا

عاقر قرحا - اکر کرہ: بیل جس کے پھول شگوفہ دار ہوتے ہیں اور دوائی کے طور کام آتے ہیں

عاقِل:(ع) عقلمند، دانا، دانشمند

عاقل را اشارہ کافی است: عقلمند کے لیے اشارہ ہی کافی ہے

عاقلانہ: عقل مندی سے، دانائی سے

درین جاعاقلانہ رفتار نکردید:یہاں تم نے عقلمندی کا رویہ اختیار نہیں کیا۔

عاقِلہ:(ع) خردمند عورت

عاقِلی:دانائی، دانشمندانہ رویہ

عاق نامہ:حق فرزندی سے محروم کرنے کی دستاویز

عاکِف:(ع) مقیم، پابرجا، مستقل مزاج، گوشہ نشین، جو شخص عبادت کی غرض سے خلوت اختیار کرتا ہے

عالَم:(ع) جہان، دنیا، کائنات

عالِم ارواح:روحوں کی دنیا

عالم باقی:ہمیشہ رہنے والا جہان جو ہم سے پوشیدہ ہے

عالم بالا:اوپر کی دنیا جو ہم سے پوشیدہ ہے

عالم جسمانی:مادی دنیا

عالم رُوحانی:عالم ارواح، روحانی دنیا

عالم صُوری:موجودہ دنیا جو سب کی نظروں میں ہے، مادی دنیا، عالم فانی

عالم ملکوت:فرشتوں کی دنیا، سماوی دنیا

عالم غَیب:نظروں سے پوشیدہ دنیا

عالم فانی:فنا ہو جانے والی دنیا

در عالم خواب دیدم: میں نے خواب کی حالت میں دیکھا

عالِم:اہل علم، سائنسدان، دانا، دانشمند

اشخاص عالم:اہل علم لوگ

عالم آرا:جہاں کو آراستہ کرنے والا

عالم افروز:دنیا کو روشن کرنے والا، آفتاب

خورشید عالم افروز:جہاں کو روشن کرنے والا سورج

عالِم الغَیب:غیب کی باتیں جاننے والا

عالِمانہ:اہل علم کے انداز میں

عالم پناہ:جس کے ہاں مخلوق کو پناہ ملے

عالمتاب:دنیا کو روشن کرنے والا، آفتاب

عالِم صغیر:کائنات اصغر یعنی انسان، اس حیثیت سے کہ اس کی ذات کائنات کا خلاصہ ہے

عالم گرد:جہاں گرد، سیاح، دنیا بھر میں گھومنے پھرنے والا

عالم گردی:سیاحت، دنیا بھر میں گھومنا پھرنا

عالمگیر:دنیا کو فتح کرنے والا، مغل بادشاہ اورنگ زیب کا لقب "عالمگیر" تھا، دنیا بھر میں پھیلا ہوا یا پھیلنے والا

عالم نوَرد:جہاں گرد، سیاح

عالمیان:جہان میں رہنے بسنے والے (عالمی کی جمع)

عالَمین:عالم کی جمع، دنیائیں

عالی:(ع) عظیم، رفیع الشان، عظیم الشان، بلند مرتبہ

عمارتِ عالی:عظیم الشان عمارت

منظر عالی:عظیم منظر، احترام و تکریم کے لیے بھی عالی استعمال ہوتا ہے جیسے جناب عالی، سرکار عالی، عالی مرتبت

عالی تبار: اعلیٰ حسب نسب کا، شریف النفس

عالی جناب:بلند مرتبہ، حضرت عالی

عالی شان:عظیم الشان، عظیم المرتبت

عالی فِطرت:اولوالعزم، عالی ہمت، بلند فطرت، کریم النفس، عالی ظرف، عالی حوصلہ

عالیہ:(ع) عالی کی تانیث، عورتوں کا بلند مقام

مدرسہ عالیہ:بانی سکول عورتوں کا

عام:(ع) خاص کا متضاد

عام:(ع) سب میں پھیلا ہوا، سب جگہ ملنے والا مشہور، عمومی

شارع عام:عام گزرگاہ، سڑک

صلای عام:دعوت عام

عام المنفعت:عوام کے فائدے کی

کارہای عام المنفعت:عام لوگوں کے فائدے کے کام

عامِد:(ع) تجویز کرنے والا، قصد کرنے والا، ارادہ کرنے والا

عامِداً:(ع) قصداً، ارادے سے، رضامندی کے ساتھ

عامداً این معامله را کرد:اس نے رضا مندی سے بات طے کی

عامِر:(ع)آباد، معمور، جہاں آبادی ہو، عمارت بنانے والا، آباد کرنے والا

عامِره:(ع) آباد جگہ، (جمع عوامر)

عامِل:(ع) عمل کرنے والا، کارندہ، پیشکار، ایجنٹ، عوامل جمع

عامِله:(ع) عامل کی مونث

عامِلیّت:مہارت

عامِه:(ع)عوام، عوام سے متعلق

برائی خیرِ عامه این کار را کرد:عوام کے فائدے کے لیے یہ کام کیا

عامی:(ع) نادان، بے علم

شخص عامی این را نمی فهمد: بے علم شخص یہ بات نہیں سمجھتا

عامیانِه:عام سی بات، نادانی کی بات

عانِد:باغی، سرکش، متمرد، ستیزہ کار، کج رو، راہ راست سے بھٹکا ہوا، گمراہ

عاهَت:آفت (اعاهات جمع)

عائد - عاید:واپس آنے والا، ملاقات کو آنے والا، ہاتھ آنا، کمانا، بیمار پرسی کرنے والا

عاید داشتن:واپس کرنا، ادا کرنا

روزی چند عاید بشمامی شود:ایک دن میں کیا کما لیتے ہو

عایدات:آمدنی، کمائی، مداخل مالیات

عایدات داخلی:ملکی مالیات

عایدات سالیانه مملکتی چه قدر است:ملک کا سالانہ مالیہ کس قدر ہے

اداره عایدات:محکمہ مالیات

بودجه عایدات:مالیات کا بجٹ

عایداتی:ملکی مالیہ سے متعلق

عایدِه:آمدنی، نفع، درآمد، فائدہ (عایدات جمع)

عایدی:آمدنی، تنخواہ

ماہی چه عایدی دارید:تمہاری ماہانہ آمدنی کیا ہے؟

عایِش:عیش سے زندگی بسر کرنا

عایشه:حضرت ابوبکر(رض) کی دختر جو رسول کریم(ص) کی بیوی اور ام المومنین تھیں

عایِق:رکاوٹ، مزاحمت

عایق این کار چیست:اس کام میں رکاوٹ کیا ہے؟ (عوایق جمع)

عایق شدن:رکاوٹ ہونا، مزاحمت ہونا

عایقه:رکاوٹ، مانع، مزاحم

موجبات عایقه: مزاحمت کی وجوہ

عائلہ: خاندان، بیوی بچے

عائلہ سنگینی دارد: اس کا بہت بڑا خاندان ہے (عایلات جمع)

عبا: چغہ، بغیر آستینوں کے فرغل، لبادہ

آل عبا: پنجتن (حضرت رسول کریم(ص) حضرت بی بی فاطمہ، حضرت علی، امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہم)

عُباب: لہر، موج

عبا پوش: فرغل پہننے والا، درویش

عبا دُوز: کھلے لبادے سینے والا

عباد: اطاعت گزار، بندے، غلام، ملازم (عبد کی جمع)

عُبّاد: عابد کی جمع، عبادت کرنے والا، زاہد

عبادت: پرستش، بندگی، اطاعت، نماز

عبادت کردن: اللہ کی اطاعت کے فرائض بصورت نماز ادا کرنا

عبادت خانہ: عبادت گاہ، مسجد

عبادت کار: عابد، عبادت کرنے والا

عبادت گاہ: مسجد

عبادتی: عبادت سے متعلق

مسائل عبادتی: عبادت سے متعلق مسائل

عبارت: بات بیان کرنا، جملے کی بناوٹ، تحریر، طرز تحریر، خیال جو تحریری صورت اختیار کرتا ہے

عبارتی از آن کتاب بطرز مثل نقل کردم: کچھ جملے میں نے اس کتاب سے مثال کے طور پر نقل کیے

بعبارت در آوردن: تحریر میں لانا

بعبارت در آوردن آسان است: خیال کو تحریری صورت میں بیان کرنا آسان ہے

عبارت برداری: خاص انداز تحریر میں پیش کرنا

عبارت سازی: خوبی، بندش، ترتیب الفاظ

عبارتی: خاص انداز تحریر سے متعلق

عبّاس: (۱) حضرت رسول کریم(ص) کے چچا کا نام (۲) ترش رو

عباسی: حضرت عباس کی اولاد

خلفای عباسی: عباسی خلفا جن کی حکومت ۷۵۰ سے ۱۲۵۸ء تک قائم رہی یہ خلفا بنی عباس کہلاتے تھے

عباسی: ایک قدیمی سکہ

عباسیان: خلفائے عباسی

عبایئ: اون کی بنی ہوئی ٹوپی

عبث: بے فائدہ، بیکار، کاربیہودہ

عبث زحمت می کشی: بیکار زحمت اٹھا رہے ہو

عبثاً: بے فائدہ، بے حاصل

عبد: بندہ، تابع فرمان، غلام

عبدالبطن: پیٹ کا پجاری، بندہ شکم

عبداللہ: اللہ کا بندہ، حضرت رسولِ کریم(ص) کے والد بزرگوار کا نام

عبدیّت: عبودیت، اللہ کی بندگی، اطاعت پروردگار

عِبَر: عبرت کی جمع

عِبرانی: یہود کی زبان، زبان عبرانی

عبرانیّت: عبرانی زبان

عبرانیہ: یہود سے متعلق یہودیہ، لغت یہود

عبرت: نصیحت لینا، اندیشہ کرنا، تنبیہ سے سبق حاصل

کرنا

عبرت گرفتن: سبق حاصل کرنا

او را باید مجازات کرد تا سائرین عبرت گیرند: اسے ضرور سزا ہونی چاہیے تاکہ دوسرے لوگ نصیحت حاصل کر سکیں

مایہ عبرت: سرمایہ پندو نصیحت، وہ شخص جو دوسروں کے لیے نصیحت کے سلسلے میں مثال کا کام دے

عِبرت آمِیز: ایسی بات جسے دیکھ کر انسان نصیحت حاصل کر سکے

عبرت انگیز: ایسی بات جس سے انسان خوف کھائے اور اس سے سبق حاصل کرے

عبرت بِین: دنیا کے نصیحت آموز واقعات پر نظر رکھنے والا

عبرت نما: نصیحت آموز، سبق آموز، نصیحت کی مثال

عبرۃً: (ہ) نصیحت کے طور پر

عبرۃً للسّائرین: (ع) سب لوگوں کے لیے نصیحت

عَبَرہ: (ع) گزر کرنا، نیز اشک چشم، آنسو

عِبری: یہودی، عبرانی

عبس: (ع) ترش روی

عبقَر: (ع) وہ جگہ جس کے متعلق قدیم عربوں کا خیال تھا کہ وہاں جنوں کا بسیرا ہے

عبقرہ: (ع) چمکنا، چمکنے والی چیز، مثلاً سراب

عبقری: (ع) (۱) اچھی اور نفیس چیز جو تعجب خیز ہو (۲) سردار، بزرگ

عُبودہ - عبودیت: (ع) بندگی، اطاعت، عبادت

عبُور: (ع) راہ پر سے گزرنا، پل کے پار جانا

عبور ازاں چارہ ممکن نبود: اس راستے سے پار جانا ممکن نہ تھا

عبوردادن: گزارنا، پہنچانا

عبور کردن: پار جانا،

عبور و مرور: آنا، جانا، آمد و شد

با زحمت زیاد ازاں تنگنا عبور کردیم: ہم بہت تکلیفیں اٹھا کر اس درے یا گھاٹی سے پار اترے

جوازِ عبور: حد سے پار جانے کی اجازت

حق العبور: کسی کی حد سے پار جانے کا حق

قابلِ عبور: جس سے پار اترا جا سکے

عبوراً: (ع) عبور کرنے کی حالت، گزرتے ہوئے

عبُوس: (ع) بہت ترش رو، تند، شدید

عبوسَت: (ع) ترش روی، بد مزاجی

عَبھَر: (ع) چنبیلی کا پھول، گل یاسمن، نرگس کا پھول

عبِید: بندگان، جمع بندہ

عبیدانہ: خدمت گزاری سے، عاجزی سے

عبیر: (ع) خوشبودار، خوشبو کا مرکب، عطر

عِتاب: (ع) غیظ و غضب، سرزنش کرنا، ملامت کرنا

عتاب کردن: غیظ و غضب کا اظہار کرنا، سرزنش کرنا

حاکم لختی با او عتاب کرد: حاکم نے اس سے غصے کا اظہار کیا

عتابی: ایک قسم کی سلک

عَتّاد: (ع) (۱) وہ جو کسی کام کے لیے زیادہ محنت کرے (۲) وہ جو لوازم جنگ تیار کرے (۳) بڑا پیالہ

عتاق:(ع)آزادی، کسی کا آزاد ہونا، کسی کا قیدو بند سے رہائی پانا

عتبات:(ع) عتبہ کی جمع

عتبِہ:(ع) آستانہ، بزرگانِ دین کی درگاہ

عترت:(ع) خاندان، خانوادہ

عتق:(ع)آزاد کرنا، رہا کرنا، آزادی، رہائی

عُتُل:(ع)پرخور، تندخو، سرکش، آزار پہنچانے والا

عُتُو:(ع) ظلم کرنا، ظلم و ستم میں حد سے بڑھنا

عتَہ:(ع)(۱)دیوانگی، جنون (۲) بچپن

عتِید:(ع) (۱)آمادہ، حاضر (۲) تناور، لحیم شحیم

عتِیق:(ع)(۱)پرانا، قدیم، قدیمی (۲)آزاد، رہا

بَیتُ العتیق:کعبہ

عتیقِہ:(ع)قدیمی، پرانی

آثار عتیقہ:قدیمی عمارتوں کے نشانات، قدیمی عمارتوں کی یادگاریں

اشیای عتیقہ:قدیمی اشیا

علمِ آثارِ عتیقہ:قدیمی یادگاروں کا علم

عثار:(ع)لرزنا، لرز کر گرنا

عثرَۃ:(ع)غلط قدم، خطا، لغزش، غلطی

عُثمان:(ع)(۱)حضرت عثمان غنی(رض) جو آنحضرت کے تیسرے خلیفہ تھے (۲) ترکیہ میں عثمانی حکومت کا بانی

آل عثمان:عثمانی حکومت کے بانی کی آل اولاد، اخلاف عثمانی عہد

عثمانلو:(ت) عثمانی

عثمانی:(ع)عثمان سے متعلق

دولت عثمانی:ترکیہ کی عثمانی حکومت

عثمانیہ:حکومت عثمانی سے متعلق

ممالک عثمانیہ:(۱)وہ ملک جہاں عثمانی حکومت تھی بالآخر وہاں عثمانی حکومت نے ترکی حکومت کا نام پایا

عثُور:(ع)بہت لغزش کرنیوالا

عُجاب:(ع)عجیب، تعجب خیز، حیرت انگیز

عَجاج:(ع)(۱) گردوغبار، دھواں(۲)پست فطرت شخص، فرومایہ، احمق

عِجاز:(ع) اعجاز، خرقِ عادت جو آنحضرت(ص) سے ظاہر ہوا، معجزہ

عجالِہ:(ع) عجلت، جلدی، جلدی میں کیا ہوا کام، تیز رفتار

علی العجالہ – عجالۃً:تیزی سے

عِجان:(ع) انسانی جسم کے نچلے حصے کی سیون

عجانی:(ع) سیون سے متعلق

عجائب:عجایب، عجیب کی جمع، عجیب چیزیں

عجائب سبعہ:سات عجیب چیزیں

عجائب و غرائب:عجیب و غریب چیزیں

عجائب المخلوقات:عجیب الخلقت جانور

عجائب خانِہ:جہاں نا درہ روزگار تاریخی یادگاریں رکھی گئی ہوں، میوزیم

عجائز:(ع)عجوز کی جمع، بوڑھی خواتین

عجب:(ع)تعجب، حیران کن

عجب داشتن:تعجب ہونا، حیران ہونا۔

چه عجب: عجیب بات ہے، تعجب ہے

چه عجب که این دفعه تندی نکردید: عجیب بات ہے کہ اس دفعہ تم نے تیزی نہیں کی

در عجب بودن: متعجب ہونا

عُجب: (ع) خود بینی، خود پسندی، تکبر

عجب کردن: اپنی بڑائی ظاہر کرنا

عُجَبا: (ع) عجیب بات ہے

عَجبناک: تعجب خیز، متعجب

عُجرة: گرہ، گانٹھ

عَجز: ناکامی، کمزوری، ضعف، بیچارگی، انکسار، ناتوانی، بیچارگی

از انجام این کار عجز داشت: اس کام کے انجام نہ دے سکنے کا اظہار کیا

اظہار عجز کردن: عاجزی اور انکساری کا اظہار کرنا

عجز داشتن: ناکام ہونا

عَجُز، عُجز: (ع) جسم کا پچھلا حصہ، سرین، چوتڑ

عَجزہ: (ع) عاجز کی جمع

عجزی: (ع) مقعد کی ہڈی (تکونی شکل کی) کے متعلق

عِجل: (ع) بچھڑا

عجَل: عجلہ

عجَل: عاجل، جلدی

عجَلہ: جلدی، تیزی

عجلہ کردن: جلدی کرنا

عِجلہ: بچھڑی

عجَم: (ع) (۱) غیر عرب، جو عرب نہ ہو (اعجام جمع) (۲) ایرانی

بلادِ عجم: ایران کے شہر

عجمِستان: ایران، بلاد عجم

عجمی: (ع) عجم سے منسوب

عجمیّت: (ع) غیر ملکی ہونا، عربوں کے لیے اجنبی ہونا

عجن: (ع) خمیر کرنا

عجُوبہ: (ع) اعجوبہ، عجیب چیز، تعجب خیز

عجوز: (ع) بوڑھا آدمی، عاجز شخص

عجوزِہ: (ع) (۱) بوڑھی عورت، ناتواں عورت (۲) ساحرہ، جادوگرنی

عجول: (ع) عجلت پسند، تیز رفتار، جلد باز

عجولی: تیزی، تیز رفتاری، تندی

عجیب: : (ع) انوکھا، حیرت انگیز، تعجب خیز، عجیب و غریب، انوکھا، نادر

عجیب الخِلقت: (ع) غیر طبعی، غیر قدرتی، عجیب و غریب تخلیق

عجیبِہ: (ع) تعجب خیز، حیرت انگیز

عجِین: (ع) ملا ہوا، گوندھا ہوا، خمیر

عجین کردن: خمیر کرنا، گوندھنا

عدّ: شمار کرنا، گننا، حساب کرنا، مثال:

اوصاف او پیش خرد بیرون بود از حدوعد
حاشا که عمر ابد آخر شود این داستان

جہاں تک عقل کا تعلق ہے ان کے اوصاف حمیدہ حد و شمار سے بالا ہیں، حاشاللہ کہ زندگی غیر فانی تو نہیں آخر یہ سر گذشت ختم ہو گی

عِدّ: بہت سے، کثیر تعداد

عداد: (ع) گنتی، شمار، زمرہ

او در عداد آزادی خواہان محسوب می شد: اسے آزادی خواہوں کی جمعیت میں شمار کیا گیا

عدالت: (ع) داد گری، جہاں سے انصاف ملتا ہے

عدالت پناہ: انصاف کا مامن، انصاف کے لیے جاے پناہ

عدالتَ پیشه: عادل، منصف

عدالتی: عدالت سے متعلق، انصاف پر مبنی

عداوت: (ع) دشمنی، خصومت، کینہ، بغض، عناد

عداوت داشتن: دشمنی ہونا

عداوت ورزیدن: دشمن کی طرح عمل کرنا

عجبا برادر بابرادر عداوت دارد: تعجب ہے بھائی کی بھائی سے دشمنی ہے

عِدّت: (ع) عورتوں کا وہ زمانہ جب طلاق کے بعد وہ دوسرا خاوند نہیں کر سکتیں

عُدّت: فوج کی رسد، ساز و سامان جنگ، لوازم زندگی

عدد: (ع) ہندسہ، رقم، گنتی، شمار، اکائیوں کا مجموعہ

عددِ اعشاری: جس عدد میں اعشاریہ ہو

عدد اوّل: مفرد عدد

عدد صحیح: جس عدد میں کسر نہ ہو

عدد کسری: جس میں کسر ہو مثلاً ۱/۲ ۵

عدد مرکب: مرکب عدد

عدد خوانی:: طریق شمار، طریق حساب، شمار، تعداد عمل حساب، ہندسوں کے نام رکھنا، تسمیہ اعداد

عدد نویسی: عدد لکھنا

عددی: عدد سے متعلق

عدَس: (ع) مسور کی دال، لوبیا

عدسَہ: (ع) شیشے کا قطعہ جو ایک طرف سے یا دونوں طرف سے محدب ہوتا ہے

عدسی: مسور کی دال جیسی

عدل: (ع) انصاف

عِدل: (ع) (۱) مثل و نظیر، مانند، (۲) وزن میں برابر، گٹھا، پشتارہ، بغچہ، گٹھڑی، بنڈل (۳) بوجھ (۳) کوئی چیز جو کسی دوسری چیز کے برابر ہو (اعدال جمع)

عِدل بندی: گٹھا باندھنا، بنڈل بنانا

عَدل پرور: انصاف کرنے والا، منصف

عدل گستر: عدل کا انتظام کرنے والا

عدله: (ع) وہ شخص جو گواہی دینے کے قابل ہو

عدلِیّه: (ع) عدالت

وزارت عدلیه: وزارت انصاف

عدَم: (ع) نیستی، نہ ہونا، (ہستی کا متضاد)

انسان ازعدم بوجود آمده است: انسان عالم نیستی سے وجود میں آیا ہے

عدم استطاعت: استطاعت کا نہ ہونا

عدم استعداد: نا قابلیت، بے استعدادی

عدم آشنائی: آشنائی نہ ہونا، فقدان آشنائی

عدم اطاعت: نا فرمانی

عدم اعتبار: اعتبار نہ ہونا

عدم اعتماد: بے اعتمادی

عدم امکان: ممکن نہ ہونا

عدم تمائل: بے رغبتی

عدم تناسب: جس میں نسبت قائم نہ ہو

عدم توجه: بے توجہی

عدم حافظه: فراموشی، بھول جانا

عدم رضایت: بے اطمینانی

عدم رعایت: رعایت کا میسر نہ ہونا

عدم مسئولیت: غیر ذمے داری

عدم صحبت: بات چیت نہ ہونا

عدم قابلیت: نا قابلیت

عدم قبول: قبول نہ ہونا

عدم موافقت: اتفاق نہ ہونا

عدَن: (ع) اقامت کرنا، ایک جگہ پر ہمیشہ رہنا

بهشت عدن: اس لیے کہتے ہیں کہ نیک لوگوں کو ہمیشہ وہیں رہنا ہے

عُدو: (ع) دشمن

عُدوان: (ع) عداوت، دشمنی، خصومت، بغض، کینہ، ظلم کرنا

عدوانی: نا انصافی، عداوت

تصرف عدوانی: جبر

تصرف جابرانہ: تسلط

عَدُول: (ع) انحراف کرنا، منہ موڑ لینا

عدول از جادہء حقیقت: سچائی کے راستے سے ہٹ جانا، روگردانی

عدُول: عادل و عدل کی جمع، عدل، داد گستری

عُدوی: عدوان، عداوت، دشمنی

عِدّہ: (ع) چند ایک، کچھ

عدہ از شاگردان: شاگردوں میں سے چند

عدید: (ع) متعدد، جن کی گنتی کی گئی ہو

عدیدہ: (ع) عدید کی تانیث، کچھ حصہ

عدیل: (ع) برابر، ہم مرتبہ، وہ آدمی جو کجاوے کے دونوں طرف بیٹھیں تو انھیں ایک دوسرے کا عدیل کہتے ہیں

عدیم: (ع)(۱)گم، ناپید، معدوم شے

عدیم المثال: جس کی کوئی مثال نہ ہو، بے مثال

عدیم النظیر: بے نظیر جس کی نظیر نہ ہو

عدیم الوُجود: نایاب، کمیاب

عذاب: (ع) دکھ، تکلیف، سزا

عذاب شدن: تکلیف ہونا، تکلیف برداشت کرنا

عذاب کردن: تکلیف دینا، ایذا رسانی

عذار: (ع) رخسار، گال

عذب: (ع) گوارا، پاکیزہ، میٹھا، شیریں، لذیذ، خوشگوار

عذب البیان: جس کے کلام میں شیرینی ہو، شیریں بیان، شیریں کلام

عُذر: (ع) حیلہ، بہانا، حجت، دلیل،

عذر آوردن: دلیل پیش کرنا، معذرت پیش کرنا

عذر خواستن: معذرت چاہنا

عذرش خواستنی است: اس کا عذر معقول ہے

عذر غیر موجّہ: جس کی معذرت بے دلیل ہو

عذر مرا پذیرفت: میری معذرت قبول کرلی

عذر می خواہم: میں معذرت چاہتا ہوں

برای توہینی کہ کردہ بود عذر خواست: اس نے توہین جو کی تھی اس کے لیے معذرت چاہی

عَذرا: (ع) دوشیزہ، باکرہ، کنواری، در نا سفتہ، اسم خاص، اسم معرفہ

عُذر آور: معذرت کرنے والا

عذر پذیر: جس کا عذر قابل قبول ہو

عذر خواہ: معذرت خواہ

عذر خواہانہ: معذرت کے طور پر

عذر خواہی: معذرت چاہنا

عذر خواہي کردن: معذرت چاہنا

در جلوی ہمہ مردمان عذر خواہی کرد: سب لوگوں کے روبرو اس نے معذرت چاہی

عُذرت: (ع) دوشیزگی، بکارت

عذوبت: (ع) شیرینی، مٹھاس

عرابچی: چھکڑا چلانے والا

عرابہ: گاڑی، چھکڑا

عرادہ: (ع)سواری، گاڑی، توپوں کی تعداد ظاہر کرنے کے لیے

دہ عرادہ توپ: دس عدد توپیں

عرادہ: (ع) منجنیق کی طرح کا آلہ جنگ

عراف: (ع) منجم، غیب گو، جادوگر، ساحر

عراق: (ع) ملک کا نام، نہر یا دریا کا کنارہ

عراق: عراق عجم جو دریائے جیحوں کے کنارے واقع ہے

اور ایران میں شامل ہے

عراق: عرب موسیقی میں ایک راگ کا نام

عراقَین: (ع) دو عراق، عراق عجم اور عراق عرب

عرائس: (ع) عروس کی جمع

عرایِض: (ع) عریضہ کی جمع، عرضیاں، درخواستیں

عرب: (ع) ملک کا نام، براعظم ایشیا کا مشہور ملک جس میں مدینہ منورہ اور مکہ معظمہ واقع ہیں، نیز عرب کے لوگ

عربان: بدو، ریگستان کے رہنے والے عرب

عربَدِہ: (ع) لڑائی جھگڑا، فتنہ، بد خوی

عربدہ کردن: لڑائی جھگڑا کرنا

عربدہ جُو: جنگجو، فسادی، جھگڑالو

عربِستان: ملک عرب

عربستان ایران: خوزستان

عَرَبون: (ع) بیعانہ، وہ رقم جو کسی چیز کی خریداری کے لیے اس چیز کے حاصل کرنے سے پہلے دی جائے

عرَبِہ: (ت) عرابہ، کالسکہ، بگھی

عربی: (ع) عرب سے متعلق، عربی زبان

اسپ عربی: عربی گھوڑا

او عربی و فارسی ہر دو می داند: وہ عربی اور فارسی دونوں زبانیں جانتا ہے

فرہنگ عربی: عربی کی لغات

عربیات: عربی زبان و ادب، عربی لسانیات

عرَج: (ع) لنگڑا پن

عرجُون: کھجوروں کے خوشے، ٹہنی

عِرس: (ع) ہم سر، خاوند، بیوی، زوج

عُرس: (ع) مہمانی، جشن، جشن عروسی

عَرش: (ع) ملک، تخت، چھت، باری تعالی کا تخت، آسمان

عرش و فرش: آسمان و زمین

عرشِہ: (ع) جہاز کی چھت، جہاز کا اوپر کا حصہ

عرشی: (ع) آسمانی، فلکی، سماوی، فرشتہ

عرَصات: (ع) عرصہ کی جمع، کھلی جگہیں یا ایوان جہاں آخری فیصلہ سنایا جائیگا، روز محشر، روز رستاخیز

عرصہ: (ع) زمین، فضا، میدان، کھلی جگہ، ایوان، احاطہ،

عرصہ بر او تنگ شد: زمین اس کے لیے تنگ ہو گئی، پریشان حال ہو گیا

عرصہ جنگ: میدان جنگ

عرصہ شطرنج: شطرنج کا تختہ

عرض: (ع) چوڑائی، زمان، وقت، درخواست، گزارش

عرضِ حال: گزارش، درخواست، داد خواست

عرضِ قشون: لشکر کا جائزہ

عرض کردن: عاجزی سے التماس کرنا

عرض مارا گوش نکرد: ہماری گزارش کو اس نے نہ سنا

عرض می کنم کہ خدمت جناب عالی حاضر بشوم: میں عرض کرتا ہوں کہ جناب عالی مرتبت کی خدمت میں حاضر ہوتا ہوں

عرض می شود: آپ کی خدمت میں گزارش ہے

بعرض رساندن: نوٹس میں لانا

بعرض رسیدن: کسی کے نوٹس میں آنا

چہ عرض کنم: میں کیا عرض کروں یہ میں نہیں جانتا ہوں

عریضہ عرض کردن: درخواست پیش کرنا

عریضہ بعرض وزیر نرسید: درخواست وزیر کی خدمت میں پیش نہیں ہوئی

عِرض: نفس، ذات، ناموس، شہرت، آبرو (اعراض جمع)

عِرض خود را باین حرف برد: ایسے الفاظ کہنے سے اس نے اپنی شہرت کو بٹا لگایا

عَرَض: جو کسی دوسرے کی وجہ سے قائم ہو، مثلاً دانشکدہ یا کالج

جوہر و عرض: جوہر جو اپنی ذات سے قائم ہو اور عرض جو اپنی ذات سے قائم نہیں کسی دوسرے کی وجہ سے قائم ہو، مادہ اور ظاہری سطح

عرضاً: چوڑائی میں

عرضاً چہار میتراست: چوڑائی میں چار میٹر ہے

عرضاً: اتفاق سے

عرض حال: درخواست، التماس، گزارش

صاحب عرض حال: درخواست دہندہ

عرض حال تقدیم کردہ ام: میں نے درخواست پیش کر دی ہے

عرض دار: عریض، چوڑا

عرضداشت: درخواست، التماس، گزارش پیش کرنا

عرضِہ: (ع) آشکار کرنا، نشان بتانا، بیچنے کے لیے کسی چیز کی نمائش کرنا

عرضہ: (ع) (۱) قابلیت، صلاحیت، ہمت، توانائی، طاقت (۲) ارادہ، قصد، عزم، منصوبہ

عرضہ داشتن: پیش کرنا، عرض کرنا

عَرَضی: (ع) ظاہری سطح سے متعلق

عرضی: (ع) چوڑائی، چوڑائی سے متعلق

عرعر: (ع) ایک قسم کا صنوبری سدا بہار پودا جس کا تیل دوا کے کام آتا ہے

عرعر: (ع) ہاون دستے یا موسل سے کوٹنا

عرعر کردن: موسل سے کوٹنا

عرعر: گدھے کی آواز

عُرف: عام قانون، سول لا، رواجی قانون

در اصطلاح عرف: عام زبان کی اصطلاح میں

شرع و عرف بدو طریق درین باب حکم می کند: شریعت اور سول لا اس مسئلے میں دو مختلف طریقوں سے فیصلہ دیتے ہیں

عُرف: (ع) پہچان، عام نام، عادت، اصطلاح جو عام طور سے رائج ہو

عرفاً: (ع) عام قانون کی رو سے

عُرَفا: (ع) عارف کی جمع، دانا، دانشمند، جاننے والے، صاحبان معرفت، خدا شناس

عرَفات: مکہ معظمہ کے قریب ایک فراخ میدان جہاں حج کے دوران نو ذی الحجہ کو زائرین آ کر ٹھہرتے ہیں

عِرفان: علم معرفت، شناخت، علم باطن

اہل عرفان: اہل معرفت

عرفانی: علم باطن رکھنے والا

عرَفہ: ماہ ذی الحجہ کا نواں دن جب مسلمان حج کرتے ہیں نیز شب برات سے ایک روز پہلے کا دن، مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام

عرفی: عرف سے متعلق

قانون عرفی: عام یا سول لا

عرفی: مشہور شاعر جمال الدین کا تخلص، یہ شاعر مغل بادشاہ اکبر اعظم کے دور میں تھا

عرَق: (ع) (۱) پسینہ (۲) رس، نمی، شیرہ، کشید کے ذریعے نکالا ہوا رس، کسی شے کا نچوڑا ہوا رس (۳) شراب

عرق خجالت: شرمندگی کا پسینہ

عرق کردن: پسینے میں شرابور ہونا

عرق کشیدن: کشید کے ذریعے رس نکالنا

با عرق جبین نان خواہی خورد: گاڑھے پسینے

کی کمائی سے ہی خوراک حاصل کر سکو گے
بدن ہمیشہ عرق می کند: جسم پر ہمیشہ پسینہ آتا ہے
مریض عرق کرد: مریض کو پسینہ آگیا
عِرق: (ع) خون، رگ، جز، ریشہ، اصل
عِرق النسا: ایک بیماری، ایشیا نک پین، درد جو چڈھوں سے نخنوں تک ہوتا ہے
عَرق آور: پسینہ لانے والی، معرق دوا
عرق جبین: پیشانی کا پسینہ، رنج، دشوار کام، خستہ کر دینے والا
عرق چین: ایک خاص قسم کی مخمل کی ٹوپی جسے معمر لوگ گھر میں پہنتے ہیں
عرق دار: پسینہ آنا، جسے پسینہ آیا ہو
عرق ریز: محنت جو پسینہ لائے
عرق ریزی: سخت محنت سے پسینہ آنا
عرق سُوز: جسم کی جلد جو سخت گرمی اور پسینے سے سوختہ ہو
عرق فروش: عرق بیچنے والا، شراب فروش
عرق کردن: پسینہ آنا
عرق کش: :عرق نکالنے والا
عرق گرفتن: تقطیر کے ذریعے پھل یا پھولوں کا جوہر نکالنا
عرق گیر: ایک آلہ جس سے پھلوں کا رس نکالا جاتا ہے
عرق گیر: گدا جو گھوڑے کی کاٹھی کے نیچے رکھا جاتا ہے تا کہ وہ گھوڑے کا پسینہ جذب کرلے
عرق مدنی: ایک قسم کی بیماری جس سے کرموں کی طرح دراز اور باریک ریشے جسم کی جلد کے اندر پیدا ہو جاتے ہیں
عرقُوب: (ع)(۱) وہ نس جو پٹھوں کے سرے پر ہوتی ہے یا ایک کو دوسرے سے جوڑتی ہے (۲) عرب کا ایک شخص جو وعدہ شکنی میں مشہور تھا
عرقوبی: جھوٹا، بے وفا، وعدہ کا پاس نہ کرنے والا
مواعیدِ عرقوبی: جھوٹے وعدے
عرقی: :پسینہ، جسے پسینہ آئے
عرم: (ع) شدید بارش، طوفان، سیلاب جو حکومت سبا کے اختتام کا سبب بنا، اس سے معروف دیوار مارب بھی تباہ ہوئی
عرم رم: (ع)(۱) متعدد (لشکر) (۲) پرزور، بارش
عرن: (ع) بیماری جو حیوانوں کے پاؤں میں ہو جاتی ہے اور اس کے بال بھی گر جاتے ہیں
عرنین: (ع) ناک کی ہڈی، ناک، ہر چیز کا آغاز، قوم کا بزرگ
عُروج: (ع) بلندی، بلندی پر پہنچنا، انتہائی مرتبہ
عروج کردن: بلندی پر پہنچنا، انتہائی مرتبہ حاصل کرنا
عرُوس: (ع) دلہن (عرائس جمع)
عروسانہ: دلہن کی طرح
عروسک: گڑیا جسے بچیاں دلہن بناتی ہیں اور اس کی شادی کی تیاری کرتی ہیں (عروس کی اسم تصغیر)
عروسک باز: گڑیا سے کھیلنے والی بچی
عروسک بازی: گڑیا سے کھیلنا
عروسیہ: (ع) عروس، دلہن
عروسی: (ع) شادی
روز عروسی: شادی کا دن
رقعہ دعوت عروسی: شادی کا کارڈ، دعوت نامہ
عروسی کردن: شادی کرنا
عُروض: (ع) علم جس میں نظم کی درستی کے قواعد مذکور ہوتے ہیں، میزان شعر

عروض دان:علم عروض جاننے والا

عروضی:(ع) قواعد عروض جاننے والا

عُروق:(ع) خون کی رگیں (عرق کی جمع)

عُروِہ:(ع) حلقہ، دستہ

عروۃ الوُثقی:مضبوط حلقہ، عقیدہ دین

عُری:(ع) برہنگی

عَری:(ع) عاری، خالی

عُریان:(ع) برہنہ، ننگا

روزیکہ تو بدنیا آمدی عریان بودی:دنیا میں جس دن تو آیا تو برہنہ ہی تھا

عریاں کردن:ننگا کر دینا، کنگال کر دینا

عریانی:برہنگی

عریش:(ع) سائبان جو موسم گرما میں اپنی حافظت کے لیے لگاتے ہیں

عریض:چوڑا

پارچہ عریض:چوڑا کپڑا

عریض کردن:چوڑا کرنا

عریضہ:درخواست، گزارش

عریضہ ای بہ رئیس دانشگاہ عرض کردم:میں نے درخواست یونیورسٹی کے وائس چانسلر صاحب کی خدمت میں پیش کی (عرایض جمع)

عریضہ نگار:درخواست لکھ کر پیش کرنیوالا

عریضہ نگار شدن:درخواست پیش کرنا

عریضہ نگاری:درخواست لکھ کر پیش کرنا

عریضی:چوڑائی

عریف:کسی چیز کی جان پہچان رکھنے والا (عرفا جمع)

عریکِہ:طبیعت، عادت، سرشت، خو

عرین:درختوں کی کثرت، بیشہ

عِزّ:(ع) عزت، افتخار، مایہ فخر، بزرگی، جلال، عظمت

عَزّہ:(ع) خدا عزت دے

عزا:(ع) ماتم، ماتم پرسی، سوگواری

ایام عزا تمام شد:ماتم کے دن ختم ہوئے

لباس عزا پوشیدن:ماتمی لباس پہننا

عُزاب:دیکھیے عزب

عزا دار:ماتمی، مرنے والے کا غم کرنے والا

عزاداری:سوگواری

عزا داری کردن:ماتم کرنا، آہ و زاری کرنا

عزازیل:(ع) شیطان کا نام

تکبّر عزازیل را خوار کرد:تکبر نے عزازیل فرشتے کو ذلیل و خوار کیا

عزایم:(ع)(۱)افسوں، منتر پھونکنا، تعویذ دھاگا کرنا، برائیوں کو دور کرنے کے لیے آیات قرانی کی تلاوت کرنا (۲)عزیمت کی جمع، ارادے

عزایم خوان:برائیوں یا بد روحوں کو دور کرنے کے لیے آیات قرآنی کی تلاوت کرنے والا

عزَب:(ع) غیر شادی شدہ، یک و تنہا، بیکس

عزبی، عزبیّت:(ع) عزوبت، غیر شادی شدہ ہونا

عِزّت:(ع) آبرو، بزرگی، وقار، طاقت، احترام، جاہ و جلال، عظمت و شان

روز بروز بر عزت او افزودہ می شد:روز بروز اسی کی شان میں اضافہ ہوتا گیا

عزت دادن:احترام کرنا

عزت نفس:ذاتی آبرو

عزت مدار، عزت مند:باعزت، باوقار، مکرم، محترم

عزرائیل:(ع) ملک الموت، جان نکالنےوالے فرشتے کا نام

عزل:(ع) ہٹا دینا، الگ کر دینا، معزول کر دینا، اخراج

عزل کردن:معزول کرنا

او را عزل و دیگر را بجائش نصب

کردند: اسے معزول کیا گیا اور کسی دوسرے کو اس کی جگہ مقرر کیا گیا

عُزلت: (ع) گوشہ نشینی، عبادت کے لیے خلوت میں بیٹھنا، سبکدوشی

بعد از سی سال خدمت عزلت اختیار کرد: تیس سال کی ملازمت کے بعد وہ ملازمت سے سبکدوش ہوا

عُزلت گُزیدہ: جو سبکدوش ہوا ہو، گوشہ نشین

عزلتی: سبکدوش، گوشہ نشیں، خلوت نشیں، زاہدانہ زندگی بسر کرنا

عزم: (ع) ارادہ، قصد، نیت

عزم ثابت، عزم بالجزم: مصمم ارادہ

عزم سفر کردن: سفر کا ارادہ کرنا

عزم کردم کہ بہ کراچی روم: میں نے ارادہ کیا کہ کراچی جاؤں

عزم کردن: سفر کرنا

اُلوالعزم: پکے ارداے والا

عُزوبت: (ع) غیر شادی شدہ ہونا، تجرد

عزّوجلّ: (ع) عزت اور بزرگی والا، خداوند تعالی

عزیز: (ع) پیارا، با عزت، محترم، گرامی، ارجمند

برادر عزیز: پیارا بھائی

عزیزم: میرا پیارا

عزیزی: میرا پیارا

عزیمت: (ع) عزم کرنا، تیار ہونا، ارادہ، قصد، عزیمت کرنا

روز بعد بہ اسلام آباد عزیمت کردم: دوسرے دن میں نے اسلام آباد جانے کا ارادہ کیا

فسخ عزیمت کردن: ارادہ ترک کر دینا

عساکِر: (ع) عسکر کی جمع، لشکر

عسجَد: (ع) سونا، زر، طلا، جواہر

عسجدی: شاعر ابو منصور مروزی جو فردوسي کا ہم عصر تھا

عُسر: (ع) تنگدستی، تنگی معاش، سختی، دشواری

عسرالبَول: تنگی سے پیشاب آنا

عسرالنفس: سانس تنگی سے آنا، ضیق النفس

عُسرت: (ع) سختی، تنگی، تنگی معاش

بہ عسرت زندگی می کرد: وہ تنگدستی کی زندگی بسر کرتا تھا

عُسرت کشیدن: تنگدستی میں زندگی گزارنا

عسَس: (ع) پاسبان، چوکیدار

عسکر: (ع) لشکر، عساکر جمع

عسکری: (۱) لشکر سے متعلق (۲) انگوروں کی ایک قسم، انگور عسکری

عسَل: (ع) شہد

زنبور عسل: شہد کی مکھی

عسلی: (ع) شہد جیسا، شہد کے رنگ کا، زرد رنگ

عسِیر: (ع) مشکل، سخت، دشوار

عسیرالعبور: (ع) جسے آسانی سے عبور نہ کیا جا سکے

عسیر العلاج: (ع) جس کا علاج مشکل ہو

عش: (ع) پرندوں کا گھونسلا، آشیانہ، عشاش و عشوش جمع

عِشاء: (ع) اول شب سے نصف شب کا وقت

نماز عشا: مغرب کی نماز کے بعد کی نماز جو نصف شب تک اداکی جاتی ہے

عِشا: (ع) رات کا کھانا (اعشیہ جمع)

عشّاب: (ع) جڑی بوٹی کے خواص کا جاننے والا، اس علم پر کتاب لکھنے والا

عُشّاق:(ع)(۱)عشق کرنے والے، محبت کرنے والے (عاشق کی جمع) (۲)موسیقی ایران کی ایک سر کا نام
عشاوَت:(ع) اندھراتا، رات کو نظر نہ آنا، شب کوری
عشائر:(ع) عشرہ کی جمع، قبیلے، خاندان
عُشب:(ع) گھاس، سبزرنگ کی جڑی بوٹیاں
عشبِہ:(ع) ایک مشہور بوٹی جو سوداوی مرض کے لیے مفید ہوتی ہے
عُشر:(ع) دسواں حصہ
یک عشر آن را به فقرا دادند:اس کا دسواں حصہ انھوں نے غریبوں کو دے دیا
عَشَر:(ع) دس
اثناعشر:بارہ
اثنا عشری:اہل تشیع جو بارہ اماموں کو مانتے ہیں
عِشرت:(ع) عیش و آرام، خوشی و خرمی
بعشرت زندگی میکرد:وہ عیش و آرام کی زندگی بسر کرتا تھا
عشرت کردن:عیش و آرام کی زندگی بسر کرنا
عشرون، عشرین:(ع) بیس (عدد)
عَشرہ:(ع) دس
عشریِہ:(ع) دسواں، عشر، دہ یکی، کسی چیز کا دسواں حصہ
عِشق:(ع) گہری محبت، دلدادگی، دل بستگی
عشق انگیز:جذبات کو برانگیختہ کرنے والی محبت
عشق باختن:عشق بازی کرنا
عشق حقیقی:سچا عشق، عشق جو ذات خداندی سے ہو
عشق مجازی:دنیاوی محبت
عشق مُفرط:بہت زیادہ محبت
جنون عشق:محبت جو جنون کی حد تک ہو
عشقباز:عاشق مزاج، عورتوں سے عشق کرنے والا
عشقبازی:عشق کرتے پھرنا
عشقبازی کردن:ادھرادھر عشق کرتے پھرنا
عشق ورزی:عشق کرنا
عِشقہ:(ع) عشق پیچاں، ایک پودا، جو بڑھتا اور پھیلتا جاتا ہے
عُشور:(ع) عشر کی جمع، دسویں حصے
عِشوَہ:(ع) ناز و انداز، غمزہ، کرشمہ
عشوہ کردن:ناز و انداز کرنا
عشوہ ساز، عشوہ کار
عشوہ گر:ناز و ادا کرنے والا
عشوہ گری:ناز و انداز، غمزہ
عشی:(ع) شام
عشیر:(ع) دسواں حصہ
عشیرِہ:(ع) قبیلہ، خاندان، خانوادہ
عشیہ:شام، رات
عصا:(ع) چھڑی، لاٹھی، ڈنڈا
عصای چو پانی:گڈریے کی چھڑی
عصای سلطنتی:عصائے شاہی، نشان شاہی، علامت شاہی
عصابِہ:(ع)(۱)لوگوں کا ہجوم (۲)دستار (۳)رومال یا پٹی جو پیشانی پر باندھی جاتی ہے
عصات:عاصی کی جمع، گنہگار
عصار:(ع) تیل نکالنے والا، تیل بنانے والا، تیلی
عصارخانہ:کارخانہ جہاں تیل نکالنے کا کام ہوتا ہے
عصارِہ:(ع) شیرہ، رس، پھل کا نکالا ہوا رس
عصاری:(ع) تیل نکالنا، کولھو پیلنا

چرخ عصاری:تیل نکالنے کی چرخی

عصافیر:عصفور کی جمع، چڑیاں

عصاکش:نابینا کی چھڑی پکڑ کر ساتھ لے جانے والا

کورِ دگر، عصا کش کور دگر بود:ایک نابینا دوسرے نابینا کی رہنمائی کرتا ہے، ایک گمراہ دوسرے گمراہ کی رہنمائی کرتا ہے

عصام:(ع) برتن کا دستہ، ڈول کا دستہ

عصب:آنت، رگ، نس، اعصاب جمع

عصب باصِرہ:بصری نس جس سے دیکھا جاتا ہے

عصبِ سامعہ:سننے کی نس

عصب شامہ:سونگھنے کی نس

عصب عِرق النساء:ایشانک نس

عصب لامِسہ:چھونے کی قوت کی نس

عصبانی:پنھوں سے متعلق، عضلاتی، تند مزاج

عصبانی شدن:جلد غصے میں آ جانا

امراض عصبانی:پنھوں کی بیماریاں

عصبانیت:عصبی مزاج ہونا، بے حد زودحسّی، اضطراب، پریشانی

عصبی:(ع) تعصب کرنے والا، کسی خاص کی حمایت کرنے والا

عصبی:(ع) رگوں پنھوں کا مرض

بافتہ عصبی:آنتوں سے بُنا ہوا

عصبیّت:(ع) کسی عقیدے سے تعلق ہونا اور اسی عقیدے کے دفاع پر زور دینا، تعصب، اپنی اور اپنی جماعت کی بات پر زور دینا

عصر:(ع) زمانہ، وقت، دن کا آخری حصہ، شام سے پہلے، نماز عصر

امروز عصر او را خواہم دید:آج شام سے پہلے میں اسے ملونگا

عصر طلائی:سنہرا زمانہ

عصر:نچوڑنا، ملنا، کچلنا

عصرانِہ:عصر کے وقت کی چائے وغیرہ

عصری:جدید زمانے کے مطابق

عصعص:(ع) دنبالہ کی ہڈی

عصفر:(ع) کسم کا پھول یا پودا، یا رنگ

عصفور:(ع) چڑیا، کنجشک

عِصمت:(ع) پاک دامنی، گناہ سے پرہیز، بے گناہی، معصومیت

تجاوز عصمت:بے آبروئی

عصمت پناہ:پاکدامن عورت، با عصمت، آبرو اور ناموس کی پاسبان

عصمتی:عصمت سے متعلق

عصُور:(ع) عصر کی جمع

عِصیان:(ع) گناہ، نافرمانی، سرکشی

عصیاں گر:عاصی، گنہگار

عصِیب:(ع) سالن جو بکرے وغیرہ کے جگر اور تلی سے تیار کیا جائے

عصیدہ:ایک قسم کا حلوہ

عصِیر:(ع) پھل کا رس یا شیرہ

عضادِہ:(ع) اصطرلاب کا "درجہ نما" جس سے اس کے درجے معلوم ہوتے ہیں

عُضال:(ع)(۱)اہم کام (۲)نا قابل علاج

عضُد:(ع) بازو، یارو مددگار، تقویت

عضدی:(ع) بازو کی ہڈی

عضُلات:عضلہ کی جمع، جسم کے پٹھے

عضلاتی:جسم کے پٹھوں سے متعلق

عضُلہ:جسم کا پٹھا

عضلہ دار - عضلہ ناک:عضلاتی، پٹھے دار

عضلی: پٹھے دار

عُضو: (ع)بدن کا کوئی جوڑ یا حصہ، جزو بدن، انگ، رکن، ممبر

عضو شدن: رکن بننا

عضو کردن: رکن بنانا

او عضو آن انجمن است: وہ اس انجمن کا رکن ہے

اعضا جمع

اعضای اداره: ادارہ کے اراکین

اعضای مجلس: مجلس کے ممبران

عضو شکن: جوڑ کا ٹوٹنا

عُضوی: عضو کا، عضو کی ساخت کے متعلق

امراضِ عضوی: جوڑوں کی بیماریاں

عضویّت: رکنیت

عضویت داشتن: ممبر ہونا

من در انجمن ادبی عضویت دارم: میں ادبی انجمن کا ممبر ہوں

عطاء: بخشش، فیض بخشش، دینا

سلطان او را خلعت عطا فرمود: سلطان نے اسے خلعت عطا فرمائی

عطا بخش: بخشنے والا، فیض رساں

عطّار: عطر بیچنے والا، عطر فروش، ایران کے مشہور صوفی شاعر فرید الدین (وفات ۶۲۷ھ) کا تخلص

عطارد: (ع) دوسرے آسمان پر ایک ستارہ جسے دبیر فلک اور منشی فلک بھی کہتے ہیں۔ خورشید سے قریب ترین اور کوچک ترین ستاروں میں سے ایک، علم اور عقل اس ستارے سے متعلق ہیں

عطاری: عطار کا پیشہ

عطالت: (ع)بیکاری، بیکار ہونا، وقت ضائع کرنا

عطایا: (ع) عطیہ کی جمع، تحفے تحائف، بخشش

عطب: (ع) ہلاک ہو جانا، شکستہ حال اور عاجز ہونا

عِطر: (ع)خوشبو، پھولوں کا جوہر

عطر پاشیدن: عطر کی خوشبو بکھیرنا

عطر زدن: خوشبو لگانا

از گلِ سرخ عطر خوبی می گیرند: گلاب کے پھولوں سے بہت اچھا خوشبودار جوہر نکالتے ہیں

من عادت عطر زدن ندارم: مجھے خوشبو لگانے کی عادت نہیں

عطر پاش: عطر کی خوشبو بکھیرنے والا

عطر دان: ڈبیا یا شیشی جس میں عطر رکھا جاتا ہے

عطر ریز - عطر پاش: عطر کی خوشبو بکھیرنے والا

عطر سوز: انگیٹھی جس میں خاص قسم کا خوشبودار جوہر جلایا جاتا ہے تاکہ اس کی خوشبو دور دور پھیلے

عطر فروش: عطر بیچنے والا، عطار

عطر کش: عطر کشید کرنے والا، عطر تیار کرنے والا

عطر ناک: خوشبودار، معطر

عَطری: جس میں عطر لگا ہو تاکہ اس سے خوشبو آئے

عطری: ایک قسم کا پھول جس کی پتیاں خوشبودار ہوتی ہیں

عطریات: (ع)خوشبوئیں (جمع عطر)

عَطِسہ: (ع) چھینک، چھینکنا

عطسہ زدن: چھینک مارنا، چھینکنا

عطسہ آور: جس سے چھینکیں آئیں

عطش: (ع) پیاس، تشنگی

عطش داشتن: پیاس لگنا، پیاسا ہونا

عطش خود را فرونشاندن: اپنی پیاس بجھانا

عطشان: (ع) پیاسا، تشنہ

عطش آور: جس کی وجہ سے پیاس لگے، پیاس لگنا۔

عطف: (ع)مہربانی، نوازش، میلان، ارادہ، توجہ، ذکر، ربط پیدا کرنا، ملانا جوڑنا، اشارہ کرنا، کلمہ ربط۔

عطف کلمہ ای: ایک بات کو دوسری بات سے ملانا۔

در آن مراسلہ، مراسلات دیگررا عطف کردم: اس مراسلہ میں میں نے بعض دوسرے مراسلوں کو ملادیا ہے۔

عطلَت: (ع)بیکاری۔

عطَن: (ع)وہ جگہ جہاں اونٹ رکھے جاتے ہیں۔

عطُور: (ع)عطر کی جمع۔

عطُوف: (ع)مہربان، شفیق۔

عطوفت: مہربانی، شفقت۔

عطیّہ: (ع)تحفہ، انعام، بخشش، (عطا یا جمع)۔

عُظام: (ع)عظیم کی جمع، بزرگ۔

عِظام: (ع)ہڈیاں، استخواں۔

عِظامی: ہڈیوں سے متعلق۔

عظائم: (ع)عظیمہ کی جمع، بڑے بڑے۔

عِظم: (ع)عظمت، بزرگ۔

عَظم: (ع)ہڈی (عظام جمع)۔

عَظم رمیم: بوسیدہ ہڈی۔

عظم زورقی: کشتی نما ہڈی۔

عظم عَجز: مقعد کی ہڈی تکونی شکل کی۔

عظم قص: سینے کی ہڈی۔

عظم کتِف: شانے کی ہڈی۔

عظم کعب: ٹخنے کی ہڈی۔

عُظما: (ع)عظیم کی جمع۔

عظمت: (ع)بڑائی، بزرگی، شوکت و شان۔

با عظمت: (ع)بڑی شان و شوکت والا، عظیم۔

دامت عظمتُہ: خدا اس کی عظمت کو ہمیشہ قائم رکھے۔

عظمی: (ع)عظیم کی تانیث۔

عظیم: (ع)بڑا، بزرگ، کلاں، با عظمت۔

العظیم: خدائے بزرگ و برتر کا ایک نام۔

گناہ عظیم: گناہ کبیرہ۔

عظیم الجُثّہ: بڑے جسم و جثے والا۔

فیل حیوانِ عظیم الجثہ است: ہاتھی بہت بڑے جسم والا جانور ہے۔

عظیم الشان: بڑی شان و شوکت والا، بلند مرتبے والا۔

شاہان عظیم الشان مغول: مغلوں کے بلند مرتبہ بادشاہ۔

عظیم القدر: عظیم الشان۔

عظیمہ: (ع)اہم ضروری مسئلہ، (عظائم جمع)۔

عظیمہ: بزرگ، کلاں، با عظمت۔

عفارِیت: (ع)عفریت کی جمع، بھوت، جن دیو، بصورت جمع۔

عِفاف: (ع)عفت، پاکیزگی، پاکدامنی، پرہیزگاری، پاکی، پارسائی۔

عَفاقت: (ع)جسم کا پچھلا حصہ، چوتڑ، سرین۔

عِفّت: (ع)پاکدامنی، پارسائی، پرہیزگاری۔

عِفرِیت: (ع)بھوت، دیو، جن۔

عفریتہ: (ع)عفریت کی مونث۔

عفَص: (ع)تندمزہ، تلخ مزہ۔

عفِن: (ع)سڑنا، متعفن ہونا، بودار ہونا۔

عفَن: (ع)بدبو، عفونت۔

عفو: (ع)معافی، درگزر، بخشش، مثال:

تارایت عفو و غضبش سایہ نیفگند
بثیت متصور نشد آرامش و رم را
جب تک تیری درگزر اور بخشش اور غیظ و غضب کے علم کا سایہ نہیں پڑا تھا، امن و سکون کا تصور نہیں ہوا تھا۔

عفو عمومی: عام معافی۔

عفو کردن: درگزر کرنا، معاف کرنا۔

عفُونت: (ع) بدبو، سڑاند۔

بُوی عفونت دادن: سخت بدبودار ہونا۔

دفع عفونت کردن: بدبو دور کرنا۔

عفونت پیدا کردن: بدبو یا سڑاند پیدا کرنا۔

عفونی: (ع) جس سے بو آئے، سڑاند آئے۔

عفِیف: (ع) پارسا، پرہیزگار، پاکدامن۔

عفیفہ: (ع) پاکدامن عورت (مونث عفیف)۔

عُقاب: ایک شکاری توانا پرندہ جو اپنی پرواز اور تیز رفتاری کی وجہ سے مشہور ہے جس کی تصویر روما کے جنگی علم پر ہے۔

عِقاب: شکنجہ کی سزا، جرم و گناہ کی سزا۔

عُقابی: عقاب جیسا یا عقاب سے متعلق۔

عِقابَیْن: سخت سزا دینے کا آلہ، شکنجہ۔

عُقار: (ع) برگزیدہ مال، شراب، مے۔

عقار: (۱) عقارت، بنجر (۲) راس، خشکی کا وہ حصہ جو سمندر میں واقع ہو۔

عقّار: (ع) دوا، دارو، (عقاقیر جمع)۔

عقار: اراضی کی ملکیت، جائداد غیر منقولہ، متاع و اسباب خانہ، عقارات جمع۔

عقارِب: (ع) عقرب کی جمع، بچھو، کثردم، سختیاں۔

عقاری: (ع) جائداد غیر منقولہ، اراضی۔

عقاقیر: (ع) خوشبودار، مہک دار، معطر خوشبودار جڑی بوٹیاں۔

عِقال: (ع) زنجیر، کڑی، رسی جس سے جانوروں کو پابند کیا جاتا ہے۔

عقائد: (ع) عقاید، عقیدہ کی جمع، عقیدے۔

عقائم: (ع) عقیمہ کی جمع، عورتیں جن کے بچے پیدا نہ ہوں۔

عقِب: (ع) ایڑی، پاشنہ، چوپاؤں کے سم کا پچھلا حصہ، پیچھے، پشت۔

آن را در عقب میز پنہان کرد: اس نے اسے میز کے پیچھے چھپا دیا۔

او از عقب من می آید: وہ میرے پیچھے آرہا ہے۔

ساعت من عقب است: میری گھڑی پیچھے ہے۔

عقب افتادن: ملتوی ہونا۔

عقب انداختن: ملتوی کرنا۔

عقب کسی فرستادن: کسی کے پیچھے بھیجنا۔

عقب کشیدن: اپنے پیچھے کھینچنا۔

عقب گذاشتن: پیچھے چھوڑ جانا۔

عقب نشستن: پیچھے ہٹنا، پسپا ہونا، واپس ہونا۔

قشون دشمن عقب نشست: دشمن کا لشکر پسپا ہوا۔

عُقبا: (ع) دیکھیے عقبیٰ۔

عقبائی: دوسری دنیا سے متعلق۔

عقب افتادگی: تاخیر، روک، تعویق۔

عقب افتادہ: بقایا، باقی، وصول طلب۔

عقب دار: فوج کا پچھلا حصہ۔

عقب نشینی: پسپائی۔

عقب نشینی کردن: پسپا ہونا، پیچھے ہٹنا۔

عقبہ: (ع) پہاڑ کی بلندی کا دشوار راستہ، عقبات جمع۔

عقبہ: (ع) (۱) پیرو، پیروی کرنا، پیچھا کرنا (۲) نتیجہ۔

این کار عقبہ خوبی نخواہد داشت: اس کام کا نتیجہ اچھا نہیں ہوگا۔

عُقبیٰ: (ع) آخرت، دوسرا جہان، عاقبت۔

عَقبی: (ع) پیچھے، پچھلا۔

عقد: (ع) باندھنا، گرہ لگانا، محکم کرنا، عہد و پیمان، نکاح۔

عَقد بستن: نکاح کرنا، معاہدہ کرنا۔

عقدبندی: شادی کے معاہدے کی تکمیل، رسومِ نکاح کی تکمیل۔

عقد قرار داد: معاہدے کا انجام کو پہنچنا۔

عقد کردن: نکاح کرنا۔

عقد گسستن: گانٹھ کا کھول دینا، دوستی کا پیمان توڑ دینا یا بالائے طاق رکھ دینا۔

عقد مجلس: مجلس یا اسمبلی کا انعقاد۔

عقد مودّت بستن: دوستی کا رشتہ استوار کرنا۔

عقد نکاح: نکاح کا بندھن۔

عقد نماز بستن: نماز کی تیاری کرنا۔

حل و عقد: کھولنا اور بند کرنا۔

دختر عموی را عقد کرد: اس نے چچا کی بیٹی کی شادی کی۔

فی الفور مجلس عقد کردند: انہوں نے اسمبلی کے لیے فوراً ہی مجلس کا انعقاد کردیا۔

عِقد: (ع) گلے میں پہننے کا زیور، گلوبند، نیکلس۔

عقد رُو: گلے کا ہار۔

عَقد کنان: شادی کرنے والے، شادی کی رسمیں ادا کرنے والے۔

عقد نامہ: نکاح نامہ۔

عُقدہ: (ع) گرہ، مشکل، راز، پیچیدہ، پردہ راز، رکاوٹ، تقریر میں لکنت، فرض، پابندی، بوجھ۔

فلان موضوع در دل من عقدہ شدہ است: فلاں موضوع میرے دل کا بوجھ بن گیا ہے۔

عقدہ را کشودن: مسئلہ حل کرنا، مشکل حل کرنا۔

عقدہ کشا: مشکلیں حل کرنے والا، امن و سکون بہم پہنچانے والا۔

عقدہ کشائی: مشکلات کو حل کرنا، امن و سکون بہم پہنچانا۔

عَقدی: معاہدہ کے تحت کی ہوئی شادی۔

عُقر: (ع) عورت جس کے بچہ پیدا نہ ہو بانجھ عورت، عقیم۔

عَقر: (ع) پیچھا کرنا، اونٹ کا گھٹنا باندھنا، نیز گھر کا وسطی حصہ۔

عقرَب: (ع) بچھو، کثردم۔

عقربان: تلی۔

عقربک: گھڑی یا کلاک وغیرہ کی سوئی، گاڑیوں کی رفتار بتانے والی سوی، پن۔

عقربہ: گھڑی اور کلاک وغیرہ کی سوئی۔

عقرت: (ع) عقر، عقارت، عورت کے بچہ نہ پیدا ہونا بانجھ عورت۔

عقل: (ع) سوجھ، سمجھ، فہم، دانائی، ادراک، قوت دریافت۔

عقلِ اول: کنایۃً پہلا فرشتہ، جبرئیل۔

عقل سلیم: بے عیب عقل، صائب رائے۔
عقل کل: عقل ربانی۔
بے عقل: نادان، جاہل۔
بے عقلی: نادانی، جہالت۔
خلافِ عقل: سوچ سمجھ کے بغیر۔
عقلاً: (ع)عقل کے لحاظ سے۔
عقلاً ایں کار درست نیست: عقلی لحاظ سے یہ کام درست نہیں۔
عُقَلا: (ع)عاقل کی جمع، ہوشمند، صاحب ادراک لوگ، دانا۔
عقلانہ: دانشمندی سے، عقلاً۔
عقلانی: عقلی، ذہنی۔
عقل رفتہ: عقل و شعور سے محروم، بے عقل، خالی الذہن۔
عقلمند: عاقل، فرزانہ، دانشمند، دانا۔
عقلی: ذہنی، دلائل پر مبنی، معقول، قطعی لحاظ سے، اصول منطق کے مطابق، نکتہ رسی، دور بینی سے۔
دلائل عقلی: دلیلیں جن کی بنیاد عقل و فہم پر ہو۔
عقیم: (ع)عقر، بانجھ عورت جو بچہ جننے کے قابل نہ ہو۔
عقوبت: (ع)سزا، سرزنش، عتاب، آزار، سختی، مصیبت، آفت، ایذا۔
ظالم را بہ انواع عقوبت کردند: ظالم شخص کو انھوں نے طرح طرح ایذائیں دیں۔
عقُود: (ع)عقد کی جمع۔
عقُور: کاٹنا (کتے کا) کتے کا کاٹا ہوا یا کاٹنے والا کتا۔
عُقُوق: (ع)نافرمانی کرنا۔
عقول: (ع)عقل کی جمع۔
عِقیان: (ع)سونا، زر خالص۔

عقیب: (ع)پیچھے آنے والا، پیروی کرنے والا۔
عقیدہ: (ع)مذہبی اصول کا قائل ہونا، مسلک، ایمان۔
اظہار عقیدہ: اپنے مسلک کا اظہار کرنا۔
عقیدہ مذہبی: دینی اصولوں پر ایمان۔
ہندواں عقیدہ تناسخ دارند: ہندو تناسخ کا مذہبی مسلک رکھتے ہیں۔
عقیر: (ع)جس عورت کے کوئی اولاد نہ ہو۔
عقیق: (ع)ایک بیش قیمت سرخ رنگ کا پتھر، فارسی شعرانے عقیق کو شراب اور لب محبوب سے تشبیہ میں استعمال کیا ہے۔
عقیق لب: محبوب کے عقیق جیسے ہونٹ۔
آبلہ (یاناخوشیٔ فرنگی)آتشک کا مرض، سفلس۔

فرنگیس:افراسیاب کی بیٹی کا نام۔

فرنگی مآب:یورپی طور طریقوں کا شیدائی۔

فرنود:دلیل، برہان، استدلال، ثبوت۔

فرنود سار:کتاب جس میں فنون حکمت سے بحث ہو اسے دائرۃ المعارف بھی کہتے ہیں۔

فرو:(ع)پوستین، لباس جو جانور کی کھال سے تیار کیا جاتا ہے۔

فرو:فرود کا مختصر، نیچے، پائین، پست۔

فرو آمدن:نیچے آنا۔

فرو بردن:نگلنا۔

فروتر:پست تر، بہت نیچے، بہت نچلے درجے کا۔

فروچکیدن:ٹپکنا۔

فرو خواندن:خواندن، پڑھنا۔

فروداشتن:نیچے رکھنا۔

فرو رفتن:نیچے جانا۔

فرو ریختن:انڈیلنا۔

فروستردن:مونڈنا۔

فروشدن:فرو رفتن، نیچے جانا۔

فروکردن:ٹھونسنا، زور سے ڈالنا۔

فروکشیدن:نیچے کو کھینچنا۔

فروکوفتن:پٹک دینا۔

فرو گذاشتن:نظر انداز کر دینا، چھوڑ دینا، بے تو جہی کرنا، بے التفاتی کرنا، تغافل برتنا۔

فروماندن:بہت خستہ ہو جانا۔

فرونشاندن:مٹانا، زائل کرنا، خاتمہ کر دینا، قابو پا لینا، دبا دینا، بجھا دینا۔

فرونشستن:نیچے بیٹھ جانا، تہ نشین ہو جانا، دھیما ہو جانا۔

فروهشتن:لٹکانا۔

از حل آں فروماند:اس کو وہ حل نہ کرسکا۔

چه چیزی تواند حِسِ انتقام او را فرو نشاند:کیا چیز اس کے انتقام کی حس کو مٹا سکتی ہے۔

خنجررا در شکمش فرو کرد:خنجر اس کے پیٹ میں گھونپ دیا۔

سربگریبان فرو بردن:شرمندگی کا کنایہ، متفکر ہونا۔

عطش خود را فرو نشاند:اس نے اپنی پیاس بجھالی۔

فتنه را بزودی فرونشاند:فساد بہت جلد مٹا دیا۔

کشتی فرورفت:جہاز ڈوب گیا، کشتی ڈوب گئی۔

فُروتَن:عاجز، منکسر مزاج، فرماں بردار، متواضع۔

فروتَنانہ:عاجزی سے، انکساری، تواضع، فرماں برداری سے۔

فروتنی کردن:عجز و انکسار اختیار کرنا اظہار عجز کرنا۔
فُروج:(ع)فُرج کی جمع۔
فرو چکیدن:قطرہ قطرہ ٹپکنا۔
فروخ:فرخ کی جمع، چوزے۔
فُرُوخت-فروختن=بیچنا سے ماضی مطلق، بیچا۔
فُروختار:بیچنے والا، فروشندہ۔
فروختِگی:فروخت، بکنا۔
فروختن:بیچنا۔
فروختن:افروختن، روشن کرنا۔
فروختنی:بیچ دینے کے قابل، بیچنے کے لائق۔
فروختِہ:بیچا ہوا، بکا ہوا، مال جو بک گیا ہو۔
فرود:نیچے، پائین، زیر۔
فرود آمدن:نیچے آنا۔
فرود آوردن:نیچے اتارنا، نیچے اترنے کو کہنا۔
فروداشت:فروگزاشت۔
فرود ست:زیر دست،۔ بے بس، بینوا۔
فرودست:ہم آہنگی، ہمنوا ہونا موسیقی میں۔
فرودگاہ:اترنے کی جگہ، قیامگاہ، ٹھہرنے کی جگہ، ہوائی جہاز کے اترنے کا مقام۔
فرودی:اترنا۔
فرودین:فرور دین، ایرانی شمسی سال کا پہلا مہینہ جو ۳۱ دن کا ہوتا ہے اس مہینے کا انیسواں دن بھی فرور دین کہلاتا ہے، ماہ اول بہار۔
فرو رفتِگی:ڈوبنا، افسردہ ہونا، افسردگی۔
فُروز:افروختن=روشن کرنا سے فعل امر، روشن کرو۔
شب فروز:شب افروز، رات کو روشن ہونا۔
فروز:روشنی، درخشانی، تنویر، تجلی، تابانی، چراغاں۔
فروزان:درخشندہ، تابندہ، روشن۔
فروزانفر:شان و شکوہ رکھنے والا۔
فروزِش:فروز، روشنی، تابانی، درخشانی، چراغان۔
فروزشگر:روشن کرنے والا۔
فروزندِگی:روشنی، درخشندگی۔
فروزِینہ:جس چیز سے آگ جلاتے ہیں، دیا سلائی وغیرہ۔
فروس:(ع)جمع فرس، گھوڑے۔
فروست:فراست۔
فروسیہ:اسپ سواری کا ماہر۔
فُروش:فروختن بیچنا سے فعل امر بیچ دو
فروش زیاد:زیادہ بکری، اشیا کا زیادہ فروخت ہونا۔
فروش کردن:بیچنا۔
فروش نمی شود:منڈی میں مندا ہے، چیزوں کی مانگ نہیں۔
اِمروز هیچ فروش نکردہ است:آج اس نے کچھ فروخت نہیں کیا۔
این قبیل اجناس فروش نخواهد رفت:اس قسم کی چیزیں نہیں بکینگی۔
بعرض فروش گذاردن:بیچنے کے لیے پیش کرنا۔
فروش:دیکھیے فرش۔
فروش رفتنی:فروخت کے قابل۔
فروشَندِگی:فروخت کا کاروبار۔
فروشندِہ:فرروخت کرنے والا (فروشندگان جمع)۔
فروشی:فروخت کے لیے۔
فروشیدن:فروختن، بیچنا۔
فُرُوض:فرض کی جمع، دیکھیے فرض۔
فرُوع:فرع کی جمع، شاخیں، فروعات جمع الجمع۔
فرُوغ:چمک، روشنی، تابندگی، درخشندگی مثال:

در دل غافل کجا آید فروغ مہر دوست
مہبطِ آن نور نبُوَد جز دل آگاہ ما

دوست کی محبت سے غافل کے دل میں روشنی کیسے ہو سکتی ہے، ایسے نور کے اترنے کی جگہ تو ہمارے دل آگاہ کے سوا اور کہیں نہیں۔

فروغ دادن:روشن کرنا، تابندہ کرنا، ترقی دینا۔

فروکش:فرو ہو جانا، زور کم ہونا، دھنس جانا، بیٹھ جانا، تہ نشین ہونا، دریا وغیرہ کے سیلاب کا اتر جانا۔

فروکش شدن:فرو ہو جانا۔

درد آن فروکش شد:اس کا درد کم ہو گیا۔

فروگذار:غافل، غفلت شعار، بے پروا، سہل انگار۔

فروگذاری:غفلت، بے توجہی، بے التفاتی، تغافل، سہل انگاری۔

فرو گذاشت:غفلت، بے توجہی، تغافل، بھول چوک، بے اعتنائی۔

فروگیر:احاطہ کرنے والا۔

فرو ماندِگی:خستگی، در ماندگی، عجز، بے بسی، تنگدستی۔

فروماندِگی:خستہ اور بے بس ہوجانا۔

فرو ماندِہ:خستہ و لاچار، درماندہ، عاجز، بے بس، بیچارہ، مفلس، غریب، تنگدست، تہی دست۔

فرومایِگی:بے وقوفی، بے عقلی، کمینگی۔

فرومایِہ:کمینہ، کم ہمت، بد اصل۔ پست خیال، پست فطرت، مفلس، نادان، بے ہنر۔

فروَند:(۱)لکڑی کا پیوند یا کمانی جو دروازے کے پیچھے لگای جاتی ہے کہ دروازہ کھل نہ جائے (۲)بادبان، عدد ظاہر کرنے کے لیے جیسے بیست فروند کشتی یعنی بیس جہاز۔

فرونشاندن:خاموش کرنا، مطیع کر لینا۔

فرونشستن:خاموش ہو جانا۔

فروہر:جوہر، ذات، ماہیت، (آئین زردتشی میں) فرشتہ۔

فروہشتن:چھوڑ دینا، رہا کردینا، آزاد کرنا، لٹکانا۔

فروہندہ:نیک سیرت، با ادب۔ خردمند۔

فروہیدہ:(۱)خردمند، عاقل، دانا (۲)آشکار، واضح (۳)پرشکوہ، شان، شوکت والا۔

فرویز:سنجاف، کپڑے کا حاشیہ۔

فرویش:غفلت، سستی، بے اعتنائی، تاخیر۔

فرّہ:فر-شان و شکوہ۔

فرِہ:بہت زیادہ، فراوان، بیشی، کثرت۔

مال فرہ:کثیر دولت۔

فرہاد:ایران کے ساسانی بادشاہ خسرو پرویز کے زمانے کا سنگ تراش جو شیریں کا عاشق تھا۔

فرہت:شان و شوکت، جاہ و جلال، بزرگی، شایستگی۔

فرہست:(۱)کثیر، فراواں، بیشتر، بہت زیادہ(۲)جادو سحر۔

فَرَہمند:(۱)خرد مند، عقل مند(۲)تربیت دینے والا۔

فرہنج:(۱)فرہنگ۔

فرہنجیدن:ادب کرنا، احترام کرنا، تربیت کرنا۔

فرہَنگ:تعلیم، آموزش، علم، دانش، ادب، تربیت، قاموس، کتاب لغت۔

فرہنگ ساز:فرنگ نویس، لغت نویس، مولفِ لغت، مدوّن لغت۔

فرہنِگستان:اہل قلم کی انجمن، اہل علم کے مل کر بیٹھنے کی جگہ، اکادمی۔

فرہنگ نویسی:لغت کی تدوین۔

فرہنگی:معلم، فاضل شخص، لغات سے متعلق، تعلیم سے تعلق رکھنے والا۔

فرہود: شیر کا بچہ۔

فرہومند: نیک، پاک، پرہیزگار، روشن خیال۔

فرہی: بزرگی، شان و شوکت، عظمت، جاہ و جلال۔

فرہیختن: سکھانا، پڑھانا، پرورش کرنا، تربیت دینا۔

فری: شاباش، آفرین، زہے، خوب کلمہ تحسین خوب، زیبا۔

فری: عجیب۔

فریاد: چیخ و پکار، نالہ و فریاد۔

فریاد برآوردن-فریاد کردن: چیخنا، چلاّنا، آہ و زاری کرنا، فریاد کرنا۔

فریاد زدن: فریاد کرنا۔

بفریاد کسی رسیدن: کسی کی مدد کے لیے آنا، کسی کی تکلیف یا پریشانی کو دور کرنا۔

فریاد رس: مددگار، یاور، چارہ ساز، مشکلات میں ہاتھ بنانے والا۔

فریاد رسی: کسی کی مدد کرنا، کسی کی مشکلات دور کرنا۔

فریادی: فریاد کرنے والا، فریاد و فغان کرنے والا، بے بس، پریشان حال، مدد کا طلبگار۔

فریادی کیست: فریاد و فغان کرنے والا کون ہے۔

فریار: شان و شوکت والا۔

فریب: دھوکا، مکر، دغا، ، ریاکاری، حیلہ، تزویر۔

فریب خوردن: فریب میں آنا، دھوکا کھانا۔

فریب دادن: دھوکا دینا، دغا دینا، ریا کاری کرنا۔

زود باور زود فریب می خورد: جلد یقین کرنے والا جلد دھوکا کھاتا ہے۔

شمارا چرا فریب دادند؟: تمہیں انھوں نے کیوں دھوکا دیا؟۔

فریبا: (۱)دھوکا دینا (۲)فریبی، دھوکے باز۔

فریب آمیز: جس میں دھوکا ہو، ریاکاری ہو۔

سخنان فریب آمیز: دھوکے کی باتیں۔

فریبرز: اچھی قدو قامت والا، بلند و بالا، کیکاؤس کے ایک بیٹے کا نام۔

فریب خور: دھوکا کھانے والا، جسے دھوکا دیا جاسکے، جسے بیوقوف بنایا جاسکے۔

فریب دہ: دھوکا دینےوالا، فریبی۔

فریب ساز: دھوکے باز، فریبی۔

فریب سازی: دھوکا دہی، دھوکا دینا۔

فریبندگی: دھوکا، فریب، مکاری۔

فریبندہ: دھوکا دینے والا، دھوکے باز۔

دلائل فریبندہ: دھوکا دینے والے دلائل۔

صورت قشنگش فریبندہ بود: اس کی حسین شکل دھوکا دینے والی تھی۔

فریبیدن: فریفتن، فریفتہ کر لینا، دھوکا دینا۔

فرید: اکیلا، تنہا، یکتا، بے نظیر، بے مثال۔

فریدالزمان: اپنے وقت کا بے نظیر شخص زمانے بھر میں بے مثال، وحید، لاثانی۔

فریدہ: فرید کی مونث گوہر گراں بہا بے مثال گوہر، دُریتیم، فرائد جمع۔

فریدوں: ایران کا بادشاہ جسے کاوہ لوہار نے ضحاک کا خاتمہ کر کے تخت نشین کیا۔

فریروں: گاؤ زبان۔

فریز: ایک خود رو پودا جس کی شاخیں بہت نازک ہوتی ہیں۔

فریس: کشتہ، کشتہ شدہ۔

فریسُوس: عیاش، اوباش، بدکار۔

فریسہ: شکار جو شیر یاکسی اور درندے نے کیا ہو۔

فریسی: ایک قدیمی رومی فرقہ تھا جو رسم پرستی اور ظاہر داری میں مشہور تھا، ظاہر پرست، گندم نما جو فروش، منافق، ریاکار۔

فرِیش: کلمہ تحسین، واہ کیا کہنے، خوب، آفرین، شاباش۔

فرِیضَہ: (ع)خدا کا دیا ہوا حکم، فرض جو کسی کے ذمے ہو۔

فَریفتار: فریب دینے والا، ریا کار، مکار۔

فریفتِگی: دھوکا دینے کا عمل، فریب کاری۔

فرِیفتن: فریب دینا، فریفتہ کرنا۔

آخر بیچارہ را فریفتند: آخر انھوں نے اس بےِ بس کو فریب دے دیا۔

دلائل فریبندہ: دھوکا دینے والے، دلائل۔

صورت قشنگش فریبندہ بود: اس کی حسین شکل دھوکا دینے والی تھی۔

فریق: گروہ، جماعت، دستہ (فریقین جمع)۔

فریوَر: درست، راست، صحیح، خالص، راسخ العقیدہ، راست گو، درست کردار۔

فریوری: سچائی، راستی، عقیدے کی پختگی۔

فریِہ: لعنت، نفرین۔

فریِہ: جھوٹ، دروغ۔

فز: زخم کی پیپ۔

فزار: افزار، بڑھانے والا۔

فزار: (۱)افزا، آلہ جسے کسی کام کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

فزای: افزائش، بڑھنا، اضافہ ہونا۔

فزایِندہ: افزایندہ، بڑھانے والا۔

فَزع: (ع)ڈر، خوف، ترس، مدد کے لیے پکارنا۔

فزعِ اکبر: کنایہ ہے روز قیامت کا۔

فُزودن: افزودن، اضافہ کرنا، بڑھانا، زیادہ کرنا۔

فُزون: زیادہ، بیش۔

فزہ: (۱)فژہ، گندا غلیظ۔

فزیک: (انگ) فزکس، علم طبیعیات۔

فژ: غلاظت، گندگی، نجاست، پیپ۔

فژ: گھوڑے کی گردن کے بال، یال۔

فژاک: غلیظ، پلید، گندا۔

فژغردِہ: بھگویا ہوا، مِلایا ہوا۔

فژغند: فژگند، غلیظ، پلید۔

فژُو لیدن-پژولیدن: خشک کرنا یا ہونا، مرجھا جانا، پژمردہ کرنا یا ہونا۔

فژّہ: غلیظ، کثیف، پلید۔

فسا: صوبہ فارس کا شہر۔

فساد: خلل، غدر، بگاڑ، بلوا، جھگڑا، دنگا، بدی، خرابی۔

فساد اخلاق: بد اخلاقی۔

فساد برپا کردن: ہنگامہ بپا کرنا۔

فساد تدریجی: رفتہ رفتہ، ہنگامہ پیدا ہونا۔

فساد جمع شدن: پھوڑا پک جانا۔

فساد خون: خون میں زہریا سمّیت پیدا ہونا۔

فساد عضو: کسی عضو کا مجروح ہونا۔

فساد عقیدہ: عقیدے کا بگڑنا۔

فساد مزاج: بد مزاجی۔

فسّاد: فاسد کی جمع، فساد پیدا کرنے والے، ہنگامہ بپا کرنے والے۔

فسادُ الدم: (۱) کمینہ، سفلہ (۲) خون میں زہر یا سمیت پیدا ہونا۔

فساد آمیز: فتنہ انگیز، فساد ڈالنے والا، فتنہ پرداز۔

فساد کار: فتنہ جو، فتنہ پیدا کرنے کا متمنی۔

فسار: افسار، لگام۔

فسّاق: فاسق کی جمع، بدکار لوگ۔

فسان: سان، پتھر جس پر چھریاں تیز کی جاتی ہیں۔

سنگ فسان: پتھر جس پر چھریاں تیز کی جاتی ہیں۔

فسان کردن: (چاقو چھری) تیز کرنا۔

فُسان: فسانہ، افسانہ۔

فسانیدن: ملنا، رگڑنا، چھری چاقو تیز کرنا۔

فسایَندہ: افسون کرنے والا، ساحر، جادوگر، مسحور کرنے والا، گرویدہ بنا لینے والا۔

فسایِیدن: سحر کرنا، افسون پھونکنا، جادو کرنا، مسحور کرنا، گرویدہ کرلینا۔

فِستان: گاؤن، لہنگا، پیٹی کوٹ۔

فُستق: پستہ (معرب)۔

فُسحت: (ع) (۱) کھلی جگہ، کشادگی، وسعت، فضا، فراخی، (۲) مہلت، التوا، فرصت، فراغت (۳) آزادی۔

فَسخ: (ع) منسوخ کرنا، توڑنا، ارادہ بدل دینا کسی معاہدے کو توڑ دینا یا باطل قرار دینا۔

فسخ کردن: منسوخ کردینا، ختم کردینا۔

اجارہ نامہ فسخ شد: کرایہ نامہ منسوخ ہو گیا۔

شرکتِ خودرا فسخ کردند: شراکت باہمی کو انھوں نے ختم کردیا۔

فَسَدہ: فاسد کی جمع۔

فسَر: زیبائی، رعنائی، حسن و خوبی۔

فسر: (ع) بیان کرنا، وضاحت کرنا، تفسیر، تشریح۔

فسُردِگی: افسردگی، پژمردگی، رنج و اندوہ۔

فُسردن: افسردن، مغموم ہونا، افسردہ ہونا۔

فسردہ=افسردہ: غمگین، مغموم، آزردہ۔

فُسطاط: خیمہ، سائبان، سراپردہ۔

فسفات-فاسفیٹ: ایک مرکب جو بعض دھاتوں سے حاصل ہوتا ہے۔

فُسفُر: فاسفورس، ایک کیمیاوی عنصر جو اندھیرے میں چمکتا نظر آتا ہے۔

فسفری: جس میں فاسفورس شامل ہو۔

فِسفِس: زیر لب بولنا، چپکے چپکے بات کرنا، کھسر پھسر کرنا، کانا پھوسی۔

فسفس کردن: سن سن، سائیں سائیں، زن زن کرنا، کھسر پھر کرنا، زیر لب بات کرنا۔

فَسفِسہ: فصفصہ-پپیتا کا درخت جس کو پھلیاں لگتی ہیں۔

فِسق: (ع) نافرمانی، حکم عدولی، بدکاری، بد عملی کی

زندگی، گنہگاری (فسوق جمع) مثال:

بیا کہ رونق این کارخانہ کم نشود
بزُہد ہمچو تُوئی یا بفسق ہمچو منی

آکہ اس دینا کی رونق میں کمی نہ ہو، زھد میں تم جیسے اور گنہگاری میں مجھ جیسے آدمی تو ضرور موجود رہنے چاہئیں۔

فِسقہ: (ع)فاسق کی جمع، گنہگار لوگ۔

فِسکل: (ع)گھوڑا جو سب گھوڑوں سے پیچھے آتا ہے نیز فرومایہ، پست فطرت شخص۔

فَسِلہ: فسیلہ، گلہ، ریوڑ۔

فسَن: فسان۔

فُسُوس: (۱)افسوس (۲)تمسخر، مضحکہ، استہزا۔

فُسوسیدن: افسوس کرنا۔

فسوسیدن: اغوا کرنا، گمراہ کرنا، بہکانا، پھسلانا، ورغلانہ، منحرف کرنا۔

فُسُوق: (ع)فسق کی جمع، خداوند تعالی کے حکم کی نافرمانی کرنا، طریق حق کو چھوڑنا۔

فُسُون: افسون، جادو، سحر۔

فسِیح: (ع)فراخ، کھلی جگہ، وسیع، جادار۔

فسِیل- فوسیل: جو چیز دبی ہوئی یا مدفون پائی جائے، جو چیز کھود کر نکالی جائے کوئی چیز جو زمین کے طبقوں میں دبی ہوئی ملے اور جس کی بناوٹ میں کم و بیش کوئی کیمیاوی تغیر پیدا ہو گیا ہو جس سے یہ معلوم ہوسکے کہ یہ کس زمانے کی ہوسکتی ہے۔

فسیلۂ: ریوڑ، گلہ۔

فسِیلہ: درخت، کھجور کا درخت، شاخ جو کٹ کر زمین میں پیوست کی جاتی ہے۔

فَش: (۱)وش (۲)احمق شخص جو احمقانہ بات پر فخر کرتا ہے۔

فش: (۱)پگڑی کا سرا (۲)کاکل (۳)گھوڑے کے یال۔

فش: (ع)احمق شخص جو جھوٹا افتخار کرتا ہے۔

فِشار: دباؤ، نچوڑنا، کچلنا۔

فِشار آب: پانی کا دباؤ۔

فشار آوردن: دبانا، نچوڑنا، کچلنا، ملنا۔

فشار جوّی: فضا کا دباؤ۔

فشار خوردن: دباؤ پڑنا۔

فشار دادن: دبانا، نچوڑنا، ملنا، دباؤ ڈالنا۔

فشاردن: دبانا، نچوڑنا، ملنا، کچلنا۔

فشارِ فقر: مفلسی کا دباؤ۔

فشارِ مالیات: ٹیکسوں کا دباؤ۔

برای جواب ما فشار می آورند: جواب کے لیے ہم پر دباؤ ڈالا جارہا ہے۔

بھم فشار دادن: ایک دوسرے کو دبانا۔

دستم را فشار داد: اس نے میرے ہاتھ پر دباؤ ڈالا۔

فشار سنج: دباؤ معلوم کرنے کا آلہ۔

فشار نگار: ہوا کے دباؤ کا نشان بتانے والا آلہ۔

فشافاش- فشافش: تیر کے چلنے کی آواز۔

فَشان: گُرز۔

فِشان: فشاندن=بکھیرنا سے فعل امر، بکھیرو، پھیلاؤ۔

فشاندن: افشاندن، بکھیرنا، گرانا، نثار کرنا، روشنی پھیلانا۔

فِشرُدَن: دبانا، نچوڑنا، ملنا، رگڑنا۔

فِشردہ: افشردہ، جسے دبایا گیا ہو، نچوڑا گیا ہو، نچوڑا ہوارس۔

فِشفِشه: آتشبازی کا گولہ جو بہت تیز پرواز کرتا ہوا پھٹتا ہے

فشَل: سست ہو جانا، کاہلی، بد دلی

فَشَم: ندی، نالہ

فِشَنگ: کارتوس

فشنگ ساز: کارتوس بنانے والا

فشنگ سازی: کارتوس بنانے کا کام

فشنگی: کارتوس کی شکل کا

فشو: دندانہ دار آلہ کنگھی کی مانند

فص: (ع)(۱)انگشتری کا نگینہ (۲)کان کی لو (۳)جوز (فصوص جمع)

فصاحَت: (ع) صاف اور شستہ کلام، خوش بیانی، سادہ اور شستہ زبان، مثال:

روزِ بازار فصاحت را رواج از نظم او
صحن گلزار بلاغت را ز شعرش رنگ و بو

کلام میں سادگی اور روانی نے اس کی نظم کی بدولت رواج پایا ہے اور بلاغت کے چمن زار میں رنگ و بو اس کے شعروں کی وجہ سے ہے

فصاد: (ع) فصد، رگ میں سے خون لینا

فصّاد: (ع) رگ میں سے خون لینے والا، رگ زن

فِصال: (ع) بچے کا دودھ چھڑانا، الگ کرنا، علیحدگی

فِصال: (ع) فصیل کی جمع

فِصَح: (ع) نصاریٰ کے نزدیک حضرت عیسیٰ(ع) کا آسمان پر چلے جانا، یہودیوں کی اصطلاح میں مصر سے بنی اسرائیل کا خروج

عید فصح: ایسٹر

فُصَحا: (ع) فصیح کی جمع

فصد: (ع) رگ سے خون لینا، رگ زنی

فصد کردن: رگ میں سے خون لینا

فِصِفِصه: پپیتا کا پودا جس میں پھلیاں لگتی ہیں کئی اور پودوں کے نام جن کی پتیاں سہ گوشہ ہوتی ہیں، سہ گوشہ نقش و نگار، سہ گوشہ وضع یا ترتیب کی چیز

فصل: (۱)باب (۲)رسم (۳)مسئلے کا فیصلہ (۴)جدائی (فصول جمع)

فصل الخطاب: حق اور باطل کے فرق کو ظاہر کرنیوالا

چہار فصل: فصول اربعہ، چار موسم، سردی، گرمی، بہار اور خزاں

فصل کردن: الگ کرنا، جدا کرنا

قطع فصل کردن: مسئلے کا فیصلہ کرنا

فصلی: موسمی، موسم سے متعلق

فُصُوص: فص کی جمع، انگشتریوں کے نگینے

فُصُول: (ع) فصل کی جمع

فصِیح: (ع) خوش بیان، شیریں کلام، صحیح، سادہ اور رواں زبان میں بات کرنے والا، جس کے کلام میں فصاحت ہو

او نُطاق فصیحی بود: وہ خوش بیان مقرر تھا

اونُطقِ فصیحی ایراد کرد: سادہ اور رواں زبان میں اس نے تقریر کی

فصیح البیان: (ع) فصیح، سادہ اور روان زبان میں اپنے خیالات بیان کرنے والا

فصیحانه: فصاحت کے ساتھ

فصیحِه: (ع) فصیح کی مونث، خوش بیان، شیریں کلام خاتون

فصیل: (ع) شہر کے اردگرد کی دیوار، حصار

فصیله: خاندان، فصائل جمع

فُضا: کھلی جگہ، وسیع زمین، زمین کی وسعت، جغرافیہ کی اصطلاع میں کرہ زمین اور ہوایے بسیط کے درمیان کی وسعت

آنہا در فضای لا متناہی دور می زنند:وہ وسیع و عریض کرہ زمین اور ہوائے بسیط کی درمیانی وسعت میں گھومتے گردش کرتے ہیں، دورہ کرتے ہیں

فضاحت:ذلت، بدنامی، رسوائی، شرمندگی

فضاحت کردن:کوئی ایسا کام کرنا جس کا نتیجہ بد نامی اور رسوائی ہو

فضاحت آمیز:شرمناک، ذلیل، ذلت آمیز طور پر

فضا دار:کھلی جگہ، وسیع جگہ جہاں کوئی عمارت وغیرہ نہ ہو

فِضال:(ع) فُضلہ کی جمع،

فُضالہ:باقی ماندہ چیز، پس ماندہ، فضالات جمع

فضایح:(ع) شرمناک اعمال، (جمع فضیحت)

فضائل:(ع) فضیلت کی جمع

فضائی:وسیع فضا سے متعلق، فضائیہ

فضائیات:فضائیہ کی جمع

فضل:(ع) علم و دانش کی برتری، فضیلت، حسن خلق، حسن سیرت، خوبی ، صفت، نوازش، لطف و کرم

ارباب فضل::فضلا، علما

بہ فضل خدا:خدا کے فضل و کرم سے

فُضلات:(ع) فضلہ کی جمع

فضل اللّٰہ:(ع) اللّٰہ کا لطف و کرم

فُضلِہ:(ع)(۱)بچی ہوئی چیز، پس ماندہ چیز، بچا کھچا، باقی ماندہ (۲)نجاست، پلیدی، بول و براز

فضلہ خوار:بچا کھچا کھانے والا، نجاست اور گندگی کھانے والے جانور

فُضُوح:(ع) فضاحت، ذلت، بدنامی، رسوائی

فُضول:(ع)(۱)فضل کی جمع، کثرت، باقی ماندہ چیز، جو چیز بدن سے خارج ہوتی ہے

فضولاً:(ع)، دخل دینا، مداخلت کرنا،

فضولات:فضلات

فضولی:(ع) بیجا اور بے فائدہ کام کرنے والا، جو دوسروں کے کام میں مداخلت کرے

فضولی کردن:مداخلت کرنا

فِضّہ:(ع) چاندی، نقرہ، سیم

فضیح:(ع) بد نام، رسوا، ذلیل

فضیحت:(ع) شرمناک فعل، ذلت، رسوائی

فضیحت آمیز، فضیحت آور:ذلت آمیز

سخنان فضیحت آمیز:ذلت آمیز باتیں

فضیلت:بڑائی، بزرگی، برتری

فضیلت داشتن:برتری حاصل کرنا

قناعت بر دولت فضیلت دارد:قناعت کو دولت پربرتری حاصل ہے

فِطام:(ع) بچے کا دودھ چھڑانا

فطانت:(ع) ذہانت، فراست، دانائی، دانشمندی

فِطر:(ع) روزہ کھولنا

عیدالفطر:عید جو ماہ رمضان کے اختتام پر آتی ہے

صَدَقہ فطر:خیرات جو ماہ رمضان کے اختتام پر دی جاتی ہے

فِطَر:(ع) جمع فطرت

فُطر:(ع) کھمبی

فِطرت:(ع) سرشت، انسان کی طبیعی صفت، آفرینش، قدرت، خلقت، خمیر۔

فطرۃ:(ع) صَدَقہ فطر، فطرانہ

فطرۃً:(ع) قدرتاً، فطری طور پر، پیدائشی

او فطرۃً پست است:وہ فطری طور سے پست ہے

فِطرہ:(ع) فطرانہ ، صدقہ فطر

فِطری:قدرتی، طبیعی

فِطریّہ:فطرانہ ، صدقہ فطر جو ماہ رمضان کے آخری دن

حاجت مندوں کو دیا جاتا ہے

فطم: فطام دیکھیے

فِطَن: (ع) فطانت، ذہانت، فراست، ہوشمندی

فطِن: (ع) ذہین، دانا، با فراست،

فطنت: (ع) فطانت، دانائی، ذہانت، فراست

فطور: (ع) افطار کی غذا، وہ چیزیں جن سے روزہ افطار کیا جاتا ہے

فطیر: (ع)(۱)وہ چیز جو آسانی سے سمجھ میں آ جائے (۲)گوندھا ہوا آٹا جس میں خمیر نہ ڈالا گیا ہو

نان فطیر: فطیری روٹی

عید فطیر: یہودیوں کی فطیری عید، عید فصح

فطیم: (ع) جس بچے کا دودھ چھڑایا گیا ہو

فطین: (ع) فطن، ذہین، بافراست، فہیم، زیرک

فَظّ: سخت، کھردرا، کرخت، نا پسندیدہ، ناگوار، تہذیب کے خلاف

فَظاظت: سختی، خلاف تہذیب طرز عمل، نا پسندیدہ طور طریقے

فظاعت: :بے شرمی، بے حیائی، گھناؤنا پن

فظیع: (ع) وہ چیز جو حد سے زیادہ بری ہو، نفرت انگیز

فعّال: (ع) با عمل، محنتی، سرگرم، مستعد

او مرد فعال است: :وہ بہت محنتی شخص ہے

فعال: (ع) فعل کی جمع، کام، فعل، عمل

فعالیّت: (ع) کام میں مستعدی، سرگرمی کار، جدوجَہد

فِعل: (ع) کام، عمل، کردار (افعال جمع)

بالفعل: در حقیقت

قول و فعلش یکی است: اس کے قول اور کردار ایک سے ہیں، ان میں کسی قسم کا فرق نہیں

فِعلاً: (ع) فی الحقیقت، دراصل، در حقیقت، اس وقت

فعلاً کارِ دیگر نیست: اس وقت کوئی دوسرا کام نہیں

فَعلِگی: محنت، مشقت، مصروفیت کار

فَعلِه: فاعل کی جمع، کارکن، مزدور، محنت کش لوگ، مزدوروں کا عمل

فِعلی: در حقیقت، اس وقت

فغ: بت، صنم، معشوق، دلبر

فُغاک: (۱)احمق، نادان (۲)حرام زادہ

فُغان: نالہ و فریاد

فُغستان: وہ مندر جس میں بت ہوتے ہیں، بتکدہ

فغفور: قدیم چینی بادشاہوں کا لقب

فغفوری: چینی بادشاہوں کے متعلق

فغند: جَست و خیز، رقص، پاے کوبی

فغوارِه: جو بول نہ سکے (کسي تکلیف کے باعث) بت کی مانند، چپ چاپ

فغیاز: عطا و بخشش، ہدیہ، تحفہ، مثال:

بهر طریق که خواهی همیشه مال دهی
به بخشش و به صله، خیر و صدقه و فغیاز

جس طرح بھی تو چاہے لوگوں کو بخشش و عطا سے، نیکی اور صدقہ سے یا ہدیہ وغیرہ سے نوازش کرتا رہ

فُقاح: (ع) شگوفہ

فقاح الکرمة: (ع) انگوروں کا خوشہ

فُقار: (ع) ریڑھ کی ہڈی کا ہر جوڑ (جمع فقرہ)

فقاري: ریڑھ کی ہڈیوں کے جوڑ کے متعلق

فُقاع: (ع) آب جو، پھلوں یا چاولوں سے بنائی ہوئی شراب

فُقاعه: :آبلہ دار، چھالے دار، پھپھولے دار

فُقاعی: فقاع فروش

فَقاہت: (ع) اسلامی فقہ کا علم

فقد: (ع) فقدان

فُقدان:(ع) غیر موجودگی، نہ ہونا، عدم، احتیاج، قلت، محتاجی

سرما فقدان حرارت است:موسم سرما میں حدت نہیں ہوتی

فقدان استقلال:استقلال کا نہ ہونا

فقر:(ع) غربت، مفلسی، تنگ حالی، تنگ دستی، افلاس، درویشی

فشار فقر:افلاس کا دباؤ

فُقَرا:(ع) فقیر کی جمع، مفلس لوگ، تنگ دست لوگ

فِقرات:(ع)فقرہ کی جمع

فقرالدّم:(ع) خون کی کمی

فِقرہ:(ع) ریڑھ کی ہڈی

فقَط:(ع) صرف

فقط چیزی کہ گفت این بود:صرف وہ چیز جس کا اس نے ذکر کیا یہ تھی

فقط خواتین را راہ می دہند:صرف خواتین کو آنے کی اجازت ہے

فقط و فقط:بس یہی، اور کچھ نہیں

فقّہ:(ع) شرعی مسائل کا علم، علم دین، شرعی قانون

فُقَہا:(ع) فقیہ کی جمع، جنھیں شرعی مسائل اور احکام کا علم ہو

فقید:(ع) گم شدہ، غیر موجود

فقید المثال:جس کی مثال نہ ہو

فقید النظیر:(ع) بے نظیر، جس کی کوئی نظیر نہ ہو

فقیر:(ع) غریب، محتاج، تنگ دست، حاجت مند، عاجز، درویش

فقیری دم در است:ایک فقیر دروازے پر ہے

فقیر شدن:مفلس، محتاج ہو جانا

این بندہِ فقیر:یہ عاجز شخص، بندہ ناچیز

فقیرانہ:غریبانہ، محتاجوں کی طرح، عاجزی سے

فقیرہ:مونث فقیر

فُقری:غریبی، مفلسی، محتاجی، درویشی

فقِیہ:(ع) احکام شریعت کا عالم، اسلامی آئین و قوانین کا عالم (فقہا جمع)

فک:(ع)(۱)جبڑا (۲)جدا ہونا یا کرنا، دو باہم ملی ہوئی چیزوں کا جدا ہونا

فک ارتباط:(ع) رابطوں کا کٹ جانا

فک اسفل:(ع) دہن کے نچلے حصے کی ہڈی

فک اضافت:اضافت کی علامت چھوڑ دینا

فکِ اعلی:دہن کے اوپر کے حصے کی ہڈی

فُک:مہر

فکّاک:(۱)واپس لینا، پھر سے حاصل کرنا (۲)فدیہ دے کر رہائی کرانا، آزادی دلانا

فُکاہت:(ع) ہنسی مذاق، شوخی، خوش طبعی

فُکاہی:(ع) مزاحیہ، ہنسی مذاق پر مبنی، شوخی، شوخی نما

روز نامہ فکاہی:مزاحیہ اخبار، جس کے زیادہ تر مضامین ہنسی مذاق سے متعلق ہوتے ہیں

فکاہیات:مزاحیہ کہانیاں، مزاحیہ مضامین (جمع فکاہی)

فِکر:(ع) سوچ، غور، خیال

فکر بِکر:نیا خیال

فکرش را نمی توانم بکنم:میں اس کے متعلق سوچ بھی نہیں سکتا

فکر کردن:سوچنا، غور کرنا

فکری بخاطرم خطور کرد:ایک خیال میرے ذہن میں آیا

بفکر انداختن:کسی کو سوچ میں ڈالنا

بفکر رفتن:غور و فکر کا آغاز کرنا

در فکر کار خود باش: اپنے کام ہی کی طرف توجہ دو

در فکر کسی بودن: کسی کے متعلق سوچنا

ہیچ در فکرم نبود: مجھے اس کے متعلق خیال نہیں تھا

فِکرَت: (ع) سوچ بچار، غور و فکر کی صلاحیت

فِکری: ذہنی، سوچ بچار سے متعلق

فکری شدن: سوچ کا آغاز کرنا

کار فکری: ذہنی کام

فکز: بخاری جس سے دھواں خارج ہوتا

فکسَنی: ٹوٹ پھوٹ، شکست، ریخت، شکستہ حالی، خستہ حالی، زوال، کہنہ، پرانا، خستہ

فُکل: کالر

فکل زدن: کالر پہننا یا لگانا

فکلی: کالر لگائے ہوئے، بھڑک دار مگر محض سطحی لباس پہنے ہوئے، لباس جو جاذب نظر تو ہو لیکن قدر و قیمت کے لحاظ سے معمولی ہو

فُکنَت: (ع) افسوس، پشیمانی

فکور: (ع) گہرے غور و فکر کے قابل

او شخص فکوری است: وہ مفکر یا صاحب فکر شخص ہے، حکیم یا فلسفی ہے

فکوک: جمع فک

فکہ: (ع) فقیروں یتیموں کا دستر خوان، فقیروں کا پیالہ

فکی: (ع) جبڑے سے متعلق، جبڑے کی ہڈی کے متعلق

فکیف: (ع) (۱) پس کس طرح

فَگار: افگار، زخمی، گھائل، پریشان، مجروح، دل افگار، پریشان دل

فِگن: افگن، افگندن، گرانا سے فعل امر، گراؤ، پھیلاؤ

فگندن: افگندن، گرانا، پھیلانا

فگانہ: بچے کی نشو و نما کا مکمل نہ ہونا پیٹ میں حمل گرنا، اسقاط حمل ہونا

فُلّ: (ع) چنبیلی جیسا پھول

فَلات: (ع) وسیع و عریض صحرا ویران اجاڑ جگہ، ریگستان، (فلوات جمع)

فلاح: (ع) نجات، رہائی، رستگاری، اصلاح حال

فلّاح: (ع) کاشتکار، کشاورز، کھیتی باڑی کا کام کرنے والا

فلاحَت: (ع) کاشتکاری، کھیتی باڑی کا کام، زراعت

فلاحت کردن: کاشت کرنا

فلاحتی: زراعت سے متعلق

آلات فلاحتی: کھیتی باڑی سے متعلق آلات

فلاخان، فلاخن: گوپیا جس میں پتھر رکھ کر پھینکتے ہیں، سنگ اندازی کا آلہ

فلاد: بیہودہ، بے فائدہ، عبث

فلاسفہ: فیلسوف کی جمع، فلاسفر، علم حکمت کے ماہر

فلاسنگ: فلاخن، گوپیا جس سے دشمن پر سنگ اندازی کی جاتی ہے

فلاطون: افلاطون، مشہور یونانی فلسفی

فلاکت: بد نصیبی، بد بختی، بد حالی، پریشان حالی، مفلسی، بیچارگی، فلک زدگی

فُلان: شخص غیر معلوم کا اشارہ

می گفت فلاں چیز را برای من بخر: وہ کہتا تھا فلاں چیز (نا معلوم) میرے لیے خریدنا

خیری کن ای فلاں و غنیمت شمار عمر: تم (جسے میں کہنا چاہتا ہوں) نیکی کرو اور زندگی کو غنیمت سمجھو

فلانل: فلینل، فلالین، ایک قسم کا نرم و لطیف کپڑا

فُلانی: فلاں

فلاوَہ: سرگشتہ، سرگردان، حیران، پریشان

فلتات: غلطیاں، قلم کی لغزشیں

فلَج: فلجم، دروازہ بند کرنے کا بولٹ یا زنجیر، قفل

فلج: (ع) فالج

فلج کردن: فالج ہونا

فلغ: (ع) آغاز، ابتدا

فلخُور: بنولے

فلخیدن: کپاس سے بنولے جدا کرنا

فلخیدہ: کپاس جس سے بنولے جدا کر دیے گئے ہوں

فلرز: سامان خور و نوش جو مجلس عروسی سے دسترخوان وغیرہ میں باندھ کر لے جاتے ہیں

فِلزّ: (ع) دھات

آہن فلز مفیدی است: لوہا مفید دھات ہے

شبہ فلز: دھات نما

فن استخراج و قال کردن فلزات: عام دھاتوں کو صاف کرنے کا فن

مبحث فلزات: فلزاتیات، علم فلزات، وہ علم جس میں دھاتوں کی ساخت کا ذکر ہو

فلز آلات: آلات آہنی، دھات کے آلات

فلز شِناس: دھاتوں کے علم کا ماہر، دھاتوں کو صاف کرنے کا ماہر

فلزی: دھات کا بنا ہوا

مسکوکات فلزی: دھات کے سکے

فَلس: دھات کا معمولی قیمت کا سکہ، پول سیاہ، پیسہ وغیرہ (فلوس جمع)

فلَسطین: ملک جو ترکی کے زیر سلطنت اور نگرانی میں کافی عرصہ رہا تھا، فلسطین میں یہودی چوری چھپے انگریزوں کی مدد سے اپنی بستیاں بساتے گئے اب تو وہاں ان کا تسلط ہے

فلسَفہ: (ع) حکمت، مسائل علمیہ میں غور و فکر، علم جو حقائق اشیا اور ان کے وجود کے اسباب پر بحث کرتا ہے

فلسفہ استقرائی: حکمت استخراجی یا استنباطی،

فلسفہ بافی: بناوٹی فلسفہ

فلسفہ صُوریہ: فلسفہ اسمیت، فلسفے کا یہ مسئلہ کہ کلیات یا مجرد تصورات کا فقط نام ہی نام ہے، اور یہ حقیقی وجود نہیں رکھتے

فلسفہ غلط: :سوفسطہ

فلسفہ گفتن: حکمت کے انداز میں بات کرنا، کسی مسئلے کو فلسفیانہ بنانا

فلسفی: فلسفہ سے متعلق، دلائل فلسفی، فلاسفر

فلسفیات: :حکیمانہ یا فلسفیانہ علوم (فلسفی کی جمع)

فلشک: چھوٹا پیالہ، کوزہ کوچک

فِلفل: پلپل: مرچ

فلفل ابیض،و فلفل سفید: سفید مرچ

فلفل دراز: لمبی مرچ

فلفل ترشی: پسی ہوئی سرخ مرچ

فلفل فرنگی، فلفل قرمز: سرخ مرچ

فلفل مبین چہ ریز است بشکن ببین چہ تیز است: یہ مت دیکھ کہ مرچ چھوٹی سی ہے توڑ اور چکھ کر دیکھ کہ یہ کیسی کاٹتی ہے

فلفل دار: جس میں مرچیں ہوں

فلفل دان: مرچوں کا ڈبا

فلفلی: (۱) جس میں مرچیں ہوں (۲) بہت تیز

فَلَق: (۱) سپیدہ، سحر، صبح کی روشنی، چیرنا (۲) درہ، پہاڑ کا شگاف (۳) مخلوق عالم

فلقمونیا: دنبل، پھوڑا، پھنسی، گلٹی

فلقمونیائی: دنبلی، جس کے دنبل یا پھوڑا ہو

فِلقَہ: برگ، بیج، پتی کسی چیز کا نصف، نصف حصہ جو شگاف کرنے سے الگ ہوا ہو، کوئی چیز جسے چیر کر دو حصوں میں تقسیم کر دیا جائے

فلقی: بیج، پتیاں

فلک: آسمان، کرہ آسمانی، فلک سے منسوب، قسمت، مدار

فلک اعظم: سب سے اونچا آسمان

فلک با من چہ بازی کردی: فلک یا قسمت آخر تو نے میرے ساتھ کیا کھیل کھیلا

فلک زدی: آفت، مصیبت، ادبار، بدبختی

فلک قمر: چاند کا مدار

فُلک: (ع) بادبانوں والی کشتی

فلَک: لکڑی جس کے درمیاں میں رسی بندھی ہوتی ہے اورمجرم کے پاؤں میں باندھ کر اسے کوڑے مارے جاتے ہیں

فلک کردن: مجرم کو تلووں پر ڈنڈے مارنے کی سزا دینا

فلک الافلاک: عرش

فلک زدگی: بد بختی، بد نصیبی، فلاکت، بے بسی

فلک زدہ: بد بخت، مصیبت زدہ

فلک وش: آسمان کی طرح، آسمانی، فلکی، سماوی

فلکہ: تکلے کا گھومنا

فلکی: (۱) آسمانی، سماوی (۲) نجومی ستارہ شناس

فلکیات: علم ہئیت، احوال عالم، سر گذشت کائنات، جہاں نگاری

فلماخَن: فلاخن، سنگ انداز گوپیا

فلمنک: ہالینڈ، ڈچ زبان

فلمنکی: ڈچ زبان

فلوات: (ع) فلات، وسیع و عریض ویران جگہ ریگستان

فلوت: (انگ) فلوٹ، منہ سے بجانے کا ساز، بانسری، مرلی، نے

فلوس: تانبے کے چھوٹے سکے (فلس کی جمع)

فلہذا: بنابریں، لہذا

فلہ: گائے یا بھیڑ کے بچہ پیدا ہونے کے بعد کا اولین دودھ

فلیو: فلیوہ، فلاد، بیکار، فضول، بیہودہ

فم: (ع) منہ، دہن، دہانہ

فمی: (ع) دہن سے متعلق

فن: (ع) ہنر، جوہر، علم کی ایک شاخ، طور طریقہ، مکر، چال، فریب

فن خوردن: فریب کھانا

فن زدن: چال چلنا، فریب دینا

فنا: (ع) موت، تباہی، زوال، معدوم ہونا

فنا پذیرفتن، فنا شدن: دنیا سے رخصت ہو جانا

فنا کردن: تباہ کر دینا

دارفنا: فانی دنیا

محکوم بفنا: فنا کے بندے، فانی، فنا ہو جانے والے

فناً: فن کے اصول سے

فنا پذیر: فانی، فنا ہو جانے والا

فنا پذیری: فنا ہو جانا، کالعدم ہو جانا

فنادِق: (ع) فندق کی جمع، کاروانسرائے، مہمان خانہ

فنار: روشنی کا مینار، بحری فانوس

فنّان: (ع) صاحب فن، ہنر مند، نیز بمعنی گورخر

فنانا پذیر: جسے فنا نہیں، غیر فانی، باقی رہنے والی چیز جو ہمیشہ کے لیے کسی کی یادگار رہ جائے

فنا نا پذیری: بقا، جسے فنا نہ ہو

فنج: جسے ہرنیا کا مرض ہو

فنجار: بخار جس میں کپکپی طاری ہو جاتی ہے

فنجان: پیالی چائے کی

فنجان چای خوری: چائے کی پیالی

فنجان قہوہ خوری: قہوے کی پیالی

روزی سہ فنجان چائے: دن میں تین پیالے چائے

فنجان باز: شعبدہ باز

فنجان بازی: پیالوں اور گیندوں سے کھیل کا مظاہرہ

فنجانی: پیالی کی طرح

فنجیدن: جمائی اور انگڑائی لینا

فند: (۱) ہوشیاری، چالاکی، کاریگری، حیلہ، دروغ، جھوٹ

فندق: کاروانسرائے، مہمان خانہ، فنادق جمع

فُندُق: : ایک مشہور میوہ جو اخروٹ سے قدرے چھوٹا ہوتا ہے اس کا مغز اخروٹ اور بادام کی طرح کھاتے ہیں،

فندق شکن: فندق کی گٹھلی توڑنے والا

فندک: چقماق، جس میں آگ کی خاصیت ہوتی ہے

فندول: لٹکن، لنگر، شاقول، رقاصۂ ساعت، پنڈولم

فنَر: سپرنگ، کمانی

شاہ فنر: بڑا سپرنگ

فنر ساعت: گھڑی کی کمانی

فنری: جس میں کمانی ہو، جس میں لچک ہو

پولک فنری: کمانیوں کو صاف کرنیوالا

ترازوی فنری: کمانی دار ترازو

خاصیت فنری: جس میں لچک کی خاصیت ہو

فنک: ایک صحرای جانور جو لومڑ سے چھوٹا ہوتا ہے، اس کی کھال سے لباس کا استر بناتے ہیں یا پوستن بناتے ہیں

فنَک: فوجی پریڈ کی اصطلاح مثلاً:

پیش فنک: اسلحہ سامنے رکھو

دوش فنک: اسلحہ کندھے پر رکھو

فنگ: بیچارہ، درماندہ

فنن: درخت کی شاخ

فَنُو: مغرور، متکبر، فریفتہ

فُنُودن: غرور کرنا، آرام کرنا، توقف کرنا

فنودہ: مغرور، فریفتہ

فنور: جدائی، کہیں دور ہو جانا

فنون: (ع) فن کی جمع

فنی: فن سے متعلق

اصطلاحات فنی: فن سے متعلق، اصطلاحات

فنیکہ: اہل فنشیا، فنشیا کے رہنے والے

فنیکی: فنشیا کا باشندہ

فوات: (ع) وقت کا گزر جانا، فوت ہو جانا

موت الفوات: اچانک موت آنا

فواتِح: (ع) فاتحہ کی جمع، دیکھیے فاتحہ

فواحِش: (ع) فاحشہ کی جمع، بد کار عورتیں

فواد: (ع) دل، قلب

فوادی: (ع) قلبی

فوارہ: (ع) چشمہ، وہ جگہ جہاں سے پانی ابھر کر نکلے

فوارہ چو بلند شود سرنگوں شود: فوارہ ابھر کر بلند ہوتا ہے تو آخر وہ (قطرہ قطرہ کی صورت میں) نیچے آ گرتا ہے

فواصِل: (ع) فاصلہ کی جمع

فواق: (ع) (۱) ہچکی، سکسکہ (۲) آخری سانس موت کی تکلیف، سوہان روح

فواق کردن: ہانپنا، سانس پھول جانا، دم دے دینا

فواکہ: (ع) فاکہہ کی جمع، پھل، خشک میوہ

فوائد:(ع) فواید، فائده کی جمع، فائدے

سفر فوائد بسیاردارد:سفر کے بہت فائدے ہوتے ہیں

وزارت فوائد عامه:عوام کے فلاح و بہبود کے کاموں کی وزارت

فوت:موت، نیست و نابود، معدوم، دنیا سے رخصت ہونا، مرگ، ضائع

فوت کردن:دنیا سے رخصت ہونا

فرصت را چرافوت کردید:فرصت کو تم نے ضائع کیوں کیا

وقت فوت شد:آخری وقت آ گیا

فُوت:پھونک

فُوت کردن:پھونکنا، سانس پھونکنا

توی چشمش فوت کرد:اس نے اس کی آنکھوں میں پھونکا

فوت کاسه گری:ہنر، کام کرنے کا سلیقہ، پیالے بنانے کا ہنر

فُوت:فٹ (انگریزی) پاؤں

فوتبال:فٹ بال، توپ بازی

فُوت فوتک:بچوں کی سیٹی، سادہ سی بانسری

فُوتک:بانسری، نے

فُوتُوی:کرسی جس کے بازو ہوں، آرام کرسی

فُوته:تولیا، رومال

فَوتی:امتداد زمانہ، وقت کا گزرنا

فوج:لشکر، سپاہ، جماعت، گروہ

فوج فوج:ہجوم

مرد ماں فوج فوج آمدند:لوگ ہجوم کی صورت میں آئے

فوجدار:کمانڈر، فوج کے ایک حصے کا کمانڈر

فوجی:فوج سے متعلق

فور:جلدی، سُرعت

علی الفور:جلدی، فوراً

فوراً:بہت جلد، اسی وقت

فوراً به طبیب مراجعه کنید:بہت جلد ڈاکٹر سے رجوع کریں

فَوَران:جوش، ابال، جوشیلاپن، آپے سے باہر ہونا

فورانی:پھوٹ نکلنے والا ابلنے والا

فوردگان:آبا ماہ کا آخری دن جب زرتشی جشن مناتے ہیں

فورمول:فارمولا (انگ)

فوری:بہت جلد، فوراً، نہایت ضروری

اقدام فوری بعمل آورید:فوراً ہی کوئی اقدام کرو

فوریه:ضروری

فوریت: فوری، فوراً

فَوز:(ع)(۱)فتح، کامیابی، ظفر مندی (۲)رہائی، نجات، رستگاری

فوزان:فریاد و فغاں کی بلند آواز

فوسفور:فاسفورس

فُوطه:فوتہ

فُوفل:سپاری، چھالیا

درخت فوفل:چھالیا کا درخت

فَوق:(ع) اوپر کا حصہ، چوٹی، بالا، اوپر

فوق طبیعت:جو فطری قوتوں سے بالاتر قدرت کا نتیجہ ہو اور علت و معلول کے کاموں سے آزاد ہو، فوق الفطرۃ

مبالغ مذکورہ در فوق: مذکورہ بالا رقم

مذکورہ در فوق: مذکورہ بالا

فوقاً: (ع) اوپر، بالا

بطور یکہ فوقاً گفتہ شد: جیسا کہ اوپر ذکر آیا ہے

فوق التصوّر: (ع) تصور سے بالا، جو بات تصور میں نہ آسکے

فوق الجِلد: (ع) جلد کا بالائی حصہ

فوق الجلدی: (ع) جلد کے بالائی حصے کے متعلق

فوق الحد: (ع) حد سے بالاتر

فوق الطاقت: (ع) جسے برداشت کرنا بس میں نہ ہو

فوق العادِہ: (ع) غیر معمولی، معمول سے زیادہ

خرج فوق العادۃ: غیر معمولی خرج

فوق المامول: (ع) امید سے بالا

فوق المِعدہ: (ع) شکم کا وہ حصہ جو معدے سے بالکل ملا ہوتا ہے اور اس کے اوپر ہوتا ہے

فوقانی: (ع) اوپر کا

طبقہ فوقانی: اوپر کی منزل، بالائی منزل

فوقی: (ع) بالائی حصہ

فُول: (ع) باقلہ، لوبیا

فُولاد: پولاد، ایک اعلی قسم کا لوہا، بہت سخت، بہت کڑا اور مضبوط لوہا

فُوم: گندم، چنا

فونو گرافی: (انگ) اصول ضبط صوت

فہ: (۱) جو شخص بات کرنے میں درماندہ ہو، ٹھیک طرح بات نہ کر سکے

فہارِس: (ع) فہرست کی جمع

فہام: فہیم، بہت ذہین، زیرک، دانشمند

فہامت: سمجھنا، معلوم کرنا

فہامِہ: بہت دانشمند

فہانِہ: فانہ، زنجیر، پھانا، پھانا نما چیز

فہد: (ع) چیتا، پلنگ

فِہرس، فہرست: (ع) وہ ورق جس میں موضوعات اور صفحات درج ہوں

فہرست کتب: کتابوں کے نام

فہرست کتب مربوط: کتابیات، کتابوں کے مضمون اور مختلف نسخوں وغیرہ کی فہرست

فہرست کردن: چیزوں وغیرہ کی علی الترتیب تفصیل

فہرست مندرجات: مندرجہ چیزوں کے ناموں کی فہرست

فہرست مَوجودی: اشیاے مندرجہ کی فہرست

فہرست مُدوّن: حروف تہجی کے حساب سے بنائی گئی فہرست

فَہل: (ع) فراخ، کشادہ

فہم: (ع) سمجھ، دانائی، عقل

فہم کردن: سمجھنا، ادراک کرنا، ذہن یا تصورمیں لانا

با فہم: فہیم، دانا، ذہین

فُہَما: (ع) جمع فہیم

فہماندن، فہمانیدن: سمجھانا، ہدایت کرنا، فصاحت کرنا، تعلیم دینا، دل نشین کر دینا

آیا مقاصد خودرا بفارسی صحیح بفہمانید: کیا تم اپنے مقاصد کو صحیح فارسی میں واضح کر سکتے ہو

نتوانست آن مطلب را بمن بہفماند: وہ اپنی بات مجھ پر واضح نہ کر سکا

فہم دار: فہیم، سمجھدار، دانا، عاقل

فہمیدگی: ذہانت، سمجھ، شعور

فہمیدن: سمجھنا، ادراک کرنا، تصور میں لانا

فہمیدہ: (۱) عقل مند، دانا، عاقل، ذہین (۲) سمجھا ہوا

او آدم فہمیدہ است: وہ دانا شخص ہے

فہیم: (ع) با فہم، ذہین، عاقل، دانا، فرزانہ، دانشمند

فہیمی: ذہانت، سمجھ، ذکاوت، فہم

فی: (ع) در، درون، میں، دوران، ظرف زمان و مکان

فی امان اللہ: کلمہ رخصت، خدا حافظ

فی پنجم ماہ رمضان: ماہ رمضان کی پانچ تاریخ کے دوران

فی سبیل اللہ: خدا کی راہ میں

فی مابَین: درمیان

پنج جلد کتاب فی یک صد روپیہ: پانچ کتابیں جن میں سے ہر ایک کی قیمت ایک سو روپے ہے

پنج فی صد: سو میں سے پانچ

فِیار: شغل، کام، پیشہ

فیّاض: (ع) سخی، عالی ہمت، کشادہ دل، کشادہ دست، فیض رساں، کریم، کریم النفس

فیاض مطلق: اللہ تعالی کی صفت

فَیال: آغاز، ابتدا

فی البدیہہ: غور و تامل کیے بغیر

فی الجُملہ: مختصر یہ کہ

فی الحال: اس وقت

فی الحقیقت: در حقیقت، در اصل، حقیقت یہ کہ

فی الفور: جلدی، فوراً

فی المثل: مثلاً، مثال کے طور پر

فی المجلس: مجلس میں، اسی وقت

فی نفسِہ: اپنی ذات سے

فی الواقع: واقعاً، در حقیقت

فیثا غورث: یونانی فلسفی، علم ہندسہ کا بانی سمجھا جاتا ہے (۵۲۹ - ۵۸۲ ق م)

فیثا غورثی: فیثا غورث سے منسوب

فیا وار: شغل، کام، پیشہ

فِیح: خوشبو سونگھنا

فیر: شوخی، تمسخر، استہزا،

فیروز: فاتح، ظفر مند، منصور، کامیاب، موفق

فیروز شدن: فتح حاصل کرنا، کامیاب ہونا

فیروز بخت: خوش نصیب، خوش بخت

فیروزج: (ع) فیروزہ، ایک قسم کا آسمانی رنگ کا جواہر

فیروز روز: خوش بخت، جس کی زندگی خوشحالی میں گزرے

فیروز کوہ: تہران کے شمال مشرق میں ایک پہاڑ کا نام

فیروز مند: فاتح، کامیاب، کامران

فیروز مندی: فتح، کامیابی، کامرانی

فیروزہ: ایک قسم کا آسمانی رنگ کا قیمتی جواہر جسے انگشتری میں نصب کیا جاتا ہے، یہ جواہر خوش قسمتی کی علامت سمجھا جاتا ہے

فیروزہ رنگ: فیروزی رنگ کا

فیروزی: فیروزمندی، فتح مندی، فتح و ظفر، کامیابی، کامرانی، خوش بختی

فیریدن: ٹہلنا، نازو انداز سے چلنا، کبر و ناز سے چلنا، (۲) تمسخر کرنا

فیرندہ: نازو ادا سے چلنے والا، تکبر سے چلنے والا

فیزیک: فزکس، علم طبیعیات

فیس: (۱) پھولنا (غرور سے) (۲) مایہ فخر، غرور (۳) ڈینگ، شیخی، فیس کردن، فخر و ناز سے پھولنا

فیسا: طاؤس، مور

فیش: سن سن، زن زن، سائیں سائیں کی آواز

فیش کردن: سن سن کی سی آواز پیدا کرنا

فیش فیشک – فیش فشہ: راکٹ

فیصل: ثالثی، فیصلہ پنچائتی فیصلہ، وہ فیصلہ جو بذریعہ حَکَم ہوا ہو

فیصل دادن: فیصلہ کرنا

فیصلہ: تصفیہ، انصاف

فیصلی: ثالث، جج، منصف، حَکَم

فیض: فیاضی، سخاوت، عطیہ، بخشش، بھلائی، فیوض جمع

فیضِ حق: اللہ تعالی کی بخشش

فیض رسان: بخشش کرنے والا

فیض کردن: بخشش کرنا، بھلائی کرنا

از ویمن فیض رسید: اس کے ذریعے میرے لیے بہتری ہوئی

فیض اللہ: اللہ تعالیٰ کا کرم

فیضان: فیض، کثرت، پانی کا فراواں ہونا، لبریز ہو جانا

فیض بخش: فیض رسان، بخشش کرنے والا، سخاوت کرنے والا، سخی، فیاض، بادل کو بھی فیض رسان کہ دیتے ہیں

فیل: پیل، ہاتھی

فیل دریائی: والرس، دریائی گھوڑا

کار حضرت فیل: نہایت دشوار کام

فیلبان: ہاتھی چلانے والا، مہاوت

فَیلسوف: یونانی سے ماخوذ، حکیم، فلفسی، فرزانہ، حکمت دوست

فیل ماهی: والرس جسے دریائی گھوڑا بھی کہتے ہیں

فیل مرغ: بُو قلمون، رنگ برنگ، طرح طرح کا

فیل و فنجان: دو غیر متناسب یا غیر مربوط چیزیں

فیلی: ہاتھی جیسا، ہاتھی کے طور طریقوں والا

فیلی: ایرانی موسیقی کی ایک سر

فیما: (ع) درچیز یک، جس چیز میں

فیما بَین: (ع) مابین، درمیان

فَین: جس کی ناک سے سنک بہتی ہو، رینٹھ

فَین فینی: ناک کی سنک کی وجہ سے سانس کا بھی مشکل سے آنا، جس کی ناک سے سنک بہتی ہو

فینہ: ترکی ٹوپی

فُیُوض: فیض کی جمع

فیہ: اس میں

فیہا: اس (خاتون) میں

ق

ق: فارسی ابجد کا چوبیسواں حرف، عربی کا اکیسواں اردو کا ستائیواں ابجد کے حساب سے اس کے ۱۰۰ عدد ہیں۔

قا آن: ایران کے مغول بادشاہوں کا شاہی لقب، خاقان

قاآنی: ایک ایرانی شاعر میرزا حبیب المتخلص بہ قاآنی (۱۸۰۷-۱۸۵۴ء)

قاب: طباق، تھال، ایک قسم کی چینی کی بڑی پلیٹ،

تصویر کا چوکھٹا، فریم
قابِ ساعت: گھڑی کا خول
قاب عکس: تصویر کا فریم
قاب عینک: عینک کا خول
قاب کردن: فریم بنانا
عکس را قاب کردن: تصویر کا فریم بنانا، چوکھٹا بنانا
قاب: ٹخنے کی ہڈی
قابِ قمر بازی: ایک قسم کا کھیل جو ہڈیوں کے مہروں سے کھیلا جاتا ہے (جوئے کے طور پر)
قاب: فاصلہ، مقدار، اندازہ، کمان کا نصف حصہ
قابِ قوسین: دو کمانوں کے درمیان کا فاصلہ، کنایۃً قرب و نزدیکی
قاب ساز: فریم یا چوکھٹے بنانے والا
قابِض: (ع) (۱) قبض کرنے والا، سکیڑنے والا، پختہ تیز، شدید (۲) خشک، عبوس، روکنے والا (۳) قبضہ کرنے والا، پکڑنے والا، لے لینے والا (قابضات جمع)
دوای قابض: قبض کرنے والی دوا
قابض الارواح: روح لے لینے والا، ملک الموت، موت کا فرشتہ، حضرت عزرائیل
قابضیّت: سختی، قبض
قابِل: (ع) لائق، ہوشیار، تجربہ کار، اہل، عالم، فاضل
قابل اِتّساع: بڑھنے اور پھیلنے کے لائق، وسعت پذیر ہونے کی صلاحیت
قابل اِجرا: جس پر عمل درآمد ہو سکے
قابل اِرتِعاش: جو مرتعش ہو سکے، تھرتھرانے والا
قابلِ اِزدواج: شادی کے لائق
قابل استفادہ: جس سے فائدہ ہو سکے، مفید
قابلِ اِشتِعال: جسے بھڑکایا جا سکے
قابل استِیناف: قابلِ اپیل
قابل اعتراض: جس پر کسی قسم کا اعتراض ہوتا ہو
قابل اکل: کھانے کے قابل
قابلِ اِمتزاج: جسے ملایا جا سکے، جس سے میل جول ہو سکے
قابل اِمکان: ممکن، جو ہو سکے۔
قابل اِنتِفاع: جس سے نفع یا فائدہ حاصل ہوسکے۔
قابل اِنتِقال: جسے تبدیل کیا جاسکے۔
قابل اِنحِلال: جو حل ہوسکے۔
قابل اِنطِراق: لوچدار، اثر پذیر، تشکیل پذیر۔
قابل اِنعِکاس: جو عکس پذیر ہوسکے، جس کا عکس لیا جا سکے۔
قابلِ انفجار: بھک سے اڑ جانے والا۔
قابل اهتزاز: اہتزاز پذیر، ارتعاش پذیر، جھولنے یا تھر تھرانے والا۔
قابل بحث: جس پر مذاکرہ ہوسکے، جس پر تبادلہ خیال ہوسکے۔
قابل پرداخت-قابل تادیہ: واجب الادا، قابل ادا، جو ادا ہوسکے۔
قابل تبدیل: جو بدلا جاسکے۔
قابل تحسِین: قابل تعریف، قابل ستائش۔
قابل تحمّل: جسے برداشت کیا جاسکے۔
قابل تحوِیل: تحویل پذیر، جسے کسی کے حوالے کیا جا سکے۔
قابل تخفیف: جس میں کمی کی جاسکے۔

قابل تراکم: جسے دبایا جاسکے، جسے بھینچا جاسکے۔

قابل تردید: جو رد کرنے کے لائق ہو۔

قابل تصوّر: جو تصور یا خیال میں آسکے۔

قابل تعدیل: جس میں مطابقت پیدا کی جاسکے، جسے ترتیب دیا جاسکے، جس میں توازن پیدا کیا جاسکے۔

قابل تعقیب: سراغ پذیر، جسکا سراغ لگایا جاسکے۔

قابل تقدیر: قابل قدر، پسندیدہ، عمدہ۔

قابل تقریظ: قابل تعریف، پسندیدہ۔

قابل تکذیب: جس کی تردید ہوسکے۔

قابل تنفّس: جس میں سانس لے سکیں۔

قابل توبیخ: جسے ملامت کی جائے، سرزنش کرنے کے لائق۔

قابل توجّہ: جس پر غور کرنا چاہیے۔

قابلِ حس: جو محسوس ہوسکے۔

قابل حُصول: جو حاصل ہوسکے، جس کا حاصل ہونا ممکن ہو۔

قابل ذکر: جس کا ذکر ہونا چاہیے، لائق تعریف۔

قابل ذُوب: پگھلنے کے قابل

قابل زرع: جہاں کھیتی باڑی ہوسکے۔

قابل سکن: سکونت کے لائق، جہاں قیام کیا جاسکے۔

قابل شُرب: جسے پیا جا سکے۔

قابل صرف: جسے خرچ یا استعمال کیا جاسکے، تصریف پذیر۔

قابل عبور: جہاں سے پار اترا جاسکے۔

قابل فُروش: فروخت کے قابل۔

قابل فہم: جو سمجھ میں آسکے۔

قابل قبول: قبول کرنے کے قابل، جسے قبول کیا جاسکے، جس کی مقبولیت ہو۔

قابل معاشرت: جس میں ملنساری ہو جو صحبت پسند ہو۔

قابل ملاحِظہ: غور کرنے کے قابل۔

قابل نفوذ: جسے نافذ کیا جاسکے، جو رائج ہوسکے۔

قابل نقض: جسے منسوخ کیا جاسکے۔

قابل هضم: سہل الهضم، جو آسانی سے ہضم ہو جائے۔

قابل هیچ گونه تغییرنیست: کسی قسم کی بھی تبدیلی کے لائق نہیں، اس میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں ہو سکتی۔

قابِلگی: دایہ کا کام۔

قابلگی کردن: دایہ کا کام کرنا۔

علم قابلگی: دایہ کے کام کا عمل جاننا۔

مُتخصّص علم قابلگی: دایہ گیری کے علم میں مہارت رکھنے والی۔

قابَلمَه : (ت)خوراک کا بڑا برتن یا جس میں کوئی چیز پکاتے ہیں۔

قابِله: (ع)دایہ۔

قابِله: وصول کرنے والا۔

قابلیت: لیاقت، استطاعت، موزونیت، اہلیت، کارگزاری، صلاحیت۔

قابُوس: طبرستان کے حکمران و شمگیر کابیٹا، خوبرو۔

قابیل: حضرت آدم کے بیٹے کا نام جو ہابیل کا بھائی تھا، ہابیل اسی کے ہاتھوں مارا گیا۔

قاپ: قاب۔

قاپ: قاپیدن دیکھیے۔

قاپ زدن: قاپیدن دیکھیے۔

قاپلامه: قابلہ، دایہ۔

قاپُو: (ت) دروازہ، در، بڑا دروازہ، پھاٹک۔

قاپوچی: (ت) دربان، دروازے کا محافظ۔

قاپیدن: چھین لینا، پکڑ لینا، ہتیا لینا، چرالینا۔

قات: خطرے سے محفوظ، گریز، تنہائی، رہائی۔

قاتِر: قاطر، خچر۔

قاتِق: کوئی چیز جو روٹی کے ساتھ کھائی جائے مثلاً دہی، پنیر وغیرہ۔

قاتِل: (ع) قتل کرنے والا۔

قاتل رابه دار آو یختند: قتل کے مجرم کو تختہ دار پر لٹکا دیا گیا۔

قاتلِ نفس: خودکشی کرنے والا

قاتِمه: (۱) معمولی درجے کا کھردرا اونی دھاگا (۲) بوری، تھیلا بننے والا سیبا۔

قاتولیک: کیتھولک، عیسائیوں کا ایک مسلک۔

قاتولیکون: کیتھولک مسلک کے پیرو۔

قاتی-غاتی-غاطی: (ت) ملا ہوا، آمیختہ۔

قاتی کردن: ملانا، آمیختہ کرنا۔

قاتی پاتی-قاتی واتی: مختلف النوع چیزوں کا مجموعہ۔

قاج: قاش خربوزے وغیرہ کا ٹکڑا۔

قاجار: (ت) ترک قبیلے کا نام جس نے ایران میں قاجاری حکومت قائم کی۔

قاجارِیه: (ت) قاچارخاندان کی حکومت جو آغا محمد خان قاچار نے ۱۷۷۹ء میں قائم کی، جسے پہلوی خاندان نے ۱۹۲۵ء میں ختم کیا۔

قاچاق: (ت) ممنوعہ تجارت، سملنگ۔

اجناس قاچاق: جو چیزیں سمگل کرنے کے لیے لائی گئی ہوں۔

قاچاق کردن: سمگل کرنا، خفیہ طور سے ممنوعہ چیزیں لانا۔

غالباً بطور قاچاق جنس وارد می کرد: غالباً وہ خفیہ طور سے ممنوعہ چیز لاتا تھا۔

قاچاقچی: سمگلر، خفیہ طور پر ممنوعہ تجارت درآمد یا برآمد کرنے والا۔

قاچاقی: (ت) خفیہ طور کی ممنوعہ تجارت، سمگلنگ۔

قادات: (ت) قائد کی جمع الجمع۔

قادِح: (ع) الزام لگانے والا، بد زبان، عیب جو۔

قادِر: (ت) قدرت والا، صفاتی نام اللہ تعالی، زور آور، توانا۔

قادر بودن: کسی کام کے کرنے کی قدرت رکھنا، صلاحیت رکھنا۔

قادر مطلق: قادر علی الا طلاق، سب کائنات پر قدرت رکھنے والا، خداوند تعالی۔

قادِس: (ت) (۱) جہاز، (۲) قادز یا قدیز، ہسپانیہ کا ایک شہر۔

قادِسِیّه: (ع) ایک شہر جہاں عربوں اور ایرانیوں کی فیصلہ کن جنگ ہوئی تھی۔

قادِم: (ع) (۱) آنا، پہنچنا (۲) آنے والا، مسافر جو سفر سے واپس آگیا ہو۔

قاذورات: (ع) قاذورہ کی جمع، برے کام، فاحش گناہ، کارہای زشت۔

جزو قاذورات بودن: برے کاموں میں آلودہ ہونا، بیکار ہونا۔

قاذوره: (ع) گناہ فاحش۔

قار:(ع)مادہ جو مٹی کے تیل سے نکلتا ہے، تارکول، رال، قیر۔

قارب:(ع)کشتی، قوارب جمع۔

قارپُوز:ہندوانہ، تربوز۔

قارت و قُورت:بھاگ دوڑ، شور و غل، چیخ و پکار، ہنگامہ، بہت ہل چل، اضطراری حرکات، گھبرا دینا، پریشان کردینا۔

قارچ:(ت)کھمبی، سماروغ، فطر، ککر متا، کھمبی کی وہ اقسام جو کھائی جاتی ہیں، ایسی چیزیں جو زمین میں دفعتہً پیدا ہو جائیں۔

قارچ کش:سماروغ یا کھمبی کو ضائع کردینے والا مادہ۔

قارچی:کھمبی سے متعلق۔

قارِش مِیش:درہم برہم۔

قارِعَہ:(ع)(۱)مصیبت (۲)قیامت۔

قار قار-قارغار:کائیں کائیں کی آواز۔

کلاغ قارقار می کند:کوا کائیں کائیں کرتا ہے۔

قار قاول:تیتر، دراج۔

قارِن:شاہنامہ فردوسی کا ایک سورما، عالی ہمت، مرد میدان۔

قارورِہ:پیشاب۔

قارون:ایک بہت بڑے دولتمند بخیل کا نام جو حضرت موسیٰ(ع) کی بددعا سے مع اپنے خزانوں کے زمین میں دھنس گیا۔

قارونی:قارون سے متعلق، قارون جیسا۔

دولت قارونی:بہت زیادہ دولت۔

قارِہ:(ع)براعظم، قطعہ۔

قارہ ای:براعظم سے متعلق۔

قاری:(ع)پڑھنے والا، قرات کے ساتھ قرآن شریف پڑھنے والا، قارئین جمع۔

قارئین:(ع)پڑھنے والے۔

قاز۔غاز:مشہور پرندہ ہنس جس کی ٹانگیں لمبی ہوتی ہیں۔

قازا یاغی-قازیاغی:ایک قسم کا پودا جس کے پتے ہنس کے پاؤں جیسے ہوتے ہیں۔

قاز چران:ہنسوں کا نگہبان۔

قاز غان-قزغان:دیگ جس میں چاول پکائے جاتے ہیں۔

قازیاغی:دیکھیے قازا یاغی۔

قاس:(ع)اندازہ۔

قاسِط:(ع)جابر، ستمگار، ظالم، راہ حق سے منحرف۔

قاسِم:(ع)تقسیم کرنے والا، حضرت امام حسین(رض) کے فرزند کا نام۔

قاسمُ الارزاق:(ع)رزق تقسیم کرنے والا، خداوند تعالی۔

قاسم الصَدر:(ع)غشاے وسطی، ایک جھلی جو پھیپھڑوں کے درمیان ہوتی ہے۔

قاسی:(ع)سخت، سخت دل، سنگدل بے رحم۔

قاش:(ت)ٹکڑا، کٹا ہوا، خربُوزے وغیرہ کا ٹکڑا۔

قاش خوردن:کٹا ہوا ٹکڑا کھانا۔

قاش زین:گھوڑے کی کاٹھی کا اوپر کو اٹھا ہوا حصہ۔

قاش کردن:کاٹ کر ٹکڑے کرنا۔

قاش:ترکی میں اس کا معنی ابرو ہے۔

قاشُق:(ع)چمچہ۔

قاش قاش:کٹے ہوئے ٹکڑے، ٹکڑے ٹکڑے۔

قاشُقک:(ع)سخت لکڑی یا ہاتھی دانت کے بنے ہوئے آلات جو ناچتے وقت بجانے کے کام آتے ہیں،چوبی جھانجھ، چوبی مجیرے۔

قاشقی:(ت)چمچہ نما۔

قاص:(ع)قصہ گو، کہانی یا بیان نقل کرنے والا، ناقل۔

قاصد: (ع)پیغام لانے لے جانے والا، ایلچی، ڈاکیا۔

کاغذ را بو سیله قاصد فرستاد: خط اس نے قاصد کے ذریعے بھیجا۔

قاصدی: پیغام لانے لے جانے کا کام۔

قاصر: (ع)کوتاہی کرنے والا، مجبور، معذور، بے بس۔

قاصر آمدن: فرض کو ادا کرنے میں ناکام ہونا۔

از انجام آن کار قاصر آمد: اس کام کو انجام دینے میں وہ ناکام رہ۔

عقل انسانی از درک آن قاصر است: انسانی عقل اسے سمجھنے میں بے بس ہے۔

قاصر البیان: (ع)جو بیان میں وضاحت نہ کرسکے۔

قاصره: (ع)قاصر کی مونث۔

قاصرالید: (ع)چھوٹے ہاتھ والا، کمزور۔

قاصی: (ع)دور، بہت زیادہ فاصلے پر۔

قاصیه: قاصی کی مونث۔

قاضی: شریعت کی رو سے فیصلہ دینے والا، جج، منصف۔

قاضی عسکر: فوج کا ازروئے شریعت فیصلہ دینے والا۔

قاضی الحاجات: (ع)تمام حاجتیں برلانے والا۔

قاضی چرخ: قاضی فلک، ستارہ مشتری۔

قاضی القُضات: قاضیوں میں سے بڑا قاضی۔

قاضی گری: شرعی عدالت کے قاضی کا منصب، شریعت کی رو سے فیصلہ دینا۔

قاطبه: (ع)سارا، سب کا سب، تمام۔

قاطبۂ اسلام: امت مسلمہ۔

قاطبةً: عموماً، اکثر۔

قاطِر: (ت)خچر، استر۔

قاطرِ باری: خچر جس پر بوجھ لادا جائے۔

قاطر: درخت کی گوند یا شیرہ جو قطرہ قطرہ گرتا ہے۔

قاطر چی: (ت)خچر رکھنے والا۔

قاطع: (ع)قطع کرنے والا، یقینی، بلا تردید، تصفیہ کن، قطعی۔

او جواب قاطع نداد: اس نے قطعی جواب نہیں دیا۔

برهان قاطع: فیصلہ کن دلیل، ایک فارسی لغت کانام جس کا مصنف محمد حسین المتخلص بہ برہان ہے۔

قاطعُ الطریق: (ع)عام راہوں پر لوٹنے والا ڈاکو، رہزن۔

قاطِعیّت: (ع)قطعی، قطعیت، یقینی، جس بات کی تردید نہ ہوسکے۔

قاطِن: (ع)ساکن، باشندہ، باشی۔

قاط و قوط: پرندوں کا شور، کٹ کٹ۔

قاطی: (ع)قاتی، ملا ہوا، آمیختہ۔

قاطی پاطی شدن: مخلوط ہونا۔

قاع: (ع)میدان، ہموار، خطہ، دشت، اقواع جمع۔

قاعَت: (ع)گھر کی کشادگی، وسعت۔

قاعِد: (ع)بے حس و حرکت بیٹھا ہوا، کاہل شخص۔

قاعِدگی: (ع)حیض کا جاری ہونا۔

قاعده: (ع)رسم، دستور، روش، طرز عمل، طریقہ، بنیاد، اساس (قواعد جمع)۔

قاعده حل این مسُله چیست؟: اس مسئلے کے حل کا طریقہ کیا ہے؟۔

قاعده شدن: دستور بن جانا۔

قاعده کلی: عام اصول، ہمہ گیر اصول۔

قاعده مختصر: فارمولا۔

برحسب قاعده-مطابق قاعده: دستور کے مطابق۔

قواعدِ دستوری: صرف و نحو کے اصول۔

قاعِدۃً: اصولاً، اصولی طور پر۔

قاف: ایک افسانوی پہاڑ جس کے متعلق یقین کیا جاتا ہے کہ ساری دنیا کو گھیرے ہوئے ہے، کوہ قاف۔

قاف- تاقاف: دنیا کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک۔

قافِلہ: (ع)کاروان، مسافروں کی جمعیت (قوافل جمع)۔

قافلہ سالار: کاروان کا قائد۔

قافِیہ: (ع)وہ ہم وزن الفاظ جو ہر شعر کے آخر میں اور ردیف سے پہلے آئیں ہم قافیہ کہلاتے ہیں (قوافی جمع)۔

قافیہ تنگ شد: لاجواب ہوگیا، عاجزو مجبور ہو گیا، ششدر ہو گیا۔

قافیہ پرداز: شاعر۔

قافیہ ساز: شاعر۔

قافیہ سازی: محض قافیہ پردازی۔

قافیہ سنج: شاعر جو قافیہ کے استعمال سے آگاہ ہو۔

قافیہ سنجی: قافیہ کے استعمال سے آگاہ ہونا۔

قاق: (ع) (۱)بلند قد دُبلا شخص (۲)خشک (۳)کسی کھیل کا آخری کھلاڑی۔

قاقلہ: (ع)الائچی۔

قاقُم: (ع)نیولے کی قسم کا جانور جس کی کھال بہت قیمتی ہوتی ہے اس سے پوستین تیار کرتے ہیں، اس پوستین کو بھی قاقم کہتے ہیں۔

قاقنج: کاکنج، موسم سرما کی چیری (پھل)۔

قال: (ع)اس نے کہا، گفتگو۔

قال قال: گفتگو، بحث۔

قال کردن-قال وقیل کردن: گفتگو کرنا، شور مچانا۔

قال: (ع)صفائی، پاکیزگی، تنقیہ، تجزیہ، تطہیر۔

قال کردن: صاف کرنا۔

طلا را باید قال کرد: چاہیے کہ سونے کو صاف کیا جائے۔

قالِب: (ع)سانچہ، جسم، بدن، ماڈل، فریم، نمونہ، کوئی خاص شکل۔

قالب بیجان: بے جان جسم، بے حس و حرکت۔

قالب (از جان) تھی شدن: فوت ہو جانا۔

قالب ریزی: سانچہ بنانے کا کام۔

قالب کردن: سانچہ بنانا۔

قالب گیر: سانچہ بنانے والا۔

قالبی: سانچہ بنایا ہوا۔

قند قالبی: مصری۔

قالَت: (ع)گفتگو، گفتار، آدمیوں کے مابین بات چیت۔

قالچی: قال گر، صاف کرنے والا (دھاتوں کا)۔

قالِع: جڑ سے اکھاڑنا، استیصال کرنا، جڑ سے اکھاڑنے والا، استیصال کرنیوالا۔

قال گر: صاف کرنے والا (دھاتوں کا کام)۔

قالگری: دھاتیں صاف کرنے کا کام۔

کوزہ قالگری: دھاتوں کو صاف کرنے کی کٹھالی۔

قال مقال: شور و غل۔

قالوس: موسیقی کی ایک دھن۔

قالی باف: قالین باف، قالین بننے والا۔

قالی بافی: قالین بننے کا کام۔

قالیچہ: غالیچہ، چھوٹا قالین۔

قالیچہ ابریشمی: ریشمی قالین، قالیچہ حضرت سلیمان، قالین جس کے متعلق مشہور کے کہ حضرت سلیمان کے تخت پر بچھایا جاتا تھا۔

قالی فروش: قالین بیچنے والا۔

قامَت: (ع)قد، لمبائی، اندام۔

خوش قامت: خوبصورت، قد۔

قامت موزون:متناسب قد۔

قامچی-قامچی:پتلی لچکدار، چھڑی۔

قامِع:(ع)مطیع کرنے والا، فتح یاب، ظفر مند۔

قاموس:(ع) (۱) سمندر، بحر اوقیانوس (۲) لغت، فرہنگ، قوامیس جمع۔

قانت:فرماں بردار، اطاعت گزار اللہ تعالی کا، خدا پرست، متقی، پرہیزگار۔

قانِص:(ع) (۱) صیاد، شکاری۔

قانِط:.(ع)مایوس، نا امید۔

قانِع:(ع)قناعت کرنیوالا، جو کچھ ملے اسے کافی سمجھنے والا۔

قانع کردن:مطمئن کرنا، یقین دلانا۔

مرا قانع کرد که رفتن آنجا صلاح نیست:اس نے مجھے تسلی دلادی کہ وہاں جانے میں بہتری نہیں۔

قانع کُنندہ:مطمئن کرنے والا، تسلی دینے والا، صبر دلانے والا۔

قانقرایا:غانقرایا، سڑا ہوا، ناسور دار، عفونت جو جسم کے کسی حصے میں پیدا ہوئی ہو۔

قانون:آئین جس کے مطابق حکومت اور عوام کے کاروبار چلتے ہیں، (۲) موسیقی کا ایک ساز۔

قانون:دستور، احکام جو حکومت اور مجلس شورای ملی کے انتظامات کی حفاظت کے لیے وضع کیے جائیں۔

قانون اساسی:دستور اساسی، بنیادی قانون، آئین۔

قانون اجازت نمی دہد:ملکی آئین اس بات کی اجازت نہیں دیتا۔

قانون جزائی:پینل کوڈ، تعزیزی قانون۔

قانون شرع:شرعی ضابط مملکت۔

قانون عرفی:عام ضابطہ۔

قانون گذاردن:قانون وضع کرنا۔

قانون (باحقوق) مدنی:سول لا، ملکی قانون۔

قانون وضع کردن:حکومت کے قیام کے لیے مستقل بنیاد پر آئین تیار کرنا۔

قانوناً:آئین کی رو سے۔

قانوناً حق ندارد:قانون کی رو سے اس کا حق نہیں۔

قانون دان:ماہر قانون، جیوری کارکن، وکیل، منصف، جج۔

قانون دانی:قانون کا علم جاننا، قانون میں دسترس رکھنا۔

قانون گذار:واضع قانون، مقنن، مجلس وضع قانون کارکن۔

قانون گذاری:قانون وضع کرنا۔

قانون نامه:قانون کی کتاب۔

قانون نویس:قانون وضع کرنے والا، واضع قوانین۔

قانونی:آئینی، ضابطے پر مبنی۔

اختیار قانونی باو دادند:اسے آئینی اختیار دیا گیا۔

دعاوی قانونی:قانونی اختیارات۔

غیر قانونی بودن:آئین کے خلاف ہونا۔

قانو نیت:ضابطہ پر چلنا۔

قاورد:ایک قسم کا حلوہ۔

قاورمه:(ت)قرمه-بھنا ہوا گوشت جس میں شوربا نہیں ہوتا یا بہت کم ہوتا ہے۔

قاووت:(ت)بیسن، غذا جو بیسن اور شکر سے تیار کی جاتی ہے اور شیرینی کے طور پر تقسیم کی جاتی ہے۔

قاهِر:(ع)غالب، زبردست، جبرو قهر کرنے والا۔

قاهره:(ع)قاہر کی تانیث، زبردست (۲)مصر کا

دراالحکومت۔

قوت قاہرہ: زبردست قوت۔

قاہ قاہ: قہقہے کی آواز، قہقہہ۔

قائد: (ع)سردار، رہنما، رہبر، پیشرو، سرکردہ، قائدین جمع)۔

قایق: (ت)کشتی، سفینہ۔

قایق شراعی: ہاتھ سے چلانے والی کشتی۔

قایق بخاری: سٹیم سے چلنے والی کشتی۔

قایق پاروی: کھینے والی کشتی۔

قایقچی: کشتی چلانے والا۔

قایق ماہی گیری: کشتی جس میں بیٹھ کر مچھلیاں پکڑتے ہیں۔

قائل: (ع)مان جانے والا، تسلیم کرنے والا، اپنی خطا کا اعتراف کرنے والا، کہنے والا، بولنے والا۔

آیا قائل ہستید کہ دروغ گو را حافظہ نباشد: کیا آپ مانتے ہیں کہ جھوٹ بولنے والے کا حافظہ کمزور ہوتا ہے۔

مردمان ہم ہستند کہ بہ اینً قائل نیستند: ایسے لوگ بھی ہیں جو اس کو نہیں مانتے۔

قائم: (ع)کھڑا ہونے والا، کھڑا ہوا، برقرار یا برجا، اپنی جگہ پر محکم۔

قائم بودن: سیدھا کھڑا ہونا۔

قائم بالذّات: وہ چیز جو اپنی ذات سے قائم ہو۔

قائم شدن: سیدھے کھڑے ہو جانا، اپنی جگہ پر برقرار ہونا۔

قائم شدن: چھپ جانا، غائب ہو جانا۔

قائم کردن: محفوظ کر لینا، چھپا لینا۔

او را در خانہ قائم کردند: اسے اپنے گھر میں چھپا دیا۔

قائماً: (ع)سیدھے کھڑے ہوتے ہوئے۔

قائمات: (ع)قائمہ کی جمع۔

قائم الزاویہ: جس شکل کا ایک زاویہ نوے درجے کا ہو۔

مثلث قائم الزاویہ: وہ تکون جس کا ایک زاویہ نوے درجے کا ہو۔

قائمقام: کسی کی جگہ کام کرنے والا، جانشین۔

قائمقام: (۱)مرزا ابوالقاسم جو اپنے خاص انداز بیان اورمنظوم کتابوں کی وجہ سے مشہور ہوا وفات ۱۸۳۱/۵۔

قائمہ: (ع) (۱)نوے درجے کا زاویہ، عمود (۲)اشیای مرسلہ کی مفصل فہرست مع قیمت (۳)دستہ، قبضہ قوائم جمع۔

قائن: خراسان کا ایک شہر۔

قایماق: (ت)قیماق، دودھ کی بالائی، سرشیر۔

قب: (ع) (۱)رئیس، پیشوای قوم (۲)کسی زمانے میں یہ غلہ وزن کرنے کا پیمانہ تھا (۳) پیرہن کے گریبان کا ٹکڑا۔ (۳)پہیے کا اندر کا سوراخ۔

قبا-چغہ: لمبا کھلا کوٹ، گاوؤن۔

قباب: قبہ کی جمع، گنبد بصورت جمع۔

قباچہ: کوٹ، نیم تنہ، رومی چغہ، پیٹی دار کوٹ۔

قباح: (ع)قبح کی جمع، قبیح، برا، زشت۔

قباحت: (ع)برائی، نقص، عیب، شرم۔

قباد: ایران کے ساسانی بادشاہ نوشیرواں کا والد جو ۴۸۸ء میں تخت نشین ہوا اس کے زمانے میں مزدک نے ایک نیا مذہب پیش کیا جس کی بنیاد اشتراکیت پر تھی آخر نوشیرواں کے ذریعے اسے اور اس کے پیروں کو تہ تیغ کرا

دیا گیا۔

قِبال:(ع)چہرہ، چہرے کے سامنے کا رخ، مقابل، برابر۔

درقبال:برابر میں، مقابلے میں، سامنے۔

قَبالہ:(ع)خرید یا فروخت کی تحریر، فروخت کی رسید۔

تحریر قبالہ را ہنوز ننوشتہ است:اس نے ابھی فروخت کی دستاویز تحریر نہیں کی۔

قبالہ نویس:خرید و فروخت کی دستاویز تیار کرنے والا۔

قبائح:(ع)دیکھیے قبیح (قبیحہ جمع)۔

قُبح:(ع)بد نما، برا۔

قبح این کار کم کم از میان رفت:اس کام کی بد نمائی رفتہ رفتہ دور ہو گئی۔

قبر:(ع)گور، تربت، جہاں مردے کو دفن کیا جاتا ہے۔

قبر کردن:دفن کرنا۔

قِبراغ:(ت)کام کرنے کے لیے تیار، آمادہ، پھرتیلا، چست و چالاک، تیز۔

قُبرُس:(ع)سرو کا درخت (۲)خالص تانبا یا پیتل۔

قبرستان:گورستان، جہاں مردے دفن کیے جاتے ہیں۔

قُبرغَہ:(ت)پسلی، پہلو کی ہڈی۔

شش قبرغہ:بے وقوف شخص، نادان، سادا۔

قبرکن:گور کن، قبر کھودنے والا۔

قبر گاہ:قبرستان، گورستان۔

قُبرہ:(ع)ایک پرندہ جو رفتہ رفتہ درخت میں سوراخ کر دیتا ہے، چکا وک۔

قَبَس:(ع)شعلہ، اخگر، جلتا ہوا کوئلہ مثال:

در معرض خورشید سُہارا چہ نمائش

بانورتجلی چہ ضیا نارقبس را

آفتاب کے سامنے یا مقابلے میں بنات النعش کے ایک چھوٹے ستارے کی کیا حیثیت ہے، نور تجلی کے سامنے شعلے کی روشنی کی کیا وقعت ہے۔

قبض:(ع) (۱)رسید، دستاویز، تحریر، رسید، بل (۲)معدے کی گر فتگی جس کی وجہ سے اجابت نہ ہو یا کم ہو۔

قبض دادن:تحریر دینا، درشنی ہنڈی دینا، جس میں کسی شخص یا حامل کی رقم مندرجہ کسی تاریخ پر یا طلب کرنے پر ادا کرنے کا وعدہ ہو۔

قبضُ الوصول:وہ رجسٹر جس پر تنخواہ وصول کرنے والوں کے دستخط لیے جاتے ہیں، رسید۔

قبضَہ:(ع)(۱)دستہ جیسے تلوار کا (۲)تصرف، دخل، مٹھی میں پکڑا ہوا، مداخلت، گرفت، عدد (۳)مٹھی بھر لمبائی۔

در قبضہ در آوردن:اپنے تصرف میں لے لینا۔

دو قبضہ تفنگ:دو عدہ بندوقیں۔

یک قبضہ ریش:مٹھی بھر ڈاڑھی۔

قِبط:(ع)مصر کے وہ باشندے جو عیسائیوں کے یعقوبی فرقے سے تعلق رکھتے ہیں، قوم فرعون سے جن کا تعلق ہے۔

قِبطی:(ع)قبطیوں کا، قبطی زبان، قوم فرعون۔

قَبقاب:(ع) (۱) کھڑاوں، لکڑی کا بنا ہوا پاؤں پوش (۲) بیہودہ گو شخص بہت جھوٹ بولنے والا۔

قَبل:(ع)پہلے، پیش، اول، سامنے۔

دو سال قبل:دو سال پہلے۔

قبل از ظہور زردشت:زردشت کے ظہور سے پہلے۔

قبل ازانکہ او بہرودمن واردشدم:اس سے پہلے کہ وہ جائے میں وہاں پہنچا۔

قبل از ظهر: ظہر سے پہلے۔

قبل از وقت: وقت سے پہلے۔

قبل از وقت او را دعوت کردہ ام: وقت سے پہلے میں نے اسے دعوت دی ہے۔

پنج ساعت قبل از شام: شام سے پانچ گھنٹے پہلے۔

اقتُلِ المؤذی قبلَ ان یُوذی: مارنے والے کو اس سے پہلے مار دو کہ وہ تمہیں ماردے۔

قُبُل: سامنے کا حصہ۔

قبلاً: اس سے پہلے۔

قبلاً تشکرات خود را تقدیم می دارم: پہلے ہی میں آپ کی خدمت میں شکریہ پیش کرتا ہوں۔

قبلاً مرا خبردہید: پہلے ہی مجھے خبر دے دینا۔

قبلہ: (ع)طرف، جہت، سمت، مکہ معظمہ، جس کی طرف منہ کرکے نماز ادا کی جاتی ہے۔ مثال:

ای خاکِ درت قبلۂ آمالِ دو عالم
گردی برسان چشم حزینِ نگران را

آپ کے دروازے کی خاک دو جہانوں کی امیدوں کا مقدس مرکز ہے کچھ دروازے کی خاک کا غبار حزین کی آنکھوں تک بھی پہنچا دیجیے جواس مبارک غبار کا منتظر ہے۔

قبلۂ حاجات: کلمہ تعظیم، جو سب کی حاجتیں برلانے والا ہے۔

روبہ قبلہ: قبلہ کی طرف منہ۔

قُبلہ: (ع)بوسہ۔

قبلہ گاہ: حاجتیں برلانے والا، قبلہ جہان حاجتیں بر پوری ہوتی ہیں،کلمہ احترام۔

قبلی: قبلہ کی طرف، مغرب کی طرف۔

قبُور: قبر کی جمع۔

قبُورغہ: قبرغہ، پسلی، پہلو کی ہڈی۔

قبلہ نما: ایک آلہ جس سے قبلہ کے رخ کا پتا چلتا ہے،

قبور: (ع)جمع قبر۔

قبوض-قبوضات: قبوض قبض کی اور قبوضات قبوضی کی جمع ہے، رسیدیں، دستاویزیں، تحریریں۔

قبُول: (ع)منظور، پسند، یقین۔

قبول دارم: تسلیم کرتا ہوں کہ یہ درست ہے۔

قبول داشتن: یقین کر لینا۔

قبول نکردن: مسترد کردینا۔

بسیاری او را قبول نکردند: بہت سے لوگوں نے اسے قبول نہ کیا۔

حرف مرا قبول نکرد: جو کچھ میں نے کہا اسے پسند نہ کیا۔

خواهش مرا قبول خواهید کرد؟: کیا آپ میری درخواست منظور کرینگے؟۔

قبول دار: قبول کرنا، تسلیم کرنا، یقین کرنا۔

قبولی: قبولیت، منظوری، پسندیدگی۔

قبولی خود را بنویسید: اپنی منظوری کی اطلاع لکھ دیجیے۔

قبولیّہ: منظوری، اصول۔

قُبہ: (ع) (۱)گنبد، برج، ہروہ شے جو گنبد کی طرح گول ہو (۲)آرائشی مرصع گول چیز۔

قبۂ آب: حباب، بلبلا۔

قبۂ زرین: کنایہ ہے آفتاب کا۔

قبہ دار: گنبد کی طرح۔

قبیح:(ع)برا، نازیبا، قابل نفرت، معیوب۔
قبیحہ:شرمناک فعل، قبائح جمع۔
قبیل:(ع)(۱)قسم، طرح، جماعت، گروہ (۲)ضامن، کفیل۔
ازین قبیل:اس قسم کا۔
ازین قبیل سوالات:اس قسم کے سوالات۔
شعرای بزرگ از قبیل فردوسی و سعدی:فردوسی اور سعدی کی طرح کے بزرگ شعرا۔
قبیلہ:(ع)آباؤ اجداد اور ان کی اولاد، خاندان، خانوادہ، قبائل جمع۔
قبائل بدوی:بدو قبیلوں کے لوگ۔
قُپ:(۱)کُپ، کھلے منہ والا شیشے کا برتن (۲)منہ کا اندر کا حصہ۔
قپان:بڑا ترازو، میزان۔
قپان کردن:بڑے ترازو میں تولنا۔
قپانچہ:جھپٹ کر نیچے آنا، چیل وغیرہ کی طرح ٹوٹ پڑنا۔ حملہ کرنا۔
قپانچہ شدن:جھپٹ کر نیچے آنا
قپاندار:تولنے والا، وہ شخص جس کا کام لوہے کے ترازو میں چیزیں تولنا ہو۔
قپاندار خانہ:چیزوں کے تولنے کا مقام۔
قپان داری:لوہے کے ترازو میں چیزیں تولنا۔
قپچاق:سرخ جھنڈے والے، مغول تاتار جنھوں نے ایشیا اور یورپ کے بعض علاقوں میں تیرھویں صدی عیسوی میں حکومت کی، قپچاقیوں کی زبان۔
قپلان:(ت)شیر۔
قپو:قاپو، بڑا دروازہ۔
قپی:شیخی باز۔
قپی آمدن:شیخی بگھارنا۔

قتال:(ع)جنگ، لڑائی، کشت و خون، کارزار۔
قُتّال:(ع)قاتل کی جمع۔
قتل:(ع)خون ریزی، ہلاک کردینا، ہلاکت۔
قتل عام:عام لوگوں کی ہلاکت۔
قتل کردن:ہلاک کرنا۔
قتل گاہ:قتل کرنے کی جگہ۔
بقتل آوردن:ہلاک کرنا۔
بقتل رساندن:ہلاک کرنا۔
بقتل رسیدن:مارا جانا۔
مجازاتِ قتل اعدام است: کسی کو قتل کرنے کی سزا موت ہے۔
قَتلہ:(ع)قاتل کی جمع۔
قتُول:(ع)بہت زیادہ قتل کرنے والا۔
قتِیل:(ع)قتل کیا ہوا، مقتول۔
قچان:(ت)ہوشیار، چوکس، چوکنا، پھرتیلا، مستعد، چست، چاق و چوبند۔
قچک:کمانچہ۔
قُحاب:(ع)کھانسنا۔
قحاب:(ع)قحبہ کی جمع، بدکار عورتیں۔
قحبہ:(ع)فاجرہ، بدکار عورت، فاحشہ، طوائف۔
قحط:(ع)کال، کمیابی، خشک سالی، کھانے پینے کی چیزوں کی نایابی یا کمیابی۔
قحط رجال-قحط الرجال:لوگوں کی کمیابی، لائق لوگوں کی کمیابی۔
قحط شدن:کھانے پینے کی چیزوں کی نایابی ہو جانا۔
قحط رسیدہ-قحط شدہ:جو قحط سے پامال ہوئے ہوں۔
قحط سال:اجناس کی نایابی کا سال۔
قحطی:قحط زدہ۔

قحف:(ع)کھوپڑی، جُمجُمہ، کاسہ سر۔

قحفی:کاسہ سر کے متعلق۔

قد:(ع)قامت، جسم کی اونچائی، بلندی۔

قد علم کردن:سیدھے کھڑے ہونا۔

قدکشیدن:اپنی عمر کی نسبت سے طویل ہونا۔

قد گرفتن:قد ناپنا۔

قدو قامت:قامت و جسامت۔

قدّاح:(ع)کاسہ گر، قدح ساز، جام بنانے والا۔

قدارِہ:(ع)غدارہ، چوڑے پھل کی تلوار، چوڑی تلوار۔

قداسَت:متبرک، مقدس، طہارت، پاکیزگی۔

قُدّام:(ع)سامنے کا حصہ، پیش، آگے۔

قُدام:(ع)قدیم، پرانا، کہنہ۔

قدامَت:(ع)قدیم ہونا، پرانا ہونا۔

قدامَہ:(ع)قدومہ، جھاڑیوں سے گھرنا، باڑ لگانا، احاطہ کرنا۔

قُدّامی:(ع)سامنے کی۔

قُدامی:(ع)قدیم کی جمع۔

قد بلند:لمبے قد والا۔

آدم بلند قد:طویل القامت، لمبے قد کا آدمی۔

قدح:(ع)الزام لگانا، ملامت کرنا، سرزنش کرنا، بد گوئی، عیب جوئی۔

قدَح:(ع)ساغر، پیالہ، کاسہ، جام (اقداح جمع) مثال:

غلام نرگسِ مستم کہ بامداد و پگاہ
قدح بدست گرفتہ ز خواب برخیزد

میں نرگس مست کا غلام ہوں، جو صبح سویرے ساغر ہاتھمیں لیے ہوئے خواب سے بیدار ہوتی ہے۔

قدر:(ع)قسمت، قابلیت، اہمیت، صلاحیت۔۔

قدر تندرستی خود نمی دانست:اپنی صحت کی قدرو قیمت وہ خود نہیں جانتا تھا۔

قدر چیزی راشناختن:کسی چیز کی اہمیت جاننا۔

قدر دانستن:خوبی کا اندازہ کرنا، قدر پہچاننا۔

قدر زر زرگرہداند قدر جوہر جوہری:سونے کی اہمیت کا اندازہ سنار ہی کرسکتا ہے اور جوہر کی اہمیت جوہری ہی جان سکتا ہے۔

قدر نوکرِ با وفا را باید دانست:وفادار ملازم کی قدر کرنی چاہیے۔

قدری از آں چشیدم:اس میں سے کچھ میں نے چکھا یا پیا۔

قدریکہ مادر محبت دارد، پدر ندارد:جتنی محبت بچے سےماں کرتی ہے، اتنی باپ نہیں کرتا۔

بقدر:بہ اندازہ۔

بقدرِ استطاعت:اپنی بساط یا ہمت کے مطابق۔

بقدر اَمکان:جہاں تک ممکن ہو۔

بقدر کفایت:جس قدر کافی ہو۔

بقدر کفایت روشن نیست:یہ کافی روشنی نہیں، کافی صاف نہیں۔

بقدری سرد است کہ نمی تواں بیرون رفت:اتنی زیادہ سردی ہے کہ باہر نہیں جاسکتے۔

بقدر لزوم:جس قدر ضروری ہو، جتنا لازم ہو۔

جلیل القدر:بڑی عزت و عظمت والا۔

چہ قدر:کتنا۔

چہ قدرشکر لازم دارید:کتنی چینی کی آپ کو ضرورت ہے۔

شب قدر-لَیْلَۃُ القَدر:اس رات کے تعین کے لیے کوئی یقینی بات نہیں کہی جاسکتی، عام طور سے یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ماہ رمضان کی ستائیسویں رات شب قدر ہے۔

ہر قدر: جتنا بھی۔

ہر قدر ارزش باشد من مثنوی معنوی
بخرم: مولانائے روم کی مثنوی معنوی کی قیمت جتنی بھی ہو میں خریدو نگا۔

قَدَر: قسمت، نصیب، قضا، تقدیر، سرنوشت۔

قضا و قدر: تقدیر الہی، خداوند تعالی کی رضا۔

قِدر: دیگ، کڑھاؤ، قدور جمع۔

قُدرت: طاقت، توانائی، قابلیت، استطاعت، صلاحیت، اہلیت، اختیار۔

قُدرتِ ادبی: ادبی قابلیت۔

قدرتِ الہی: خداوند تعالی کی شان، خداوند تعالی کا ہمہ گیر اختیار۔

قدرت داشت کہ ہمہ را بکشد یا ببخشد: اسے استطاعت تھی کہ سب کو ماردے یا سب کو معاف کردے۔

قدرت داشتن: قادر ہونا، با اختیار ہونا، استطاعت رکھنا۔

قُدرتی: خداوند تعالی کی تخلیق، فطری۔

قدر دان: لوگوں یا چیزوں کی خوبیاں جاننے والا۔

رئیس ما نسبت خدمات ہمہ اعضای خود قدر دان است: ہمارا سربراہ اپنے سب اراکین کی خدمات کی قدر شناسی کرتا ہے۔

قدر دانی: کسی چیز یا شخص کی خدمات کی قدر کرنا۔

قدر دانی کردن: کسی کی خدمات کو سراہنا۔

از خدمات فرد فردِ اعضا کتباً قدر دانی کرد: ایک ایک ممبر کی خدمات کی تحریری طور پر قدر شناسی کی اور خدمات کی داد دی گئی۔

قدر شِناس: لوگوں یا چیزوں کی خوبیاں جاننے والا۔

قدر شناسی: کسی کی خوبیوں کو جاننا اور داد دینا۔

قدر قدرت: قسمت کی طرح ہمہ گیر [illegible] قدر قدرت، عظیم شان و شوکت رکھنے والے۔

قَدَری: کوشش پر یقین رکھنے والا، اپنے آپ کو مجبور محض سمجھنے کے بجائے اپنی کوشش پر یقین رکھنے والے مسلک کے لوگ۔

فلسفہ قدری: ذاتی کوشش اور اس کے نتائج پر یقین رکھنے کا علم۔

قدریّہ: کوشش پر یقین رکھنے والے مسلک کے پیرو، مجبور ہونے کے نظریے کے مخالف۔

قدزن: قلم کو قط لگانے والا۔

قُدس: (ع) پاک، منزہ، مقدس۔

روحُ القدس: مقدس روح حضرت جبرئیل سے مراد ہے۔

قُدس: (ع) پاک، بے آلاش، مقدس، منزہ۔

قدس شریف: بیت المقدس۔

قُدِّس: (ع) پاک کرے خدا۔

قدس اللہُ سرہ: خدا اس کی قبر پر برکت دے۔

قُدسُ الاقداس: (ع) سب سے زیادہ مقدس، مقدس ترین، متبرک ترین۔

قُدسی: (ع) مقدس، آسمانی، ملکوتی، پاک، متبرک، پاکیزگی اور طہارت سے منسوب۔

حدیث قدسی: حضرت رسول کریم (ص) کی مقدس حدیث۔

عالمِ قدسی: مقدس دنیا، مقدس دنیاے آخرت۔

قُدسیان: فرشتے ملائک۔

قدسیّت: تقدس، پاکیزگی۔

قدسیّہ: پاک، مقدس۔

قدغَن: (ت) امتناع، روک ٹوک، منع، مناہی، حکم نہی، ممنوع۔

قدغن سخت: سخت رکاوٹ۔

قدغن کردن: روکنا، منع کرنا، ممنوع قرار دینا۔
مشروب فروشی را در پاکستان قدغن کردہ اند: شراب فروشی پاکستان میں ممنوع قرار دی گئی ہے۔
قدک: نیلے رنگ کا سوتی کپڑا، بکرم۔
قد کشیدن: بڑھنا، بلند قامت ہونا۔
قدکشیدہ: لمبے قد کا۔
قدکوِ تاہ: پست قامت۔
قد کو تولہ: ٹھنگنا، پست قد۔
قدَم: (ع)پاؤں، چلتے ہوئے دونوں قدموں کا درمیانی فاصلہ، کم فاصلہ۔
قدم برداشتن: قدم اٹھانا، کام کا آغاز کرنا۔
قدم داشتن: مبارک نصیب ہونا۔
قدم رنجہ کردن یا فرمودن: آنا، تشریف لانا، عام طور سے دعوت ناموں میں آنے کے متعلق لکھا جاتا ہے۔
قدم زدن: چلنا۔
قدم کردن: پاؤں سے جگہ کو ناپنا۔
قدم کردن: اچھا نصیب لانا۔
قدم گرفتن: قدم سے قدم ملانا۔
قدم گذاشتن: قدم رکھنا۔
قدمِ مولودِ تازہ برائی شما مبارک باشد: خدا کرے بچے کی ولادت تمھارے لیے مبارک ہو۔
قدم آھستہ می رفت: وہ بہت آہستہ آہستہ چلتا تھا۔
پیش قدم: جو دوسروں سے پہلے کام کرتا ہے۔
چند دقیقہ در باغ وحش قدم زد: وہ کچھ عرصہ چڑیا گھر میں گھوما پھرا۔
خوش قدم: مبارک قدم، جس کا آنا باعث برکت ہو۔

درمیانِ آنھا قدم نگذار: ان کے بیچ میں نہ پڑنا۔
قِدمَ: ہمیشگی، جو خداوند تعالی کی صفت ہے۔
قدما: آتے ہوئے۔
قُدَما: قدیم کی جمع، قدیمی لوگ۔
قدم پیما: قدموں سے پیمائش کرنے والا۔
قدمت: (ع)(۱)قدیم، کہنہ (۲)جرات دلیری۔
قدمت آن سبب زیادی قیمت است: اس کا قدیم ہونا اس کے قیمتی ہونے کی وجہ سے۔
قدمتِ خدمت: قدیمی خدمت۔
قدم شمار: قدم گن گن کر جگہ کو ناپنے والا۔
قدم گاہ: جگہ جہاں کسی کو پہنچنا ہو۔
قدم گاہ آدم: لنکا کا پہاڑ جہاں کہا جاتا ہے کہ حضرت آدم نے قدم رکھا تھا۔
قدمی: قدم سے متعلق۔
قُدّوس: بہت مقدس، بہت متبرک۔
قدوم: (ع)آنا، پہنچنا، تشریف لانا، ظہور، مثال:

برغریبان گذری کن کہ بہ تشریف قدوم
از دل تنگ غریبان تو بری بارِعنا

ان بے بس لوگوں کی طرف بھی گزر کیجیے کہ آپ کے تشریف لانے سے ان کے حسرت زدہ دل پر سے سختیوں کا بوجھ دور ہو جائے۔
قدومہ: ایک قسم کا پودا جس کے پتے نرم اور پتلے ہوتے ہیں، پھول اس کے زرد اور چھوٹے چھوٹے ہیں، اس کے دانے سینے کے درد اور کھانسی دور کرنے کے لیے دوائی کا کام دیتے ہیں۔
قُدوَہ: (ع)نمونہ، جس کی پیروی کی جائے۔
سعدی قدوَہ غزل سرایان است: سعدی ایک

مثال ہے غزل سراؤں کے لیے۔

قدی: پورے قد و قامت کا۔

آئینہ قدی: پورے سائز کا آئینہ۔

قدید: (ع)گاے یا بکرے کا خشک کیا ہوا گوشت۔

قدیر: (ع)طاقتور، صاحب قدرت، توانا۔

خداوند قدیر: قادر مطلق۔

قدّیس: (ع)پاک، منزہ، پارسا۔

قدیم: (ع)پرانا، ہمیشہ کا، ازلی، اگلے زمانے کا، آبائی، موروثی۔

از قدیم: پرانے وقتوں سے۔

القدیم: قدیم، باری تعالی کی ایک صفت۔

در قدیم رسم شان اہن بود: پرانے زمانے میں ان کی یہ رسم تھی۔

دنیا قدیم و خدا ازان قدیم تر است: دنیا بہت پرانی ہے اور خالق دنیا اس سے بھی زیادہ قدیم یعنی ازلی ہے۔

مرد مان قدیم: قدما، اگلے وقتوں کے لوگ۔

قدیماً: (ع)قدیم زمانے سے۔

قدیم الایام: قدیم زمانہ۔

از قدیم الایام: پرانے زمانے سے۔

قدیمہ: (ع)قدیم کی تانیث۔

قدیمی: پرانا، اگلے وقتوں کا، پرانے زمانے کا۔

او دوست قدیمی من است: وہ میرا بہت پرانا دوست ہے۔

قدیمی مسلک: کسی قدر پرانے خیالات کا۔

قذال: (ع)دو کانوں کے درمیان گردن کا پچھلا حصہ۔

قذَر: (ع)غلاظت، گندگی، پیپ۔

قذِر: (ع)گندہ، غلیظ، پلید۔

قذف: (ع)(۱)تہمت لگانا، الزام عاید کرنا(۲)ندی یا دریا کا کنارہ۔

قَر: غر، فاحشہ، طوائف۔

قر: رقص میں جسم کے اعضا کی حرکت۔

قرا: (ت)قرہ، تازگی۔

قُرا: قریہ کی جمع، گاؤں۔

قُرّاء: قاری کی جمع، قران شریف قرأت کے ساتھ تلاوت کرنے والے۔

قِراب: (ع)غلاف، شمشیر کا نیام۔

قراب: (ع)قرب، قرابت، نزدیکی، رشتے داری، قرابت داری۔

قراپا دہن: فارما کو پیا، دواؤں کی لغت۔

قراباغ: (ت)کاکیشیا کے ایک ضلع کا نام۔

قراباغی: (ت)(۱)قراباغ کا رہنے والا (۲)ایرانی موسیقی کی ایک سر۔

قرابت: (ع)قربت، نزدیکی، خویشی، رشتے داری، اپنائت۔

قرابت صلبی: خونی رشتے داری۔

باھم قرابت داریم: ہم آپس میں رشتے دار ہیں، خاندانی قربت ہے۔

قرابہ: چھوٹے منہ کی بوتل۔

قرابیس: قربوس کی جمع، گھوڑے کی کاٹھی کا اوپر اٹھا ہوا حصہ جسے ہرنا کہتے ہیں۔

قرابین: قربانی کی جمع، اللہ کی راہ میں دی گئی قربانیاں۔

قرابین: ایک قسم کی بندوق۔

قراچور: (ت)لمبی تلوار۔

قراچہ داغ: آذر بائیجان کا ایک ضلع۔

قراچی: (ت)جپسی، ایک خانہ بدوش قوم۔

قراح: (ع)خالص، پاکیزہ پانی، نیزوہ زمین جہاں درخت نہ ہوں۔

قراد: (ع)ایک خاص قسم کا کرم جو اونٹ اور بعض

دورسرے جانوروں سے لپٹ کر ان کا خون چوستا ہے۔

قرار:(ع)آرام و راحت، استراحت، آسودگی قائم رہنا، ثبات، دوام، قاعدہ، طریقہ۔

قراربستن:فیصلہ ہونا۔

قرار دادن:رکھنا۔

سنگ ھارا روی یک دیگر قرار دادند:پتھروں کو، ایک دوسرے کے اوپر نصب کردیا۔

قرار دادن:منظور کر لینا، فیصلہ کر لینا۔

قرارِ سابق مرتباً درس می خوانید؟:کیا تم باقاعدہ پہلے کی طرح درس لیتے ہو؟۔

قرار شدن:فیصلہ ہو جانا۔

قرار قطعی:حتمی فیصلہ۔

قرار گُذاشتن:معاملہ طے کرنا۔

قرار گرفتن:قیام کرنا۔

قرار گرفتن:تہیہ کر لینا، مثلاً

رای ما این قرار گرفت: ہم نے یہ تہیہ کرلیا۔

قرار واقعی:معقول، اچھی طرح۔

قرار و مدار:سمجھوتا، مفاہمت، آپس کا فیصلہ۔

از قرار ذیل:مندرجہ ذیل۔

از قراری که می گویند:یہ کہا گیا ہے کہ۔۔۔

ازین قرار:اس طرح۔

قرارداد:(ع)تقرر، تعیناتی، عہد و پیمان، تعیین وقت۔

قرار دادی بآن شرکت منعقد کردیم:ہم نے اس کمپنی سے بات طے کرلی ہے۔

قرارداد ملاقات:ملاقات کے لیے تعیین وقت۔

باکسی امروز عصر قرارداد دارم:آج میں نے عصر کے وقت کسی سے وقت مقرر کیا ہے۔

قرار داده:طے ہوا، فیصلہ ہوا، مفاہمت ہوئی، سمجھوتا ہوا۔

قراردادی:اقرار نامہ، تصفیہ، سمجھوتا۔

قرا سُوران:قرہ سوران، راستے کا نگہبان سوار، شاہراہوں کا محافظ، قافلے کا محافظ، امن قائم کرنے والا، مسلح رہنما۔

قرارگاہ:آرام گاہ، قیامگاہ۔

قرار گیری:آرام، سکون، راحت۔

قرار نامه:اقرار نامہ، تحریری معاہدہ۔

قراص:(ع)گرس، بارہ درجن۔

قرّاض:(ع)کاٹنے والا، کترنے والا۔

قراضِه:(ع)لوہے یا تانبے کے ریزے جو دھات کو رگڑتے ہوئے گرتے ہیں۔

قراضِه:(ع)جگالی کرنے والے۔

حیوانات قراضه:جگالی کرنے والے جانور۔

قراغُول:(ت)قراول، سنتری، چوکیدار، محافظ۔

قراقر:(ع)معدے کی گڑ بڑ۔

قرا قروت:(ت)قرہ قروت-دہی جسے خشک کر لیتے ہیں۔

قرا قوش:قراغوش، عقاب۔

قرامطہ:(ع)مسلک اسمعیلیہ کا ایک فرقہ جس کا بانی ابو ذر قرمط تھا۔

قُرآن:(ع)قران مجید، آسمانی کتاب جو حضرت رسول کریم (ص) پر نازل ہوئی، کلام اللہ۔

قِران:(ع)ستاروں کا اتصال، مبارک وقت۔

بر قران زهره و مشتری:زہرہ اور مشتری سیاروں کے ایک برج میں آنے پر۔

صاحبقران:وہ شخص جس کی ولادت کے وقت زہرہ اور مشتری سیارے ایک ہی برج میں ہوں ایسے وقت کی پیدائش کا آدمی بڑا اقبال مند ہوتا ہے، امیر تیمور کا لقب صاحبقران ہوا تھا۔

قِران نحسین:دونحس ستاروں یعنی زحل اور

مریخ کا قرب ہونا۔

قرانتین-قرنتین: قرنطینہ، قید طبی، وہ وقت جب مسافروں یا ایسے جہازوں کو جن میں کوئی بیماری پھیل گئی ہو یا بیماروں کو علیحدہ رکھا جائے تاکہ بیماری پھیلنے نہ پائے۔

قرنتین گذاشتن: پھیلنے والی بیماری کی بنا پر بیماروں کو الگ رکھنا۔

قرآن خوان: قاری، قران شریف کی تلاوت کرنے والا۔

قرآنی: قران شریف سے متعلق۔

قراول: (ت) (۱) سنتری چوکیدار، نگہبان، رینجر، محافظ (۲) نشانہ باندھنا، شست جو بندوق سے باندھی جائے۔

قراول آوردن: شست لگانا۔

قراول رفتن: شست باندھنا۔

قراول خانہ: بیرک، محافظ کے ٹھہرنے کی جگہ۔

قراولی: محافظ یا رینجر کا دفتر۔

قرائت: (ع) صحیح تلفظ کے ساتھ قران شریف پڑھنا۔

قرائت کردن: قران شریف کی تلاوت کرنا۔

قرائت خانہ: قران شریف کی تلاوت کرنے کا کمرہ۔

قرائن: (ع) جمع قرینہ-وہ علامتیں جو انسان کے لیے دلیل کی مانند ہوں، سیاق و سباق، عبارت کا سیاق۔

معنی این کلمہ از قرائن ثابت شد: اس لفظ کا مطلب سیاق عبارت سے ثابت ہوگیا ہے۔

قُرب: (ع) نز دیکی، خویشی، قریبی تعلقات مثال:

حجاب مانعِ قرب است شرم حائلِ لطف
بنزد او رہ اظہار آرزو بکشا

حجاب نزدیک ھونے کے لیے رکاوٹ کا باعث ہے اور حیاداری لطف و کرم کی راہ میں حائل ہے اس کے لیے آرزو کے اظہار کا راستہ کھول دو۔

قُربا: (ع) قریبی لوگ، رشتے دار۔

قرباغہ: مینڈک اسے قورباغہ بھی کہتے ہیں۔

قربان: (ع) نثار، قربانی دینا، اللہ کی راہ میں۔

قربان رفتن یا شدن: قربان ہونا، نثار ہونا۔

قربانت شوم: آپ کے لیے جان بھی حاضر ہے۔

قربان سرت بروم: آپ کے سر کے لیے جان حاضر ہے۔

عید قربان: عیدالاضحی، جس پر جانوروں کی قربانی دی جاتی ہے، وہ تہوار جو ۱۰ ذی الحجہ میں منایا جاتا ہے۔

فرزندانِ خود را برای خوشنودی اصنام قربان می کردند: بتوں کی خوشنودی کے لیے اپنے بیٹوں کی قربانی دیتے تھے۔

قِربان: برتن جو پر ہونے کے قریب ہو۔

قِربان: ترکش۔

قُربانگاہ: مذبح، جانوروں کے ذبح کرنے کی جگہ۔

قربانی: عید الاضحی کے موقع پر مینڈے یا بکرے وغیرہ کو ذبح کرنا۔

قربانی کردن: قربانی دینے کے لیے جانور کو ذبح کرنا۔

قِربت: (ع) مشک۔

قُربت: (ع) نزدیکی، خویشی۔

قربوس: گھوڑے کی کاٹھی کا اوپر کو اٹھا ہوا حصہ جسے ہرنا کہتے ہیں۔

قُربہ: قربت۔

قُربی: (ع) قرابت داری، رشتے داری۔

مُودّتِ قربی: یکا نگت کی محبت، ایک خاندان سے ہونے کی محبت۔

قُرپ: کرپ-قاش، کٹا ہوا ٹکڑا۔

قرپوس: دیکھیے قربوس۔

قُرت: نگلنا، ہڑپ کر جانا۔

قُرۃ:(ع)آنکھوں کا روشن ہونا، آنکھوں کے آنسوؤں کا خشک ہونا، خوشی کی علامت ظاہر ہونا۔

قرۃ العین:(ع)(۱)جو نور چشم کا باعث ہو، جو سرور و راحت کا ذریعہ ہو (۲)ایران کے ایک خوبرو شاعرہ جس کا نام زرین تاج تھا، سید علی محمد باب نے جس کی وہ پیرو تھی اسے طاہرہ کا نام دیا، بابی مذہب اختیار کرنے کی وجہ سے اسے گرفتار کیا گیا آخر ۱۲۶۴ھ میں لوگوں نے اس کا گلا گھونٹ کر مار دیا۔

قرح:(ع)زخمی ہونا، زخم، السر، قروح جمع۔

قرحَہ:(ع)زخم، السر، جراحت۔

قرحہ آکلہ:جلد کی بیماری

قرحہ بینی:ناک کا زخم

قرحی:زخمی۔

قرد:بندر، میمون۔

قردہ:بندریا۔

قرشی:قریشی، قریشی قبیلے کے لوگ۔

قُرص:پتلی گول چیز، ٹکیا، گردہ، کلیجہ، اقراص جمع۔

قرص خورشید:آفتاب کا گھیرا۔

قرص زرّین:آفتاب، سونے کی پلیٹ۔

قرص سیمین:چاند۔

قرص نُقرِہ:چاندی کی پلیٹ۔

درخت قرص کمر:کاجُو کا درخت۔

قُرص:مضبوط، مستحکم، دیرپا۔

این پارچہ خیلی قرص است:یہ کپڑا بہت مضبوط یا دیرپا ہے۔

قرص کردن:مضبوط بنانا۔

قرصک:ٹکیا۔

قرض:(ع)ادھار، مستعار۔

قرض بھم رساندن:قرض بہم پہنچانا۔

قرض حسن-قرض الحسنہ:قرض جو بلا سود اور بلا میعاد ہو۔

قرض دادن:ادھار دینا۔

قرض داشتن:ادھار لینا۔

قرض کردن:ادھار لینا۔

یک ھزار روپیہ از او قرض کردم:میں نے اس سے ایک ہزار روپیہ قرض لیا۔

قرض مقراض محبت است:ادھار محبت کی قینچی ہے۔

قرضخواہ:قرض دینے والا۔

قرضدار:قرض لینے والا۔

سھام قرضہ:ایسی دستاویز جس کے ذریعے قرضہ وصول ہو۔

قرضہ:ادھار لیا گیا۔

وجہ قرضی:قرض لی گئی رقم۔

قرضیہ:قرضہ۔

قرِط:(۱)گوشوارہ (۲)شعلہ آتش۔

قرطاجنہ:کار تھیج، ملک کا نام۔

قرطاجنی:کارتھیج کا رہنے والا۔

قِرطاس:(ع)کاغذ، تحریر، دستاویز، قراطیس جمع۔

قرطاس ابیض:سفید کاغذ جس پر یادداشتیں تحریر کی جائیں۔

قِرطاس بازی:دفتری طوالت، فضول وقت گزارنے کے لیے نامہ نویسی، اہل کارانہ طرز روش، افسرانہ تمکنت (جس میں ذم کا پہلو ہو)۔

قِرطاسی:کاغذ کی طرح۔

قُرطبہ:(ع)ہسپانیہ کا شہر۔

قرطِم:(ع)زعفران کے بیج۔

قرع:کوٹنا، دروازے پر دستک دینا۔

قرع:(ع)(۱)کدو (۲)ترکی بہ ترکی جواب دینا، دندان شکن جواب دینا۔

قرَع:(ع)گنجاپن۔

قُرَع:قرعہ۔

قرع انبیق:ایک آلہ جس سے عرق نکالا جاتا ہے۔

قُرعَہ:فال، قسمت آزمائی، لاٹری۔

قرعہ انداختن یا زدن:قرعہ ڈالنا۔

قرعہ بنام او اصابت کرد:قرعہ اس کے نام کا نکلا۔

قرعہ کشیدن:قرعہ نکالنا۔

قرعہ کشی:لاٹری نکلنا۔

قرعہ زن:قرعہ نکالنے والا۔

قرغیز:(ت)ایک مغل قوم، کرغز، اس کی زبان کرغزی۔

قرفہ:(ع)دار چینی۔

قُرُق:ایک مخصوص شکار گاہ ایک مخصوص جگہ، سبزہ زار۔

قرق بودن یاشدن:مخصوص شکارگاہ وغیرہ جہاں عام لوگ شکار نہیں کر سکتے۔

قرق کردن:کسی جگہ کو عام لوگوں کے لیے ممنوع قرار دینا۔

قُرُقگاہ:مخصوص جگہیں۔

قرقاول:تیتر، دراج۔

قرقر:غرغر، بجلی کڑکنے کی آواز۔

قرقرہ:دھاگے کی نلکی، ریل جس پر دھاگا لپٹا ہوتا ہے۔

قرقرہ نخ:ریل یا پھرکی جس پر دھاگا لپٹا ہوتا ہے دھاگا لپٹنے کی چرخی جس سے ریل تیار ہوتی ہے۔

قرقرہ ماھی گیری:ماہی گیر کی پھرکی جب مچھلی پھنس جاتی ہے تو پھرکی کی ڈور لپیٹ کر اسے نکال لیتے ہیں۔

قرقرہ جرِّ ثقیل:رسّے اور چرخی جس کے ذریعے بھاری اشیا اٹھاتے اور جہاز وغیرہ پر لادتے ہیں۔

قرقشہ:غرغشہ، لڑائی جھگڑا۔

قرقف:(ع)شراب، ٹھنڈا پانی۔

قِرقی:ایک شکاری پرندہ جو باز سے چھوٹا ہوتا ہے اور اس کی آنکھیں بھی چھوٹی ہوتی ہیں۔

قُرک:ایک پرندہ جو شہد کی مکھیوں کو کھا جاتا ہے۔

قرلتای:قوریلتائی، ایران کے مغل حکمرانوں کی جنرل اسمبلی۔

قِرمز:(ع)سرخ رنگ۔

قرمزدانہ:سرخ رنگ کے بیضوی شکل کے کیڑے۔

قرمز روشن:چمکیلی روشنی، ہلکا سرخ۔

قرمز سیر:گہرا سرخ۔

قرمز شدن:سرخ ہونا، شرمانا۔

قرمز کردن:سرخ رنگ دینا، سرخ رنگ سے رنگنا۔

قرمز کم رنگ:ہلکا سرخ۔

قرمزلاکی:گہرا سرخ، ارغوانی۔

قرمزی:سرخی، سرخ رنگ، سرخ رنگ میں رنگا ہوا کپڑا۔

قُرمساق:دیوث، ذلیل، بے غیرت۔

قِرمطی:(ع)فرقہ اسمعیلہ کی ایک شاخ قرمطیہ کا فرد جس کا بانی ابو ذر قرمط تھا (قرامطہ جمع)

قرمطیّہ:(ع)قرمطی فرقہ۔

قرموط:(ع) قرموت، خاص قسم کا چارہ جو طویل سفر کے دوران گھوڑے کو دیا جاتا ہے۔

قُرمہ:(ت) قورمہ، مسالے اور گھی میں بھنا ہوا گوشت۔

قرمہ کردن:قورمہ بنانا۔

قَرن:(ع)مانند، مثال، نظیر، اقران جمع۔

قرن:(ع)(۱)صدی، (۲)گائے یا بکری کا سینگ، صد سالہ دور، قرون جمع۔

قَرنِ ایرانی: تیس سال کا عرصہ۔

قرن بیستم میلادی: بیسویں صدی عیسوی۔

قرن فرنگی: سو سال کا عرصہ۔

قرن:(۱)رسی جس کے ساتھ دو اونٹوں کو یکجا باندھا جاتا ہے (۲)تیر و کمان، شمشیر (۳)ایک عرب قبیلے کا نام۔

قرون: قرن کی جمع۔

قرون ماضِیہ: گزرے ہوئے زمانے۔

قرون وسطی: متوسط زمانہ۔

قرنا: قریں، قریب، نزدیک۔

قرناق:(ت)قرنق، خدمتگار، کنیز۔

قرنباد: زیرہ۔

قرنبی: مکڑی۔

قرنبیق: قرع انبیق کا مخفف۔

قرنطین: قرنطینہ (انگ)صحت گاہ جہاں مسافروں کا معاینہ کیا جاتا ہے اور کوئی بیماری ہو تو اسے روکنے کے لیے ٹیکے لگائے جاتے ہیں۔

قرنفل: خُوش رنگ سرخ پھول، ماخوذ از یونانی۔

قرنفلی: قرنفل سے متعلق۔

قرنفلیہ: خوش رنگ سرخ پھول۔

قرنی: سینگوں والا۔

قرنَین: دو سینگ۔

ذوالقرنین: دو سینگوں والا، سکندر کا لقب۔

قرنیہ: آنکھ کے ڈیلے کا بیرونی پردہ۔

قُروت:(ت)کسی ضرب کی وجہ سے جلد کے اندر خون کا خشک یا سیاہ ہو جانا۔

قُروح: قرح کی جمع، زخم جس میں پیپ پڑ گئی ہو۔

قرود: قرد کی جمع، بندر، میمون۔

قروض: قرضے کی واجب الوصول رقوم۔

قروق: قورروق، مخصوص شکارگاہ، وہ جگہ جو کسی خاص کام کے لیے مخصوص ہو۔

قرون:(ع)جمع قرن، صدیاں۔

قرَہ:(ت)سیاہ رنگ۔

قُرِّہ: تازگی، خوشی، چمک، ٹھنڈک۔

قرۃ العین: آنکھوں کی روشنی۔

قرہ آغاج:(ت)ناروں، ایک درخت جس کی پتیاں دونوں طرف سے کھردری ہوتی ہیں۔

قرہ چایلاق:(ت)زنبور خور، ایک پرندہ جو شہد کی مکھیوں اور بھڑوں کو کھا لیتا ہے۔

قرہ چی:(ت)قرچی، چپسی، ایک خانہ بدوش قوم۔

قرہ سنقر:(ت)سیاہ رنگ کے شکاری پرندے کی ایک قسم، شکرہ، وغیرہ۔

قرہ سوران:(ت)سڑک کا محافظ، مسلح محافظ۔

قرہ طاق-قرطاق:(ت)مانٹی نیگرو کا باشندہ۔

قرہ قاز:(ت)سیاہ رنگ کا ماہی خور پرندہ۔

قرہ قروت:(ت)چھاچھ یا دہی جسے جوش دے کر خشک کر لیتے ہیں۔

قرہ قوش:(ت)عقاب۔

قرہ قول:(ت)دیکھیے قراول۔

قرہ قولاق: قرہ قلق، سیاہ گوش جانور۔

قرہ گھرَ:(ت)سیاہ رنگ کا گھوڑا۔

قرہ مندول-قرہ منگولہ: بانات جس کا رواج اٹھارویں صدی عیسوی میں زیادہ تھا، بانات۔

قرہ مینا:(ت) بندوق (پرانی قسم کی)

قرہ نی:الغوزہ، موسیقی کا ساز

قرہ نی زن:الغوزہ بجانے والا

قرِیب:(ع) نزدیک

بحر قریب:شاعری کا ایک بحر "مفاعلین مفاعلین فاعلاتن"

عن قریب: تھوڑے عرصے میں، جلدی

قریب یک ماہ در کوہ مری توقف کردم:تقریباً ایک ماہ میں نے کوہ مری میں قیام کیا

ماضی قریب:گزرا ہوا نزدیک کا زمانہ، صرف و نحو میں ماضی کی ایک قسم

قریباً:تھوڑے ہی عرصے میں، جلدی ہی

قریباً وارد خواہد شد:جلد ہی وہ آ جائیگا

قریب الاختِتام:(ع) جلد ہی ختم ہونے والا

قریب الفہم:(ع) جو جلدی ہی سمجھ میں آ جائے

قریبُ الوُقوع:(ع) جلد ہی وقوع پذیر ہونے والا

قرِیح:(ع)(۱)زخمی، مجروح (۲)خالص، صاف

قریحہ:ذوق، سلیقہ، تراوش فکر، ادراک

او قریحۂ اختراع دارد:اسے نئی چیز بنانے کا ذوق ہے

بی قریحہ:بے ذوق

قریحہ شاعری:شاعری کا ذوق و شوق

قرِیر:(ع) ٹھنڈک، تر و تازہ، خوشحال، خورسند

قریر العَین:(ع) آنکھوں کی ٹھنڈک، آنکھوں کی روشنی، خوشی

قُرَیش:(ع) عرب قبیلہ جس سے رسول کریم(ص) کا نسبی تعلق تھا

قریشی:(ع) قریش سے متعلق، قریشی

قرِیض:(ع) مقروض

قرِیع:(ع) حریف، ساتھ کشتی کرنے والا، پہلوان

قرِیم:کریمیا

قرِین:(ع) نزدیک، ہمدم، ساتھی، دمساز، رفیق

قرین اِفتخار:مفتخر، مکرم و محترم

متمنی است تشریف آوردہ ما را قرین افتخار فرمائید:بندہ خواہشمند ہے کہ آپ تشریف لا کر ہمیں مفتخر فرمائیں

قرِینِ عقل، قرین قیاس:وہ بات جسے عقل قبول کرے

قرین مصلِحت::مصلحت آمیز، جس میں بھلائی یا بہتری ہو

او بخت جوان دارد کہ باتو قرین است:وہ شخص خوش نصیب ہے جو تم سے قریب یا تمہارا ساتھی ہے

سعادت قرین:خوش، خوشحال، خوش بخت

قرِینَہ:(ع) علامت، مناسبت جو دو چیزوں میں ہو قیاس، اندازہ، ڈھنگ، صورت، نسبت، تناسب، مناسبت، حسن تناسب

قز:(ع) کچی سلک

قُز:(ت) لڑکی، دختر

قزّاز:(ع) سلک کا تاجر

قزاغند:سلک کی بنی ہوئی زنانہ صدری، سینہ بند، انگیا نیز زرہ بکتر

قزاق:(ت) کاسک، ایک تا تاری قبیلے کا نام جو بحیرہ خزر کے شمال میں آباد ہے اور جس کے افراد اکثر روس کے رسالوں میں بھرتی ہو جاتے ہیں کسی زمانے میں یہ قزاق ایران میں استبدادی کاموں پر مامور ہوتے تھے یہ لمبی

ٹوپی اور لمبی قبا پہنتے تھے

قزاق خانہ: قزاقوں کے رہنے کا مقام

قزاقی: قزاقوں کا لباس

قزاگند: جنگی لباس، ریشمی لباس جو قدیم زمانے میں جنگ کے موقع پر پہنا جاتا تھا

قُزح: (ع) قوس قزح، سات رنگوں کی دھنک جو آفتاب کی شعاعوں کے ساتھ بادل میں سے گزرتے ہوئی دکھائی دیتی ہے

قزغان: قزقان، بڑی دیگ جس میں خوراک پکائی جاتی ہے

قزغَند: ایک خاص قسم کے درخت کا پھل جس میں مغز نہیں ہوتا، یہ چمڑا رنگنے کے کام بھی آتا ہے

قزقان: قزغان، بڑی دیگ

قزِل: (ت) سرخ، قرمز

اسپ قزل: سرخ رنگ کا گھوڑا

قزل آلا: مچھلی جس کے جسم پر سرخ داغ ہوتے ہیں اور میٹھے پانی میں پائی جاتی ہے، اس کا گوشت لذیذ ہوتا ہے

قَزلاغ: غزلاغ، بھورے مٹیالے رنگ کے پرندوں کی قسمیں، چنڈول، چکاوک وغیرہ

قزلاغ: ہنسی، دل لگی، پر لطف صحبت، ہنسی دل لگی کرنا

قزِل ارسلان: ایک بادشاہ کا نام

قزلباش: (ت) ایران کے صفوی بادشاہ اسمعیل صفوی نے اپنی محافظ فوج کے لیے سرخ ٹوپیاں بنوائی تھیں اس وجہ سے ان لشکریوں کا نام قزلباش ہو گیا

قزن قُفلی: ہک، کانٹا، آنکڑا، مچھلیاں پکڑنے کا کانٹا

قزوین: تہران کے شمال مغرب میں ایک صوبے کا نام

قزوینی: قزوین کا رہنے والا

قزی قزین: سلک کا بنا ہوا، ابریشمی

قَس: پادری، عیسائیوں کا روحانی پیشوا (قسوس جمع)

قِس: (ع) قیاس کر

قس علی ہذا: باقیوں کے لیے اسی سے قیاس کر لے

قسا: بے رحمی، سنگدلی

قساس: (ع) خس و خاشاک جو سیلاب میں بہہ کر آتا ہے

قسّاس: (ع) نکتہ چین، عیب چین

قسّام: (ع) تقسیم کرنے والا

قساوَت: (ع) بے رحمی، سنگدلی، سختی

قساوتِ قلبی: سنگ دلی

قساوسہ: قسیس، پادری

قسب: (ع) سخت، خشک کھجور

قسر: (ع) مجبور کرنا، مجبوری، دباؤ ڈالنا، جبر سے کسی سے کام لینا

قِسراق: (ت) چنچل دوشیزہ

قَسری: (ع) بر خلاف طبیعت، بلا ارادہ، غیر طبیعی، مائل بہ جبر، مجبور کرنا، جبری

قِسط: (ع) ٹکڑا، داد، نصیب، مقدار، جز

قِسطاس: (ع) ترازو، میزان

قِسط بندی: اگر کسی کے ذمے قرضہ ہے تو اس کی قسطیں مقرر کر دینا

قَسطل، قسطلان: (ع) میدان جنگ کا گرد و غبار

قُسطَنطِنیہ: ترکی کا ایک شہر جسے اب استنبول کہتے ہیں

قسطنطین: استنبول سے متعلق

قِسطی: قسطوں میں ادا ہونا یا کرنا

پرداخت قسطی: قسطوں میں ادائیگی

معاملات قسطی: قسطوں کی بنیاد پر طے ہونے والے معاملات

قِسَم: (ع) سوگند، حلف

قسم خوردن: حلف اٹھانا

قسمِ دروغ: جھوٹی قسم

قسم دروغ خورد کہ آنجا خواہد رفت: اس نے جھوٹی قسم کھائی کہ وہ اس جگہ جائیگا

بخدا قسم: خدا کی قسم

قِسم: (ع) طرح، نوع، وضع، ڈھنگ، کیسا (اقسام جمع)

این چہ قسم پرندہ است: یہ کس قسم کا پرندہ ہے

این کار را چہ قسم باید انجام داد: یہ کام کیسے انجام دینا چاہیے

چہ قسم: کس قسم کا، کس طرح کا

قِسماً: (ع) جزی طور پر

قِسمت: (ع) جز، حصہ، بہرہ

قسمت زیادی ازآن فروختہ شد: اس کا زیادہ حصہ فروخت ہو گیا ہے

قسمت: نصیب، بخت، تقدیر

قسمت آزمای: بخت آزمای، نصیب آزمانا

قسمت پذیر: قابل تقسیم، جو تقسیم ہو سکے

قسمت کردن: حصہ داری کرنا، حصہ دینا

قسمت من از روز ازل این بود: میرا نصیب تو روز ازل ہی سے ایسا تھا

قسمت ناپذیر: جو تقسیم نہ ہو سکے

قسمت نامہ: حلف نامہ، تحریری طور پر قسم کھانا

خدا قسمت کند کہ باہم می رویم: خدا کرے کہ ہم مل کر جائیں

قابل قسمت: تقسیم ہونے کے قابل، جو تقسیم ہو سکے

قسوَت: (ع) قساوت، بے رحمی، سنگدلی، سختی

قسورہ: (ع) درندہ شیر، قوی اور دلیر جوان

قسی: (ع) سخت، سخت دل

قسی القلب: سنگدل

قسیس: (ع) کشیش، پادری، قساوسہ جمع

قسیم: قسمت، نصیب نیز تقسیم کرنے والا، حسین و جمیل، زیبا، رعنا

قش: (ع) خاکروبہ (۲) چھوٹی کھجور، بڑا ڈول

قشاغی: (ت) قشاوہ، قشو، کھردری کنگھی، گھوڑے کے جسم پر پھیرنے والا کھرکھرا

قشر: (ع) میوے کا چھلکا، ظاہری صورت، بالائی سطح، چھال (قشور جمع)

قشر زمین: زمین کی بالائی سطح

قشر نان: روٹی کا پرت

قشر: چھلکا اتارنا، چھیلنا، جلد اتارنا

قشر بندی: ظاہری سطح درست کرنا

قشردار، قشر مانند، قشری: جس کے اوپر چھلکا ہو، جس کی بالائی سطح پر چھال ہو

قشعریرہ: (ع) لرزہ، لرزش، شدت سرمایا دہشت کی وجہ سے جسم کانپنا

قشقہ: تلک، ٹیکا، ماتھے پر نشان جو لگایا گیا ہو

قشقون: (ت) گھوڑے کی دمچی، گھوڑے کا پٹھا

قشلاق: (ت) سردی کا موسم گزارنے کےلیے نسبتاً گرم جگہ، گر مسیر متضاد ییلاق گرمیوں کا موسم گزارنے کی جگہ

قِشم: (ع)(۱) سطح زمین پر پانی کا راستہ (۲) طبیعت، حال، ہئیت (۳) بریاں شدہ گوشت

قشم: بندر عباس (ایران کی بندر گاہ) کے جنوب مغرب کا

ایک جزیرہ

قشمشم: غشمشم (۱) دلیر، نڈر، صاحب عمل، سرگرم، خودرای، خود نما

قشنگ: خوبصورت، زیبا، دلربا، عمدہ، خوب

او خیلی قشنگ بازی می کرد: وہ بہت عمدہ کھیلتا تھا

دختر قشنگ: خوبصورت لڑکی

قشنگ کردن: خوبصورت بنانا

قشنگ: خوبصورتی، زیبائی، رعنائی، دلربائی

آن دختر ہم قشنگی داشت و ہم زرنگی: وہ لڑکی بہت خوبصورت بھی تھی اور دانا اور چست و چالاک بھی تھی

قشو: (ت) دھات کا کھردرا شانہ جو گھوڑے کے جسم پر پھیرتے ہیں، کھرکھرا

قشوکردن: کھرکھرا کرنا

این اسپ را چند روز است کہ قشو نکردہ اند: چند روز سے اس گھوڑے پر کھرکھرا نہیں کیا گیا

قشور: (ع) قشر کی جمع، دیکھیے قشر

قشون: (ت) لشکر، فوج، عسکر

قشون اشغالی: قبضہ کرنے والی فوج

قشون پیادہ: پیادہ فوج

قشون سنگینی بجنگ او آمدند: اس سے جنگ کرنے کے لیے متعدد فوج آئی

قشون سوارہ: سوار فوج

قشونی: لشکر سے متعلق

قصّ: (ع) سینہ، سینے کا درمیانی حصہ

عظم قص: سینے کی پسلی

قصّاب: (ع) قصائی، بوچڑ، گوشت فروش

قصاب خانہ: مذبح، جہاں جانور ذبح کیے جاتے ہیں

قصّابی: جانور ذبح کرنے کا کام یا پیشہ

قصابیہ: مذبح کا ٹیکس

قُصّاد: قاصد کی جمع، پیغام لانے لے جانے والے، ایلچی

قصار: (ع) آخری حد، آخری حصہ

قِصار: (ع) قصیر کی جمع، چھوٹے چھوٹے، مختصر

کلمات قصار: مختصر مگر جامع کلمات، کم لفظ مگر پر معنی

قصّار: (ع) دھوبی

قصارت: (ع) چھوٹا، کوتاہ

قصارت: (ع) ایک ذاتی کمرہ، خلوت گاہ، خلوت میں گفتگو کرنا، تخلیہ، خلوت گاہ میں ملاقات کرنا

قصارت: (ع) کپڑے دھونے کا کام

قُصارہ: (ع) وسیع اور حصار دار مکان

قصاص: (ع) خون بہا، تلافی، جزا، مکافات

قصّاص: (ع) قصہ گو، داستان گو، محفل میں قصہ گوئی کرنے والا

قصاص: ایک قسم کا چھوٹا سا درخت جس پر شوخ زرد رنگ کے گچھے آتے ہیں

قصاصاً: (ع) قصاص کے طور پر

قصائد: (ع) قصیدہ کی جمع، نظمیں جو کسی کی تعریف و توصیف میں کہی جائیں

قصَب: (ع) (۱) نرسل، سرکنڈا (۲) نے، بانسری، مرلی (۳) ایک عمدہ قسم کا کپڑا، کتان کا کپڑا

قصب پستن: عمدہ قسم کا کپڑا پہننا

قصب مصر: مصر کا بنا ہوا کپڑا

قصبات:(ع) قصبہ کی جمع، گاؤں

قصَب الجیب:(ع)(۱)قلم، گنّا

قصب الریہہ:(ع) حلق کی نالی جس سے سانس لیا جاتا ہے

قصبَ السبّق:(ع) بانس جو گھوڑ دوڑ میں گول کا کام دیتا ہے

قصب السُکّر:شکر، گنا نیشکر

قصب پوش:کتان کے کپڑے پہننے والا

قصبہ:(ع) گاؤں (قصبات جمع)

قصبہ صغریٰ:پنڈلی کي باہر کی طرف کی ہڈی

قصبہ کبریٰ:پنڈلی کی ہڈی

نزلہ قصبۃ الریہہ:برونکائیٹس کا مرض

خزع قصبۃ الریہہ:ہوا کی نالی

قصَبی:بانسری کی طرح

قصبی:کتان کے کپڑے کا ٹکڑا

قصد:(ع) ارادہ، مقصد

قصدِ جان عدوی خود کردہ بود:اس نے اپنے دشمن کی جان لینے کا ارادہ کیا تھا

قصد دارم اینجا توقف کنم:میرا ارادہ ہے کہ یہاں ٹھہروں

قصد کردن:ارادہ کرنا

قصدم این نبود:میرا ارادہ یہ نہ تھا

از قصد یا بقصد:ارادے کے ساتھ

فقط بقصد دیدن شما آمدم:میں فقط تمہیں دیکھنے یا تمہاری ملاقات کے لیے آیا ہوں

قصداً:(ع) بالارادہ، ارادے کے ساتھ، عمداً

من قصداً این حرف را بزدم:میں نے عمداً یا بالارادہ یہ بات کہی

قصدی:ارادے سے، بالارادہ، عمداً

قصر:(ع) محل، قلعہ (قصور جمع)

قِصَر:(ع)(۱)چھوٹا (۲)بے اختیار، کوتاہی

قصر کردن:چھوٹا کرنا

قصر:(ع) چھوٹا ہونا، اختصار کوتاہی

قصر شیریں:کرمانشاہ کے مغرب میں ایک گاؤں

قُصرَت:(ع) ایجاز، اختصار، چھوٹا پن

قصری:(ع) محل جیسا

قِصَص:(ع) قصہ کی جمع

قِصصُ الانبیا:(ع) انبیاے کرام کے متعلق روایات و بیانات

قصص الاولیا:(ع) اولیا کے متعلق روایات و بیانات

قصعَہ:(ع) بڑی طشتری

قَصم:(ع) توڑنا، الگ کرنا، جدا کرنا

قُصور:(ع) نا کامی، کوتاہی، بھول چوک، کام چھوڑ دینا عیب، خطا

قُصور کردن:ناکام ہونا، کوتاہی کرنا، بھول چوک ہو جانا

از انجام وظیفہ خود قصور کرد:اس نے اپنے فرائض انجام دینے میں کوتاہی کی

قصور:(ع) قصر کی جمع

قصور مند:کوتاہی کرنے والا

قُصویٰ:(ع) بہت زیادہ دور، اقصیٰ

قِصّہ:(ع) کہانی، داستان، حکایت، افسانہ

قصہ دراز کردن:کہانی کو طول دینا

قصہ کردن:بیان کرنا، حکایت بیان کرنا

قصہ کوتاہ کردن:قصہ مختصر بیان کرنا، داستان مختصر طور سے سنانا

القصہ:(ع) حاصل کلام یہ کہ

قصہ ای:کہانی کے طرز کا، غیر تاریخی، غیر یقینی، فرضی

قصہ خوان:کہانی بیان کرنے والا، داستان گو

قصہ خوانی:کہانی بیان کرنا، کہانی پڑھ کر سنانا

بازار قصہ خوانی:پشاور کا ایک مشہور بازار

قصہ گذار:قصہ گو، کہانی بیان کرنے والا

قصہ نویس:قصے کہانیاں لکھنے والا، فرضی داستانیں لکھنے والا

قصی:(ع) دور، بعید

قصی:(ع) سینے کی پسلی کے متعلق

قصِیدہ:(ع) وہ نظم جو کسی کی تعریف و توصیف پر مشتمل ہو یا وعظ و نصیحت یا شکایت روزگار وغیرہ سے متعلق ہو (قصائد جمع)

قصیدہ سرا:قصیدہ گو، کسی کی تعریف و توصیف کی نظم سنانے والا

قِصیر:(ع) چھوٹا، کوتاہ

قامت قصیر:کوتاہ قد، پست قد

قصیر البَصر:(ع) جس کی نظر کمزور ہو

قصیر العقل:(ع) کم عقل

قصیر القامہ:(ع) چھوٹے قد کا، پست قد

قصیل:سبز فصل کے کھیت جن کی کٹائی کرکے جانوروں کو چارا دیا جائے

قضا:(ع) تقدیر الٰہی، قسمت، مقدر، نوشتہ تقدیر (۲)فیصلہ، اتفاق، حادثہ (۳)وہ نماز جو وقت گزر جانے کے بعد ادا کی جائے

قضایٔ حاجت:بول و براز سے فراغت حاصل کرنا، پاخانہ کرنا

قضا شدن:نماز کا وقت پر ادا نہ ہو سکنا

قضا کردن:فیصلہ دینا

قضای ناگہانی:اچانک حادثہ

از قضا:اتفاق سے

از قضاتشنہ بود:کچھ ایسا ہوا کہ وہ پیاسا تھا

قضاۃ:(ع) قضات، قاضی کی جمع، شرعی احکام کے مطابق فیصلہ دینے والے منصف

قضاوَت:(ع) حکم کرنا، فیصلہ دینا، فیصلہ، قوت فیصلہ

قضای:(ع) عدالتی، عدالت سے متعلق (قضائیہ جمع)

مراحل قضائیہ:عدالتی مرحلے

قضائیات:قانونی کارروائی سے متعلق

قضایا:(ع) قضیہ کی جمع، احکام، فرامین، صورت حالات، مباحثے

قضبان:(ع) شاخیں، قضِیب کی جمع

قضِیب:(ع) شاخ، چھڑی، آلہ تناسل (قضبان جمع)

قضیّہ:(ع) مقدمہ، نزاع، جھگڑا، مسئلہ، خبر، حکم، معاملہ، دعویٰ، واقع، فرمان

چہ قضیہ است؟مسئلہ کیا ہے؟ معاملہ کیا ہے؟

نمی دانم قضیہ چہ بود؟میں نہیں جانتا، مسئلہ یا جھگڑا کیا تھا؟

از قضایاہی خبر بود:ان مسائل سے وہ بے خبر تھا

قط:(ع) قلم کی نوک

قط زن:قلم کی نوک کاٹنے والا، قلم کو لکھنے کے قابل بنانے والا

قط:(ع) ہرگز، بس

قطا:(ع) ریتلی زمین کا پرندہ

قطاب:(ع)(١)ملنا جلنا، آمیختگی، امتزاج(٢)گریبان

قُطابہ:(ع) گوشت کا ٹکڑا

قطابہ:(ع) حلوا و نان، روغنی روٹی

قطات:(ع) ایک پرندہ جو کبوتر کے برابر ہوتا ہے

قطار:(ع)(١)ٹرین، گاڑی (٢)ریل کی لائین (قطر جمع)

قطار راہ آہن:ریلوے ٹرین

قطار ساعت پنج از ایستگاہ حرکت کرد:گاڑی سٹیشن سے پانچ بجے چلی

قطار شُتر:اونٹوں کی لائین

قطار شدن:صف میں کھڑے ہونا

قطار کردن:لائن باندھنا، صف میں کھڑے ہونا

قطار:(ع) طرف، جانب، علاقہ، ملک

قطارچی:(ع) وہ شخص جس کے ہاتھ میں چلتے ہوئے جانور کی باگ ڈور ہو، اونٹ چلانے والا

قطاریق:(ع) شور، جنگ کا شور و غوغا، فریاد و فغان، ہیا و ہو

قُطاس:(ع) ایک بڑا سمندری جانور، مگر مچھ، ماہی پستان دار

قِطاع:قطعہ، دائرہ، کٹا ہوا ٹکڑا

قَطّاع:(ع) قاطع کی جمع، قطع کرنے والا

قطاع الطریق:(ع) رہزن

قطاف:(ع)(١)انگوروں کا سرکہ، (٢)پھل چننے کا وقت

قطافی:سرکہ، انگور اکٹھے کرنا

قطائف:قطیفہ کی جمع، دیکھیے قطیفہ

قُطب:(ع) وہ ستارہ جو ہمیشہ شمال کی طرف نظر پڑتا ہے، محور قطب شمالی، محورارض کا شمالی قطب

قطب شمالی:محورارض کا شمالی قطب

زمین دو قطب دارد:زمین کے دو قطب ہیں، قطب شمالی اور قطب جنوبی

مدار قطب جنوبی::جنوبی قطب کا دائرہ

مدار قطب شمالی:شمالی قطب کا دائرہ

قطب الدین:(ع) اسم ذات، دین کا محور

قطب نما:قطبوں کے دریافت کرنے کا آلہ

قُطبی:قطب سے متعلق

ستارہ قطبی:قطبی تارہ

مدارات قطبی:قطبی دائرے

نواحی قطبی:قطب کے اردگرد کے علاقے

قطبَین:(ع) دو قطب

قطبین زمین:زمین کے دو قطب، قطب شمالی و قطب جنوبی

قُطبیّت:قطب سے متعلق

قُطر:(ع)(١)وسط دائرہ کا خط، ڈایا میٹر (٢)موٹائی، (٣)ملک، علاقہ

قُطرِ چوب چہ قدر است؟لکڑی کتنی موٹی ہے؟

قطرِ زمین چہ قدر است؟زمین کا وسطی خط کس قدر لمبا ہے؟

قطر چہار گوش:مستطیل یا مربع کے درمیانی و سطحی قطر کی لمبائی، قطر کی جمع اقطار

اقطار عالم:ممالک دنیا

قِطر:(ع)(١) تانبا، پگھلا ہوا تانبا (٢)بارش کی بوند، بارش

قطرات:قطرہ کی جمع

قطران: سیاہ رنگ کا مادہ تارکول

قطران مالیدہ: قطران زدہ

قطران: قطرہ قطرہ ٹپکنا:

قُطرب: (ع) (۱) چور، بھیڑیا (۲) جاہل

قطرِہ: (ع) بوند، بارش کی بوند

قطرِہ قطرہ: بوند بوند، قطرہ بقطرہ

قطرہ قطرہ چکیدن: بوندیں پڑنا

قطرہ قطرہ سیل گردد و آنگہی دریا شود: بارش کے قطروں سے سیلاب آ جاتا ہے اور پھر سیلاب سے دریا بن جاتا ہے

قطرہ چکان: بوند بوند ٹپکانے والی نالی، ڈراپر

قطع: (ع) (۱) کاٹنا، تراش (۲) توڑ دینا (۳) عبور (۳) شکل، اندازہ، وضع

قطعِ امید: نا امید ہو جانا

قطعِ درخت: درخت کا کاٹنا

قطع دعویٰ: قانونی دعوے کا فیصلہ

قطع دوستی: دوستی ختم ہونا، دوستی کا رابطہ ختم ہو جانا

قطع رابطہ: تعلق ختم ہونا

قطع راہ، قطع مسافت: مسافت طے کرنا

قطع رِحم: رشتہ داری کے پیوند ختم ہونا

قطع شدن: کٹ جانا، ختم ہو جانا، ٹوٹ جانا

قطع طریق: رہزنی

قطع کتاب: کتاب کا سائز

قطع کردن: کاٹنا

قطع کلام: کسی کی بات کاٹنا

قطع نظر از: اس کے سوا، تاہم اس پر بھی، اس کے علاوہ

قطع نظر ازخواص دیگر: دوسری خاصیتوں یا اوصاف کے علاوہ

بطور قطع: قطعاً

قیمتش را اول باید قطع کرد: چیز کی قیمت پہلے سے طے کر لینی چاہیے

قَطع: (ع) دیکھیے قطعہ

قطعات: دیکھیے قطعہ

قَطع نامہ: تحریری فیصلہ

قِطعہ: (ع) ٹکڑا، حصہ، جز

یک قطعہ راہ آہن را آن شرکت ساخت: ریل کا ایک حصہ اس کمپنی نے بنایا (قطعات جمع)

قطعہ زمین: زمین کا کچھ حصہ، زمین کا ٹکڑا

قطعات پنج گانہ: پانچ براعظم

قطعات مُنتخبہ: منتخب ٹکڑے

قَطعہ قطعہ کردن: ٹکڑے ٹکڑے کرنا

قطعی: (ع) یقینی، حتمی طور سے

جنگِ قطعی: فیصلہ کن جنگ

قرارِ قطعی: حتمی فیصلہ

قیمت قطعی: مقررہ قیمت

قطعیاً: قطعی طور سے

قطعیِّت: یقینی وضاحت، یقینی ہونا، مسلّم ہونا

قطف: انگور اکٹھے کرنا، انگوروں کی فصل

قطف: (ع) نشان، اثر، خراش کا نشان

قِطمیر: (۱) باریک جلد یا پوست، کھجور کی اوپر کی

پتلی جلد، کھجور کی گٹھلی، بہت تھوڑی چیز کا کنایہ

قُطْن: روئی، پنبہ

قَطَن: (ع) دونوں چوتڑوں کا درمیانی حصہ، کمر، پٹھا، صلب، کمر کی خمیدگی

قطنی: روئی کا بنا ہوا

قُطُوب: (ع) قطب کی جمع

قطور: (ع) (۱) گہرا بادل (۲) بہت بڑی جسامت کا، موٹا

قطوع: (ع) قطع کرنے والا، بہت کاٹنے والا

قطونا: (ع) ایک دوائی ہے جس کا لعاب بہت مفید ہوتا ہے

قطیعہ: (ع) جدائی، کٹ جانا

قطیفہ: (ع) تولیا جس سے غسل کے بعد جسم صاف کیا جاتا ہے (قطایف جمع)

قعر: (ع) (۱) تہ، گہرائی (۲) خلا، گودی، سوراخ، قعور جمع

قعرِ دریا: دریا کی گہرائی، سمندر کی گہرائی، سمندر کی تہ

قَعقَعہ: (ع) جھنکار، جھنجھناہٹ، ٹھن ٹھن کی آواز، اسلحہ کے ٹکرانے کی آواز

قُعود: (ع) بیٹھنا

قعود کردن: بیٹھنا

قیام و قعود: اٹھنا، بیٹھنا، قیام کرنا

قعور: دیکھیے قعر

قطُوع: (ع) بہت قطع کرنے والا، الگ الگ کرنیوالا

قطِیعہ: (ع) الگ ہونا، کٹ جانا

قعید: (ع) ساتھی، رفیق، محافظ فرشتہ

قعِیر: (ع) گہرا

قف: (۱) تازہ سبزی، (۲) خشک سبزی، (۳) بلند زمین، (۴) گہرا بادل

قَفا: (ع) پشت گردن پیٹھ، جسم کا پچھلا حصہ

قفاخوردن: گردن کے پیچھے تھپڑ لگنا

قفا دادن، قفازدن: گردن کے پیچھے چپت لگانا

از قفااو رفتم: میں اس کے پیچھے گیا

در قفا: کسی کے پیچھے

قفا دار: مددگار

قفار: (ع) قفر کی جمع، بیابان جہاں پانی اور نباتات نہ ہو

قفّال: (ع) قفل ساز، تالے بنانے والا

قفائی: ایک خوشبودار بوٹی کے پھول اور شاخیں، جو خوشبو بسانے کے لیے کپڑوں کو لگاتے ہیں

قفر: بے آب بیابان، جہاں سبزہ نہ ہو، خشک اور بے حاصل جگہ

قَفس: پنجرا

در قفس کردن: پنجرے میں ڈالنا

طوطی از قفس بیرون آمد: طوطا پنجرے سے باہر آیا

قفس سینہ: صدر، سینہ

قفس ساز: پنجرے بنانے والا

قَفسِہ: پنجرے کیمانند، خانہ دار جگہ جہاں کھانے کی چیزیں یا کتابیں وغیرہ رکھتے ہیں، الماری کے اندرونی تختے

قفسہ کتاب: کتابوں کا شیلف

قفسہ بندی: چیزیں رکھنے کے لیے خانہ دار جگہ بنانا

قفقاز: کاکیشیا ملک

جبال قفقاز: کاکیشیا کا پہاڑ

قفقازی: کاکیشیا کا رہنے والا

قفقازیہ: قفقاز

قُفل: (ع) تالا

قفل انداختن: تالا لگانا

قفل بر دہن زدن: خاموش ہو جانا

قفل بر دہن کسی زدن: کسی کو رشوت دے کر اس کا منہ بند کر دینا

قفلِ رمزی: خاص تدبیر سے کھلنے والا تالا

قفل زدن، قفل کردن: تالا لگانا

قفل ساز: تالے بنانے والا، قفل گر

قفلی: جس پر تالہ لگا ہوا ہو، قفل نما

قفُول: قفل کی جمع

قفوی: گردن کے پچھلے حصے کے متعلق

عضلہ قفویہ: گردن کے پچھلے حصے کے پٹھے

قفِیز: (ع)(۱)اناج وغیرہ ناپنے کا پیمانہ (۲)مدت، عرصہ زمانی

قفیزش پرشد: اس کی زندگی کا پیمانہ پر ہو گیا ہے، اس کا عرصہ حیات ختم ہو گیا ہے

قفیز: (ع) عمر بسر ہونا

قفِیلی: طفیلی، بن بلایا مہمان کسی دوسرے بن بلائے مہمان (طفیلی) کے ساتھ آنے والا

قفیلی شدن: کسی بن بلائے مہمان (طفیلی) کے ساتھ چلا آنے والا

طفیلی یک قفیلی: ہر بن بلاے مہماں کے ساتھ ایک اور طفیلی

قُقنُس: ایک افسانوی خوش رنگ پرندہ جس کی آواز سے حکمائے فن موسیقی ایجاد کیا، مشہور ہے کہ یہ پرندہ یونان میں تھا

ققنوس: ققنس

قُل: (ع) کہو، (قول سے)

قُلّ: (ع) قلت، کمی

قُلاب: حلقہ، مچھلیاں پکڑنے کا آلہ

قلاب ماہی گیری: مچھلیاں پکڑنے کا آلہ

قلاب شدن: :(۱)بھوک سے بیتاب ہونا (۲)حلقے سے بندھنا اور لٹکنا، حلقے کی طرح خمیدہ ہونا

قلاب کردن: حلقے سے باندھنا، لٹکانا

قَلّاب: کھوٹے یا جعلی سکے بنانے والا

قلاب دُوز: زردوزی کرنے والا

قلاب دوزی: زردوزی، سوزن کاری سے کپڑوں وغیرہ کو منقش کرنا

قلاب سنگ: گوپیا، جس میں پتھر رکھ کر سنگ اندازی کرتے ہیں، فلاخن

قلابہ: (ع) قلاب

قلابی: (ع) ٹیپ ٹاپ کرکے قابل قبول بنانا، بناوٹی چیزیں، چالبازی، مکاری، دھوکا، کھوٹ، جعل سازی

آدم قلابی: دھوکے باز، فریبی، جعل ساز، دغا باز

جنس قلابی: بناوٹی چیزیں

قُلات: دیکھیے قلہ

قلاچ: (ت)(۱)لمبائی ناپنے کا پیمانہ (۲)کمان زور سے کھینچنا، چلہ چڑھانا

قلادِہ: (ع) گردن بند، گلو بند، گلے کا زیور، چمپاکلی،

بار، کنٹھا (قلائد جمع)

قلاسنگ:فلاخن، گوپیا، سنگ اندازی کا آلہ

قلّاش:مکار، بے عزت، غنڈہ، مفت خور، مفلس، ذلیل کمینہ

قلاشی:مفلسی، مکاری، بےغیرتی، ذلت، کمینہ پن

قِلاع:(ع) قلعہ کی جمع

قلاغُوز:(ت) قلاغوز، رہنما، رہبر

قلائد:قلادہ کی جمع، قلادہ دیکھیے

قلب:(۱)دل (۲)دماغ، کسی چیز کا درمیانی حصہ

قلب بِین:آلہ جس سے دل کی کیفیات کا پتا چلتا ہے

قلب کردن:ترتیب بدلنا

قلب لشکر:فوج کا وسطی حصہ

رقیق القلب:نازک دل

قلب:لوٹانا، الٹا کرنا، کھوٹ ڈالنا

زر قلب، سکہ قلب:کھوٹا سونا، سونا جس میں ملاوٹ کی گئی ہو

قلباً:(ع) دل سے

قلباً او را دوست دارم:میں اسے دلی دوست سمجھتا ہوں

قلب زن، قلب ساز:بناوٹی سکے بنانے والا، جعلی سکے بنانے والا

قلب سازی:جعلی سکے بنانا

قلب شناس::بناوٹی سکوں کو پہچاننے والا

قلب گاہ::لشکر کا درمیانی حصہ

قُلبِہ:گردہ

قلبہ:ہل

قلبہ رانی:ہل چلانا

قلبہ سنگ:دیکھیے قلوہ سنگ

قلبی:دلی

محبت قلبی:دلی محبت

مرض قلبی:دل کی تکلیف

قلبی شکل:قلب کی طرح کی شکل

قلپاق:(ت) ایک قسم کی اونچی ٹوپی

قِلّت:(ع) کمی، کمیابی

قلت خون:خون کی کمی

قلت عقل:عقل کی کمی

قلتاق:(ت) کاٹھی، گھوڑے کی زین جو لکڑی سے تیار کی جائے

قلتبان:دیوث، بےغیرت، قرمساق، جو اپنی بیوی کو بھی دوسروں کے حوالے کردے

قلتبانی:بے غیرتی، بے حیائی

قِلِج:(ت) شمشیر، تلوار

قلچاق:(ت) آہنی دستانہ

قلچماق:(ت) پرزور، قوی پنجہ شخص، دلیر، شجاع

قُلزم:مصر اور مکہ کے درمیان ایک قدیمی شہر

بحر قلزم:نہایت گہرا سمندر

قلطبان:قلتبان

قلع:رانگ، قلعی، جس سے قلعی کرکے پیتل کو سفید کیا جاتا ہے

ورقہ قلع:قلعی کا پترا

باقلع پوشاندن:قلعی کرکے چمکانا، سفید کرنا

قلع:(ع)استیصال، جڑ سے اکھڑنا، اکھاڑنا۔

قلع و قمع:بیخ و بن سے اکھاڑنا، غارت کرنا۔

قَلع- قلِع:(ع)بخار میں وقفہ (فترت تپ)۔

قلع گر:قلعی گر۔

قلعگی:شہر یا قلعہ کی محافظ فوج۔

قَلعہ:(ع)سنگیں اور محفوظ عمارت، جس میں فوج رہتی ہے، قلعہ جات اور قلاع جمع۔

قلعۂ نظامی:فوجی قلعہ، مستحکم قلعہ۔

قلعہ بان:قلعے کی حفاظت کرنے والا۔

قلعہ بگی:دربان۔

قلعہ بند:جسے فوجی قلعہ میں بند کردیا ہو۔

قلعہ دار:فوج کا کمانڈر۔

قلعہ شِکن:قلعہ کو تباہ کرنے والا۔

قلعہ کُشا:فاتح، قلعہ کا دروازہ کھولنے والا، قلعہ فتح کرنے والا۔

قلعہ کُوب:قلعہ مسمار کرنے والا۔

قلعہ گاہ:قلعہ، محفوظ جگہ۔

قلعہ نشین:(۱)محاصرے میں آیا ہوا (۲)قلعہ میں رہنے والا۔

قلعی:(ع)ٹین، سفید دھات۔

قلعی کردن:پیتل وغیرہ کا برتن جس کی چمک دمک ختم ہوچکی ہے اسے قلعی کرنا۔

قُلف:(ع)جس کا ختنہ نہ ہوا ہو۔

قُلفہ:(ع)گھونگٹ، غلاف یا حشفہ کے اوپر کا چمڑا۔

قَلق:(ع)اضطراب، تشویش، رنج، بیقراری، بیکلی۔

قِلق:(ع)حالت، عادت، کیفیت مزاج۔

بد قِلق:بد خو، بد مزاج۔

قُلق:(ت)رشوت۔

قلقاس:(ع)مصری سیم یا لوبیا

قُلقُل:غلغل (ع)غرارہ، غرارہ کرنا۔

قُلقلہ:غلغلہ:شور و غل۔

قُلل:(ع)جمع قلہ، چوٹیاں۔

قلَم:(ع)کلک، خامہ، لکھنے کی کلک جو نرسل سے بناتے ہیں، لکھنے کا انداز۔

قلم این جا رسید و ہس شکست:لکھتے ہوئے قلم یہاں تک پہنچا تھا کہ اس کی نوک ٹوٹ گئی۔

قلم آہنی:لوہے کا قلم۔

قلم افتادگی:قلم چھوٹ جانا، لکھتے ہوئے کچھ نظر انداز ہو جانا۔

قلم انداز:شکستہ لکھا ہوا۔

قلم اندازی:شکستہ لکھنا۔

قلم بقلم:تفصیل سے۔

قلم حجاری:بسولی، صنعت کاری کا ایک آلہ، چھینی۔

قلم خوردگی:متن کی تبدیلی۔

قلم خوردن:کسی تیار شدہ بیان وغیرہ کا قلم زد ہوجانا، یا منسوخ ہو جانا۔

قلم دادن:پیش کرنا، دکھانا، ظاہر کرنا۔

خوش قلم:خوبصورت لکھنے والا۔

قلماش:(ت)یاوہ گو، ہرزہ سرا، بیہودہ باتیں کرنے والا، دروغ گو۔

قلمچِہ:(ع)قلمہ، شاخ، خصوصاً پودے کی قلم لگانے کے لیے۔

قلم خوردہ:قلم زد کیا ہوا، کاٹا ہوا۔

کلماتِ قلم خوردہ را معائنہ کردند:انہوں نے تبدیل کیے یا کاٹے ہوئے الفاظ کا جائزہ لیا۔

قَلمداد:شمار میں لایا گیا، حساب کیا گیا، اعلان کیا

گیا۔

قلمداد کردن:شمار میں لانا، اعلان کرنا، ظاہر کرنا۔

مبالغ زیاد قلمداد کرد:اس نے زیادہ رقم ظاہر کی۔

خود را شخص عالمی قلمداد کرد:اس نے اپنے آپ کا بین الاقوامی حیثیت حاصل کرنے کا ادعا کیا۔

قلمدادی:ظاہر کیا گیا۔

مبالغ قلمدادی چه قدر بود:کتنی رقم شمار میں لائی گئی، کتنی رقم کا اعلان کیا گیا۔

قلمدان:قلم وغیرہ رکھنے کا چھوٹا سا لکڑی کا بکس۔

قلمدانی:قلمدان کی شکل کا۔

قلمرَو:سلطنت، ملک، ریاست۔

این دو ولایت در قلمرِو او نبود:یہ دو صوبے اس کی سلطنت میں شامل نہ تھے۔

قلمزدِگی:قلم زد ہونا، منسوخ ہونا، جو منسوخ کیا گیا ہو، جس پر خط یا طل کھینچا گیا ہو۔

قلم زن:لکھنے والا، نویسندہ، محرر (۲)منبّت کار (۳)شیخی باز۔

قلم زنی:(۱)لکھنا، تحریر کرنا منبّت کاری، شیخی بگھارنا۔

قلمِستان:نرسری، پرورش گاہ، پودگھر، پود کیاری جس میں پودے ابتدا میں نشو و نما پاتے ہیں،۔ جہاں سے لوگ انھیں لگانے کے لیے حاصل کرتے ہیں۔

قلم کار:منبت کاری کرنے والا، منقش کرنے والا، کندہ کرنے والا۔

قلم کار:کپڑے پر نقش و نگار کرنے والا، رنگ بھرنے والا، نقاش۔

قلم کاری:منبت کاری۔

قلم کشی:لکھنا۔

قلمِ مداد:پنسل۔

قلمِ مُو:تصویریں بنانے والا برش۔

قلمُون:رنگ برنگ، طرح طرح۔

قلمِه:(۱)تراش، قاش، کٹا ہوا ٹکڑا (۲)پیوند، قلم، وہ شاخ جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لگائی جائے، درختوں کو پیوند کرنے کا عمل۔

قلمه زدن-قلم کاری کردند:درخت کی پودلگانا، شجر کاری کرنا، درخت کو پیوند لگانا۔

قلمی:(۱)ہاتھ سے لکھا ہوا مسودہ (۲)سیدھا۔

قلمی داشتن:خود قلم سے تحریر کرنا۔

قلمی شدن:لکھا جانا۔

دماغ قلمی:سیدھی نازک ناک۔

قُلُنبه:دشوار، سخت، ناہموار۔

کلمات قلنبه:سخت اور درشت باتیں کرنا، بیجا عبارت آرائی۔

قلندر:آزاد درویشوں کی ایک قسم جو روحانیت کی طرف مائل ہو، جو دنیا بھر کو بھول جائے۔

قلندرانِه:درویشوں کی طرح، تارک الدنیا کی طرح۔

قلندرانه زندگی می کرد:اپنے وجود سے بے خبر زندگی بسر کرتا تھا۔

قلندروار:قلندرانہ۔

قلندری:قلندروں کی سی زندگی، بے نیازی کی زندگی۔

قَلَنسوَه:(ع)لمبی ٹوپی، کلاہ اسقفی۔

قُلوب:(ع)قلب کی جمع۔

قلّ و دلّ:(ع)مختصر اور مدلل، پر مغز۔

قُلوه:گردہ۔

قلوه سنگ:ٹوٹے ہوئے اینٹ پتھر، روڑے، کنکر۔

قُلّہ:(ع)چوٹی۔

قله این کوه ہمیشه از برف پوشیده است:اس پہاڑ کی چوٹی ہمیشہ برف سے ڈھکی رہتی ہے۔

قلةُ الکَتِف:کندھے میں ابھار پیدا ہونا۔

قُلی:(ت)بیٹا۔

قِلی:پوٹاش۔

قَلیا:الکلی سوڈا پوٹاش وغیرہ کے مرکبات، اسے قلیاب بھی کہتے ہیں، سیاہ رنگ کا جعفری نمک۔

جوہر قلیاب:کاربونیٹ آف سوڈا۔

قلیاسنج:الکلی کی تیزی کا اندازہ کرنے کا آلہ۔

قلیان:(۱)غلیان، ابلتا ہوا، جوش کھاتا ہوا (۲)حقہ۔

قلیان کش:حقہ کاکش لگانے والا۔

قلیان چاک کردن:حقہ بھرنا، حقہ تیار کرنا۔

قلیانی:جس میں الکلی شامل ہو۔

قلیب:کنواں، پرانا کنواں۔

قلیج:(ت)(۱)شمشیر (۲)فیصلہ کن کھیل۔

قُلیدس:اقلیدس، علامِ ہندسہ کا مصنف، نیز اس کا نام۔

قلیل:(ع)تھوڑا کم، مختصر۔

مدت قلیل:تھوڑا عرصہ۔

مقدار قلیل گندم باقی است:گندم کی تھوڑی سی مقدار باقی ہے۔

قلیلاً:(ع)تھوڑا سا، قدرے کم۔

قلیل البضاعت:(ع)تھوڑا سرمایہ ہونا، کم سرمایہ۔

قلیل المدت:(ع)کم عرصے کا۔

قَلیه:(ع)تلا ہوا گوشت، بریاں کیا ہوا گوشت۔

قلیه خوار:قرمساق، بھڑوا، دیوث، دلال، قلتبان۔

قُم:تہران اور کاشان کے درمیان کا شہر۔

قُم:(ع)اٹھ، برخیز۔

قم باذن الله:(ع)اللہ کے حکم سے اٹھ۔

قِمار:(ع)جوا۔

قمار باختن:جوا کھیلنا۔

قمار باز:جوے باز، جوا کھیلنے والا۔

قمار بازی:جوا کھیلنا۔

قمار خانه:جوا خانہ، جہاں جوا ہوتا ہو۔

قِماری:جوے کی طرح۔

معاملات قماری:سٹے میں روپیہ لگانے کا کاروبار۔

قُماش:(ع)اسباب خانہ متاع، کپڑا جس سے لباس یا پوشاک بنتی ہے۔

خوش قماش:اچھے کپڑے کا لباس۔

قِماط:(ع)بچے کو کپڑے میں لپیٹنا، قنداق کرنا۔

قِماطر:(ع)جمع قمطر۔

قُمبُل:چوتڑ، سرین۔

قُمپُز:یاوہ، جھوٹا، بے بنیاد دھوکا کرنے والا۔

قمپز در کردن:یاوہ گوئی، بے بنیاد باتیں کرنا۔

قُمچی:پتلی چھڑی، پتلی شاخ، تازیانہ، شلاق۔

قمچی زدن:چھڑی مارنا، تازیانہ مارنا۔

قَمح:گندم۔

قَمَحدوَه:پشت سر، کھوپڑی کا پچھلا حصہ۔

قَمَر:چاند (اقمار جمع)۔

خسوفِ قمر:چاند گرہن۔

دور قمر:چاند کا مدار۔

ربع اول قمر:قمری مہینے کا چوتھا حصہ۔

کره قمر:کرہ جس میں چاند گردش کرتا ہے۔

مدار قمر:چاند کا دورہ۔

قَمرا:(ع)قمر کی تانیث، سفید، نیز چاند کی چاندنی۔

قَمَران:سورج اور چاند۔

قَمری:چاند سے متعلق۔

حروف قمری:جن حروف سے پہلے «ال» آتا ہے

مثلاً القمر۔

محرم ماہ قمری است:محرم قمری مہینہ ہے۔

قمطر(ع) (۱)کتابیں رکھنے کی جگہ (۲)لکڑی جو مجرموں کے پاؤں میں باندھی جاتی ہے (۳)کوتاہ قد فربہ شخص۔

قمش:(ت)نرسل، سرکنڈا، بید۔

قمطریر:(ع)شدید، سخت، دشوار، تکلیف دہ۔

قمع:(ع)جڑ سے اکھیڑنا، تباہ کرنا، سرکوبی کرنا، ذلیل و خوار کرنا۔

قمقام:(۱)سمندر (۲)نہایت اہم کام (۳)بزرگ اور فیاض شخص۔

قمقمہ:(ع)پانی کی وہ بوتل وغیرہ جو شکاری اپنے ساتھ رکھتے ہیں، تھرماس۔

قمل:(ع)جوں، شپش۔

قملہ:جوں۔

قمہ:پیش قبض، خنجر، دشنہ، کٹار۔

قمہ زدن:خنجر مارنا۔

قمہ بند:خنجر سے مسلح۔

قمیص:(ع)ایک خاص قسم کا کرتہ جس میں کف اور کالر ہوتے ہیں، پیراہن۔

قنات:(ع) (۱)کاریز، پانی کی چھوٹی سی نہر جو زیر زمین بنائی جاتی ہے (۲)بید، نیزہ، برچھی (قنوات جمع)۔

قنات کندن:زیر زمین نہر کھودنا۔

قناد:(ع)حلوائی، شرینی فروش۔

قنادی:مٹھائیاں بنانے کا کام یا پیشہ۔

دکان قنادی:مٹھائیوں کی دکان۔

قنادیل:(ع)قندیل کی جمع، شمعیں، ایک قسم کے فانوس جن میں چراغ جلا کر لٹکاتے ہیں۔

قنارہ:قصابوں کا کانٹا، ہک جس میں وہ جانوروں کو ذبح کرکے لٹکاتے ہیں، کھونٹی۔

قناری:(انگ)ایک خوش آواز پرندہ، بلبل زرد۔

قناص:(ع)(۱)شکاری، صیاد (۲)کھونٹی (۳)زمین کا زاویہ دار قطعہ۔

قناطیر:(ع)اوزان، خاص مقدار کے وزن، ایک ایک سو کیلوگرام کے وزن (جمع قنطار)۔

قناع:(ع)عورتوں کا سرڈھانپنے کا کپڑا، دوپٹہ۔

قناعت:(ع)اپنی قسمت پر مطمئن ہونا، جو کچھ ملے اسی پر مطمئن ہو جانا۔

قنافذ:قنفذ کی جمع (۱)خارپشت (۲)پشتے، انبار، ریت کے تودے۔

قناویز:سرخ ریشمی کپڑا۔

قنب:کنف، سن جس سے رسیاں بنتی ہیں، بوریاں بھی اس سے بنائی جای ہیں۔

قنبر:حضرت علیؓ کا غلام۔

قنبرہ:چکاوک چڑیا سے کچھ بڑا خوش آواز پرندہ۔

قنبل:(ع)تند خو شخص، جلد غصے میں آجانے والا۔

قنبلہ:(ع)(۱)لوگوں کا گروہ (۲)گھوڑوں کا گلہ۔

قند:(ع)مصری، چینی، کھانڈ۔

قنداق:(ت)کپڑا جس میں شیرخوار بچوں کو لپیٹتے ہیں۔

قنداقی:شیر خوار بچہ جس کے ارد گرد کپڑا لپیٹا گیا ہو۔

قند داغ:ابلتا ہوا پانی جس میں چائے اور چینی ملا کر پیتے ہیں۔

قندان:چینی رکھنے کا برتن۔

قندران:گوند۔

قندز:ایک قسم کا گوشت خور جانور جو ایشیا اور یورپ کے شمالی علاقوں میں پایا جاتا ہے۔

قندک:چھوٹی قسم کا سیب، ایک قسم کی شیرنی۔

قندھار:(۱)افغانستان کا مشہور شہر۔

قندی: جس میں چینی ملی ہوئی ہو۔

قِندیل: لٹکانے والا، خوبصورت نقش و نگار والا چراغ۔

قندیل چرخ: کنایہ ہے سورج اور چاند کا۔

قندیل چی: قندیل جلانے والا۔

قِنطار: ایک سو کیلو گرام، قناطیرٌ جمع۔

قنطاریون: دیکھیے قنطوریون۔

قِنطال: قنطار۔

قنطرَہ: (ع)پل، محراب دار پل، بڑا پل۔

قنطورس: (۱)دیو مالا میں ایک جانورجس کا جسم گھوڑے کا اور سر آدمی کا ہے (۲)دو غلا، دو نسلی (۳)ستاروں کے ایک جھرمٹ کا نام (۴)شہسوار۔

قنطوریون: ایک پودا جس کے پتے لمبے اور شاخیں بہت سی ہوتی ہیں اور اس پر سرمئی رنگ کے پھول بھی بہت آتے ہیں۔

قُنفُذ: (ع)خارپشت۔

قُنُق: (ت)مہمان، مسافر۔

قنوات: (ع)قنات کی جمع، زیر زمین کھودی ہوئی نہریں جو سر زمین ایران میں ہیں انھیں کاریز بھی کہتے ہیں۔

قنُوت: (ع)فرماں برداری، اخلاص، اطاعت گزاری، دعا، عبادت۔

قنُوط: (ع)نا امیدی۔

قنُوع: (ع)قناعت، صبرو استقلال، عاجزی و انکساری سے التجا۔

قنِیص: (ع)شکار، شکاری۔

قنِیع: (ع)قانع، قناعت کرنے والا۔

قنینہ: (ع)چھوٹی سی شیشی جس میں شراب ڈالتے ہیں۔

قُوا: قوی(ع)قوت کی جمع، طاقتیں۔

تجدید قوا: باعث استحکام، کمک رسانی۔

تجدید قوا کردن: فوج کو کمک پہنچانا، امدادی فوج کا آنا۔

قوابِل: قابلہ کی جمع۔

قوّاد: دیوث، دلال، بھڑوا، قرمساق، قلتبان، عصمت کے منافی کام کرنے والا دلال، خود اپنی بیوی کو دوسروں کے حوالے کرنے والا۔

قوّاد: قائد کی جمع، قیادت کرنے والے، رہنما، پیشرو۔

قوّادی: بے غیرتی، بے حیائی کا کام، قرمساق کی طرح۔

قوارِب: (ع)قارب کی جمع، کشتیاں۔

قوارِع: (ع)قارعہ کی جمع، حادثات زمانہ، بد بختیاں۔

قوارِہ: کپڑے کا ٹکڑا، کپڑے کا بچا ہوا ٹکڑا، کپڑے کا ٹکڑا جس کی ضرورت کے مطابق کوئی چیز تیار کی جاسکے۔

بد قوارہ—بی قوارہ: جس کی ساخت اچھی نہ ہو۔

خوش قوارہ: جس کی ساخت اچھی ہو۔

قوارِیر: قارورہ کی جمع، پیشاب۔

قوّاس: (ع) (۱)تیر انداز (۲)کمانیں بنانےوالا۔

قوّاسی: تیر اندازی، کمانیں بنانے کا کام۔

قواطِع: (ع)قاطع کی جمع، قطع کرنے والا۔

قواعِد: (ع)قاعدہ کی جمع، قاعدے، اصول، ضابطے آئین، طریقے۔

قواعد دستور: صرف و نحو کے اصول۔

قواعد دینی: دین سے متعلق آئین۔

قوافِل: (ع)قافلہ کی جمع، قافلے، کاروان۔

لجاج-لجاجت: (ع)ضد، تمرد، عداوت، کینہ، لڑائی، مخالفت، عناد۔

لجاجت کردن: ضد کرنا، دل میں کینہ رکھنا، خود رائی اختیار کرنا، لڑنا۔

لجاجۃً: (ع)کینے کے طور سے، بغض و عداوت کی بنا پر۔

لجام: (ع)لگام۔

لجام گسیختن: لگام توڑ دینا، نافرمانی کرنا، سرکشی کرنا۔

لجباز: ضدی، کینہ ور۔

لجبازی: ضد، کینہ۔

لجبازی کردن: ضد کرنا۔

لُجَج: (ع)جمع لجہ۔

لجلاج: (ع)(۱)کند زبان، جو رواں بول نہ سکے (۲)شطرنج کا مشہور ناقابل تسخیر کھلاڑی۔

لجن: سیاہ رنگ کا کیچڑ، گاد جو تالاب کے نیچے جم جاتی ہے۔

لجن آلود: کیچڑ میں لت پت، کیچڑ میں لتھڑا ہوا۔

لجن زار: جہاں کیچڑ ہی کیچڑ ہو۔

لجنہ: (ع)لوگ جو حکم سننے کے لیے یا کسی امر کی وضاحت کے لیے جمع ہوں۔

لجوج: (ع)ضدی، سرکش، نافرمان، کینہ ور۔

لجوجانہ: (ع)لجاجۃً، بغض کی بنا پر کینے کے طور پر۔

لجۃ: (ع)سمندر، وسط سمندر مجازاً جس کی تہ کو نہ پہنچ سکیں، جس کی اصل حقیقت نہ جان سکیں، لجج جمع۔

لجین: (ع)چاندی، نقرہ۔

لجین: اونٹ کے منہ کی جھاگ۔

لچ: جھریاں۔

لچ افتادن: جھریاں پڑنا۔

لچ: (۱)رخسار، چہرہ (۲)برہنہ۔

لچر: پست فطرت، فرومایہ، غلیظ، آلودہ۔

لچک: سہ گوشہ رومال جو مستورات سر پر باندھتی ہے۔

لحاظ: (ع)ملاحظہ کرنا، دیکھنا، نظر ڈالنا، پاس کرنا، خیال، توجہ دینا، پاسداری، عزت، احترام، نقطہ نظر، وجہ، بنا، گوشہ چشم۔

از لحاظ: خیال سے۔

بلحاظ چند حرفی نزدم: بعض وجوہ کی بنا پر میں نے کچھ نہیں کہا۔

لحاظ صرفہ جوئی: کفایت شعاری کی بنا پر۔

لحاف: (ع)رضائی جو سردیوں میں لے کر سوتے ہیں۔

لحاف دوز: لحاف سینے والا۔

لحاف دوزی: لحاف سینا۔

لحام: (ع)گوشت کا ٹکڑا۔

لحّام: گوشت بیچنے والا۔

لحد: قبر، گور۔

لحظ: اچٹتی نظر، گوشہ چشم سے نظر ڈالنا۔

لحظات: لحظ کی جمع۔

لحظہ: لمحہ، پل، دم کے دم، آنکھ جھپکتے ہی۔

لحظہ بہ لحظہ: پل پل میں، لمحہ بہ لمحہ۔

دریک لحظہ: درلحظہ ای، پل بھر میں۔

لحم: (ع)گوشت۔ (لحام و لحوم جمع)۔

لحم گوسفند: مینڈھے گوشت۔

لحمی: (ع)گوشت سے متعلق۔

لحن: (ع)آہنگ، نوا، دُھن، کلام کی طرز ادا، سرود، سریلی آواز، خوش نوای، خوش خوانی، نغمہ۔

بلحن شیرین بامن صحبت کرد: اس نے شیریں آواز میں میرے ساتھ باتیں کیں۔

لحوق: (ع)پتلی کمر ہونا، کسی چیز کے ساتھ مل جانا۔

لحوم: (ع)لحم کی جمع۔

لحون: (ع)لحن کی جمع۔

لحیان: (ع)جس شخص کی ڈاڑھی لمبی ہو۔

لحیانی: لمبی ڈاڑھی والا۔

لحیم: (ع)فربہ، موٹا تازہ، جسیم۔

لحیم شدن: فربہ ہو جانا۔

لحیم گری: موٹا ہونا۔

لحیہ: (ع)ڈاڑھی، ریش۔

اظہار لحیہ کردن: اپنی شخصیت کا اظہار کرنا۔

لخ-لوخ: ایک خاص پودا جو پانی میں اگتا ہے، نرسل، اس کے چھلکے سے چٹائیاں وغیرہ بنتے ہیں۔

لخا: جوتا، کفش۔

لخت: ٹکڑا، ایک جزو یا حصہ۔

لُخت: ننگا، عریاں، برہنہ۔

لختِ جگر: جگر کا ٹکڑا، نہایت عزیز۔

لُخت شدن: کپڑے اتار دینا۔

لُخت کردن: برہنہ کردینا۔

دُزدھا او را لخت کردند: چوروں نے اس کے کپڑے اتار لیے۔

لخت لخت: ٹکڑے ٹکڑے، تک تک۔

لختہ: ٹکڑا، پارہ۔

لختِہ: دھبا۔

لختہ خون: خون کا دھبا۔

لختی: کچھ، چند، تھوڑا عرصہ، لمحہ بھر۔

لختی در آن نگاہ کرد: لمحہ بھر کے لیے اس طرف دیکھا۔

لخچ: سجی، زاج سیاہ۔

لخچِہ: شعلہ آتش، اخگر، جلتا ہوا کوئلہ۔

لخشان: ڈگمگاتے ہوئے، لغزش۔

لخشش: لغزش، غلطی، سہو، خطا، بھول چُوک، پھسلن۔ لرزش۔

لخشِہ: شعلہ آتش۔

لخشیدن:لغزیدن۔ لغزش ہونا، پھسل جانا، خطا کر بیٹھنا، مثال:

از تو بخشودن است و بخشیدن

از من افتادنست و لخشیدن

عطا و بخشش آپ کی طرف سے ہے اور میری طرف سے گرنا پڑنا اور خطا کرنا ہے۔

لخلخ: ضعیف، لاغر۔

لخلخہ: چند خوشبودار چیزوں کا مجموعہ مثلاً مشک وغیرہ کا مرکب۔

لد: سخت دشمن، نیز بمعنی بڑا کیسہ۔

لدغ: (ع)لدغہ، نیش، ڈنگ، کاٹنا۔

لدُن: (ع)ظرف زمان و مکان، نزد، نزدیک۔

لدُنّی: (ع)جو الہام کے ذریعے حاصل ہو۔

علم لدنی: وہ علم جو سیکھے بغیر وحی یا الہام کے ذریعے حاصل ہو جیسے کہ رسول کریم (ص)

کو حاصل ہوا۔

لدُنیّات: لدنی کی جمع، وحی و الہام سے متعلق۔

لدُود: (ع)سخت دشمنی۔

لده: پر، اوپر، نزدیک۔

لدی الحاجه: (ع)ضرورت کے مطابق۔

لدی الاقتضا: (ع)جب موقع پیدا ہوا ہو، موقع کے مطابق۔

لدی الوُرود: (ع)پہنچتے ہی، جونہی کہ آئے۔

لدِیغ: (ع)کاٹا ہوا، مار گزیدہ۔

لِذا: (ع)تب، اس لیے، اس بنا پر۔

لذّات: (ع)لذت کی جمع۔

لذاذ: (ع)لذیذ کی جمع۔

لذّت: (ع)ذائقہ، حظ، لطف، پسندیدگی، لذات جمع۔

لذت بردن: محظوظ ہونا۔

لذاتِ جسمانی: مادی یا جسمانی خواہشات۔

لذاتِ روحانی: روحانی مسرتیں۔

لذات نفسانی: نفس پرستی، شہوت پرستی۔

از معاشرت با او لذت می بریم: اس کے ملنے سے ہمیں خوشی میسر آتی ہے۔

ازین میوه لذت بردم: اس پھل کے کھانے سے لطف آیا۔

لذت بخش: مسرت بخش، فرحت بخش، خوش آئند۔

لذیذ: (ع)لذت دار، نفیس، پر لطف، مزیدار۔

میوه های لذیذ را خوش دارم: مزیدار پھل میری خوشی کا موجب ہیں۔

لر: ندی، تالاب، عبور کرنے کی جگہ، گزر گاہ۔

لُر: کمزور، لاغر۔

لُر: لرستان کا رہنے والا، الوار جمع۔

لر: (۱)مراد، مطلب (۲)بھیڑ کا بچہ میمنا۔

لُرد: میدان، گھوڑ دوڑ کا میدان۔

لِرد: مائعات میں تہ نشین ہونے والی چیز۔

لُرّد: لارڈ (انگ) حاکم اعلی، فرمانروا۔

لرز: کپکپی(بخارکی وجہ سے)ٹھنڈ لگنا، تپ لرزہ۔

لرزان: کانپتے ہوئے۔

لرزاندن: لرزیدن، کانپنا۔

این خبر او را لرزاند: اس خبر کے سنتے ہی وہ کانپ اٹھا، لرزہ براندام ہوگیا۔

دستش را عمداً می لرزاند: اس نے ہاتھ کو عمداً جنبش دی۔

لرزانک: نارنگی وغیرہ کا مُربّہ۔

لرزانیدن: لرزاندن: کپکپاہٹ ہونا۔

لرزش: کپکپاہٹ، کانپنا۔

لرزش دار: کانپتا ہوا، تھر تھراتا ہوا، لرزاں، ڈرپوک، ہچکچانے والا۔

لرزماهی: تارپیڈو۔

لرزَنده: جس پر کپکپی طاری ہو، کانپنے والا۔

لرزِه: کپکپاہٹ، لرزش، تھر تھرانا کپکپانا، رعشہ۔

از شنیدن این خبر لرزه بر اندامش افتاد: اس خبر کے سنتے ہی اس کے جسم پر کپکپی طاری ہوگئی، وہ لرزہ براندام ہوگیا۔

لرزه گرفتن: کانپنا۔

لرزه ناک: کپکپی طاری ہونا۔

لرزیدن: کانپنا، کپکپی طاری ہونا۔

لِرستان: ایران کا مغربی صوبہ۔

لزاجَت: چپک جانا۔

لِزاق: (ع)(۱)جس سے کوئی چیز چسپاں کریں، نیز (۲)جماع۔

لِزب: (ع)تھوڑی سی چیز، قلیل چیز۔

لزج: (ع)چپک جانے والی چیز، چسپندہ۔

لزُوجت: (ع)چپکنا، چسپندگی۔

لزُوق: موم آلود، مومی پارچہ جس میں چمک بھی ہو، مُشمَع۔

لزُوم: (ع)لازم ہونا، ضروری، ضروریات۔

لزوم پیدا کردن: ضروری ہونا۔

لزوم داشتن: ضروری ہونا۔

لزوم غذا خوردن: غذا کھانے کی ضرورت۔

بقدرِ لزوم: جس قدر لازمی ہو؟۔

چه لزومی دارد: کیا ضرورت ہے۔

در صورت لزوم: لازم ہونے کی صورت میں۔

در موقع لزوم: ضرورت کے موقع پر۔

لزِیر: دانشمند، ہوشمند، پرہیزگار۔

لشَرم-لشرن-:لجن، سیاہ رنگ کی گاد یا کیچڑ۔

لس: سست، بے حس، کاہل، افسردہ، پژمردہ۔

لِسان: (ع)زبان، بولی، السنہ جمع۔

لِساناً: زبانی بول چال کے ذریعے۔

لسان الثّور: (ع)گائے بیل کی زبان۔

لسانُ الصّافیر: (ع)چڑیوں کی زبان۔

لسانُ الغَیب: (ع)زبان غیب، غیب گو ، حافظ شیرازی کا لقب۔

لِسانی: زبانی، شفاہی۔

لست: قوی، فربہ۔

لسع: (ع)کاٹنا سانپ یا بچھو کا۔

لش: سست، بے حال، نیز لاش۔

لش شدن: سست ہو جانا، بیکار رہنا، مفلس ہو جانا۔

لِشاب: زمین جہاں پانی جمع ہو جائے اور اس کے کنارے پر گھاس اگ آئے۔

لِشتَن: چاٹنا، لیسیدن۔

لشک: شبنم، کہر جو سطح زمین کو سفید کر دیتی ہے۔

لشکر: فوج، سپاہ، قشون۔

لشکر انگیختن: فوج کا جائزہ لینا، رنگروٹ بھرتی کرنا۔

لشکر کشیدن: لشکر کشی کرنا، لشکر کی قیادت کرنا۔

لشک لشک: پارہ پارہ، ٹکڑے ٹکڑے۔

لشکربُد: کمانڈر (ایک ڈویژن فوج کا) امیر لشکر۔

لشکرشکُوف: لشکر کی صفوں کو درہم برہم کرنے والا دلاور۔

لشکر کَش: جنرل یا کمانڈر۔

لشکر کشی: فوجی مہم شروع کرنا، صف آرائی۔

لشکر گاہ: فوج کے ٹھہرنے کی جگہ۔

لشکر نویس: فوجیوں کا رجسٹر رکھنے والا، رنگروٹوں کے کوائف تحریر کرنے والا۔

لشکری: لشکر سے متعلق، سپاہی، لشکریان جمع۔

لشَن: نرم، سادہ نقش و نگار کے بغیر۔

لِصّ: (ع)چور، لصوص جمع۔

لطافت:(ع)خوبی، خوبصورتی پاکیزگی، نزاکت، صفائی، نرمی۔

لطافت این پارچه سبب گرانی است: اس کپڑے کی خوبصورتی اس کی مہنگائی کا سبب ہے۔

لطام:(ع)طمانچہ مارنا۔

لطائف:(ع)لطیفہ کی جمع، ظریفانہ باتیں، لطیفہ گوی۔

لطائف الحِیَل:(ع)اپنے کسی مقصد بر آری کے لیے بذلہ سنجی کرنا۔

لُطف:(ع)مہربانی، شفقت، فیض رسانی، احسان، کریم النفسی، حسن و خوبی، الطاف جمع۔

او نسبت بمن لطف دارد: وہ مجھ پر مہربان ہے۔

لطف سرکار کم نشود-لطف شما زیاد: آپ کا بیحد شکریہ۔

لطف کردن: مہربانی کرنا، شفقت کرنا۔

گفتن این حرف لطفی ندارد: یہ بات اچھی یا دلچسپ نہیں۔

الطاف ہمایونی: حضور کی کریم النفسی۔

لطفاً:(ع)ازراہ کرم، مہربانی سے۔

لُطف الله:(ع)باری تعالی کا کرم۔

لطم:(ع)طمانچہ مارنا۔

لطمِہ:(ع)طمانچہ، سیلی، چپیڑ، تھپڑ۔

لطمہ خوردن: طمانچہ کھانا، مجروح ہونا، صدمہ ہونا۔

لطیف:(ع)نازک، مہربان، دلنواز، پاک، پاکیزہ، نرم، ملائم، عمدہ، خوشگوار۔

برگ گل لطیف است: پھول کی پتی نرم اور ملائم ہے۔

سخن لطیف: پر لطف بات۔

لطیف شدن: عمدہ ہونا، نرم اور ملائم ہونا۔

ہوا لطیف است: موسم خوشگوار ہے۔

لطیفہ:(ع)دلچسپ بات، شگفتہ بات، خوش طبعی، تعجب انگیزبات، ظرافت، شوخی، لطائف جمع۔

لطائف و ظرایف: بذلہ سنجی، ظرافت کی باتیں، ہنسی مذاق کی شگفتہ باتیں۔

لطیفہ گو: بذلہ سنج، ظریفانہ باتیں کرنے والا۔

لُعاب:(ع)چیپ، منہ کا پانی، آب دہن، چمک۔

بعضی از گیاہان لعاب زیادی دارند: بعض جڑی بوٹیوں میں چیپ زیادہ ہوتی ہے۔

تارِ عنکبوت لعاب دہن است: مکڑی کے جالے کے تار اس کے دہن کی چیپ ہیں۔

لعابِ چینی: چمک، صیقل۔

لعابِ خورشید: ایک نہایت مہین قسم کا جالا جسے چھوٹی مکڑیاں بنتی ہیں، یہ جالا کبھی ہوا میں تیرتا بھی نظر آتا ہے۔

لعاب دادن: چمک پیدا کرنا۔

لعاب زدن: صیقل کرنا۔

لعاب زنبور: شہد۔

لعاب عنکبوت: مکڑی کا جالا۔

چینی و سفالیہ را لعاب می دہند: چینی اور مٹی کے برتنون میں چمک پیدا کرتے ہیں۔

ظروف فلزی را گاہی لعاب می دہند: کبھی دھات کے برتنوں کو صیقل کرکے چمک پیدا کرتے ہیں۔

لعاب الحیّہ: زہر مار۔

لعاب النحل:(ع)شہد۔

لُعابی: جس پر صیقل یا روغن کیا گیا ہو۔

لِعان:(ع) ایک دوسرے پر لعن طعن کرنا

لِعان:(ع) لعنت کی جمع

لعب:(ع) کھیل کود ، ہنسی مذاق، شوخی مزاح

لعب کردن:کھیلنا کودنا ، ہنسی مذاق کرنا

لُعَب:(ع) لُعبت

لُعبت:کھلونا ، گڑیا ، گڑیا کو دلہن بنانا ، کھیل، لعب جمع

لعبت باز:گڑیوں سے کھیلنے والا

لعبت بازی:گڑیوں کا کھیل تماشہ

لعل:(ع) لال کا معرب ہے، سرخ یاقوت ایک قسم کا گران قدر قیمتی پتھر

لعل رواں:سرخ شراب

لعل فام، لعل گوں:یاقوت کے سے رنگ کا ، گلاب کے پھول کا سا رنگ

لعَل:(ع) شاید، ممکن ہے، کاشکہ ، مگر

لعلی:یاقوت کا بنا ہوا ، یاقوت کے رنگ کا

لعن:لعنت

لعنَت:پھٹکار، نفرت، خدا کی رحمت سے دوری

لعنت فرستادن:ملامت کرنا ، بد دعا دینا

لعنت کردن:لعنت بھیجنا ، بد دعا دینا

لعنت آمیز:نفرت انگیز ، ملامت آمیز

لعنتی، لعین:(ع) جس پر لعنت بھیجی جائے، جسے ملامت کی جائے

لَغ:(۱)سر جس پر بال نہ ہوں (۲)صحرا جس میں سبزہ نہ ہو

لَغ:ہر چیز جو اپنی جگہ پر محکم نہ ہو

تُخم لغ:مرغی کا انڈا جس کی سفیدی اور زردی آپس میں مل گئی ہو

لُغات:(ع) لغت کی جمع

لُغاز:پاکھا ، کواڑ یا کھڑکی کا بازو

لغایت:(ع) آخر تک

لُغَت:(ع) وہ کتاب جس میں الفاظ اور ان کے معنی درج ہوں، فرہنگ

لغت فارسی و اردو:ایسی کتاب جس میں فارسی الفاظ کے معنی اردو میں درج ہوں

علمی لغت:جس میں مختلف علوم کے الفاظ کے معنی دیے گئے ہوں

کتاب لغات:فرہنگ، قاموس

لغت داں:جسے الفاظ و معانی پر عبور ہو

لغت ساز:لغت کی کتاب مدون کرنیوالا

لغت سازی:کتاب لغت کی تدوین

لغت شِناسی:علم لغت میں دسترس

لغت نویس:لغت لکھنے والا

لغت نویسی:لغت لکھنا

لَغز:دیکھیے لغزیدن

لُغَز:(ع) معمہ ، چیستان، پیچیدہ کلام جس کے سمجھنے میں فکر و تامل کی ضرورت ہو، الغاز جمع

لغز خواندن:معمے میں بات کرنا

لَغزان:لڑکھڑانے والا

لغزاندن:لڑکھڑانا

لغزانیدن:لغزاندن، لڑکھڑانا ، ڈگمگانا

لغزِش:غلطی، خطا ، سہو، چوک، لرزش، پھسلن

لغزش خوردن:ٹھوکر کھانا ، الجھنا

لغزشِ زبان:زبان کی غلطی

سنگ لغزش:رکاوٹ، مانع، سنگِ راہ

لغزَندہ:لغزش کرنے والا ، پھسلنے والی

زمین لغزندہ است:زمین پھسلنے والی

لغزِیدن:لغزش کرنا ، پھسلنا

پایش روی سنگ لغزید:اس کا پاؤں پتھر پر

سے پھسل گیا

بچه روی زمین می لغزد:بچہ زمین کی سطح پر پھسل جاتا ہے

لَغسَر: جس کے سر پر بال نہ ہوں

لغم:کان جسے ابھی کھودنا ہے

لَغو:(ع) بیہودہ، فضول، بیکار، نا معقول، مہمل، پوچ، باطل

لغو کردن:موقوف کردن، خارج کر دینا، بے معنی قرار دینا، فسخ کر دینا

قرار دادِ او را لغو کرده:اس کی تجویز کو فضول قرار دیا گیا

لغُوب:(ع) خستہ ہو جانا، تھک جانا

لُغونه:زیب و زینت، آرائش

لُغوی:(ع) لُغت سے منسوب، علم لغت جاننے والا

لغویّات:فضول باتیں

لُغه:لغت

لَفّ:(ع) شامل، لپٹا ہوا، تہ کیا ہوا، اکٹھا کیا ہوا

لف و نشر:بکھری ہوئی چیزوں کو لپیٹنا، علم بیان کی ایک صنعت، شعر کے ایک مصرع میں ایک نکتہ پیش کرکے اس کی وضاحت دوسرے مصرع میں کرنا

کاغذ شمارا در لف کاغذ خود فرستادم:میں نے آپ کا خط اپنے خط میں شامل کرکے بھیج دیا

لفاً یک نسخه از قرار داد را برای اطلاع شما می فرستم:ساتھ ہی قرار داد کی ایک نقل تمہاری اطلاع کے لیے بھیج دی ہے

لَفاح:(ع) مہرگیاہ، ایک خواب آور دوا

لفّاظ:(ع) زبان باز، مبالغہ آمیز باتیں کرنے والا، طوالت پسند

لفّاظی:محض لفظوں کے زور سے بات کرنا، طول دے کر بات کرنا

لفاف، لفافه:(ع) جس میں کوئی چیز لپیٹی جائے، پوشش، جس میں خط لکھ کر ڈالا جائے

لفافه کردن:لپیٹنا

لِفت:(ع) (۱)شلغم (۲)کسی چیز کا نصف حصہ (۳)گانے (۳)طول

لِفت دادن:تفصیل بتا کر طول دینا

لِفت و لِیس:چاپلوسی سے کام لینا

لَفتَره:سفلہ، فرومایہ، پست فطرت

لَفج:بڑے بڑے موٹے ہونٹوں والا

لفظ:(ع) وہ کلمہ جومنہ سے نکلے، بول، چند حرفوں کا مرکب، کلمہ جو خاص معنوں میں استعمال ہو

لفظِ الحاقی:وہ لفظ جو کسی لفظ کے ساتھ لاحقہ کے طور سے آئے مثلاً ستم گر اس میں گر الحاقی لفظ ہے

لفظ به لفظ:ہوبہو، حرف بہ حرف، بعینہ

لفظاً:(ع) متن کے مطابق، ظاہری طور سے، لفظی طور سے

لفظاً متشابه و معناً متفاوت اند:ظاہری طور سے تو ایک جیسے ہیں لیکن معنوی طور سے ان میں فرق ہے

لفظه:(ع) لفظ

لفظی:(ع) زبانی، لفظ کے مطابق

لفلافه:(ع) گلابی رنگ کے پھولوں والی بیل

لف و نشر:(ع) دیکھیے لف

لفیف:(ع)(۱)لپٹی ہوئی، پیچیدہ (۲)لوگوں کا ہجوم جو ایک جگہ جمع ہو جاتا ہے

لَق:لغ: کھلا ہوا

لق کردن:کھلا کرنا، ڈھیلا کرنا

دندان لق:کھلے کھلے دانت

دہنش لق است:اس کا منہ کھلا ہے

لِقا:(ع)(۱)چہرہ، صورت، شکل، حلیہ (۲)ایک دوسرے سے ملاقات کرنا، مثال:

ای دل و جانِ عاشقان شیفتہ لقای تو
سرمہ چشمِ خسروان خاکِ درسرای تو

عاشقوں کے جان و دل آپ کے چہرہ مبارک کے شیفتہ ہیں آپ کی مبارک جاے قیام کے دروازے کی خاک بادشاہوں کی آنکھوں کے لیے سرمہ ہے

مہ لقا:چاند جیسے چہرے والا، انتہائی حسین

لِقاح:(ع) منی، مادہ حمل

لَقاح:(ع) عورت کا بارور ہونا، ثمرور ہونا، حمل ٹھہرنا

لُقاح:(ع) (نباتات) زردانہ، زرگل، پھول کا زیرا

لقانطہ:(ت) ہوٹل، ریسٹوران

لقَب:(ع) وہ نام جو کسی صفت کی بنا پر پڑ گیا ہو جیسے موسی(ع) کلیم اللہ، کلیم حضرت موسی کا لقب ہے جو باری تعالی سے کلام کرنے کی وجہ سے انھیں ملا

لقلاق:لق لق، لک لک، ایک پرندہ

لقلق:(ع) معرب، لک لک، سارس، لمبی ٹانگوں اور لمبی چونچ والا پرندہ

لقلقہ:لق لق پرندے کی کرخت آواز، مجازاً بیہودہ گو

لقلقیات:فضول باتیں، لغو گفتگو

لُقَم:(ع) لقمہ کی جمع

لُقمان:ایک مشہور فلسفی جسکی نادر تصانیف اقوال و نصائح پر مشتمل ہیں قران کریم میں اس کے وعظ و نصیحت کا ذکر آیا ہے، مجازاً بہت بڑا دانا، نہایت تجربہ کار

لُقمہ:(ع) نوالہ

لقمہ زدن:حریصانہ طور سے کھانا

لقمہ کردن:نوالہ لے کر کھانا، ٹکڑے کرنا

یک لقمہ نان:روٹی کا ایک نوالہ

لُقمۃُ الصَّباح:(ع) صبح کا ناشتہ

لقمہ لقمہ:(ع) نوالہ نوالہ

لقمہ ماہی:ایک مربع شکل کی مچھلی جس کی دم لمبی ہوتی ہے

لقوَہ:(ع) ایک مرض جس میں منہ ٹیرھا ہو جاتا ہے اور چہرہ ایک طرف کو پھر جاتا ہے

لقِیت:(ع) دیدار کرنا، استقبال کرنا

لقیط:(ع) وہ بچہ جس کے ماں باپ کا پتانہ ہو اور کہیں پڑا ہوا ملے

لک:سیاہی، خال، نقطہ، دھبا، داغ

لک انداختن:دھبا یا داغ ڈالنا

لک شدن:دھبے پڑ جانا

لک:بیہودہ بات

لک:برای تو، تیرے لیے

لک:بخیل، خسیس، کنجوس، ابلہ، احمق، فرومایہ، پست فطرت

لک:لاکھ

لکا:جوتا

لکات:(۱)برا، خراب شدہ، زبوں، بدکار (۲)زن بدکار (۳)کھیل میں کم اہمیت کاپتّا

لکاتِہ:فاحشہ، طوائف، کسبی، بدکار عورت

لکام:بے ادب، بے شرم، بے حیا

لکدَ:لات، پاؤں کی ٹھوکر

لکدکوب کردن:پاؤں سے ٹھوکر مارنا

لکدار:جس پر داغ دھبے پڑے ہوں

میوہ لکدار:پھل جس پر داغ دھبے پڑے ہوں

لکزدِہ:داغ دار، دھبوں والا (پھل)

لک لک:لق لق، لمبی چونچ اور لمبی ٹانگوں والا پرندہ،

سارس

لِک لِک: کھنچتے گھسٹتے چلنا

لک لک کردن: کھنچتے گھسٹتے چلنا

لکِل: امرود

لکلک: چھوٹے قد کا، کوتاہ قد، چھوٹے قد کا لیکن فربہ

لکُم: تمہارے لیے

لکن: (ع) لیکن، الا، تاہم، باوجود،

لُکنت: تتلانا، ہکلانا، رک رک کر بولنا

لکنت دار: تتلانے والا، رک رک کر بولنے والا، اٹک اٹک کر بات کرنیوالا

لک و پک: (۱) گھر کا سازوسامان (۲) ناتراشیدہ، ناہموار

لکِہ: داغ، دھبا

لکہ انداختن: دھبا ڈالنا

لکہ بد نامی: بد نامی کا داغ

لُکّہ: گھوڑے کی دلکی، گھوڑے کا آہستہ آہستہ دوڑنا

لکہ رفتن: دلکی چلنا (گھوڑے کا)

لکہ گیری: معمولی مرمت، داغ دھبے دور کرنا

لکہ گیری کردن: (عمارت کی) معمولی مرمت کرنا، داغ دھبے دور کرنا

لکِین: نمدہ جو بھیڑ کی اون سے تیار کیا جاتا ہے

لگام: باگ، عنان

لگام ریز: پوری رفتار، گھوڑے کی تیز رفتار

لگد: لکد، لات، پاؤں کی ٹھوکر مارنا

اسپ او را لگدزد: گھوڑے نے اسے دولتی ماری

لگدبزمین زدن: زمین پر ٹھوکر مارنا

لگد کردن: روندنا، پاؤں تلے کچلنا، پامال کرنا

لگدانداز: ٹھوکر مارنے والا، جسے پاؤں سے ٹھوکر مارنے کی عادت ہو

لگداندازی: پاؤں سے ٹھوکر مارنا

لگدخور: جسے پاؤں کی ٹھوکر لگے، ٹھوکروں کو برداشت کرنے کے قابل، جفاکش، مضبوط

لگدزن: ٹھوکر مارنے والا، دولتی مارنے والا (گھوڑا)

لگدکوب: جسے ٹھوکر لگی ہو یا گھوڑے نے دولتی ماری ہو

لگدکوب کردن: ٹھوکر مارنا

لگدمال: جسے پاؤں تلے کچلا گیا ہو

لگلگ: لک لک، لق لق، پرندہ جس کی چونچ لمبی اور ٹانگیں لمبی ہوتی ہیں، سارس

لگن: (۱) ہاتھ دھونے کا برتن، چلمچی (۲) وہ تھالی جس میں شمع رکھ کر جلاتی جاتی ہے

لِلّٰہ: (ع) بخدا، برای خدا، خدا کے لیے

للہ گری: اتالیقی، گھر پر آکر پڑھانا

لَم: لیٹنے کے لیے دراز ہونا، فراغت سے لیٹنا

لَم: نہیں نہیں

لم یزرَع: (ع) غیر مزروعہ (زمین)

لِمّ: (ع) فن، ڈھب، چالٰ، فریب، داؤ

لم این کار را شما بلدنیستید: اس کام کی چال سے تم واقف نہیں

لمّاز: (ع) لوگوں کی بد گوئی کرنے والا

لمالم: لبالب، مالامال، مثال

نہ از لشکر ما کسی کم شدہ است

نہ این کشور از خون لمالم شدہ است

نہ ہمارے لشکر میں کسی طرح کی کمی ہوئی ہے نہ اس ملک میں خون ریزی ہوئی ہے

لمتُر: قوی ہیکل، موٹا تازہ، فربہ

لمع: اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا

لمحّہ: (۱) لحظہ، آن، کم مدت، پل، منٹ (۲) اچٹتی نظر،

سرسری نظر، جھلک

لمز: بدگوئی، چشم و ابرو سے کسی کے خلاف اشارہ کرنا

لمس: (ع) کسی چیز کو چھونا، کسی چیز کو چھو کر معلوم کرنے کی قوت، قوت لامسہ

لمس کردن: چھونا

لمس: نرم، سست، بے حال

لمع: (ع) چمک، چمکنا

لمعات: (ع) چمک، درخشندگی

لمعاتِ جمال: حسن کی تابناکی

لمعان: (ع) چمک دمک، درخشندگی

لمعَہ: چمک، درخشندگی، تابندگی، چمک دمک، درخشندگی (لمعات جمع)

لمیدن: لیٹنا، دراز ہونا، سونا

لم یزرَع: (ع) غیر مزروعہ، بنجر

زمین لم یزرع: بنجر زمین، غیر مزروعہ زمین

لم یَزَل، لم یزلی: (ع) لازوال، دائمی، غیر فانی، ابدی، سرمدی، ازلی، پائندہ

لنبان: عمر رسیدہ طوائف جو دوسری عورتوں کو اپنے پیشے کی طرف راغب کرتی ہے

لنبَر: (۱) سرین، چوتڑ، (۲) موٹا فربہ

لنبَر: سڑپ سڑپ پینا

لنبُوس: دہن کے اندر کا حصہ

لنبہ: (۱) چاق و چوبند (۲) نرم، ملائم

لن تُرانی: (ع) تم مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکو گے، قرآن شریف کی ایک آیت جس میں حضرت موسیٰ(ع) اللہ تعالیٰ کو دیکھنے کی التجا کرتے ہیں لیکن جواب ملتا ہے تم مجھے ہر گز نہیں دیکھ سکو گے، سورۃ الاعراف

لنتَر: لالٹین

لنج: خوشہ انگور

لنج: ہونٹ

لنج: خرام، ناز

لنجہ: ناز و انداز سے خرام کرنا

لنجہ کردن: ناز و انداز سے خرام کرنا

لنجہ کردن: قیت طے ہو جانے کے بعد بھی قیمت کم کرنے کی باتیں کرنا

لنجیدن: کسی چیز کو کھینچنا، کسی چیز کو باہر لانا

لَند: پسر، بیٹا

لَندلَند: بڑ بڑانا، چڑ چڑانا، شکایت کرنا

لند لندکردن: شکایت کے طور سے بڑ بڑانا

این پیر زن پیوستہ لند لند می کند: یہ بڑھیا ہمیشہ بڑبڑاتی رہتی ہے

لندہُور: بلند قامت، قوی ہیکل

لندیدن: بڑبڑانا، چڑچڑانا، شکایت کرنا

لنگ: لنگڑا، خستہ و ماندہ

این گدا ہم کور و ہم لنگ است: یہ فقیر نابینا بھی ہے اور لنگڑا بھی

کار بواسطہ بی اسبابی لنگ است: سامان میسر نہ ہونے کی وجہ سے کام رک گیا ہے

لنگ شدن: لنگڑا ہو جانا

لنگ کردن: لنگڑا کر دینا

لنگ: لات

لنگ: کمر میں باندھنے کا کپڑا

لنگاک: سخت اور درشت بات کرنا

لنگان: لنگ کرنا، لنگڑانا

لنگاندن: لنگڑانا

لنگان لنگان: لنگڑاتے لنگڑاتے

لنگانیدن: لنگاندن

لنگر:(۱)لوہے کی زنجیر یا رسا جو کشتی یا جہاز ٹھہرانے کے لیے اسے لگا دیا جاتا ہے کہ پانی کی لہریں اسے بہا نہ لے جائیں، مثال:

با لنگرِ دل کشتیِ توحید برانیم
موجِ غم و طوفان بلا را نشناسیم

ہم دل کی زنجیر سے توحید کی کشتی کو رواں رکھتے ہیں نہ ہم کسی غم و اندیشہ کو دل میں جگہ دیتے ہیں نہ کسی طوفان بلا کو خاطر میں لاتے ہیں

لنگر انداختن:بندرگاہ میں جہاز کا ٹھہرنا

لنگر:(۱)توازن، متوازن، وزن (۲)وہ جگہ جہاں فقرا کو کھانا تقسیم ہوتا ہے

لنگرانداختن:بندر گاہ پر جہاز کا ٹھہرنا

لنگرِ ساعت:کلاک کا لنکن، شاقول، رقاصۂ ساعت، پنڈولم

لنگر کشیدن:لنگر کھول دینا، جہاز کی زنجیر کھولنا

لنگر خانہ:وہ مقام جہاں روزانہ فقرا و مساکین کو کھانا ملتا ہے

لنگردار:بوجھل، وزنی، سنگین

لنگرگاہ:بندر گاہ

لنگرُود:ایران کے صوبہ گیلان کا ایک گاؤں

لنگہ:بوجھ جو جانور کے اوپر لادا جاتا ہے، بوجھ کے دو حصوں میں سے ایک حصہ

لنگہ پلنگہ:ایک دوسرے سے غیر متوازن

لنگہ در:کواڑ کا ایک حصہ

کفشِ او لنگہ پلنگہ است:اس کے دونوں جوتے ایک سے نہیں

لنگِہ:ایران کی بندر گاہ بندر عباس کے جنوب مغرب کی طرف بندرگاہ جو خلیج ایران میں واقع ہے

لنگی:لنگڑا ہونا

لنگیدن:لنگڑانا

لو:اگر

ولو آنکہ:اور اگر، خواہ

عہد خود را نخواہم شکست، ولو آنکہ جانم در خطر باشد:میں وعدہ شکنی نہیں کرونگا خواہ میری زندگی کو خطرہ ہی کیوں نہ لا حق ہو

لو:لب، ہونٹ

لو:ایک قسم کا حلوہ

لو:دھوکا، فریب

لودادن:فریب دینا

لِوا:(ع) پرچم، علم، جھنڈا، الویہ جمع

لواحِق:(ع) لاحقہ کی جمع وہ الفاظ جو دوسرے الفاظ کے آخر میں لگائے جائیں مثلاً آموزگار میں گار لاحقہ ہے اور آہن گر میں گر لاحقہ ہے

لوازِم:(ع) لازمہ کی جمع، ضروری باتیں، ضروری چیزیں، لازمی امور، ضروری سامان

لوازم مہندسی:انجنیئرنگ کا ساز و سامان اوزار وغیرہ

لوازمات:لازمہ کی جمع الجمع

لوازِمِ تحریر:لکھنے کا سازوسامان

لواش:پتلی چوڑی روٹی

لواشا:لباشہ، بحر منجمد شمالی کا ہنس (۲)صدف ماہی، سیپ مچھلی (۳)گلے کا ہار (۴)چشمہ، عینک

لواط، لواطہ:(ع) خلاف وضع فطری، عمل شنیع، عمل بد

لوَاطہ گَر:لواطہ گر، خلاف وضع فطری کرنیوالا، لوطی

لوّاف:(ع) خیموں کا سازوسامان بنانے یا بیچنے والا

لوالو:رزیل، کمینہ

لوّام، لوّامہ:(ع) ملامت کرنے والا، دوسروں کی روش یا اخلاق پر نکتہ چینی کرنے والا

نفس لوّامہ:ملامت کرنے والا ضمیر

لوامِع:(ع) لامعہ یا لامع کی جمع، درخشاں، درخشندہ، تابندہ

لوائح:(ع) لائحہ کی جمع، منصوبے، پروگرام

لوبیا:ایک قسم کاغلہ جس کے بیج غذا کے طور سے پکائے جاتے ہیں

لوبیای چشم بلبلی:سفید رنگ کا لوبیا جس پر سیاہ خال ہوتے ہیں

لوبیای قرمز:لوبیے کی قسم جو قدرے سخت اور درشت ہوتی ہے لیکن غذا کے اعتبار سے بہت اہم ہے

لُوت:خوراک، سامان خورونوش،

لوت و پوت:طرح طرح کے کھانے

لُوت:برہنہ، عریاں، ننگا

لُوترا:خاص بولی جو چند آدمی ترتیب دے لیتے ہیں اور اس میں بات چیت کرتے ہیں تاکہ اور کوئی نہ سمجھ سکے

لوث:آلودگی، آمیزش، داغ، دھبا

از سحابِ فیضِ لطفِ عامِ خود رشحی بریز
بر دل وجانش کہ از لوثِ گناہ آلودہ است

اپنے لطف عام کے ابر سے کچھ چھینٹے اس پر ڈال دیں جو گناہ کی آلودگی میں اٹا ہوا ہے

لوچ:بھینگا، احول، آنکھوں کو عادتاً ترچھا کرکے دیکھنے والا

چشمش لوچ است:وہ بھینگا ہے آنکھوں کو ترچھا کرکے دیکھتا ہے

لوچی:بھینگا، احول

لوح:تختی، تختہ، بورڈ، سرورق کتاب کا، کتاب کا وہ صفحہ جس پر کتاب کا نام لکھا ہوتا ہے، الواح جمع

لوحِ سنگ:پتھر کی تختی جو دیوار میں نصب کی جاتی ہے

لوحِ محفوظ:وہ لوح جس پر ہر وہ امر جو وقوع میں آئیگا روز ازل سے لکھ دیا گیا ہے

لوحِ مرقد:سنگ مزار

لوحَہ:تختی، بورڈ

لُوخ:ایک قسم کا نرسل جو پانی میں اگتا ہے اس سے چٹائیاں بنتے ہیں

لُوخَن:چاند، قمر

لودگی:مسخرہ پن، دل لگی

لودہ:مسخرہ، ظریف، ٹھٹھے باز، خوش طبع

لودہ:بڑا ٹوکرا، بند ٹوکری جس میں اوزار بھی رکھے جاتے ہیں

لودی:باغیرت، جوانمرد، بیباک

لور:(۱)تازہ پنیر

لورانگ:گھی رکھنے کا برتن

لُورَک:روئی دھننے کی کمان جس سے روئی دھنی جاتی ہے

لورکند:زمین جس میں سیلاب نے نشیب پیدا کر دیے ہوں

لوز:بادام

لُوزتین:حلق کے اندر کے گلے

ورم لوزتین:گلے آنا، گلے سوج جانا

لوزالمعدہ:ایک بڑا غدہ جو خوشے کی صورت میں معدے کے نیچے ہوتا ہے

لوزی:بادام کی شکل کا، بادامی

لوزینہ:مٹھائی جس میں بادام شامل کیے جاتے ہیں

لوزینہ بگاؤ دادن (محاورہ) گائے کے آگے موتی ڈالنا، جو شخص کسی چیز کی اہمیت نہ جانتا ہو اسے وہ چیز دینا بیکار ہے

لُوس: بگڑا ہوا، بگڑا ہوا بچہ

لوس شدن: بگڑ جانا

لُوس: چاپلوس، چرب زبان، جو بلاوجہ دوسروں کے قریب ہوتا ہے اور ان سے بے جا توقعات رکھتا ہے

لوسانِہ: چاپلوسی، مثال:

فعلِ تو چو می دانم لوسانہ مکن
بیہودہ مگو و خلق دیوانہ مکن

میں تیرے عمل و کردار کو جانتا ہوں چاپلوسی کی باتیں نہ کر، بیہودہ گوئی سے احتراز کر، اپنی باتوں سے لوگوں کو دیوانہ نہ بنا

لُوسیدن: چاپلوسی کرنا

لُوش: تالاب کی تہ میں بیٹھی ہوئی گاد نیز کج دہان

لُوشارِہ: وہ جگہ جہاں سے سیلاب گزر گیا ہو

لُوشانِہ: نغمہ شیریں، سخن شیریں و دلچسپ

لُوط: ایک پیغمبر کا نام جو حضرت ابراہیم کے برادر زادہ تھے

بحر لوط: بحر مردار

لوط: (۱) چادر، ردا (۲) چست و چالاک شخص

لوطی: اغلام کرنے والا، عمل شنیع کرنے والا

لوطی بازی: اغلام

لوطی گری: لوطی بازی

لُوغ: پی لو، نوش کرنا، پینا

لُوف: ایک درخت جس کا تنہ موٹا اور شاخیں بھی موٹی ہوتی ہیں اس کا پھل خوشوں کی صورت میں ہوتا ہے پھل شروع میں سفید اور پک کر زرد ہو جاتا ہے

لُوف: ہاتھی کے کان

لوک: (۱) قوی ہیکل اونٹ جس پر بوجھ لادا جاتا ہے (۲) ہر موٹی اور بھدی چیز

لوکوموبیل: (انگریزی) لوکو موبائیل، خودروگاڑی

لوکو موتیو: لوکو موٹو، ایک جگہ سے دوسری جگہ حرکت کرنے والا، حرکت دینے والا، انجن، ریل کا انجن

لوکہ: (۱) گندم یا جو کا آٹا جسے بریاں کیا گیا ہو (۲) روئی جس سے بنولے نکال لیے گئے ہوں

لوکِیدن: (۱) چھوٹے بچوں کی طرح ہاتھوں اور پاؤں کی مدد سے چلنا (۲) گھوڑے یا اونٹ کا ناہموار چلنا جس سے سوارخستگی محسوس کرنے لگتا ہے

لُول: (۱) بے شرم، بے حیا، (۲) سرمست، سرخوش

لُول: افیون کی ٹکیہ

لولا: قلابہ، قدرتی جوڑ جو حلقے یا کڑی کا کام دیتا ہے

لَولا: لو و لا کا مرکب ہے یعنی اگر نہ

لَولاک: اگر تم نہ ہوتے، "لولاک لما خلقت الافلاک" کی طرف اشارہ ہے

لولاگر: حلقہ یا کڑی درست کرنے والا، پیوند کو درست کرنے والا

لُولُو: گراں بہا موتی، لالی جمع

لُولُو: ایک خیالی شکل جس سے بچوں کو ڈراتے ہیں، جیسے ہوا، فرضی جن بھوت

آن ہمہ را لولو برد: ان سب کو ہواّ یا بھوت لے گیا

لُولہ: نالی، نل

لولہ آب: پانی کی نالی

لولہ دُودکش: چمنی، بخاری جس سے دھواں اٹھتا اور خارج ہوتا ہے

لولہ پاک کن: نالی صاف کرنے والا

لوله ساز: نالیاں بنانے والا

لوله سازی: نالیاں بنانے کا کام

لوله شو: لچکدار، دھات جو کوٹنے سے لمبی یا چوڑی کی جا سکے

لوله کش: نل ساز، کاریگر جو نلوں وغیرہ کی مرمت کرتا ہے

لوله کشی: نلوں وغیرہ کی مرمت، نل لگانا

لُولَهِین: مٹی کا ٹونٹی دار برتن، لوٹا

لُولی: (۱) خانہ بدوش عورت (۲) رقاصہ، گلوکارہ

لُولیدن: کروٹیں لینا

لُوم: ملامت، جھڑکی، دھمکی، سرزنش

لَون: رنگ، الوان جمع

لَوَند: ہر جائی عورت، طوائف، فاحشہ، کسبی، عصمت فروش

لَوَندی: عصمت فروشی، طوائف کا پیشہ

لوِید: تانبے کی دیگ یا دیگچہ

لویر: گڑھے کے اردگرد کا بڑھا ہوا کنارہ، پشتہ، پتہ

له: بانس، بلی، خیمے کی چوب، کھمبا، پول

له: اس کے ساتھ، اس کے لیے، اس کے فائدے کے لیے

برله و برعلیّه: حق میں اورخلاف

دسته ای برله و گروهی برعلیه او حرف زدند: کچھ لوگوں نے اس کے حق میں اور کچھ لوگوں نے اس کے خلاف باتیں کیں

له: کچلنا، مسلنا، پاؤں تلے آنا

گاؤ بچه را له کرد: گائے کے پاؤں تلے بچہ آ گیا

له شدن: کچلا جانا، کسی کے پاؤں تلے آنا

له: انگوری شراب

لهات: حلق کا کوّا

لهاشُم: برا، پست، فرومایہ، کمینہ

لَهب: (ع) شعلہ

لهبان: (ع) شعلے کا بھڑکنا، شدت گرما

لهبلا: نادان، ابلہ، احمق

لَهجَه: (ع) گفتگو کا انداز، طرز گفتگو، تلفظ، لفظوں کی تراش خراش

لِهذا: (ع) اس لیے، بنا بریں

لَهرَ: (۱) میخانہ (۲) فاحشہ خانہ

لهراسپ: ایران قدیم کا ایک بادشاہ جو گشتاسپ کا باپ تھا

لهستان: پولینڈ

لهستانی: پولینڈ کا باشندہ، پولینڈ کی زبان

لهف: (ع) تاسف، افسوس

له له زدن: (پیاس سے) بے تاب ہونا تڑپنا، کانپنا، سانس پھولنا

لهَنج: پتھر جس پر دھوبی کپڑے دھوتا ہے

لهنه: احمق، بیوقوف، ابلہ، بے ادب

لهو: (ع) کھیل، لعب، وقت گزاری، بازی

لهوی: دیکھیے لہات

لهی: رخصت، اجازت، پروانہ

لهِیب: (ع) مشتعل، شعلہ بھڑکنا، شعلہ، آگ کی حرارت

لهِیدن: کچلا جانا، میوے کا ضائع ہونا

لهیده: کوٹا گیا، نرم شدہ، ضائع شدہ

لهِیف: (ع) اندوہگین، غمزدہ، سوختہ دل، کسی چیز کے

ضائع ہونے کا غم ہونا

لیاقت:(ع) قابلیت، استعداد، وصف، جوہر، عمدگی خوبی، دانائی، ہر چیز کے حاصل کرنے کا مادہ

لیالی:(ع) لیل کی جمع، راتیں

لیان:درخشان، تابان، چمکدار، فروزان، عربی میں فراخی، آسائش جو زندگی میں حاصل ہو

لَیان:خوشی، فراخ روزی

لیبی:لیبیا ملک

لیّت:کسی چیز کی آرزو کے موقع پر یہ کلمہ بولا جاتا ہے، کاش

لیتر:لٹر (پیمانہ) تیل وغیرہ ناپنے کا

لیتک:مفلس، بے سروپا، غلام اور کنیز بھی

لیّث:شیر، ایک قسم کی مکڑی کو بھی کہتے ہیں

لیثر غس:سستی، فراموشی

لیج:جس چیز میں پانی پڑ گیا ہو، جو چیز گیلی ہو گئی ہو

لیچار:مربّہ جو انگوروں کے رس سے تیار کیا جاتا ہے، نیز بیہودہ باتیں

لیر:لیرا، اٹلی کا چاندی کا سکہ جو جنگ سے پہلے دس پنس کا ہوتا تھا

لیر:بچوں کی طرح رال ٹپکنا یا ناک بہنا، بچوں کی یا فاترالعقل لوگوں کی طرح گفتگو کرنا، حماقت کی باتیں، مہمل باتیں

لیرہ:پاؤنڈ

لیرہ انگلیسی:پاؤنڈ، سٹرلنگ

لیرہ عثمانی:ترکی سکہ

لیز:پھسلنی زمین، جہاں سے پاؤں پھسل جائے

لیز خوردن:پھسل جانا

لیزم:پھسلنا

لیزی:پھسلن

لیزیدن:پھسل جانا، لڑھکنا

لیس: **لیسیدن**=چاٹنا سے فعل امر چاٹ لو

کاسہ لیس:لالچی، خوشامدی، فقیر، گدا، کسی سے فیض حاصل کرنے کا آرزو مند

لیسَک:(۱)گھونگا (۲)دیوار گھڑی کی دندانے دار چرخی (۳)ایک قسم کا پودا جس کی پتیاں گھونگے کی شکل کی ہوتی ہیں

لیسندہ:چاٹنے والا

لیسہ:(۱)ترخانوں کے رندے کا بلیڈ (۲)ہموار کرنا

لیسہ زدن:ہموار کرنا

لیسہ:میوہ دار درختوں کی آفت، چھوٹے چھوٹے پروانے جو سیب، الوچہ اور آڑو کے درختوں پر بیٹھتے ہیں، پتوں پر تار تنتے ہیں اور پھلوں کا رس غذا کے طور پر استعمال کرتے ہیں جس سے اکثر پھل ضائع ہو جاتے ہیں

لیسیدن:چاٹنا

لیطر:لیتر، لٹر، پیمانہ تیل وغیرہ ناپنے کا

لیف:(۱)کھجور کے درخت کی چھال، کھجور یا ناریل کے تار

لیف:ریشہ، دھاگا سوت کا، الیاف جمع

لیفِ تنبان:پتلون یا شلوار کے نیچے پہننے کا زیر جامہ

لیف حمام:چھوٹا کیسہ جس میں صابون ہوتا ہے اور حمام میں غسل کرتے ہوئے اسے جسم پر رگڑتے ہیں

لیفہ:نیفہ جس میں ناڑا ڈالتے ہیں

لیفی:ریشہ، تار یا سوت سے متعلق

لیقہ:کپڑے کا ٹکڑا جو سیاہی کی دوات میں ڈالتے ہیں

لیک: لیکن

لیکور: لیکوئر، شیریں خوشبودار شراب، شکر دار الکحل کا شیرہ جو شرابوں میں پڑتا ہے، خاص قسم کی برانڈی

لیل: (ع) رات

لیلا: لیلی ایک خاتون جس سے مجنوں کو عشق تھا

لیلاً: شبانہ، رات کے وقت

لیلاج: لجلاج، ایک مشہور شطرنج کا ناقابل تسخیر کھلاڑی

لیلہ: (ع)ایک رات، شب (لیالی جمع)

لیلۃ القدر: شب معراج، شب قدر

لیلی: شبانہ، رات کے وقت

لیلی: مجنوں کی محبوبہ، ان کے عشق کی داستان بعض شعرا نے "لیلیٰ و مجنوں" کے نام سے لکھی ہے

لیم: مریل، بے دم، نڈھال، سست، بے ہمت، بے حس

لی لی: (۱)کودنا، پھدکنا جست، زقند (۲)چھلانگ (۳)رقص، ناچ

لی لی کردن: کودنا، جست لگانا، رقص کرنا

لیمو: نیبو، ترنج، لیموں

آب لیمو: لیموں کا رس

لیمو ترش: کھٹا لیموں

لیمونات، لیموناد: لیمونیڈ، مشروب جو لیموں کے رس سے تیار کیا جاتا ہے

لیموی: لیموں کے رنگ کا، لیموں کی طرح ترش، زرد رنگ

لین: نرم، ملائم، ہموار

لین العریکہ: خوش خلق، نرم خو

لین: (ع) لینت

لینت: (ع) نرمی، ڈھیلاپن، رودے یا آنت کا ڈھیلاپن

لینت دادن: ڈھیلا کرنا

لیوان: گلاس

لیوان را آب کن: گلاس پانی سے بھر دو

لئیم: (ع) کمینہ، پست فطرت، گھٹیا، بخیل، لئام جمع

لئیم الطبع: لئیم النفس، پست فطرت، کمینہ، خسیس

لیوہ: فریب دینے والا، چاپلوس، احمق، نادان

م

م: فارسی ابجد کا انتیسواں حرف، عربی کا چوبیسواں اور اردو کا اکتیسواں - ابجد کے اعداد کے لحاظ اس کے چالیس عدد ہیں، حرف م لفظ کے آخر میں آکر متکلم کے معنی دیتا ہے، مثلاً دیدم، میں نے دیکھا، لفظ کے شروع میں آکر یہ حرف نفی کے معنی بھی دیتا ہے مثلاً کن سے مکن، مت کرو وغیرہ کبھی لفظ کے آخر میں آکر عدد کی صورت کو ظاہر کرتا ہے مثلاً دوم، سوم وغیرہ

ما: ہم، ضمیر متکلم

مامی خوانیم: ہم پڑھتے ہیں

ما: کیا، جو چیز کہ

ماء: (ع) پانی

ماء الحیات: زندگی کا پانی، آب حیات

مآب: جگہ جہاں کوئی واپس آئے، پناہ گاہ

مابعد: جو بعد میں آئے، جو ذیل میں آئے

مابعد الطبیعت: فطرت کے علاوہ جو کچھ ہے، علم الٰہی

مابقی: باقی، بقیہ، باقی ماندہ

مابقی نان را کی خورد: باقی ماندہ روٹی کس نے کھائی

مابُون: مفعول، مخنث، ہیجڑہ

مابہ الاحتیاج: (ع) جس کی ضرورت ہو، جو ضروری ہو، جسکی احتیاج ہو

مابہ الاختلاف: (ع) جس میں اختلاف ہو، موضع گفتگو

مابہ النّزاع: (ع) جو کشمکش کا باعث ہو

مابَین: (ع) درمیان

مات: حیران، افسردہ، متحیر، مبہوت، سرگرداں

مات: شطرنج کے کھیل میں بادشاہ کا بے بس ہونا اور شکست کا باعث بننا اسے مات اور شاہ مات بھی کہتے ہیں

مات شدن: بادشاہ کے مہرے کا بے بس ہونے سے شکست سے دوچار ہونا

مات کردن: بے بس کر دینا، متحیر کر دینا، ہزیمت دینا

ماترک: (ع) آبائی جائداد یا املاک، ترکہ، میراث، ورثہ

ماتّحت: (ع) زیر حکم، زیر فرمان، تابع

مات زدہ: حیران، مبہوت، شکست خوردہ، بے بس، متحیر

ماتمّ: (ع) مرنے کا غم، گریہ و زاری، سوگ

ماتم گرفتن: سوگ منانا

ماتم پُرسی: تعزیت، ورثاے میت کے ساتھ ہمدردی و غمخواری

ماتم دار: عزادار

ماتم زدہ: جس کے گھر میں ماتم ہو

ماتم کدہ: وہ گھر جہاں کے لوگ کسی عزیز کی موت کے رنج و غم میں مبتلا ہوں

ماتیک: کازمیٹک، غازہ، ابٹن جو مستورات زینت کے لیے چہرے پر بالوں میں لگاتی ہیں

مآثِر: (ع) کارہائے نمایاں بڑی بڑی یادگار چیزیں (مآثرہ کی جمع)

ماج: چاند

ماجِد: (ع) شریف، قابل احترام، جلیل القدر، رفیع الشان، بزرگوار، جوانمرد

ماجِدہ: (ع) ماجد کی مونث، بزرگوار خاتون، مواجد جمع

ماجَرا: ماجرای: سرگذشت، حقیقت، حادثہ، اتفاق

ماجرا جُو: ماجرا طلب، جاں باز، مہم جو، آشوب طلب، قسمت آزما، با ہمت

ماجُوج: (ع) ایک قوم جو یافث بن نوح(ع) کی اولاد سے ہے

ماچ: بوسہ، چومنا

ماچ دادن: بوسہ دینا

ماچ کردن: بوسہ لینا، چومنا

ماچ و موچ: چومنا چاٹنا

ماچُوچہ: ٹونٹی دار چھوٹا برتن جس سے دوائی وغیرہ بچے کو پلاتے ہیں

ماچہ: مادہ، مقابل نر

ماچِین: مہاچین کا مخفف، چین اعظم، انڈو چائنا

چین و ماچین: چین اور انڈ و چائنا، چینی حکومت

ماحصَل: (ع) نتیجہ، حاصل شدہ، خلاصہ

ماحصل کلام: بیان کا خلاصہ

ماحضَر: (ع) جو حاضر ہے، جو تیار ہے، کھانے وغیرہ کی چیز جو موجود ہو

ہم کریمان قبول فرمائید
تحِفہ اہل فقر ماحضراست

اہل کرم بھی تحفہ قبول فرما لیں جو درویشوں کے پاس پیش کرنے کے لیے حاضر ہے (یہ تحفہ تو درویشوں کی دعاؤں ہی کا ہے)

ماحی: (ع) محو کرنے والا، نشان مٹانے والا

ماخ: کھوٹا سونا چاندی کنایۃً پست فطرت، خسیس شخص

ماخذ: اصل، بنیاد، جہاں سے کوئی چیز یا معلومات حاصل کیے جائیں یا حاصل کیے گئے ہوں

سند بی ماخذ – بے بنیاد، سند کے بغیر

ماخلق اللہ: (ع) جو کچھ اللہ تعالیٰ نے تخلیق کیا ہے، کائنات، دنیا

اولِ ماخلق اللہ: اولیں چیز جو تخلیق ہوئی، عقل یا دانش

ماخُوذ: (ع) (۱) جو اخذ کیا گیا ہو، استفادہ کیا گیا ہو (۲) رقم جو وصول کی گئی ہو

ماخُور: (ع) خرابات، میخانہ، مثال:

عِلم داری مرو بعادت و رسم
کعبہ با تست بگذر از ماخور

تو صاحب علم ہے عادت اور رسم کی تقلید نہ کر، کعبہ تیرے دل میں ہے، خرابات دنیا سے گزر جا

ماخولیا – مالیخولیا: توہمات کا مرض، خفقان

ماد: مادر، ماں

ماد: مانند، مشابہہ

ماد: مد

مادام: (ع) امتداد، مدت، دوران

مادام کہ: رتقیبکہ، جس وقت کہ، تا وقتیکہ

مادام الحیواۃ: جب تک زندہ ہے

مادام العمر: جب تک زندگی ہے

مادام: میڈم، (انگ)، خانم، بانو، معزز خاتون کے لیے کلمہ احترام

مادَبَہ: (ع) مہمانی، ضیافت

مادِح: (ع) مدح کرنے والا، تعریف و توصیف کرنے والا، مداح

مادر: والدہ، ماں

مادر اندر: سوتیلی ماں

مادرانہ: ماں کا سا سلوک

مادر بزرگ: والدہ کی اماّں، نانی

مادر پدر: دادی

مادر جان: پیاری اماں

مادر روزگار: (یا دہر) قدرت

مادر طایفہ: خاندان کی بڑی بوڑھی

مادر مادر: نانی

مادر بخطا: جس کی ماں پاکدامن نہ ہو

مادر خواندہ: منہ بولی ماں

مادر زاد: پیدائشی

مادرِ زن: خوش دامن، ساس

مادر فرزندی: ماں کی طرف سے قرابت

مادری: ماں کی طرف سے، مادرانہ، پیدائشی، فطری

مادرید: (جغرافیہ) میڈرڈ

مادگی: جس سوراخ میں بٹن لگاتے ہیں

مادموزال – میڈموزائل: (انگ) مِس، کنواری لڑکی

مادُون: (ع) پست، گھٹیا، زبوں، فرومایہ

مادہ: نر کی متضاد

مادّہ: ہر چیز کی جنس خام جس سے چیزیں بنتی ہیں، ہیولیٰ، جوہر مادی، مواد

مادہ قانون: قانون پر مواد یا مقالہ

مادہ واحد: بے نظیر مواد یا مقالہ

مادۃً: مادی طور پر، مواد کے اعتبار سے

مادی: معنوی، نفس مضمون سے متعلق، جسمانی، مادہ سے منسوب و مربوط، کوئی شخص جو تمام چیزوں کو مادہ سے نسبت دیتا ہے اور خدا سے منکر ہے

مادیات: مواد، وہ اشیا جن سے بعض اور اشیا بنائی جائیں

مادیان: گھوڑی

مادیّت: جسمانیت، ہیولائیت

مادینہ: مادہ، جنس مادہ

مادیون: مادی کی جمع، مادہ پرست لوگ

ماذُون: مجاز

مار: سانپ، افعی

مار بدست دیگری گرفتن یا کشتن (محاورہ) خطر ناک کام کی انجام دہی کے لیے کسی اور کو مقرر کرنا

مار: بیمار کا مخفف

مار: گذشتہ

ماراسپند: ہر شمسی مہینے کا نواں دن، ایک فرشتے کا نام

مارِآستین: جو ظاہر میں دوست ہو اور حقیقت میں دشمن

مارافسار، مارافسان: افسونگر یا منتر پھونک کر سانپ پر قابو پانے والا

مارپیچ: چکر دار، پیچیدہ، سانپ کی طرح، مرغولہ دار پیچدار

مارچوبہ: ایک لمبے تنے والا پودا جس کی بلندی دو میٹر تک ہوتی ہے بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اس کے پتے کھانے سے سانپ کے زہر کا اثر نہیں ہوتا

مارخوش خط و خال: حیلہ ور شخص جس کی ظاہری صورت اچھی اور سیرت بری ہو

مارِد: متمرد، سرکش، نافرمان، دیو، آسیب، بھوت پریت

ماردی: سرخ، قرمز

مارزنگی: زرد رنگ کا زہردار سانپ

مارس: فریب سے فتح پانا

مارس شدن: فریب میں آنا

مارس کردن: فریب دینا

مارس: (۱) ماہ مارچ (۲) مریخ

مارِستان: وہ علاقہ جہاں بہت سے سانپ ہوں

مارستان: بیمارستان، شفاخانہ، ہسپتال

مارش: مارچ، باقاعدہ قدم اٹھانا، مل کر قدم اٹھاتے ہوئے چلنا

مارش کردن: خاص آواز پر قدم اٹھاتے ہوئے چلنا

مارشال: مارشل، سپہ سالار

مارقشیشا: درد چشم کے علاج کی دوائی جسے حجرالنور بھی کہتے ہیں

مارک: نشان، علامت

مارگزیدگی: سانپ کا ڈسنا

مارگزیدہ: سانپ کا ڈسا ہوا

مارگزیدہ از ریسمان بترسد: سانپ کا ڈسا ہوا رسی سے بھی ڈرتا ہے

مارگیاہ: مارچوبہ

مارگیر: سانپ پکڑنے والا

مارمانند: سانپ کی طرح، مار صورت، پیچیدہ، بے وفا، بے مروت، کینہ پرور، مکار

مارماہی: ایک مچھلی جو سانپ کی سی ہوتی ہے

مارمولک: چھپکلی، سوسمار

مارمہرہ: پتھر جو بعض قسم کے سانپوں کے مغز میں ہوتا ہے اور تریاق کا کام دیتا ہے

ماروت: ایک فرشتہ، ماروت اور ہاروت دو فرشتے ہیں جن کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ جادو کی تعلیم کرنے کی پاداش میں چاہ بابل میں ڈالے گئے

مارو مارہ: عبور کرنے والا، رہگذر

مارون: ایک پتھر جس کا سفوف بنا کر آنکھوں کی دوائی کے طور پر استعمال کرتے ہیں

مارِہ: (۱) حساب، دفتر حساب (۲) مہرہ

ماری: سانپ جیسا، مکار، دغا باز، خطر ناک

ماز: پیچ، تہ، شکن، شگاف

مازاد: فزونی، زیادتی، جو چیز زیادہ آ گئی ہو

مازالاق: غرغرہ، فرفرہ، لٹو

مازِح: ہنسی مزاح کرنے والا

مازریون: پے بہ پے پیاس لگنے کو روکنے کی دوا

مازندر: مخفف مازندران

مازندران، ماژندران: ایران کا شمالی صوبہ

مازندرانی: ماژندران کا رہنے والا، ماژندران سے متعلق

مازُو: (۱) پیچ، تہ، شکن، چین، شگاف (۲) بلوط کے درخت سے حاصل ہونے والا مادہ اس مادے کو جمع کرکے اس سے جانوروں کا چمڑا رنگنے کا کام لیا جاتا ہے

مازہ: پشت کی ہڈی، کمر کا مہرہ

ماژ: عیش و عشرت، خوشی، آسودگی

ماژر: میجر (انگ) سرگرد، یاور

ماس: آماس کا مخفف، سوجن

ماساریقا: جھلی کی ایک قسم جو آنتوں کے کسي حصے کو معدے کے بیرونی حصے سے ملحق کرتی ہے

ماساژ: مساج (انگ) جسم کی مالش، مشت مالی

ماسبَق: (ع) جو گزر گیا، گزشتہ

ماست: دہی

ماست بند: دہی جمانے والا

ماست بندی: دہی جمانا

ماست کَش: دہی اٹھا کر بیچنے کے لیے جا بجا لے جانے والا

ماست مالی: (۱) حاشیہ جو بین السطور لکھا جائے، مصطلحات

ماسک: (انگ) نقاب، پردہ، ہنسی چھپانے کنے لیے رخ پوشی کرنا

ماسِک: پکڑنا

ماسِکہ: :(ع) پکڑنے کی قوت، خود داری کی حس

ماسلف: (ع) جو گزر گیا، گزشتہ، ماسبق

ماسوای: (ع) سوایے، علاوہ

ماسُورہ: (۱) آلہ جسے جولا ہے کپڑا بننے میں استعمال کرتے ہیں (۲) نلکی

ماسِہ: (عمدہ) ریت

ماسہ زار: ریتلی زمین

ماسیدن: جمانا، یخ بستہ کرنا، منجمد کرنا (سیال اشیا کا)

ماش: ایک پودا جس سے ماش کی دال حاصل ہوتی ہے

ماشاءاللہ: جو خدا نے چاہا، کلمہ تحسین کے تعجب کے طور پر بھی کہا جاتا ہے

ماشرا: (۱) سوجن جس ے خون بھی نکل آتا ہے (۲) درختوں کا ایک روگ جس سے پتے اور چھلکے خشک ہو کر گر پڑتے ہیں، پت روگ

ماشِطہ: دایہ، آرائش گر، آراستہ کرنے والی خاتون

ماشُو: غربال، چھلنی

ماشُور: ملی ہوئی چیزیں، باہم آمیختہ چیزیں، مہینے

ماشورہ: نرسل جو بیچ میں سے خالی ہوتا ہے

ماشہ: (۱) چمٹی، موچنا (۲) لبلبی، بندوق کا گھوڑا

ماشی: (۱) ماش کے رنگ کا (۲) پیدل سفر کرنے والا (۳) گلہ بان

ماشین: مشین (انگ)

ماشین آلات: مشینری

ماشین بخار: سٹیم انجن

ماشین تحریر: ٹائپ رائٹر

ماشین خانِہ: ورک شاپ، جگہ، جہاں مشینیں رکھی جاتی ہیں

ماشین سوارکُن: فٹر

ماشینسٹ: (انگ) مشین چلانے والا، مشین کا فن جاننے

والا

ماضی:(ع) گزرا ہوا وقت، گزشتہ زمانہ

ماطِر:(ع) برسنے والا، بارانی

ماعُون:(ع)(۱)نیکی، احسان، (۲)کوئی چیز جس سے فائدہ حاصل ہو (۳)اسباب خانہ

ماغ:(۱)مرغابی کی قسم کا ایک پرندہ (۲)غبار

ماغ:گائے کی آواز

گاؤ ماغ می کشد:گائے آواز لگا رہی ہے

ماغ کشیدن:گائے کا بولنا

مافات:(ع) وہ جو گزر گیا، ہاتھ سے نکل گیا ہے

جبران مافات کردن:غفلت کی وجہ سے جو نقصان ہوا اس کی تلافی کرنا

مافَوق:(ع) جو اوپر بیان ہوا، مذکورہ بالا

این مطلب مافوق عقل است:یہ بیان یا بات انسانی عقل سے بالا ہے

مافی الضّمیر:(ع) جو ذہن میں ہے

ماقبل:(ع) پہلے، پیشتر

ماقُوت:ایک قسم کی خوراک جو نشاستہ اور چینی وغیرہ سے تیار کی جاتی ہے

ماک:دودھ جو گائے بھینس کا بچہ پیدا ہونے کے بعد دوہا جاتا ہے

شیر ماک:دودھ جس سے بہلی بنتی ہے

ماکان:جولاہے کا کپڑا بننے کا آلہ

ماکو:تبریز کے شمال مغرب کا ایک شہر

ماکُول:کھانے کی چیز، خوردنی، خوراک

ماکُولات:ماکول کی جمع، کھانے کی چیزیں

ماکِیان:مرغی

مال:(ع)(۱)اسباب، سازوسامان، جائداد، دھن دولت (۲)جانور جس پر بوجھ لادا جاتا ہے، سواری کا جانور

مالِ کی:کس کا سامان؟

مال غیر منقول:وہ جائداد جو ایک جگہ سے نقل نہ کی جا سکے مثلاً زمین

مال منقول:وہ جائداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائی جا سکے مثلاً مال و اسباب وغیرہ

مال فراوان گرد کرد:بہت زیادہ دولت اس نے جمع کر لی ہے

این کتاب مال من است:یہ کتاب میری ہے

بیت المال:حکومت کا خزانہ

دستمال:رومال

مال، مالیدن:ملنا سے فعل امر، ملو، مل دو

مآل:(ع) جہاں لوٹ کر آنا ہو، انجام بینی، باز گشت

مالاً:دولت کے ذریعے، نتیجۃً، آخر الامر

مالاً بہ او مساعدت کردند:انھوں نے رقم دے کر اس کی یاوری یا مدد کی

مآلاً:لہٰذا، اس وجہ سے، اس لیے

مالایار:ملیریا بخار

مالایاری:جسے ملیریا بخار ہو

مالا کلام:(ع)(۱)جس کلام میں شک شبہ کی گنجائش نہ ہو، (۲)بیان سے بالا، جسے الفاظ میں بیان نہ کیا جا سکے

مالُ الاجارہ:(ع) کرایے کا (مکان وغیرہ)

مال التّجارہ:(ع) سامان تجارت، تجارتی اشیا

مالا مال:بھرپور، بہت، کثیر، بہت زیادہ، کناروں تک بھرا ہوا

مآل اندیش:عاقبت اندیش، دور بین، عاقبت بین، محتاط

مآل اندیشی: عاقبت بینی، انجام سے متعلق سوچ بچار کرنا، دور بینی

مالا یطاق: (ع) غیر قابل تحمل، جو قوت برداشت سے بالا ہو، طاقت فرسا

مال بگیری: مطالبہ، مال لے لینے کا حکم، انگریزی میں اس کے لیے ریکیوزیشن ہے

مال بند: پول، بلّی، ستون

مال پرَست: دولت کا بندہ، زر پرست، دولت پرست

مال پرستی: زر پرستی، دولت پرستی

مالِع: (ع) نمکین

مال خولیا: مالیخولیا، خفقان کی بیماری، وہم، سودا

مالی خولیائی: جسے وہم یا سودا کا مرض ہو، سودائی

مالدار: دولت مند، متموّل

مالداری: تمول، دولت مندی

مالِش: مَلنا

مالش دادن: مَلنا

مالطَہ: مالٹا (ملک)

مالِک: آقا، صاحب، جس کی ملکیت ہو

مالک مِلک خود را فروخت: صاحب ملکیت نے اپنی ملکیت فروخت کر دی

مالک یوم الدین: روز حساب کا مالک، باری تعالی

مالکانِہ: حق ملکیت

مالِ مردم خور: دوسروں کا مال کھانے والا، دوسروں کا مال لے لینے والا

مالُوف: (ع) جس سے الفت ہو، مانوس، عزیز

عادتِ مالوف: معمول کی عادت، ہمیشہ سے جو عادت ہو

مالہِ: معمار کا گارا پھیلانے کا آلہ، گرمالہ، کانڈی

مالہ کشیدن: گارا پھیلانا، گارے کا ردا چڑھانا

مالی: مال و دولت سے متعلق

اُمورِ مالی: مال و دولت سے متعلق امور و مسائل

مالیِات: باج، خراج، محصولات، ٹیکس

مالیات ارضی: زمین کا لگان

مالیات بر درآمد: انکم ٹیکس

مالیات برعایدات: انکم ٹیکس

مالیات بستن: (یا وضع کردن) ٹیکس لگانا

مالیات مستقلات: کرایوں کا ٹیکس

مالیات غیر مستقیم: بالواسطہ انکم ٹیکس

مالیات مستقیم: براہ راست انکم ٹیکس

مالیات ملکی یا املاک: پراپرٹی ٹیکس

مالیات سنگین بر مسکرات بستہ اند: الکحل کے مشروبات پر بہت زیادہ ٹیکس لگایا گیا ہے

مالیات بدہ: ٹیکس ادا کرنے والا

مالیات بندی: ٹیکس لگنا

مالیاتی: مال و دولت سے متعلق

حاکم مالیاتی: ٹیکس حاصل کرنے والا افسر

مالیخولیا: (ماخوذ از یونانی) سوداوی مرض، ذہنی بیماری جس سے طرح طرح کے توہمات ذہن میں آتے ہیں

مالیدن: مَلنا

روغن را بہ بدن خود مالید: تیل اس نے اپنے بدن پر ملا

مالیدنی: ملنے والی چیز، بیرونی استعمال کی دوا، مرہم

مالیدہ: ملا ہوا

مالیِہ: ذرائع آمدنی، مالیات

ادارہ مالیہ: مالیات کا محکمہ

امینِ مالیہ: مالیات کا ایجنٹ

رئیس مالیہ: مالیات کا ڈائریکٹر

وزارتِ مالیہ: وزارت مالیات

مام: والدہ، ماں

ماما: (۱) ماں (۲) دایہ

ماماچہ: دایہ

ماماں: مام، ماں، والدہ

مامائی: دایہ گیری، دایہ گری کا کام جاننا

مامای کردن: دایہ گیری کرنا

مامضی: (ع) گزشتہ، جو گزر گیا

مضی مامضی: (ع) جو گزر گیا وہ گزر گیا

مامَک: ماں کی تصغیر، ماں

مامَن: (ع) امن کی جگہ، پناہ گاہ، حفاظت کی جگہ

ماموت: ہاتھی کی قسم کا بڑا جانور جو قدیم زمانے میں سرد ممالک میں ہوتا تھا لیکن اب اس کی نسل ختم ہو چکی ہے

ماموُر: (ع) جسے کسی کام کے لیے مقرر کیا گیا ہو، ماموُرین جمع

مامور شدن: کسی کام کے لیے مقرر ہونا

مامور کردن: تعین کرنا

ماموُرینِ دولت: حکومت کے ملازمین

این را مامور کردند کہ مالیات را وصول کنند: اسے متعین کیا گیا ہے کہ ٹیکس وصول کرے

دو نفر را مامور تفتیش کردند: دو آدمی تفتیش پر مقرر کیے گئے ہیں

شما مامور ہستید کہ این پیغام را برسانید: تمہیں اس بات پر مقرر کیا گیا ہے کہ یہ پیغام پہنچا دو

مامورِ اجرا: انتظامی امور کا دفتر

ماموریّت: خدمت، فرض، حکم، ہدایت، کمشن، کار منصبی

او بہ ماموریت رفتہ است: وہ اپنا فرض ادا کرنے کے لیے (ملک سے باہر) گیا ہے

من ماموریت دارم کہ شمارا طلب کنم: مجھے ہدایت ہوئی ہے کہ میں تجھے طلب کروں

ماموُل: جس کي امید ہو، جو متوقع ہو

این بر خلافِ ماموُل من است: یہ میری امید کے خلاف ہے

مامون: امن میں آیا ہوا، محفوظ

مامون الرشید: ایک عباسی خلیفہ جس نے ۱۹۸ تا ۲۱۸ھ / ۸۱۳ تا ۸۳۳ء حکومت کی

ماميران: زرد پھول دینے والے دو پودے

مان: من کی جمع، ہمارا، جیسے فرزند کی جمع

فرزندمان: ہمارے بیٹے

دیدمان: اس نے ہمیں دیکھا

مان: گھر، گھر کا ساز و سامان نیز مثل، مانند

مانا، مانند: ویسا ہی

مانا کہ گوئی: جیسا کہ تو کہتا ہے

مانَحنُ فیہ: (ع) جو موضوع ہمارے پیش نظر ہے، مورد بحث ھے، جس میں ہم ہیں

مانداب: جہاں پانی جمع رہتا ہے اور اس سے بو آنے لگتی ہے

ماندگار: پائیدار، مستحکم

ماندگی: خستگی، تکان، تھکاوٹ

ماندن: رہنا، قیام کرنا، باقی رہنا، بقیہ، خستہ ہو جانا

آنچه را که می ماند جمع کن: جو باقی رہ گیا ہے اسے جمع کر لے

باز ماندگان: جو باقی رہ گئے ہیں

چند روز در آنجا ماندید: تم کتنا عرصہ وہاں رہے؟

در ماندن: خستہ و لاچار ہونا

درماندگان: خستہ و لاچار لوگ

فروماندن: کم زور ہو جانا، تھک جانا

ماند: جو رہ گیا ہے

هیچ نخواهد ماند جز آثار نیکو کاری: نیک کاموں کے اثرات کے سوا کوئی چیز باقی نہیں رہیگی

برین رواق زبرجد نوشته اند بزر
که جز نکوی اہل کرم نخواهد ماند

اس نیلگوں محل پر سنہری الفاظ میں لکھا ہے کہ اہل کرم کی نیکی کے سوا کوئی چیز باقی نہیں رہیگی

ماندہ: جو باقی رہا ہے، بقیہ، تھکا ہوا، خستہ

اجناسِ ماندہ: چیزیں جو فروخت ہونے سے باقی رہ گئی ہوں

مانستَن: مانند ہونا، مشابہ ہونا، مماثل ہونا، ہم شکل ہونا، مشابہت رکھنا، ایک جیسا ہونا، ملتا جلتا ہونا

مانِستیہ: مشابہت ہونا، مانند، مماثلت

مانش: بہتے پانی کا قدرتی یا مصنوعی نالہ، نہر کھاڑی

مانِع: (ع) رکاوٹ، مزاحمت، خلل اندازی، ممانعت، (موانع جمع)

مانع داشتن: اعتراض ہونا

مانع شدن: روکنا، مزاحم ہونا، مزاحمت کرنا

مانع شما درین کار چیست: اس کام میں تمہارے لیے کیا رکاوٹ ہے

موانع را مرتفع نمودم: رکاوٹیں میں نے دور کر دیں

مرا از رفتن مانع شد: میرے جانے میں اس نے رکاوٹ پیدا کی

مانگ: چاند

مانَند: مشابہ، مماثل، ہم شکل، مشابہت

قدش سرو مانند است: اس کا قد سرو کی مانند ہے

بی مانند: بے مثال

مانَندِگی: مشابہت، مماثلت

مانَندہ: مانند ہونا، مشابہ ہونا، مماثل ہونا

مانُو: گونج، صدای باز گشت، کسی کے خیالات کو حرف بحرف دہرا دینا

مانوُر: (۱) مینورر (انگ) بحری یا عسکری حرکت، جہازوں کے بیڑے کا کسی خاص منصوبے کے تحت حرکت کرنا (۲) داو کرنا، گھات لگانا، جوڑ توڑ یا حکمت عملی سے مجبور کر دینا

مانور دادن: بحری یا عسکری حرکت کرنے کی مشق کرنا

مانُوس: جس سے انس ہو، عزیز، واقف، آشنا، اچھی طرح سے جانا پہچانا ہوا

مانوس شدن: اچھی طرح سے جان لینا، آشنا ہونا

مانوی: مانویت، مانی کا پیش کیا ہوا مذہب

مانی: (۲۱٦ - ۲۷٦ء) فتق کا بیٹا بابل کا رہنے والا تھا اس نے شاپور اول کے زمانے میں پیغمبر ہونے کا دعوی کیا، بڑے پایے کا مصور تھا، مصوری کو اس نے معجزے کے طور پیش کیا لیکن مخالفت کی بنا پراسے وطن چھوڑنا

پڑا، آخر وہ قتل ہوا اس نے جو مذہب پیش کیا تھا وہ کچھ عرصے بعد نابود ہو گیا، اس کی مصوری کی کتاب کا نام ارژنگ تھا

مانیدن:کسی چیز کے مشابہ ہونا

ماوا:(ع) ماوای، پناہ گاہ، ٹھکانا، حفاظت کی جگہ منزل، مسکن، مامن، مثال:

آرزوی جنت ماوا برون کردم ز دل
جنتم این بس کہ برخاک درت ماوی کنم

پناهگاہ جنت کی آرزو میں نے دل سے نکال دی ہے میرے لیے جنت بس یہی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے دروازے کی خاک کو اپنی پناہ گاہ بنالوں

ماوی دادن:کسی کو پناہ دینا، حفاظت کے لیے جگہ دینا

ماوی گرفتن:مسکن پانا، پناہ گاہ حاصل ہونا، قیام کرنا، ٹھکانا بنانا

ماورا:جو پیچھے ہے، دوسری طرف، اس طرف، بالا

ماورای تصور:تصور سے بالا

ماورا النہر:شہر کا نام جو دریاے جیحون سے پار ہے

ماوَقع:واقعہ، حالت، صورت حال، کسی فعل کا ماحول، وہ حالت جس میں کوئی فعل انجام پذیر ہو

ماہ:چاند، قمر، مہینہ

ماہ آب:آبان، ایران کے شمسی کیلنڈر کا مہینہ

ماہا:چاند کی مانند

ماہار:مُہار

ماہانِہ:ماہوار، ماہیانہ

ماہ بماہ:ہر مہینے

ماہ پارِہ:چاند کا ٹکڑا، کنایۃً حسین و جمیل

ماہتاب:چاند کی چاندنی، چاند

ماہ پرَست:چاند کی پرستش کرنے والا

ماہ پَیکر:چاند جیسے جسم والا، حسین و جمیل

ماہ چہاردہِ شب:چودھویں کا چاند

ماہچہ:پرچم کے اوپر کا چاند

ماہِر:(ع) تجربہ کار، فن میں مہارت رکھنے والا

او در زدن وائلن ماہر است:وہ وائلن بجانے میں بڑی مہارت رکھتا ہے

ماہرانہ:مہارت سے

ماہرُخ:ماہ رو، چاند جیسے روشن چہرے والا حسین، زیبا، رعنا

ماہ رُخسار:ماہرخ

ماہ روزہ:ماہ رمضان

ماہِری:مہارت، تجربہ کاری

ماہ سِیام:ماہ نخشب دیکھیے ماہ مقنع

ماہ سِیما:ماہرخ

ماہ شمسی:شمسی مہینہ، ایران کے شمسی سال کے بارہ مہینوں میں پہلا مہینہ فروردین ہے اور بارھواں مہینہ اسفند ہے یہ مہینے دور آفتاب کے گرد زمین کی گردش سے متعلق ہیں، ہر مہینہ شمسی کے نام منسوب ہے

ماہ صِیام:ماہ رمضان جس میں روزے رکھے جاتے ہیں

ماہ طلعَت:چاند جیسے چہرے والا، حسین و جمیل

ماہ قَمری:قمری مہینہ، قمری سال ماہ محرم سے شروع ہوتا ہے اور آخری قمری مہینہ ذی الحج ہے یہ مہینے زمین کے گرد چاند کی گردش سے متعلق ہیں اس لیے ہر مہینہ قمری کے نام منسوب ہے

ماہ کاشغر: ماہ نخشب

ماہ کش: ماہ نخشب

ماہِ کنعان: کنعاں کا چاند، کنایۃً حضرت یوسف(ع)

ماہ مقنع: ماہ نخشب، نخشب ترکستان کا ایک مشہور شہر ہے جہاں حکیم مقنع نے ایک مصنوعی چاند کنوئیں سے نکلتا ہوا دکھایا تھا، اس لیے یہ چاند ماہ مقنع یا ماہ نخشب کے نام سے مشہور ہوا

ماہگانہ: :ماہانہ، ماہوار، ماہیانہ

ماہ گرفت: چاند گرہن، خسوف

ماہ گرفتگی: چاند گرہن

ماہ لقا: چاند جیسے چہرے والا، ماہرو، ماہ طلعت محبوب

ماہنامہ: مجلہ یا رسالہ جو ہر مہینے شائع ہوتا ہے

ماہ نخشب: ماہ مقنع

ماہُو: زیب و زینت، آرائش و پیرائش

ماہوار: ماہانہ، ماہیانہ

ماہواری: ماہانہ تنخواہ، ماہانہ آمدنی، محاصل ماہیانہ

ماہُوت: چوڑا کپڑا، اونی یا سوتی کپڑا، بڑے عرض کی بانات

ماہوت پاک کن: کپڑے صاف کرنے کا برش

ماہوت فروش: بزاز، کپڑے کا کاروبار کرنے والا

ماہُوتی: جس پر اونی یا سوتی کپڑے کا غلاف ہو

ماہُور: زمین کی بلندی و پستی، نا ہموار، ایرانی موسیقی کی راگنی

ماہ وش: چاند کی طرح حسین، زیبا، رعنا

ماہہ: عمر ظاہر کرنے کے لیے آتا ہے

بچۂ چہار ماہہ: چار ماہ کی عمر کا بچہ

ماہھ: آلہ جس سے سوراخ کرتے ہیں، برما

ماہی: مچھلی (۲)ہئیت، حُوت، بارھویں برج کا نام

ماہی اسقومری: ماکریل، ایک قسم کی بحری مچھلی، گرمیوں میں اس قسم کی مچھلیاں گروہ در گروہ سمندر کے کنارے پر آ کر انڈے دیتی ہیں

ماہی خاردار: کانٹوں والی مچھلی

ماہی درشت قنات: تھوتھنی والی مچھلی

ماہی روغن: مچھلی جس سے تیل نکالا جاتا ہے

ماہی زیر قنات: چھوٹی مچھلی جو چارے کے کام آتی ہے

ماہی سفید: سفید مچھلی

ماہی سَوف: سفید مچھلی

ماہی سیم: چاندی کے رنگ کی مچھلی

ماہی طلائی: سنہرے رنگ کی مچھلی

ماہی گُوسِہ: یورپی سمندروں کی ایک قسم کی مچھلی جو مچھلیوں کا شکار کرتی ہے

ماہی گول: تالابوں کی عام مچھلی

ماہی یُونس: ایک قسم کی سرخ مچھلی جو پانی سے نکلنے کے بعد مرتے وقت طرح طرح کے رنگ بدلتی ہے

صید ماہی: مچھلی کا شکار

ماہی: ماہانہ

ماہی: (صیغہ تانیث) وہ کیا ہے

ماہیانہ: ماہانہ، ماہوار تنخواہ

ماہیانہ شما چند است: تمہاری ماہانہ تنخواہ کتنی ہے

اطلاع نامہ ماہیانہ: ماہوار اطلاع نامہ

او ماہیانہ سہ ہزار روپیہ می پردازد: وہ تین ہزار روپے ماہانہ تنخواہ پاتا ہے

ماہی پرَست: مچھلیوں کا پجاری

ماہی پرستی: مچھلیوں کی پوجا

ماہی پروَر: مچھلیوں کی پرورش کرنے والا

ماہی پروری: مچھلیوں کی پرورش کرنا

ماہِیت: جوہر، ذات، حقیقت، اصلیت، کیفیت (ماہیات جمع)

ماہی تابہ: ماہی تاوا، فرائنگ پین، جس میں گھی وغیرہ ڈال کر کوئی چیز بریاں کی جاتی ہے، کڑاہی

ماہِیچہ: بازو کا پٹھا، عضلہ

ماہی خانہ: مچھلیوں کے لیے جو تالاب بنایا جائے اور اس میں ان کی پرورش کی جائے

ماہی خوار: بگلا، مچھلیاں کھانے والا

ماہی خواری: مچھلیاں کھانا

ماہی دان: وہ برتن جس میں پانی ڈال کر مچھلیاں رکھی جاتی ہیں

ماہی دریم: قالین جس میں مچھلیوں کو ایک دوسرے کے پیچھے تیرتے دکھایا جاتا ہے

ماہی شِناس: مچھلیوں کا علم جاننے والا

ماہی شِناسی: مچھلیوں کا علم جاننا

ماہی فروش: مچھلیاں فروخت کرنے والا

ماہی قزل آلا: ایک قسم کی مچھلی جو میٹھے پانی میں زندگی بسر کرتی ہے

ماہی گیر: مچھلیاں پکڑنے والا

ماہی گیری: مچھلیوں کا شکار کرنا

ماہی مانند: مچھلی کی مانند

مائت: (ع) موت کے قریب، جو شخص آخری دموں پر ہو

مائدَہ: (ع) دسترخوان جس پر کھانا چنا جائے

ہر چہ بزیر فلک ہست طفیلِ تو است
مائدہ عشق را نادرہ مہمان توی

زیر فلک جو کچھ بھی ہے وہ آپ ہی کی ہی بدولت ہے یہاں عشق و محبت کا جو دستر خواں بچھا ہے اس کے لیے بے نظیر مہمان آپ ہی ہیں

مائع: (ع) مایع، کوئی رقیق یا سیال چیز، بہنے والامادہ

پیمانہ مائعات: :رقیق چیزیں ناپنے کا پیمانہ

تبدیل بہ مائع کردن: رقیق صورت میں تبدیل کر دینا

مائعیت: رقیق ہونا

مائل، مایل: (ع) میلان رکھنے والا، متوجہ، راغب

مائل است کہ آنرا بخرد: اس کا میلان اس چیز کو خریدنے کی طرف ہے

مائل بودن: کسی چیز کی طرف راغب ہونا، میلان ہونا

مائل شدن: کسی چیز کی طرف میلان ہونا

مائلیّت: میلان، رغبت

مایَتحلل: (ع)جو بدن میں حل ہو جائے

مایَحتاج: (ع) جس چیز کی ضرورت ہو

مایلزِم: (ع) جو چیز لازم ہو

مایمِلک: (ع) جو چیز کسی کے تصرف میں ہو، جو چیز کسی کی ہو

مایَندر: مادراندر، سوتیلی ماں

مایُوس: نا امید

مایوس شدن: نا امید

مایوس کردن: نا امید کرنا، دل سرد کرنا

او ازین طفل مایوس است: وہ اس بچے سے نا امید ہے، اسے اس بچے میں بہتری کی کوئی امید نہیں

مایوسانه:نا امیدی سے

مایوسی:نا امیدی

مایوسیّت:ناامیدی

مایه:مقدار، اندازه، ہر چیز کا مادہ، خمیر، سرمایہ، پونجی، تعداد، اصطلاح طب میں مرض کو روکنے کا ٹیکا

مایهٔ افتخار:عزت کا ذریعہ، سرمایہ فخر

مایه بدنامی:بری شہرت کا ذریعہ

مایه زدن:خمیر کرنا، (دہی) جمانا

این محصل مایهٔ افتخارِ دانشکده ماست:یہ طالب علم ہمارے کالج کے لیے باعث فخر ہے

برای کسی مایه گرفتن:کسی رنج کی وجہ سے کسی کو مشکلات میں مبتلا کرنا

من برای کسب مایه ندارم:تجارت کی غرض سے میرے پاس سرمایہ نہیں

نمی دانید چه مایه مردم بدینسان گرفتار شده اند:تم نہیں جانتے کہ کتنے لوگ اس کام میں گرفتار ہوئے

مایه خُوش:میخوش، کسی قدر ترش اور شیریں

مایهِ دار:خمیر شده، سرمایہ دار، حقیقی علم رکھنے والا

مایه زَدَن:خمیر کرنا، دہی جمانا


نَمل: (ع) چیونٹی

نَملہ:(ع) چیونٹی

نَمناک:نمدار، گیلا، سیلا، مرطوب

نمناکی:رطوبت، سیلا پن

نَم نَم:قطرہ قطرہ

نم نم باراں:بوندا باندی

نم نم باریدن:پھوار پڑنا

نَمُو:(ع) اگنا، بڑھنا، نشو و نما پانا

نموی غیر طبعی:غیر فطری طریقے سے پودے اگانا بڑھانا

نموکردن:اگنا بڑھنا، پھلنا پھولنا، پیدائش، ظہور ہونا، نشان، رونق

نمو کردن:با وقار ہونا

نمودار:نمایاں، آشکار، ظاہر

نمودار شدن:ظاہر ہونا، نمایاں ہونا، آشکار ہونا

نمودَن:نمائش کرنا، دکھانا

تحصیل نمودن:علم حاصل کرنا

نمودہ:دکھایا، جو چیز دکھائی گئی ہو

نَمُوسک:تیتر، تیہو

نموش:نمودار

نموک:نمناک، نمدار، گیلا

نَمُون:رہبری کرنا، رہنمائی کرنا

نَمُونش:نمودن سے حاصل مصدر، رہنمائی

نَمُونہ:مثال، وضع، دکھانے کے لیے پیش کی جانے والی چیز، مثل، مانند

نمونہ کردن:مثال کے طور پر پیش نظر رکھنا

نمی:رطوبت، سیلاپن

نَمید:نا امید کا مخفف

نَمیدَن:نم پکڑنا، گیلا ہو جانا

نَمیر:(ع)(۱)غیر فانی، ابدی، ذات باری تعالی (۲) فراوانی آب (۳)پاکیزہ

نَمیقہ:نامہ، خط، مکتوب، مراسلہ نمایق جمع

نمیم:(ع) سخن چینی، نکتہ چینی، عیب چینی

نمیمَہ:(ع) سخن چینی کرنا (نمائم جمع)

ننر:چاپلوس، چرب زبان، جو شخص بغیر کسی وجہ کے اپنی چرب زبانی سے لوگوں میں عزیز بننا چاہے

ننگ:(۱)عیب و عار، شرم و حیا، (۲)آبرو، حرمت (۳)رسوائی

ننگ داشتن:کسرشان سمجھنا قابل توجہ نہ سمجھنا

باعث ننگ:عیب و عار کا موجب

ننگین:(۱)شرمسار، نادم (۲)بد نام، رسوا

ننُو:کھٹولا، جالی دار کھٹولا، ایک قسم کا گہوارہ، جھولا

ننَوِشتِہ:خالی، جس پر کچھ نہ لکھا گیا ہو

ننَہ:ماں، والدہ، امی جان

ننہ جان:پیاری ماں

نَو:نیا، نئی تخلیق، مثال:

آدمی در عالم خاکی نمی آید بدست
عالم دیگر بباید ساخت وز نو آدمی
(حافظ)

آدمی جو انسان کہلانے کا مستحق ہو اس عالم خاکی میں نظر نہیں آتا اس لیے کوئی اور جہان اور کوئی نیا انسان عالم وجود میں آنا چاہیے

نوا: (۱)صدا، سریلی آواز، آہنگ، نغمہ، ایک ایرانی سر کا نام (۲)سروسامان

نوای تشنگئی شما شنیدیم: ہم نے آپ کی سریلی صدائیں سنیں

بینوا: بے بس، تہی دست، جس کا کوئی پرسان حال نہ ہو

خوش نوا: اچھی آواز میں گانے والا

نوّاب: (ع) حاکم، عزت کا ایک خطاب

نوابِغ: (ع) نابغ کی جمع، فوق العادہ استعداد رکھنے والا، بزرگ، عظیم الشان، فصیح و بلیغ

نوا پرداز: نغمہ پرداز

نواحَہ: نوحہ گر

نَواحی: گرد و نواح، آس پاس کا علاقہ، (ناحیہ جمع)

نواخانہ: زندان، قید خانہ

نَواخت: (۱)دلجوئی، مہربانی، نوازش (۲)سازکی آواز، نوا، آہنگ، صدا

نواختَن: (۱)دلجوئی کرنا، مہربانی کرنا، ملاطفت سے پیش آنا، نوازش کرنا

نواختَن: ساز بجانا

نواختِہ: (۱)ساز بجایا (۲)جس پر نوازش کی گئی ہو نیز بمعنی خیر و خیرات، انعام

نوا خوان: گویّا، مطرب، مغنی

نواخوانی: گانا، نغمہ سرائی کرنا

نوادِر: (ع) نادر کی جمع، عجیب و غریب چیزیں، نادر چیزیں، پرانی یادگار اشیا

نوادِہ: پوتا یا پوتی، نواسہ یا نواسی

نوادہ پسرینہ: بیٹے کا بیٹا

نوادہ دخترینہ: بیٹی کا بیٹا

نوادی: ندا کرنے والا، آواز دینے والا

نوار: ایک قسم کا بنا ہوا چوڑا فیتہ جس سے پلنگ بنتے ہیں

نواز: نواختن= نوازش کرنا سے فعل امر، پیار کرو، نوازش کرو، دلجوئی کرو، مثال:

یک دل سوختہ بنواز کہ کاریست عظیم
ورنہ آزار دل خلق چہ کاری باشد

ایک پریشان خاطر پر اپنے لطف و کرم کی نوازش کر یہ عظیم کام ہے، لوگوں کے دلوں کو آزار پہنچانا کیا کام ہے

نوازِش: مہربانی، کرمفرمائی، بخشش

نوازش کردن: مہربانی کرنا، دلجوئی کرنا

نوازَندگی: ساز بجانا، ساز کی سریلی صدائیں

نوازَندہ: سازندہ، ساز بجانے والا، ساز نواز

نوازِیدَن: (۱) نواختن، ساز بجانا (۲) مہربانی کرنا

نواساز: موسیقی کی سروں کو ترتیب دینے والا

نواسَہ: بیٹی کا بیٹا

نواسی: بیٹی کی بیٹی

نواسِیر: ناسور کی جمع، دیکھیے ناسور

نواشِناس: موسیقی دان، موسیقی کا علم جاننے والا، سرتال کو سمجھنے والا

نواصِب: (ع)ناصب کی جمع، نصب کرنے والے، لگانے والے

نواصی: (ع) ناصیہ کی جمع، پیشانیاں

نوافِذ: (ع) کھڑکیاں جن سے روشنی گھر میں داخل ہوتی ہے

نوا فِل: نافِلہ کی جمع، عطیات، بخشیش، عبادت جو واجب نہ ہو، نفل۔

نواقِص: (ع)ناقصہ کی جمع، عیوب، برائیاں۔

نواقصِ فنی ساختمان: عمارت کے فنی عیوب۔

نواقِل: (ع)ناقِل کی جمع، سازوسامان ادھر ادھر لانے لے جانے کے وسائل۔

نواقیر: (ع)جمع ناقور، نقارے۔

نواقیس: (ع)ناقوس کی جمع۔

نَوال: (ع)تحفہ، نذرانہ، عطاو بخشش۔

نوالہ: لقمہ سامان خور و نوش۔

نَو آمُوز: (ع)مبتدی، سیکھنے کے ابتدائی مرحلے میں جس نے ابھی کچھ سیکھا ہو۔

نوامِیس: (ع)دیکھیے ناموس۔

نَوان: (۱)لرزاں (۲)نالاں، خستہ۔

نوانخانہ: جہاں بینوا لوگوں کے بسر اوقات کا سامان مہیا کیا جاتا ہے۔

نوانِیدَن: ہلانا، آہ و زاری کا سبب بننا۔

نَو آوَرد: تخلیق، نئی ایجاد، اختراع۔

نَو آوردِہ: نئی بنائی یا تخلیق کی ہوئی چیز۔

نَواھی: (ع)ناہیہ کی جمع، ممنوعات، چیزیں جن کی ممانعت ہے۔

نوائب: (ع)نائبہ کی جمع، حادثات، مصیبتیں۔

نو آیَندِہ: نیا آنے والا۔

نوایِیدن: چیخنا، شور مچانا۔

نو آیِین: (۱)نیا قانون (۲)نئی طرز یا نیا عقیدہ اپنانے والا۔

نَو بارِہ: نوبر-درخت کا پہلا پھل۔

نَو باوِہ: (۱)پودا جو ابھی ابھی اگا ہو (۲)نو رسیدہ تازہ پکا ہوا پھل (۳)نونہال چھوٹا بچہ، نوباوگان جمع۔

نَوبَت: (ع) (۱)باری، کسی چیز کا وقت، موقع، فرصت (۲)نقارہ۔

نوبت بہ نوبت: وقتاً فوقتاً۔

بعد از شما نوبتِ کیست: تمہارے بعد کس کی باری ہے۔

سہ نوبت: تیسری بارنقارے کی آواز۔

نوبَت زن: نقارہ بجانے والا، نقارہ بجا کر اعلان کرنے والا۔

نوبَت گاہ: نقارہ خانہ-جہاں نقارے رکھے جاتے ہیں جہاں نقارے بجائے جاتے ہیں۔

نَوبَتی: (ع)(۱)اپنی باری پر (۲)نقارہ زن (۳)پاسبان۔

نَوبَر: نوبار-درخت کا اولیں پھل۔

نوبر کردن: درخت کا پہلا پھل کھانا۔

من ھنوز انگور نوبر نکردہ ام: میں نے ابھی انگوروں کا پہلا پھل نہیں کھایا۔

نَوبَہ: نوبت۔

نَوبَہ: باری کا بخار۔

نَوبَھار: موسم بہار کا آغاز۔

نوبھاری: آغاز بہار سے متعلق۔

نَوبَہ خیز: باری کا بخار آنا۔

نَوپان: بید کی بنی ہوئی توکری۔

نُوت: ایرانی موسیقی کی ایک راگنی۔

نَوتاش: دائم، ہمیشہ، جاوید، سرمد۔

نُوج: صنوبر کا درخت۔

نَوجَبَہ: سیلاب، طوفان، چشمے کا پانی۔

نوجوان: گبھرو، آغاز شباب کو پہنچا ہوا،۔ بالغ۔

نَو جَوانی: آغاز شباب، بلوغ، بلوغت کی عمر۔

نَوچِکی: امیدوار، کسی کاروبار وغیرہ میں تازہ وارد ہونا۔

نَوچِہ: (ع)متبدی، نو آموز، جو کسی کام میں یا کاروبار

میں تازہ وارد ہو۔

نُوح:(ع)ایک پیغمبر جو حضرت آدم کی نویں پشت میں ہوئے ہیں۔

طوفانِ نوح:وہ عظیم طوفان جو حضرت نوح ہی کی وجہ سے آیا۔

نَوحَہ:(ع)رونا، پیٹنا، آہ و زاری، خاص طور پر عزاداری کے موقع پر۔

نَوحہ خواندن:مرثیہ پڑھنا، درد بھرے اشعار پڑھنا۔

نَوحہ کردن:عزاداری میں ماتم کرنا۔

نَوحَہ خوان:درد بھرے اشعار پڑھنے والا۔

نوحَہ خوانی:رونا پیٹنا، آہ و زاری، نوحہ گر۔

نَوحَہ گر:نوحہ کرنے والا۔

نَوحہ گری:ماتم کرنا، رونا پیٹنا، آہ و زاری۔

نَو خاستِہ:(۱)بچہ، نونہال، تازہ پودا (۲)جوان نوخاستگان جمع۔

نَوخَط:جس کے سبزہ خط آیا ہو آغاز شباب۔

نَوخیز:تازہ، نیا، نازک، نازک اور تازہ اگا ہوا درخت۔

نود:(عدد)نوے۔

نَودران:شاگردانہ، انعام جو کام کرنے والوں کو ملتا ہے۔

نَو داماد:جس کی ابھی ابھی شادی ہوئی ہو، جوان شوہر۔

نَودَر:بچہ جو ابھی ابھی پیدا ہوا ہو۔

نَودَرَہ:پیارا بچہ۔

نَودَم:نوے سال کی عمر میں۔

نَوَدمی:نوے سال میں۔

نودَ میدِہ:تازہ پھوٹا ہوا، نوخاستہ، تازہ اگا ہوا۔

نَودَمین:نوے سالہ، نوے سال کی عمر کا۔

نَو دندان:بچہ جس کے دانت ابھی ابھی اگے ہوں۔

نَو دولت:نوکیسہ، جسے نئی نئی دولت ملی ہو نو دولتیا۔

نَودَہ:پوتا، فرزند زادہ۔

نَودِہ:فضا، خلائے بسیط، وسیع حلقہ، ہوا۔

نُور:(ع)روشنی، چمک دمک، فروغ۔

نُور علی نور:نور پر نور۔

نُورگُستَردن:نور پھیلانا، نور افشانی کرنا۔

نُورِ مَعرِفت:علم حقانی کا نور۔

انعکاس نور:روشنی کا عکس، پر تو۔

بُرجِ نور:منارہ نور، وہ روشن برج یا مینار جس سے جہازوں کی رہنمائی ہوتی ہے۔

نُور:ماژندران کے ایک ضلعے کا نام۔

نُوَرّ:(ع)خدا کرے کہ ہمیشہ تابندہ رہے۔

نُور افشان:نور بکھیرنے والا، نور پھیلانے والا۔

نُور افگن:نور بکھیرنے والا، سرچ لائٹ (انگ)۔

نوراَللہ:(ع)اللہ تعالی کا نور۔

نُورَ اللہ مَرقَدَہ:(ع)اللہ تعالی اس کے مزار کو روشن کرے۔

نُورانی:تابندہ، درخشاں، جس میں نور کی چمک دمک ہو۔

نُورانِیّت:روشنی، تابندگی، چمک دمک، ضیاء۔

نُور بخش:روشن کرنے والا۔

نُور چشم:آنکھوں کا نور، فرزند عزیز۔

نَوَرد:پیچ، زلف کی شکن۔

نَوَرد:لکڑی یا لوہے کا بیلن جس سے گوندھے ہوے آٹے کو پھیلاتے ہیں۔

نَوَرد-نوردیدن:سفر طے کرنا، تہ کرنا سے فعل امر سفر کرو، تہ کرو۔

نَوَرد:شائستہ، برابر، مانند۔

نَوَرد:نبرد، لڑائی جھگڑا۔

نَوَردِیدَن:طے کرنا، لپیٹنا، کام کو ادھورا چھوڑ دینا۔

نَوَردِیدہ: لپٹا ہوا، تہہ کیا ہوا، پیچیدہ۔ جس نے سفر کیا ہے۔

نَورَس: (۱)تازہ پھل جو ابھی ابھی پکا ہو (۲)نوجوان۔

نَورُستہ: شاخ جو ابھی ابھی پھوٹی ہو، نونہال۔

نَورَسیدہ: (۱)جو ابھی ابھی آیا ہو، تازہ وارد (۲)بچہ جو ابھی ابھی پیدا ہوا ہو، (۳)پھل جو ابھی ابھی پکا ہو۔

نَورفتار: بچہ جس نے ابھی ابھی چلنا سیکھا ہو۔

نُور گُستَر: نور افشان، نور پھیلانے والا۔

نَورَگجَہ: تالاب۔

نَورَند: ترجمہ، کسی زبان کے بیان کو کسی دوسری زبان میں ترجمہ کرنا۔

نَورُوز: (۱)سال نو کا آغاز (۲)ایرانی شمسی مہینے فرور دین کی پہلی تاریخ جب نو روز کا جشن منایا جاتا ہے اسے عید نو روز بھی کہتے ہیں، (۳)موسیقی کی سر کا نام۔

نَو رُوزی: نو روز سے متعلق۔

نُورہ: بال صفا۔

نُورہ کشیدن: بال صفا پاؤڈر یا کریم استعمال کرنا۔

نُورھان: سوغات، تحفہ، ارمغان۔

نُوری: نُور سے متعلق، ماژندارن کے ایک ضلع کا نام۔

نُوری: ایک قسم کی خوبانی، زرد آلو۔

نُوز: ہنوز، (ابھی) کا مخفف۔

نَوزاد: نوزادہ، بچہ جو ابھی ابھی پیدا ہوا ہو، نوزادگان جمع۔

نَوزادی: پہلا روپ۔

نُوزدَہ: (عدد) انیس۔

نوزدہ سال: انیس برس۔

نُوز دَھُم: انیسواں۔

نُوز دھمی: انیسواں۔

جشنِ نوز دھمی: انیسواں جشن۔

نُوس: قوس قزح۔

نَوساخت: تازہ ساخت، جو ابھی ابھی بنایا گیا ہو۔

نَوساز: نَوساخت، جو تازہ بنا ہو۔

نَوسازی: نئی چیزیں تیار کرنا، نئی عمارت کی تعمیر کرنا۔

نَوسان: ہلنا۔

نوسفَر: پہلی مرتبہ جس نے سفر کیا ہو۔

نُوسِہ: نوس، قوس قزح۔

نُوش-نوشیدن: پینا سے فعل امر، بنوش پی لو۔

بادہ نوش: شراب پینے والا۔

نوش جان کردن: دلی خواہش سے پینا۔

نوش کردن: پینا۔

نُوش: شہد، انگبیں، ہر چیز جو گوارا اور شیرین ہو۔

نوش و نِیش باھم است: جہاں شہد ہے وہاں نیش یا ڈنگ بھی ہے، جہاں خوشی سے وہاں رنج و تکلیف بھی ہے۔

نَوشابِہ: زندگی کا پانی، الکحل سے تیار کیا ہوا مشروب۔

نُوشان: دیکھیے نوشاندن۔

نوشاندن: پینا، نوشان، پی لو۔

نُوشا نوش: پے بہ پے پینا (شراب)۔

نَوِشت-نوشتن: لکھنا سے ماضی مطلق، اس نے لکھا۔

نَوِشت افزار: قلم، پن، وغیرہ، جس سے کچھ تحریر کیا جاتا ہے۔

نوِشتَن: مطلب کا غذپر لکھنا۔

نَوَشتَن: نوردیدن: دیکھیے نوردیدن۔

نوِ شتنی: لکھنے کے قابل، جو لکھا جانا چاہیے۔

مسائل نوشتنی: وہ مسائلِ جو تحریر میں لانے

چاہئیں۔

نَوِشتِه:لکھا ہوا۔

نوشتجات:لکھی ہوئی یا دداشتیں۔

نُوشخوار:نشخوار، چبانا۔

نُوشدارو:شفا بخش دوائی، تریاق۔

پس از مردنِ سُهراب نوشدارو دهند:سہراب کے مرجانے کے بعد اسے شفا بخش دوائی دیتے ہیں۔

نَوشروان:نوشیروان، یعنی جان شیریں، ساسانی عہد کا بادشاہ جو اپنے عدل و انصاف کی وجہ سے مشہور تھا۔

نَو شِگُفتَه:نیا کھلا ہوا۔

غنچه نَو شگفته:غنچہ جو ابھی کھلا ہو۔

نوش لَب:شیریں لب۔

نوشِ لبینا:ایران کی قدیمی موسیقی کی ایک راگنی کا نام۔

نُوشَنجَه:گوارا، پینے کے لیے گوارا۔

نُوشَندِه:پینے والا۔

نَوشه:نوجوان بادشاہ، نیا دولہا، بنّا۔

نُوشیدَن:پینا پانی یا کچھ اور۔

نوشِین:شیریں، میٹھی، گوارا۔

نوشِین روان:جان شیریں۔

خواب نوشِین:میٹھی نیند۔

نو شِینه:نوشین، شراب گوارا۔

نو ظُهُور:نیا، جو نیا ظاہر ہوا ہو نئی تخلیق۔

اجناس نو ظهور:نئی تخلیق شدہ چیزیں۔

نَوع:قسم۔

نوعِ بَشَر:بنی نوع انسان۔

این چه نوع داستان است:یہ کس قسم کی داستان ہے۔

نوعاً:جہاں تک نوع یا قسم کا تعلق ہے۔

نو عروس:جس لڑکی کی ابھی شادی ہوئی ہے۔

نوعی:جنس کے متعلق۔

نَوغان:(۱)ریشم کا کیڑا۔

نُوف:(۱)شورو غوغا (۲)گنبد کی صدا۔

نُوفَه:فریاد، بلند آواز، شور ر غوغا۔

نُو فیدن:آواز دینا، بلند آواز میں کہنا۔

نُوک:کسی چیز کا سرا، چڑیوں کی چونچ۔

نوک انگشت:انگلی کا سرا۔

نُوک زدن:چونچ مارنا سرا کسی چیز کا چبھونا۔

نوک قلم:قلم کا سرا جس سے لکھا جاتا ہے۔

نَوکار:تازہ کار، جس نے ابھی کام شروع کیا ہو۔

نوک تیز:تیز سرا۔

نَوکدخدا:جو تازہ خانہ دار ہوا ہو، جس نے تازہ شادی کی ہو۔

نوکَر:ملازم، خدمتگار۔

نوکرِ باب:گورنمنٹ کا ملازم۔

نوکری:ملازمت۔

نوکری کردن:ملازمت کرنا۔

نَوکَند:جو ابھی ابھی اگا ہو، نورستہ نوخاستہ۔

نَوکِیسَه:نو دولت، جسے نئی نئی دولت ملی ہو، نو دولتیا۔

نو گُل:نیا کھلا ہوا، تازہ کھلا ہوا پھول۔

نُول:(۱)دہن کے ارد گرد کا حصہ (۲)پرندوں کی چونچ (۳)صراحی کی گردن۔

نُوله:کلام، سخن، قول، کلمہ۔

نَوم:(ع)نیند، مثال: اقبال کہتے ہیں۔

ماند شب ها چشمِ او محروم نوم
تا به تخت خسروی خوابید قوم

سرور کونین (ص) کی آنکھیں نیند سے اس غرض سے

محروم رہیں کہ ملت اسلامیہ شہنشاہیت کے تخت پر سو سکے۔

نَومی: نیند سے متعلق۔

انتقال نومی: نیند کی حالت میں چلنا۔

نَومید: نا امید۔

نُون: اکنون (اب) کا مخفف ہے۔

نُون: چاہ زنخدان نیز بمعنی ماہی، مچھلی۔

نون: شمشیر، دم شمشیر۔

نوَند: تند و تیز، تیز، رفتار گھوڑا یا اونٹ۔

نَو ندُول: پر پوتا، پر پوتی۔

نَو نہال: تازہ اگا ہوا پودا، بچہ جو ابھی پیدا ہوا ہو۔

نَونیاز: مبتدی، تازہ کار، جس نے ابھی ابھی کام شروع کیا ہو۔

نَوہ: پوتا، فرزندزادہ۔

نُوی: نیا پن، حالت نو، وضع نو، تازگی۔

نُویان: شہزادہ، امیر، فوج کا کمانڈر۔

نَویج: عشق پیچان یا عشق پیچہ۔

نَوید: (۱) خوش خبری، مژدہ (۲) وعدہ۔

نوید دادن: خوشخبری دینا، وعدہ کرنا۔

نَویدَن: آہ و زاری کرنا (۲) کانپنا، تھر تھرانا۔

نویس-نوشتن: لکھنا سے فعل امر، لکھو۔

خوش نویس: اچھا لکھنے والا کاتب، جس کے لکھنے کا انداز خوبصورت ہو۔

نَویسا: نویسندہ، لکھنے والا۔

نَویسَندگی: لکھائی، تحریر۔

نویسَندہ: مصنف، لکھنے والا، محرر، کاتب، (نویسندگان جمع)۔

نَویم: محض، صرف۔

بنویم دیدن شما آمدم: میں محض آپ کے دیکھنے کے لیے یا ملاقات کے لیے آیا۔

نَوین: نیا، جدید، تازہ۔

رسم نوین: جدید رسم۔

نوییدَن: نالیدن، آہ و زاری کرنا۔

نَہ: نہیں، حرف نفی۔

نہ چندان: اتنا نہیں۔

نہ چنین است کہ خیال می کنید: ایسا نہیں جیسا تم خیال کرتے ہو۔

نِہ: نہادن=رکھنا سے فعل امر، رکھو۔

نُہ: (عدد) نو۔

نُہ سپہر: نو آسمان۔

نَہ: نیستی، نہیں ہو۔

نِہاد: فطرت، طبیعت، عادت، بنیاد، مثال:

خدای عرش جہان را چنین نہاد نہاد
کہ گاہ مردم از آن غم کنندو گاھی شاد

باری تعالی نے اس جہان کی بنیاد کچھ اس طرح رکھی ہے کہ لوگوں کو کبھی غم ہوتا ہے اورکبھی خوشی۔

کج نہاد: بد خو، بد فطرت، بدسرشت۔

نِہادَن: رکھنا۔

بنانہادن: بنیاد رکھنا۔

تُخم نہادن: انڈے دینا۔

خوان نہادن: دستر خوان بچھانا۔

مرہم نہادن: (زخم پر) مرہم رکھنا۔

نِہادہ: (۱) رکھا ہوا (۲) پس انداز، اندوختہ۔

نَہار: ناہار، ناشتا۔

نَہار: دن کا وقت۔ مثال:

پیش از من و تو لیل و نہاری بودہ است
گردندہ فلک ہرای کاری بودہ است

تم سے اور مجھ سے پہلے یہ دن بھی تھے اور راتیں بھی

یہ گھومنے والا آسمان ہمیشہ برسرکار رہتا ہے۔

لیل و نہار:رات اور دن، شب و روز۔

نصف النہار:دوپہر کا وقت، وہ فرضی خط جو ایک قطب سے دوسرے قطب تک جاتا ہے۔

نہار:ڈر، خوف، ترس، بیم۔

نہاز:بکرا جو ریوڑ کے آگے آگے چلتا ہے۔

نہازیدن:ڈرنا، وہم کرنا۔

نہال:پودا، درخت نورستہ، پودا۔

نہالستان-نہالگاہ:نرسری، قلمستان، جہاں پودے لگائے گئے ہوں، لوگ وہاں سے پودے حاصل کرکے اپنے ہاں لے جاکر لگاتے ہیں۔

نہالہ-نہال:نورستہ درخت، درختکی لکڑی کا ڈھانچہ جو شکاری شکار کو روکنے اور اسے اپنے جال کی طرف لے جانے کے لیے نصب کرتے ہیں، شکار۔

نہالہ گاہ:وہ جگہ جہاں ایسا ڈھانچا نصب کیا جاتا ہے۔

نہالی:توشک۔

نہامی:نہامین، آہنگر، لوہار۔

نِہامی:(۱)راہب (۲)آسان راستہ۔

نِہان:پوشیدہ، مخفی، پنہاں۔

در نہان:پوشیدہ طور سے۔۔

نہان داشتن:پوشیدہ کرنا۔

نہان کردن:چھپانا، پوشیدہ رکھنا۔

نِہان خانہ:ذاتی کمرہ، خلوت خانہ، خفیہ جگہ، تہ خانہ۔

نِہانی:پوشیدہ طور سے۔

نہانی با او خبرداد:پوشیدہ طور سے اسے خبر دی۔

اندام نہانی:عورتوں کی پوشیدہ جگہ۔

نِہاوَند:ہمدان کے جنوب میں ایک شہر کا نام۔

نِہاوَندی:نہاوند کا رہنے والا۔

نِہائی:آخری، انتہائی۔

نِہایَت:(ع)آخر، انجام، حد، بہت ہی زیادہ، بے انتہا۔

بی نہایت:انتہائی۔

نہایت دشوار است:انتہائی مشکل ہے۔

نِہایہ:انتہائی۔

نَہب:(ع)لوٹ مار، غارت، غارتگری۔

نُہبَہ:غارت، لوٹ مار۔

نَہج:طریقہ، طرح، روش، راہ۔

بدین نہج:اس طرح، اس طریقے سے۔

نَہجُ البَلاغہ:ایک کتاب جس میں حضرت علی (رض) کے خطبات، مکتوبات اور اقوال شامل ہیں۔

نَہر:وہ ندی جو دریا کے کنارے سے نکالی گئی ہو، انہار جمع۔

ماورا ء النَہر:شہر کا نام جو دریاے جیحوں سے پار ہے۔

نَہرہ:مدھانی جس سے دہی رڑک کر مکھن نکالتے ہیں اور لسّی تیار ہوتی ہے۔

نَہری:دریا سے نکالی ہوئی نہر سے متعلق۔

نِہستَن:نہادن، رکھنا۔

نِہشتَن:نہستن، رکھنا۔

نَہشَل:(۱)صحرائی، گاجر (۲)عربی میں بمعنی گرگ، بھیڑیا (۳)بوڑھا شخص جسے رعشہ پیدا ہوگیا ہو۔

نُہ صَد:نو سو۔

نُہ صَدم:نوسواں یا نوسویں۔

جشن نُہ صدم:نو سوسالہ جشن۔

نَھضَت:(ع)حرکت، کوچ، روانگی، رخصت۔

نھضت کردن:روانہ ہونا۔

نِھفُت۔نِھفُتَن:چھپانا سے ماضی مطلق، چھپایا، مثال:

جلوہ حسنِ تست در نظرم
ہر کجا بینم آشکار و نھفت

میں جس ظاہر اور پوشیدہ چیز پر نظر ڈالتا ہوں مجھے اس میں تمہارے حسن و جمال ہی کا منظر نظر آتا ہے۔

نھفت کردن:چھپانا، پوشیدہ کرنا۔

نُھفتِگی:پوشیدگی، خفا۔

نُھُفتہ:چھپا ہوا، پوشیدہ، مخفی۔

نُھُم:نواں۔

نَھمار:(۱)بے شمار، فراوان، بسیار (۲)عظیم، بزرگ (۳)عجیب، تعجب انگیز، دشوار، مشکل۔

نَھَمت:حاجت، آرزو، حرص، لالچ۔

نُھمی۔نُھمِیْن:نواں۔

نِھنبان:نَھنبَنْ:سرپوش جس سے کسی چیز کو ڈھانپا جاتا ہے۔

نَھنَبِیدہ:پوشیدہ۔

نھندِرَہ:نہانخانہ، مخزن۔

نِھَنگ:مگر مچھ۔

نُھور:آنکھ، چشم، نگاہ۔

نُھُوض:(ع)اٹھنا، حرکت کرنا، کوچ کرنا۔

نَھی:(ع)ممانعت، منفی صورت، انکار۔

نھی کردن:ممانعت کرنا، انکار کرنا۔

نِھِیب:خوف، ڈر، ترس، رسم۔

نھیب دادن:ڈرانا، خوفزدہ کرنا۔

نھیب زدن:حملہ کرنا۔

نُھیَت:(ع)نہ کرنا، کسی کام سے روکنا۔

نَھِیدن:(۱)نہادن، رکھنا، چھوڑ دینا، (۲)سوچنا غور و فکر کرنا۔

نَھِیق:(ع)گدھے کی آواز۔

نھیو:ڈرانا، نہیب۔

نَھیہ:نہیں کہنا۔

نی:بانس جو مرطوب جگہ میں اگتا اور بڑھتا ہے اس کی شاخ جس سے بانسری بناتے ہیں مثال:

می نالم از جدای تو دمبدم چونی
وین طرفہ تر کہ از تونیَم یک نفس جدا

تمہاری جدائی میں میں بانسری کی طرح درد و سوز کی صدائیں بلند کرتا ہوں اور عجیب بات یہ ہے کہ میں تم سے لحظہ بھر بھی جدا نہیں یعنی تم ہر لحظ میری یاد میں ہو۔

نیا:دادا یا نانا، اسلاف نیاگان جمع۔

نَیابَت:نائب ہونا، قائمقامی، جانشینی۔

نیابت کردن:قائمقامی کرنا، جانشین ہونا۔

نیّات:(ع)نیت کی جمع۔

نِیاح:(ع)گریہ و زاری، شیون۔

نِیاح کردن:گریہ و زاری کرنا۔

نیاز:حاجت، میل، خواہش، احتیاج، مراد کے حاصل ہونے پر جو نذردی جاتی ہے، عرضداشت، التماس۔

نیاز آوردن:التماس کرنا۔

نیاز کردن:نذر دینا۔

نیاز کار۔نیاز مند:خواہش مند، ضرورت مند، آرزو مند، فرمان بردار، عاجز۔

نیاز مندی:حاجتمندی، محتاجی، عاجزی۔

نیازیان:حاجت مندان، کنایۃً عاشقان۔

نیازیدن:التماس کرنا، درخواست کرنا۔

نیاگان:نیا کی جمع، آباواجداد۔

نیام:تلوار کا میان، غلاف۔

نی انبان:ساز جو پھونک سے بجایا جاتا ہے اور ساتھ پائے کوبی بھی کی جاتی ہے۔

نیایش:دعا، برکت، تضرع و زاری سے دعا یا التماس، عاجزی سے دعا کرنا۔

نی بَست:بانسوں کی باڑ۔

نی پیچ:حقے کی پیچدار نالي (نیوب)۔

غلیان نی پیچ:حقہ جس کے ساتھ ربڑ کی نیوب لگی ہوتی ہے۔

نیّت:(ع)مقصد، ارادہ، خواہش، غرض۔

نیّت کردن:ارادہ کرنا۔

به نیت:ارادے سے۔

نیچه:حقے کی چھوٹی نالی۔

نیدِلان:کابوس دیکھیے۔

نَیِّر:(ع)نور دینے والا، روشن، تابناک۔

نَیِّر اعظم:آفتاب۔

نَیِّر اصغر:چاند۔

نَیران:(ع)نارکی جمع، آگ، آتش، دوزخ۔

نَیرَم:دلیر، بہادر، شجاع، پہلوان، سام پہلوان کے باپ کا نام جو رستم کے آبا میں تھا۔

نَیرنج:نیرنگ۔

نَیرنگ:دھوکا، فریب، حیلہ، چالاکی، سحر، افسون۔ مثال:

چند ازیں پردہ نیرنگ بصدرنگ شویم
پردہ بردار کہ تا جملہ ہم آہنگ شویم

یہ جو سحر نما پردہ ہمارے سامنے ہے اس پردے کی وجہ سے ہم ایک دوسرے سے مختلف ہیں اس پردے کو ہٹا دے تاکہ ہم سب ہم خیال ہو جائیں، سب کی توجہ آپ کی طرف ہو جائے۔

نیرنگ زدن:چالبازی کرنا، فریب دینا۔

نیرنگ ساز:جادوگر، دھوکے باز۔

نیرنگ سازی:جادوگری، دھوکے بازی۔

نَیرُو:طاقت، قوت، زور۔

نیروی دریائی:بحری طاقت۔

نیروی هوائی:ہوائی طاقت۔

نَیروسَنج:قوت کی پیمائش کرنے والا آلہ، میزان القوت۔

نَیرُومند:طاقتور، قوی، توانا، پُر زور۔

نَیرُو مَندی:طاقت، زور، قوت، توانائی۔

نیریز:صوبہ فارس کا ایک شہر اور ایک ندی کا نام۔

نَیِّرَه:نیر کی مونث۔

نَیِّرَین:دو روشنی دینے والے، چاند اور سورج۔

نیز:کلمہ ربط و عطف، بھی۔

ایشان نیز می آیند:وہ بھی آتے ہیں۔

نیزه:بھالا، برچھا، نوکدار، بھالا۔

نیزَه انداختن:نوکدار بھالا پھینکنا۔

نیزَه زدن:نوکدار بھالا مارنا۔

نیزه ای:بھالے کی شکل کا۔

نیزه آتشین:کنایہ ہے شعاع آفتاب کا۔

نیزه باز:بلم بردار، بھالا رکھنے والا۔

نیزه بازی:نیزے کا کھیل۔

نیزه بردار:بھالا رکھنے والا۔

نیزه زن:نیزے کا وار کرنے والا۔

نیزه گذار:نیزہ رکھنے والا۔

نیژ: عشق پیچاں۔

نیساری: سپاہی، لشکری، سرباز۔

نیساریان: قدیم زمانے میں سپاہیوں اور لشکریوں کو کہتے تھے۔

نیسان: یہودی کیلنڈر کا پہلا مہینہ جو تقریباً اپریل میں شروع ہوتا ہے، فصل بہار سے دوسرا مہینہ، اس مہینے میں بارش بھی ہوتی ہے۔

نیسان: نے کی مانند۔

نیسانی: نیسان مہینے سے متعلق۔

ابرنیسانی: اپریل یا موسم بہار کی بارش۔

نیست: نہ است، نہیں ہے، عدم، نابود۔

نیست شدن: نابود ہو جانا۔

نیست کردن: نابود کردینا۔

خُدا ما را ازنیست به هست آورد: خدا ہمیں عدم سے وجود میں لے آیا۔

کسی درخانه نیست: کوئی اس وقت گھر میں نہیں۔

نَیستان: بانسوں کے اگنے کی جگہ۔

نیستی: نابود ہونا۔

نیستَه: نابود، معدوم، نیست۔

نیستی: تم نہیں ہو۔

نیش: ڈنگ، مثال:

نه بینی که مرهم نیاید بکار
چوگردد جراحت سزاوار نیش

کیا تو نہیں دیکھتا کہ جب پھوڑے پھنسی کو نشتر کی ضرورت ہو وہاں نشتر کی بجائے مرہم کام نہیں دیتی۔

نیش زدن: ڈنگ مارنا، مثال:

نیش عقرب نه از پی کین است
مقتضای طبیعتش این است

بچھو جو ڈنگ مارتا ہے، وہ کسی کینے کی وجہ سے نہیں مارتا، بلکہ یہ اس کی طبیعت کا خاصہ ہے۔

زنبور او را نیش زد: بھڑ نے اسے ڈنگ مارا۔

نیشاپور: خراسان کا مشہور شہر جہاں حکیم عمر خیام مدفون ہیں۔

نیشاپورک: ایرانی موسیقی کی ایک دھن۔

نیشتَر: نشتر۔

نیش دار: جس کا ڈنگ ہوتا ہے۔

نیش زن: ڈنگ مارنے والا۔

نیشک: چھوٹا ڈنگ۔

نیشک: مقروض۔

نَیشکر: گنا۔

نیشُو: (۱) نشتر۔

نیفه: شلوار کا بند۔

نیک: (۱) شریف، شائستہ، مہذب، خوش نصیب، رحم دل، خدا ترس، پارسا، نیکان جمع۔

نیک اختر: خوش نصیب۔

نیک اختری: خوش قسمتی۔

نیک: بہت سا۔ مثال:

عکس شخصی فتاد در مسکن
نیک جُستم کسی نه بُود اینجا

کسی شخص کا عکس ہمارے مقام پر پڑا ہم نے اسے بہت تلاش کیا مگر یہاں کوئی نہ تھا۔

نیکان: نیک کی جمع، نیک لوگ۔

نیک انجام: عاقبت بخیر، بامراد، بہرہ مند، اقبال مند،

پھلا پھولا۔

نیک اَندیش: اچھائی کی بات سوچنے والا، نیک خواہ۔

نیک بخت: خوش بخت، خوش نصیب۔

نیک بختی: خوش قسمتی۔

نیک پی: خوش قدم، بامراد، اقبال مند۔

نیک خصلت: نیک خصال، اچھی عادتوں والا۔

نیک خُو: اچھی عادت والا۔

نیک خواہ: کسی کی نیکی چاہنے والا، خیر خواہ۔

نیک خواھی: خیر خواہی، خیراندیشی، اچھائی چاہنا۔

نیک خوئی: خوش خوئی، اچھی عادت۔

نیک دل: پاک دل والا، مہربان، فیاض، کریم النفس مخیر۔

نیک رفتار: خوش رفتار، اچھی روش اختیار کرنے والا۔

نیک رُوز: نیک بخت، خوش نصیب۔

نیک سَرِشت: اچھی فطرت والا۔

نیک سِیرَت: اچھے کردار والا۔

نیک طِینت: اچھی عادت والا۔

نیک فال: خوش قسمت۔

نیک فرجام: جس کا انجام بخیر ہو، عاقبت بخیر، نیک انجام، اقبالمند۔

نیک کِردار: نیک سیرت، نکوکار۔

نِیکَل: (انگ)نکل، ایک قسم کی سفید دھات، جس کے ٹین کے ڈبے وغیرہ بنتے ہیں۔

نیک محَضَر: دوسروں کے متعلق اچھی باتیں کہنے والا نیک مزاج، اچھی افتاد طبع والا۔

نیک مردی: اچھائی، نیکی۔

نیک منظر: خوبصورت، زیبا، رعنا۔

نیکنام: اچھی شہرت والا۔

نیکنامی: اچھی شہرت، ناموری۔

نیک نفس: شریف، سلیم الفطرت، ہمدرد، فیاض۔

نیک نفسی: شرافت، ہمدردی، فیاضی۔

نیک نِہاد: نیک دل، اچھی فطرت والا۔

نِیکو: اچھا، نیک، عمدہ، خوب۔

نیکو داشتن: اچھا سلوک کرنا۔

نیکو گفتی: تونے خوب کہا۔

نیکو خِصال: اچھی صفات سے متصف۔

نیکو داشت: مہربانی، کسی کو عزیز و محترم جاننا۔

نیکو رُوی: خوبصورت، زیبا، رعنا۔

نیکو روِش: نیکوکار، اچھے طور طریقے والا۔

نیکو سَرِشت: نیک فطرت۔

نیکو سِگال: نیک دل، اچھائی کی باتیں سوچنے والا۔

نیکو سِیَر: نیک سیرت، اچھی عادات والا، اچھے کردار والا۔

نیکوکار: نیک کردار والا، مخیر، کریم النفس، نیک فطرت، نیک سرشت والا۔

نیکوکاری: نیکی، کریم النفس، مخیر ہونا۔

نیکو مَحضَر: نیک مزاج شخص، اچھی افتاد طبع والا۔

نیکو مَنِش: اچھی طبیعت والا، اچھی سرشت والا۔

نیکومَنظر: خوبصورت، زیبا۔

نیکونام: نیک نام، جس کی شہرت اچھی ہو۔

نیکو نِہاد: اچھی فطرت والا۔

نیکویاں: اچھے لوگ، نیک اوصاف والے لوگ۔

نیکی: بھلائی، اچھائی، خوبی، احسان و مروت۔

نَیل: (ع)حاصل ہونا، حصول، دسترس، مطلب پالینا۔

نیل ہرآں مقصد دشوار نیست: اس مقصد کا

حاصل ہونا مشکل نہیں۔

بی نیل مرام:نامراد، ناکام۔

نِیل:درخت نیل اور اس کی پتیاں، وہ رنگ جونیل کے درخت سے نکالتے ہیں۔

نِیل:دریائے نیل۔

نِیل اندُود:نیلے رنگ سے رنگا ہوا۔

نی لبک:بانسری۔

نِیل پر:نیلو پر، نیلوفر۔

نیلج:نیل۔

نیل فام:نیلگوں۔

نیلک:نیلے رنگ کا۔

نیل کار:نیلے رنگ سے رنگنے والا۔ رنگریز۔

نیل گاؤ:ایک قسم کی نیلگوں گائے۔

نیل گر:نیل کار۔

نیلگون:نیلے رنگ کا۔

گنبد نیلگون:نیلے رنگ کا گنبد۔

نیلوبرگ:نیلو فر۔

نیلوفر:ایک پودا جس کے پھول نیلے رنگ کے ہوتے ہیں۔

نیلو فری:نیلے رنگ کے پھول جیسا۔

برج نیلو فری:نیلے رنگ کا برج کنایہ ہے آسمان کا۔

نیلہ:نیلے رنگ کا۔

نِیلی:نیلے رنگ کا، نیلا۔

نِیلی:دریاے نیل سے متعلق۔

نِیم:نصف، آدھا۔

نیم ساعت:نصف گھنٹہ۔

دونیم:دو آدھے آدھے ٹکڑے۔

دونیم کردن:دو حصوں میں تقسیم کرنا۔

نیم:ایک درخت جو گرم ممالک میں ہوتا ہے۔

نِیَم:نہ ام، میں نہیں ہوں۔

نیم باز:آنکھیں جو پوری طرح کھلی نہ ہوں، نشیلی۔

با چشم نیم باز نگاہ میکرد:اس نے مجھے ایسی آنکھوں سے دیکھا جو پوری طرح کھلی نہیں تھیں، اس نے مجھے نشیلی، مخمور آنکھوں سے دیکھا۔

نیماد:قوت تمیزو تشخیص۔

نیم بِسمل:گھائل، کنایۃً عاشق۔

نیم پختہ:ادھ پکا، جو پوری طرح پکانہ ہو۔

نیم پردہ:آدھے چہرے پر پردہ، ایرانی موسیقی کی ایک دھن۔

نیم پُز:نیم پختہ۔

نیمتاج:سر پر باندھنے کی آرایشی پٹی، مرصع تاج۔

نِیم تَرک:خود، آہنی ٹوپی جو جنگ میں یا خطرے کے مقام پر سر کی حفاظت کے لیے پہنی جاتی ہے۔

نیم تن:جسم کا بالائی حصہ، جسم کے بالائی حصے کا مجسمہ۔

نیم تَنِہ:کوٹ، جیکٹ، جسم کا بالائی حصہ۔

نیم جان:جس کی جان لبوں پر ہو۔

نیم چکمِہ:عام طور کا نصف بوٹ۔

نیمچِہ:آدھا سائز، چھوٹی تلوار یا چھوٹی بندوق، ہر چھوٹی چیز۔

نیم خَنَد:مسکراہٹ۔

نیم خواب:پوری طرح نیند کا نہ ہونا۔

نیم خوردہ:بس ماندہ غذا، بچا ہوا سامان خورو نوش۔

نیم خیز:جو پوری طرح بیدار نہ ہو، بیٹھنے اور اٹھنے کی درمیانی حالت۔

نیم دار:کافی پرانا لباس، ایک ہی لباس جو مدت سے پہنا جارہا ہو۔

نیم دست: بنچ، بیٹھنے کا چھوٹا تخت، مسند کوچک۔

نیم راہ: نصف راستہ۔

رفیق نیم راہ: وقتی طور کا رفیق۔

نیم رُخ: جس کے چہرے کا صرف نصف حصہ سامنے ہو، یک رخی تصویر۔

نیم رَس: ادھ پکا، پھل جو پوری طرح سے پکا نہ ہو۔

نیم رسمی: جو پورے طور سے حکومت سے متعلق نہ ہو، نیم سرکاری۔

نیم رنگ: نا مکمل رنگ، جو خوش رنگ نہ ہو۔

نیم رُو: نیم روی، نیم رخ، چہرے کے صرف ایک طرف۔

نیم رُو: انڈا جو ایک طرف سے پکا ہو، جو پوری طرح پکا نہ ہو۔

نیم رُو کردن: انڈے کو ایک طرف سے پکانا، فرائی کرنا۔

نیمروز: ظہر کا وقت، دوپہر، جب آفتاب نصف النہار پر ہو۔

نیمرُوز: سیستان کا علاقہ، سیستان کا قدیمی نام تھا، ایرانی موسیقی کی ایک راگنی۔

نیم سُوختہ: آدھا جلا ہوا۔

نیم سوز: لکڑی جو پوری نہ جلی ہو ابھی۔

نیم سیر: جو پوری طرح سیر نہ ہوا ہو۔

نیم سیر: آدھا سیر۔

نیم شَب: آدھی رات۔

نیم شفاف: جو پوری صاف نہ ہو۔

نیم شِکر: ایک قسم کی مٹھائی۔

نیم قَد: چھوٹے قد کا، چھوٹا سائز۔

نیم کارِہ: ناتمام، ادھورا، کام جو پوری طرح انجام نہ دیا گیا ہو۔

نیم کاسِہ: چھوٹا پیالہ۔

نِیمکَت: بنچ، صوفہ۔

نیم کرہ: نصف کرہ فلکی۔

نیم گرد: نصف دائرہ۔

نیم گرم: جو پوری طرح گرم نہ ہو۔

نیم لنگ: کماندان، ترکش، تیردان، جس میں تیر اور کمان رکھے جاتے ہیں۔

نیم مُردہ: نیم جان، جس کی جان لبوں پر آتی ہو۔

نیم مَست: جو ابھی پوری طرح شراب پی کر مست و سرشار نہ ہوا ہو، نیم سرشاری کی کیفیت میں ہونا۔

نَیمُور: آلِ تناسل۔

نِیمہ: نصف، کسی چیز کا آدھا ٹکڑا۔

کارنیمہ ماندہ است: نصف کام ابھی باقی ہے۔

نیمہ کارہ: کام جو مکمل نہ ہوا ہو۔

بنای را نیمہ کارہ گذاشت: عمارت کو نا مکمل حالت ہی میں چھوڑ دیا۔

نینَد یشیدِہ: جس کام پر غور نہ کیا گیا ہو، بے سوچے سمجھے کا۔

نی نواز: بانسری بجانے والا۔

نینوفر: نیلو فر۔

نیو: بہادر، دلیر، شجاع، پہلوان، سورما، مرد میدان۔

نِیوار: فضا، ہوا، زمین اور آسمان کی درمیانی فضا۔

نِیوارِہ: لکڑی کا بیلن جس سے روئی کو پھیلاتے اور پتلا کرتے ہیں۔

نیوُش: سننے والا، توجہ کرنے والا مثال:

جوش زد در دروں نظیری حرف
کاش بودی سخن نیوش مرا

نظیری میرے دل میں ایک بات جوش مار رہی ہے کاش کوئی سننے والا ہوتا۔

نیوشَندہ: سننے والا۔

نیوشِہ: سننا ، کسی دوسرے کی بات پر کان لگانا۔

نیوشہ کردن: سننا ، کان لگانا۔

نُیوشیدن: سننا ، توجہ کرنا۔

پندِمرا نیوش: میری نصیحت سن

نیوَند: فہم، ادراک۔

نیوہ: فغان، گریہ ، زاری، نالہ ، نوحہ۔

نیِین: بانس کی بنی ہوئی۔

خانۂ نیین: بانس کا بنا ہوا گھر۔

نئین: نہ این، یہ نہیں۔

و

و-فارسی ابجد کا تیسواں، عربی کا چھبیسواں اور اردو کا تینتیسواں حرف، ابجد کے حساب سے اس کے چھ عدد ہیں حرف "و" بعض حروف مثلاً خ کے ساتھ آئے تو وہ بولا نہیں جاتا جیسے خوش، خویش، خور، خواہر وغیرہ۔

و-اور، بھی (حرف عطف اور کلمہ ربط)

قلم شکست و مداد گم شد: قلم ٹوٹ گیا اور پنسل گم ہو گئی۔

نشستند و گفتند و بر خاستند: بیٹھے اور کچھ بات چیت کی اور اٹھ کر چل دیے، بے عملی کی کیفیت رہی۔

نود وسہ: نوے اور تین ۹۳۔

و: ساتھ، قسم۔

واللہ: خدا کی قسم۔

وا: کسی لفظ سے پہلے آیا ہے تو اس کا مطلب دوبارہ پھر یا مکّرر ہوتا ہے مثلاً۔

واگفتن: پھر سے کہنا ، مکرر۔

وا: با مثلاً شوروا ، شوربا۔

وا: باز، کھولنا۔

وا کردن: کھولنا۔

وا: کلمہ تعجب، کلمہ تاسف۔

وا أعجبا: کتنی عجیب بات ہے۔

وا اسفا: وائے افسوس، دریغا۔

وا افتادن: پیچھے ہٹنا ، سست پڑجانا۔

وابَستِگی: قرب، قریبی تعلق، پیوستگی، قرابت داری، رشتے داری۔

وابَستِہ: منسلک، رشتے دار، قرابت دار، عزیز، متعلق (وابستگان جمع)۔

وابِل: شدید بارش۔

وابِین: دوبارہ دیکھنا۔

وابین کردن: دوبارہ دیکھنا ، جائزہ لینا ، جستجو کرنا ، جانچنا ، معائنہ کرنا۔

واپُرس: باز پرس: پوچھ گچھ، مواخذہ، محاسبہ۔

واپُرسیدَن: دوبارہ پوچھنا ، جائزہ لینا ، باز پرس کرنا۔

واپَس: لوٹ کر آنا ، پھر۔

واپس آمدن: پھر لوٹ آنا۔

واپس آوردن: پھر لے آنا۔

واپس دادن: لوٹا دینا۔

واپس فرستادن: پھر بھیج دینا۔

واپس گرفتن: پھرلے لینا۔

واپس ماندن: پیچھے رہ جانا۔

واپسین-بازپسین: روز آخر ، روز قیامت، روز محشر۔

دمِ واپسین: حالت نزع۔

واپور: سٹیم سے چلنے والی کشتی، کشتی بخاری، سٹیمر (انگ)۔

وات: حرف، سخن، کلام۔

واثِق: (ع) مستحکم، مضبوط، مستقل، پکا، راسخ، اعتماد کرنیوالا۔

واجَ: گفتار، کلام، سخن، بات، کلمہ، وات۔

واجار: بازار۔

واجِب: (ع) لازم، ضروری، مناسب، سزاوار، فرض۔

برما واجب است که مریض را ببینیم: ہمارے لیے لازم ہے کہ مریض کو دیکھیں۔

واجب الادا: جس کا ادا کرنا لازم ہے۔

واجب الاِمتِثال: جس حکم کا ماننا فرض ہے۔

واجب التعظیم: عزت و احترام کے قابل۔

واجِبُ الرِعایه: جو رعایت کے قابل ہو، ضرورت مند ہو۔

واجِب الوُجود: جس کی ذات اپنے وجود میں کسی کی محتاج نہ ہو، پروردگار۔

واجِبات: ضروری اشیا، فرائض، ذمے داریاں۔

واجِبی: لازمی، ضروری، مناسب، روزینہ، وظیفہ، تنخواہ۔

واجِد: (ع) رکھنے والا، پانے والا، توانا، تونگر۔

واچُرتیدَن: بات منہ سے نہ نکلنا، بد حواس ہو جانا، ہوش حواس کھو دینا۔

واچیدَن: چننا، اکٹھا کرنا، الگ کرلینا۔

واح: (ع) واحہ، صحرا میں کوئی سر سبز مقام، صحرا کی مختصر سی آبادی (جمع واحات)۔

واحِد: (ع) مفرد، یکتا، ایک۔

واحد یکتا: زمانے بھر میں ایک۔

واحِدُ العَین: (ع) جس کی ایک آنکھ ہو، یک چشم۔

واحِداً: تنہا۔

واحِداً واحِداً: ایک ایک، الگ الگ، جداگانہ۔

واحِدیّت: یگانگت، یکتا ہونا، واحد ہونا۔

واخ: آہ، آخ، کلمہ تاسف یا کلمہ تحسین و تعجب۔

واخَریدَن: باز خریدن، پھر خریدنا۔

واخواست: باز خواست، پرسش، اعتراض، احتجاج۔

واخواندن: دوبارہ پڑھنا، دہرانا۔

واه خواه: اعتراض کرنے والا۔

وا خواهی: باز خواست، پرسش، اعتراض۔

وا خوردن: انکار ہو جانا، جس کا رواج نہ رہا ہو، کسی چیز کو دیکھنے اور سننے سے اکتا جاتا۔

یکی از آنان وا خورد: ان میں سے ایک کو انکار کردیا گیا۔

واخیدَن: جدا کرنا، الگ کرنا، روئی سے بنولے جدا کرنا۔

واخیده: جداشدہ، روئی سے بنولے جدا ہوئے۔

وا دادَن: واپس دینا، چھوڑ جانا، فرو ہونا۔

وادار: جسے ترغیب دی گئی ہو، جسے مائل کیا گیا ہو۔

وا دار کردن: کسی کام کی ترغیب دینا، کسی کام کی تحریک کرنا، آمادہ کار کرنا، راغب کرنا، مائل کرنا۔

او را وا دار کردم که آن کتاب را بخرد: میں نے اسے اس بات پر مائل کیا کہ وہ اس کتاب کو خرید لے۔

وا داشتَن: آمادہ کرنا، مائل کرنا، رغبت دلانا، قائم کرنا، مقرر کرنا۔

مثال:

عاشقان در موقف دار و رسن واداشته
غازیان در معرض تیغ و سنان انداخته

عشاق تو دار و رسن کے مقام کی طرف مائل ہوئے اور اللہ

کی راہ میں لڑنے والوں کو میدان کارزار میں جانے کی تحریک ہوئی۔

وادنگ: اپنی ہی بات کو رد کر دینااپنی بات سے دست بردار ہونا۔

وادنگ کردن: اپنی بات کو رد کردینا، دست بردار ہونا۔

وادی: نشیب اور ہموار زمین جس پر سے سیلاب کا پانی گذرے ، پہاڑ کی دو چوٹیوں کے بیچ کی ہموار زمین جس پر سبزہ اگ آتا ہے صحرا۔

وایٔ ایمن: مقدس سر زمین، وہ جگہ جہاں حق تعالی کی آواز حضرت موسی(ع) تک پہنچی۔

وادی خاموشاں: قبرستان۔

وادی محشر: مقام جہاں روز محشر لوگ جمع ہونگے۔

وادِیان: بادیان، سونف۔

وادِیع: لکڑی کا ڈھانچہ جس پر انگور کی بیلیں پھیلائی جاتی ہیں۔

وادِیدَن: دوبارہ دیکھنا، نظر ثانی کرنا۔

وادی الکبِّیر: ہسپانیہ کی ایک وادی کا نام۔

وار: بار لوجھ

خروار: گدھے پر لدا ہوا بوجھ۔

وار: لاحقے کے طور پر مانند اور مشابہہ کے معنی میں آتا ہے مثلاً:

امیدوار: جسے کوئی امید ہو۔

درشاھوار: بادشاہوں کے لائق جواہر۔

وارِث: (ع)میراث کا حقدار۔

او وارث خود را معین کرد: اس نے اپنا وارث مقرر کیا، ورثا جمع۔

وارث ساختن: اس شخص کو مقرر کرنا جسے میراث ملے۔

وارث شدن: میراث کا مستحق ہونا۔

وارثِ قانونی: جسے قانون میراث کا مستحق قرار دے۔

وارثِ مطلق: جوہر لحاظ سے اور غیر مشروط طور پر میراث حاصل کرنے کا مستحق ہو۔

لاوارث: جس کا کوئی وارث نہ ہو۔

وارِثَہ: وارث کی مونث، وہ خاتون جو میراث حاصل کرنے کی حقدار ہو۔

وارِد: (ع)جو پہنچ گیا ہو، حاصل ہونا، سفر سے جو آیا ہو واردین جمع۔

واردشدن: آپہنچا۔

واردکردن: درآمد کرنا، باہر سے کوئی چیز منگوانا۔

اجناس وارِدہ: درآمد کرنے والی چیزیں۔

بعضی از اجناس برقی وارِد کنیم: بجلی کی بعض چیزیں ہم غیر ملکوں سے درآمد کرتے ہیں۔

وارِدات: واردہ کی جمع، (۱)درآمدات (مقابل صادرات) خط جو غیر ملکوں سے آتے ہیں (۲)مالیات، اشیاے درآمد۔

وارِدہ: وہ سامان جو غیر ملکوں سے آیا ہو۔

مراسلۂ واردہ: غیر ملک سے آیا ہوا خط یا مکتوب۔

وارَستِگی: آزادی، رہائی، نجات۔

وارَستن: رہائی پانا، آزاد ہونا، نجات حاصل ہونا۔

وارستِہ: رہائی یافتہ، نجات یافتہ۔

وارَسی: بازرسی، جستجو، تجربہ، جانچ پڑتال۔

وارَسی کردن: جستجو کرنا، جانچ پڑتال کرنا،

تحقیق، تصدیق، تفتیش کرنا، تحقیق کرنا، تصدیق کرنا۔

وارسیدن: تحقیق کرنا، جستجو کرنا، تجسس کرنا، جانچنا، تصدیق کرنا۔

وارَغ: آروغ، ڈکار، صدادار ہوا جو حلق سے نکلتی ہے۔

وارَغ: وہ جگہ جہاں نہر سے کھال میں پانی آتا ہے۔

وارَفتگی: سستی، بے خودی، غفلت۔

وارفتَن: سست ہونا، تساہل کرنا، بیخود ہونا۔

وارَفتہ: سست، بیخود، بے حال۔

وارَن: کلائی اور بازو کا درمیانی حصہ، کہنی۔

وارُو: وارون-وارونہ: الٹا، عکس، پشت۔

وارُو زدن: الٹا لپٹنا، کسی دوسرے کے کام کے خلاف کام کرنا۔

وارُونہ شدن: الٹا ہو جانا۔

وارُونہ کردن: الٹا کرنا۔

بخت وارونہ: بد نصیبی۔

غالیچہ وارونہ است: قالین، الٹا ہے۔

قمیص را وارونہ پوشیدید: تم نے قمیص الٹی پہنی ہے۔

ہمہ کارھای شما وارونہ است: تمہارے سب کام الٹے ہوں۔

وارُون: (۱) واژگون، برگشتہ، نگوں (۲) شوم، نحس مثال:

ندانم بخت را بامن چہ کین است

بکہ گوئم بکہ زین بخت وارون

مجھے معلوم نہیں کہ قسمت کو میرے ساتھ کیا دشمنی ہے میں اس بدنصیبی کا ذکر کس سے کروں کس سے۔

وارہ-وار: مانند، مشابہ، و ارہ لاحقے کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے مثلاً گوشوارہ، گہوارہ۔

وارہ: وقت زمان۔

وارہ: رسم، عادت، نوبت، مرتبہ۔

وارھانیدَن-رھانیدن: آزادی دلانا، رہائی دلانا۔

وارھیدَن-وارستن: رہا ہونا، آزاد ہونا، نجات پانا۔

واریختَن: حساب کی دیکھ بھال کرنا، تصفیہ کرنا۔

واریز: حساب کی دیکھ بھال، تصفیہ حساب۔

وارِینہ: تنوع، گونا گونی، کتاب جو گونا گوں قطعات پر مشتمل ہو۔

وازَدَن: رد کرنا، انکار کرنا، لوٹا دینا۔

وازَدہ: جسے انکار یا مسترد کر دیا ہو، جس سے نفرت ہو۔

واژگون-واژگونہ: الٹا، اوندھا۔

واژگون کردن: الٹا کرنا، پلٹنا، اوندھا کرنا۔

بخت واژگون: الٹا نصیب، بد بختی۔

واژَہ: لفظ، کلمہ۔

واستاندَن: واپس لینا۔

واستَدَن: واستاندن-واپس لینا۔

واسِط: (ع) درمیان، جو بیچ میں ہو۔

واسِطہً: (ع) ذریعہ، وسیلہ علت، سبب مثال:

ھست طوافِ حرم کردکار

در دو جہان واسطۂ اقتدار

کردگار کے حرم پاک کا طواف کرنا دونوں جہانوں میں اقتدار حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔

واسِطہ: بیچ بچاؤ کا کام کرنا، کسی کے کام کو انجام دینے کا وسیلہ بننا۔

واسِطہ شدن: وسیلہ بننا۔

بواسطہ: کسی ذریعے سے۔

بلا واسطہ: بغیر کسی وسیلہ کے، براہ راست۔

خودتان با او حرف بزنید، واسطہ لازم نیست: آپ

خود اس سے بات کیجیے کسی وسیلے کی ضرورت نہیں۔

واسطه گری: ذریعے سے، وسیلے سے۔

واسِع: (ع) وسیع کرنے والا، کشادہ کرنے والا خداوند تعالی کی صفت۔

واشامَه: مستورات کا سر ڈھانپنے کا کپڑا، چادر، دوپٹہ۔

واشُدَن: بازشدن، کھلنا، حل ہو جانا، جدا ہونا۔

واشنَگ: وہ شخص جو ماہ رمضان میں نقارہ وغیرہ بجا کر لوگوں کو بیدار کرتا ہے۔

واشي: (ع) سخن چین، نکتہ چین۔

واصِف: (ع) وصف بیان کرنے والا، تعریف و توصیف کرنے والا، تعارف کرانے والا۔

واصِل: (ع) ملانے والا، پہنچانے والا، ملاقات کرنے والا، ملا ہوا، شامل۔

واصل شدن: پہنچنا، وصول ہونا۔

مراسله شما واصل گردید: تمہارا خط موصول ہوا۔

واصِلَه: (ع) واصل کی تانیث۔

اطلاعات واصله: اطلاعیں جو حاصل ہوئیں۔

واصي: وصیت کرنے والا۔

واضِح: (ع) صاف، ظاہر، روشن، معلوم۔

واضح باو گفتم که امروز نتوانستم که آماده کار او بشوم: میں نے اسے صاف طور سے کہہ دیا ہے کہ آج میں اس کے کام کے لیے تیار نہیں ہوسکتا۔

واضِح کردن: صاف طور سے کہنا۔

واضِحات: (ع) واضحہ کی جمع اور واضح کی تانیث صاف اور واضح باتیں۔

واضِع: (ع) وضع کرنے والا، قرار دینے والا، مقرر کرنے والا۔

واضع قانون: مجلس وضع قانون کار کن۔

واعَجَبا: (ع) عجیب بات ہے۔

واعِظ: (ع) وعظ کرنے والا، واعظین جمع۔

واعِظی: (ع) وعظ کرنا، واعظ کا منصب۔

واعی: (ع) حفظ کرنے والا، سمجھنے سننے والا، حافظ۔

وافِد: (ع) جو وارد ہوا ہے، پیغام لے کر آنے والا۔

وافِر: (ع) کثیر، فراوان، با افراط (۲) علم عروض کی ایک بحر کا نام، مفاعلتن مفاعلتن، مفاعلتن۔

وافُور: حقہ یا پائپ جس کے ذریعے افیون کے کش لگائے جاتے ہیں۔

وافورکش: حقے کے ذریعے افیون کے کش لگانے والا۔

وافي: (ع) کافی، تمام، کامل، اپنے عہدوپیمان پر قائم رہنے والا۔

واق: (ع) مرغابی کی قسم کا ایک پرندہ جو پانی کے کنارے رہتا ہے اس کا رنگ سیاہی مائل ہوتا ہے اس کے سر کی چوٹی پر سے بال لٹکتے ہیں مچھلی اس کی خوراک ہے "قاق قاق" اس کی آواز ہے۔

واقِع: (۱) ہونے والا، پیش ہونے والا، وقوع میں آنے والا (۲) حقیقت امر (۳) محل و قوع۔ مقام۔

واقع شدن: وقوع میں آنا۔

آن دیهه کجا واقع است: اس گاؤں کامحل وقوع کیا ہے۔

درواقع: دراصل۔

فی الواقع: حقیقت میں۔

واقعاً: (ع) واقعی، حقیقتاً۔

واقِعَه: (ع) حادثہ، سانحہ، سرگذشت، پیش آنا،

وقائع جمع۔

وقائع بزرگ تاریخی: تاریخ کے اہم واقعات۔

روزواقعہ: جس دن سانحہ پیش آیا۔

واقعہ دیدہ: (۱)جس نے اپنی آنکھوں سے سانحہ دیکھا (۲) تجربہ کار۔

واقعی: اصلی، حقیقی۔

واقعیت: حقیقت، اصلیت۔

واقف: (ع)آگاہ، شناسا، باخبر۔

او ازین قضیہ واقف نیست: وہ اس مسئلے سے آگاہ نہیں۔

واقف شدن: آگاہ ہونا۔

واقف کردن: آگاہ کرنا، مطلع کرنا۔

واقی: حفاظت کرنے والا، محفوظ رکھنے والا۔

واک: واق۔

واکردن: کھولنا۔

واکس: پالش۔

واکس زدن: پالش کرنا۔

واکس کردن: پالش کرنا۔

کفش خود را واکس زدم: میں نے اپنا بوٹ پالش کرلیا ہے۔

واکس زن: بوٹ پالش کرنے والا۔

واکسی: بوٹ پالش۔

واکسیل: زرد یا سفید رنگ کا سوتی یا ریشمی تسمہ جو افسران کندھے پر لگاتے ہیں۔

واکشیدن: باہر نکالنا۔

واکنش: کوئی حرکت یا کام جو ایک شخص کسی دوسرے شخص کی حرکت یا کام کے برابر انجام دے، عکس العمل۔

واکوفتن: دوبارہ کوٹنا، دو چیزوں کو ایک ساتھ کوٹنا۔

واگذار: چھوڑنا۔

بہ نظر من واگذار: اسے میری مرضی پر چھوڑدو۔

من این کار را بشما واگذار کنم: اس کام کو میں تم پر چھوڑتا ہوں۔

واگذاردن-واگذاشتن: چھوڑنا، دے دینا۔

املاک خودرا بدولت واگذاشت: اس نے اپنی املاک حکومت کے سپرد کردیں۔

واگذاری: سپردگی، حوالگی۔

واگذاشتن: چھوز دینا، سپرد کرنا، منتقل کرنا۔

واگرای: ایک دوسرے سے دوری، جدای۔

واگرداندن: واپس کرنا، تبدیل کرنا۔

واگردانیدن: واپس کردینا، تبدیل کرنا۔

واگرفتن: (۱)لے لینا (۲)چھوت سے کسی مرض میں متبلا ہونا۔

این ناخوشی از کی گرفتہ است: یہ بیماری اس نے کہاں سے لے لی ہے۔

واگفتن: دوبارہ کہنا، پھر سے کہنا، اپنے الفاظ دہرانا۔

واگو: بازگو: پھر کہو، اپنی بات کو دہراؤ۔

واگون-واگن: ویگن جس پر سازوسامان لانے لے جانے کے لیے لادا جاتا ہے۔

واگون راہ آھن: ریل گاڑی کا ویگن۔

واگونت: چھوٹی ویگن۔

واگونچی: ویگن کا ڈرائیور۔

واگویہ: دوبارہ کہنا، مشق کے طور سے دوبارہ کہنا۔

واگویہ کردن: بار بار کہنا۔

واگیر: ایک سے دوسرے کو لگ جانے والا مرض، چھوت کی بیماری۔

واگیرہ: چھوت کی بیماری جو ایک سے دوسرے کو لگ جاتی ہے، متعدی بیماری۔

واگیرہ گردن: چھوت کی بیماری سے متاثر ہونا۔

این نا خوشی واگیرہ دارد: یہ بیماری چھوت کی ہے، متعدی مرض ہے۔

کاغذ واگیرہ: کاربن پیپر۔

واگیرہ دار: جس سے کسی کو چھوت کی بیماری لگ گئی ہو۔

وال–ہال: انسان کا بازو یا پرندوں کے جسم کا وہ حصہ جس سے وہ پرواز کرتے ہیں۔

وال: ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

والا: بلند مرتبہ، اونچا، عالی، والا سابقے کے طور بھی آتا ہے مثلا والا جاہ، والا حضرت، والا قدر، والا نژاد وغیرہ۔

والّا: ورنہ۔

والاہل: قابل قدر، معقول، شایان شان، ارزندہ۔

والاتر–ہالاتر: زیادہ بلند مرتبے والا، بلند تر۔

والاجاہ: حضور عالی مرتبہ۔

والحاصل: الحاصل، حاصل یہ کہ۔

والاد: چھت، گنبد، قالب عمارت۔

والادگر: عمارت بنانے والا، معمار۔

والان: بادبان۔

والان: جانور شناسی کی اصطلاح میں بحری پستاندار جانور۔

والانَہ: زخم، جراحت۔

والد: (ع)باپ۔

وَالدُّعا: (ع)دعا ہے آپ کے لیے، خدا حافظ۔

والِدَہ: (ع)ماں۔

والِدَین: (ع)ماں باپ۔

والریان: پہاڑی سنبل۔

والس: ایک قسم کا جرمن رقص اور ساز جو اس رقص کی ہم آہنگی میں استعمال ہوتا ہے۔

واللّٰہ: (ع)خدا کی قسم بیان کی صداقت ظاہر کرنے کے لیے۔

واللّٰہ أعلم: خدا ہی بہتر جانتا ہے، خدا معلوم مجھے خبر نہیں۔

والمیدَن: لمیدن، آرام سے لیٹ جانا، بے فکر ہو جانا۔

والور: (انگ)ویلر، قدر و قیمت، مقدار، اہیمت۔

وآلِہ: شیدا، فریفتہ، عاشق۔

والی: حاکم، گورنر، صاحب اختیار، ولاۃ جمع۔

والیِدَن: بالیدن (۱)نشو و نما پانا (۲)فخر کرنا۔

والی گری: گورنر کا منصب۔

وام: قرض، قرضہ۔

وام خواستن: قرض مانگنا۔

وام دادن: قرض دینا۔

وام گرفتن: قرض لینا۔

وام اجارہ: ادھار، پٹہ۔

واماندگی: تکان، خستگی۔

واماندَن: تھک جانا، خستہ ہوجانا، ٹھہر ٹھہر کر چلنا۔

واماندہ: تھکا ہوا، خستہ۔

وام خواہ: قرض خواہ، لین دار، ساہوکار جو قرض دیتا ہے۔

وامدار: مقروض–قرض دار۔

وامدِہ: قرض دینے والا۔

وامِق: دوست، عاشق، عذرا کے عاشق کا نام، ان کے عشق کی داستان مثنوی "وامق و عذرا" میں بیان کی گئی ہے جس کے مصنف عنصری ہیں۔

وامگیر: قرضہ لینے والا۔

وامی:(۱)قرضدار (۲)عاجز، در ماندہ۔

وان- بان:لفظ کے آخر میں بطور لاحقہ آتا ہے بمعنی مانند، نظر، نظر رکھنے والا محافظت کرنے والا، مثلاً گلہ وان یا گلہ بان، ریوڑ کی نگہبانی کرنے والا، دروان یا دربان، دروازے کی نگرانی کرنے والا۔ **وان-وانہ:**(روسی سے ماخوذ)چینی یا دھات کا بڑا برتن، جس سے غسل خانے میں نہانے دھونے کا کام لیا جاتا ہے۔

وانگریستن:نظر ثانی کرنا، دوبارہ نظر ڈالنا۔

وانمُوَد:اظہار، حیلہ، بہانہ، تصنع، تب و تاب میں نمائش، قابلیت کا اظہار۔

وانمود کردن:تب و تاب کی نمائش کرنا، قابلیت کا اظہار کرنا، تصنع کرنا۔

وانمود کرد کہ نا خوش است:اس نے ظاہر کیا کہ وہ بیمار ہے۔

وانمودن:پھر دکھانا، نشان بتانا، کسی اور طرح کا نشان بتانا، حیلہ بہانا کرنا، تصنع کرنا، اپنی قابلیت کا اظہار کرنا۔

وانیل-ونیلا:ایک پودا جس کی شاخیں لمبی اور پتلی،پتے چوڑے اور پھول خوشہ نما اور خوشبودار ہوتے ہیں ان سے عطر بنایا جاتا ہے دوائی کے طور بھی اس کے پھولوں سے کام لیا جاتا ہے۔

واو:ابجد کا حرف "و" یہ حرف عطف ہے اسے واو معدولہ بھی کہتے ہیں۔

واویلا:آہ وزاری، رونا پیٹنا۔

واہ:کلمہ ندا و تعجب، اے ، و اے ، تعجب، وہ۔

واہِب:(ع)بخشنے والا، اللہ تعالی کا صفاتی نام۔

واہَم:(ع)باہم، مل کر۔

واہِمہ:(ع)وہم و خیال، ڈر، خوف، اندیشہ ، گماں۔

واھمہ کردن:وہم کرنا ، اندیشہ ہونا، ڈرنا، خوف کھانا۔

واھی:(ع)بیہودہ، بے بنیاد بات۔

حرف واہی:بے بنیاد بات۔

وای:کلمہ افسوس، کلمہ جو تاسف، رنج و غم کے اظہار کے لیے زبان پر آتا ہے۔

وای برحال مظلومان:ستم رسیدہ لوگوں کے حال پر افسوس ہے۔

وایا:ضرورت، حاجت، احتیاج، مراد۔

وایا وای:شور و غوغا مصیبت زدوں کا۔

وایہ-وایا:خواہش ضرورت، حاجت، مراد مثال:

وایہ آن دارم کہ بینم مجدرا ماوای خویش
گرنیابم وایۂ خود وای من صدبار وای

میری تمنا یہ ہے کہ مجد میری جائے پناہ بن جائے اگر میری یہ مراد پوری نہ ہوئی توحیف ہے سوبار حیف۔

وَبا:بیماری جو ہوا کے خراب ہونے سے پھیلتی ہے، متعدی بیماری۔

وَبال:سختی، گرانی، عذاب، عذاب جان۔

وبای:وبا سے متعلق۔

وَبَر:اونٹ یا لومڑ وغیرہ کی کھال کے بال، اوبار جمع۔

وَبَر:بلی سے قدرے چھوٹا جانور جس کے جسم کے بال لمبے اور دم چھوٹی ہوتی ہے اور کان بھی چھوٹے ہوتے ہیں۔

وَبیل:دشوار کام، سخت دشوار۔

وَتَد:کھونٹی، میخ چوبی، کلا، خیمے کا کِلا (پنجابی)۔

وتد:علم عروض کی اصطلاح میں یہ سہ حرفی لفظ سے عبارت ہے، جس کے دو حرف متحرک اور ایک حرف ساکن ہوتا ہے مثلاً شجر، فلک، چمن وغیرہ، اسے وتد مجموع، وتد مقرون بھی کہتے ہیں۔

وَتَر:(۱)رسی، تانت، تار (۲)(جیومیٹری) قائم الزاویہ مثلث کے دو ضلعوں کو ملانے والا خط۔

وَتیرَہ:وضع، انداز، طریق، روش، دستور۔

وِثاق:.(ع)(۱)قید، بند، رسی جس سے کوئی چیز باندھتے ہیں (۲)اتحاد، رشتہ، پیوند۔

وِثاق:کمرہ، ٹھہرنے کی جگہ، منزل۔

وَثایق:(ع)وثیقہ کی جمع۔

وَثَن:۔ (ع)بت، صنم، اوثان جمع

وَثَنی:بت پرست۔

وُثُوب:(ع)جستجو، تلاش، جستجو کرنا۔

وُثُوق:(ع)مستحکم، یقینی اعتماد۔

وَثیقہ:(ع)عہدو پیمان، ضمانت، معاہدہ، اقرار نامہ، عہدنامہ، دستاویز، تمسک۔

وثیقہ ای برآی انجام تعہدات خود سپرد:اس نے اپنی ذمے داریوں سے عہدہ برآ ہونے کے لیے عہد کیا یا ضمانت دی۔

وَج:(ع)زرد رنگ کا سوسن کا پھول۔

وَجازت:ایجاز، مضمون کو مختصر کرنا۔

وَجاع:(ع)وجع کی جمع۔، دکھ، درد، تکلیف۔

وَجاھَت:(ع)حسن، زیبائی، خوبصورتی، اچھی وضع قطع۔

وَجَب:بالشت، ہاتھ کی چھنگلی سے انگوٹھے تک کا پھیلاؤ۔

وجب کردن:بالشت سے ناپنا۔

وَجد :(ع)جذبہ، وہ حالت اور کیفیت جو عشق الٰہی میں دل پر ایسی طاری ہو کہ انسان بیخود ہو جائے، حال، عشق، و محبت، شیفتگی۔

وَجد کردن:دل پر کیفیت طاری ہونا عشق الٰہی میں جھومنا اور بیخود ہو جانا، کیفیت حال طاری ہونا۔

وِجدان:نفس، نفس کی قوت باطنی، جس کے وسیلے سے خوبی و بدی کا ادراک ہوتا ہے، دریافت کرنے اور جاننے کی قوت۔

وَجد انگیز:جس سے وجد و حال کی کیفیت پیدا ہو،مثال:

چہ وجد انگیز محفل بود شب جائیکہ من بودم
تنم ہم صورت دل بود شب جائیکہ من بودم

رات جہاں میں تھا وہاں وجد و حال پیدا کرنے والی محفل تھی، اس محفل میں سارے جسم پر بھی دل کی سی کیفیت طاری تھی۔

وِجدانی:(ع)وجد و حال کی کیفیت پیدا ہونا، عالم باطن سے تعلق ہونا، جو بات قوت باطن کے وسیلے سے سمجھ میں آئے۔ وجدانیات جمع۔

این ھا مسائل وجدانی است:یہ عالم باطن سے تعلق رکھنے والے مسائل ہیں۔

وَجَع:(ع)دکھ، درد، ٹیس، بیماری، رنجوری۔ وجاع اور او جاع جمع۔

وَجَل:(ع)ذر، خوف، اوجال جمع۔

وَجَنات:(ع)وجنہ کی جمع، ظاھری روپ، وضع قطع

برجستگی رویش از وجنات او پیدا است:اس کے چہرے کی خوبی اس کی ظاہری وضع قطع سے ظاہر ہے۔

وَجَنَہ:(ع)رخسار، گال، رخسار کا اہم حصہ، چہرہ۔

وُجُوب:(ع)واجب ہونا، ضروری، لازم۔

وُجُود:(ع)(۱)ذات، ہستی، حیات، زندگی مجازاً جسم، بدن (۲)موجودگی، شخصیت۔

وجود داشتن:زندہ ہونا، جسم و جان عطا ہونا۔

او آدم با وجودی است:وہ امتیازی حیثیت کا

انسان ہے۔

باوجود اینکه: اس بات کے ہوتے ہوئے۔

خداوند تعالی مارا از عدم به وجود آورد: خداوند تعالی نے ہمیں عالم نیستی سے ہستی کی صورت عطا کی۔

بوجود آمدن: زندگی حاصل ہونا، زندگی پانا۔

باوجود این که: اس بات کے ہوتے ہوئے۔

وُجُوه: (۱)وجہ کی جمع (۲)روپوں پیسوں کا ذخیرہ جو کسی خاص کام یا غرض کے لیے مخصوص کیا گیا ہو (۳)طور طریقے (۳)پہلو، رخ (۳)صورتیں (۵)اسباب۔

وجوہ متحرک: روپے پیسے کی گردش، دولت جو گردش میں ہو۔

وجوہِ ماہ: چاند کے رخ۔

وجہ: (ع)(۱)رو، چہرہ، طریقہ، سبب، مقصد، نیت، ارادہ (۲)دولت، رقم، سرمایہ۔

وجۂ احسن: بہترین طریقہ۔

وجہی برای آن پیدا کردم: اس کے لیے میں نے خاص ذریعہ پیدا کرلیا۔

وجہ الضمان: رقم جو کسی کی ضمانت کے لیے ادا کی جائے۔

وجُہ الکفالہ: رقم جو کسی کی کفالت کے لیے مخصوص کی جائے۔

وَجہ معاش: روزی کمانے کا وسیلہ۔

وَجهۃ: طرف، سمت، انداز، وفع قطع۔

وجهہ ملّی: مقبولیت، شہرت۔

وَجِیز: (ع)مختصر، خلاصہ، ایجاز، مفید اور مختصر کلام۔

وَجیع: (ع)درد ناک۔

وَجِین: بیکار گھاس کوکھیت سے کھود کر نکال پھینکنا خس و خاشاک سے پاک کرنا۔

وجِیہ: (ع)نیک شخص، صاحب جاہ و منزلت، قوم کا بزرگ خوبرو۔

وجیہہِ: (ع)خوبرو عورت جسے قدر و منزلت حاصل ہو۔

وچر–وَچر: فتوی، حاکم شرع کا دستور۔

وچرگرَ: فتوی دینے والا۔

وَحدانی: (ع)تنہا، یگانہ، یکتا۔

وحدانِیہ: (ع)یگانگی، یکتائی، حالت تنہائی۔

وحدانِیّت: (ع)اللہ تعالی کا واحد و یکتا ہونا۔

وحدت: (ع)خداوند تعالی کی یکتای، توحید۔

وحدت وجود: اصطلاح صوفیہ میں ہر مخلوق کو خالق مطلق کا وجود سمجھنا۔

وحدت الوجودی: وہ صوفی جو ہر مخلوق کو خالق کا وجود قرار دیتا ہے۔

وَحش: (ع)جنگلی جانور، حیوان، وحوش جمع۔

باغ وحش: چڑیا گھر جہاں اور جانور بھی رکھے جاتے ہیں۔

وَحشَت: (ع)تنہائی، خلوت، تنہائی کی وجہ سے دل تنگی، خوف۔

وحشتِ بی اساس: دل تنگی یا خوف جس کی کوئی وجہ نہ ہو۔

وحشتِ تنہائی: تنہائی کی وجہ سے دل تنگی۔

وحشت کردن یا گرفتن: چونک اٹھنا، گھبرانا، دل تنگی کا احساس ہونا، خوف کھانا۔

وَحشَت انگیز: دل تنگی پیدا کرنے والا، خوف و ہراس پیدا کرنے والا۔

وحشت ناک: وحشت انگیز۔

وَحشی: (ع) جنگلی، خوفناک۔

وَحشیانہ: وحشیوں کی طرح، غیر مہذبانہ۔

زندگی وحشیانہ: جنگلیوں کی سی زندگی، غیر مہذبانہ زندگی۔

وَحشِیَّت-وحشی گری: وحشیانہ حالت، وحشیوں کا طور طریق، تہذیب و تمدن سے بے بہرہ ہونا، بربریت، ظلم و سفاکی۔

وَحَل: کیچڑ، دلدل۔ وحول جمع۔

وُحُوش: (ع) وحشی کی جمع۔

وَحی: (ع) خداوند تعالی کے ارشادات جو پیغمبر پر الہام کی صورت میں نازل ہوئے۔

وحی آسمانی: خدا کا پیغام جو عالم بالا سے نازل ہوا۔

وَحِید: (ع) واحد، تنہا، یگانہ۔

وحیدُ العصر: (ع) زمانے بھر میں یکتا۔

وخ: کلمہ تعجب یا تعریف، توصیف جو خوبی اور زیبائی دیکھ کر زبان پر آتا ہے کسی خوش آیند چیز کو دیکھ کر وخ زبان پر آتا ہے۔

وَخامت: (ع) بُرائی، ناگوار ہونا، ناسازگاری، نقص، ناسازگاری گرانباری، سختی۔

وَخش: (ع) ہر پست و فرومایہ چیز۔

وَخش: ایک بیماری جو گھوڑوں اور اونٹوں کے پیروں میں لگ جاتی ہے۔

وَخم: (ع) ہوا کی بدبو جو کسی بیماری کی وجہ سے پھیل جائے۔۔

وَخیم: (ع) سخت، دشوار، سنگین، ناگوار، ناسازگار، خطرناک۔

وَدْ: (ع) وداد، دوستی، عشق و محبت، نیز محب، دوست، دوستدار۔

وَدْ: (ع) قبل از اسلام عرب کے بتوں میں سے ایک کا نام، یہ بت مسلح صورت میں تھا۔

وِداج: (ع) شاہرگ۔

وداجی: (ع) شاہرگ سے متعلق۔

وداد: دوستی، محبت۔

ودادی: محبانہ، دوستانہ، آپس داری کا تعلق۔

وِداع: (ع) رخصت، روانگی، خدا حافظی۔

وداع گفتن: کسی کی روانگی پر خدا حافظ کہنا۔

مراسم وداع بجا آوردن: روانگی کے آداب بجا لانا۔

وداع نامِہ: رخصتی خط، خدا حافظی کا مراسلہ۔

وداعی: رخصتی، روانگی کی تقریب۔

وداغ: آگ، شعلہ آتش۔

ودایع: (ع) دیکھیے ودیعہ۔

وَدَج: (ع) شاہرگ۔

وَدَع: (ع) صدف، ایک قسم کی سیپی۔

وَدُود: بہت مہربان، اللہ تعالی کا صفاتی نام۔

ودِید: دوست، شفیق، رفیق،۔

وَدِیعہ: مال جو امانت کے طور پر کسی کے پاس رکھا جائے یا جو کسی خاص غرض کے لیے مخصوص کیا جائے۔

وَدِیعَہ کردن: رقم یا کوئی چیز کسی کے پاس بطور امانت رکھنا۔

ودیعہ گذاشتن: سپرد کرنا۔

وَر: بطور لاحقہ بھی استعمال ہوتا ہے مثلاً ہنرور، ہنر مند، کینہ ور، کینہ رکھنے والا۔

وَر: واگر کا مخفف، اور اگر، اگرچہ مثال:

مرد باید کہ گیرد اندر گوش

ور نوشتہ است پند بردیوار

انسان کو چاہیے کہ نصیحت کو غور سے سنے اور اگر نصیحت دیوار پر لکھی ہو تو اسے بھی دل میں جگہ دے۔

وِر: پرگوی، زیادہ باتیں کرنا۔

وِر کردن: زیادہ باتیں کرنا، فضول باتیں کرنا۔

وَرا: اُورا، اسے۔

وَراء: (ع)(۱)پیچھے، عقب، (۲)بالاتر (۳)سوائے (۴)مختلف۔

این مورد ورای سائر موارد است: یہ معاملہ دوسرے سب معاملات سے مختلف ہے۔

ماورای طبیعت: فوق الفطرت، فوق العادت۔

ما ورای عقل بشر: انسانی عقل سے بالاتر۔

ماوراء النّهر: دریا کے پار، دریائے جیحون سے پار ایک شہر کا نام۔

وُرّاث: (ع)وارث کی جمع۔

وراثت: (ع)ترک، میراث، ورثہ۔

او چرا ادّعای وراثت می کرد: وہ کیوں میراث کا دعوی کرتا تھا۔

ورّاج(ع)باتونی، پرگو، بیہودہ باتیں کرنے والا۔

وراجی: زیادہ بایتں کرنا، پرگوی، یاوہ گوی۔

ورا رود: ماوراالنهر۔

وراغ: آگ، شعلہ، آتش۔

ورّاق: (۱)کاغذوں کا کاروبار کرنے والا، کاغذ بنانے والا، (۲)کتاب نویس۔

وَرام: (۱)کم وزن چیز (۲)سہل، آسان۔

وَر آمدن: خمیر، وہ اثر جو کسی چیز میں سرایت کرکے اس کی ماہیت مین تبدیلی پیدا کردے، کسی چیز کی آمیزش، خمیر اٹھانا۔

خمیرور آمد: خمیر اٹھ آیا، خمیر ہوگیا۔

ورامین: ایران کا ایک ضلع۔

ورانهرّ: اس طرف۔

ور انداز کردن: کسی کو غور سے دیکھنا اور دیکھ کر اندازہ کرنا۔

او سرتا پای مرا ور انداز کرد: اس نے سر سے پاؤں تک مجھے دیکھا۔

وَرپُوشَه: عورتوں کی چادر۔

وَرَت: واگرت کا مخفف اور اگر تمہارا یا تم۔

وَرَت: برہنہ، عریاں۔

وَرتاج: آفتاب گردک، ایک جانور جو سورج کی روشنی میں رنگ بدلتا ہے۔

وَر تیج: بٹیر۔

وَرَثَه: ترکہ، میراث، نیز جمع وارث۔

وَرج: ارج، قدرو قیمت۔

وَر جاوَند: بلند، پایہ، ارجمند۔

وَرجَستگی: برجستگی، برگزیدگی، امیتاز۔

وَرجَستن: برجستن، برگزیدہ ہونا، بلند پایہ ہونا۔

وَرجمند: ارجمند، اقبال مند۔

وَرچه: واگرچہ، اوراگرچہ۔

وَرَخج: پلید، ناپاک، غلیظ، کثیف، زشت و زبون۔

وَرخجی: پلیدی، ناپاکی، کثافت، برائی۔

وَرخوردن-برخوردن: ملنا، دچار ہونا، ملاقات ہونا، تصادف-۔

وَرد: (۱)سرخ (۲)پھول۔

وِرد: (ع)دعا، ذکر، قران مجید کا کوئی جز و جس کی انسان ہر روز اور ہر رات تلاوت کرتا ہے، اوراد جمع۔

ورداشتن: اٹھانا۔

وَردان: کوئی دانہ جو بدن پر پیدا ہو جاتا ہے، اس سے کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔

وردانہ: میخ جسے گھما کر کسا جاتا ہے۔

وردک: ورَدوک، عروس کا جہیز جو، ماں باپ کے گھر سسے سسرال لے کر جاتی ہے۔

وردَہ: (۱)برج (۲)کبوتروں کا کابک۔

وَرز: ورزیدن=ورزش کرنا سے فعل امر ورزش کرو، پیاپے کام کرنا کسب و کار پیشہ۔

وُرزا: ہل کی نوک جس سے زمین کھودی جاتی ہے، ورزگاؤ۔

وَرزِش: کسرت، ریاضت، مشق، جسم کو توانا رکھنے کی مشق، ہروہ کام جس میں مہارت حاصل کرنے کے لیے روزانہ کرتے ہیں۔

ورزش بدنی: جسمانی ورزش، جمناسٹک۔

ورزش تفریحی: سیرو تفریح کھیل۔

ورزش فکری: ذہنی تربیت۔

ورزش کردن: کسرت کرنا۔

ورزش خانہ: زور خانہ، وہ جگہ جہاں کسرت کی جاتی ہے، ورزش گاہ۔

ورزش کار: ورزش کرنے والا۔

ورزش گر: ورزش کار۔

ورزشی: ورزش سے متعلق، ورزش کار۔

عملیات ورزشی: زور کرنے کی مشق کے طریقے۔

وَرزکار: کسان، کھیتی باڑی کرنے والا، کشاورز۔

وَرزکاری: کھیتی باڑی کا کام، کشاورزی۔

ورزگاو: بیل جن سے ہل جوتا جاتا ہے۔

وَرزگر: کسان، کاشتکار۔

ورزگری: کھیتی باڑی۔

وَرزگن: پیالہ، پانی سے بھرا ہوا پیالہ۔

ورزم: آگ، شعلہ، آتش، آگ کی گرمی۔

وَرزی: (۱)ورزش کرنا، (۲)اختیار کرنا۔

کینہ ورزی: کینہ رکھنا، کینہ اختیار کرنا۔

وَرزِیدگی: تجربہ، تربیت۔

ورزِیدَن: کاشت کرنا، ورزش کرنا، کوشش کرنا۔

ورزِیدہ: تجربہ کار، آزمودہ کار، کہنہ کار جس نے ورزش کی ہو۔

او درین کار ورزیدہ است: اسے اس کام کا تجربہ ہے۔

ورس: (۱)رسی (۲)ایک پودا جس کے بیجوں سے رنگ دیا جاتا ہے۔

وَرساز: جوان رعنا، آراستہ و زیبا۔

وَرِست: روسی ناپ کا پیمانہ (روسی زبان سے ماخوذ)۔
ہم قَد: ایک ہی قد کے، ایک ہی مرتبے کے۔

ہم قَدَح: ہم پیالہ، مل کر پینے پلانے والے۔

ہم قَدَم: ساتھی، ہم سفر، ساتھ مل کر چلنے والے۔

ہم قَسَم: عہدو پیمان میں شریک، اتحاد میں شریک۔

ہم قِطار: شریک کار، ہم منصب، شریک۔

ہم قِطاری: ایک ہی منصب ہونا، شریک منصب ہونا۔

ہمکار: ساتھ کام کرنے والا، یک جیسے منصب والے کے ساتھ کام کرنے والا۔

ہمکاری: ساتھ کام کرنا، اتحاد عمل، امداد باہمی۔

ہمکاری کردن: مقابلہ کرنا، ساتھ کام کرنا۔

ہم کاسہ: ہم پیالہ، ہم خوراک، ایک ہی برتن میں کھانے والے۔

ہم کام: دو شخص جن کی امید مراد ایک سی ہو۔

ہم کُنان: ہم کن کی جمع، ہمکار، ہم پیشہ۔

ہم کُفو: خاندان میں برابر کے مرتبے کا۔

زن و شوھر-بہتر است ہم کفوباشند: بہتر ہے کہ شوہر اور بیوی کو خاندان میں برابر کا مرتبہ حاصل ہو۔

ہم کلاس: ہم جماعت۔

ہم کلام: ایک دوسرے سے بات چیت کرنا۔

ہم کیش: ہم مذہب۔

ہمگام: ہمراہ، ساتھی، رفیق، ہم قدم۔

ہمگان: ہمہ کی جمع، سب، سبھی، مثال:

از همگان بی نیاز و بر همه مشفق، از همه عالم نهاں و بر همه پیدا: سب سے بے نیاز ہیں مگر سب پر شفقت کرنے والے ہیں، دنیا سے پوشیدہ بھی ہیں اور اپنے شفیقانہ عمل سے سب پر ظاہر بھی ہیں۔

همگر: جمع کرنے والا، پیوند لگانے والا، جولاہا، بافندہ، رفوگر۔

همگروه: چند فرد جو ایک ہی گروہ سے تعلق رکھتے ہوں۔

همگنان: سب، ایک ہی گروہ یا جماعت سے تعلق رکھنے والے مثال۔

هیچ از هیچ کس دریغ نداشت
همه از بهر همگنان آورد

کوئی بھی کسی سے دریغ نہیں کرتا تھا ہر چیز سب کے لیے لاتے تھے۔

همگنان: سب حضرات، گروہ، جماعت۔

همگی: سبھی، سب، تمام، کل۔

او همگی را سلام کرد: اس نے سب کو سلام کیا۔

هم گیس: ہم عمر۔

هم لخت: جوتا، موزہ۔

همَم: (ع)ہمت کی جمع۔

هم مذهب: ہم کیش، ہم دین، ہم مسلک، ہم عقیدہ۔

هم مَشرب: ایک ہی مسلک کے۔

هم معنی: لفظ جن کے معنی ایک سے ہوں، مترادف۔

هم مکتب: ایک ہی سکول میں پڑھنے والے۔

هم منزل: ایک ہی گھر میں رہنے والے، ہم خانہ۔

همنام: ایک ہی نام کے۔

هم نبرَد: مخالف، حریف، ایک دوسرے کے ساتھ لڑائی کرنے والے۔

هم نرخ: ایک ہی قیمت کے۔

هم نشین: ساتھی، رفیق، مل کر بیٹھنے والے، ہم صحبت۔ مثال:

هم نشین تو از تو به باید
تا ترا عقل و دین بیفزاید

(اس بات کا خیال رکھو کہ) تمہارے ساتھ مل کر بیٹھنے والا تم سے بہتر ہو تاکہ تمہارے عقل میں بھی اضافہ ہو اور دین سے تمہارا تعلق بھی بڑھے۔

هم نشینی: ساتھ، رفاقت، مصاحبت، مجانست۔

هم نمک: وہ افراد جو مل کر کھانا کھاتے ہوں۔

هم نَواله: جو ایک ہی دسترخوان پر کھانا کھاتے ہوں۔

هم نَوع: ایک ہی قسم کے، ایک ہی نسل کے، ایک ہی حسب نسب کے۔

هم نَورد: ہم سفر۔

هموار: برابر، یکساں، یکساں سطح، مثال:

این درد نه دردیست که بیرون رود از دل
این داغ نه داغیست که هموار توان کرد

یہ درد ایسا نہیں کہ دل کو چھوڑ سکے اور یہ داغ ایسا داغ نہیں کہ اس کا اثر زائل ہوسکے اور جگہ صاف ہوسکے۔

هموار کردن: صاف کرنا، سطح کو یکساں کرنا۔

هموارِه: ہمیشہ لگاتار، پیاپے، پے درپے۔

همواری: یکسانی، برابری، سطح کی یکسانی۔

همُو: ہم او، وہ بھی۔

هم وِثاق: عہد و پیمان میں شریک، اتحاد میں شامل۔

هم وزن: ایک ہی وزن کے۔

همُوم: ہم کی جمع۔

هم وَطَن: ایک ہی وطن میں رہنے والے۔

همَه: سب، تمام، جملہ۔

همه آنها رستگار شدند: وہ سب کے سب رہا ہوگئے۔

همه کس این را می دانند: سب اسے جانتے ہیں۔

همه جا: سب جگہ۔

همه روز: ہر روز۔

همه شب: ہر رات۔

این همه: یہ سب لوگ۔

آن همه: وہ سب۔

آن همه مردم: وہ سب لوگ۔

این همه مردم: یہ سب لوگ۔

با این همه: اس کے باوجود۔

هَمه جا گیر: (مرض) وبائی مرض جو علاقے بھر میں پھیل جاتی ہے۔

همه جائی: ہرجائی، جو کسی جگہ نہ ٹھہرے ہر جگہ مارا مرا پھرے، جگہ جگہ دل لگانے والا۔

همه رُوزه: ہردن۔

همه ساله: ہر سال۔

همه کاره: ہر کام کرنے والا، جوہر کام کرسکے۔

هَمهَمَه: شور و غل، چیخ و پکار، غوغا، شورش ہنگامہ، اضطراب۔

همی: ہم این، ایسا ہی، فعل میں "می" کی جگہ آتا ہے۔

همی رود: می رود - جاتا ہے۔

هَمیان: کیسہ، جیب، بٹوا، روپے پیسے رکھنے کی تھیلی۔

هَمیدُون: ہم این دون کا مخفف، اس طرح، ابھی اسی وقت، ایسا ہی۔

همیشگی: دائمی، دوام، ابدیّت۔

همیشه: دائم، دوام، مستقبل، سدا۔

او همیشه فروتنی می کرد: وہ سدا عاجزی اختیار کیا کرتا تھا۔

همیشه بَهار: سدا بہار، ہمیشہ سر سبز و شاداب رہنے والا زرد رنگ کا پھول جس کا پودا چھوٹا اور پتے لمبے اور موٹے ہوتے ہیں۔

همیشه سبز: مستقل طور سرسبز و شاداب رہنے والا۔

همیشه نشین: بیٹھے رہنے کی عادی، بے حس و حرکت بیٹھا رہنے والا۔

همیشه نشینی: بیٹھے رہنے ک عادت، بے حس و حرکت بیٹھے رہنا۔

همین: ہم این، یہی، مثال:

اگر فردوس بررُوی زمین است
همین است و همین است و همین است

(کسی حسین و جمیل اور پرفضا جگہ کو دیکھ کر کہنا) اگر اس زمین پر کوئی فردوس ہے تو یہی ہے، یہی ہے اور بس یہی ہے۔

همین شخص روزی مرایاری کرد: اسی شخص نے ایک دن میری مدد کی تھی۔

همین روز: اسی دن۔

همین طور: اسی طرح۔

همین فردا: کل کو۔

همین که: جیسے ہی ک۔

همین که مارا دید، رُو پوش شد: جیسے ہی ک اس نے ہمیں دیکھا، وہ روپوش ہو گیا۔

نه همین است و بس، بلکه: یہی نہیں بلکہ۔

هَنایش: اثر پیدا ہونا۔

هَنابیدَن: اثر پیدا کرنا۔

هنایَنده: موثر۔

هنج: دیکھیے هنجیدن۔

هنجار: (۱) راستہ، راہ (۲) انداز، وضع، رسم روش، قاعدہ، اصول۔ (۳) معمار کا سطح کا اندازہ کرنے کا

پیمانہ (۳) مختصر راستہ۔ مثال:

ناھنجار: بے اصول، نالائق، کمینہ۔

ھَنجام: سست، بیکار۔

ھَنجیدَن: آہنجیدن، کھینچنا، کھینچ کا باہر نکالنا، ہنجیدن سے فعل امر ہنج۔

ھند: ہندوستان۔

ھَند: طریق، روش، راہ، قاعدہ، قانون۔

ھَند: ہستند کا مخفف۔ مثال:

از مردِ خرد بپرس ازین را
جُز تو بجھان خرد وران ھَند

ان کے متعلق کسی مرد دانا سے پوچھ، تمہارے سوا جہان میں اور خرد مند بھی موجود ہیں۔

ھندسَہ: (۱) جیومیٹری (۲) انجینرنگ۔

ھندسَہ دان: جیومیٹری کا علم جاننے والا۔

ھِندسی: جیومیٹری سے متعلق، ہندسیون جمع۔

ھِندُو: ہند کا رہنے والا ہندو مذہب کا پیرو، جو اصنام پرستی میں یقین رکھتا ہے۔

ھندوان: ہندو کی جمع۔

ھِندُوانہ: تربوز۔

ھندوانۂ ابوجھل: حنظّل، اندرائن کا پھل جو انتہا درجے کڑوا ہوتا ہے۔

ھِندُوبار: ہندوستان۔

ھندوستانی: ہندوستان کا رہنے والا۔

ھندی: ہندوستان کی زبان، اہل ہند کی زبان۔

ھُنَر: فن، صنعت، علم، دانش۔

ھنر کردن: فن کاری پیش کرنا۔

باھنر: ہنر مند، فن میں مہارت رکھنے والا۔

ھنر آمُوز: فن سیکھنے والا۔

ھُنر پرداز: صاحب ہنر۔

ھنرَ پروَر: فن کا حامی، فن کاری کا محسن۔

ھنر پروَری: اہل فن کی حوصلہ افزائی، فن کی پرورش۔

ھنَر پیشہ: فن کار۔

ھنَرِستان: صنعتی درسگاہ۔

ھنرسرا: جہاں صنعت و ہنر کی تعلیم دی جاتی ہے۔

ھُنَر فروش: وہ شخص جو اپنی ہنر مندی کا بیجا اظہار کرتا ہے۔

ھُنر فروشی: فن کاری میں قابلیت کا بیجا اظہار۔

ھُنَر فروشی کردن: اپنے فن کا اظہار بیجا کرنا۔

ھنر مند: فن کا ماہر۔

ھنر مندانہ: ہنر مندی کے ساتھ، مہارت فن سے۔

ھنر مندی: فن کاری۔

ھُنروار: ہنر مند، با ہنر۔

ھُنرور: ہنرمند۔

ھُنرھای زیبا: فنون لطیفہ۔

ھُنری: ہنر سے متعلق، ہنر مند، اہل فن۔

ھَنگ: (۱) آہنگ، آواز، صدا، نوا، (۲) قصد۔

ہَنگ: وقار، زور، قوت، سنگینی، ہوش، قصد، ارادہ، ذہانت۔

ہنگ: گروہ، جماعت، قبیلہ، قوم، سپاہ، لشکر، فوج، لشکر کا حصہ ریجیمنٹ۔

ہنگ: غار۔

ہنگار: جلدی، تندی، تیزی۔

ہنگام: وقت، موقع، مثال:

ھرچہ بھنگام نگوید کسی
خامشی از گفت نکو تریسی

اگر کوئی وقت پر بات نہ کرسکے تو اس کا خاموش رہنا بات کرنے سے بہتر ہے۔

ھنگام رفتن است: اب چلنے کا وقت ہے۔

ہِنگاھی: وقت پر۔

ہَنگامہ: شور و غل، شورش، غوغا، فساد، ولولہ، ہمہمہ، ہیاہو، ہجوم، بھیڑ بھاڑ۔

ہنگامہ برپا کردن: شورش بپا کرنا، غوغا کرنا۔

ہنگامہ جُو: ہنگامہ پسند،، جنگجو۔

ہَنگفت: زیادہ، بہت، بے انداز، ضخیم۔

مخارِج ہنگفت: بہت زیادہ اخراجات۔

ہَنود: ہندو کی جمع۔

ہَنوز: ابھی۔

ہوا ہنوز گرم است: ہوا ابھی گرم ہے۔

ہُنی: گوارا، پسندیدہ، مفید، وہ چیز جو محنت مشقت کے بغیر حاصل ہو جائے۔

ہَنیز: ہنوز۔

ہُو: آہ، فریاد

ہُوکشیدن: آہیں بھرنا۔

ہَو: (١) غلط افواہ، (٢) ناراضی یا حقارت کا نعرہ۔

ہَو کردن: حقارت کے نعرے بلند کرنا۔

ہو: گندگی، کثافت، نجاست، غلاظت، زخم کی پیپ۔

ہُو: وہ، ضمیر غائب وغیرہ، عرفا کی اصطلاح میں باری تعالی۔

ہوا: (١) باد، صبا، موسم (٢) آرزو، اشتیاق، ہوس، میلان۔ مثال:

من بھوای روی تو آمدہ ام بکُوی تو
جان بدھم بکوی تو ہرچہ کند خدا کند

،،میں تیرے دیدار کی تمنا لیے تیرے کوچے میں آیا ہوں میں تو یہاں اپنی جان نثار کردونگا جو ہوتا ہے خدا ہی کے حکم سے ہوتا ہے۔

ہوا برائی نفس لازم است: سانس کے لیے ہوا ضروری ہے۔

ہوای سرد می وزد: ٹھنڈی ہوا چل رہی ہے۔

ہوای چیزی داشتن: کسی چیزی کی خواہش کرنا۔

ہواپَرَست: ذاتی خواہشات کا بندہ۔ مثال:

طفیلی چمن جلوہ اش پری و ملک
ہوا پرست غبار رھش طیور و وحوش

اس کے جلوے کے چمن زار کی آرزومند پری بھی ہے اور فرشتہ بھی اور تو اور اس کے راستے کے غبار کے دلدادہ پرندے بھی ہیں اور وحوش بھی۔

ہوا پرستی: ذاتی خواہشات کی تمنا۔

ہوا پَیما: بادپَیما، طیارہ، ہوائی جہاز۔

ہوا پیمائی: باد پیمائی، طیارہ چلانے کا کام، ہوا بازی۔

ہواجِس: ہاجس کی جمع، خیالات، خیال میں آنے والی باتیں، نفسانی خواہشات۔

ہوا خواہ: خیر خواہ، دوست، حامی، طرفدار۔

ہوا خواھی: خیر خواہی، حمایت، طرفداری۔

ہوا خواھی کردن: خیر خواہی کرنا، حمایت کرنا۔

ہوا خور: ہوا کے آنے جانے کا راستہ۔

ہوا خوردگی: سردی لگنا، زکام ہونا۔

ہوا دار: ہوا خواہ، خیر خواہ، مثال:

جامی از آنجا کہ ہوا دار تُست
روی ترنادیدہ ہوا دار تست

اس وجہ سے کہ جامی کے دل میں آپ کی تمنا ہے آپ کا چہرہ مبارک نہ دیکھنے کے باوجود وہ آپ کی محبت کا متمنی ہے۔

ہوا دِج: ہودج کی جمع، کجاوے، پالکیاں۔

ہوار: گرپڑنا، دھڑام سے گرنا، دباؤ میں آنا گرنے کی آواز۔

ہوار کشیدن: گرتے ہوئے چلانا۔

ہواری: ہوازی، بڑا خیمہ، سائبان۔

ہَواسنج: ہوا کا دباؤ معلوم کرنے کا آلہ۔

ھواسِیدن: خوف یا ضعف کی وجہ سے رنگ اڑ جانا۔

ھواسِیدہ: جس کا رنگ اڑا ہوا ہو، خشک اور بے رنگ۔

ھواشِناس: ہوا کا دباؤ معلوم کرنے والا۔

ھوا شِناسی: ہوا کا دباؤ معلوم کرنا۔

ھَوام: حشرات الارض، خصوصا زہردار حشرات۔

ھوام شِناس: حشرات الارض کا علم رکھنے والا۔

ھوام شِناسی: حشرات الارض کا علم۔

ھَوان: نفرت، ذلت، خواری، سبکی۔

ھوا نَوَرد: ہوا پیما، بادپیما، ہوائی جہاز چلانے والا۔

ھوا نَوَردی: ہوا پیمائی، باد پیمائی، ہوائی جہاز چلانا۔

ھوائی: ہوا سے متعلق، فضائی۔

سفینۂ ھوائی: ہوائی جہاز۔

فشار ھوائی: ہوا کا دباؤ۔

گھوارہ ھوائی: ہوائی جہاز۔

ھُوبَرَہ: مرغ سے قدرے بڑا پرندہ جس کی گردن لمبی ہوتی ہے۔

ھَوچی: ناراضی یا حقارت سے نعرہ بلند کرنے والا۔

ھُود: یہود، یہودیان، ھاید کی جمع، توبہ کرنے والا، حق کی طرف واپس آنے والا، ایک پیغمبر قدیم کا نام، قبیلہ عاد کے پیغمبر۔

قوم ھُود: حضرت ہود کے پیرو، قوم عاد۔

ھَودَج: کجاوہ، پالکی، عمارہ۔

ھُودَر: ہروہ چیز جو بری ہے، بد صورت، بدخو، بدسرشت۔

ھُودَہ: فائدہ، نفع، منفعت، راست، درست، حق۔

بی ھُودہ: ناحق، باطل، بے فائدہ۔

ھُور: سورج، آفتاب، نیز ستارہ نصیب، طالع: مثال

نُور گیتی فروز چشمۂ ھُور
زشت باشد بچشمِ موشک کُور

آفتاب کے چشمے کا نور جہاں بھر کو روشن کرتا ہے، لیکن چمگادڑ جو دن کو دیکھ نہیں سکتی، اس کے لیے یہ روشنی بیکار ہے، بلکہ بری ہے۔

ھُورا: ہُرا، خوشی کا ہلہلا، خوشی سے شور کرنا، تالیاں بجانا۔

ھورا کشیدن: خوشی سے ہُرا ہُرا کہنا، شور کرنا۔

ھُورَخش: خورشید درخشان، آفتاب عالمتاب۔

ھُورشید: خورشید، آفتاب۔

ھُور قَلیا: گرم ہوا کی تابش، اصطلاح میں عالم بالا، عالم دیگر۔

ھُورمُزد-ھورمزدا: آھورا مزدا کا مخفف، آتش پرستوں کے نزدیک خدای یگانہ۔

ھُوز: تندوتیز آواز، جھنکار، جھنجھناہٹ۔

ھَوَز: (ع)حرف ہ کو ہاے ہوز کہتے ہیں۔

ھَوَس: (ع)ایک قسم کا جنون، دیوانگی، عقل کی سبکی، خبط، آرزو، اشتیاق، خواہش۔

ھوس دارد کہ عروسی پسر خود ببیند: اس کی آرزو ہے کہ وہ اپنے بیٹے کی شادی دیکھے۔

ھوس داشتن: کسی چیز کا مشتاق ہونا۔

ھوس راندن: اپنی خواہش میں منہمک رہنا۔

ھوس کردن: خواہش کرنا۔

ھَوَس باز-ھَوَس ران: ہر وقت اپنی خواہشوں کو پورا کرنے میں سرگرم رہنے والا۔

ھوس رانی: خواہشات کو پورا کرنے کی لگن۔

ھوس کار: ہوس ران۔

ھوَسناک: مُتمنّی، اپنی خواہشات میں سرگرم رہنے والا۔

ھُوش: ذہانت، عقل و ادراک، فہم و شعور۔

ھُوشمند: ذہین، باشعور، دانا، زیرک، عاقل۔

ھُوشمندی: شعور، عقل و ادراک، دانش، عقلمندی۔

ھُوشَنگ: ایران کے پیشدادی خاندان کا ایک بادشاہ جو کیومرث کا بیٹا تھا، جس نے پتھر سے آگ نکالی، جشن سدہ اس کے نام سے منسوب ہے (شاہنامہ)۔

ھُوشیار: عقل مند، دانا، چالاک، لائق۔

ھُوشیار شدن: محتاط رہنا، خبردار رہنا۔

ہُوشیاری:احتیاط، متانت، سنجیدگی، عقلمندی۔
ہُوفار یقُون:ایک پودا جس کی شاخیں چھوٹی پتے سرخ اور پھول سفید ہوتے ہیں۔
ہُوگُویَک:حق گو پرندہ، شب آویز پرندہ۔
ہَول:خوف، ڈر، دہشت۔
ہول خوردن:صدمہ پہنچنا، خوفزدہ ہونا۔
ہول دادن:اچانک کسی کو ڈرانا، خوفزدہ کرنا۔
ابوالھول:مصر کا ایک قدیمی مجسمہ۔
ہولاند:ہالینڈ۔
ہَولَک:آبلوں کی بیماری، چھالے نکلنا، چیچک۔
ہولناک:خوفناک، جس کے دیکھنے سے خوف و ہراس پیدا ہو۔
ہَولَہ:تولیا جس سے نہانے دھونے کے بعد جسم صاف اور خشک کرتے ہیں۔
ہَولی:گھوڑا جس پر ابھی زین نہ ڈالی گئی ہو۔
ہولی:ہندوؤں کا جشن جو وہ فصل بہار کے آغاز میں مناتے ہیں۔
ہُوم:ایک پودا جس کی شاخوں پر پتے نہیں ہوتے، اس کے ریشے زہردار ہوتے ہیں۔
ہُوم المجُوس:(ع)ایک پودا جس کی شاخیں پتلی اور سخت ہوتی ہیں، اس کے پھول چنبیلی کے پھولوں جیسے ہوتے ہیں لیکن رنگ ان کا زرد ہوتا ہے۔
ہَون:جس میں ہل جوتا گیا ہو، کھیت جس میں روڑے ہوں۔
ہَون:وقار، بردباری، نیز حقیر، خوار۔
ہُون:کلمہ تاکید، ہاں، جی ہاں۔
ہُونگاری:ہنگری۔
ہُوو:سوکن، شوہر کی ایک بیوی کے علاوہ دوسری بیوی، ہر بیوی دوسری کی سوکن ہے۔
ہُوی:کلمہ تنبیہ، کلمہ افسوس نیز ڈر، خوف۔
ہُوِیّت:(ع)شناخت، شخصیت، کسی چیز کی حقیقت۔
ہُوِیّت اشخاص را بوسائل مختلف معیّن کردند:اشخاص کی شناخت کا انھوں نے مختلف طریقوں سے پتا چلایا۔
مجھول الھُوِیّت:جس کی شناخت نہ ہوسکے۔
تعیّن ہُوِیّت کردن:کسی کی شناخت کرنا۔
ورقۂ ہُوِیّت:شناختی کارڈ، شناخت کا سرٹیفیکیٹ۔
ہَوِیج:گاجر۔
ہوید:نمدا جو اونٹ کی کوہان کے ارد گرد باندھتے ہیں۔
ہُوَیدا:ظاہر،واضح، آشکار۔
ہویدا کردن:ظاہر کرنا، آشکار کرنا۔
ہُوَیضہ:جسے ہیضے کا مرض ہو۔
ھی:کلمہ تنبیہ آگاہ کرنا، خبردار کرنا، جانوروں کو ڈرانا بھگانا۔
ھی:ہے۔
ھی:جانور کو چلانے کی آواز۔
ھی کردن:جانور کو چلانا، ہانکنا،دھکیلنا۔
ھِیَی:وہ (عورت)۔
کماھِیَ:جیسا کہ یہ ہے۔
ھیاج:برانگیختہ کرنا، لڑائی کرنا۔
ھَیاطِلَہ:ہیطل کی جمع، زردی مائل رنگت کی ایک قوم، اس کی حکومت توران میں تھی ساسانی عہد میں انھوں نے چند بار ایران پر حملہ کیا۔
ھیاکِل:ہیکل کی جمع، دیکھیے ہیکل۔
ھیاھُو:شور وغل، غوغا، ہنگامہ، دادو فریاد۔
ہَیئات:(ع)ہیئت کی جمع۔
ہَیبت:خوف، ڈر، دہشت۔
ھِیپنوتزم:ہپنوتزم (انگ)کسی کو بے حواس کرکے پوچھ گچھ کرنا۔
ھیپنُوز:غیر طبعی نیند، خواب مصنوعی۔
ھیپنُوفیز:ایک غدود جو سر کے مغز کے نیچے پیدا ہوجاتی ہے۔
ھَیت:فعل یعنی بیا، آ۔

هَیت: پست زمین۔

هیتال: ہیطل، دیکھے ہیا طلہ۔

هَیتَم: (۱)عقاب کا بچہ (۲)سرخی مائل ریت کا انبار۔

هَیجا: (ع)جنگ، لڑائی جھگڑا، کارزار، پیکار۔

هَیجان: (ع)جوش، شدت، غلبہ، تیزی، آشوب، اضطراب، جوش، ، خروش۔

هیجان آمدن: جوش و خروش پیدا ہونا۔

هیجان آوردن: آشوب پیدا ہونا۔

بواسطه هیجان عمومی اجناسَ را گران کردند: لوگوں کی گڑ بڑ کی وجہ سے چیزوں کے نرخ بڑھادیے گئے

هیجدَه: ہجدہ، اٹھارہ۔

هیچ: کچھ نہیں، کم، ناچیز۔

هیچ او را ندیدم: میں نے اسے بالکل نہیں دیکھا۔

هیچ چیز نخورد: اس نے کچھ نہیں کھایا۔

هیچ دیگر آنجا توقف نکردم: میں وہاں کچھ دیر بھی نہیں ٹھہرا۔

هیچ سفر به انگلستان نکردم: مین نے کبھی انگلستان کا سفر نہیں کیا، کبھی انگلستان نہیں گیا۔

هیچ کس: کوئی نہیں۔

هیچ کس او را مانع نشد: کسی شخص نے اسے منع نہیں کیا۔

هیچ کس جز دانایان نمی فهمیدند: دانا لوگوں کے سوا کسی نے کچھ نہیں سمجھا۔

هیچ گانه: کسی وقت بھی۔

هیچ گُونه: کسی طرح بھی۔

هیچ گونه عذری پذیرُ فته نشد: کسی طرح بھی اس کا عذر قبول نہ ہوا۔

هیچ و پوچ: بیکار، فضول، بے وقعت۔

آیا هیچ از آن میوه خورده اید: کیا اس پھل میں آپ نے کچھ کھایا ہے؟۔

بیچاره هیچ اولاد نداشت: اس بیچارے کی کوئی اولاد نہ تھی۔

قلم خود نویس شما هیچ بهتر نیست: تمہارا پن کچھ اچھا نہیں۔

هیچ کارِه: بیکار، فضول، نکما، جو کوئی کام بھی نہ کرسکے۔

آدم هیچ کاره: بیکار شخص۔

هیچ کُدام: ان میں سے کوئی بھی۔

هیچ کدام نیامد: کوئی بھی نہیں آیا۔

هیچ کس: کوئی بھی۔

هیچ گاه: کسی وقت بھی۔

هیچ گُونه: کسی طرح بھی۔

هیچ مَدان: کچھ نہ جاننے والا۔

هیچ وجه: کوئی وجہ۔

هیچ یک: کوئی ایک۔

هیختَن: کھینچنا ملانا۔

هَید: ڈرانا، سرزش کرنا، آزار پہنچانا، نیز بمعنی مضطرب، پریشان۔

هیَد: چارشاخہ، جس سے بھوسہ اڑا کر گندم کے دانے الگ کرتے ہیں۔

هیدان: (۱)مضطرب، پریشان (۲)احمق (۳)بخیل۔

هَیدخ: تندوتیز گھوڑا، گھوڑا، جو بڑی مشکل سے سدھا جاتا ہے۔

هیدُخت: زہرہ سیارہ۔

هیدرو الکتریک: پانی کی قوت سے بجلی پیداکرنا۔

هیراد: خوش رو، کشادہ رو، جس کے چہرے میں شگفتگی اور تازگی ہو۔

هیربُد: آتش پرستوں کا پیشوا، پارسیوں کا پیشوا، خادم آتشکدہ۔

هیربُدان: ساسانی درباریوں کا تیسرا طبقہ جس کے ذمے عدل و انصاف کرنا ہوتا تھا۔

ہیرک: بکری کا بچہ، لیلا

ہیرمند: سیتان کے دریا کا نام

ہیرون: خشک کھجور، چھوارا

ہیری: گل شب بو، سدا بہار پھول

ہیز: مخنث، ہیجڑا بدکار

ہیزم: جلانے کی لکڑی

ہیزم شکستن: لکڑی توڑنا

ہیزم شکن: لکڑی توڑنے کاٹنے والا

ہیزم کش: لکڑیاں لانے والا

ہیزی: بد نامی، رسوائی، بری شہرت، روسیاہی

ہیش: ہیچ، کچھ نہیں

ہِیشتن: ہشتن، چھوڑ دینا، رہا کرنا

ہیضہ: ایک متعدی بیماری جس میں قے اور دست آتے ہیں

ہیطل: دیکھیے ہیاطلہ

ہَیکل: (۱) مندر، (۲) جثہ، عظمت، شکوہ، صورت، شکل، ڈیل ڈول، مجسمہ (۳) تعویذ، بازوبند (۴) کلیسا، معبد نصاریٰ، جہاں مذہبی مراسم ادا کیے جاتے ہیں

قوی ہَیکل: طاقتور جثے والا، بڑے ڈیل ڈول والا

ہَیکل تراش: بت تراش

ہیکل تراشی: مجسمہ سازی

ہیکل دار: بڑا، جسیم، لحیم شحیم

ہَیکر: سرخی مائل سیاہ رنگ کا گھوڑا

ہَیلا: ایک شکاری پرندہ، باشہ

ہَیلاج: نوزائیدہ بچے کا زائچہ کے ذریعے عمر اور قسمت کا حال معلوم کرنا

ہَیللت: لا الہ الا اللہ کہنا

ہیمہ: ہیزم، جلانے کی لکڑی ہیمہ دان: جہاں جلانے کی لکڑیاں رکھی جائیں، لکڑیوں کا انبار

ہِین: (۱) کلمہ اشارہ، بمعنی وہ کلمہ تنبیہ جو تاکید اور تعجیل کے موقع پر کہا جاتا ہے، مثلاً دیکھو، جلدی کرو، کلمہ استعجاب، تعجب اور حیرانی کے موقع کہا جانا، چہ، کہ

ہینابین: جلد، جلدی سے، عجلت سے

ہَیُولا: ہیولی، ہر چیز کا مادہ، ہر چیز کی اصلیت اور ماہیت، ڈھانچا، خاکہ، نقشہ

ہَیولائی: ہیولی سے متعلق

ہَیُون: دو کوہانوں والا اونٹ، تند رو اونٹ

ہَیہات: افسوس، کلمہ افسوس، ہائے وائے

ہی ہی: افسوس، کلمہ افسوس، کسی کے ساتھ ہمدردی کے موقع پر کہا جاتا ہے

ہَیئت: وہ علم جس میں اجرامِ فلکی، زمین کی گردش اور کشش وغیرہ کا بیان ہوتا ہے (۲) بناوٹ، ساخت، شکل و صورت، شباہت، کیفیت، طور طریقہ (۳) بورڈ، کونسل، انجمن، مجلس، ہیئات جمع

ہیئت او برگشتہ بود: اس کی شکل بدلی ہوئی تھی

ہیئتِ رئیسہ: افسران کی مجلس

ہیئتِ سُفرا: سفیروں کی مجلس

ہیئتِ مامُورینِ مال: مالیات کا مشن

ہیئتِ مُبلّغین، ہیئتِ تبلیغیہ: مذہبی مشن

ہیئتِ مدیرہ: ڈائرکٹروں مدیروں کا بورڈ، مجلس منتظمہ

ہیئتِ مُقننہ: لیجسلیٹو اسمبلی

ہیئتِ نمایندگانِ سیای: سیاسی نمایندوں کی مجلس

ہیئت وزرا: وزیروں کی کونسل

ہیئت دان: ستارہ شناسی کا علم جاننے والا، اجرام فلکی، زمین کی گردش اور کشش کا علم جاننے والا،

ستارہ شناس

پنیتی:(۱)نجومی (۲)کسی خاص مشن سے متعلق

ی

ی : فارسی ابجد کا بتیسواں حرف، عربی کا اٹھائیسواں اور اردو کا چھتیسواں حرف اور ابجد کے حساب سے اس کے عدد دس ہیں

ی:گرامر کی رو سے "ی" کسی لفظ کے آخر میں آئے تو "ایک" کے معنی دیتا ہے، مثلاً طفلی، ایک لڑکا، شخصی ایک شخص، کبھی لفظ کے آخر کا حرف "ی" خاص کے معنوں میں آتا ہے مثلاً:

علم دستور را قواعدی ہست:علم صرف و نحو کے خاص اصول ہیں۔ حرف "ی" لفظ کے آخر میں آ کر یائے نسبتی کا کام دیتا ہے مثلاً برادر سے برادری، نیک سے نیکی، بھائی سے نسبت اورنیک سے متعلق

حرف "ی" لفظ کے آخر میں یائے نکرہ کے معنی دیتا ہے مثلاً

کسی را دیدم:کسی شخص کو میں نے دیکھا، یہاں "کسی" اسم نکرہ کے طور سے استعمال ہوا ہے حرف "ی" لفظ کے آخر میں "ضمیر" کام دیتا ہے مثلاً

خواہی کرد:تو کریگا

نوشتہ بودی:تونے لکھا تھا

حرف "ی" لفظ آخر میں مصدر کا کام دیتا ہے

مثلاً **درس خوانی:** سبق پڑھنا

گل فروشی:پھول بیچنا

حرف "ی" لفظ کے آخر میں اسم صفت کے طور پراستعمال ہوتا ہے مثلاً بزرگی، بڑائی، کوچکی، چھوٹا پن، عطاری، عطار کا کام وغیرہ

حرف "ی" لفظ کے آخر میں فعل کے جانشین کے طور پر استعمال ہوتا ہے مثلاً، "تو دانش مند ہستی" کے بجاے "تو دانشمندی" تو دانشمند ہے

حرف "ی" لفظ کے آخر میں یاے اضافی کا کام دیتا ہے مثلاً: بنای وسیع، روی زمین، نوای بلبل، بوے گل، صدای نغمہ وغیرہ

حرف "ی" استمراری کا کام دیتا ہے مثلاً

می آید:وہ آتا ہے یا آ رہا ہے

می نویسد:وہ لکھتا ہے یا لکھ رہا ہے

حرف "ی" لفظ کے آخر میں شایستگی، قابلیت کی علامت ہوتی ہے، مثلاً

خوردن سے خوردنی، کھانے کے قابل

دوست داشتنی:دوستی کے قابل

یا : اے (حرف ندا)

یا رب:اے خدا

یا:اختیار یا تردید کے معنوں میں آتا ہے مثلاً

یا این یا آن:یہ یا وہ

یا مرگ یا نجات:یا موت یا نجات

یا اللہ:اے خدا

یاب، یافتن=پانا، حاصل کرنا سے فعل امر، پالو، حاصل کرلو (بیاب)

دیر یاب:دیر میں حاصل ہونیوالا

زُودیاب:جلد حاصل ہونے والا

فتح یاب:فتح پانے والا

یاب:ہرزہ، بیہودہ، فضول، ضائع مثال:

جز مدحِ او سخن گفتن ہمہ باد است و دم
جز مِہر او ہنر جستن ہمہ یاوہ است ویاب

اس کی تعریف و توصیف کے علاوہ کوئی شعر کہنا یا بات

کرنا بے حاصل ہے اس کی مہر و محبت کے علاوہ کسی اور خوبی کی جستجو کرنا محض فضول اور بیکار ہے

یاباں: بیابان کا مخفف ہے

یابر: جاگیر جو بادشاہ کی طرف سے مدد معاش کے طور پر کسی کو دی جاتی ہے

یابس: (ع) خشک، سخت

رَطب و یابس: تر اور خشک، بھلا، برا، فضول چیزیں

یابش: فہم و ادراک، سمجھ بوجھ

یابَندہ: پانے والا، حاصل کرنے والا

جُویندہ یابندہ است: ڈھونڈنے والا پا لیتا ہے

یابُو: گھوڑا، ٹٹو

یابیدَن: پانے والا، حاصل کرنے والا

یاپالاق: (ت) الو، چغد، بوم

یاتاغان: (۱) خمیدہ خنجر (۲) دھات کا حلقہ جس میں مشین کا دھرا گھومتا ہے

یاختن: آختن، باہر نکالنا، کسی چیز پر ہاتھ ڈالنا، شمشیر نیام سے باہر نکالنا

شمشیر یاختن: تلوار میان سے نکالنا

یاختِہ: شمشیر جو نیام سے باہر نکالی جائے

یاختہ: جرثوم، جراثیم جمع

یاد: قوت حافظہ، یاد داشت، حفظ، خیال، ازبر، ذہن میں آنا

یاد آوَر: یاد دلانے والا

یاد آمدن: خیال میں آنا

یاد انداختن: خیال دلانا

یاد آوردن: خیال میں لانا، یاد دلانا

یاد بآو آوردم: اسے میں نے یاد دلایا

یاد باد آنکہ: یاد رکھو کہ ...

یاد باو دادم: اسے میں نے یاد دلایا، میں نے اسے توجہ دلائی

یاد دادن: تعلیم دینا۔ کسی کو کچھ سکھانا، یاد دلانا، توجہ دلانا

یاد داشتن: آگاہ ہونا، از بر ہونا

یاد کردن: یاد کرنا، مثال:

می کنم چندانکہ فکر آشنایان وطن
نیست در یادم کسی کو را توانم یاد کرد

میں اپنے وطن کے آشناؤں کا جتنا بھی خیال کرتا ہوں لیکن کوئی ایسا آشنا میرے خیال میں آتا نہیں کہ میں اسے یاد کر سکوں

یاد گرفتن: سیکھنا، تعلیم پانا

یاد آوَری: یاد دلانا

یاد آوری کردن: یاد دلانا

فراموش کردہ بود او را یاد آوری کردم: اس نے بھلا دیا تھا، میں نے اسے یاد دلا دیا

یاد بُود: یادگار، کوئی چیز جو یادگار کے طور سے کسی کو دی جائے یاد آوری کی تقریب

یادداشت: یاد رکھنے کی علامت یا نشان

یادداشت کردن: تحریر میں لے آنا

دستہ یاد داشت: رائٹنگ پیڈ

دفتر یاد داشت: نوٹ بک

ہرچہ گفت یاد داشت کردم: جو اس نے کہا میں نے لکھ لیا

یاد داشتن: آگاہ ہونا، واقف ہونا، ازبر کرنا

یاد داشت کردن: یاد آوری کے لیے نوٹ بک پر لکھ لینا

یادگار، یادگاری: یاد کی نشانی، علامت، آثار وہ چیز جو کسی کی یاد کے طور قائم رہ جائے، پرانی عمارت وغیرہ جسے دیکھ کر کسی کی یاد تازہ ہو جائے

یادگار گذاشتن: کوئی چیز یاد کے طور پر چھوڑنا

جشن یادگاری: یادگار کی تقریب

کتابی برسم یادگار باو تقدیم کردم: ایک کتاب یادگار کے طور پر میں نے اسے پیش کی

یاد گرفتن: سیکھنا، ازبر کرنا

یادہ: (۱)قوت حافظہ (۲)رشوت

یار: دوست، رفیق، ہمدم، مددگار، محبوب

یار غار: حضرت ابوبکر(رض) کا لقب جو حضرت رسول کریم(ص) کے ساتھ غار حرا میں تھے کنایۃً وفادار دوست

یار وفادار: مخلص دوست، ہمیشہ ساتھ دینے والا دوست

چاریار: حضرت رسول کریم(ص) کے چار صحابی حضرت ابوبکر صدیق(رض) حضرت عمر فاروق(رض) حضرت عثمان غنی(رض) اور حضرت علی(رض)

یارا: طاقت، قوت، توانائی، جرات، جسارت، قدرت، چارہ کار

یارای حرف زدن نداشت: اس میں بولنے کی قوت نہ تھی

یارانہ: دوستانہ

یارائی: توانائی، قدرت، طاقت

یارب: اے خدا

یاربیؐ: اے میرے خدا

یا رَج: (۱)دستبند سونے چاندی کا حلقہ یا زنجیر جو ہاتھ کے قریب کلائی پر باندھی جائے (۲)مسہل معجون، دست آور دوائی

یاررس: مددگار، جو کسی دوسرے کو مدد دینے کے لیے آئے

یارَستن: قابل ہونا، قدرت حاصل ہونا، مثال:

ز تو یارستنِ این کار دور است
نہ اندک دور بل بسیار دور است

اس کام پر قدرت حاصل ہونا تمہارے لیے دور کی بات ہے، تھوڑی دور نہیں بلکہ بہت دور ہے

یارغُو: مواخذہ منازعہ، دعوی

یارگی: یارائی، توانائی، قدرت

یارمَند: دوست، مددگار، جس کے بہت دوست ہوں

یارُو: یار کا اسم تصغیر

یارہ: یارائی، توانائی، قدرت

یارِہ: عورتوں کے ہاتھ کا زیور، کنگن، چوڑی

یاری: دوستی، مساعدت، مدد، حمایت، ہمراہی

یاری کردن: مدد دینا

در روز سختی او را یاری نکردند: مصیبت کے دنوں میں انھوں نے اس کی مدد نہ کی، مثال:

چہ نیکو سخن گفت یاری بہ یاری
کہ تا کی کشم از خسَر ذلّ و خواری

کیا ہی خوب کہا ایک دوست نے دوسرے دوست سے کہ میں کب تک زیاں کاری سے ذلت و خواری برداشت کرونگا

یاری گر: مددگار

یاری گری: مدد، امداد، اعانت، دستگیری

یاز: دونوں ہاتھوں کا درمیانی فاصلہ جب وہ افقی طور سے پھیلائے جائیں

یازان: کشیدہ، سیدھا

یازدہ: گیارہ

یازدہ گوشہ: گیارہ گوشوں والی شکل

یاز دہُم: گیارہواں

یاز دَہمی، یاز دہُمین: گیارہواں

یازِش: ارادہ، قصد

یازِیدن: ہاتھ پھیلانا، دست دراز کرنا، کسی چیز پر ہاتھ ڈالنا، ارادہ کرنا، بڑھنا، نشو و نما پانا

یاس: نا امیدی

سن یاس: نا امیدی کا زمانہ، زندگی کا زوال

یاس: یاسمن، چنبیلی

یاسا: رسم و آئین، قانون، رسم و آئین، جو دورہ مغول میں رائج تھا

یاساق: (۱) مخالفت (۲) سزا

یا ساق رساندن: سزا دینا

یاسان: لائق، سزاوار

یاسمن: چنبیلی

یاس آمیز: حوصلہ شکن

یاساور: یساول، سوار فوجی دستہ

یاسِج: تیر، تیر پیکان دار

یاسِر: (ع) سہل، آسان، نیز اونٹ کو ذبح کرکے اس کا گوشت کاٹنے والا

یاسِم: یاسمین، چنبیلی

یاسَمَن، یاسمین: چنبیلی

یاسہ: یاسا، قانون، مغول کے دور کی رسم

یاسین: قرآن مجید کی سورہ یاسین

یاشماق: (ت) نقاب جو کبھی ترک خواتین لیتی تھیں

یاغی: (ت) باغی، سرکش، نافرمان

یاغی شدن: بغاوت کرنا، سرکشی اختیار کرنا

یاغی گری: نافرمانی، بغاوت، سرکشی، شورش، ہنگامہ

یافت: یافتن=پانا، حاصل ہونا سے ماضی مطلق، پایا، حاصل ہوا، آمدنی، کمائی

یافت شدن: حاصل ہونا

یافت کردن: پانا، حاصل ہونا

نا یافت: جو چیز حاصل نہ ہو، جو دسترس میں نہ ہو

یافتَن: پانا، حاصل ہونا

اتِّصال یافتن: مل جانا، میل جول ہونا

دریافتن: پا لینا، معلوم کر لینا

یافتِہ: پایا ہوا

یافِث: حضرت نوح علیہ السلام کا بیٹا

یافِر: رقاص، فن کار

یافُوخ: سرکا سامنے کا حصہ، پیشانی

یافہ: یاوہ، بیہودہ، بے معنی، پریشان

یاقُوت: گراں بہا جواہر جو سرخ، زرد یا نیلا ہوتا ہے

یاقوتِ خام: کنایۃً لب معشوق

یاقوتِ روان: مجازاً شراب

یاقُوت لب: یاقوت جیسے سرخ ہونٹوں والا محبوب

یاقُوتی: (۱) یاقوت سے متعلق، یاقوت کے سے رنگ کا سرخ (۲) سرخ رنگ کا انگور، انگور یاقوتی

یاکُند: یاقوت

یال: گھوڑے کی گردن کے بال، گردن، گلا، انسان کی گردن، بازو

یال: عیال، بیوی بچے، خاندان

یالدار: عیال دار، بیوی بچوں والا

یالمَند: عیال دار

یالِغ: (ت) صرف شراب نوشی کا قدح جو گائے یا گینڈے کے سینگ سے بناتے ہیں

یال و کوپال: تن و توش کا کنایہ ہے

یالَیت: اے کاش، افسوس، کلمہ جو کسی حسرت کے موقع پر بولا جاتا ہے

یام: یامہ، گھوڑا جو سرکاری کاموں کے لیے

استعمال ہوتا ہے

یان: وہ بات جو بلا ارادہ زبان پر آئے، غیر مربوط باتیں جو بیمار شدت بیماری کے دوران کرتا ہے، ہذیان

یاواش: یواش، آہستہ

یاوَر: مددگار، ساتھی، رفیق، میجر

یاوَر: ہاون دستہ

یاوَری: مدد، ساتھ، رفاقت، مساعدت

یاوری کردن: مدد دینا، ساتھ دینا، رفاقت کرنا

یاوِگی: بیہودگی

یاوَند: بادشاہ

یاوَندان: بادشاہان

یاوَہ: بیہودہ، فضول، لچر، پوچ، لغو

یاوہ گفتن: بیہودہ باتیں کرنا، ہرزہ سرائی کرنا، یاوہ گوئی کرنا

یاوَہ درا: یا وہ گو، فضول باتیں کرنے والا

یاوَہ سَرا: یا وہ گو، بیہودہ گو

یاوَہ سرائی: بیہودہ باتیں کرنا

یاوَہ سنج: یا وہ گو

یا وہ گوئی: فضول باتیں، بیہودہ گوئی

یاہُو: اے خدا

یائسہ: نا امید، جس عورت کے اولاد نہ ہو، عقیم، بانجھ

یای: حرف "ی"

یَب: تیر، پیکان دار تیر

یَباب: تباہ، بربادو، خراب

یبات: خراب، ضائع

یَبرُوح: (نباتیات) مہر گیاہ، ایک خاص قسم کے پودے کی جڑ جو انسان کی سی ہوتی ہے

یُبس: (ع)(۱) خشکی (۲) چھلکا

یبُوسَت: خشکی، سوکھا پن، روکھا پن، قبض

یبوست آوردن: چہرے پر خشکی یا روکھا پن ظاہر ہونا

یپُنلُو: احاطہ یا میدان جہاں ہر طرف سے سازوسامان یا جانور بیچنے کے لیے لاتے ہیں

یَتاق: (ت) یتاغ، نگہبانی، محافظت

یَتاقی: (ت) پاسبان

یتُوع: پودا جس کے ریشوں سے دودھ کے رنگ کا عرق نکلتا ہے

یتیم: (ع) وہ بچہ جس کے ماں باپ دونوں فوت ہو چکے ہوں

دُرِ یتیم: گراں بہا گوہر، بے مثال گوہر

یتیم خانہ: جہاں یتیم بچوں کی پرورش ہوتی ہے، دارالایتام، دارالیتامیٰ

یتیمچہ: بینگن کا سالن جو دہی میں ملا کر کھایا جاتا ہے

یتیم دار: جس کے پاس یتیم بچہ ہو، جو کسی یتیم بچے کی پرورش کر رہا ہو، بیوہ جس کے بچے ہوں

یتیمَہ: (۱) یتیم بچی (۲) گوہر یکتا، بے مثال گوہر

یتیمی: ماں باپ سے محرومی ان کی وفات کی وجہ سے

یَثرب: (ع) مدینہ منورہ کا قدیمی نام

یحتَمِل: (ع) شاید، ممکن

یحییٰ: (ع) ایک پیغمبر کا نام نیز خالد برمکی کے بیٹے کا نام جو ہارون الرشید کا وزیر تھا

یخ: برف، برف کی طرح سرد

آب یخ: برف کا پانی

یخ آب: برف کا پانی

یخ باز: برف کی سطح پر کھیلنے والا، اسکیٹ کرنے والا

یخ بازی: برف پر کھیلنا، سکیٹنگ

یخ بستن: جم جانا

یخ بستہ: سردی سے جما ہوا

یخ کردن: برف جما دینا

برات بر یخ: پُر فریب وعدہ، دغا بازی

یخ بَند: یخ بندان، برف، پالا، وہ حالت جب پانی کا درجہ حرارت نقطہ انجماد سے بھی نیچے ہو، حالت انجماد

یَخچال: گھراگڑھا جس کے اندر موسم سرما میں برف رکھ دی جاتی ہے

یخچہ: اولا، ژالہ

یخدان: (۱) یخچال، گڑھا جس میں برف رکھتے ہیں (۲) مٹی کا پیالہ جس سے برف والا ٹھنڈا پانی پیتے ہیں

یخ در بہشت: ایک قسم کی شیریں غذا جو نشاستے، شیر و شکر اور عرق گلابؔ سے تیار کرتے ہیں اور ٹھنڈا ہونے کے بعد کھاتے ہیں، پذنگ (انگ)

یخ زار: وہ علاقہ جو برف سے ڈھکا رہتا ہے

یخ شکن: برف توڑنے والا، آلہ جس سے برف کی سل توڑتے ہیں

یخ فُرُوش: برف بیچنے والا

یخ کردہ: جما ہوا، نہایت ٹھنڈا

یخنی: مسالے ڈال کر ابالے ہوئے گوشت کا شوربا

یخہ: بقہ، کالر

یَد: (ع) (۱) ہاتھ (۲) قوت، اختیار، ملکیت، حق، دولت

خُلعِ یَد کردن: چھوڑ دینا، بے دخل کر دینا، نکال دینا، محروم کر دینا

یَد بیضا: (ع) سفید اور روشن ہاتھ، حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ہاتھ جو وہ بغل میں رکھتے تھے باہر نکالتے تھے تو اس میں نور نظر آنے لگتا تھا

یَدَرہ: بیل، عشق پیچاں

یدِ طُولیٰ: لمبا ہاتھ، مجازاً کمال مہارت، ملکہ، تبحّر

یَدَک: کوتل گھوڑا، گھوڑا جس پرزین کسی ہو اور اس کی لگام پکڑ کر پیادہ آگے آگے چلے

یَدَکچی: سائیس، داروغہ

یَدَک کش: گھوڑے کی لگام پکڑ کر چلنے والا

یَدَکی: ضرورت سے زائد اشیا، فالتو پرزے

اشیای یدکی برای اتوموبیل خریدند: موٹر کے لیے زائد اشیا خرید لیں کہ ضرورت کے وقت کام آئیں

یدِ واحد: واحد ملکیت، حق تجارت بلا شرکت غیرے

یَدَہ: ایک قسم کا جادو جس کے متعلق خیال کیا جاتا تھا کہ اس سے ہر فصل اور موسم میں بارش اور برفباری ہو جاتی ہے خصوصاً قدیمی ترک اور مغول اس کے معتقد تھے

یر: تالاب، زمین

یَرا: شکن، جھریاں جو انسان کے چہرے پر پڑ جاتی ہیں

یراغ: (ت) ایک قسم کی مکھی، جگنو، شب تاب (۲) ڈرپوک، بزدل، احمق

یراغ: (ت) اسپ را ہوار، سدھایا ہوا گھوڑا

یراق: (ت) اسلحہ نیز گھوڑے کی زین وغیرہ نیز لیس، فیتہ

یراقِ اسپ: گھوڑے کا سازوسامان، جانوروں کی گاڑی میں جوتنے کا سامان

یراقِ نُقرہ: چاندی کی لیس، فیتہ، جس پر چاندی کی تاروں کا کام کیا گیا ہو

حاضر یراق: مسلح، آمادہ کارزار

یراق باف: سوتی، ریشمی یا زردار پٹی بنانے والا

یراق بافی: سوتی، ریشمی، یا زر دار پٹی بنانا

یرامِع: (ع) یرمع کی جمع، سفید اور چمکدار پتھر کے ٹکڑے

یربُوع: صحراے افریقہ کا خرگوش کی قسم کا جانور

یَرت: یورت، کمرہ، منزل، خانہ، مکان، مسکن

این خانه پنج یرت دارد: اس مکان کے پانچ کمرے ہیں

یرقان: ایک بیماری جس سے سارا جسم علی الخصوص دونوں آنکھیں زرد پڑ جاتی ہیں

یَرقانی: یرقان کا مریض

یرلیغ: مغول کے دور کا شاہی فرمان

یَرمرّ: انتظار، نگرانی، نگہداشت

یَرمَع: دیکھیے یرامع

یَرمَغان: ارمغان، تحفہ، ہدیہ، سوغات

یرمَق: درم و دینار، زر وسیم، مثال از سنائی:

تا حکیم زمانہ احمق شد

دل او عشقباز یرمق شد

اور جب حکیم زمانہ نے حماقت اختیار کی تو وہ زر وسیم کا شیدائی بن گیا

یُرنا: حنا، مہندی جو بالخصوص عورتیں ہاتھوں اور پاؤں پر لگاتی ہیں

یَرنداق: کچا چمڑا، تسمہ جو گھوڑے کی گردن میں یا زین پر باندھتے ہیں

یَزد: وسطی ایران کا صوبہ اور شہر

یزدان: خداوند تعالی

یَزدان بخش: عطیہ خداوندی

یزدان پرست: خدا پرست

یزدان پرستی: اللہ تعالی کی پرستش، عبادت

یزدانی: ربانی، خدائی

یَزد جَرد، یزد گرد: ساسانی دور کے تین بادشاہوں کے نام

یَزدی: یزد کا رہنے والا، یزد سے منسوب

یَزَک: فوج کا ہر اول دستہ، جو فوج کے آگے ہوتا ہے، مقدمہ لشکر

یَزَک دار: ہر اول دستے کا سردار

یَزنَہ: بہنوئی، بہن کا شوہر

یَزِید: حضرت معاویہ کے بیٹے کا نام جس نے حضرت امام حسین(رض) کو کربلا میں شہید کرایا تھا مجازاً سنگدل، ظالم

یزیدی: یزید کے مسلک کا پیرو

یَسا: یسی حضرت داؤد(ع) کے دالد کا نام

یَسار: (ع) بایاں، چپ (مقابل یمین)

یسار: (ع) دولت کا وفور، مال و دولت کی زیادتی نعمت و مال میں فراخی، تونگری

یَساراً: بائیں طرف کو

یَساق، یاساق: (۱)قاعدہ و قانون، نظام، (۲)سزا، قصاص، زجر

یَسال، یسل: (ت)(۱)حلقہ، صف، لشکر کا بازو (۲)پھولوں کا تاج جو جشن و شادمانی کی تقریب میں پہنایا جاتا ہے

یساوَر: یساول

یساوَل: چوبدار، فوجی دستے کے راستے کا نگراں، سوار، نقیب، صف آرا

یُسر: (ع) آسانی، سہولت، فراخ دستی، تونگری

یُسُر: (ع) ایک قسم کے درخت کے سیاہ سخت اور خوشبودار دانے جن سے تسبیح کے دانے بنائے جاتے ہیں

یسری: (ع) بایاں ہاتھ، بایاں پہلو

یَسَل: یسال

یسنا: زرتشتیوں کی مقدس کتاب کا ایک باب جسے مذہبی رسوم کے وقت پڑھتے ہیں

یَشب: یشم دیکھیے

یَشت: ستائش، تعریف و توصیف، زرتشیون کی مقدس کتاب اوستامیں ستائش آفریدگار

یَشتَن: پرستش کرنا، ستائش کرنا، حمد و ثنا کرنا

یشتہ کردن: دعا مانگنا، عبادت کرنا، نماز ادا کرنا

یشک: (۱) تیز دانت درندہ جانوروں کے

یشم: عقیق یا زبرجد جیسا گران قدر پتھر

یشمہ: جانور کی کھال کا چمڑا جسے ابھی تک رنگ نہ دیاگیا ہو

یشم نما: عقیق یا زبرجد کی طرح نظر آنے والا

یشمی: یشم کی طرح

یعسوب: (ع) شہد کی مکھی یا شہد کی مکھیوں کی ملک یا سردار نیز بمعنی سرکردہ، پیشوا، بزرگ قوم

یعفور: (ع) ہرن، آہو، غزال

یعقوب: (ع) (۱) ایک مشہور پیغمبر حضرت یوسف (ع) کے والد، ان کا لقب اسرائیل تھا (۲) چکور (نر)

یعقوبی: حضرت یعقوب (ع) سے منسوب

یعمور: (ع) بکری کا بچہ، بزغالہ

یعلم اللہ: (ع) خدا ہی جانتا ہے

یعنی: (ع) کلمہ توضیح، مراد یہ ہے، مطلب یہ ہے

یعوق: (ع) ایک بت کا نام جس کی قبل از اسلام عرب پرستش کرتے تھے

یغام: غول، غول بیابانی

یغتنج: ایک قسم کا زرد رنگ کا سانپ جو باغوں سبزہ زاروں میں پیدا ہوتا ہے، اس کا زہر نہیں ہوتا، کسی کو کاٹ بھی لے تو اس کا کوئی اثر نہیں ہوتا

یغلا، یغلو: جس میں گھی ڈال کر کھانے کی چیزیں تلتے ہیں، فرائنگ پین

یغلغ، یغلق: (ت) تیر، پیکان دار تیر

یغما: (۱) لوٹ مار، غارت (۲) ترکستان کے ایک شہر کا نام جہاں کے لوگ خوبصورتی کی وجہ سے مشہور ہیں

یغما کردن، یغمازدن: لوٹ مار کرنا، غارت کرنا، تباہ کرنا

یغماگر: لوٹ مار کرنے والا، غارت گر

یغمائی: (۱) لوٹ مار کی عادت (۲) ترکستان کے شہر یغما کا رہنے والا یا یغما سے متعلق

یغنج: یغتنج دیکھیے

یغوث: (ع) ایک بت کا نام جس کی قبل اسلام عرب پرستش کرتے تھے

یقطین: (ع) پودا جس کی شاخیں زمین پر پھیلتی ہیں، مثلاً خربوزہ، تربوز، کھیرا وغیرہ

یقظان: (ع) بیدار، ہوشیار

ابوالیقظان: مرغ، خروس

یقظہ: (ع) بیداری

یقہ: (ت) یخہ، کالر

یقہ پیراہن: قمیص کا کالر

یقہ کسی را گرفتن: کسی کو کالر سے پکڑ لینا، آمادہ پیکار ہونا

یقہ چرکین: میلا کالر، کالر جس کی کوئی امتیازی حیثیت نہ ہو

یقین: (ع) ضرور، وثوق، اطمینان، اعتماد و اعتبار، جو کسی شک سے زائل نہ ہو سکے

یقین داشتن: اعتماد رکھنا

یقین کردن: اعتماد کرنا، اطمینان کرنا

یقیناً او نا خوش است الا می آمد: ضرور وہ بیمار ہے ورنہ آ جاتا

مردم بین شک و یقین متزلزل ہستند: لوگ شک اور وثوق میں متزلزل ہیں

من یقین دارم کہ او در خانہ است: میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ وہ گھر میں ہے

حق الیقین: کسی چیز کی اہمیت جو سب حواس کے ذریعے ثابت ہو

علم الیقین: کسی بات کا یقین کر لینا جس میں کوئی شبہ نہ ہو

عین الیقین: آنکھوں دیکھی چیز کا یقین

یقیناً: (ع) یقینی طور سے

یقینی: یقین سے، وثوق سے

یَک: ایک مفرد، فرد، واحد

یک بار: ایک مرتبہ

یک خوردہ: تھوڑا سا، ذراسا

یک خوردہ صبر کنید: ذرا سا صبر کیجیے

یک در صد: ایک فی صد

یک ساعت بعد از ظہر: ظہر سے ایک گھنٹہ بعد

یک وقتی: ایک وقت

یک اسپہ: ایک گھوڑے والا

در شکہ یک اسپہ: ایک گھوڑے والی گاڑی

یک انداز: یکساں، برابر

یکان یکان: یکایک

یکایک: فوراً، دفعۃً، ایک ہی مرتبہ، ایک ایک کرکے

ہمہ آن واقعہ را یکایک نقل کرد: اس نے ایک ایک کرکے سارا واقعہ بیان کیا

یک بارگی: یک بارہ، یکایک، ایک ہی دفعہ، فوراً

یک بارہ: ایک بار، ناگہاں، اچانک

یک برابر: ایک تہہ

یک بَردُو: دہرا، دگنا، دو چند، دوگنی تعداد یا مقدار

ہرچہ دہی یک بردو بتو خواہم داد: جو تم مجھے دو میں اس سے دو گنا تمیں دونگا

یک برگہ: ایک پتی والا

یک بیک: ایک کے بعد ایک، یکایک

یک پا: ایک پاؤں، ایک پاؤں والا

او بریک پا ایستادہ است: وہ ایک پاؤں پر کھڑا ہے

یک پارچِہ: درست و تمام، کامل سالم ٹکڑا

یک پَہلُو: ایک طرف، یک طرف، کنایۃً، خود سر

یکتا: (۱) اکیلا، تنہا (۲) بے نظیر، بے مثال، کنایۃً خداوند یگانہ، خداوند تعالی

یکتادل: یک دل، وہ شخص جو ایک بار فیصلہ کرے اس میں کسی قسم کا فرق نہ آنے دے

یکتائی: اکیلا، بے نظیر، بے مثال ہونا

یک تِنہ: اکیلا، تنہا

یک تنہ باہمہ آنہا می جنگید: وہ اکیلا ان سب سے لڑتا رہا

یک تہی: ایک تہہ والا

یک تیرِ دونشان: ایک تیر سے دو نشانے، ایک پنتھ دو کاج (مثل) یہ اس وقت کہتے ہیں جب ایک تدبیر سے دو کام انجام پا سکیں

یک تیغ: جنگ میں متحد، ہم آہنگ

یکجا: اکٹھے، ایک دفعہ

ہمہ را یکجا خریدم: میں نے یہ سب ایک ہی دفعہ خریدا

یک جانِبَہ: یک طرفہ

یک جُور: ایک ہی قسم کا

یک چرخہ: ایک پہیے والا

یک چشم: جس کی ایک آنکھ کام کرتی ہو

آدم یک چشم: جو صرف ایک ہی آنکھ سے

دیکھتا ہو، واحدالعین

یک چشمی:(۱)ایک ہی آنکھ سے دیکھ سکنا، (۲)غیر جانبدارانہ روش

یک چند:کچھ وقت کے لیے، تھوڑا

یک چندی:کچھ وقت کے لیے

یک دانہ:(۱)اکیلا، یگانہ (۲)بے نظیر، بے مثال (۳)جس میں صرف ایک دانہ ہو

یک در:ایک دروازہ، ایک دکان سے، اجارہ شدہ، چیز جو ایک ہی جگہ یا دکان سے ملے

جنسی کہ یکدر شد گرامی می شود:جو چیز کسی ایک ہی دکاندار کے پاس ہو وہ مہنگی ہو جاتی ہے

یک درمیان:ہر ایک

درخت ہارا یک درمیان علامت گذاشت:اس نے ہر ایک درخت پر نشان لگایا

یکدَست:(۱)یکساں، برابر، ایک جیسا (۲)صاف، خالص جس میں آمیزش نہ ہو، ہم آہنگ، سب کا سب، مثال:

از آنست یکدست افکار صائب

کہ جز دست خود متکای ندارد

صائب کے افکار میں اس وجہ سے ہم آہنگی ہے کہ وہ اپنے علاوہ کسی اور پر بھروسا نہیں کرتا

یکدستی:ایک ہاتھ سے، اکیلا، تنہا

یکدستی میز را بلند کرد:اس نے اکیلے ہی میز اٹھا لیا

یَکدِش:جس کا باپ کسی اور نسل سے ہو اور ماں کسی اور نسل سے

یک دفعہ: ایک مرتبہ، اچانک، ناگہاں

یک دک:نیم گرم، شیر گرم

یکدگر:یک دیگر، ایک دوسرا

یکدِل:متفق، ہمدم، ہمراز، ہم زبان، بے ریا، جس کا ظاہر اور باطن ایک سا ہو

یکدل و دو دل:دورُخا شخص، غیر مستقل مزاج شخص

یکدِلی:یک جہتی، ہم آہنگی، موافقت

یکدم:لحظہ بھر

یکدَمہ:عارضی، ناپائدار، آنی جانی چیز

یک دندگی:اپنی راے پر قائم رہنا، خود داری اختیار کرنا

یک دَندہ:اپنی رائے پر قائم رہنے والا، خود رائے

یک دو:اختلاف، تکرار، نزاع

یک دو کردن:تکرار کرنا، اختلاف ہونا، جھگڑنا

یک دیگر:ایک دوسرا

برادران یک دیگر را بوسیدہ گریہ کردند:بھائیوں نے ایک دوسرے کو بوسہ دیا اور رو دیے

یک راست:براہ راست، بلا واسطہ، سیدھا

بار دیگر یک راست پیش رئیس رفتم: دوسری مرتبہ میں سیدھا صدر کے پاس گیا

یکران:(۱)گھوڑا، اصیل گھوڑا

یک رای:یکدل، ہم راے، ہم خیال

یک رنگ:ہم رنگ، کنایہ ہے مخلص اور بے ریا دوست کا

یک رنگی:خلوص، یکدلی، ہم خیالی، ہم آہنگی، صاف دلی، راستبازی، اخلاص، صداقت

یک رُو:مخلص، صاف دل، صاف زبان، صاف گو، راستباز، بے لاگ، سچا دوست

یک روزہ:ایک دن کا

سفر یک روزہ:ایک دن کا سفر، ایک دن میں

یک رُوی:خلوص، اخلاص، سچائی

یک رَہ: بے ریا، صاف، سادہ

یک زبان: یک راے، ہم آہنگ، ہم آواز

یک زبان شدن: ہم آواز ہو جانا، ایک دوسرے کی تائید کرنا

یک زبانہ: ایک ہی زبان میں

یک زبانی: ہم زبانی، ہم رائے

یک زنّہ: ایک ہی عورت

مرد یک زنہ: جس کی ایک ہی بیوی ہو

یک ساعَت: گھنٹہ بھر

یک سالہ: ایک برس کا

بچہ یک سالہ: بچہ جس کی عمر ایک سال ہو

یکساں: برابر، ایک جیسا، مساوی

یکساں شدن: ایک جیسا ہونا

یکسان کردن: ایک دوسرے کی طرح کرنا، ایک کو دوسرے کی مانند کرنا

یکسانی: برابری، ایک جیسا ہونا

یک ستُونہ: جس کا ایک ستون ہو

یکسَر: تمام، بالکل، سراسر، ایک بار

کارش یکسر خراب شد: اس کا کام بالکل خراب ہو گیا

یک سراسر: یکسر

یکسَرِہ: یک طرف، ایک بار

بلیطِ یک سرہ: ایک طرف کا ٹکٹ

محبت باید دو طرفہ باید نہ یکسرہ: محبت دونوں طرف سے ہونی چاہیے نہ یک طرفہ

یکسُو: ایک طرف، ایک جانب

یکسوشُدن: ایک طرف ہو جانا

یکسوکردن: جدا کر دینا، نظر انداز کر دینا

یکسونہادن: ایک طرف رکھ دینا، نظر انداز کر دینا

یک سوار، یک سوارہ= یک تاز دیکھیے

یکسُون: یکسان، برابر

یک شَبہ: ایک رات کا وقت، ایک رات

یک شکل: ایک ہی شکل کے

یک شکلی: ہم شکلی، ایک ہی شکل کا ہونا

یک شَنبِہ: اتوار

یک طَرفی: ایک طرف کی

یک قَد: ایک ہی قد و قامت کے

یک قَلَم: بالکل، تمام، سراسر، سب کا سب

یک قلم ہمہ را فروخت: سب کا سب فروخت کر دیا

یک کارہِ: خاص طور پر، خصوصاً

یک کارہ آمدم شمارا ملاقات کنم: میں خاص طور سے آپ کی ملاقات کے لیے آیا

یک گرِہ: متحد، متفق، ہم عہد

یک گوشِہ: جس کا صرف ایک کونہ ہو

یک گونِہ: ہم رنگ

یک لا: ایک تہہ، نازک کپڑا، آستین کے بغیر لباس، کم عرض کا کپڑا

یک لائی: کمزور، دبلا پتلا ہونا

یک لِپہ: ایک نالی کا پودا

گندم گیاہ یک لپہ است: گندم ایک نالی کا پودا ہے

یَکلَخت: بالکل، سارا، سب، تمام و کمال، یکساں

یکدست:جو ہمیشہ ایک وضع اور حالت پر قائم رہے

یَکُم:اول

یک ماہہ:ایک مہینا، ایک مہینے میں

یکمی:یکمین، پہلی، اولین

یک نفرہ:یک نفری، اکیلا، تنہا

یک نفری بار را بلند کرد:اسی نے اکیلے ہی بوجھ اٹھا لیا

یک نواخت:یک رنگ، یک آہنگ، ایک ہی طرح کا، ایک ہی آواز کا، اکتا دینے والا

یک نواختی:ایک ہی طرح، ایک ہی آواز، ہم آہنگی

یک نوَرد:ایک ہی طریقے پر

یک و دو کردن:تکرار کرنا، مباحثہ کرنا

یک وَتدی:علم عروض کی اصطلاح میں ایک ہی بحر یا وزن کا، جس میں ایک ہی رکن ہو

شعر یک و تدی:شعر جس میں ایک ہی رکن ہو

یک وَجَبی:چھوٹا بالشت بھر لمبا

بچہ یک وجبی:بہت چھوٹا بچہ

یَکّہ:(۱)تنہا، یگانہ، بے مثال (۲)حیرانی یا ناامیدی سے جھٹکا لگنا

یکّہ تاز:بے مثال سوار، دلیر اور بیباک سوار جو تنہا ہی اپنے حریف پر چڑھ دوڑے

یکّہ خوان:مجلس میں تنہا گانے والا

یکّہ خوردن:حیرانی یا نا امیدی سے جھٹکا لگنا، کسی بات کے ناگہانی ہونے پر حیرت زدہ ہونا

یکہ سوار:یکہ تاز، سواری میں جس کی مثال نہ ہو

یک ہجائی:جس کا ایک ہی ہجا ہو، ایک رکنی لفظ

یک ہو:فوراً، یکایک، اچانک، ناگہانی

یکی:ایک

چرا یکی از شما رفت:تم میں سے ایک کیوں چلا گیا

یکی از آنہا:ان میں سے ایک

یکی از کتابہا گم شد:کتابوں میں سے ایک گم ہو گئی

یکی:ایک ہونا، متحد ہونا

یک یک:ایک ایک، ایک کے بعد دوسرا، یکایک، یک بیک

یگان:یگانہ، تنہا، اکیلا، واحد

یگان یگان:ایک ایک کرکے

یگانہ:تنہا، یکتا، بے نظیر

یگانہ گوی:موحد، خدا پرست، توحید کا قائل

یگانَ یگان:ایک ایک کرکے، یکے بعد دیگرے

یگونہ:یک گونہ، ایک ہی طرح کا

یَل:مرد میدان، جنگجو، پہلوان، سورما

یَل:عورتوں کی جیکٹ جو قدیم زمانے میں ایرانی مستورات پہنتی تھیں اور اب بھی بعض دیہاتی عورتیں پہنتی ہیں

یلاق:(ت)(۱)ترکوں میں سے ایک بادشاہ کا نام (۲)فقیروں کا پیالہ، مٹی کا شکستہ پیالہ

یلامِق:(ت) یلمق کی جمع، قبائیں، لمبے کھلے لباس

یلدا:طویل ترین رات، موسم خزاں کی آخری اور موسم سرما کی اولیں رات

شبِ یلدای غمم را سحری پیدا نیست
گریہ ہای سحرم را اثری پیدا نیست

میرے غموں کی رات بہت طویل ہے صبح ہوتی نظر نہیں آتی، صبح کے وقت جو میرے آنسو بہتے ہیں ان کا کوئی

اثر ظاہر نہیں ہوتا

یَلدا:میلاد ، ولادت کا وقت، ولادت حضرت مسیح(ع)

یلک:یل کی اسم تصغیر، عورتوں کی جیکٹ

یلگَن:منجنیق، قدیم زمانے کا ایک آلہ جنگ جس کے ذریعے دشمن پر سنگ اندازی کی جاتی تھی

یَللی:آوازیں جو خوشی اور مستی کی حالت میں بلند ہوتی ہیں

یللی زدن:خوش ہونا ، خوشی کے نعرے بلند ہونا

یلمان:تلوار کی ضرب

یَلمَق:یلمہ

یَلمَه:قبا ، لمبا کھلا لباس

یلَن:گوٹ، سنجاف، زنانہ شلوار پر لگانے والی گوٹ جس میں پلینیں بنی ہوتی ہیں اس سے شلوار میں زینت پیدا ہوتی ہے

یَلَنجُوج:عود ، عود کی خوشبو

یَلَه:رہا ، آزاد ، نجات، رہا شدہ

یله کردن:(۱)رہا کرنا ، چھوڑ دینا (۲)طلاق دینا

یَلی زن:خوشی اور شادمانی کے موقع پر نعرے لگانے والا

یمّ:(ع) سمندر، بحر، بحیرہ، مثال:

انعام تو بر دوختہ چشم و دہنِ آز

احسان تو بشگافتہِ ہر قطرہ یم را

آپ کی نعمتوں نے حرص و ہوس کا منہ اور آنکھیں بند کر دی ہیں اور آپ کے احسان و مروت نے سمندر کے ہر قطرے کا منہ کھول دیا ہے

یِم:جمع متکلم کے ساتھ فعل کے معنی دیتا ہے مثلاً

کردیم:ہم نے کیا ، **گفتیم:**ہم نے کہا وغیرہ

یمام:(ع) جنگلی کبوتر، یمامہ واحد

یَمان:یمن

یمانی:(ع) یمن سے منسوب، یمن کی بنی ہوئی چیز

یُمکن:(ع) ممکن ہے، امکان ہے

یُمن:(ع) خیر و برکت

یَمَن:(ع) ایک ملک کا نام جہاں کتان کے ریشوں کا بنا ہوا نہایت نازک اور پتلا کپڑا تیار ہوتا تھا جسے "بردیمانی" کہتے تھے، مثال:

مہرروی تو ہوش بُرد زمن

ہنماروی خود ز بَردِیمن

آپ کے مہر و کرم نے مجھے مدہوش کر دیا ہے آپ یمن کی بنی ہوئی نرم و نازک چادر ہٹا کر اپنا چہرہ دکھا دیں

یَمَنی:یمن کا ، یمن سے منسوب، یمن کا رہنے والا ، اہل یمن

یمُوم:(ع) یم کی جمع

یمین:(ع) دائیاں

یمین ویسار:دائیاں اور بائیاں

ابن یمین:ایران کا مشہور شاعر

سمت یمین:دائیں طرف

یمیناً:(ع) دائیں طرف

یَمینَین:(ع) یمین کی جمع

ین:لاحقہ ، یہ لاحقہ اسم کو اسم صفت بنا دیتا ہے جیسے پشم سے پشمین، پشم کا بنا ہوا تر سے ترین، از سے ازین، اس سے، در سے درین، اس جگہ

ینابیع:(ع) ینبوع کی جمع، دیکھیے ینبوع

یَنبَغی:(ع) شائستہ ہے، لائق ہے

کمایَنبغی:جیسا ہونا چاہیے

ینبوع:(ع) چشمہ ، ندی (ینابیع جمع)

یَند:اند، است کی جمع، ہیں

آن دو برادران او یند (یا اند): وہ دو اس کے بھائی ہیں

ایشان دوستان ما یند (یا اند): وہ میرے دوست ہیں

یَنگ: عادت، رسم، اصول، قانون، طرز، روش، قاعدہ

یَنگا: (ت) نیا جدید

یَنگہ: وہ عورت جو شب زفاف دلہن کے ساتھ دولہا کے گھر جاتی ہے

ینگی: نیا، جدید

ینگی چری: لشکر جدید

ینگی دنیا: دنیاے جدید، امریکہ

یَنمَہ: ایک پودا ہے جس کی شاخیں چھوٹی، اس کے پتے اور پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں

یُو: یُوغ، وہ جوا، جو ہل جوتتے وقت بیلوں کی گردن پر رکھا جاتا ہے

یُواش: (ت) آہستہ، آہستگی سے، نرمی سے شفقت سے

یواش حرف بزن: آہستہ بات کرو

یواش یواش ترقی کرد: اس نے آہستہ آہستہ ترقی کی

یواشکی: (ت) رفتہ رفتہ، آہستہ آہستہ

یواقیت: یاقوت کی جمع

یُویہ: آرزو، اشتیاق، خواہش، تمنا، آرزو مندی

یُوت: (ت) جانوروں کی بیماری جس سے جانور مر جاتے ہیں، خشک سالی، یا شدید سردی ان کی ہلاکت کا باعث بنتی ہے

یُوخاری باش: (ت) ایران کے قاچاریوں کا فوجی دستہ

یُوخہ: اسم صوت جو لذت جسمانی کے احساس سے زبان پر آتا ہے

یُوخَہ: (ت) پتلی روٹی، پھلکا

یُورت: (ت) منزل، خانہ، کمرہ، مسکن

این خانہ شش یورت دارد: اس گھر کے چھ کمرے ہیں

یُورقہ: گھوڑے کا دلکی چلنا

یورہ: یورت، کمرہ

یورِش: (ت) حملہ، تاخت و تاز

یورش آوردن: حملہ کرنا

یُورغَہ: یورقہ، سدھایا ہوا گھوڑا جو تیز بھی چلتا ہے تو سوار کو کسی قسم کی خستگی نہیں ہوتی

یُوز: چیتا

یوز باشی: (ت) سو سپاہیوں کے دستے کا سالار

یوز پلنگ: چیتا

یوزک: شکاری کتا

یوزَندہ: جستجو کرنے والا، جویندہ، جسے کسی کی تلاش ہو

یُوزِہ: چیتے کا بچہ، شکاری کتا

یوزِیدَن: طلب کرنا، جستجو کرنا

یُوسَف: یوسف علیہ السلام، ایک مشہور پیغمبر جو حسن و جمال میں یکتا تھے، عزیز مصر کی زوجہ زلیخا ان پر عاشق ہو گئی تھی

یوسف و زلیخا: اس نام کی مثنوی کئی شعرا خصوصاً جامی نے لکھی

یوسَفی: حضرت یوسف کی طرح

یُوسَہ: بڑھئی کی آری

یوسیدَن: یوزیدن

یُوشَع: جو شوا، یہودیوں کا پیشوا (حضرت موسیٰ(ع) کی وفات کے بعد)

یُوشن: درمنہ، ایک خود رو بیابانی پودا جس کی اونچائی نصف میٹر تک ہوتی ہے، اس کی بہت سی شاخیں ہوتی ہیں جن کے چھوٹے چھوٹے پتے ہوتے ہیں

یُوغ: بیلوں کا جوا جو ہل چلانے کے لیے دو بیلوں کی گردن پر رکھا جاتا ہے

یُوغ کردن: بیلوں کی گردن پر جوا ڈالنا

یُوفی: یا وہ گوئی، برزہ سرائی، بیہودہ گوئی، لاف زنی

یُوک: آہنی سلاخ جو تنور پر رکھ کر گوشت وغیرہ کو بریاں کرتے ہیں

یُوگان: زہدان، بچہ دان، رحم

یُولاخ: بنجر، آبادی سے دور بنجر اور بے آب زمین

یُولاف: ایک قسم کا پودا جس کے خوشوں کے بیج جانوروں کی خوراک کے کام آتے ہیں

یَوم: دن

یومُ الأحَد: یک شنبہ، اتوار

یوم الاثنَین: دو شنبہ، پیر

یَومُ الثَّلاثہ: سہ شنبہ، منگل

یَومُ الأربِعا: چہار شنبہ، بدھ

یوم الخَمیس: پنج شنبہ، جمعرات

یوم الجُمعہ: جمعہ کا دن

یومُ السَّبت: سبت شنبہ، ہفتہ

یُونت ئیل: (ت) ترکی سالوں میں سے ساتواں سال

یَوماً: (ع) دن کو، دن میں

یوماً فیوماً: روز بروز

یَومی: یومیہ، روزانہ

یونان: ملک کا نام

یُونانی: یونان کے رہنے والے، یونان سے متعلق

یونانیان بہ ایرانیان جنگ کردند: یونانیوں نے ایرانیوں کے ساتھ جنگ کی

یُونانیَت: یونانیوں کی تہذیب

یُونجَہ: (ت) ایک پودا جس کی شاخیں لمبی، پتے نازک اور پھول بنفشی ہوتے ہیں، چارپایوں کی خوراک کے کام آتا ہے

یُونجَہ زار: وہ جگہ جہاں یونجہ کے پودے کثرت سے کاشت کیے جاتے ہیں

یُونُس: ایک پیغمبر جو ہود کی اولاد سے تھے، انھیں مچھلی نگل گئی تھی اور وہ سات دن مچھلی کے پیٹ میں رہے تھے

یونقار: (ت) وائلن کا تار

یونیسف: (انگ) لیگ آف نیشنز (مللِ متحدہ) کے ساتھ وابستہ ادارہ جس کا مقصد بچوں کی فلاح کے لیے کام کرنا ہے

یوؤس: نا امید، مایوس

یہُود: یہودی، حضرت موسیٰ(ع) کے پیرو، بنی اسرائیل

یَہُودا: (ع) ایک یہودی، اسم ذات، حضرت یعقوب(ع) کا بیٹا، حضرت یوسف کا بھائی

یَہُودی: (ع) حضرت موسیٰ علیہ السلام کا پیرو

یہُودیّت، یہودیَہ: (ع) یہودی مسلک

یَہَوَہ: (ع) یہودیوں کے نزدیک مقدس نام

یَئس: یاس، نا امیدی

ئیل: سال

ییری: یاری، دوستی

ییلاق: (ت) گرمیوں کا موسم گزارنے کا مقام جہاں سردی ہوتی ہے (مقابل قشلاق: سردیوں کا موسم گزارنے کا مقام جہاں سردی نہیں ہوتی)

ییلاقی: جو گرمیوں کا موسم گزارنے آتے ہیں

زندگی ییلاقی: دیہاتی زندگی